UNIVERSAL
LIBRARY
OU_226183
UNIVERSAL
LIBRARY

۲۶۶

وہی ہے جس کے نشان بعون خالق کون و مکان

حصہ اوّل

کتاب مستطاب

عسلِ مصفّٰی

مسمّٰی بہ

Checked 1973

جس میں حضرت مسیح ناصری کی وفات اور حضرت مسیح موعود کے دعاوی کا
اثبات بدلائلِ عقلیہ و نقلیہ بوضاحتِ تمام کیا گیا ہے

از تالیفِ

زبدۃ الحکماء مولوی و منشی فاضل ابوالعطا مرزا اصدق بخش صاحب قادیانی

بدورانِ امیر المؤمنین و خلیفۃ المسلمین سیدنا و مولنا علامہ نور الدین

بماہ اگست ۱۹۱۳ء مطابق غرہ رمضان المبارک
سنہ ۱۳۳۱ھ

در مطبع وزیر ہند اقبال پریس امرتسر طبع شد

۱۲۶

تقسیح

۱۳۵۱ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی

ہم نے بنی نوع انسان کی ہمدردی کے لئے ایک دیسی شفاخانہ کھولا ہوا ہے جس کا نام شفاخانہ احمدیہ ہے جس میں ہر مذہب و ملت کا علاج بڑی توجہ سے کیا جاتا ہے شفا تو خدا دیتا ہے کیونکہ شافی حقیقی وہی ذات پاک ہے۔ البتہ جسقدر انسانی کوشش اور تجربہ ممکن ہو سکتا ہے اُسی حد تک سعی بلیغ کیجاتی ہے اور پوری توجہ سے بیمار کو دیکھا جاتا ہے۔ اور اُسکے مناسب حال دوائی دیجاتی ہے۔ دوائی ہم اپنے شفاخانہ میں اپنی ہی تیار کردہ رکھتے ہیں جو نہایت احتیاط سے تیار کیجاتی ہے اور مناسب قیمت پر دیجاتی ہے۔ لہٰذا اطلاع دیجاتی ہے کہ جو صاحب کسی مرض کے متعلق علاج کرانا چاہیں۔ ایک دفعہ ہمارے پاس آجائیں تو بہتر ورنہ اپنا مفصل حال معہ ہسٹری مرض خود لکھکر ملفوف کرکے بھیجدیں اُسپر غور کرنے کے بعد دوائی تجویز کرکے بھیجدیجائیگی۔ اور قیمت بھی مناسب حال اور زیادہ نہ ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور ہر مرض کی دوا قیمتاً اس شفاخانہ سے بکفایت ملتی ہے +

عاجز

ابو العطاء مرزا خدا بخش زبدۃ الحکماء

فہرست مضامین کتاب عسل مصفی جلد اول

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	تمہید کتاب سیکنڈ ایڈیشن	۱
۲	تقریظات و آرائے بزرگان ملت بر کتاب عسل مصفی	۸
۳	خط حضرت افصح الفصحا و ابلغ البلغا جناب مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی	۸
۴	تقریظ رئیس المحدثین و افضل الفاضلین و امام المناظرین حضرت مولینا سید محمد حسن صاحب امروہی	۱۰
۵	ریویو حضرت مولینا مولوی ابو یوسف مبارک علی صاحب سیالکوٹی	۱۵
۶	عسل مصفی پر جناب مولینا و بالفضل اولینا مولوی حافظ روشن علی صاحب کی رائے	۱۶
۷	ریویو جناب شیخ یعقوب علی صاحب ایڈیٹر الحکم	۱۶
۸	تقریظ جناب منشی فاضل مولوی محمد نواب خانصاحب ثاقب جاگیردار و مجسٹریٹ ریاست مالیر کوٹلہ دام نظم	۱۷
۹	تقریظ جناب مولوی عبداللہ صاحب کشمیری بصورت قصیدہ	۱۹
۱۰	ریویو حضرت صاحبزادہ بشیر الدین محمود احمد صاحب رئیس قادیان و ایڈیٹر اخبار الفضل	۲۲
۱۱	ریویو جناب مفتی محمد صادق صاحب اڈیٹر اخبار بدر	۲۲
۱۲	ریویو جناب مولینا مولوی قاسم علی صاحب شیر اسلام ایڈیٹر اخبار الحق	۲۳
۱۳	میاں احمد جانہ صاحب ساکن صوبہ سرحدی شمال مغربی کی رائے	۲۴
۱۴	ریویو حضرت مولینا مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے۔ ایڈیٹر ریویو آف ریلیجنز و سکرٹری صدر انجمن احمدیہ قادیان	۲۵
۱۵	ریویو حضرت مولینا مولوی غلام حسن صاحب سب رجسٹرار و آنریری مجسٹریٹ پشاور	۲۶
۱۶	ریویو حضرت مخدومی و مکرمی میر حامد شاہ صاحب سپرنٹنڈنٹ دفتر فارسی ضلع سیالکوٹ	۲۶
۱۷	ریویو اخویم مولوی محمد عمر الدین صاحب لکچرار جماعت احمدیہ شملہ و کلرک دفتر ڈائرکٹر جنرل اسپتالات ہندوستان	۲۷
۱۸	انٹروڈکشن	۲۹
۱۹	سبب تالیف کتاب	۳۹
۲۰	باب اول اشارہ میں کہ قرآن شریف دنیا کے لئے مکتفی ہے کہ نہیں	۴۵
۲۱	باب دوم حدیث کے متعلق کہ کہاں تک واجب العمل ہیں	۷۲
۲۲	فہرست کتب احادیث	۸۱
۲۳	باب سوم۔ تفاسیر قرآن کریم کے باب میں	۸۷

نمبر	نام مضمون	نام صفحہ
۲۴	فہرست کتب تفاسیر	۱۰۰
۲۵	چوتھا باب الہامی یا آسمانی کتابوں کی پیشگوئیوں کے بارہ میں	۱۰۵
۲۶	۱۔ ذکر حضرت یحییٰ علیہ السلام	۱۰۸
۲۷	۲۔ بشارات حضرت مسیح علیہ السلام مسیح ناصری	۱۱۰
۲۸	۳۔ بشارات حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم	۱۱۵
۲۹	مماثلت حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بموسیٰ علیہ السلام	۱۱۸
۳۰	قرآن کریم کی پیشگوئیاں	۱۲۶
۳۱	رویا واجب العمل ہے	۱۴۷
۳۲	وجہ کہ کیوں باہم الہام مخالف ہوتے ہیں	۱۵۰
۳۳	پانچواں باب مجددین کے بارہ میں	۱۵۲
۳۴	مجدد کس کو کہتے ہیں	۱۵۷
۳۵	زمانہ مجدد پر بحث	۱۵۸
۳۶	ورثۃ الانبیاء کے متعلق بحث	۱۵۹
۳۷	مجدد کی پہچان کا طریق	۱۶۱
۳۸	پہلی فصل اس باب میں کہ ۱۳ صدیوں میں کون کون مجدد ہوئے ہیں	۱۶۲
۳۹	پہلی صدی میں کون کون اصحاب مجدد ہوئے ہیں	۱۶۳
۴۰	دوسری صدی میں کون کون اصحاب مجدد ہوئے ہیں	۱۶۳
۴۱	تیسری صدی کے مجددین	۱۶۳
۴۲	چوتھی صدی کے مجددین	۱۶۳
۴۳	پانچویں صدی کے مجددین	۱۶۴
۴۴	چھٹی صدی کے مجددین	۱۶۴
۴۵	ساتویں صدی کے مجددین	۱۶۴
۴۶	آٹھویں صدی کے مجددین	۱۶۴
۴۷	نویں صدی کے مجددین	۱۶۴
۴۸	دسویں صدی کے مجددین	۱۶۵
۴۹	گیارھویں صدی کے مجدد	۱۶۵

نمبر شمار	نام مضمون	نام صفحہ
۵۰	بارھویں صدی کے مجددین	۱۶۵
۵۱	تیرھویں صدی کے مجددین	۱۶۵
۵۲	مجدد کا فرض کیا ہوتا ہے	۱۶۶
۵۳	کیا گذشتہ بزرگان میں سے کسی نے دعویٰ الہام کیا ہے کہ نہیں	۱۶۷
۵۴	فرق مابین مامور من اللہ و عابد زاہد	۱۶۸
۵۵	حال امام ربانی حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ	۱۷۰
۵۶	حال حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی	۱۷۳
۵۷	چھٹا باب محدث کے باب میں	۱۷۸
۵۸	فرق مابین مومن کامل و ناقص	۱۸۴
۵۹	فرق مابین خوابہائے عوام و خواص	۱۸۵
۶۰	ساتواں باب اس ثبوت میں کہ مسیح موعود کے اشارات قرآن کریم و احادیث میں پائے جاتے ہیں کہ نہیں	۱۸۸
۶۱	لفظ مسیح کی تحقیقات	۱۸۸
۶۲	احادیث سے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی سیاحت کا ثبوت	۱۹۰
۶۳	حضرت مسیح علیہ السلام بنی ناصری کا ہندوستان و کشمیر میں آنا	۱۹۲
۶۴	اشارات مسیح موعود علیہ السلام از قرآن کریم	۱۹۴
۶۵	ثبوت آمد مسیح علیہ السلام از احادیث	۲۰۱
۶۶	آٹھواں باب اس بارہ میں کہ قرآن کریم میں مسیح ناصری کی آمد کے اشارات ہیں یا مسیح محمدی کی آمد کے	۲۰۴
۶۷	فصل اول اس بارہ میں کہ لفظ توفی پر علماء کا اختلاف ہے	۲۰۴
۶۸	فصل دوم اس بارہ میں کہ لفظ توفی قرآن شریف میں کہاں کہاں اور کن کن معنوں کے لئے آیا ہے	۲۰۸
۶۹	فصل سوم اس بارہ میں کہ آیات زیر بحث میں لفظ توفی کے معنے موت کے ہیں اور اس کا ثبوت احادیث سے	۲۲۲
۷۰	کیا یہ صحیح ہے کہ مسیح علیہ السلام بعد نزول از آسمان فوت ہونگے	۲۲۷
۷۱	فصل چہارم اس بارہ میں کہ مسیح کی موجودہ زندگی ماننا قیامت میں مسیح کی غلط بیانی کا باعث ہے	۲۲۹
۷۲	فصل پنجم اس بارہ میں کہ توفی کے معنے موت حقیقی کے ہیں	۲۳۰

نمبر شمار	نام مضمون	نام صفحہ
۷۳	اول لفظ توفی کا استعمال خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے	۲۳۰
۷۴	دوم لفظ توفی کا استعمال ازواج مطہرات علیہن السلام سے	۲۳۲
۷۵	سوم لفظ توفی کا استعمال خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین سے	۲۳۳
۷۶	چہارم لفظ توفی کا استعمال دیگر جلیل القدر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے	۲۳۷
۷۷	پنجم لفظ توفی کا استعمال آئمہ مجتہدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے	۲۳۹
۷۸	ششم لفظ توفی کا استعمال مورخین اسلام سے	۲۴۲
۷۹	ہفتم لفظ توفی کا استعمال کاغذات سرکاری سے	۲۴۳
۸۰	ہشتم لفظ توفی کے معنے لغت عرب سے	۲۴۴
۸۱	نہم۔ توفی کے معنے تفاسیر سے	۲۴۶
۸۲	فصل پہلی یٰعِیْسٰٓی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ پر مفسرین کی رائے	۲۴۶
۸۳	دوسری فصل دربارہ آیۃ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ پر مفسرین کی رائے	۲۶۱
۸۴	تیسری فصل اس باب میں کہ احادیث سے بھی وفات مسیح علیہ السلام ثابت ہے	۲۶۶
۸۵	چوتھی فصل اس باب میں کہ قرآن کریم کی کونسی دیگر آیات سے وفات مسیح علیہ السلام ثابت ہے	۲۸۰
۸۶	پانچویں فصل اس باب میں کہ مفسرین نے آیات ذیل پر کیا آرائے ظاہر کی ہیں +	۳۰۰
۸۷	الف وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ پر مفسرین کی رائے	۳۰۱
۸۸	فصل پنجم شعبہ اول لفظ خلت کے معنے حدیث سے	۳۰۵
۸۹	شعبہ دوم دربارہ اعتراض مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ولفظ خَلَتْ کا استعمال قرآن کریم میں	۳۱۰
۹۰	شعبہ سوم لفظ خَلَتْ کے معنے لغت عرب میں کیا ہیں +	۳۱۳
۹۱	ب۔ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ اَفَاِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ پر مفسرین کی رائے	۳۱۳
۹۲	لفظ خلود اور لغت عرب	۳۲۰
۹۳	ج وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا یَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِیْنَ پر مفسرین کی رائے	۳۲۱
۹۴	د۔ وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَیَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَیَمْشُوْنَ فِی الْاَسْوَاقِ پر مفسرین کی رائے	۳۲۹
۹۵	ہ۔ وَلَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ پر مفسرین کی رائے	۳۳۵
۹۶	ز۔ قَالَ فِیْهَا تَحْیَوْنَ وَفِیْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ پر مفسرین کی رائے	۳۴۲

نمبر شمار	نام مضمون	نام صفحہ
۹۷	چھٹی فصل اس باب میں کہ آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کے کیا معنے ہیں	۳۴۵
۹۸	وہ آیات جن سے آسمان پر جانے کا مغالطہ لگا ہے	۳۴۶
۹۹	مسیح سے اُس کے بچانے کا وعدہ کب ہوا	۳۴۷
۱۰۰	قتل کے لفظ کے ساتھ صلیب کے لفظ کو کیوں ظاہر کیا گیا	۳۵۰
۱۰۱	مابین یہود و نصاریٰ رفع جسمانی کا کوئی جھگڑا نہیں تھا	۳۵۲
۱۰۲	شعبہ اول فصل ششم۔ قرآن شریف اور لفظ رفع	۳۵۳
۱۰۳	بلعم باعور اور اُس کا رفع	۳۵۴
۱۰۴	شعبہ دوم فصل ششم۔ احادیث اور لفظ رفع	۳۵۷
۱۰۵	شعبہ سوم فصل ششم۔ لفظ رفع و لغت عرب	۳۶۵
۱۰۶	مسیح کے آسمان پر مانے سے بہت سے اعتراض وارد ہوتے ہیں	۳۶۷
۱۰۷	مسیح ناصری علیہ السلام اُمتی بنکر نہیں آسکتے	۳۷۲
۱۰۸	شعبہ چہارم۔ لفظ رفع اور تفاسیر قرآن کریم	۳۷۳
۱۰۹	فصل ساتویں دربارہ معراج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	۳۷۸
۱۱۰	اختلاف دربارہ معراج	۳۸۲
۱۱۱	حدیث معراج کے کیا معنے حقیقی ہیں	۳۹۳
۱۱۲	آٹھویں فصل اس باب میں کہ آیت اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ میں رَافِعُكَ مقدم ہے اور مُتَوَفِّیْكَ موخر ہے یا کیا	۴۰۱
۱۱۳	مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ وَمُطَهِّرُكَ وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا کی تقدیم و تاخیر میں کیا فساد لازم آتا ہے۔	۴۰۹
۱۱۴	بحث دربارہ بل ابطالیہ و اضرابیہ	۴۱۲
۱۱۵	اعتراض جب قرآن کریم میں دیگر آیات مقدم و موخر ہیں تو کیوں یہاں نہیں ہوسکتیں	۴۱۳
۱۱۶	نویں فصل اس باب میں کہ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ کے کیا معنے ہیں	۴۱۹
۱۱۷	لام تاکید اور نون ثقیلہ کی بحث متعلق آیت لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ	۴۲۶
۱۱۸	اصلی و حقیقی معنے آیت وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ کیا ہیں	۴۳۰
۱۱۹	اول معنے آیت مذکورہ	۴۳۰
۱۲۰	اُن معنوں کی تائید انجیل سے	۴۳۱

نمبر	نام مضمون	نام صفحہ
۱۲۱	دوسرے معنے آیت مذکورہ بالا	۴۳۱
۱۲۲	تیسرے معنے آیت مذکورہ بالا	۴۳۳
۱۲۳	دسویں فصل اس باب میں کہ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ کا عقلی و نقلی ثبوت کیا ہے	۴۳۴
۱۲۴	مسیح علیہ السلام کا عدالت میں پیش ہونا	۴۳۶
۱۲۵	وجوہات و قرائن اس امر کے کہ پلاطوس مسیح کا طرفدار تھا	۴۳۷
۱۲۶	تدابیر جو پلاطوس نے مسیح کے بچاؤ کے لئے اختیار کیں	۴۴۰
۱۲۷	گیارھویں فصل اس باب میں کہ واقعی مسیح علیہ السلام صلیب کی موت سے بچ گئے تھے	۴۴۴
۱۲۸	شخص مصلوب مسیح کے سوا کوئی اور شخص نہ تھا	۴۵۳
۱۲۹	کتب انگریزی وغیرہ سے اس امر کا ثبوت کہ مسیح صلیب پر نہیں مرا بلکہ زندہ بچ گیا	۴۵۴
۱۳۰	بارھویں فصل اسباب میں کہ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ کا مصداق کون ہے آیا مسیح یا کوئی اور	۴۶۸
۱۳۱	حقیقۃ الصلیب	۴۷۲
۱۳۲	لغتِ عرب اور لفظِ صلیب	۴۷۶
۱۳۳	تیرھویں فصل اس بارہ میں کہ کیا مسیح کے سوا اور شخص کا مشابہ بالمسیح ہونا ثابت ہے	۴۷۹
۱۳۴	کیا اناجیل میں مارا جائے یا قتل کیا جائے لکھا ہے	۴۸۰
۱۳۵	اسلامی کتابوں سے ثبوت کہ مصلوب مسیح کے سوا کوئی دوسرا آدمی نہ تھا	۴۸۱
۱۳۶	شخص مصلوب یقیناً مسیح علیہ السلام ہی تھے	۴۸۵
۱۳۷	چودھویں فصل اس باب میں کہ يُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا کے کیا معنے ہیں	۴۸۷
۱۳۸	لفظ کہل اور لغتِ عرب	۴۸۷
۱۳۹	تفاسیر و لفظ کہل	۴۸۸
۱۴۰	اس امر کے وجوہات کہ مسیح کا دوبارہ آنا قریباً ناممکن ہے	۴۹۱
۱۴۱	پندرھویں فصل اس باب میں کہ آیت اِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ سے کیا مراد ہے	۴۹۳
۱۴۲	علماء کا اختلاف دربارہ ضمیر اِنَّهٗ	۴۹۶
۱۴۳	سولھویں فصل اس بارہ میں کہ مسیح کا آسمان پر جانا ناممکن ہے +	۵۰۱
۱۴۴	اول قرآن کریم سے ثبوت کہ آسمان پر لیجانے کی عادت اللہ نہیں +	۵۰۱
۱۴۵	دوم احادیث سے ثبوت کہ مسیح آسمان پر نہیں جاسکتا تھا +	۵۰۴

نمبر شمار	نام مضمون	نام صفحہ
۱۴۶	سوم۔ بزرگانِ دین سے ثبوت کہ کوئی انسان آسمان پر نہیں جا سکتا	۵۰۴
۱۴۷	چہارم۔ قانون قدرت بھی آسمان پر جانے کا قطعی مانع ہے	۵۰۵
۱۴۸	پنجم۔ مسیح کو آسمان پر لیجانے سے خدا تعالیٰ کی شان پر حرف آتا ہے	۵۰۵
۱۴۹	ششم۔ آسمان پر جانا سنت اللہ کے خلاف ہے	۵۰۵
۱۵۰	سترھویں فصل۔ مسیح کی وفات پر دیگر اشخاص کی شہادت	۵۰۶
۱۵۱	اٹھارھویں فصل۔ اس بارہ میں کہ جو مر جاتا ہے وہ دنیا میں پھر نہیں آسکتا	۵۳۱
۱۵۲	اول ثبوت از آیات قرآن کہ مردے دنیا میں واپس نہیں آتے	۵۳۲
۱۵۳	دوم ثبوت از احادیث کہ مردے دُنیا میں نہیں آتے	۵۳۵
۱۵۴	اقوال علماء دین سے بھی رجعت موتیٰ ثابت نہیں	۵۴۳
۱۵۵	اُنیسویں فصل اس بارہ میں کہ کہیں بھی ثبوت نہیں کہ مُردے دوبارہ کبھی عالم برزخ سے دارالفناء میں آئے ہوں	۵۴۵
۱۵۶	بیسویں فصل اس بارہ میں کہ قرآن شریف میں جن موتیٰ کے احیاء کا ذکر ہے اُسکے کیا معنے ہیں	۵۵۰
۱۵۷	لفظ موت کے معانی مختلف ہیں	۵۵۲
۱۵۸	اکیسویں فصل۔ اس بارہ میں کہ بعد صلیب کیا انجام ہوا	۵۶۵
۱۵۹	اوّل شہادتِ توریت متعلق سفر مسیح	۵۸۰
۱۶۰	دوم شہادتِ انجیل	۵۸۱
۱۶۱	سوم۔ شہادتِ احادیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	۵۸۲
۱۶۲	چہارم۔ شہادتِ علماء نصاریٰ وغیرہ	۵۸۴
۱۶۳	بائیسویں فصل۔ اس باب میں کہ مسیح ناصری کا آنا کس طرح مفید نہیں	۵۸۶
۱۶۴	نواں باب اس ثبوت میں کہ نزول سے کیا مراد ہے	۵۸۸
۱۶۵	ذکر اصحاب کہف	۵۸۹
۱۶۶	نزول سے کیا مراد ہے	۵۹۳
۱۶۷	فصل اول۔ اس ثبوت میں کہ لفظ نزول قرآن حمید میں کن کن معنے کے لئے آیا ہے	۵۹۴
۱۶۸	اگر مسیح کا آسمان سے اُترنا تسلیم کیا جائے تو بہت سی مصیبت پڑتی ہے	۶۰۵
۱۶۹	وہ مقامات جہاں مسیح علیہ السلام کے اُترنے کی خبر ہے	۶۰۵
۱۷۰	لفظ خروج دربارہ مسیح علیہ السلام	۶۰۷

نمبر شمار	نام مضمون	نام صفحہ
۱۷۱	لفظ خروج برائے دجال	۶۰۷
۱۷۲	مسیح کی نسبت لفظ بعث بھی آیا ہے	۶۰۸
۱۷۳	آسمان پر سے اُترنے کا محاورہ کتب سابقہ سے	۶۰۹
۱۷۴	لفظ نزول ولغتِ عرب	۶۱۰
۱۷۵	لفظ نزول وتفاسیر	۶۱۰
۱۷۶	دسواں باب اس بارہ میں کہ ابن مریم سے کیا مراد ہے	۶۱۱
۱۷۷	قرآن شریف میں احمد ابن عبداللہ نہیں آیا مگر حدیثوں میں ابن مریم آیا ہے	۶۱۵
۱۷۸	کتب سابقہ سے ابن اللہ کا محاورہ	۶۱۵
۱۷۹	اول قرآن کریم سے اِس امر کا ثبوت کہ کسی مناسبت کی وجہ سے ایک کا نام دوسرے پر بولا جاتا ہے	۶۱۹
۱۸۰	اول ایک فرد کی مثال	۶۱۹
۱۸۱	دوم ایک جماعت کی مثال	۶۱۹
۱۸۲	دوم۔ احادیث سے ثبوت کہ ایک کی مناسبت سے دوسرے کو اُسی نام سے پکارا جاتا ہے	۶۲۰
۱۸۳	سوم۔ کلامِ صوفیا سے اس امر کا ثبوت کہ کسی مناسبت کی وجہ سے ایک کا نام دوسرے پر بولا جاتا ہے	۶۲۱
۱۸۴	اول امثلہ مشابہتِ ناقصہ از قرآن کریم	۶۲۴
۱۸۵	دوم۔ امثلہ مشابہتِ ناقصہ از احادیث	۶۲۵
۱۸۶	سوم۔ مشابہتِ تامہ کی مثالیں قرآنِ مجید سے	۶۲۹
۱۸۷	چہارم۔ مماثلت ومشابہت تامہ کی مثالیں احادیث سے	۶۳۰
۱۸۸	ثبوتِ بروز از کتب توریت وانجیل	۶۳۱
۱۸۹	ثبوتِ مماثلتِ حضرت مرزا غلام احمد صاحب بعیسیٰ علیہ السلام	۶۳۵
۱۹۰	ثبوت مماثلت از کلامِ صوفیا واہل اللہ	۶۳۸
۱۹۱	فرق مابین بروز وتناسخ وتسخیر	۶۳۹
۱۹۲	نظم متعلق وفاتِ مسیح علیہ السلام	۶۵۱

تمہید کتاب

عسل مصفّٰی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نحمدہٗ ونصلی علےٰ رسولہ الکریم

الحمد للہ ثم الحمد للہ۔ ہزاروں بلکہ لاکھوں حمد اُس ذات ذوالمنن کے لئے ہے جسنے میرے جیسے عاجز ناتوان کو ایک ایسے عظیم الشان کام کے سرانجام کرنیکی توفیق عطا کی جسکا بجالانا فاضلانِ کامل و عالمانِ جید کا کام تھا مگر قادر و توانا خدا کی قدرت کا ایک بیّن ثبوت ہے کہ وہ ذات قدیر جس سے چاہے اور جس طرح چاہے کام لے سکتی ہے۔ میرے جیسے کم علم اور بے سامان سے کام لیکر اپنے قادر مطلق ہونے کا ثبوت دیا۔ اوّل کس طرح میرے اندر دینی جوش رکھا پھر کس طرح سفروں کے سامان مہیا کیے اور پھر کس طرح مباحثات کا ڈھنگ ڈالا اور پھر کس طرح مطالعہ کتب کا شوق پیدا کیا اور پھر کس طرح کتاب عسل مصفّٰی میرے ہاتھ سے لکھوائی، ان کیفیات پر جب میں نظر ڈالتا ہوں تو محو حیرت ہو جاتا ہوں۔ اور قادر مطلق کی ہستی پر میرا ایمان ترقی کر جاتا ہے اور اُسکی لامحدود طاقتوں پر قوت متخیلہ سربسجود ہو جاتی ہے۔ الغرض یہ اُسی ذات والاصفات کا احسان ہے جسنے مجھ ناچیز کو نیست سے ہست کیا اور اُسی کا فضل ہے کہ اُسنے مجھ گمنام کو یا نام بنایا یہانتک کہ مجھ پر رویات صادقہ والہامات صحیحہ کا دروازہ کھولا اور استجابت دعا کا درجہ عطا کیا اور ابتدا سے لیکر ابتک میرے ساتھ یہ سلوک جاری رکھا ہے کہ جو واقعات میرے ساتھ پیش آنیوالے ہوتے ہیں اُنکی نسبت پیش از وقت خبر کر دیتا ہے، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ

اُس منعم حقیقی نے صرف اپنی ذات تک اس امر کو محدود نہیں رکھا بلکہ مخلوقات میں بھی اسکا اثر ڈال دیا چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نظر میں ایک وقت جو قرب اور عزت عاجز کو حاصل تھی اُس سے بہت لوگ رشک کرتے تھے پھر ایک بزرگ کو رویا میں میری نسبت دکھلایا کہ گویا میں ضرار بن الازور ہوں، میں حیران تھا کہ مجھے ضرار بن الازور سے کیا مناسبت ہے؟ ضرار بن الازور ایک بہت بڑے جلیل القدر و عظیم الشان صحابی تھے جنہوں نے دینی جنگوں اور جہادوں میں بڑا نام پایا تھا۔ وہ اسقدر دلیر تھے کہ تن تنہا اور برہنہ بدن لشکر کفار میں اس زور شور سے گھس پڑتے تھے کہ صفوں کی صفیں اُلٹ دیتے اور گشتوں کے پشتے لگا دیتے تھے۔ لیکن جب مجھے ہندوستان کے اطراف اکناف میں سفر پیش آئے اور مباحثات و مناظرات علماء زماں سے واقع ہوئے تو مجھے خیال ہوا کہ ان ہی وجوہات سے اللہ تعالیٰ نے مجھے ضرار بن الازور کی مشابہت دی ہے کیونکہ میں بھی موجودہ جنگوں میں جبکہ تکفیر کا بحر مواج جوشوں پر تھا اور ہر طرف طعن تشنیع کا بازار گرم تھا تن تنہا بلا کسی سامان کے نکل کھڑا ہوا، سیکڑوں سے مقابلہ ہوا، ہزاروں کو تبلیغ کرنے کا موقع ملا، مگر مجھے ایک منٹ کیلئے بھی ہراس و خوف نہیں ہوا، **دہلی** میں تین علماء سے مباحثات کا موقع پیش آیا، ایک تو مولوی مرزا عبدالحق بیگ صاحب سے جو لال دروازہ کے اندر حدیث و تفسیر پڑھایا کرتے تھے، دوسرا مولوی مرزا ضمیر الدین احمد صاحب برادر نواب امیر الدین احمد خانصاحب نواب لوہارو سے، تیسرا مولوی عبدالوہاب صاحب امام مسجد بازار صدر دہلی سے جو اہل حدیث میں ایک جنگجو مولوی مشہور ہیں، اور **گوالیار** میں مولوی عبدالغفار صاحب سے جو وہاں کے مفتی اعلیٰ و ممبر ندوۃ العلماء تھے

الہ آباد میں مولوی محمد حسین صاحب سے جو صوبہ یوپی میں ایک بڑے مفتی اور عالم بے بدل اور ممبر ندوۃ العلماء تھے۔

مدراس میں مولوی محمد ابراہیم صاحب سے جو مدرسہ دیلور سے فضیلت کی دستار حاصل کی ہوئی تھی

بنگلور میں مولوی عبدالقدوس صاحب سے جو ایک بڑے پایہ کے عالم تھے اور جنکی مسجد سنگ شب اور سنگ موسیٰ کی مشہور ہے اور جنکو دربار والئی رائے میں کرسی ملتی ہے اور اُنکے خلف الرشید سے جو تازہ دستار فضیلت حاصل کر کے آئے تھے۔

میسور میں مولوی سکندر صاحب سے جو ایک بہت متکبر عالم تھے۔ ہزاروں لوگوں کے مجمع میں مباحثہ ہوا، اور خدا نے میرے ہاتھ سے اُسکے تکبر کو ایسا توڑا کہ وہاں میسور کے بازاروں

میں بچہ بچہ جانتا ہے۔

شمس آباد ضلع راولپنڈی میں مولوی عبدالحق صاحب سے جنکی مدد میں دو اور عالم بھی تھے۔

کشمیر میں مفتی صدرالدین صاحب سے۔

جھنگ میں مولوی محمد امیر صاحب سے۔ **دیرۂ غازی خاں** میں حکیم خیرالدین صاحب سے جنکے مناظرہ کے بعد شہر کے کسی عالم کو مباحثہ کی جرأت نہوئی باوجودیکہ سیکڑوں آدمی علما کی خدمت میں گئے اور مباحثہ کے لیے زور لگایا۔

بھوپال میں مولوی عبدالحق صاحب مفتی۔ و مولوی محمد سلیمان صاحب نقشبند خلف الرشید مولوی عبدالقیوم صاحب و مولوی عبدالعزیز صاحب نائب مفتی سے جو بڑے تیز مزاج عالم تھے۔ خیرآباد میں جو ملک اودھ میں واقع ہے مولوی عبدالحق صاحب مشہور منطقی کی طرف گیا مگر افسوس کہ وہ کسی اور جگہ گئے ہوئے تھے، مجھے واپس آنا پڑا۔ اور ہر جگہ کامیابی ہوئی۔ الغرض بہت سی کہ اتفاق ہوا ہے کہ ہندوستان کے اکثر بلاد و قراء میں جہاں جانے کا اتفاق ہوا ہوا اور وہاں گفتگو اور مباحثہ نہوا ہو۔ حتی کہ امرائک بھی تبلیغ کی گئی۔ حیدرآباد دکن میں نواب سکندر نواز صاحب بہادر، اور لکھنؤ میں مرزا ہمایوں قدر صاحب بہادر، اور دہلی میں حکیم حسن رضا صاحب برادر حکیم محمود خانصاحب، شمس آباد میں ملک محمد امین صاحب، شاہ پور میں آنریبل ملک عمر حیات خانصاحب، علیگڈھ میں سید احمد خانصاحب بہادر و مسٹر محمود صاحب جج ہائیکورٹ جنپر میری تقریر کا ایسا اثر پڑا کہ عاجز کو حکم دیا کہ اسیوقت تا رد و کہ کل کتب حضرت مسیح موعود بذریعہ وی پی بھیجی جائیں چنانچہ فوراً کتب مطلوبہ بذریعہ وی پی وصول فرمالیں۔ شملہ میں ہز ہائینس جناب نواب احمد علیخانصاحب بہادر نواب مالیر کوٹلہ سے تبلیغ بلیغ کی گئی۔ اور ان امراء میں سے سب نے شوق سے میری گفتگو کو سنا اور کسی سے بھی ملال کی علامت ظاہر نہوئی بلکہ عزت سے پیش آتے رہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ اور کیا یہ کم شکر کا مقام ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خاکسار نابکار کو ایک بزرگ کی رویا میں ضرار بن الازور کی صورت میں دکھایا اُسی رویا میں اُسی بزرگ کو حضرت مسیح موعود کو خالد بن ولید کی صورت میں اور حضرت مولانا علامہ نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح کو ذوالکلاع الحمیری کی صورت میں اور مولوی عبدالکریم صاحب کو

عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی صورت میں، اور اسی طرح اور بہت سے بزرگان سلسلہ کو مختلف صحابہ کی صورت میں دکھایا گیا، جو بلا زمینی اوزار کے آسمانی اوزار سے مسلح ہیں اور فتوحات کرتے چلے جاتے ہیں، یہ تو بہت سال کی بات ہے مگر حال میں حاجی گل محمد صاحب افغان نے جو ایک بڑے نیک سیرت ولی اللہ ہیں میری نسبت دیکھا ہے کہ گویا میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسیح ناصری ہوں، اور ہماری جماعت کے مشہور ولی اللہ حضرت مولوی عبدالستار صاحب کابلی نے اسکی یہ تعبیر فرمائی ہے کہ آجکل جو کتاب **عسل مصفّٰی** نکلنے والی ہے اس سے مخلوقِ خدا کو بہت بڑے فوائد پہنچینگے اور ہزارہا مردہ دل زندہ ہونگے، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ

چونکہ میں نے اس کتاب کو ابتغاءً لوجہ اللہ لکھا تھا اور آئندہ میرا کوئی ارادہ اسکے طبع کرانیکا نہ تھا اور یہی خیال تھا کہ جو چاہے اسکو چھپوالے اور اسی وجہ سے اسکی رجسٹری بھی نہیں کرائی گئی تھی، اور جب کوئی نسخہ میرے پاس نہ رہا تو لوگوں کے بہت سے خطوط آنے لگے کہ کتاب وی پی کرکے بھیجدو، مگر میں کہاں سے بھیجتا۔ کوئی نسخہ مل ہی نہیں سکتا تھا، جب لوگوں کے اشتیاق کو بیحد بڑھا دیکھا تو میں نے اخی مکرمی جناب مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے۔ سکرٹری صدر انجمن احمدیہ کو لکھا کہ انجمن اپنے خرچ سے اسکو طبع کرالے تو میں حق تصنیف معاف کردونگا، مگر خدا معلوم کیا وجہ ہوئی اسکا جواب مولوی صاحب موصوف سے مجھے نہ ملا تو میں خاموش ہو رہا۔ تھوڑے عرصہ کے بعد اغلب قریب تین سال کا عرصہ ہوا ہے، اللہ تعالیٰ نے مجھے رویا میں دکھلایا کہ "ایک بڑا وسیع میدان ہے وہاں ایک جگہ حضرت مسیح علیہ السلام کا مزار شریف ہے۔ اور اُس میدان کے کناروں تک آدمی نظر آتے ہیں، کیا دیکھتا ہوں کہ قبر شق ہوگئی اور میں بلند آواز سے کہتا ہوں کہ دیکھو! حضرت مرزا صاحب میری اُس سفید دوائی سے زندہ ہوگئے جو میں نے پہلے دی تھی۔ پھر حضرت مسیح موعود علیہ السلام مزار شریف سے باہر آئے تو میرے کندھے پر ہاتھ رکھکر میرے ساتھ چلنے لگے، اور میرے دل میں جوش پیدا ہوا کہ میں کسی طرح جلدی دوڑکر حضرت صاحب کے گھر کے لوگوں کو کہدوں کہ حضرت صاحب زندہ ہوگئے ہیں اور وہ آرہے ہیں، اُسوقت بارش بھی بڑی کثرت سے ہوئی تھی اور کھیتوں میں پانی بھرا ہوا تھا۔ اسی حالت میں حضرت صاحب کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے جا رہے تھے کہ آنکھ کھل گئی" اور یہ نظارہ میری آنکھوں میں دیر تک رہا۔ اس خواب کو میں نے بہت سے احباب کو سنا دیا تھا

اور حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح کو بھی تحریر کر دیا تھا، میں نے تو یہ تعبیر کی تھی کہ میری کتاب **عسل مصفّٰی** سے اگر میں نظر ثانی کروں تو خلق خدا کو اسقدر فائدہ پہنچے گا کہ گویا خود مسیح علیہ السلام دوبارہ زندہ ہو کر فائدہ پہنچا رہے ہیں، اور سفید دوائی سے مجھے یہی معلوم ہوا کہ **عسل مصفّٰی** پہلے ہی سے مقبول عام اور مشہور انام ہو چکی ہے اس سے دوبارہ بہت ہی فائدہ ہوگا، واللہ اعلم بالصواب۔ وللہ الحمد،

جب یہ خواب میں نے دیکھی تو میں نے یہ مصمم ارادہ کر لیا کہ **عسل مصفّٰی** کی نظر ثانی کر کے دوبارہ چھپایا جائے، مگر بوجہ سرمایہ توقف ہوتا رہا، آخر جب حضرت امیر المؤمنین جناب خلیفۃ المسیح نے ارشاد فرمایا کہ کتاب **عسل مصفّٰی** کی تصحیح و نظر ثانی کر کے چھپواؤ تو پہ میخ آہنی کی طرح یہ بات دل میں گڑ گئی کہ توکل علی اللہ کام کو شروع کر دیا جائے چنانچہ ایک بڑی محنت شاقہ کر کے رات کے دو دو تین تین بجے تک کتاب مذکور کی نظر ثانی میں مصروف رہتا رہا اور اسوقت جسقدر نئی کتابیں حضرت امام علیہ السلام کے کتب خانہ میں آئیں تھیں اُنکا مطالعہ شروع کر دیا اور اسکے سوا اور بہت سی کتابوں کے دیکھنے کا موقع ملا، چنانچہ میں نے تفسیر **جامع البیان** لابی جعفر محمد بن جریر طبری جو ۳۰ جلدوں میں ہے ابتدا سے لیکر انتہا تک بغور دیکھا، اسکے سوا تفسیر البحر المحیط لابی حیان مالکی رحمۃ اللہ علیہ۔

تفسیر الرائد من البحر لابی حیان مالکی رحمۃ اللہ علیہ۔

تفسیر الدر اللقیط من البحر المحیط للامام تاج الدین ابی محمد احمد بن عبد القادر القیسی الحنفی النحوی المتوفی فی سنۃ ۷۴۹۔

تفسیر محمدی پنجابی حافظ محمد لکھوکے والے کی دوبارہ دیکھی گئی کیونکہ اکثر اہل حدیث دیہات میں اس تفسیر کو پسند کرتے ہیں۔

تفسیر الجواہر الحسان فی تفسیر القرآن لعارف باللہ الشیخ عبد الرحمن الثعالبی مطبوعہ مطبع الجزائر

تفسیر حیات القلوب بر حاشیہ جلالین مع کمالین۔

علاوہ اسکے حواشی کی تصحیح کے لئے قریباً کل کتب کو از سر نو نکالکر مقابلہ کیا گیا۔ غرض جہانتک بشری طاقت تھی اُسکو کام میں لایا گیا۔

بالخصوص کتاب کنز العمال کو جو احادیث کا ایک عظیم الشان خزانہ ہے بغور دیکھا گیا۔

مزید برآں جدید کتب احادیث سے جو پہلے دیکھنے میں نہیں آئیں تھیں حسب ذیل کتب دیکھی گئیں۔
اکمال اکمال المعلم شرح صحیح مسلم لابی عبداللہ محمد بن خلفۃ الوشتانی الابی المالکی المتوفی ۸۲۷ھ
مکمل اکمال الاکمال لامام ابی عبداللہ محمد بن محمد یوسف السنوسی۔
مسند امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ۔
مؤطا امام محمد رحمۃ اللہ مطبوعہ مطبع مصطفائی۔
مسند امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ۔
مسند امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ۔
علاوہ ازیں کتب فقہ جو پہلے اس ملک میں نہیں تھیں دیکھیں اور مطالعہ کیں۔
اُم شافعی لامام ابی عبداللہ محمد بن ادریس الشافعی رحمۃ اللہ فی اصول الفقہ بروایۃ الربیع ابن سلیمان
مطبوعہ مطبوعۃ الکبیری الامیریہ مصر۔
مدونۃ الکبریٰ امام مالک رحمۃ اللہ۔
کتاب المبسوط شمس الدین السرخسی۔
فتاویٰ المسیح الاسلام تقی الدین ابن تیمیہ۔ دیوان خواجہ معین الدین۔ رسالہ ورد وغیرہ
کتاب الفصل فی الملل والاھواء والنحل للامام ابی محمد علی بن احمد بن حزم الظاہری المتوفی
۴۵۶ھ ہجری۔ مطبوعہ مطبعۃ الادبیہ مصر۔
کتاب تاریخ الرسل والملوک لابی جعفر محمد بن جریر الطبری مطبوعہ مطبع ہالنڈ۔
انکے سوا اور بھی کتابیں دیکھی گئیں مثلاً مجموعہ خطب مثنوی مولانا روم شرح گلشن راز۔ رسالہ سپاہ سالار۔ نالۂ عندلیب
اس دفعہ نظر ثانی میں بعض جگہ کمی بھی کی گئی ہے اور اکثر مقامات پر زیادتی بھی کی ہے اور جدید
مضمون بھی داخل کیا ہے۔ اور چند دیگر کتب اہل تشیعہ بھی نظر سے گذری ہیں۔ مثلاً
بحار الانوار۔ کتاب جامع الاخبار۔ مجالس المومنین۔ حق الیقین۔ فروع کافی۔
اکمال الدین و تمام النعمۃ فی اثبات الغیب وکشف الحیرۃ من تصنیفات الشیخ السعید ابی جعفر
محمد بن علی بن الحسین بن موسیٰ بن بابویہ القمی مطبوعہ مطبع ایران۔
انگریزی میں۔ ٹرائل آف جینز مصنفہ گلوٹونی روسادی ممبر پارلیمنٹ اٹلی وایڈوکیٹ
عدالت سکنی۔

۷

دِی اَن ٹون لائف آف جیزز مصنفہ ناٹووچ روسی سیاح۔

دِی کرُوسی فکشن آف جیزز

امید وائق ویقین کامل ہے کہ یہ جدید طبع کتاب پہلے سے زیادہ قبولیت حاصل کریگی اور ہزاروں بلکہ لاکھوں کی ہدایت کا موجب و مزید ایمان ایقان کی باعث ہوگی ناظرین کتاب سے امید ہے کہ مصنف کے حق میں دعاء خیر کرینگے اور فراموش نفرمائینگے اب ہم ذیل میں اُن بزرگان کی تقریظات ریویو درج کرتے ہیں جنہوں نے کمال مہربانی سے میرے ناچیز تحفہ کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا اور اُسکی قدر کی، مجھے اُن بزرگوں کے تعارف کرانے کی ضرورت نہیں وہ لوگ ایسے نہیں جو تعارف کے محتاج ہوں اُنکے نام ایسے ہی روشن ہیں جیسے الشمس فی النہار۔

ہاں پیشتر اسکے کہ میں اُن آرائے بزرگان کو لکھوں اس بات کا ظاہر کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ جب عاجز نے بوقت اول ایڈیشن کتاب **عسل مصفّٰی** بحضور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پیش کی تو وہ کتاب کو دیکھکر بہت مسکرائے بعد ازاں زبان مبارک سے فرمایا کہ آپ ہی ہر روز بعد نماز مغرب اسکو سنا دیا کریں۔ چنانچہ بتعمیل ارشاد کئی ماہ تک مغرب سے عشاء تک سناتا رہا اور بعض دفعہ ایسا بھی اتفاق ہوا کہ جب بعض صاحبان نے مجھے مغرب سے پہلے کہدیا کہ آج ہم کچھ بحضور مسیح علیہ السلام سُنانا چاہتے ہیں تو میں کتاب ہمراہ نہ لیجاتا، مگر حضرت اقدس کو اسقدر دلچسپی اس کتاب سے ہوگئی تھی کہ جب میرے ہاتھ میں کتاب نہ دیکھتے تو فرماتے کیوں کتاب نہیں لائے جاؤ لاؤ اور سُناؤ، غرض کہ دو تین ماہ تک برابر شوق سے سُنتے رہے حتی کہ ختم ہوگئی۔ اور اسقدر خوش ہوئے کہ ایک دفعہ زنانخانہ میں جبکہ بہت سی مستورات جمع تھیں فرمایا کہ مرزا خدا بخش صاحب نے ایسی عمدہ کتاب لکھی ہے کہ میرے مریدوں میں سے کسی نے آجتک ایسی عمدہ کتاب نہیں لکھی جسکو سُنکر مستورات خواندہ کو بھی اُس کتاب کے پڑھنے کا شوق ہوا اور کئی ایک مستورات نے کتاب خریدی۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ

حضرت خلیفۃ المسیح نے اس کتاب کو اسقدر پسند فرمایا کہ بحضور حضرت مسیح علیہ السلام و روبرو تمام جماعت احمدیہ جو بروز عید جمع تھی خطبہ عید میں اس کتاب کی تعریف فرمائی۔

عاجز ابوالعطاء مرزا خدا بخش

تقریظات
وآرائے بزرگانِ ملّت بر کتاب
عسل مصفّی
خط حضرت افصح الفصحاء وابلغ البلغاء حضرت مولوی عبد الکریم صاحب مرحوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

{نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم}

برادرم، مرزا خدا بخش صاحب، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، میں نے آپکی کتاب **عسل مصفّٰی** پوری پڑھی ہے حق تو یہ تھا کہ میں اسپر ریویو کرتا اور ان خصوصیات پر مفصّل واضح گفتگو کرتا جو آپکی کتاب سے خاص ہیں مگر اسوقت بعض ایسے موانع درپیش ہیں کہ میں اس بھاری فرض کو ادا نہیں کرسکتا میں نے آپکی کتاب کو اول نظر میں سبک ہاتھ سے اُٹھایا اور غیر ملتفت دلسے دیکھا مگر میں صاف اقرار کرتا ہوں کہ اس کتاب نے بڑی قوت اور پورے رعب سے تجمیل اور تکریم مجھسے حاصل کی میرا خیال غلط نکلا جو میرے دلمیں تھا کہ ایک معمولی مجموعہ ہوگا جس کی ہمارے سلسلہ کو چنداں ضرورت نہ ہوگی میں سچے دل اور بصیرت سے کہتا ہوں کہ آپ نے میرے خیال اور گمان سے بہت ہی بڑھ کر کام کیا ہے آپ نے اس کتاب سے اُس شدید ضرورت کو پورا کیا ہے جسکو مختلف شہروں میں ہمارے بھائی محسوس کرتے تھے، آپنے ہر ایک احمدی کے ہاتھ میں گو وہ اُمّی ہی ہو ایسا سامان دیدیا ہے کہ کبھی کسی بھیس میں شیطان اُسپر غالب نہیں آسکیگا حضرت کے نام مختلف شہروں سے ہمارے غریب اور اُمّی دوستوں کے پے در پے خط آتے تھے کہ فلاں اعتراض جو مخالف کرتے ہیں اسکا کیا جواب دیا جائے، ایسے خطوط اس کثرت سے آتے تھے کہ جواب لکھنا دشوار ہوجاتا، اور درحقیقت ہر فرد کو وہی باتیں اور مفصّل باتیں

تحریر کرنی جو کتابوں میں بار ہا لکھی جا چکی ہیں، بڑا مشکل امر ہو جاتا آپ نے اس مشکل کو رفع کر دیا آپنے ایسا کافی مجموعہ تیار کر دیا ہے کہ اس سلسلہ عالیہ کی نسبت ہر قسم کے اعتراض کا جواب اس سے لسکتا ہے جزاک اللہ عنی وعن الاسلام خیرا الجزا۔ جسقدر محنت آپنے اس کتاب کی تالیف میں کی ہے خدا ہی اسکی جزا ہو کئی سو کتابوں کا پڑھنا اور اُنکے حوالے دینا اور سندوں اور شاہدوں سے طالب طبیعتوں کو سیر کر دینا یہ آپ ہی کا حصہ ہے، ایک خصوصیت جس نے میرے دل کو اپنی طرف مائل کیا اس کتاب میں یہ ہے کہ اس میں معقول اور منقول دونوں پیرایوں کو احسن طور پر اختیار کیا گیا ہے ایک ہی وقت میں جیسے ایک مولوی اور صوفی اور کوئی اور منقولی مشرب کو پسند کرنیوالا اس سے مستفید ہو سکتا ہے اسیطرح ایک فلسفی طبع معقول پسند بھی اس سے نور حاصل کر سکتا ہے۔

غرض آپکی یہ خدمت اس پاک اور بزرگ سلسلہ کی نسبت مجھے قوی امید ہے کہ اندازہ سے زیادہ شرف قبول پائیگی آپنے انصار اللہ میں معزز اور مکرم جگہ لی ہے اور بہتیرے ہیں جو رشک کرتے ہیں اور کرینگے کہ کاش یہ خدمت انکے ہاتھ سے سرانجام پاتی مگر ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء

مجھے اُمید ہے کہ ہماری جماعت کا ہر صاحب استطاعت شخص بڑی خوشی سے اسے خریدے گا۔ میری بڑی آرزو ہے کہ ہر قریہ اور شہر میں یہ کتاب پہونچ جائے صاحب مقدور متعدد نسخے خرید کر ان لوگوں کو دیدیں جنھیں اکثر مخالفوں سے پالا پڑتا ہے اور وہ بوجہ بُعد مکانی اور غربت اور افلاس کے قادیان میں آنے اور ایک عرصہ تک یہاں رہکر علوم حقہ سیکھنے کا موقعہ نہیں پاتے آپ نے یہ بڑا ثواب کا کام کیا ہے، مجھے یقین ہے اگرچہ بظاہر کوئی بھی سامان نہیں کہ یہ کتاب بڑی عزت پائیگی، اور جس کے ہاتھ میں یہ کتاب ہوگی وہ اندر ہی اندر ایک قوت اور شوکت محسوس کرے گا، اور اسکا دل اس یقین کی قوت سے بھر جائیگا کہ اب معترض اور نکتہ چیں کیا خوف ہے میرے پاس یہ کافی سامان موجود ہے خدا تعالیٰ اُسے قبول کرے اور اس نور اور حق کی اشاعت کا کامل ذریعہ اسے بنائے جسکی تائید کیلئے یہ لکھی گئی ہے پھر ایک دفعہ میرا جی چاہتا ہے کہ میں آپکو مبارکباد دوں کہ آپکے ہاتھ سے خدا تعالیٰ نے بڑا مفید کام لیا ہے، آپ نے احمدی جماعت پر بڑا احسان کیا ہے، خدا تعالیٰ آپکے ساتھ احسان کرے، آمین

عاجز عبدالکریم

از قادیان ۱۵۔ جولائی ۱۹۰۱ء

تقریظ رئیس المحدثین وافضل الفاضلین وامام المناظرین مولانا وہابل افضل اولینا

حضرت مولوی سید محمد احسن صاحب امروہی طال عمرہٗ

کتاب عسل مصفّٰی اسم بامسمّٰی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

اما بعد کتاب **عسل مصفّٰی** خاکسار کی حالت مرض غب خالصہ میں پہونچی اکثر ابواب وفصول اُس کے بعد افاقہ کے مطالعہ کیے گئے جسقدر مسائل سلسلہ احمدیہ مندرجہ آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ سے تعلق رکھتی ہیں اُن سب کی تحقیقات عجیب دلائل قویہ اور براہین سنیہ کے ساتھ بہ ترتیب عجیب وغریب کیگئی ہے جو طالب حق کیلئے ثبوت وفات مسیح اور اثبات دعاوی مسیح موعود میں کچھ شک وشبہہ باقی نہیں رہتا اور علاوہ اسکے حضرت خاتم النبیین وسید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت ونبوت کے اثبات کے لئے ایسے ایسے شواہد اس کتاب میں مندرج کیے گئے ہیں کہ مخالفین اسلام کو بھی بشرط طلب حق کے بجز تصدیق رسالت کے چارہ نہیں ہے کیونکہ جو پیشین گوئیاں خواہ مندرجہ قرآن مجید ہوں یا احادیث یا مندرج عہد عتیق اور عہد جدید ہوں جبکہ اُن کا وقوع اس قرن میں ایسا ثابت کیا جاوے کہ ہر کہ ومہ اُن کا مشاہدہ کر لیوے تو پھر امر مشاہدہ کا انکار کوئی کیونکر کرسکتا ہے۔ فاضل مصنف نے اس کتاب میں صدہا پیشین گوئیاں مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کی اسطرح جمعہ شرح درج فرمائی ہیں کہ ناظرین کو اُنکے وقوع کا مشاہدہ کرادیا ہے وَلِلّٰہِ دَرُّ الْمُصَنِّفِ مسیح موعود کے زمانہ کا سنہ مع تاریخ کے چودھویں صدی میں ثابت کردیا ہے جزاہ اللہ منا خیر الجزاء ترتیب ابواب وفصول ایسی عمدہ ہے جیسا کہ اشکال کی ترتیب ہوتی ہے جس سے مخالفین اندرونی کے لئے

اس ترتیب کے ساتھ بجز قبول کے چارہ نہیں ہے۔

باب اوّل

میں تقدیم کتاب اللہ کے سائر ادلہ شرعیہ پر بحث کی ہے اگرچہ یہ مسئلہ کتاب اللہ کا باجماع اہل اسلام مسلم ہے لیکن ابنار زماں نے اس مسئلہ کو پس پشت ڈالدیا تھا لہذا فاضل مصنف نے ابنار زماں کی تنبیہ کیواسطے اس مسئلہ کو ایسے ادلہ مسلمہ فریقین سے ثابت کیا ہے کہ اب بجز قبول کے چارہ نہیں رہا۔

باب دوم

جو حدیث کے واجب العمل ہونے میں لکھا ہے ایک عجیب وغریب بیان ہے معہذا **سُنّت علی الکتاب** کا مسئلہ جو ابنار زماں پر مخفی تھا اسکو بھی عمدہ طور سے بدلائل کتاب وسُنت مبرہن کیا ہے جس سے صدہا نزاع واقعہ بین المسلمین کا جو متعلق احادیث ہیں فیصلہ ہوا جاتا ہے۔

باب سوم

تفسیر قرآنی کے بیان میں ہے اس باب میں قبول وعدم قبول تفاسیر کے لئے عجیب وغریب اصول ممہد کیے ہیں جنکے مرعی رکھنے سے صدہا وہ اغلاط رفع ہو جاتے ہیں جنکو ابنار زماں نے قرآنی تعلیم سمجھ رکھا ہے۔ جزاہ اللہ خیر الجزاء

باب چہارم

بشارات محمدیہ وعیسویہ جو آسمانی والہامی کتابوں میں مندرج ہیں تحریر کرکر یہ دکھلایا ہے کہ جبکہ یہ جملہ بشارات اور پیشگوئیاں استعارات ومجاز وتشبیہ وغیرہ پر مشتمل ہیں معہذا ابتدائے اسلام سے لیکر آجتک تمام اہل اسلام انکو استعارہ اور مجاز کے ساتھ تسلیم کرتے چلے آئے ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ مسیح موعود کی پیشگوئیوں میں استعارہ اور مجاز نہ مانا جاوے۔ اس صورت میں تو اہل کتاب یہود ونصاریٰ بھی انکار رسالت آنحضرت سید الرسل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں معذور قرار دیئے جاوینگے وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْہُ بلکہ تمام ابواب رویا ومکاشفات کے جنمیں استعارہ ومجاز اکثر ہوا کرتا ہے مسدود ہو جاوینگے وَھُوَ خِلَافُ مَا اَجْمَعَ عَلَیْہِ جَمِیْعُ اَھْلِ الْکِتَابِ وَاَھْلِ الْاِسْلَامِ۔

باب پنجم

میں مجددین سابق کی تفصیل مشرح طور پر بیان کی ہے اور حدیث اِنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ عَلٰی رَأْسِ کُلِّ مِأَۃِ سَنَۃٍ مَنْ یُّجَدِّدُ لَھَا دِیْنَھَا۔ کی ایک شرح عجیب و غریب بیان کرکر ناظرین کو اسطرف متوجہ کیا ہے کہ کیا وجہ ہے جو صدی چہاردہم باوجود کثرت فتن اور حدوث شرور کثیرہ کے مجدد سے خالی جاوے حالانکہ دین اسلام کیلیے بسبب کثرت فتن عظیم کے اس صدی میں ایک عظیم الشان مجدد کی سخت ضرورت واقع ہے

فراموشت شدائے قوم احادیث رسول ہمہ کہ نزد ہر صدی یک مصلح اُمت شود پیدا

باب ششم

محدث کے بیان میں ہے، اس باب میں دلائل عقلیہ و نقلیہ سے ثابت کیا ہے کہ اس اُمت مرحومہ میں واسطے اظہار اُن حقائق قرآنیہ اور لطائف فرقانیہ کے جنکی اسلام کو ہر قرن میں ایک خاص ضرورت واقع ہوا کرتی ہے محدث اور ملہم کا ہونا بھی ضروریات سے ہے جس کے ظہور سے باغ اسلام تروتازہ رہکر ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا کَلِمَۃً طَیِّبَۃً کَشَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ اَصْلُھَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُھَا فِی السَّمَآءِ تُؤْتِیْ اُکُلَھَا کُلَّ حِیْنٍ بِاِذْنِ رَبِّھَا کا مصداق بنا رہے۔

باب ہفتم

میں علاوہ احادیث کے مسیح موعود کے لئے اشارات لطیفہ قرآن مجید سے استنباط کیے ہیں جنکے مطالعہ سے ناظرین منصفین کو نہایت لذت روحانی حاصل ہوتی ہے۔ وَ لِلّٰہِ دُرُّ الْمُؤَلِّفِ الْفَاضِلِ۔

باب ہشتم

میں مسیح کا وفات پا جانا ایسا بیان کیا ہے کہ گویا مشاہدہ کرا دیا ہے اور تمام مسائل متعلقہ وفات و نزول وغیرہ اس شرح اور بسط سے بیان کئے ہیں جو اور کسی کتاب میں اس شرح سے یکجائی تحریر نہیں کیے گئے۔ اس باب میں طویل الذیل۔ فہرست فصول کی اول کتاب کے

درج ہے ناظرین اسکو ملاحظہ فرماویں۔ یہ باب اسقدر طویل الذیل اور کثیر الابحاث ہے کہ صفحہ ۱۴۹ سے شروع ہوکر صفحہ ۱۱۵ پر ختم ہوا ہے مگر کاتب نے تحریر نمبر فصول وابواب میں کسیقدر اسجگہ پر اور دوسرے مقام پر بھی کسیقدر نمبروں میں غلطی کی ہے جسکو ناظرین صحیح کرسکتے ہیں۔

باب نہم

میں بدلائل عقلیہ ونقلیہ بیان کیا ہے کہ مراد ابن مریم سے حضرت اقدس جناب مرزا غلام احمد صاحب ہیں اور ایسے دلائل سے اس مسئلہ کا ثبوت دیا ہے کہ مسلم فریقین ہیں اور ۲۲ وجوہ موجہ ایسے لکھے ہیں جنسے حضرت اقدس مرزا غلام احمد صاحب مسیح موعود کو حضرت عیسی علیہ السلام سے مناسبت اور مشابہت تامہ ہے پھر کیا وجہ کہ اُنکو ابن مریم نہ کہا جاوے

باب دہم

میں اِمَامُکُمْ مِنْکُمْ کی ایک شرح عجیب وغریب کی گئی ہے اور حضرت اقدس مرزا صاحب کا بنی اسحٰق سے ہونا ثابت کرکر یہ دکھلایا ہے کہ وہ کامل مجددیت جو مہدویت اور مسیحیت کی جامع ہو اور دونوں شانیں اپنے اندر جمع رکھتی ہو قریش سے منتقل ہوکر اب بنی اسحٰق میں آگئی ہے جسکے مصداق حضرت مرزا صاحب ہیں جیساکہ نبوت اور رسالت بنی اسرائیل سے منتقل ہوکر حضرت خاتم النبیین سید المرسلین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں جو بنی اسمٰعیل سے ہیں جلوہ گر ہوئی تھی ہاں فرق اسقدر ہے کہ وہاں پر ختم نبوت ورسالت تھا اور یہاں پر ختم ولایت ہے اس باب میں فاضل مؤلف نے ایسے دلائل لطیفہ درج کئے ہیں جنسے ایمانی قوت ترقی پذیر ہوئی ہے اور وہ تمام توہمات جو ابنائے زماں مہدی مسعود اور مسیح موعود کے بارہ میں رکھتے ہیں دور ہوجاتے ہیں اس باب میں وجوب بعیت امام الزماں کا مسئلہ بھی بخوبی حل کردیا گیا ہے جس سے فریقین سُنّی وشیعہ کو بجز قبول کے کوئی چارہ نظر نہیں آتا۔

باب یازدہم

باب خاتم الابواب ہے اور ۲۲ فصل پر مشتمل ہے جو بہت ہی کثیر الابحاث صفحہ ۴۶۱ سے

شروع ہو کر صفحہ ۱۵۸ پر ختم ہوا ہے میرے خیال میں وہ ہدایات اور ابحاث اس باب میں مندرج ہیں جنکو دلالات موصلہ الی المطلوب کہا جا سکتا ہے جو صاحب اس باب کو بنظر انصاف وامعان نظر مطالعہ فرماویں گے وہ بالضرور منزل مقصود کو پہونچکر خاکسار کے یہ شعر مندرجہ سرلوح اعلام الناس اول حصہ پڑھنے لگیں گے ۔ ؎

الیس اللہ بکاف عبدہ مرزا غلام احمد

مسیح وقت و مہدی ہم مجدد بر سر ایں صد

سلامی از رسول اللہ بر تو اے مسیحا ہم

شدہ حاضر رسانم تا شود حاصل تمنا ہم

منور کن دلم را یا الٰہی از کتاب اللہ

بفیض آں امام قادیانی عارف و آگاہ

خاتمہ بالخیر

میں نے جو بخدمت علماء زماں اپیل کیا ہے وہ کیسا بر محل واقع ہوا ہے کہ بعد ملاحظہ وجوہ اپیل مندرجہ کتاب کے ہر ایک روح جو صدق و راستی کی طالب ہوگی خود بخود اس اپیل کو تسلیم اور منظور کر کر ہر دو قصیدہ مدحیہ مولوی عبداللہ صاحب کے پڑھنے لگے گی جو آخر میں درج ہیں اور مناجات کا ورد کریگی خاکسار ہر ایک اپنے دوست کی خدمت میں بتاکید عرض کرتا ہے کہ اس کتابکو جو اسم با مسمی ہے ضرور اپنے مطالعہ میں رکھے ۔

(سید محمد احسن امروہوی)

ریویو حضرت مولانا مولوی ابو یوسف مبارک علی صاحب سیالکوٹی

عسل مصفّٰی

یہ عجیب و غریب کتاب میری نظر سے گذری ہے فی الواقع یہ اسم با مسمّٰی اور اپنے برکات کے لحاظ سے اپنی آپ ہی نظیر ہے۔

حضرت مسیح علیہ السلام کی وفات اور حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعاوی حقہ کے اثبات کے لئے اس میں اسقدر دلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ موجود ہیں کہ گویا یہ کتاب ادلہ کاملہ کا ایک بحر ذخار یا محیط بے کنار ہے۔ لاریب یہ کتاب اہل حق کے لئے ایک نشان ممتاز اور مایہ فخر و ناز ہے اور طالبان حق کے لئے سرمایۂ ہدایت و رشد۔ اور واعظین اور مناظرین سلسلہ کیلئے مجموعہ دلائل عقلیہ و نقلیہ۔ ہر ایک طالب اس کتاب کی نادر ترتیب کی پیروی اور تتبع سے یقیناً کامیابی کی راہ حاصل کرتا اور منزل مقصود تک پہونچ سکتا ہے۔

اس کے مکرم مؤلف اخویم مرزا خدا بخش صاحب ابوالعطا کی قابلیت اور باریک بینی اور دقت فہم اور وسیع النظری اور بلند پروازی اس کتاب کی تبویب اور دقیق در دقیق استدلالات سے ظاہر ہے جو کچھ آپنے اس تالیف میں اپنے عزیز اوقات کو صرف فرما کر اپنی قوم اور نیز دیگر حق پسند و نکو فائدہ پہونچایا ہے وہ قابل قدر اور موجب شکریہ ہے۔ شکر اللہ سعیہٗ و احسن الیہ بمنہٖ وکرمہٖ۔

الراقم خاکسار ابو یوسف محمد مبارک علی سیالکوٹی
اول مدرس مدرسہ تعلیم الاسلام
قادیان

عسل مصفّٰی پر جناب مولانا و بافضل اولینا مولوی حافظ روشن علی صاحب کی رائے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یہ کتاب جسکا نام عسل مصفّٰی ہے میں نے اپنے تجربہ میں اسے نہایت مفید پایا ہے مجھے کثرت سے مباحثات و مناظرات پیش آئے ہیں ہر مقام پر یہ نافع ثابت ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو میری طرف سے اور تمام جماعت احمدیہ کی طرف سے جزائے خیر دے جسنے نہایت قیمتی مجموعہ جانکاہ محنت سے بخاطر شفقت علی خلق اللہ پیش کیا ہے۔

یَا صَادِیًا تَبْغِی الْعُیُوْنَ مُرْوِیَۃً ۔۔۔ مِنَ الْعُیُوْنِ فَھٰذَا بَحْرٌ مِّنَ الْعَسَلِ

اے پیاسے اگر تو سیر کن چشموں میں سے کسی چشمہ کی تلاش کرتے ہو تو ہم تجھ کو خبر دیتے ہیں کہ یہی ایک شہد کا سمندر ہے

مَرْوِیْ اِلَیْہِ اِذَا مَا کُنْتَ فِیْ مَرَضٍ ۔۔۔ تَشْفِیْکَ شَرْبَۃٌ مِنْ اَکْثَرِ الْعِلَلِ

جب تجھے کوئی بیماری ہو تو اسکی طرف دوڑ۔ اسکا ایک ہی شربت بیماریوں سے نجات دیتا ہے۔

مَا اِنْ رَاَیْتُ کِتَابًا مِّثْلَہٗ یُجْلِیْ ۔۔۔ کُلَّ الْمَسَائِلِ فِیْہِ سَفْرٌ بِلَا مَثَلِ

میں نے ہرگز اسکی مانند کوئی کتاب نہیں دیکھی جو اتنی فائدہ بخش ہو۔ اسمیں کل مسائل ہیں اور یہ ایک بےنظیر کتاب ہے

اِنْ کُنْتَ تَقْصِدُ تَحْقِیْقًا بِلَا عُسْرٍ ۔۔۔ فَاطْلُبْ اِلَیْہِ سَبِیْلًا ھٰذَا بِلَا بَدَلِ

اگر تم بلا مشقت تحقیق کا ارادہ رکھتے ہو تو اس کا رستہ لو اس سے مفت مقصد حاصل ہو جائیگا۔

روشن علی ۲۹۔ جولائی سنہ ۱۹۱۲ء

ریویو جناب شیخ یعقوب علی صاحب ایڈیٹر الحکم

عسل مصفّٰی

مندرجہ عنوان کتاب جس کا اعلان چند ہفتے پیشتر الحکم میں شائع ہوا تھا، ۵۲ جزو پر طبع ہو کر شائع ہو گئی ہے، جناب مرزا خدا بخش صاحب نے جو اس کتاب کے مؤلف ہیں حقیقت میں

قوم کی ایک بہت بڑی ضرورت کو پورا کیا ہے۔ اس کتاب کا مضمون حضرت مسیح ناصری کی وفات اور حضرت مسیح موعود کے دعاوی کا اثبات ہے۔ لیکن جس خوبی اور صفائی کے ساتھ مضامین کی تقسیم کی گئی ہے اور پھر اُن کو ترتیب دی گئی ہے وہ اس سے پیشتر سلسلۂ عالیہ احمدیہ کی تائید میں لکھنے والوں کی کسی کتاب میں نہیں ہے منقولی طور پر مرزا صاحب موصوف نے تمام مباحث کو ختم کر دیا ہے اور اس کتاب کے بعد منقولی مباحث کے لئے کسی دوسری کتاب کی حاجت اور ضرورت نہ پڑیگی۔ ہم اس مختصر نوٹ میں اس کتاب کی خوبیوں پر پورے طور پر ریمارک نہیں کر سکتے مختصر الفاظ میں یہ کہ کتاب کیا ہے حضرت اقدس کے دعاوی اور دلائل کا انسائیکلوپیڈیا ہے یہ کتاب ایسی ہے کہ ہماری جماعت کے ہر فرد کے پاس ہونی چاہئے خصوصاً اُن لوگوں کے پاس ہونا اسکا اشد ضروری ہے جن کو آئے دن ظاہر پرست ملانوں سے بات چیت کا موقع ملتا ہے۔ ہم کسی آئندہ اشاعت میں اسپر مفصل لکھنا چاہتے ہیں۔ سر دست ہم اسپر اکتفا کرتے ہیں۔ کہ یہ ضروری اور اپنی طرز کی پہلی کتاب اس قابل ہے کہ اسکی بہت بڑی اشاعت ہو باوجود آنکہ حجم ۵۱۲ جزو کا ہے اور کاغذ اور چھپائی بھی اعلیٰ درجہ کی ہے پھر بھی قیمت صرف ۱ رکھی ہے یہ کتاب دفتر الحکم سے یا جناب مرزا خدا بخش صاحب سے جو آجکل قادیان میں ہیں۔ درخواست کرنے پر ملسکتی ہے درخواستوں کی تعمیل بذریعہ وی پی ہوگی۔

تقریظ بنظم جناب منشی فاضل محمد نواب خانصاحب ثاقب جاگیردار و مجسٹریٹ ریاست مالیر کوٹلہ

نعمتیں بے انتہا دیں تو نے اے رحمٰں ہمیں	بے سر و سامان تھے بخشے بڑے ساماں ہمیں
ہم تھے مضغہ جان ڈالی پرورش ہمکو کیا	اور مہیا کر دیئے پُر شیر دو پستاں ہمیں
ہمکو دی تعلیم قرآں اور بیاں سکھلا دیا	الغرض سب کچھ دیا پیدا کیا انساں ہمیں
حضرت خیر الرسل ختم الرسل بھیجے رسول	فیض سے جنکے ملی ہے نعمت ایماں ہمیں
دعوت اسلام کی اک ڈالدی دُنیا میں دھوم	خوان دیں پر سب کو یکجا کر دیا مہماں ہمیں
ہمکو طاقت کیا جو تیرا شکر نعمت کر سکیں	تیرے انعاموں کی گنتی کا نہیں امکاں ہمیں
قادیاں دارالاماں میں آنکھ سے دکھلا دیا	مہدیٔ آخر زماں اور عیسیٰ دوراں ہمیں
وہ مسیحائے فصیح و احمد والا نشا ن	جس کے آگے دلمیں کچھ جچتا نہیں سحباہیں

اُسکا دم ہے گر مسیحائی تو لب اعجاز ہے
اُسکا دم بھرنا ہے لازم ظاہر و پنہاں ہمیں

اُسنے اندھوں کو سجا کھے کر دیا ہے نور سے
ہے یہی وہ نور جو تلاتا ہے جو قرآں ہمیں

نور اک شرقی منار یسے ہوا جلوہ فگن
جبکہ نادانی کی ظلمت نے کیا حیراں ہمیں

جسکا وعدہ دیگئے تھے حضرت ختم الرسل
جسکا مژدہ دیچکا ہے بارہا قرآں ہمیں

تیرہ و تاریک دُنیا آنکھ میں ہونے کو تھی
یک بیک آیا نظر اُسکا رُخِ تاباں ہمیں

اس مجدد اور مہدی و مسیح وقت نے
بس یہی سارے مریدونکو دیا فرماں ہمیں

فائدہ کیا ہے جو دستور العمل قرآں نہیں
سُننے والے گو کہیں طوطیٔ خوش الحاں ہمیں

اُسکے ہر ہر لفظ پر غور اور تدبر ہو کمال
یاد طوطے کی طرح ہرگز نہو قرآں ہمیں

ہم میں جاں باقی نہ تھی اور دل پڑا تاریک تھا
نور ایماں آگیا تازہ ملی ہے جاں ہمیں

ہیں سکھائیں اُسنے ہم سبکو دعا کی برکتیں
اور پڑھائے ٹھیک ٹھیک اسلام کے ارکاں ہمیں

لذّتِ قرآں نمازوں میں حلاوت یاں ملی
اپنے ہادی نے بتایا نکتۂ عرفاں ہمیں

اب تو ہم لپٹے رہیں گے خاکسارونکی طرح
کھینچکر لایا ہے اُسکا دُور سے دامان ہمیں

تھی جو دلمیں شیر مردی جو شرن مانی نہ اک
لاکھ گیدڑ بھبکیاں دیتا رہا شیطاں ہمیں

قادیاں جنت نشاں ہے تیرے دم سے اے مسیح
اور دوزخ کا نمونہ محفلِ رنداں ہمیں

ذکر حق کی مجلسوں سے دلمیں باقی ہیں سرور
اسلئے بزمِ نشاط و عیش ہے زنداں ہمیں

دشمنِ بدرگ کی جانکی رگ کٹی تلوار سے
تو ہی زندہ دے رہا ہے عمر جاوداں ہمیں

دیکھکر دیدار تیرا روح میں جاں آگئی
اک یہی تھی آرزو اب کچھ نہیں ارماں ہمیں

پیر گو لڑکی یہاں کچھ بھی نہ پیری چل سکی
وار سب خالی گئے اُنکے ملا میداں ہمیں

قہر کے شمسِ ہدایت کو گہن جب لگ چکا
روشنی دینے لگا پھر نیّر رخشاں ہمیں

بوالعطا نے اے خدا بخش انکو تو اجر عظیم
کر دیا بیشک عطا اک حربۂ بُرّاں ہمیں

دلمیں لذت آگئی **عسل مصفّٰی** دیکھکر
کیا عجب نسخہ ملا ہے درد کا درماں ہمیں

میرزا نے نورِ حکمت بھر دیا ہے کوٹ کر
ابتو اپنے دوست کو کہنا پڑا لقماں ہمیں

بالیقیں شانِ عسل ہے یہ کتاب پر صفا
کیا ملا ہے لفظ اس کی شان کے شایاں ہمیں

اس عسل پر جسکو یہ معیوب دیں رکھتا رہا
مکھیونکی طرح آتے ہیں نظر انساں ہمیں

مختلف باغوں کے پھولوں کا خلاصہ ہے شہد — اسکو کہنا چاہئے اب عالم بستاں ہمیں
یہ کتاب اپنے لئے اک راہبر ہے بالیقیں — منزلیں جتنی کٹھن تھیں ہوگئیں آساں ہمیں
یہ مثل اونچی دکاں پکوان پھیکا ہے غلط — دیکھ رہی ہے پر مزہ پکوان یہ دکاں ہمیں
اے خدا تیرے یہ سب احسان اور انعام ہیں — فیض مرشد ہے میسر صحبت اخواں ہمیں
بحر عصیاں میں بنا کشتی عمل کی ثاقبا — پار ہے بیڑا ملا ہے نوح کشتیباں ہمیں

قصیدہ مولوی عبداللہ صاحب کشمیری

در دلم جوشد ثنائے مرسل پروردگار — سید عالم جناب مہدیٔ عالی تبار
عیسیٰ موعود مامور جناب کبریا — پیشوائے خلق و عالم تاجدار با وقار
سرگروہ اتقیا و پیشوائے اولیا — صدر بزم اہل ایماں با ہمہ عزو وقار
یعنی آں محبوب عالم سرور علیجناب — احمد آخر زمان و میرزائے نامدار
آنکہ با نور و نشاں ہائے خدائے ذوالمنن — مید رخشد بر فلک مثل خور نصف النہار
نور دلدار ازل تابد ز روئش ہمچو مہ — از سر گیسوئے مشکینش وزد مشک تتار
مظہر انوار ذات خالق ارض و سما — مصدر انوار و برکات شہ عالی وقار
از جبینش نور یزداں ہر زماں پرتو فگن — روئے او روئے خدائے خالق ذوالاقتدار
ایں ہماں محبوب یزداں بر زمیں شد جلوہ گر — کو بدیدارش جہانے بود اندر انتظار
سید عالم بصد عزت بدو گفتا سلام — روئے آں مہ روئے عالم شد جبینش آشکار
احمد آخر زماں ایں نائب خیر الرسل — عندلیب باغ دلدار ازل ایں شہسوار
ایں براہیم و کلیم اللہ و آدم بیگماں — یوسف کنعاں مسیحا و جری کردگار
بر صد چاردہم رخشید چوں بدر تمام — ہمچناں باشد زاول عادت حق استوار
چوں کلیم اولیں بد صاحب نورد ہدے — خاتم آں سلطنت شد ابن مریم آشکار
ہمچنیں ختم رسل شاہ عرب از کبریا — خاتم ملک نبوت شد بعالم کامگار
پس مسیح ابن مریم از غلامان جناب — خاتم تاج ولایت شد چہ روئے نگار
گفت منکم حق بقرآں نیز لما یلحقوا — از احادیث نبی ہم آمد بکار

پس چرا از آسمان آید مسیح ناصری
کے بیاید بر زمیں او باز از دار القرار

ایں خیال جاہلانہ میکند از سر بدر
ہر کہ باشد در حقیقت عاقل پرہیزگار

لیک نادانیکہ باشد از حقیقت بیخبر
بنگرد سوئے سما میرد مگر در انتظار

تا قیامت ابن مریم کے بیاید بر زمیں
گر بیاید کے نزدش در جہاں آید بکار

زانکہ مُنکم از کتاب حق ہمیں فرمود باز
کز شما باید امام و مرسل پروردگار

ایں ہماں مرسل کہ در شان بزرگش اُمتا
شد نزول فاتحہ از خالق لیل و نہار

از قدومش گفت رازے خوبتر اُم الکتاب
آفتاب فاتحہ پرتو فگند از اشتہار

پس ہمیں محبوب عالم حضرت ما میرزا
بر رواں شد رحمت حق ہم درود بیشمار

از بطون سر خلوت خانۂ علم خدا
بر زمیں شد ناگہاں از لطف یزداں فیض بار

اندریں وقتیکہ دُنیا پر ز خبث کفر بود
نافۂ توحید حق تند بر جہانے مشکبار

ہر طرف خواب ضلالت خلق را از خود ربود
از فغانش خلق و عالم یک بیک شد ہوشیار

از نشانہا سنگ برزد بر سر انکار چوں
ہیکل تثلیث آمد بر زمیں بے اختیار

زور یزداں از جوانمردی بدنیا دا نمود
بت ستاؤبت پرست و بت گراں گشتند خوار

چوں بمیدانش تپہ شد لیکھرام بد زباں
آریا نرا چشم کفر کیں بگشتہ اشکبار

ہمچناں اندر من و آتھم غلام دستگیر
نیز احمد بیگ و دیگر دشمنان بدشعار

آں دیانند سخن چیں و سمن اسلام را
بر زمیں افگند یکضرب حسام آبدار

الغرض از بہ تصدیقش زمین و آسماں
آفتاب و ماہ و پروین شاہدان روزگار

حسب فرمان نبی مہر و مہ رمضان بہیں
چوں خدائے برترش شد ہمدم و نصرت شعار

در میادین وغا ناید برویش ہیچکس
دشمناں از شوکت و جاہ و جلالش شرمسار

از حریم روضۃ الاسلام یعنی قادیان
نور او رخشید بر ہر خانۂ تاریک و تار

گرد او چو شمع و پروانہ بہر صبح و مسا
اجتماع عاشقان و صادقان از ہر دیار

بر یمین و بر یسارش محفل اہل تقا
بر گل رویش چو بلبل نالہ زن شوریدہ وار

بو العطا از بطن یزداں با ہمہ فہم و کمال
در کتاب خود دلائل ثبت کردہ صد ہزار

دیں چنیں عسل مصفّٰی از برائے طالباں
کے بہم آید بجز الطاف ذات کردگار

این کتاب بوالعطا عسل مصفّٰی نام او — در بیانِ امرِ مهدی بحرِ ناپیدا کنار
از براہین و دلائلہائے رنگیں سر بسر — موجزن شد آبِ حیوانے مگر از آبشار
از تکلفہا بود خالی بیانِ سادہ ام — گرچہ در شعر و سخن آمد تکلف آشکار
ہر کہ از دل بشنود سودش رسد از پندِ من — کیں مصفّٰی عسل شیریں را گرفتہ در کنار
بر سرِ مسجد نشینان حربۂ حجّت زند — تا کہ ایں قومِ یہود اں رو نہند سوئے فرار
از وفاتِ ابنِ مریم دفتری چوں واکند — اختلافِ شاں کند آں ناکساں را شرمسار
ہمچنیں ابوابِ مہدی چوں کند واسر بسر — پس نماند باز مہدی مستتر در کنجِ غار
جانِ من خود را نثارِ مہدیِ دوراں بکن — حربۂ از دوے بدست آرو بزن بر روئے دار
وقتِ نصرتہا قریب آمد مگر اے دوستاں — بر ہمہ جامے وزد از حق مگر بادِ بہار
من ہمی بینم کہ آمد وقتِ نصرتہائے حق — نصرتِ او از شما جوشید مثلِ آبشار
تا کہ باشد غیرتے از بہرِ اہلِ آں دیار — ناگہاں از قاہرہ لاشے بجنبش آمدہ
شد گریزاں از دیارِ ہند آں غولِ رہی — غولِ ملک مصر افراز د سرِ خود از منار
نیز در لاہور یک مارِ سیہ روئے نمود — ہمچو ابلیسم شد بعالم جائے شرم و ننگ و عار
بر خیالات و توہم تکیہ کردن ابلہی است — تا نباشد نصرتِ حق حجتے ہم استوار
جز بتائیدِ خدا موسیٰ شدن آساں نشد — ایں عصائے کرم خوردہ بہرِ تو شد مثلِ مار
بہرِ دعوئے موسیٰ شدن آساں نباشد جز دلیل — بر بیانِ خود اگر حجت ہمیداری بیار
ادعائے تو بود محتاجِ حجّت سر بسر — کے ازیں دعوائے بیہودہ تو گردی کامگار
گر شدی موسیٰ بدعوی گو چہ کارے کردہ — ہاں اگر دعوئے نمودی پس دلیل ہم بیار
حجتِ عقلی و نقلی نیز تائیدِ سما — بر چنیں دعوائے تو ہرگز نگشتہ آشکار
لیک شیطاں با تو شد ہمراز از بدگوہری — پس بلام و عین و نون و تا شدی نا امیدوار
گر چنیں دعوی مسلّم در جہاں بودے عیاں — امتیازِ صادق و کاذب نبودے زینہار
لیک تا بد نورِ حق مر صادقاں را صبح و شام — کاذبانرا کذب و بیراہی ہمی سوزد بنار
دعویِ حق میدرخشد در جہاں چوں آفتاب — ہاں بیا بنگر ثبوتِ میرزا تا صد ہزار
از کتابِ حضرتِ یزدان و قرآں نامِ او — و از احادیثِ نبی ہم معجزاتِ بیشمار

شد عیاں صدق و کمالِ او علی وجہ الاتم	حضرتِ ایزد بتائیدش بروں شد بار بار
اے جنابِ میرزا قرباں مہ روئے تو ام	جانِ خود را بر غبارِ پائے تو کردم نثار
ایجنابِ مہدیِ عالم ترا از حق سلام	کامراں آنکس کہ گردد زیر پایت چوں غبار
یک نظر کن بر منِ مسکیں تو از لطف و کرم	ایکہ چوں من بر درِ تو صد ہزار امیدوار
از بضاعتہ من نیاوردم بہ بیت ہیچ شے	از دعاہائے سحرگاہاں مرا کن کامگار

ریویو حضرت صاحبزادہ بشیر الدین محمود احمد صاحب خلف الرشید حضرت مسیح موعود علیہ السلام

بعض کام ایسے ہوتے ہیں اور ایسے وقت میں شروع کیے جاتے ہیں کہ اُنسے بہت سی برکتیں حاصل کرتے ہیں۔ کتاب عسل مصفّٰی بھی میں سمجھتا ہوں کہ ایسے نیک ارادہ سے اور مبارک وقت میں لکھی گئی ہے کہ سیکڑوں ہزاروں لوگوں نے اس سے فائدہ اُٹھایا ہے۔ مرزا خدا بخش صاحب نے ایسی محنت اور کوشش سے اس کتاب میں سلسلۂ احمدیہ کے ضروری مباحث کو خود اُن کتابوں سے درج کیا ہے کہ جنکے ماننے سے خود غیر احمدیونکو انکار نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اسکو دیکھکر اُنسے کچھ جواب بن نہیں پڑتا۔ میں نے بہت سے لوگونکو دیکھا ہے جو اس کتاب کو دیکھکر اس سلسلہ میں داخل ہوئے ہیں۔ اور نتیجہ سے ہی ایک کام کا حسن و قبح معلوم ہوتا ہے حضرت مسیح نے فرمایا ہے کہ درخت اپنے پھلوں سے پہچانا جاتا ہے اور یہ کتاب اپنے پھلوں کے لحاظ سے بہت شیریں اور مفید ثابت ہوئی ہے۔ میرے خیال میں ہر ایک احمدی کو اسے پاس رکھنا چاہیے۔ کیونکہ مخالفین کے اعتراضات کے وقت ایک بے نظیر یار و مددگار ثابت ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ واللہ اعلم بالصواب۔ مرزا محمود احمد

ریویو حضرت مفتی محمد صادق صاحب ایڈیٹر بدر و کاتب مکتوبات حضرت خلیفۃ المسیح

عسل مصفّٰی کیا ہے مولوی مرزا خدا بخش صاحب کی سالہا سال کی عالمانہ تحقیق و تدقیق کا نچوڑ ہے۔ جن امور کی بحث احمدی احباب کو علمائے زمانہ سے کرنی پڑتی ہے۔ اُنکے متعلق مفید معلومات کا ایک مختصر انسائیکلوپیڈیا ہے۔ یہ کتاب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں لکھی گئی تھی۔ حضور نے اسکا بہت سا حصہ سُنا اور پسند کیا

میں بھی اُن مجالس میں شامل تھا جب یہ کتاب سُنائی جاتی تھی۔ یہ کتاب بہتوں کے واسطے ہدایت کا موجب ہوئی ہے۔ اور اسکی مانگ بہت ہے۔ مرزا صاحب قوم پر احسان کرینگے کہ اسکا دوسرا ایڈیشن جلد شائع فرماویں۔ یعنی دوسرے ایڈیشن کا مسودہ بھی حضرت خلیفۃ المسیح کے حکم سے میں نے دیکھا ہے اور اُسے ہر طرح مفید پایا ہے۔ محمد صادق عفی عنہ ایڈیٹر بدر قادیان

ریویو حضرت مولوی قاسم علیہ صاحب شیر اسلام ایڈیٹر اخبار الحق و رسالہ احمدی دہلی

غسل مصفّٰی یہ ایک ضخیم کتاب سلسلہ عالیہ احمدیہ کی تائید میں جناب ابوالعطا مرزا خدا بخش صاحب معتمد علیجناب خانصاحب نواب محمد علیخاں رئیس مالیر کوٹلہ نے تصنیف فرما کر ۱۹۰۰ء میں طبع کرکے شائع کی تھی۔ اس کتاب پر اگر ریویو لکھا جائے تو کم از کم دو تین جزو پر آئیگا۔ کیونکہ اس مبارک تصنیف کی ضخامت تقریباً ۳۸۰ صفحہ کی ہے جس میں گیارہ باب ہیں اور ہر باب کئی فصلوں پر مشتمل ہے۔ خلاصہ کتاب کا یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نبی ناصری فوت ہو چکے اور آنیوالا مسیح اسی اُمت محمدیہ میں سے ہوگا اور وہ حضرت اقدس مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔ ان ہر دو بحثوں کے متعلق کوئی امر یا دلیل یا اعتراض کی تردید ایسی نہیں جو مصنف رضی اللہ عنہ نے اس کتاب میں نہایت خوبی سے درج نہ کر دی ہو۔ دلائل عقلیہ کے علاوہ تمام نقلی استدلال از روئے قرآن مجید و احادیث شریفہ و کتب مقدسہ بائبل یعنی توریت و انجیل و دیگر صحف انبیاء و کتب تصوف و کتب سیر اسلامیہ وغیرہ اس میں ہر امر متنازعہ متعلقہ ابحاث مذکورۃ الصدر کے فصل وار لکھدیئے ہیں اس کتاب کو اگر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعاوی و دلائل کی ڈکشنری یا انسائیکلوپیڈیا سلسلہ احمدیہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ مصنف ممدوح نے اس عمل کو ۷۰ کتب تفاسیر اور ۵۰ کتب احادیث اور ۱۱۰ دیگر کتب متفرق سے رس چوس کر نہایت محنت اور جانفشانی سے تیار کیا ہے اور خدا کے فضل سے چونکہ مصفّٰی بھی تھا ہر ایک طبقہ کے سلیم الفطرتوں نے اس کو پسند کیا آزمایا اور میرے جیسے ناواقف نے تو اس کو پیٹنٹ سمجھ کر دوسرے مریضوں کو استعمال کرایا تو واقعی اسکو شفاء للناس ہی پایا۔ خدا مصنف موصوف کو اسکی نیک سے نیک جزا دارین میں عطا فرماوے۔ یہ کتاب ہر ایک مبتدی کو جو بالکل احمدیت سے ناواقف ہو منتہی بنا دیتی ہے اور

منتہی کیلئے تمام ذخیرہ مسائل متنازعہ فیہا بین احمدیت و غیر احمدیت متعلق دعوی مسیحیت و مہدویت کا ایک جگہ جمع کر دیتی ہے۔ کتاب ہذا پہلی مرتبہ جسقدر چھپی وہ بہت جلد ہاتھوں ہاتھ اُٹھ گئی اور قریباً تین چار سال سے اسکا ایک نسخہ بھی عنقا صفت ہو گیا تھا۔ احباب کی خواہش اور سلسلہ کی ضرورت نے مصنف کو دوبارہ طبع کرانے پر توجہ دلائی تو آپنے کامل نظر ثانی کے بعد جسکو وہ اڈیشن اول کی طبع کے وقت سے ہی کر رہے تھے اسکو زیادہ مصفّٰی کر لیا ہے اور کاتب کو لکھنے کیواسطے بھی دیدیا ہے۔ خدا تعالیٰ جلد اس ترکیب ثانی کے عسل مصفّٰی کو مشتریان قدردان کے ہاتھوں میں پہنچائے اور مصنف ممدوح کو اجر عظیم فی الدارین عطا فرمائے آمین۔

انکے سوا اور بہت سے بزرگان کی رائیں ہمارے پاس پہونچیں مگر افسوس کہ وہ محفوظ نہیں رہیں اور گم ہو گئیں عوام کے بہت سے خطوط دربارۂ کتاب عسل مصفّٰی مجھے ملے تھے مگر میں نے جمع نہیں کیئے۔ ہم نمونہ کے طور پر صرف ایک ہی خط علاقہ سرحدی کے ایک محب کا ذیل میں نقل کرتے ہیں جس سے ثابت ہو جائے گا کہ اس کتاب نے کہانتک اثر پیدا کیا ہے۔ اور کتنی مفید ثابت ہوئی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی نبی الکریم

میرے محسن و مولا حضرت مرزا خدا بخش صاحب مصنف **عسل مصفّٰی** السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ میرے پر تو اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ایسا ہوا کہ بے دلیل وبحث حضرت مسیح موعود کو پہچانا۔ مگر جناب کی کتاب **عسل مصفّٰی** کے مطالعہ نے میرے ایمان کو ایسی مضبوطی اور استحکام بخشا جسکی کوئی حد نہیں اسکی ایک ایک سطر نے میرے ایمان کی مضبوطی اور استحکام میں ایک ایک سنگین اینٹ کا کام دیا ہے۔ چونکہ میں اس تحصیل میں اکیلا احمدی ہوں۔ اور اغیار کا زور ہے۔ میرے احمدی کہلانے پر قریب تھا کہ ملاں اور پیر لوگ میری تکا بوٹی اڑا لیں۔ مگر آپ کی اس مبارک کتاب نے مجھے میگزین کا کام دیا۔ میرے خیال میں حضرت کی تصدیق میں باترتیب اور باقاعدہ طور پر اس جیسی کوئی کتاب نہیں لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب میری حوز جاں بنی ہوئی ہے اور میں اسکا عاشق۔ میں اس کتاب کے بغیر ایک دو میل تک باہر نہیں جا سکتا ہوں۔ مخالفوں نے سلسلہ کی اکثر کتابوں کے رد لکھے ہیں مگر اس کتاب کا رد مجھے اُمید ہے کہ کوئی نہ لکھ سکیگا۔ آپکی اس دینی خدمت کو دیکھکر بے ساختہ میرے دلمیں آپکے لئے دعا اُٹھتی ہے

احمد چاچانہ از سرحد

عسل مصفّٰی پر حضرت مولانا مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے ایڈیٹر ریویو آف ریلیجنز و سکرٹری صدر انجمن احمدیہ قادیان کا ریویو

اس کتاب کے مصنف نے جزاہ اللہ خیرًا جسقدر محنت اس کتاب کے تیار کرنے میں اُٹھائی ہے کتاب کے مطالعہ سے ہی پتہ لگ سکتا ہے۔ تفسیر اور حدیث کی ضخیم مجلدوں میں کوئی بات نہیں چھوڑی جو حضرت اقدس کے دعوی سے تعلق رکھتی معلوم ہوتی تھیں اس لیئے اس کتاب کا حجم بہت بڑھ گیا ہے مگر قابل تعریف خوبی سے مصنف نے ان مضامین کو ترتیب دی ہے جتنے امور تنقیح طلب متعلق دعوے مسیح موعود علیہ السلام تھے ہر ایک کے لیئے علیحدہ باب اور فصلیں قائم کی ہیں اور ہر ایک باب اور فصل میں سیر کن بحث ہر ایک پر کما حقہ کی ہے۔ عقل حیران رہجاتی ہے کہ اسقدر بھاری ذخیرہ کو ایک ہی آدمی کیونکر اس خوبی کے ساتھ ترتیب دے سکتا تھا کہ جس سے بہتر ممکن نہیں۔ طرز بیان نہایت واضح اور عام فہم۔ گویا حضرت مسیح علیہ السلام کی کتابوں کا ایک خلاصہ ہے۔ اس کتاب کو ہاتھ میں لیکر مخالف پر یقینی فتح ہے۔ چونکہ ہمارے دوستوں میں سے کم و بیش ہر ایک کو مباحثے پیش آتے ہیں اسلیئے ایسے عمدہ ہتھیار کا جو ہر وقت ہر مباحثہ میں کام آسکے پاس رکھنا نہایت ضروری ہے اور خاصکر جب حضرت اقدس نے بذریعہ اشتہار بڑے دنوں کے جلسہ میں احباب کو امتحان کے لئے مطلع فرمایا ہے تو نہایت ضروری ہے کہ اس کتاب پر بھی ایک نظر ڈال لی جائے دعویٰ کے متعلق جن جن امور پر سوال ہوسکتے ہیں وہ سب علحدہ فصلوں اور بابوں کی صورت میں دکھادیئے گئے ہیں اور حوالجات کا ایسا مجموعہ ہے کہ ہر وقت کام آسکتا ہے۔ آجکل حضرت اقدس نماز مغرب کے بعد اسکے مضامین کو سُنتے اور اکثر پسند فرماتے ہیں۔ عسل مصفّٰی نہایت مفید دلائل اور کارآمد حوالجات کا ایک قیمتی ذخیرہ ہے اسکے قابل مصنف مرزا خدا بخش صاحب قابل شکریہ ہیں جنہوں نے شب و روز محنت کرکے ایک بھاری ضرورت کو پورا کیا ہے خدا تعالیٰ انکی ہمت میں برکت دے اور اس سے بھی قابل قدر خدمات دینی کی انکو توفیق دے۔

خاکسار محمد علی

حضرت مخدومی مکرمی جناب مولانا مولوی غلام حسن صاحب رجسٹرار و آنریری مجسٹریٹ پشاور کا عسل مصفّٰی پر ریویو

مرزا خدا بخش صاحب جماعت احمدیہ کے ایک رکن ہیں انہوں نے اس سلسلہ عالیہ کی تائید میں ایک مبسوط کتاب لکھی تھی جسنے اپنی خوبی کے سبب سے جماعت احمدیہ نصرہا اللہ میں بڑی قبولیت حاصل کی تھی مینے بھی اس قابل قدر کتاب کے مطالعہ سے استفادہ کیا تھا قابل مصنف نے اس میں اس سلسلہ مطہرہ کے دلائل مؤیدہ کو بڑی محنت سے جمع کرکے ترتیب دیا ہے جس سے کسی دلیل کو کسی اور کتاب سے تلاش کرنے کی ضرورت سے مستغنی کر دیا ہے۔ چونکہ اللہ کی کتاب کے سوا کسی کتاب کی نسبت یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ اپنے موضوع میں ہر پہلو سے کامل ہے اسلیئے مصنف نے اپنی مبسوط کتاب پر نظر ثانی کرکے اس میں مفید اضافے کیئے ہیں جس سے اس مفید کتاب کا پایہ اور بلند ہو گیا ہے۔ ہر ایک احمدی کے لیئے ضرور ہے کہ اس کتاب کا ایک نسخہ اُسکے پاس ہو اور ہر ایک غیر احمدی کے لیئے جسکو حق کی تلاش ہو اس کتاب کے دلائل کا مطالعہ اسکی معلومات میں مفید اضافہ کریگا۔ ۲۵ اگست ۱۹۱۲ء

غلام حسن سب رجسٹرار و آنریری مجسٹریٹ پشاور

عسل مصفّٰی پر حضرت مخدومی مکرمی جناب سید حامد شاہ صاحب سپرنٹنڈنٹ ضلع سیالکوٹ

میرے کرم بزرگ حضرت مرزا صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ عسل مصفّٰی کی طبع ثانی کا عزم مصمم (اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسکو پورا کرے) بہت بابرکت عزم ہے۔ مجھے آپ کا ارشاد فرمانا کہ میں اس شہد مآب کی تعریف میں کچھ لکھوں اگر میں اسکو پورا کر سکوں جانتک کہ اسکے پورا کرنے کا حق ہے تو بڑا خوش قسمت ہوں۔ پہلے ایڈیشن نے سلسلہ میں نہیں بلکہ ملک بھر میں جو عزت حاصل کی ہے وہ کیا میری یا کسی دوسرے کی تعریف کی ایسی محتاج ہے اور دوسرا ایڈیشن جس تیاری سے نکلیگا وہ بجائے خود کیا کم ہوگا۔ حضرت عسل مصفّٰی تو پہلے ہی حضرت امام زمان کی زبان الہام ترجمان سے وہ تعریف لے چکی ہے کہ باید و شاید۔ قوم نے اس شہد مآب سے جو عزت حاصل کی ہے اس کا اثر احمدی سلسلہ کے ہر مسئلہ میں نمودار ہے اور سلسلۂ احمدی کے انفاس جنکو علمی مذاق حاصل ہے اس سے

خوب گرم ہوئے ہیں۔ آپ کی سعی عندالناس وعنداللہ مشکور ہو چکی ہے۔ آپ کی محنت کی کوئی کیا داد دیگا۔ مگر میں اُن احباب سلسلہ کے بخت بہت ہی بیدار سمجھونگا جنکے ہاتھوں اب یہ عسل مصفّٰے ہوگی جنہوں نے پہلے اسکو نہیں دیکھا وہ تو خدا جانے کیا لذت پائینگے مگر طبع ثانی کو پھر دیکھنے والے بھی قند مکرر کا مزا اٹھائینگے میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسکو امید سے بڑھکر قبولیت کا درجہ دے اور احباب سلسلہ کے لئے اسکی اشاعت موجب شفا ہو۔ خاکسار حامد شاہ از سیالکوٹ

عسل مصفّٰے پر محبی مکرمی اخویم مولوی محمد عمرالدین صاحب لکچرر جماعت احمدیہ شملہ وکلرک دفتر ڈائرکٹر جنرل ہسپتالات ہندوستان

"رہنمائے احمدیہ"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۔ (النحل)

ان آیات مبارکہ میں جو قرآن کریم کی صداقت کی ایک نہایت زبردست دلیل ہیں یہ بیان کیا گیا ہے کہ "خداوند کریم نے شہد کی مکھی کو حکم دیا کہ تو ثمرات میں سے کھا اور اپنے رب کے بتائے ہوئے راستہ پر چلی چل۔ اور پھر اسکے پیٹ سے ایک چیز جو مختلف رنگوں کی ہوتی ہے جسے لوگ پیتے ہیں نکلتی ہے اور جسے شہد کہتے ہیں اور اس میں لوگوں کے لئے شفا ہے۔ تمام اطباء شہد کے فوائد بیان کرتے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ وہ شفاء للناس ہے۔ مگر یہ فائدہ اجسام تک ہی محدود ہے اور روح کی شفا کیلئے روحانی شہد کی ضرورت تھی اور عین اُسوقت جبکہ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ کا نقشہ چاروں طرف نظر آرہا تھا۔ خدا نے اپنی معرفت کے پھولوں سے کھینچا ہوا شہد دُنیا کے لئے عطا فرمایا۔ یعنی حضرت نبی کریم محمد مصطفٰے احمد مجتبٰی صلے اللہ علیہ وسلم کے قلب طہر پر قرآن عظیم کا نزول کیا۔ جسپر زمانہ شاہد ہے پھر جب سنت اللہ کے بموجب وہ روحانی شہد دُنیا سے اُٹھ گیا تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے بروز محمد واحمد کو اس چودھویں صدی میں دُنیا میں نازل فرمایا

اور اُسنے وہی آسمانی شہد پھر دُنیا کے مختلف امراض کیلئے بطور نسخہ مجربہ مختلف رنگوں میں پیش کیا جس سے آجتک لاکھوں بندگان خدا شفایاب ہو چکے ہیں مگر بدقسمت یہود صفت علماء وقت نے اس نعمت کی بے قدری کی اور فَرِحِیْنَ بِمَا لَدَیْھِمْ پر عمل کر کے کافر نعمت ہو گئے بلکہ اس ربانی نعمت کو شتبہ بنانے کیلئے ساعی رہے لیکن انکے تمام منصوبے خدا کے پیارے مسیح کے ہاتھوں نسیاً منسیاً ہو گئے اور احمد کا مسیح موعود غلام احمد ہر میدان میں فتحیاب ہوا اور یوں خدا نے اُسے اپنا پیارا اور وَجِیْھًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ثابت کر دیا۔

ان یہود صفت علماء کے ہتھیار کے کاٹ کو توڑنے کیلئے اور مسیح موعود کی صداقت کے اظہار کیلئے ایک نہایت مخلص احمدی کو خدا نے چن لیا اور اُسنے خدائی تائید سے **عسل مصفّٰی** کو جمع کیا جو فی الحقیقت اسم بامسمّٰی کتاب ہے میرا یقین ہے کہ اُن تمام کیلئے جو دراحمد سے دور ہیں اور شکوک والتباس کے گہرے گڑھے میں پڑے ہیں اور جہالت سے نکلنے کیلئے کسی کامل راہبر کی ضرورت ہے اُنکے لئے یہ **عسل مصفّٰی** ایک کامل راہبر ہے اور اُنکے جملہ امراض کا قرار واقعی علاج ہے۔ نہ صرف یہانتک بلکہ میرے جیسا کم عقل آدمی بھی اس کتاب کی مدد سے علماء ظاہر کا ناطقہ بند کر سکتا ہے۔ اور یہ میرا ذاتی تجربہ ہے جس میں ایک ذرہ بھر مبالغہ نہیں ہے سلسلہ عالیہ احمدیہ کی تائید میں بیشمار کتابیں لکھی گئی ہیں جو سب ایک دوسرے سے اعلیٰ ہیں اور نہایت قابل قدر ہیں مگر **عسل مصفّٰی** کی شان سب سے علیحدہ ہے جس طرح کی یہ جامع اور مدلل کتاب ہے جو عالم و جاہل کو یکساں مفید ہے ایسی کوئی دوسری کتاب تصنیف نہیں ہوئی اور میرے خیال میں اسے رہنماء احمدیہ کہنا بالکل بجا ہے۔ یا یوں کہو کہ یہ احمدیہ گائڈ بک ہے اور یا احمدیہ انسائکلوپیڈیا ہے۔ جس کے لئے ہر ایک احمدی مخدومی مرزا خدا بخش صاحب احمدی مصنف کتاب مذکور کا تا قیامت ممنون رہیگا۔ اور میرا خیال ہے کہ مرزا صاحب کی یہ ایک خدمت ایسی خدمت ہے کہ جس قسم کی خدمت پر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ عثمانؓ کو کیا غم ہے اُس نے تو جنت کو مول لے لیا ہے +

بالآخر آں مخدوم سے میری یہ التماس ہے کہ **عسل مصفّٰی** کے دوسرے حصہ "شفاء للناس" کو بھی جلد شائع فرمائیں اور عند اللہ ماجور ہوں اور خاکسار کی جناب الٰہی میں یہ دعا ہے کہ وہ آں مخدوم پر اپنی رحمت کی بارش برسائے اور ہمیشہ دین اور دنیا میں مظفر و منصور رکھے۔ اور اس کی اس بیش بہا خدمت کو دنیا کے لئے باعث ہدایت کرے۔ آمین ثم آمین +

خاکسار عمر الدین احمدی
از شملہ

مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۱۲ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

انٹروڈکشن

ہم چھوٹے سے تھے تو ایک طرف اپنے بزرگوں سے سُنا کرتے تھے کہ تیرھویں صدی سے بھیڑیوں نے بھی پناہ مانگی ہے اور ہر چھوٹا بڑا یہی کہتا تھا کہ چودھویں صدی بڑی بابرکت ہوگی کیونکہ اُس میں امام مہدی علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائینگے۔ اور دوسری طرف جب ہم مسجدوں میں جاتے تو ہر جمعہ میں خطبہ کے وقت یہ الفاظ ہمارے کانوں میں پہنچتے تھے۔

حضرت آدمؑ نبی نیچے زمیں کے چل بسے	نوحؑ کشتی بان عالم بھی بہانے چل بسے
یوسفؑ و یعقوبؑ و اسمٰعیلؑ و اسحاقؑ و خلیلؑ	اور سلیمانؑ آسمانی مہر والے چل بسے
ہودؑ اور لوطؑ و یونسؑ شیثؑ و ایوبؑ و شعیبؑ	دعوت اسلام کر کے ٹھیرے چندے چل بسے
حضرت عیسیٰؑ نبی داؤدؑ موسیٰؑ خاک میں	لے کے توریت و زبور انجیل حق سے چل بسے

بعض لوگوں نے اس شعر کی نسبت یہ اعتراض کیا ہے کہ مجموعہ خطب عجبی میں عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت آسمان آیا ہے اور یہاں بجائے آسمان زمین کا لفظ داخل کیا گیا ہے افسوس کہ لوگوں کی کیا تنگ حالت ہوگئی ہے۔ اول تو ہماری شنید کی بات تھی اور وہ بھی بچپن کے زمانہ کی اگر نفس مضمون پر ہی غور کرتے تو بھی گنجائش اعتراض کی نہ رہتی کیونکہ دُنیا کی بے ثباتی کا مضمون تمام اشعار میں لکھا گیا ہے اگر شاعر کی علم میں یہ یقینی امر ہوتا کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں اور سب انبیا اور اولیا وغیرہ جنکا ذکر ان اشعار میں کیا گیا ہے مرگئے ہیں تو حضرت عیسیٰ کا ذکر ہرگز نہ کرتے کیونکہ زندہ کو مردوں سے کیا نسبت ہوسکتی ہے بلکہ ایسا ذکر کرنا نفس مضمون کے خلاف ہے۔ میرے خیال میں علمی کے نزدیک حضرت عیسیٰ کی موت یقینی تھی ورنہ زندہ کو مردوں میں وہ ذکر نہ کرتے۔ یہ بعد کے لوگوں کی کارروائی ہی صل میں خود شاعر کے کلام میں ایسا ہی تھا جیسا کہ ہمنے لکھا ہے۔ بلکہ بعض احباب نے میرے سامنے بیان کیا ہے کہ پُرانے خطبوں میں اسیطرح چھپا ہوا دیکھا ہے۔ اور کتاب تائید حق مصنفہ مولوی حسن علی صاحب مرحوم میں جو ایک نیک پارسا محدن مشنری تھے وہی شعر اسیطرح لکھا ہے جسطرح سُنا ہوا تھا۔ اور مولوی مختار احمد صاحب مختار شاہجہانپوری نے میرے سامنے زور سے کہا کہ ہمارے

واسطے جنکے زمین و آسماں پیدا ہوا | جنت الفردوس میں وہ حق کے پیارے چل بسے

گاہے سُنا کرتے تھے

آدم کہاں حوّا کہاں عیسیٰ کہاں مریم کہاں | ہارون اور موسیٰ کہاں اس بات کا ہی سب کو غم

کبھی سنا کرتے

فکر کن در نفس خود جامی تو در شام و صبوح | اَیْنَ مُوسیٰ اَیْنَ عیسیٰ اَیْنَ نبیے اَیْنَ نوح

اور کبھی سُنا کرتے

کجا شد آدم و حوّا کجا شد یوسف و موسیٰ | کجا ایوب زکریا کجا شد نوح طوفانی

کجا شد عیسیٰ مریم کہ مردہ زندہ میکردے | سلیماں خود کجا رفتہ کجا تخت سلیمانی

چو ختم الانبیا ہم رفت گو آخر کہ ماند | بجز ذات مقدس قادر قیوم صمدانی

(حاشیہ صفحہ الف) والد صاحب کے کتب خانہ میں جو قلمی خطبہ موجود ہے اس میں بھی اسیطرح لکھا ہے بلکہ خود خطبۂ علمی میں جو آجکل ہی عام مروج ہے اُس سے بھی ہماری تائید ہوتی ہے چنانچہ جہاں لکھا ہے چل بسینگے ایک دن ہم بھی اسی صورتے آہ ✻ جس طرح زیرِ زمیں یہ لوگ سارے چل بسے تو تھوڑی توجہ سے بھی معترض صاحب کو کوئی گنجائش اعتراض کی نہیں رہتی کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام سارے لوگوں میں داخل ہیں جبکہ خود علمی شعر مذکور میں تسلیم کرتا ہے کہ جن لوگوں کا اُسنے ذکر کیا ہے یہ سارے کے سارے زیرِ زمیں چل بسے ہیں۔ علاوہ اسکے جب ہمنے دیگر مجموعہ خطب بھی دیکھے تو ثابت ہوا کہ معترض صاحب کا اعتراض بے بنیاد ہے کیونکہ اکثر خطب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات ہی مذکور ہوئی ہے۔ دیکھو حوالہ جات ذیل۔

یارو عزیزو دوستو دُنیا میں ہر گز مت پھنسو | دل اُسکی اُلفت میں مذومت ہار و تم اپنا جنم

آدم کہاں حوّا کہاں مریم کہاں عیسیٰ کہاں | ہارون اور موسیٰ کہاں اس بات کا ہی سب کو غم

چلنا یہاں سے ایکدن آوے نہ کام اعمال بن | چلنے کا آوے ایکدن وعدے سے دم زائد نہ کم

دیکھو مجموعہ خطبہ سالتمام معہ ابیات جدید مولفہ جناب مولوی غلام حیدر صاحب مطبوعہ مطبع مصطفائی لاہور سنہ ۱۹۰۲ء و مجموعہ خطب مرتبہ فقیر اللہ مطبوعہ مطبع محمدی صفحہ ۶

وصل کا اپنے پلا فیروز کو جامِ صبوح | زندگی پر کچھ نہیں امید گو ہو عمرِ نوح

اَیْنَ مُوسیٰ اَیْنَ عِیْسیٰ اَیْنَ یَحْیٰی اَیْنَ نُوْحٌ | اَنْتَ یَا صِدِّیْقُ عَاصِیْ تُبْ اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْلِ

اور ان ہی خطبات کے ذریعہ لوگوں کو دُنیا کی ناپائیداری کا نقشہ پیش کر کے ڈراتے اور رُلاتے تھے۔ لیکن افسوس زمانہ کی کیسی گندی اور ناپاک حالت ہے۔ جب سے مرسل یزدانی حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی نے اس مسئلہ کو طشت از بام کر دیا ہے تو یک لخت وہی لوگ جو ایک مدت پہلے منبر و منبر چڑھکر دلکش اور رقت آمیز لہجہ سے تمام انبیا کی موت کا ذکر کرتے تھے اب اُن خطبات کا پڑھنا تو درکنار اب اُن کا ذکر تک ہی نہیں کرتے۔ بلکہ مخالفت پر ایسے تلے کہ مسیح کی وفات کے قائل کو کافر کا خطاب داغ دیا۔ اور حضرت مسیح موعود کی جماعت کے لوگوں کو جا بجا ستانے اور ایذائیں دینے لگے۔ اسی بنا پر خاکسار نے اس اہم کام کو اپنے ذمہ لیا۔

۱۸۹۹ء

دیکھو مجموعہ مناجات پر مناجات حضرت صدیق اکبر و مناجات فیروزی مطبوعہ مطبع مفید عام پریس آگرہ صفحہ (۱۱)

حوّا کہاں آدمؑ کہاں وہ دم کہاں یہ دم کہاں — اُسوقت کا عالم کہاں آخر فنا آخر فنا
کشتی کہاں طوفاں کہاں وہ نوحؑ کشتیباں کہاں — کنعانِ نافرماں کہاں آخر فنا آخر فنا
تختِ سلیماں یاں کہاں داؤدؑ خوش الحاں کہاں — وہ کرّ و فر اور شاں کہاں آخر فنا آخر فنا
یوسفؑ کہاں موسیٰؑ کہاں ایوبؑ اور یحییٰؑ کہاں — مریمؑ کہاں عیسیٰؑ کہاں آخر فنا آخر فنا
فرعون اور ہاماں کہاں قارونِ نافرماں کہاں — کس کا رہا ہے یاں نشاں آخر فنا آخر فنا

دیکھو مجموعہ خطب فیروزی مرتبہ محمد فیروز الدین سکھی بفرمائش حاجی چراغ الدین و سراج الدین صاحبان لاہور مطبوعہ مطبع رفاہ عام سٹیم پریس لاہور صفحہ ۲۰۔ پنجابی نظم

کہاں آدم صفی اللہ سدھایا — جنھاں مخلوق دا بابا کہایا
کہاں گئے نوح نوحہ گر اسینے — جو رو رو خوف تھیں ہوئے نابینے
کہاں گئے او سلیماں تخت والے — کہاں گئے او سکندر بخت والے
کہاں موسیٰ کہاں عیسےٰ پیغمبر — گئے دھرتی دوئی دے جاگہ اندر
کہاں گئے او محمد خود نبی پاک — جنھاں دے حق کہا اللہ نے ہولاک
سنوں یارو جو یں اسگے سدھائے — نہ مڑکے پھر ساڈی طرف آئے
توں یں ساڈا ہوسی ہکدن چلانا — کرو اوہ چیز جسنے ساتھ جانا

دیکھو مجموعہ خطب مولوی جان محمد۔

ہزاروں حمد ہے حق کو جو ہے مخلوق کا بانی — اُسیکے دستِ قدرت میں ہمیشہ ہے جہانبانی

خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ اُسنے اپنے فضل خاص سے اس کتاب کے لکھنے میں خاص توفیق عطا کی اور پھر میں اپنے مخدوم اُستاد اپنے محسن حکیم اُمت علامہ نورالدین صاحب کا شکریہ ادا نہ کروں جنھوں نے کمال مہربانی سے اپنے کتب خانہ سے کثیر التعداد کتابوں کا ذخیرہ بہم پہنچایا۔ اور پھر میں اپنے نوجوان صالح اور پاکباز آقائے نامدار ذوالاقتدار عالی جناب

حاشیہ صفحہ الف)

وہی شاہ و ولایت ہے وہی خلقت کا مالک ہے — وہی دیتا ہدایت ہے اُسی سے ہے خداوانی
کروں صلوات احمد پر مع اصحاب و آل اُنکے — جو اخیار اُمت کے نہیں اُنکا کوئی ثانی
عزیزو اہوش کر دلسے کہاں ہیں آشنا تیرے — عزیزو اقربا تیرے محب و دوست لاثانی
کہاں ہیں حضرت آدم کہاں ہیں حضرت حوا — کہاں ہیں نوح پیغمبر جو تھے وہ آدم ثانی
کہاں حضرت خلیل اللہ کہاں حضرت ذبیح اللہ — کہاں موسیٰ کلیم اللہ کہاں وہ ماہ کنعانی
کہاں یحییٰ و ذکریا کہاں داؤد و روح اللہ — کہاں یوشع نبی اللہ کہاں ملک سلیمانی
کہاں وہ انبیاء اللہ کہاں وہ اولیاء اللہ — کہاں حضرت رسول اللہ محب خاص رحمانی
کہاں بوبکر عمر عثماں کہاں حیدر شہ دوراں — لھم غفران والرضوان یہ تھے سب مرد حقانی
کہاں وہ حضرت نعماں امام اعظم و مالک — کہاں حنبل کہاں شافعی گئے سب چھوڑ یہ فانی
کہاں وہ واقف عرفاں حقائق اور معارف داں — رموز عشق کے عارف جو تھے محبوب سبحانی
کہاں وہ والیان ملک دنیا کے جو تھے ظالم — رعایا پر ظلم کرتے رہے وہ ظلم کے بانی
کہاں وہ حشمت و دولت کہاں وہ لشکر و عظمت — دکھائے زور دنیا میں ہوئے سب یکدن فانی
عزیزو ایکدن ہم سب یہ دنیا چھوڑ جاوینگے — قبر میں ہو تن تنہا رہیں گے قرن ہا فانی
فنا ہو جائیگی ہر چیز آخر ہے بقا کس کو — بجز ذات مقدس قادر قیوم ربانی

دیکھو مجموعہ خطب سالنامہ مصنفہ مولوی غلام حیدر مطبوعہ مطبع حافظ محمد دین مرید پیر مہر علی گولڑوی صفحہ ۲۱۔۲۲

خود بھی سکندر بادشاہ جسنے کیا دارا تباہ — مرکر ہوا بیشک فنا جاتا رہا وہ کروفر
محمود شاہ غزنوی۔ وہ شمس و قطب دہلوی — سب کی حکومت کیا ہوئی۔ تھے جتنے حاکم نامور
تیمور اکبر شاہجہاں۔ ہے محی دیں غازی کہاں — پھر زور والے نوجواں۔ والا ہمم فرخ سیر
آدم سے تا احمد نبی سب نے یہ دنیا چھوڑ دی — چلدئے یہانسے سب ولی۔ میموں نقانور البصر

نواب محمد علیخی نصاحب رئیس مالیر کوٹلہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مرحمت خسروانہ سے اپنے صرف کثیر سے تمام ہندوستان کا سفر کرایا اور معلومات وسیع کا موجب ٹھیرایا اور عجیب و غریب کتابیں پیدا کرکے اپنے کتب خانہ کو بارونق بنایا جنکے مطالعہ سے احقر نے بہت ہی فائدہ اُٹھایا جزاہما اللہ خیر الجزاء فی ہذا الدنیا والآخرہ۔

حاشیہ صفحہ (الف) دیکھو صفحہ ۴۴-۴۵ مجموعہ خطب غلام حیدر مطبوعہ حافظ محمد دین لاہوری۔

تخت سلیمانی کہاں وہ شان و شوکت سروری
دُنیا کو خالی کر دیا سب ایکدن مرجائینگے

جب پاک احمد مصطفےٰ فانی جہانسے چل بسے
پھر کون ہی جو بچ رہا سب ایکدن مرجائینگے

پھر بعد میں خلفا نے بھی دُنیائے دوں کو چھوڑکر
کوئے عدم کا رُخ کیا سب ایکدن مرجائینگے

حسنین نے پھر بعد ازاں خالی کیا ہی یہ جہاں
شہد شہادت پی لیا سب ایکدن مرجائینگے

دختِ نبی خیر النسا دار الفنا سے چل بسی
ہرگز نہ کوئی بچ سکا سب ایکدن مرجائینگے

مر گئے سارے انبیاء سارے ولی نیکو لقا
جب ہو گیا امر خدا سب ایکدن مرجائینگے

دیکھو مجموعہ خطب مذکورہ بالا صفحہ ۵۴ و ۵۵۔

تا یادکن از رفتگاں ز انہا نماندہ یک نشاں
نے پیر ماند و نے جواں انا الیہ راجعون

از اولیاء و انبیاء از اصفیاء و اتقیا
رفتند زیں دار الفنا انا الیہ راجعون

یوسف برفتہ زیں جہاں دیگر زلیخائے جواں
صد ہا گذشتہ زیں مکاں انا الیہ راجعون

تخت سلیمانی کجا آں ماہِ کنعانی کجا
آں فرِ خاقانی کجا انا الیہ راجعون

احمد محمد مصطفےٰ رفتہ ازیں دار الفنا
پس کیست کو ماند بجا انا الیہ راجعون

دیکھو مجموعہ خطب مذکورہ بالا صفحہ ۴۔

کجا شد آدم و حوا کجا شد یوسف و موسیٰ
کجا ایوب زکریا کجا شد نوح طوفانی

کجا شد عیسیٰ بن مریم کہ مردہ زندہ میکرد او
سلیمان خود کجا رفتہ کجا تخت سلیمانی

خلیل اللہ کجا رفتہ ذبیح اللہ کجا رفتہ
ہمہ در خاک شد خفتہ بمشت خاک پنہانی

ہزاراں پاک پیغمبر ہزاراں اولیا را اللہ
کہ اسمائے مبارک آں نہ من دانم نہ تو دانی

چو ختم الانبیاء رہم رفت دیگر کیست کو ماند
مگر ذاتِ مقدس قادرِ قیوم صمدانی

دیکھو مجموعہ خطب مذکورہ بالا صفحہ ۳۶۔

کسی قدر افسوس ضرور ہے کہ بوجہ عجلت مسودہ پر پوری نظر ثانی نہیں ہو سکی اور بہت سی یادداشتیں اندراج کرنے سے رہگئیں کیونکہ ہمارے پیشوا۔ ہمارے مقتدا سیدنا و سیدالوریٰ حضرت مسیح موعود مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک مدت کو سفر نصیبین کی رؤیا کا حکم نافذ فرمایا ہے سکا امام اس عاجز کو کیا گیا ہے۔ لہذا اتنی مہلت نہ تھی کہ اطمینان کے ساتھ ایک دفعہ نظر ثانی کیجاتی۔ بلکہ وقت اتنا تنگ تھا کہ مجھے آٹھ دس کاتب لگانے پڑے تاکہ جہانتک جلد ممکن ہو کتاب لکھی جائے حیات مستعار کا کیا اعتبار ہے اپنے احباب کے لئے ایک یادگار تو باقی رہجائے تاکہ اس کتاب کو پڑھکر شاید کوئی نہ کوئی بزرگ اس عاجز کے حق میں دعائے خیر سے یاد کریگا۔

چونکہ یہ کتاب بڑی عجلت میں طبع ہوئی ہے ضرور اس میں نقص رہگئے ہونگے اُمید ہے کہ احباب معذور فرمائینگے۔ مینے اس کتاب میں احادیث وغیرہ کا لفظی ترجمہ بہت ہی کم کیا ہے صرف مطلب کو مدنظر رکھا ہے اور جہانتک ممکن تھا سلیس اور عام فہم زبان میں مضامین کو سمجھایا ہے میں اُمید کرتا ہوں کہ ہمارے احباب اس سے بہت محظوظ ہونگے۔ اور اس عاجز کیلئے بھی دعائے خیر سے یاد فرمائینگے

میں نے اس کتاب میں یہ انتظام کیا ہے کہ چونکہ بعض علماء زماں لوگوں کو تفسیر دکھا کر دھوکہ دیا کرتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام زندہ آسمان پر موجود ہیں اس لئے سب سے اول میں نے قرآن کریم پر غور کی کہ دیکھیں فی الحقیقت الفاظ قرآن حمید سے کہیں ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام بجسدہ العنصری آسمان پر زندہ موجود ہیں تو مجھے ایک آیت بھی نظر نہ آئی بلکہ کثیر آیات اس مضمون کی نظر پڑیں کہ جن سے اُنکی وفات ثابت ہوتی ہے۔ پھر مینے دل میں سوچا کہ جب بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر زندہ ہیں شاید کوئی حدیث ہی آئی ہو جس میں اُن کی حیات کا مذکور ہو لہذا میں نے احادیث کی کتابوں کا مطالعہ شروع کیا اور جسقدر کتب احادیث دستیاب ہوسکیں میں نے دیکھیں۔ مجھے ایک حدیث بھی ایسی نہ ملی جس سے حیات مسیح علیہ السلام ثابت ہو۔ پھر میں نے کہا کہ مفسرین میں بعض بڑے بڑے علامہ ہوئے ہیں ضرور اُنکے پاس حیات مسیح کی کوئی وجہ قوی ہوگی جس کی بنا پر اُنھوں نے اپنی اس رائے کا اظہار کیا ہے۔ لہذا میں نے تفاسیر کو دیکھنا شروع کیا۔ اور جسقدر محققین مفسر ہوئے ہیں اُن میں سے ایک کو بھی میں نے نہیں دیکھا کہ اُس نے کوئی ایسی قطعی اور فیصلہ کن دلیل لکھی ہو جس سے حیات مسیح پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہو بلکہ یہی ثابت ہوتا ہے کہ وہ اس بارہ میں

بڑے ہی متردد ہیں اور اسیواسطے اپنی تفسیروں میں مختلف اقوال درج کرتے رہے ہیں چنانچہ میں نے دیکھا کہ تقریباً کل تفاسیر میں منجملہ دیگر اقوال کے ایک قول یہ بھی ہے کہ حضرت مسیح مرچکے ہیں جیسے کہ ہماری کتاب سے ظاہر ہے۔ اور ہمنے صرف اسی قول وفات کو اپنی کتاب میں درج کر دیا ہے۔ جس سے ناظرین کو معلوم ہو جائیگا کہ اگر مفسرین کے نزدیک یہ امر فیصلہ شدہ تھا کہ حضرت مسیح بجسدہ العنصری آسمان پر چلے گئے ہیں تو اس قول کو وہ ہرگز اپنی تفاسیر میں نہ لاتے۔ مگر اُنکے اس قول کے اندراج نے اُنکے دل کا فولاد کھینچ دیا کہ وہ خود متردد تھے۔ پس اس زمانہ کے کسی مولوی ملاں کا کسی دوسرے قول کو پیش کرنا بجز نادانی یا دھوکہ دہی کے اور کچھ متصور نہیں ہوگا۔

علاوہ تفاسیر کے میں نے دیگر ائمہ کی کتابوں کا بھی مطالعہ کیا اُنسے بھی ہمیں کوئی ایسی شہادت تو یہ نہیں ملی جس سے حیات مسیح ثابت ہو بلکہ جسقدر روایات ملیں اُنسے وفات ہی ثابت ہوتی ہے

بعض جگہ ہماری کتاب کے مضامین میں تکرار بھی ہوگیا ہے جسکی دو وجہ ہیں ایک تو یہ کہ مسودہ پر دوبارہ نظر کرنے کا موقع نہیں ملا کاتبوں کو عجلت میں مضمون تقسیم کر دیئے گئے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ بعض جگہ دانستہ روایات میں تکرار کیا گیا ہے اور وہ اس لئے کہ اگر ایک کتاب کی کوئی روایت بیان کریں تو آجکل کے علماء محض دھوکہ سے کہدیتے ہیں کہ اس ایک روایت کا کیا اعتبار ہے اس لئے میں نے اُسی روایت کو مختلف محدثین کی کتابوں سے لیکر درج کر دیا ہے تاکہ ہماری جماعت کا ہر فرد بخوبی آگاہ ہو جائے کہ اس مضمون کی حدیث فلاں فلاں کتاب میں بھی درج ہے۔

میں نے اس کتاب میں کل مجددین۔ کل مہدیین و بعض کذابین کی فہرست بھی درج کر دی ہے تاکہ ہمارے ناظرین کی معلومات وسیع ہو اور بحث کیوقت اُن میں سے کسی ایک کو بطور نمونہ پیش کر کے گوئے سبقت لیجائیں۔

علاوہ ازیں میں نے حضرت مرزا صاحب کے مسیح موعود ہونے کے ثبوت معہ اُنکی تعلیم اُنکے اخلاق کے دیئے ہیں۔ اور جسقدر اُنکی سوانح عمری بھی لکھ دی ہے۔ اور جسقدر کتب سابقہ یعنی توریت۔ انجیل و زبور و صحائف انبیاء و قرآن کریم و احادیث نبوی و آثار صحابہ و اقوال ائمہ میں مسیح موعود کی علامات آئی تھیں قریباً سب کی سب درج کر دی ہیں گو بعض

جلدی کی وجہ سے رہ بھی گئی ہیں اگر خدا نے چاہا تو سیکنڈ ایڈیشن پر کل نقص کے دور کرنیکی کوشش کیجائے گی۔

میں تفاسیر قرآن کریم وکتب احادیث کی فہرست اپنے اپنے موقع پر درج کرچکا ہوں اب میں مناسب سمجھتا ہوں کہ باقی کتابوں کی فہرست دیجائے جنسے میں نے مدد لی ہے سو وہ فہرست حسب ذیل ہے۔

مواہب لدنیہ علامہ قسطلانی۔ تفہیمات الٰہیہ حضرت شاہ ولی اللہ۔ یواقیت والجواہر عارف ربانی علامہ عبدالوہاب شعرانی۔ فتاوی حدیثیہ علامہ شیخ احمد شہاب الدین ابن حجر الہیمی۔ کنز العمال علی متقی۔ مدارج السالکین علامہ شیخ ابن قیم۔ کشف المحجوب حضرت علی ہجویری الشہیر بداتا گنج بخش صاحب۔ تاریخ ابن خلدون۔ تاریخ کامل ابن اثیر جزری۔ تاریخ الخلفا امام جلال الدین سیوطی۔ فتوحات مکی محی الدین ابن عربی۔ سیف المسلول قاضی ثناء اللہ پانی پتی۔ تحفہ اثنا عشریہ حافظ غلام حلیم بن شیخ قطب الدین احمد بن شیخ ابوالفیض دہلوی۔ انواع برخوردار ساکن پیٹی۔ حجج الکرامہ فی آثار القیامہ نواب صدیق حسن خاں۔ اقتراب الساعہ مولوی نورالحسن خاں طبقات امام شعرانی۔ جواہر الاسرار علی ہمزہ طوسی۔ فصل الخطاب علامہ نورالدین قادیانی سیرۃ المسیح فاضل عبدالکریم سیالکوٹی۔ شرح فصوص الحکم ملا عبدالرحمن جامی۔ عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب سید احمد بن علی۔ شرح مواہب لدنیہ علامہ محمد بن عبدالباقی زرقانی مہدی نامہ قاضی القضاۃ المقتفی علی خاں مدراسی۔ ہدیہ مہدویہ۔ نجم الثاقب۔ مہدی نامہ علی متقی۔ احوال الآخرۃ حافظ محمد لکھوکے والے۔ تحفہ گولڑویہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ ازالہ اوہام حضرت مسیح موعود۔ آئینہ کمالات اسلام۔ مسک العارف رئیس المحدثین سید محمد احسن صاحب امروہی۔ شمس بازغہ فاضل موصوف امروہی۔ تاریخ ارد شلیم کشف الظنون التعارض بین العقل والنقل شیخ الاسلام احمد بن حلیم الشہیر بابن تیمیہ۔ زاد المعاد شیخ ابن قیم تاریخ ابن خلکان۔ غایت المقصود علی حائری۔ التلخیص التواریخ مولوی محمد حسن امروہی۔ الترقیم فی ذکر اصحاب الکہف والرقیم سید احمد خاں۔ اشاعۃ السنہ شیخ ابوسعید محمد حسین حدیث الغم نواب صدیق حسن خاں۔ مقامات امام ربانی مجدد الف ثانی حافظ غلام نبی۔ مکتوبات امام ربانی تحریمۃ الاسرار سید محمد حقی النازلی۔ اختار لسعادۃ بایثار العلم علی العبادہ نواب صدیق حسن خاں

منتہی الارب۔ اساس البلاغت۔ اقرب الموارد۔ قاموس۔ تاج العروس۔ لسان العرب صراح۔ صحاح جوہری۔ غیاث اللغات۔ اقتباس الانوار۔ ستہ ضروریہ۔ شیخ یعقوب چرخی مطول علامہ تفتازانی۔ تہذیب المتین فی تاریخ امیر المومنین سید مظہر حسن ساکن جگادہری۔ تیسیر الوصول الی جامع الاصول۔ بستان ابواللیث فقیہ سمرقندی۔ التلخیص الحبیر حافظ ابن حجر عسقلانی۔ تاریخ روضۃ الصفا۔ مشکوۃ المصابیح۔ ماثبت بالسنہ عبدالحق محدث دہلوی۔ منتصب امامت مولوی محمد اسمٰعیل شہید۔ الدلیل الواضح فی اعتقاد السلف صالح عبداللہ بن عبدالرحمن حنبلی سلفی۔ کتاب البریہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ شہادت القرآن حضرت مسیح ضرورت الامام حضرت مسیح علیہ السلام۔ نشان آسمانی۔ فیصلہ آسمانی۔ تریاق القلوب حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ الفاروق مولوی محمد شبلی نعمانی۔ رسالہ بشارات احمدیہ علی حائری طے الفراخ الی منازل البرازخ سید ذوالفقار احمد۔ ستیارتھ پرکاش پنڈت دیانند مترجمہ جیل داس وغیرہ۔ مرقاۃ المفاتیح ملا علی قاری۔ توریت شریف۔ کتاب یسعیاہ نبی۔ کتاب حضرت دانیال۔ کتاب حضرت یرمیاہ نبی۔ کتاب حزقیل نبی۔ کتاب میکہ نبی۔ کتاب حبقوق نبی۔ کتاب تاریخ زبور۔ انجیل متی۔ انجیل مرقس۔ انجیل لوقا۔ انجیل یوحنا۔ مکاشفات یوحنا تاریخ مسٹر کانڈی۔ یلیجس سسٹم آف دی ورلڈ۔ انسائیکلوپیڈیا مسٹر بالفور۔ اکسیر فی اصول التفسیر نواب صدیق حسن خاں۔ اخبار الدول علامہ ابوالعباس احمد دمشقی۔ پکی روٹی حافظ برخوردار۔ مظاہر حق نواب قطب الدین خاں۔ اعمال حواریین۔ آریہ دھرم حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ رپورٹ جرچ مشن سوسائٹی ۱۸۹۷ء و ۱۸۹۳ء۔ تاریخ قدیم و جدید مسٹر ولیم سونٹن۔ تاریخ ہند مسٹر لتھوج۔ آخر گت مولوی محمد رمضان۔ تاریخ ۲۔ شری مدبھاگوت اردو۔

علاوہ ان کے اور بھی کتابیں ہیں مگر میں بوجہ عجلت نہیں لکھ سکتا۔

مزید براں کثیر اخبارات انگریزی و اردو بہم پہونچائے گئے ہیں۔ جنکی رو سے احادیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیوں کا وقوع ثابت کیا گیا ہے۔

میں نے آسانی کیلئے اس کتاب کو بابوں اور فصلوں پر منقسم کر دیا ہے۔ تاکہ پڑھنے کیوقت گرانی نہ معلوم ہو۔ اور جہانتک ممکن تھا اُن کل آیات کو جو بعض علماء زماں مسیح کی حیات کی دلیل ٹھیراتے تھے لکھ کر ہر پہلو سے بحث کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ علماء سخت غلطی پر

ہیں جو ان آیات کو مسیح کی حیات کی دلیل قرار دیتے ہیں۔
میں نے اُن روایات میں سے جو مسیح اور مہدی کی نسبت وارد تھیں اور جنمیں بکثرت استعارات تھے اس کتاب میں بہت کم درج کیا ہے کیونکہ اس زمانہ کے لوگوں کی عقلیں استعارات کے سمجھنے کیلئے تیار نہیں حتّٰے کہ اس زمانہ کے علما بھی اس پُر اسرار علم سے محروم ہیں اور ان اسرار کو تاویل کہہ دیا کرتے ہیں حالانکہ تاویل کے معنے ہی اصل حقیقت کے ہیں لیکن وہ اس تاویل کا مفہوم جھوٹے یا دور از قیاس ہونیکے معنی لیتے ہیں فلیبک علی الاسلام من کان باکیا۔ بالآخر اپنے پیارے مخدوم و مولا حضرت مسیح موعود و مہدی مسعود کی خدمت میں عاجزانہ درخواست ہے کہ میرے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ میرے گناہ معاف فرما کر سعادت دارین کا وارث بنا دے اور اس عاجز کے ہاتھ سے بڑی بڑی خدمات دینی سرانجام ہوں اور یہی میری خواہش ہے کہ اسی راہ میں جان قربان ہو جائے۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

کس قدر ظاہر ہے نور اُس مبدء الانوار کا
بن رہا ہے سارا عالم آئینہ ابصار کا

چاند کو کل دیکھکر میں سخت بے کل ہو گیا
کیونکہ تھا کچھ کچھ نشاں اُس میں جمالِ یار کا

اُس بہارِ حسن کا دل میں ہمارے جوش ہے
مت کرو کچھ ذکر ہمسے ترک یا تاتار کا

ہے عجب جلوہ تری قدرت کا پیارے ہر طرف
جس طرف دیکھیں وہی رہ ہے ترے دیدار کا

چشمۂ خورشید میں موجیں تری مشہود ہیں
ہر ستارہ میں تماشا ہے تری چمکار کا

تو نے خود روحوں میں اپنے ہاتھ سے پھونکا ہے نک
اس سے ہے شورِ محبت عاشقانِ زار کا

کیا عجب تو نے ہر اک ذرے میں رکھی ہیں خواص
کون پڑھ سکتا ہے سارا دفتر اُن اسرار کا

تیری قدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں
کس سے کھل سکتا ہے پیچ اس عقدۂ دشوار کا

خوبرویوں میں ملاحت ہے ترے اس حسن کی
ہر گل و گلشن میں ہے رنگ اس تری گلزار کا

چشمِ مستِ ہر حسیں ہر دم دکھاتی ہے تجھے
ہاتھ ہے تیری طرف ہر گیسوئے خمدار کا

آنکھ کے اندھوں کو حائل ہو گئے سو سو حجاب
ورنہ تھا قبلہ ترا رخ کافر و دیندار کا

ہیں تری پیاری نگاہیں دلبرا اک تیغ تیز
جس سے کٹ جاتا ہے سب جھگڑا غمِ اغیار کا

تیرے ملنے کیلئے ہم مِلگئے ہیں خاک میں
تا مگر درماں ہو کچھ اس ہجر کے آزار کا

اِک دم بھی کل نہیں پڑتی مجھے تیرے سوا
جاں گھٹی جاتی ہے جیسے دل گھٹے بیمار کا

سبب تالیف کتاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم مالک یوم الدین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ۰

امابعد۔ واضح ہو کہ جب سے محبوب سبحانی مرسل یزدانی حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی نے مجدد۔ محدث۔ مہدی و مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے عوام کالانعام میں ایک شور محشر برپا ہو رہا ہے اکثر علماء تو تکذیب و تکفیر کرتے اور قلیل ہی علماء ہیں جو اُنکی تصدیق کا دم بھرتے ہیں۔ اس عاجز نے بھی جہانتک ممکن تھا غور و فکر سے کام لیا اور برائے دریافت حقیقت حال سفر اختیار کر کے قادیان میں حاضر ہوا۔ چہ روز تک فروکش رہا۔ اُنکی صورت اُنکے چہرے کو دیکھکر میری فطرت نے گواہی دی کہ یہ منہ جھوٹ بولنے والا نہیں۔ اُنکی تقریر میں وہ تاثیر کہ بجلی کیطرح دلوں کے اندر گھستی چلی جاتی ہے۔ تحریر میں وہ زور کہ اُنکے قلم کے مقابلہ میں تمام اقلام خم ہوئے جاتی ہیں۔ اُنکی چند روز صحبت اکسیر کا حکم رکھتی اور اُنکے ساتھ نماز پڑھنے سے ایک خاص سرور و لذت حاصل ہوتی ہے اُنکے اخلاق حمیدہ۔ اُنکے اوصاف پسندیدہ۔ اُن میں غیرت دینی و حمیت اسلامی خوق العادت ہے۔ اُنکے مزاج میں خلاق عالم نے ہمدردی بنی نوع کوٹ کوٹ کر بھر دی ہے اُنکی فطرت میں دین قویم کی عظمت۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت بہانتک ودیعت رکھی گئی ہے کہ ایک عاشق زار کی طرح جو اپنے معشوق کی فکر میں لق و دق جنگل میں مارا مارا پھرتا اور آہ و زاری کرتا اور خواب و خور کو اپنی ذات پر حرام کر لیتا ہے۔ شب و روز اسی فکر میں گداز ہوتا جاتا ہے کہ کسیطرح اسلام کا اصلی چہرہ جو اُسکے ناخلف بیٹوں نے مسخ کر کے نہایت ہی بدنما کر رکھا ہے اپنی پوری چمک دمک کے ساتھ دُنیا میں پھر ظاہر ہو

اور اُس رسولِ اُمّی فِداہُ اَبی و اُمّی کی عظمت کہ جنکے غلاموں کے قدموں پر قیصر و کسریٰ کے تاج سرنگوں ہو گئے تھے۔ صفحۂ عالم پر اپنے کامل جمال و جلال کے ساتھ قائم ہو۔ اور اُس کتاب پاک کے انوار تمام مشارق و مغارب میں چمکتے ہوئے دکھلائی دیں اور ہر جگہ اور ہر مقام پر اللہ اکبر کے نعرے بلند ہوتے ہوئے سنائی دیں۔ ادھر تو یہ حالت اور دوسری طرف جب ہم دیکھتے ہیں کہ صفحۂ عالم پر ضلالت اور گمراہی کی ایک تیز آندھی چل رہی ہے۔ دجالی فتنوں نے سطح زمین کو سڑے ہوئے مردار کی طرح بدبودار کر دیا ہے جس کے زہریلے مواد سے مخلوقات کے دماغ گندے اور ناپاک ہو گئے ہیں اُنکی بصیرتیں سحر فرنگ کے اثر سے چندھیا گئی ہیں۔ اُنکی سیرتیں فلسفہ یورپ سے منقلب ہو گئی ہیں۔ علماء اسلام علوم مغربی کے سامنے عاجز بلکہ مخبوط الحواس اور حکما و عقلا ناس یوروپ کے آگے سربسجود ہو گئے ہیں۔ غرض کہ زمانہ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ کا مصداق ہو رہا ہے اور یہاں تک نوبت پہونچ گئی ہے کہ آسمانی روشنی اور آسمانی نور سے مسلمان کوسوں دور جا پڑے ہیں۔ اور جیسے غلاظت کے کیڑے غلاظت ہی میں رہنے سے اپنی زندگی کی بقا سمجھتے ہیں اسی طرح یہ لوگ بھی اپنی ناپاک روح کی تازگی اسی میں سمجھتے ہیں کہ وہ غذا جو کچھ عرصہ سے دجال اکبر نے تیار کی ہے کھائیں اور لذت اُٹھائیں۔ غرض ایک طرف تو دجالی تعلیم۔ دجالی فتنوں نے لوگوں کے دلوں کو مسخر کر لیا اور دوسری طرف اسلام اور پیغمبر اسلام اور تعلیم اسلام پر نہایت ظالمانہ حملے شروع ہو گئے۔ یہ حملے صرف عیسائی اقوام کے ہی نہیں بلکہ سب سے قابلِ افسوس بات یہ ہے کہ وہ قومیں بھی حملہ آور ہونے لگیں جنکا صدیوں سے چولی دامن کا ساتھ تھا یا غلامان اسلام کی کفش برداری کو اپنا فخر سمجھتے تھے۔ جس کی وجہ یہی اور صرف یہی ہے کہ اہل اسلام حکومتوں کی وجہ سے بدکردار بداعمال ہو گئے اور طرح طرح کے بیرایوں میں خدائے عزیز و قدیر کی نافرمانی اور حکم عدولی کرنے لگ گئے۔ گویا یہ سمجھ لیا کہ اُس خدائے قادر مطلق نے اپنی ساری قدرت اپنی ساری طاقت اپنا سارا اختیار انہی کو دیدیا ہے جسطرح چاہیں کریں۔ یا یہ سمجھ لیا کہ گویا خدا ہی نہیں رہا ساری خدائی اُنہی کے قبضہ میں آگئی۔ اُن نادانوں نے یہ نہ سمجھا کہ ہم کیا تھے اور کیا ہو گئے۔ جس خدا نے انکو اپنی فرمانبرداری

کی وجہ سے اُنکو اس رتبہ اور طاقت پر پہونچایا ہے اسکو یہ طاقت بھی ہے کہ نافرمانی کی وجہ سے خاک مذلت میں ڈالدے۔ لیکن جب کہ وہ چاہ عصیان اور طغیان میں ڈوب چکے تھے اور عیش وعشرت کے خمار نے اُنکو مدہوش کردیا تھا تو کیونکر عاقبت اندیشی کو کام میں لاسکتے تھے۔ آخر سُنت اللہ پوری ہونی تھی جیسا کوئی بیج بوتا ہے ویسا ہی پھل اُٹھاتا ہے ؎

گندم از گندم بروید جو ز جو ❊ از مکافاتِ عمل غافل مشو

غرض مسلمانوں نے اپنے کرتوتوں سے جو کچھ کیا اُسکا نتیجہ بھگت لیا۔ اور اسلام اس نوبت کو پہونچا کہ ایک ناتوان بیکس انسان کی طرح کس مپرس حالت میں ہوگیا۔ خود اسلام کے نام لیوا اپنی شقاوت قلبی و بداعمالی سے تعلیم اسلام سے دور جا پڑے۔ اور اسلام کا شیدائی صفحہ دنیا پر ایک بھی نہ رہا۔ الا ماشاء اللہ۔ اور دیگر اقوام اسلام کو بے برگ و بے نوا پاکر چاروں طرف سے اُس پر ٹوٹ پڑیں اور اُس کے مٹا دینے میں یہانتک جان توڑ کوششیں کیں کہ قریب تھا کہ اسلام کا نشان صفحہ زمین سے اُٹھ جائے کیونکہ اہل اسلام کی سوشیل اور تمدنی اور اخلاقی حالت میں بالکل فتور آچکا تھا اور دینی حالت برائے نام رہ گئی تھی۔ سچی طہارت حقیقی پاکیزگی دلونسے جاتی رہی تھی۔ اور در و دیوار سے یہ صدا آرہی تھی۔

بیکسے شد دینِ احمد ہیچ خویش و آنیست ❊ ہر کسے در کارِ خود با دینِ احمد کانیست
ہر کسے غمخوارِ اہل و اقارب می کند ❊ اے دریغ! این بیکسے را ہیچکس غمخوار نیست

غرض ہر طرح سے طوفان بے تمیزی برپا تھا کہ یکایک اسلام کی حالتِ زار اور مسلمانوں کو مصائبِ ناہنجار کے پنجہ میں گرفتار دیکھکر خلاق علیم کا رحم جوش میں آیا اور اپنے وعدہ

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ

کے مطابق اپنے پاس سے اسلام کی ڈوبتی ہوئی کشتی کے بچانیکے لئے ایک ناخدا بھیجدیا جس نے آتے ہی خداداد ید بیضا سے جادوئے فرنگ کو پاش پاش کردیا۔ اور عام اقوام کے مجموعی حملہ کے مقابلہ میں سینہ سپر ہوکر گرتے ہوئے اسلام کو یک قلم بچالیا اور پھر اُسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اُس اسلام کے پہلوان نے دشمنانِ دین کے مضبوط قلعہ پر حملہ کردیا اور اُنکو یہانتک محصور کرلیا کہ اب اُنکو اپنی جان کے لالے پڑگئے اور اب وقت قریب ہے کہ اُن کی عمارتوں کی اینٹ سے اینٹ بج جائے اور ہر جگہ اسلام ہی کا پھریرا ساری دنیا پر لہراتا ہوا نظر آئے

پس نہایت ضروری بلکہ اشد ضروری تھا کہ مسلمان اس نعمت غیر مترقبہ کو غنیمت سمجھکر ایسے ہمدرد اور جاں نثار بزرگ کی غلامی کو اپنا فخر سمجھتے اور اُنکی کفش برداری کو موجب عزت جانتے اور ہر طرحسے اسکا ساتھ دیتے لیکن افسوس صد افسوس کہ ایسے ہمدرد اور غمخوار دین کو نااہل نادان ملاؤں اور ناہنجار بدکردار پیروں اور ظالم دھوکہ باز سجادہ نشینوں نے اپنی شامتِ اعمال سے بُرا کہنا شروع کیا۔ اور ایسے دشمن ہوگئے کہ اُنکی جان لینے کی دھمکیاں دیتے اور تکفیر و تکذیب کے فتوے نکالتے اور طرح طرح کی ایذائیں تجویز کرتے ہیں۔ ہائے افسوس انکی عقلیں کیا ہوئیں اور انکی سمجھیں کہاں گئیں۔ آہ وہ قواں کی ہمدردی اور غمخواری میں شب و روز اپنا خون خشک کر رہا ہے اور ادھر یہ بزرگ ہیں کہ انکے خون کے پیاسے بن رہے ہیں۔ اس قسم کا ظلم و تعدی دیکھکر میرے دل میں جوش پیدا ہوتا تھا کہ یا الٰہ العالمین نہ تو میرے پاس اتنی دولت ہے کہ سچے دین کی حمایت میں نثار کرسکوں نہ اتنا علم ہے کہ اُس کے زور سے علماء زماں کا مقابلہ کرسکوں اور نہ زبان میں طاقت ہے کہ لوگوں کے سامنے اپنا مافی الضمیر ظاہر کرسکوں اور نہ قلم میں زور ہے کہ تحریر کے ذریعہ سے کچھ شائع کرسکوں۔ غرض ہر طرح سے میری بے بضاعتی اور کم مائگی میرے ان ولولوں کو دبا دیتی تھی۔ اور میری کمزوری زبان حال سے بولتی تھی کہ اے نادان تمہارے جیسا کمزور و ناتوان انسان دُنیا کی اس زبردست جنگ میں کیونکر ایک دینی سپاہی کا کام دیسکتا ہے۔ اس میدان کارزار میں تو بڑے بڑے آزمودہ کار و بہادران نبرد آزما کا کام ہے۔ کیونکہ دشمن دولت میں تعداد میں قوت میں بدرجہا بڑھے ہوئے ہیں۔ مگر بحمداللہ خدا کا فضل اس مرسل یزدانی کے ساتھ تھا اُسنے اپنی قدرت کاملہ سے مختلف اوصاف کے سپاہی اسلام کی مدد کے لئے کھڑے کردیئے کوئی اپنی دولت سے کوئی اپنے قلم سے کوئی اپنی زبان سے دین متین کی حمایت کے لئے کھڑا ہوگیا جس سے مجھے خوشی بھی ہوتی تھی اور رنج بھی خوشی تو اس لئے کہ جو میں چاہتا تھا اُسکا کچھ ظہور ہونے لگ گیا تھا۔ لیکن رنج اس لئے کہ میں اس نعمت سے محروم تھا اور میں خود کوئی مدد نہیں کرسکتا تھا۔ اس لئے میں نے علیم و قدیر خدا کے آگے نہایت عاجزانہ اور اضطرارانہ دعائیں شروع کیں کہ اے مولائے کریم تو سب قدرتوں کا مالک ہے مجھے بھی اس قابل کر کہ مجھ سے بھی اس دینِ قویم کی کچھ خدمت براری ہو۔ تو قادر و توانا ہے تو جو چاہتا ہے کرسکتا ہے۔ سو الحمدللہ کہ میرے مولا میرے مالک حقیقی نے میری اس

دعا کو بھی مثل اور دعاؤں کے جو میرے ہوش سنبھالنے کے وقت سے آجتک قبول کرتا رہا ہے مستجاب کیا اور مجھ سے ملازمت سرکاری چھڑوا کر ایک ایسے مخدوم کے سپرد کیا جنکے احسانات کو میں شمار نہیں کرسکتا۔ غرض اس محسن کی خدمت میں آنیسے مجھے سفر کرنے کے مواقع پیش آئے اور علماء وقت کی خدمتوں میں حاضر ہونے اُنکے خیالات معلوم کرنے اور عجیب و غریب کتابوں کے مطالعہ کرنے کے اتفاق پڑے۔ چنانچہ اسی بنا پر شہر مدراس میں پہونچکر ایک رسالہ بنام تبلیغ حق لکھکر شائع کیا جو بڑی عجلت سے لکھا گیا تھا اور ابھی تک بعض امور تحقیق طلب بھی تھے مگر تاہم خدا کا شکر ہے کہ اُس نے عام قبولیت حاصل کی اور ہمارے قابلِ قدر بزرگ مخزن علمائے دوراں۔ بحر العلوم والفنون ماہر رموزِ قرآن واقف علومِ ادیان۔ حاجی الحرمین شریفین مولٰینا ومخدومنا حضرت حافظ مولوی حکیم نورالدین صاحب بھیروی ثم قادیانی۔ وافصح الفصحا وابلغ البلغا عالم اسرارِ قرآن وفاضل علومِ زماں حضرت مولٰنا مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی وفخر المحدثین وافضل المناظرین مجمع المعقول والمنقول حاوی فروع واصول مولٰنا وبالفضل اولٰنا حضرت سید مولوی محمد احسن صاحب امروہی ودیگر علماء دین متین نے جو جماعت حضرت مسیح موعود میں داخل ہیں اُس مختصر رسالہ کو نہایت ہی پسند فرمایا حتیٰ کہ ہمارے پیارے ہادیٔ انام ہمارے مقدس امام ہمام۔ حجۃ اللہ بر زمین۔ وجری اللہ فی حلل الانبیاء السابقین۔ مصداق حدیث

لَوْ كَانَ الْاِيْمَانُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَنَالَهٗ رَجُلٌ مِنْ اَبْنَاءِ فَارِسَ و مورد آیہ کریمہ

وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ

وَنَاقَةُ اللّٰهِ فِيْ هٰذَا الزَّمَانِ وَكَلِيْمُ اللّٰهِ فِي الدَّوْرَانِ شَمْسُ الْهُدٰى وَبَدْرُ الدُّجٰى صَاحِبُ مَمْلَكَةِ الْمَلَكِيَّةِ وَمَهْبَطُ قُوَّةِ الْقُدْسِيَّةِ حضرت مرزا غلام احمد صاحب رئیس قادیان مسیح موعود ومہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی اس ناچیز رسالہ کو عزت کی نگاہ سے دیکھا اور اس کے سُننے سے اظہار خوشی فرمایا جس سے اس ہیچمداں کو ایک ہمت بڑھی اور حوصلہ پیدا ہوا کہ اگر اور کوئی کتاب بھی خاکسار کے قلم سے نکلے تو انشاء اللہ وہ بھی ایسی ہی عزت و فخر کا تاج پہنے گی کیونکہ وہ محض دینی جوش سے لکھی جائے گی اور اس میں کسی ریا یا تفاخر کو دخل نہیں ہوگا محض ابتغاء لوجہ اللہ وہ کارروائی ہوگی۔ سو دوسری وجہ جو اس کتاب کے لکھنے کی محرک ہوئی وہ یہی ہے کہ خود امام ہمام ہادی انام میری ناچیز خدمت کو نظر قبولیت سے دیکھتے ہیں۔

تیسرا باعث جو اس کتاب کے لکھنے کا محرک ہوا وہ یہ ہے کہ سفرہائے سابقہ میں جو قریباً ملک پنجاب کے کل اضلاع و ممالک مغربی و شمالی و ملکا و دھ و صوبہ ہائے وسطی ہند و علاقہ بمبئی و مدراس کے بڑے بڑے شہروں میں کیئے گئے اور بعد ازاں کے سفروں میں جو چھچھ و پوٹھوار و ملک سندھ و کشمیر میں وقوع میں آئے مشاہیر علماء سے شرف ملازمت کے مواقع پیش آئے اور مسئلۂ حیات و ممات مسیح علیہ السلام پر گفتگو میں بھی ہوئیں اور جہاں تک مینے دیکھا ہی پایا کہ علماء وقت صرف لکیر کے فقیر ہیں علوم دینی میں وسیع معلومات نہیں رکھتے کم ہمت اور کم حوصلہ ہو رہے ہیں۔ اُنکی دلی اور پسندیدہ بات یہی ہے کہ جس طرح سے ممکن ہو بقیہ زندگی بے کھٹکے کٹ جائے۔ مسائل میں تدبّر اور خوض کرنیسے بالکل عاری۔ اسرار آیات قرآنیہ و معارف احادیث نبویہ سے بکلی بیزاری اُنکی عادت ہو رہی ہے۔ حقائق قرآن حمید و دقائق فرقان مجید سے معذوری اور علوم جدیدہ و فنون پسندیدہ سے مہجوری گویا انکی قسمت میں ودیعت رکھی گئی ہے۔ طمع و لالچ دنیاوی اُنکی گردنوں پر سوار اور افلاس اور ناداری اُنکے گلے کا ہار ہو رہی ہے۔ لوگوں کی عدم توجہی کے ہر آن نالاں اور پیٹ کی فکر میں شب و روز سرگرداں ہو رہے ہیں۔ حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دینے میں بڑے ہوشیار مگر مسیح وقت سے ایسے بیزار کہ اُنکو اور اُنکی جماعت کو بُرے بُرے خطابوں سے مخاطب کرنا اپنا شعار سمجھتے اور عوام کو اُنکی صحبت اور مطالعۂ کتب سے منع و انذار کرتے ہیں۔ علماء کی یہ حالت زار اور عوام کو اُن کے پھندے میں گرفتار دیکھکر میرے دلمیں جوش پیدا ہوا کہ جسطرح ممکن ہو سکے ایک ایسی کتاب لکھی جائے جس میں کثیر التعداد آیات کلام اللہ و احادیث رسول اللہ و آثار صحابہ نبی اللہ و تفاسیر کتاب اللہ و اقوال ائمۂ مجتہدین و کلمات علماء متقدمین و متاخرین درج کیئے جائیں شاید کہ یہ کتاب اُنکی بصیرت کا باعث و ہدایت کا موجب ہو اور عاصی گنہگار کے لئے وسیلۂ شفاعت اور آنے والی نسلوں میں ذریعۂ دعا ہو۔

چوتھا باعث جو اس کتاب کی تالیف کا محرک ہوا وہ یہ ہے کہ گو ہمارے مقتدا ہمارے پیشوا حضرت مسیح موعود نے مسائل پیش آمدہ میں اسقدر دلائل و براہین سے مالا مال کر دیا ہے کہ اُنکی موجودگی میں کسی اور کتاب کی ضرورت نہیں تھی لیکن چونکہ مخالف کثیر التعداد کتابوں میں متفرق طور سے وہ براہین درج ہوئی ہیں اور یکجا جمع نہونے کے سبب سے ہماری جماعت کے افراد کو

مباحثہ کیوقت بڑی دقت کا سامنا ہوتا ہے۔ اور چونکہ علماء زماں نے مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسبت بڑے بڑے لمبے چوڑے فسانے بنا رکھے ہیں اور عوام کالانعام کو اُنسے بخوبی دھوکہ دیتے اور جماعت مسیح موعود کو بڑے بڑے افتراؤں اور اتہاموں سے متہم کرکے اُنکی نسبت نفرتِ شدید دلاتے ہیں۔ اسلئے ضروری سمجھا گیا کہ ایک ایسی جامع کتاب لکھی جائے کہ جو اُن مسائل پر حاوی ہو جو اسوقت میدان کارزار میں ضروری ہیں تاکہ ہماری جماعت کا ہر فرد خواہ وہ کتنا ہی علمی سرمایہ میں کمزور ہو بڑے سے بڑے عالم کیساتھ مسائل پیش آمدہ میں بیدھڑک گفتگو کرسکے اور اُسکو بحث کیوقت کسی قسم کی دشواری نہ ہو۔ رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ

باب اوّل

اس بارہ میں کہ قرآن شریف دُنیا کیلئے مکتفی ہے کہ نہیں

دنیا میں صرف ایک کتاب قرآن شریف ہے جو تمام انسانی ضرورتوں کی تکفل اور بنی نوع انسان کی حاجت برآری کا ذریعہ ہے جس پر چلنے اور عمل درآمد کرنیسے نہ صرف اس دُنیا میں امن وآسائش کا موجب ہوتی ہے بلکہ عالم آخرت میں سرور بخش ابدی حیات کی ذمہ دار بنتی ہے اور خدائے لایزال کی رضامندی کی راہ ہونسے کما ینبغی آگاہی بخشتی اور راحت افزا مواعید الٰہیہ کی بشارت دیتی ہے۔ مگر ہائے افسوس کہ دُنیا نے اس کی قدر نہ کی اور وائے برحال مسلمانان کہ جنہوں نے ایسی کامل اور مضبوط اور غیر متبدل کتاب کو جو نور سے معمور بلکہ سراسر نور ہے پس پشت ڈال دیا اور اس سے کچھ فائدہ نہ اُٹھایا۔ کیا یہ کوئی کمزور کتاب تھی جس سے مسلمانوں کو ندامت اُٹھانیکا اندیشہ ہوسکتا تھا یا کوئی بے اصل قصے کہانیوں کی کتاب تھی جس کے ترک سے اہل اسلام کو فائدہ متصور ہوسکتا تھا۔ یہ تو ایسی محکم اور مضبوط کتاب ہے کہ ایک رائی کے برابر بھی ضعف ثابت نہیں ہوسکتا بلکہ اس کا دعویٰ ہے فِیْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ یعنی جسقدر ابتدائے دُنیا سے اسوقت تک کتابیں منصہ ظہور میں آئی ہیں اور یا جو آئندہ تا روز قیامت جسقدر مضبوط اور مدلل کتابیں پردۂ غیب سے جلوہ نما ہونگی وہ سب کی سب اس کتاب پاک میں موجود ہیں یعنی کوئی ایسی حقیقت جو

علوم مشہودہ محسوسہ کیطرح صحیح اور سچی پایہ ثبوت کو پہنچیگی اُس کا ثبوت قرآن پاک میں ضرور ہوگا اور کوئی جدید تحقیقات ایسی نہیں نکلے گی جو قرآنی تعلیم کے برخلاف ثابت ہوسکے چنانچہ یہ امر روز روشن کیطرح ظاہر و باہر ہے کہ ان تیرہ سو برس کے اندر جس قدر جدید علوم پیدا ہوئے یا علوم سابقہ میں مزید تحقیقاتیں ہوئیں اُنکی رو سے ابتک کوئی ایسا امر پیدا نہیں ہوا جسنے قرآن شریف کی کسی صداقت کو غلط ثابت کر دکھایا ہو پس جبکہ ان ۱۳۰۰ برس کے اندر اہل اسلام کو اس کامل کتاب سے کسی طرح کی ندامت اُٹھانی نہیں پڑی تو آئندہ بھی ہرگز ہرگز اٹھانی نہیں پڑیگی پھر باوجود اسقدر عظیم الشان تجربہ کے قرآن حمید کی طرف سے خود مسلمانوں ہی کا رُخ پھیر لینا اور اُسکی تعلیم پر توجہ نہ کرنا افسوس کی بات ہے۔ اے مسلمانو تمہیں اس کتاب پر کچھ شک پڑگیا ہے کہ جسکی وجہ سے تمنے اُس نور کی طرف سے بے اعتنائی اختیار کرلی ہے ایسا کرنا تمہاری اپنی غلطی اور نافہمی کا باعث ہے ورنہ اللہ تعالیٰ تو اسکی نسبت شروع ہی میں خبردار کرتا اور متنبہ فرماتا ہے کیا سورۂ بقر کے ابتدا میں یہ آیت نہیں پڑھتے۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ یعنی ہوشیار ہوجاؤ اور جان لو کہ یہ کتاب ایسی کتاب ہے کہ جس میں کسی قسم کے شک کو دخل نہیں اور نہ اس میں کوئی ہلاکت کی توقع ہے یہ تو سراسر یقین اور یقین کامل کا باعث ہے۔

انسان بے بنیان کسی بادشاہ یا حاکم یا امیر کے حکم یا پروانہ کی اسواسطے جان توڑ کوشش کرکے تعمیل کرتا ہے کہ کہیں ہمارا بادشاہ یا حاکم یا امیر ناراض نہ ہوجائے اور جو اُمیدیں اُسکی ذات سے وابستہ ہیں وہ جاتی نہ رہیں۔ حالانکہ یہ یقین نہیں کہ اسکی اُمید برآری سے پہلے یہ خود بے نصیب مرجائے یا وہ دُنیا سے اُٹھ جائے یا اُسکی رائے ہی پلٹ جائے۔ لیکن ایسے مہربان شہنشاہ اور احکم الحاکمین اور امیر الامرا کے حکم نامہ سے غفلت اور سہل انگاری کرتا ہے۔ جس کے حیّ و قیوم ہونے کا یقین کامل ہے اور اگر انسان اُسکی رضا کی تلاش و کوشش میں مرجی جائے تو بھی عالم عقبیٰ میں اسکو بدلا دینے کا یقین واثق دلاتا ہے تو پھر ایسی حالت میں جب انسان روگردانی کرتا ہے تو یہی سمجھا جاتا ہے کہ زمینی حکام کے وجود پر تو اُسکو یقین کامل ہے اسواسطے ڈرتا ہے کہ اگر حکم عدولی کرونگا تو نقصان اُٹھاؤنگا اور برخلاف اسکے زمین و آسمان کے بادشاہ پر اس کو اتنا بھی ایمان نہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ اسکی پروا نہیں کرتا ورنہ اگر اسکو ایمان ہوتا کہ جسطرح یہ زمینی لوگ اُسکو حکم عدولی پر ضرر پہنچا سکتے ہیں۔

اسی طرح بلکہ اُسسے بھی بڑھ کر آسمان و زمین کا مالک نقصان پہونچا سکتا ہے تو کبھی بھی لاپرواہی کا مرتکب نہ ہوتا۔ اصل بات یہ ہے کہ لوگونکو خدا پر کامل ایمان نہیں رہا۔

اے نادانو تاریخ گواہی دیتی ہے اور چلا چلا کر کہتی ہے کہ جن لوگوں نے خدا کے احکام کو نہیں مانا اُنکا انجام بخیر نہیں ہوا اور وہ اپنے پیچھے عبرتناک نظارہ صفحہ ہستی پر چھوڑ گئے آدم کے مقابلہ کرنے والونکا انجام دیکھو۔ نوح کے زمانہ کے لوگو پر غور کرو ابراہیم کے دشمنوں کے حالات یاد کرو موسیٰ کے مخالفین پر نظر ڈالو۔ عیسےٰ سے سرکشی کرنیوالونکا مآل دیکھو۔ فخر بنی آدم محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے ایذا دینے والوں کے خاتمہ پر خیال کرو سب کے سب ذلیل اور خوار اور تباہ اور برباد ہوتے چلے آئے۔ پھر اے مسلمانو تمکو کس بات نے بے غم و لاپروا کر دیا ہے۔ کیوں ہر امر میں اس کتاب کو اپنا دستور العمل نہیں بناتے۔

بترس از خدائے بے نیاز و سخت قہاری ٭ کہ گر خواہد کشد در یکدمی چوں کرم بیکاری

ہم دیکھتے ہیں کہ اہل اسلام میں جسقدر فرقے ہیں وہ سب اس امر پر متفق ہیں کہ یہی کلام اللہ ہی جو محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ فخر المرسلین ختم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا تھا جو ایسا محفوظ اور ماموں چلا آیا ہے کہ ایک زیر و زبر کا فرق نہیں آنے پایا اور کیوں آتا جب کہ خود اللہ تعالیٰ نے اس کی حفاظت کا ٹھیکا اپنی ذات پاک کے لئے خاص کر لیا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ہم نے ہی اس ذکر کو اُتارا ہے اور ہم ہی یقیناً یقیناً اسکی محافظت و نگہبانی کرینگے۔

پھر کون لعنتی و مردود ہے جو اسکی تغییر یا تبدیل کا قائل ہو۔ ہاں البتہ اہل شیعہ میں سے بعض لوگ ایسے بھی ہوئے اور ہیں جو اپنی بدبختی اور وساوس شیطانی سے کہتے ہیں کہ موجودہ قرآن بجنسہ وہی قرآن نہیں جو زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں تھا بلکہ یہ اصحاب کبار رضوان اللہ علیہم اجمعین کی دست برد سے محفوظ نہیں رہا اور قریب دس بارہ پارہ کے نکال دیئے گئے ہیں لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ۝ یہ کذاب اور مفتری کیسے نابینا اور نڈر ہیں کہ خدا تعالیٰ کے اُس وعدۂ حتمی کی تکذیب سے نہیں ڈرتے جو اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ کے تحت میں ہے۔ ان لعنت کے مارونکو اتنا بھی نہ سوجھا کہ اگر اصحاب کبار میں سے کسی نے تصرف بیجا کیا تھا تو اسد اللہ الغالب کہاں تھے اور بس غار میں چھپے بیٹھے تھے کیوں اُنھوں نے کامل قرآن کو

دُنیا کے مختلف اطراف میں نہ پھیلایا۔ اور اگر یہ بھی تسلیم کرلیا جائے کہ وہ اکیلے اور تن تنہا تھے اسلئے وہ ایسا نہیں کرسکتے تھے تو بعد کے جانشین کچھ تھوڑے تھے اور وہ چند نسخے بھی غیر ممالک میں شائع نہیں کرسکتے تھے حالانکہ امامت یا ملک گیری کے لیئے جنگ و جدل کرتے پھرے اور اصل قرآنِ کریم کو دُنیا میں قائم نہ رکھ سکے اور ہم بطور تنزل اسکو بھی قبول کرلیتے ہیں کہ وہ بزرگوار اپنی ذات میں ایسی قدرت اور جرأت نہیں پاتے تھے کہ ایسے عظیم الشان کام کو بھی انجام دیسکتے تو کیا وہ اپنی اولاد کے لئے بھی ایک آدھ نسخہ برقرار نہیں رکھ سکتے تھے حال آنکہ اسوقت سادات کی تعداد اسقدر ہے کہ دُنیا کے کناروں تک پھیلی ہوئی ہے اور کوئی کونہ انسے خالی نہیں مگر کسی کے ہاتھ میں وہ مزعومہ کامل کتاب موجود نہیں افسوس کہ انہ عاقبت اندیش رافضیوں نے خدا کو جھوٹا ٹھہرایا۔ رسول کو جھوٹا گردانا۔ اور صحابہ کو بددیانت قرار دیا اور ائمہ اطہار کو بزدل اور دُنیا کا لالچی ثابت کیا۔ لیکن پھر بھی وہ حسب قرارداد خود اُس نعمت سے ابدالاباد تک محروم اور بے نصیب رہے۔ معاذ اللہ من ذلک۔

ہم یہاں یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ یہ سب باتیں پوچ اور لغو ہیں اور روافض کے پاس اس لاطائل قصہ کا کوئی ثبوت نہیں۔ بڑے بڑے فضلاء محققین اہل تشیع کا اسبات پر اتفاق ہے کہ یہی قرآن شریف جو بین الدفتین دُنیا میں موجود ہے زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و زمانہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین و زمانہ تابعین رحمۃ اللہ علیہم میں تھا اور یہی بلا تغیر و تبدل حرف بحرف موجود ہے۔ چنانچہ ہم تفسیر صافی میں سے جو اہل تشیع کی ایک بڑی معتبر تفسیر ہے اور آجکل عموماً مدارس اہل تشیعہ میں بطور درس داخل ہے چند فضلائے اہل تشیعہ کی آرا لکھتے ہیں جو انھوں نے قرآن شریف کی نسبت جو آجکل دُنیا میں رائج ہے ظاہر فرمائی ہیں۔

فَقَدْ رَوَى جَمَاعَةٌ مِنْ اَصْحَابِنَا وَ قَوْمٌ مِنَ الْحَشْوِيَّةِ الْعَامَّةِ اَنَّ فِي الْقُرْاٰنِ تَغْيِيرًا وَ نُقْصَانًا وَ الصَّحِيْحُ مِنْ مَذْهَبِ اَصْحَابِنَا خِلَافُهٗ وَ بَلَغَتْ حَدًّا لَمْ نَبْلُغْهُ فِيْمَا ذَكَرْنَا لِاَنَّ الْقُرْاٰنَ مُعْجِزَةُ النُّبُوَّةِ وَمَا حَدُّ الْعُلُوْمِ الشَّرْعِيَّةِ وَ اَكْثَرُ اَحْكَامِ الدِّيْنِيَّةِ	ہمارے دوستوں کی ایک جماعت اور عوام حشویہ نے یہ روایت کی ہے کہ قرآن شریف میں تغیر اور نقصان ہے اور ہمارے اصحاب کا صحیح مذہب اسکے خلاف ہے اور نیز اُن لوگوں کی رائے اس حد تک پہنچی ہے کہ ہم اُسکو بیان نہیں کرسکتے اور وہ یہ کہ قرآن ثبوت کا اعجاز اور علوم شرعیہ اور دینی

وعلماء المسلمين قد بلغوا في حفظه و
حمايته الغاية حتى عرفوا كل شيء
اختلف فيه من اعرابه و قراءته
وحروفه وآياته فكيف يجوز ان
يكون مغيرا او منقوصا مع العناية
الصادقة والضبط الشديد
پائی ہو۔ دیکھو تفسیر صافی مصنفہ ملا محسن صفحہ ۱۴

ان القرآن كان على عهد رسول الله
مجموعا مؤلفا على ما هو عليه الآن
واستدل على ذلك بان القرآن
كان يدرس ويحفظ جميعه في ذلك
الزمان حتى عين على جماعة من الصحابة
في حفظهم له وانه كان يعرض على
النبي ويتلى عليه وان جماعة
من الصحابة مثل عبد الله بن مسعود
وابي بن كعب وغيرهما ختموا القرآن
على النبي عدة ختمات وكل ذلك
يدل بادنى تامل على انه كان مجموعا
غير مبثور ومبثوث واذكر ان
من خالف في ذلك من الامامية
والحشوية لا يعتد بخلافهم فان
الخلاف في ذلك مضاف الى قوم
من اصحاب الحديث نقلوا
اخبارا ضعيفة

احکام کا ماخذ ہے اور علماء اسلام نے یہانتک
اسکی حفاظت اور حمایت کی ہے کہ انھوں نے
ہر چیز جس میں اعراب اور قرأت اور حروف اور آیات کے
بارہ میں اختلاف کیا گیا ہے عرفان تام و واقفیت عام
پیدا کرلی ہے۔ پھر کیونکر ممکن ہے کہ ایسے ضبط شدید
اور حفاظت صحیحہ کی موجودگی میں کسی قسم کا تغیر یا کمی ہوئے
پھر مصنف مذکور اسی صفحہ پر لکھتا ہے۔

یہی قرآن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں
اسطرح جمع شدہ اور اکٹھا تھا جسطرح آجکل ہے
اور اس سے استدلال کیا گیا ہے کہ قرآن حمید
مکمل و مجموعی طور سے اُس زمانہ مبارک میں پڑھا جاتا
اور حفظ کیا جاتا تھا چنانچہ صحابہؓ کی ایک جماعت اسی
قرآن مجید کے حفظ کرنے پر متعین تھی اور ماسوا اسکے
بھی قرآن شریف نبی علیہ السلام پر عرض کیا جاتا
تھا اور پڑھا جاتا تھا اور صحابہ کی ایک جماعت
مثل عبد اللہ و ابی بن کعب وغیرہ نے چند مرتبہ
قرآن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے
ختم کیا اور ان تمام باتوں پر ادنی تامل اور تفکر سے
یہ نتیجہ نکل سکتا ہے کہ قرآن مرتب و مدون تھا
اور پراگندہ و تتر بتر نہیں تھا اور یہ بات بھی یاد رکھنے
کی قابل ہے کہ امامیہ یا حشویہ میں سے جن لوگوں نے
اس رائے کی مخالفت کی ہے انکی اسکے مقابلہ میں کوئی حقیقت
اور شمار نہیں ہے کیونکہ یہ خلاف صرف اصحاب حدیث سے ہوا ہے
جنہوں نے ضعیف خبریں نقل کر دی تھیں دیکھو تفسیر صافی صفحہ ۱۴

پھر مصنف مذکور اپنی تفسیر کے صفحہ ۱۵ میں ایک بڑے فاضل کے قول کو نقل کرتا ہے۔ وہو ہذا

وَقَالَ شَيْخُنَا الصَّدُوقُ رَئِيسُ الْمُحَدِّثِينَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَابُوَيْهِ الْقُمِّيُّ طَيَّبَ اللّٰهُ ثَرَاهُ فِي اِعْتِقَادَاتِهِ اِعْتِقَادُنَا اَنَّ الْقُرْاٰنَ الَّذِي اَنْزَلَهُ اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهٖ هُوَ مَا بَيْنَ الدَّفَّتَيْنِ وَمَا فِي اَيْدِي النَّاسِ لَيْسَ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ۔ قَالَ وَمَنْ نَسَبَ اِلَيْنَا اَنَّا نَقُوْلُ اَنَّهٗ اَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ فَهُوَ كَاذِبٌ۔

ہمارے رستباز شیخ رئیس المحدثین محمد بن علی بن بابویہ القمی اللہ تعالیٰ اُس کی خاک کو پاک کرے اپنے اعتقادات میں فرماتے ہیں کہ ہمارا یہ اعتقاد ہے کہ قرآن جو نبی علیہ السلام پر نازل ہوا وہ یہی ہے جو ماہین دفتین موجود اور لوگوں کے ہاتھ میں دستور العمل ہے۔ اور اس سے زیادہ نہیں ہے اور جو شخص ہماری طرف یہ منسوب کرے کہ ہم اس سے زیادہ کہتے ہیں تو وہ جھوٹا ہے۔

ماسوا اس کے مصنف موصوف ایک اور بزرگ کا اعتقاد ظاہر کرتے ہیں جو حسب ذیل ہے۔

وَقَالَ الشَّيْخُ الطَّائِفَةِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الطُّوْسِيُّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فِي تِبْيَانِهٖ وَاَمَّا الْكَلَامُ فِي زِيَادَتِهٖ وَنُقْصَانِهٖ فَمِمَّا لَا يَلِيْقُ بِهٖ لِاَنَّ الزِّيَادَةَ فِيْهِ مُجْمَعٌ عَلٰى بُطْلَانِهٖ وَالنُّقْصَانُ مِنْهُ فَالظَّاهِرُ اَيْضًا مِنْ مَذْهَبِ الْمُسْلِمِيْنَ خِلَافُهٗ۔

شیخ الطائفہ محمد بن الحسن الطوسی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب تبیان میں لکھتے ہیں کہ یہ جو بات قرآن کریم کی کمی بیشی کی نسبت کیجاتی ہے یہ محالات سے ہے کیونکہ قرآن مجید میں کسی زیادتی یا کمی کا گمان کرنا خود بطلان پر گواہی دیتا ہے اور بظاہر بھی کل مذہب اسلام کے خلاف ہے

دیکھو تفسیر مذکور صفحہ ۱۵

مزید برآں مفسر مذکور اسی صفحہ میں ایک صحیح حدیث بھی لائے ہیں جو ذیل میں درج کیجاتی ہے

وَقَدْ وَرَدَ عَنِ النَّبِيِّ رِوَايَةٌ لَا يَدْفَعُهَا اَحَدٌ اَنَّهٗ قَالَ اِنِّيْ مُخَلِّفٌ فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ اِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا لَنْ تَضِلُّوْا كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلَ بَيْتِيْ وَاَنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت آئی ہے اور کوئی اسکی مدافعت نہیں کرسکتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں تم میں اپنے بعد دو باتیں بھاری چھوڑ چلا ہوں اگر تم لوگ اُنسے تمسک کروگے تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے ایک کتاب اللہ اور دوسرے اپنے گھر کے لوگ اور یہ دونوں

وَهٰذَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ مَوْجُوْدٌ فِيْ كُلِّ عَصْرٍ لِاَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ اَنْ يَّاْمُرَنَا بِالتَّمَسُّكِ بِمَا لَا نَقْدِرُ عَلَى التَّمَسُّكِ بِهٖ

حوض کوثر تک پہنچنے تک باہم جدا نہیں ہونگے جس سے دلیل پیدا ہوتی ہے کہ قرآن ہر زمانہ میں موجود ہے کیونکہ یہ جائز نہیں ہو سکتا کہ ہمیں کسی چیز سے تمسک کرنیکا حکم دیا جائے اور وہ ایسی چیز ہو کہ ہماری قدرت سے باہر ہو اور ہم تمسک نہ کر سکیں۔ دیکھو تفسیر مذکور صفحہ ۱۵۔

کیفیت متذکرہ بالا سے بخوبی ظاہر ہے کہ فضلا و محققین اہل تشیعہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہی قرآن کریم جو دنیا میں عام طور سے رواج پذیر ہے لفظاً لفظاً حرفاً حرفاً یہی ہے اس میں کسی قسم کی کمی بیشی نہیں ہوئی اور جو لوگ کمی بیشی کے قائل ہیں وہ سب جھوٹے ہیں اور انکی بنا اعتقاد روایات ضعیفہ اور احادیث موضوعہ پر مبنی ہے۔ پس جب کہ تمام فرقہ ہائے اسلام میں یہ بات مسلم ہے کہ عمل درآمد کیلئے یہی کتاب ہے جس کی رو سے ہم اپنے نزاعوں اور اختلافوں کا فیصلہ کر سکتے ہیں تو پھر کون چیز اسکو اپنے دستور العمل بنانے سے روکتی ہے۔

اگر کوئی یہ خیال کرتا ہو اور کچھ تعجب نہیں کہ بعض نادان اور کم فہم ملا کہتے ہیں کہ قرآن کریم مجمل ہے اور اسکو کوئی نہیں سمجھ سکتا جبتک چودہ علوم سے پوری پوری آگاہی نہ ہو۔ یہ انکی بات سراسر دور از حقیقت اور بعید از راستی ہے بلکہ انکی مثال یہود کے ان علما کی مطابق ہے جنکی تعریف میں اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے مَثَلُ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا یعنی ان لوگوں کی مثال گدھے کی سی ہے جو کتابوں کے بوجھ سے لدا ہوا ہو مگر حقیقت سے ناآشنا اور معانی سے بیخبر ہو۔ وہ رحمن و رحیم خدا تو فرماتا ہے وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ۔ ضرور ضرور ہمنے قرآن کو آسان بنایا ہے۔ کوئی ہے کہ اس سے نصیحت پکڑے اور اسکو اپنا دستور العمل بنائے جسطرح آجکل کے علما قرآن کریم کو ادق اور مشکل سمجھتے ہیں اسیطرح اپنی کوتاہ فہمی اور کور چشمی سے اسکو مجمل بھی قرار دیتے ہیں حالانکہ خدا تعالیٰ سورۂ نحل میں فرماتا ہے۔ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ یعنی اے رسول ہمنے تمپر ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں ہر ایک چیز کا بیان ہے اور صرف یہی نہیں۔ بلکہ مسلمانوں کے لیے ہدایت نامہ اور رحمت کاملہ اور بشارت عظمیٰ ہے۔

اس آیت سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں کے لئے جسقدر دنیا و آخرت میں ضروری ہے وہ سب ذرہ ذرہ اس قرآن حمید میں موجود ہے اور اسی ہدایت نامہ پر چلکر انسان اپنے مدارج کمالات کو حاصل کرسکتا ہے۔ اور معراج کے اعلیٰ نقطہ تک پہنچ سکتا ہے۔

دوسری جگہ فرمایا ہے اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا۔ یعنی کیا میں اللہ کے سوا کسی اور کو اپنا حکم بناؤں حال آنکہ اسنے ایک مفصل کتاب تمہاری طرف بھیجی ہے۔ دیکھو پ ۸ ع ۱۴ اس آیت سے اظہر من الشمس ہے کہ یہ قرآن شریف ایسی کتاب ہے جس میں ہر ایک چیز کا مفصل طور سے ذکر کیا گیا ہے۔ اور کوئی بات مجمل نہیں لکھی گئی سب باتیں تفصیل کے ساتھ بیان کردی گئی ہیں۔ اب حیف ہے اُن لوگو پر جو یہ کہکر اپنی جہالت کا ثبوت دیتے ہیں کہ قرآن سے کسی کو ہدایت نہیں ہوسکتی کیونکہ یہ مجمل کتاب ہے جو چاہے اپنی مرضی کے موافق معنی کرلے حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ۔ اے رسول ہمنے تو تمپر ایک حق اور حقیقت کی بھری ہوئی کتاب اُتاری ہے اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ جس سے لوگ ہدایت نہ پاسکیں بلکہ گمراہ ہوجائیں پھر فرمایا تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ یہ کتاب تو رحمٰن اور رحیم خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔ کیا اسکی رحمانیت اور رحیمیت کا یہی تقاضا ہوسکتا ہے کہ وہ کتاب تو اُتارے اور اُس میں ایسے سامان مہیا نہ کرے جو بنی نوع انسان کے لیے اس دُنیا اور عالم آخرت میں مُثمر ثمرات ہوں ہرگز نہیں! وہ رحمٰن خدا جو بے مانگے دینے والا ہے اور رحیم خدا جو کسی کی محنت کو ضائع کرنے والا نہیں وہ کیونکر اپنی ان صفات ازلی و ابدی کے منشا کے خلاف کرنا پسند کرتا ہے۔ اُسی رحمٰن و رحیم اللہ کی خاص عنایت اور فضل ہے کہ اُسنے ایک ایسی کتاب ہمیں مرحمت کی ہے کہ جس میں ایک ایک مطلب کو بار بار کھولکر بیان فرمایا ہے اور پھر ایسی زبان میں جو اَتَمّ الالسنہ ہے اور جسکا ایک ایک حرف فصیح و بلیغ ہے لیکن اُسکو وہی قوم سمجھ سکتی ہے جو مطہر اور پاک دل ہو۔ لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ اسکی شاہد ناطق ہے۔ پھر اللہ تعالےٰ اسکی شان میں فرماتا ہے فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ یعنی اس قرآن کریم میں تمام اولین و آخرین کی جسقدر مضبوط اور قوی الدلائل کتابیں ہیں وہ سب اس میں داخل ہیں۔ جس سے صاف معلوم ہوتا ہے

کہ کل ضروری باتیں اسمیں موجود ہیں خواہ قیامت کی باتیں ہوں اور اس سے بڑھکر اس قرآن کریم کی نسبت فرماتا ہے لَا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ کہ کوئی علم کوئی سائنس خواہ وہ طبعی ہو یا کوئی ہو خواہ وہ اس وقت موجود ہو یا آئندہ پیدا ہو اسکی کسی بات کو باطل نہیں کرسکتا اسواسطے کہ وہ ایک ایسی مقتدر ہستی کی طرف سے نازل ہوا ہے جو حکیم بھی اور حمید بھی ہے۔ پس صاف ظاہر ہے کہ قرآن کریم میں کوئی ایسا مسئلہ نہیں پایا جائے گا جس پر کوئی اعتراض وارد ہوسکتا اور نہ ہرگز ہوسکے گا۔

یہاں پر یہ بات بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ جسطرح قرآن شریف ایک مفصل کتاب ہے جس میں ہر قسم کی ضروریات انسانی کا ذکر ہے اسیطرح اس میں یہ بھی خوبی ہے کہ کوئی آیت دوسری آیت کے خلاف نہیں یعنی یہ نہیں کہ ایک جگہ ایک بارہ میں کچھ فرمایا ہو تو دوسری جگہ اُس بارہ میں اُسکے برخلاف۔ چنانچہ خود اللہ تعالیٰ اسکی تصدیق یوں کرتا ہے۔ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِیْهِ اخْتِلَافًا كَثِیْرًا اگر یہ خدا کے سوا کسی اور کی بنائی ہوئی کتاب ہوتی تو ضرور تم اُس میں بڑا اختلاف پاتے جس سے صاف ظاہر ہے کہ اس میں کوئی مسئلہ ایسا نہیں ہے جو ایک دوسرے کے مخالف ہو۔ اسکے قوانین سب یکساں اور غیر متبدل اور ہمیشہ رہنے والے ہیں اور اس میں یہ بھی خوبی ہے کہ قوانین قرآن قوانین نیچر کے عین مطابق ہیں۔ کیوں نہ ہوں جبکہ وہ خدا کا قول اور یہ خدا کا فعل ہے قول اور فعل میں کیونکر اختلاف ہوسکتا ہے کسی کی سچائی اور راستی پر کہنے کے لیے یہی اصول کافی ہے کہ اُسکے فعل اور قول میں مطابقت ہو ورنہ وہ کبھی قابل اعتبار نہیں ٹھیر سکتا۔

ہم پہلے ثابت کرچکے ہیں کہ دُنیا میں کل فرقہائے اسلامی کا اسبات پر اتفاق ہے کہ یہی کتاب ہے جسپر دُنیائے اسلام کا دارومدار ہے اور جس میں رائی کے دانہ کی برابر بھی انسانی دخل نہیں وہ ہر ایک قسم کے دست دبرد سے پاک ومنزہ ہے اور یہ بھی ثابت کرآئے ہیں کہ یہ کتاب مفصل ہے اور اس میں کل ضروریات انسانی کا بیان تفصیل وار ہے اور یہ نور اور ہدایت اور فضل اور رحمت بھی ہے اور یہ بھی دکھا آئے ہیں کہ یہ کتاب حق اور حقیقت سے بھری ہوئی ہے اور اس میں باہم آیات کا اختلاف نہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی یہی حکم ہوتا ہے

فَاحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ إِلَيْكَ یعنی جو کچھ تیری طرف اُتارا گیا ہے اُسی کے مطابق لوگوں کو حکم کرو اور اُنکے مقدمات کا تصفیہ فرماؤ۔ اور اسی پر چلنے کی ہدایت کرو۔ تو پھر مسلمانوں کو کونسی بات مانع ہے کہ اسی کو اپنا ماوا و ملجا بنا دیں اور ہر ایک تنازع اور جھگڑے کو اسکے ذریعہ فیصل کریں کیا وہ نہیں پڑھتے وَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ یعنی جب کبھی تمہیں کوئی تنازع اور تکرار پیش آوے تو اللہ اور اُسکے رسول کے سامنے پیش کرو یعنی کتاب اللہ و حدیث رسول اللہ پر عرض کرو۔ افسوس کہ مسلمانوں نے قرآن مجید کو اپنا محک اور معیار بنانے سے پہلوتہی کر لی ہے۔ اور اپنی قیاسی اور من گھڑت باتوں کو اپنی کسوٹی بنا لیا ہے۔ اگر وہ اس نور کو اپنا امام بناتے اور اُسی سے ہر ایک امر کا مشورہ طلب کرتے تو پھر اہل اسلام میں کسی قسم کا فتور برپا نہ ہوتا۔ قرآن کو لوگوں نے بالکل ترک کر دیا اور پس پشت ڈال دیا اور پیارے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام فَدَيْتُ بِأَبِي وَأُمِّي کے اس قول سے فائدہ نہ اُٹھایا جو اللہ تعالیٰ نے اُنکی زبان سے نقل فرمایا ہے وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا یعنی رسول کہے گا کہ اے میرے رب میری اس قوم نے قرآن شریف کو چھوڑ دیا تھا اور اس کو اپنے تمام جھگڑوں اور اختلافوں میں حکم نہیں بنایا تھا بلکہ انسانوں کے کلام کو معتمد و مدار علیہ قرار دے رکھا تھا۔ اے عزیزو قرآن کوئی بھول بھلیاں تو نہیں کہ جس میں پڑنے سے تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ ہم گمراہ ہو جاویں گے اور راستی اور منزل مقصود تک نہیں پہونچ سکیں گے اور صراط مستقیم سے بھٹک کر کہیں دور نکل جائیں گے یہ خیال تمہارا سراسر لغو اور بیہودہ ہے بلکہ اللہ پاک اس گمان فاسد کی یوں تکذیب کرتا ہے قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ یعنی قرآن عربی زبان میں آیا ہے جو تمام زبانوں کی ماں ہے اور اُس میں کسی قسم کی کجی نہیں کہ جس سے گمراہ ہو سکیں بلکہ یہ اسلئے آیا ہے کہ تم متقی بنو۔ پھر فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَى عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَهُ عِوَجًا یعنی تمام محامد کے لائق وہی ذات پاک ہے جس نے اپنے بندہ پر اس کتاب کو اُتارا اور اس میں کسی قسم کا ٹیڑھا پن نہیں رکھا بلکہ فرمایا هٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا یعنی یہی کتاب میری صراط مستقیم کا پتہ دینے والی اور مجھ تک پہنچانے والی ہے اور پھر فرمایا وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا یعنی اے مسلمانو تم سب کے سب اللہ کی

کی اس رسّی یعنی قرآن کریم کو پکڑلو اور اس سے جدائی نہ کرو مبادا کہ تم پراگندہ ہوکر منزلِ مقصود سے بھٹک جاؤ اور پھر باہم مل نہ سکو۔

علاوہ ازیں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن ہی کو اپنا امام اور پیشوا بناؤ اُس کے سوا سب باتیں عبث ہیں چنانچہ اسکی تصدیق حدیث ذیل سے ہوتی ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّ شَرْطٍ لَیْسَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ فَھُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ کَانَ مِائَۃَ شَرْطٍ رَوَاہُ الْبَزَّارُ وَالنَّسَائِیُّ یعنی بزار اور امام نسائی نے حضرت عبداللہ ابن عباس سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہر ایک شرط جو قرآن میں نہو خواہ وہ سو ہی شرطیں کیوں نہوں سبکی سب باطل اور مردود ہیں دیکھو کنز العمال جلد اول صفحہ ۴۶ سلمین

ایک اور حدیث ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جبرئیل کے ذریعہ خاتم المرسلین صلوۃ اللہ وسلامہ کو خبر دی تھی کہ تیرے اس دُنیا سے کوچ کرنے کے بعد یہ اُمت بہت جلد ضلالت اور گمراہی کے گڑھے میں پڑنے والی ہے اس لئے اُس فدائی قوم اور خیر خواہ اُمت نے ایسے خطرناک نتائج اور انجام بد سے بچانے کے لیئے بار بار اپنے اصحاب کو کہا

اِنَّھَا سَتَکُوْنُ فِتْنَۃٌ قِیْلَ فَمَا الْمَخْرَجُ مِنْھَا قَالَ کِتَابُ اللّٰہِ فِیْہِ نَبَاءُ مَنْ قَبْلَکُمْ وَخَبَرُ مَنْ بَعْدَکُمْ وَحُکْمُ مَا بَیْنَکُمْ ھُوَ الْفَصْلُ لَیْسَ بِالْھَزْلِ مَنْ تَرَکَہٗ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَہُ اللّٰہُ وَمَنِ ابْتَغَی الْھُدٰی مِنْ غَیْرِہٖ اَضَلَّہُ اللّٰہُ وَھُوَ حَبْلُ اللّٰہِ الْمَتِیْنُ وَھُوَ الذِّکْرُ الْحَکِیْمُ وَھُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیْمُ ھُوَ الَّذِیْ لَا تَزِیْغُ بِہِ الْاَھْوَاءُ وَلَا تَشْبَعُ مِنْہُ الْعُلَمَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِہِ	تھوڑے عرصہ کے بعد ایک فتنہ برپا ہونیوالا ہے اور جب پوچھا گیا کہ اس سے نجات اور مخلصی کی کیا راہ ہے تو فرمایا کتاب اللہ سے نجات وابستہ ہے کیونکہ اسمیں تمسے پہلی اُمتوں کے قصے اور آنیوالی زمانہ کی خبریں ہیں اور یہی کتاب فیصل اور تمہاری حکم ہے کل نزاعوں کا فیصلہ کریگی اور وہ قول فیصل ہے جس میں ذرہ بھی ہزل نہیں جو ظالم زبردست اُسکو ترک کریگا خدا اُسکو کاٹ ڈالیگا اور جو اُسکو چھوڑ کر کسی اور چیز کو ذریعہ ہدایت سمجھے گا تو وہ ضلالت کے کنوئیں میں گریگا یہی اللہ کی طرف سے ایک مضبوط رسّی ہے جسکے سہارے انسان کنارِ امن وعافیت پر پہنچ سکتا ہے اور حکمت

اَلْاَلْسِنُ وَلَا یَخْلَقُ عَنِ الرَّدِّ وَلَا
تَنْقَضِیْ عَجَائِبُہٗ ھُوَ الَّذِیْ
لَمْ تَنْتَہِ الْجِنُّ اِذْ سَمِعَتْہُ اَنْ
قَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّھْدِیْ
اِلَی الرُّشْدِ مَنْ قَالَ بِہٖ صَدَقَ
وَمَنْ حَکَمَ بِہٖ عَدَلَ وَمَنْ
عَمِلَ بِہٖ اُجِرَ وَمَنْ دَعَا اِلَیْہِ
ھُدِیَ اِلَی الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ
رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ عَنْ عَلِیٍّ

کی بھری ہوئی نصیحت ہے جس سے آدمی فوائد کثیرہ
حاصل کرسکتا ہے یہی خط مستقیم ہے جس پر چلنے سے بشر
اللہ تک پہنچ سکتا ہے اور یہی ایک کتاب ہے
کہ جسکی پیروی کرنیسے انسانی خواہشوں میں کجی نہیں
آسکتی اور وہ نعمائے الٰہی کا ایسا خوان نعمت ہے
کہ حقہ علما اُس سے سیر نہیں ہوسکتے اور نہ زبانیں اُس سے
ملتبس ہوسکتی ہیں اور نہ وہ بار بار کی تکرار سے
کہنہ ہوسکتی ہے اور نہ عجائبات اُسکے کبھی ختم ہوسکتے
ہیں وہ ایسی کتاب ہے کہ جب اکھڑ آدمیوں نے بھی
اُسے سُن پایا تو پکار اُٹھے کہ ہمنے ایک عجیب کتاب سُنی ہے جو نیکی اور نیک کرداری کی رہنمائی کرتی ہے
جس شخص نے قرآن میں سے کہا اُسنے سچ کہا اور جسنے قرآن ہی کی رو سے حکم دیا اُسنے عدل کیا
اور جسنے اُسکے مطابق عمل کیا اُسکو اجر ملا اور جسنے اُسکی طرف بلایا اُسنے راہ راست کی طرف
ہدایت کی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۴۵

ایسا ہی مسند امام احمد بن محمد بن حنبل میں روایت حضرت علیؓ آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ اُمَّتَکَ
مَفْتُوْنَۃٌ بَعْدَکَ قُلْتُ لَہٗ
فَمَا الْمَخْرَجُ یَا جِبْرِیْلُ قَالَ
کِتَابُ اللّٰہِ فِیْہِ نَبَأُ مَا قَبْلَکُمْ
وَخَبَرُ مَا بَعْدَکُمْ وَحُکْمُ مَا بَیْنَکُمْ
وَھُوَ حَبْلُ اللّٰہِ الْمَتِیْنُ وَھُوَ الصِّرَاطُ
الْمُسْتَقِیْمُ وَھُوَ قَوْلٌ فَصْلٌ لَیْسَ
بِالْھَزْلِ اِنَّ ھٰذَا الْقُرْاٰنَ لَا یَلِیْہِ
مِنْ جَبَّارٍ فَیَعْمَلُ بِغَیْرِہٖ اِلَّا
قَصَمَہُ اللّٰہُ وَلَا یَبْتَغِیْ عِلْمًا

کہ جبریل میرے پاس آیا اور کہا کہ اے محمد صلعم تیری اُمت
تیرے بعد فتنہ میں پڑنیوالی ہے میں نے پوچھا
کہ اے جبریل بتاؤ میری اُمت اس فتنہ سے کیونکر
نجات پائیگی۔ اُسنے کہا کہ قرآن کریم ہی مخلصی کی
راہ ہوگی جس میں پہلوں اور پچھلوں کی خبریں
ہیں۔ اور قرآن ہی تمہارے معاملات بیش یا
افتادہ کیلئے حکم ہے وہ اللہ تعالیٰ کی مضبوط
رسی ہے اور اللہ تک پہنچانیکی سیدھی سڑک ہے
وہ فیصلہ کن کلام ہے جس میں کوئی ہنسی بات
نہیں۔ قرآن وہ کتاب ہے کہ اگر کوئی زبردست بھی

سِوَاهُ اِلَّا اَضَلَّهُ اللّٰهُ وَ لَا يُخْلُوْ عَنْ رَدٍّ هُوَ الَّذِیْ لَا تَفْنٰی عَجَائِبُهٗ مَنْ يَّقُلْ بِهٖ يَصْدُقْ وَمَنْ يَّحْكُمْ بِهٖ يَعْدِلْ وَمَنْ يَّعْمَلْ بِهٖ يُؤْجَرْ وَمَنْ يَّقْسِمْ بِهٖ يُقْسِطْ

اسکو چھوڑکر اور چیز پر عمل کریگا تو اللہ تعالیٰ اُسکو پاش پاش کردیگا اور جو شخص اُسکے سوا کسی اور چیز سے اپنا مقصود چاہیگا تو خدا اُسکو گمراہ ہی رکھے گا۔ اور قرآن کریم کسی کے تکرار سے کہنہ نہیں ہوجائیگا وہ تو ایسا دریائے ناپیدا کنار ہے کہ جسکے عجائبات ختم نہیں ہونے پائیں گے جو شخص قرآن کے مطابق کہیگا وہ سچ اور صحیح کہیگا اور جو اُسکی رو سے حکم کریگا تو اُسکا حکم عدل و انصاف پر مبنی ہوگا اور جو اُسکی تعلیم کیمطابق عمل کریگا اجر پائے گا اور جو اُسکے قواعد کے تحت میں تقسیم کریگا وہ سب ٹھیک اور درست ہوگی دیکھو کنز العمال جلد اول صفحہ ۴۵۔

مزید براں باہمی پھوٹ اور اختلاف سے اس پیارے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سخت ہی منع فرمایا ہے اور کہا ہے لَا تَخْتَلِفُوْا فَاِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ اخْتَلَفُوْا فَهَلَكُوْا رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ۔ بخاری نے ابن مسعودؓ سے روایت کی کہ باہم اختلاف نہ کرنا کیونکہ تمسے پہلی اُمتوں نے باہم اختلاف کیا اور آخر وہ برباد اور ہلاک ہوگئیں۔ دیکھو کنز العمال جلد اصفحہ ۴۵۔ اس سے واضح **حدیث** صحیح مسلم میں آئی ہے جس کو ابن عمرؓ نے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِاخْتِلَافِهِمْ فِی الْكِتَابِ یعنی تم سے پہلے جو اُمتیں ہوئی ہیں جب اُنھوں نے کتاب اللہ میں اختلاف کیا تو اللہ نے اُنکو تباہ اور غارت کردیا۔ دیکھو کنز العمال جلد

ان تمام واقعات سے صاف ظاہر ہے کہ اُس پیارے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جوش محبت و ولولہ شفقت سے قرآن حمید پر چلنے کے لئے کسقدر تاکید اور اختلاف کرنیسے کسقدر ڈرایا ہے۔ پھر اے **مسلمانو** اور اے **اُمّت مرحومہ** کے لوگو تمہیں کیا ہوگیا اور تمہاری عقلیں کیا ہوئیں تم اپنے تنازعات پیش پا اُفتادہ کے لئے **کلام اللہ** کو کیوں حکم نہیں بناتے اور اُس پاک مطہر کتاب کو اپنی کل ضروریات کا دارومدار کیوں نہیں ٹھیراتے اور کیوں اپنی جان کے دشمن بن رہے ہو۔ تم خدا کو ناراض کرکے راحت بخش زندگی کیونکر بسر کرسکتے ہو خدا کی خوشنودی کیوں حاصل نہیں کرتے۔ اور پیارے رسول (فِدَیْتُ

پاکی و اُمی علیہ السلام کی روحِ پاک کو کیوں رنج پہنچاتے ہو حالانکہ اُس غمخوار اُمت نے اس کتاب کے پہنچانے میں کیا کیا خون جگر کھایا اور کیسے کیسے مصائب اُٹھائے کہ جنکے سُنتے سے بدن کانپتا اور کلیجہ مُنہ کو آتا ہے۔ حیف اے مسلمانو کہ جس رسول نے اپنی ساری عمر تمہاری بھلائی اور بہبودی کیلئے بسر کر کے اتنا بڑا دُکھ اُٹھایا اور اس دُنیا میں تمہاری عزت و حرمت قائم کرنیکے سامان اور عالم آخرت میں راحت اور سرور بخش حیات حاصل کرنیکے ذرائع بہم پہنچانے میں اپنا خون پانی کی طرح بہایا اور ایک لمحہ بھی دنیا میں چین نہیں لیا اب بعد وفات بھی تم اپنی بداعمالیوں اور ناپاک کرتوتوں سے اُنھیں قبر میں بھی آرام نہیں لینے دیتے اور اُن کی روحِ مبارک کو دُکھ پر دُکھ پہنچاتے ہو اِتَّقُوا اللّٰہَ یَا اُولِی الْاَلْبَابِ اب بھی وقت ہے کہ سمجھ جاؤ اور کلام اللہ کو ہر امر میں اپنا مرجع بناؤ اور اسی سے اپنے اختلافات کو مٹاؤ ورنہ بجز دستِ تاسف ملنے اور رونے کے کچھ حاصل نہ ہوگا وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِیْنُ یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ کیوں تم ایسی کتاب کی طرف رجوع نہیں لاتے جسکی نسبت اللہ جل شانہ فرماتا ہے لَا یَاْتِیْہِ الْبَاطِلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَلَا مِنْ خَلْفِہٖ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَکِیْمٍ حَمِیْدٍ یعنی یہ کتاب ایسی ہے کہ جسقدر اس میں پہلی خبریں ہیں اور جسقدر مابعد کی پیشگوئیاں ہیں وہ سب حق ہیں اُن میں جھوٹ کو کچھ دخل نہیں اور اس کتاب کا نازل ہونا بطور کھیل نہیں بلکہ ایسی پُر حکمت باتوں سے بھری ہوئی ہے کہ اسکا پڑھنے والا کبھی اُٹھتا ہی سبحان اللہ وہ کیا ہی حمد کے لائق ذات ہے جس نے اسکو اُتارا ہے۔

شاید کوئی کہے کہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ جو کچھ قرآن حمید میں مندرج ہے وہ سب حق ہے لیکن اس میں اُن تمام باتوں کا ذکر نہیں جو انسانی ضروریات کے لئے مکتفی ہوسکیں سو اسکا جواب خود تبارک و تعالےٰ نے اپنی کتاب میں یوں دیا ہے نَزَّلْنَا عَلَیْکَ الْکِتٰبَ تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ وَّھُدًی وَّرَحْمَۃً وَّبُشْرٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ ۝ یعنی ہمنے تمپر ایسی کتاب اُتاری ہے جس میں ہر ایک چیز کا بیان جو انسان کے لئے ضروری ہے پورے طور پر کر دیا گیا ہے اور صرف بیان تک محدود نہیں رکھا بلکہ عملدرآمد کا طریق بھی بتا دیا ہے اور اسی پر اکتفا نہیں کیا کہ رستہ بتا دیا اور آگے انسان کو اپنی حالت پر چھوڑ دیا بلکہ نتیجہ بھی بتا دیا کہ ایسے فرماں بردار کو راحت بخش ابدی زندگی حاصل ہوگی اور نہ کسی قسم کا دُکھ ہوگا اور نہ کسی

مصیبت کا سامنا ہوگا۔ دیکھو سورۃ النحل ع ۱۲

اگر کسی کا یہ خیال ہو کہ دُنیا میں اہل اسلام کے جسقدر فرقے ہیں اُن سب میں اتفاق نہیں حالانکہ وہ سب قرآن شریف کو اپنا ماوائی وملجا سمجھتے ہیں اور اُسی سے استدلال لیتے اور استنباط مسائل کرتے ہیں سو اس کا جواب یہ ہے کہ ان کا اختلاف قرآن شریف کی وجہ سے نہیں بلکہ اُنھوں نے قرآن شریف کو پس پشت ڈال رکھا ہے اگر وہ قرآن حمید کی تعلیم پر عمل کرتے تو یہ اختلاف ہرگز وقوع میں نہ آتا کیونکہ قرآن حمید کا نزول تو صرف اختلاف کے مٹانے کیلیے دُنیا میں ہوا تھا۔ چنانچہ خود اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ یعنی ہمنے تمپر یہ کتاب اسواسطے نازل کی ہے کہ جسقدر اختلاف اہل کتاب میں ہیں اُنکو واضح کر کے دکھایا جاوے اور ظاہر کر دیا جاوے کہ یہ قرآن مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت کا موجب ہے پس اس سے کوئی گمراہی اور اختلاف پیدا نہیں ہو سکتا بلکہ یہ تو ایک ایسا شاہراہ ہے کہ جسپر چلنے سے انسان منزل مقصود تک پہنچ جاتا ہے۔ دیکھو سورۂ نحل ع ۸

اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ قرآن کریم کے بارہ میں جھگڑنا کفر ہے۔ چنانچہ حدیث ذیل سے اسکی تصدیق ہوتی ہے حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبِيْ ثَنَا يَزِيْدُ اَنَا زَكَرِيَّا عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ جِدَالٌ فِي الْقُرْاٰنِ كُفْرٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ۔ امام احمد بن حنبل نے عبداللہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے یزید سے اُسنے زکریا سے اُسنے سعید بن ابراہیم سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کریم کے بارہ میں جھگڑنا کفر ہے دیکھو مسند احمد جلد ۲ صفحہ ۲۵۸

اسکی وجہ یہ ہے کہ ہر ایک کو قرآن کریم کا فہم نہیں دیا گیا حالانکہ اسمیں عجیب در عجیب اسرار و معارف مرکوز ہیں اُسکے جوہری ہی اُسکی آب و تاب اور اصل حقیقت کے واقف ہو سکتے ہیں ہر کس و ناکس جوہری نہیں ہو سکتا۔

جب ثابت ہو گیا کہ قرآن شریف اختلاف کے مٹانے کے لیے دُنیا میں آیا ہے تو پھر یہ عذر پیش کرنا کہ لوگ قرآن ہی سے آیات نکالکر اپنی مطلب براری کرتے ہیں بالکل لغو اور جھوٹ ہے

وہ لوگ تو قرآن ہی کو اپنا پیشوا نہیں بناتے بلکہ اپنے خیال کی پرستش کرتے ہیں اگر قرآن کریم پر چلتے تو ہرگز ایک ذرہ کے برابر بھی اختلاف وقوع میں نہ آتا۔ اصل بات یہ ہے کہ اُن لوگوں نے قرآن حمید کے مطلب کو نہیں سمجھا کیونکہ قرآن شریف کیلئے ظہر اور بطن دونوں ہیں چنانچہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ یعنی صحیح بخاری وغیرہ میں حدیث ہے وَلِلْقُرْاٰنِ ظَهْرٌ وَّبَطْنٌ یعنی قرآن کا ظاہر بھی ہے اور باطن بھی۔ دیکھو مشکوٰۃ شریف صفحہ ۲۷۔ کتاب العلم

اور خواجہ محمد پارسا اپنی کتاب فصل الخطاب میں امام ابو عبدالرحمٰن بن حسین سلمی نیشاپوری کی کتاب حقائق التفسیر کے حوالہ سے روایت ذیل لائے ہیں۔

فَقَدْ رُوِیَ عَنْ عَلِیٍّ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ مِنْ قَوْلِهٖ وَقَدْ رُوِیَ مُسْنَدًا اَیْضًا اِلَی النَّبِیِّ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَنَّهٗ قَالَ لِکُلِّ اٰیَةٍ ظَهْرٌ وَّبَطْنٌ وَلِکُلِّ حَرْفٍ حَدٌّ وَّمَطْلَعٌ وَفِیْ بَعْضِ رِوَایَاتِهٖ اَنَّ لِلْقُرْاٰنِ ظَهْرًا وَّبَطْنًا وَّحَدًّا وَّمَطْلَعًا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے اور ایسا ہی باسناد نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام تک روایت کی گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر آیت کیلئے ظہر و بطن ہے اور ہر حرف کیلئے ایک حد اور مطلع ہے اور دوسری روایت میں بہ تبدیل الفاظ یہی مطلب ہے۔ دیکھو فصل الخطاب قلمی موجودہ کتب خانہ حضرت خلیفۃ المسیح

جب کلام اللہ کا ظاہر و باطن ہوا تو اکثر علما کی تگ و دو ظاہر تک رہتی ہے باطن تک اُنکی عقل کی رسائی نہیں ہوتی اور ظاہری الفاظ پرستی پر جمے رہتے ہیں چونکہ قسّام ازل نے اُن کو وہ دقیق سمجھ عطا نہیں کی ہوتی جو باطن تک پہنچنے کے لئے مدد دیتی ہے اسواسطے وہ اُن لوگوں پر زبان طعن دراز کرتے ہیں جو اپنے خداداد قویٰ کے زور سے جو محض ارحم الراحمین خدا کے فضل سے اُنکو حاصل ہوتے ہیں معارف قرآنی و اسرار باطنی ظاہر کرتے ہیں اور اُن والوں کی اپنی ہی کی عقل و نقص فہم ہے جسکی وجہ سے ان معارف و حقائق پر اعتراض کر بیٹھتے ہیں۔

علاوہ ازیں یہ علما ظواہر جو اپنے دعوے میں اَلنُّصُوْصُ تَحْمِلُ عَلٰی ظَوَاهِرِهَا پیش کیا کرتے ہیں اپنی بات پر قائم نہیں رہتے بلکہ خود بھی بہت سی آیات قرآنی کے معنی ظاہر پر قبول نہیں کرتے اور باطنی ہی معنی لیتے ہیں چنانچہ ہم مثال کے طور پر چند ایک آیات پیش کرتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔

(۱) وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى یعنی جب تو نے کنکریاں پھینکیں تو نے نہیں پھینکیں بلکہ خدا نے۔ کیا ان ظاہر پرست علما کا یہ ایمان ہے کہ اُسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خدا بن گئے تھے۔ یا واقعہ میں اُنہوں نے کنکریاں نہیں ڈالی تھیں۔

(۲) مَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى یعنی جو اس دُنیا میں اندھا ہے وہ عالمِ آخرت میں بھی اندھا ہے۔ کیا ان کا یہ یقین ہے کہ نابینا لوگ اُس جہان میں نابینا ہی ہونگے۔

(۳) اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ۔ یعنی نماز کو قائم کرو۔ کیا کسی کا ایمان ہے کہ نماز کوئی جسم رکھتی ہے جسکو کھڑا کرنا مقصود ہے۔

(۴) صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً یعنی اللہ کا رنگ اختیار کرو اور اللہ سے رنگ میں کون اچھا ہے۔ کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ اللہ کا کونسا رنگ ہے سفید ہے یا سُرخ ہے یا سبز ہے یا کیا ہے۔

(۵) كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ یعنی تم پر روزے لکھے گئے۔ کوئی عالم ظاہر پرست دکھلا سکتا ہے کہ اُسکے کس حصہ بدن پر روزوں کی شکل لکھی ہوئی ہوتی ہے۔

(۶) هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ وہ یعنی عورتیں تمہارا لباس ہیں اور تم اُنکے لباس ہو۔ کیا کوئی ہے جو بتائے کہ عورتیں کونسا لباس ہیں۔ آیا دستار مبارک ہیں یا ازار ہیں یا چادر یا کرتہ ہیں۔

(۷) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ یعنی ہم کو سیدھا رستہ دکھلا۔ بتاؤ وہ کونسی سڑک یا پگڈنڈی ہے جس پر چلیں۔ آیا کنکر کی بنی ہوئی ہے یا کچی ہے۔

(۸) وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا یعنی سب ملکر اللہ کی رسی کو پکڑ لو بتاؤ وہ رسی مونجھ کی ہے یا سوت کی یا سن کی

(۹) خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ یعنی اللہ نے اُن لوگوں کے دلوں اور اُنکے کانوں پر مُہر کر دی ہے اور اُنکی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے کوئی بتا سکتا ہے کہ وہ کون کون لوگ ہیں جنکے دلوں اور کانوں کے اوپر مُہر اور اُنکی آنکھوں کے اوپر پردہ پڑا ہوا ہے۔ وہ مُہر کس دھات کی ہے۔ آیا یہی موم یا لاخ کی مُہر لگی ہوتی ہے

جو لوگ پارسلوں یا رجسٹریوں پر کیا کرتے ہیں۔

(۱۰) یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی تِجَارَةٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ اے ایمان والو کیا تمہیں ایک ایسی تجارت بتاؤں کہ جس سے تم عذاب الیم سے بچ جاؤ۔ وہ کونسی تجارت ہے اسکی ظاہری صورت بتائی جائے۔ آیا مویشیوں کی تجارت ہے یا غلہ کی یا میوہ جات یا لکڑی لوہا وغیرہ کی"۔ سیکڑوں آیات اس قسم کی ہیں جنکے معنے یہ لوگ ظاہر پر نہیں کرتے لیکن ہم ان تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ پر اکتفا کرتے ہیں اور ہم پوچھتے ہیں کہ اے بھلے مانسو جب تم خود ظواہر پر ہر جگہ عمل کرنیسے عاجز ہو تو پھر تم ایسے بزرگ کو جو دین کا آفتاب ہو اور جسکو باطنی علوم سے بہرہ کامل دیا گیا ہو جب وہ معنے آیات کے کھولے تو کیوں بُرا کہتے اور مخالفت پر آمادہ ہو جاتے ہو۔ حالانکہ لاکھوں اولیاء اللہ کا تجربہ ہو چکا ہے کہ وقت کے ظاہر پرست علما نے انکو انکے باطنی معانی ظاہر کرنے پر تکفیر و تکذیب کی تھی مگر بعد کی نسلوں نے انھی کافر شدہ لوگوں کو سچا اور راستباز مانا ہے۔ پھر تم کیوں وہی طریق اختیار کرتے ہو کیا لَا یُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَّاحِدٍ کہ مومن ایک ہی سوراخ سے دوبارہ کاٹا نہیں جاتا۔ نہیں پڑھتے۔

ہاں بعض علما اپنی کوتاہ فہمی سے کہتے ہیں کہ قرآن میں آیات متشابہات ہیں جنکے معانی کسی پر نہیں کھلتے اور وہ قیامت کو جا کر کھلیں گے۔ اصل میں یہ لوگ قرآنِ حمید پر غور و فکر نہیں کرتے اور اپنے قلتِ تدبر کیوجہ سے ایسی بات منہ سے نکال دیتے ہیں ورنہ متشابہات کو لاینحل سمجھنا سخت غلطی ہے متشابہات کے معنی تو ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوئے کے ہیں۔ اور وہ آیات ایسی ہیں کہ ایک دوسری آیات کی مدد سے حل ہو جاتی ہیں اور جب دوسری آیات سے مدد نہ لی جائے تو ہر فہم کے انسان کے لیئے اُن کا حل کرنا مشکل ہوتا ہے لیکن فی الاصل وہ کوئی لاینحل اور ادق نہیں ہوتیں۔

اول ہم اُن آیات کو بیان کر دیتے ہیں جنمیں لفظ متشابہات اور محکمات آیا ہے اور پھر بتائیں گے کہ محکمات اور متشابہات کے کیا معنے ہیں۔ سو واضح ہو کہ قرآن شریف میں تین صورتوں میں یہ الفاظ آئے ہیں ایک مقام پر تو یوں ہے کِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰیٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِیْمٍ خَبِیْرٍ یعنی یہ کتاب ایسی شان والی ہے کہ اسکی کل آیات محکم ہیں اور حکیم خبیر کیطرف سے اسکی تفصیل بھی دی گئی ہے دیکھو سورۂ ھود ع۱ اور قرآن حمید کے

دوسرے مقام پر ہے اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِهًا یعنی اللہ نے ایک نہایت ہی عمدہ بات یعنی کتاب اُتاری ہے جو متشابہ ہے۔ اس جگہ معلوم ہوتا ہے کہ کل قرآن متشابہ ہے دیکھو سورۃ الزمر ع۱ اور تیسرے مقام پر یوں ہے هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ یعنی وہ ذات پاک ہے جس نے تجھ پر کتاب اُتاری ہے اور اُس کتاب کا ایک حصہ تو محکمات ہے جسکو اُم الکتاب کہہ سکتے ہیں اور دوسرا متشابہات دیکھو سورۂ آل عمران ع۱ اب اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ بعض آیات محکم اور بعض متشابہات ہیں۔

اب اُن آیات سے تین مختلف بیان پائے جاتے ہیں جو بظاہر ایک دوسرے کے مخالف ہیں اور ظاہر پرست علما تو فوراً اس بات کے اقرار کرنے پر مستعد ہو جائیں گے کہ گو تین مختلف بیان ہیں تو بھی کیا حرج ہے لیکن آیت وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِیْهِ اخْتِلَافًا كَثِیْرًا۔ اگر قرآن شریف خدا کے سوا کسی اور کا کلام ہوتا تو اُسمیں تو لوگ بڑا ہی اختلاف پاتے۔ اسکی تکذیب کرتی ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کے کلام میں اختلاف کا ہونا محال ہے۔ پس ایسی حالت میں اگرچہ آیات خدا تعالیٰ کی طرف سے ہیں تو ضرور لازمی ہوا کہ اُنکی باہم تطبیق ہو ورنہ وہ خدا کا کلام نہیں ہو سکتا۔ سو واضح ہو کہ قرآن کریم بنی نوع انسان کے فہم کے مطابق نازل ہوا ہے اور جہانتک ہم اس عالم کون و فساد میں بنظر عمیق دیکھتے ہیں تو تین قسم کے فہم کے ہی انسان دُنیا میں نظر آتے ہیں۔ ایک تو عوام ہوتے ہیں جنکو کوئی بات بتائی جائے تو سمجھ سکتے ہیں ورنہ نہیں ایسے لوگوں کے لیے تو سارا قرآن متشابہ ہوتا ہے اور ایک گروہ اعلیٰ درجہ کے عقلمندوں کا ہوتا ہے جنکو راسخون فی العلم کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے اُنکے نزدیک کل قرآن شریف محکم ہوتا ہے اور تیسرا گروہ وہ ہے جو اُنکے مابین واقع ہے یعنی ظاہر پرست علما کا جنکی سمجھ دقیق اور معرفت کامل نہیں ہوتی اُنکے نزدیک کچھ حصہ قرآن کا محکم اور باقی متشابہ ہوتا ہے۔ جب راسخین فی العلم اسرار و معارف ظاہر کرتے ہیں تو یہی علمائے ظواہر اُنکے پیچھے پڑتے اور فساد برپا کرتے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے انہی علما کا نقشہ آیات ذیل میں کھینچا ہے فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا یعنی

جن لوگونکے دلوں میں کجی ہے تو وہ متشابہ کی پیروی کرتے ہیں تاکہ فتنہ برپا کریں اور پھر وہ چاہتے ہیں کہ اسطرح سے اسکی حقیقت تک پہنچ جائیں حالانکہ اسکی تاویل اللہ تعالیٰ اور راسخون فی العلم کے سوا کوئی نہیں جانتا اور راسخون فی العلم کا یہ ایمان ہے اور وہ کہتے ہیں کہ محکم اور متشابہ سب اللہ کی طرف سے ہیں۔ اِن آیات سے ظاہر ہوتا ہے کہ جنکے دلوں میں صفائی نہیں ہوتی بلکہ تکبر اور غرور اور دیگر معاصی کا زنگ اُنکے دلوں پر بیٹھا ہوا ہوتا ہے وہ قرآن شریف کے اس حصہ کو نہیں سمجھ سکتے جو باریک اسرار اور معارف سے پُر ہوتا ہے یہ حصہ اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کے لیئے خاص کیا ہے جو راسخ فی العلم ہیں۔

متشابہات کے معنی میں بہت اختلاف کیا گیا ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ ہم ان اقوال کو نقل کرنا موجب طوالت سمجھتے ہیں۔ مگر ذیل میں بعض کے اقوال نقل کرتے ہیں۔

۱ تفسیر ابن جریر جلد ۳ صفحہ ۱۰ میں محکمات اور متشابہات کی نسبت یوں وارد ہے

وَقَالَ آخَرُونَ الْمُحْكَمَاتُ مِنْ آيِ الْكِتَابِ مَا أَحْكَمَ اللهُ فِيهِ بَيَانَ حَلَالِهِ وَحَرَامِهِ۔ وَالْمُتَشَابِهُ مِنْهَا مَا أَشْبَهَ بَعْضُهُ بَعْضًا فِي الْمَعَانِي وَإِنِ اخْتَلَفَتْ أَلْفَاظُهُ	اور دوسروں نے کہا ہے کہ محکمات قرآن کریم کی وہ آیات ہیں کہ جنمیں اللہ تعالیٰ نے حلال اور حرام کا ذکر بیان فرمایا ہے اور متشابہ وہ آیات ہیں جو معانی میں ایک دوسری ملتی جلتی ہوئی ہوں خواہ الفاظ میں اختلاف ہی کیوں نہو۔

اسی کی تائید ذیل کی روایت سے ہوتی ہے۔

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ ثَنَا عَاصِمٌ عَنْ عِيسَى عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ فِي قَوْلِهِ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ مَا فِيهِ مِنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ وَمَا سِوَى ذَلِكَ هُوَ مُتَشَابِهٌ يُصَرِّفُهُ بَعْضَهُ بَعْضًا وَهُوَ مِثْلُ قَوْلِهِ وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِينَ وَمِثْلُ قَوْلِهِ وَالَّذِينَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى آتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ	میرے پاس محمد بن عمرو نے بیان کیا اور اُسکے پاس ابو عاصم نے عیسیٰ سے اُسنے ابن ابی نجیح سے اُسنے مجاہد سے خدا تعالیٰ کے اس قول کی بابت بیان کیا کہ قرآن کریم کی بعض آیات محکمات ہیں اُنمیں حلال اور حرام کا ذکر ہے اور جو آیات اُنکے سوا ہیں وہ متشابہ ہیں جو ایک دوسرے پر پھرتی ہیں اور ایسی ہیں جیسے مَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِينَ اور جیسے كَذَلِكَ يَجْعَلُ اللهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اور جیسے وَالَّذِينَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى آتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ

۱ مثل کذالک یجعل اللہ الرجس علی الذین لا یومنون۔

پس اس تمام کلام سے صاف واضح ہے کہ محکمات وہ آیات ہیں جنمیں عمل کیلئے حلال وحرام کا ذکر ہے جسکو ہر آدمی بخوبی سمجھ سکتا ہے اور باقی جسقدر آیات ہیں وہ سب متشابہات ہیں جو بغیر ایک دوسرکی مدد کے اُنکے پورے معانی حل نہیں ہو سکتے

بخاری میں مجاہد کی تفسیر سے متشابہ کے معنی لکھے ہیں یُفَسِّرُ بَعْضُهُ بَعْضًا یعنی متشابہ اسکو کہتے ہیں جو ایک دوسرے کی مدد سے حل ہو جائے اور قرآن کریم میں کوئی آیت باہم مخالف ومتضاد نہ رہے۔ بلکہ ایک آیت دوسری آیت کی تفسیر ہو۔

اسکی تصدیق حدیث ذیل سے ہوتی ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ حَدَّثَنِي أَبِي ثَنَا أَنَسُ ابْنُ عِيَاضٍ ثَنَا أَبُو حَازِمٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ لَقَدْ جَلَسْتُ أَنَا وَأَخِي مَجْلِسًا مَا أُحِبُّ أَنَّ لِي بِهِ حُمْرَ النَّعَمِ أَقْبَلْتُ أَنَا وَأَخِي وَإِذَا مَشْيَخَةٌ مِنْ صَحَابَةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُلُوسٌ عِنْدَ بَابٍ مِنْ أَبْوَابِهِ فَكَرِهْنَا أَنْ نُفَرِّقَ بَيْنَهُمْ فَجَلَسْنَا حَجْرَةً إِذْ ذَكَرُوا آيَةً مِنَ الْقُرْآنِ فَتَمَارَوْا فِيهَا حَتَّى ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمْ فَخَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا قَدِ احْمَرَّ وَجْهُهُ يَرْمِيهِمْ بِالتُّرَابِ وَيَقُولُ مَهْلًا يَا قَوْمِ بِهَذَا أُهْلِكَتِ الْأُمَمُ مِنْ قَبْلِكُمْ بِاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ وَضَرْبِهِمُ الْكُتُبَ بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ

امام احمد بن حنبل نے روایت کی ہے کہ میرے پاس عبد اللہ نے اُنکے پاس اُنکے باپ نے اُنکے پاس انس بن عیاض نے اُنکے پاس ابو حازم نے اُنکے پاس عمرو بن شعیب نے اُنکے پاس اُنکے باپ نے اُنکے پاس اُنکے دادا نے بیان کیا کہ میں اور ایک میرا بھائی ایک جگہ بیٹھے جسکو ہم بہت ہی پسند کرتا تھا اور وہاں میں اور میرا بھائی دونوں آکر گئے تو وہاں کچھ صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپکے ایک دروازہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور ہمنے انکے الگ بیٹھنا پسند نہ کیا بلکہ ہم بھی اُس حجرہ پر بیٹھ گئے پھر اُنہوں نے ایک آیت قرآنی کا ذکر کیا اور اُسمیں وہ جھگڑنے لگے یہانتک کہ اُنکی آواز بلند ہو گئی۔ اسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غضبناک باہر تشریف لائے اور آپکا چہرہ مبارک سُرخ تھا اور اُنپر مٹی جھٹکتے تھے اور کہتے تھے اے قوم خاموش!!! اسی سبب سے جو قومیں تم سے پہلے تھیں اپنے انبیا کی اختلاف کرنے اور بعض آیات کو بعض پر لگانے سے ہلاک ہو گئیں

اَنَّ الْقُرْاٰنَ لَمْ یُنْزَلْ یُکَذِّبُ بَعْضُہٗ بَعْضًا بَلْ یُصَدِّقُ بَعْضُہٗ بَعْضًا فَمَا عَرَفْتُمْ مِنْہُ فَاعْمَلُوْا بِہٖ وَمَا جَہِلْتُمْ مِنْہُ فَرُدُّوْہُ اِلٰی عَالِمِہٖ۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ

یہ قرآن کریم اسواسطے نازل نہیں ہوا کہ بعض حصہ بعض کی تکذیب کرے بلکہ ایک حصہ دوسرے کی تصدیق کرتا ہے پس جسکی سمجھ تمکو آجائے اسی پر عمل کرو اور جو نہیں سمجھتے اسکو علماء سے جاکر پوچھو۔ مسند احمد جلد ۲ صفحہ ۱۸۱

مگر ہمارے نزدیک وہ جو آیا ہے وَلِلْقُرْاٰنِ ظَہْرٌ وَّبَطْنٌ جسکی تصدیق حدیث ذیل سے ہوتی ہے۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ لِکُلِّ اٰیَۃٍ مِنْہَا ظَہْرٌ وَّبَطْنٌ وَلِکُلِّ حَدٍّ مَطْلَعٌ رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ یعنی ابن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن کریم سات لغت پر نازل ہوا ہے جسکی ہر آیت میں ظہر اور بطن ہے اور ہر ایک آیت کی ایک حد اور مطلع ہوتا ہے یہ روایت شرح السنہ میں مذکور ہے۔ دیکھو مشکوۃ صفحہ ۲۷ کتاب العلم۔ اس ظہر اور بطن سے مراد محکم اور متشابہ سے ہے یعنی محکم مترادف ظہر اور متشابہ مترادف بطن ہے اور صرف ہمارا ہی خیال نہیں بلکہ اسکی تائید خود قرآن کریم کی اس آیت مِنْہُ اٰیٰتٌ مُّحْکَمٰتٌ ہُنَّ اُمُّ الْکِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِہٰتٌ سے ہوتی ہے کیونکہ محکمات کو ام الکتاب کہا گیا ہے۔ جب محکم بمرتبہ ماں کے ہوئی تو جو کچھ اسکے اندر سے بطور اولاد کے خارج ہوگا وہی متشابہات ہوئے۔ اور اسی کا نام حدیث میں بطن آتا ہے۔ پس جب قرآن شریف حامل ظہر و بطن ہوا تو پھر علماء ظواہر کیونکر بطور خود بطن کی حقیقت کو پہونچ سکتے ہاں اگر کسیکو اللہ تعالیٰ توفیق رفیق عطا کرے اور اسکو راسخ فی العلم کا درجہ عطا ہو جائے تو وہ اسکی تاویل سمجھنے کے لائق ہو سکتا ہے۔

عبارت متذکرۂ بالا میں چار لفظ آئے ہیں ایک ظہر اور ایک بطن اور ایک حد اور ایک مطلع اور چونکہ یہ عام فہم نہیں ہیں اسلیئے ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ جو بزرگان دین نے انکے معنی ظاہر کیئے ہیں وہ بیان کر دیئے جائیں تاکہ پڑھنے والونکو دقت پیش نہ آئے۔ خواجہ محمد پارسا نے اسکے معنی یوں کیئے ہیں اَنَّ الظَّہْرَ ہُوَ التَّفْسِیْرُ وَالتَّفْسِیْرُ کَشْفُ ظَاہِرِ الْکَلَامِ وَالْبَطْنُ ہُوَ التَّاوِیْلُ وَالتَّاوِیْلُ کَشْفُ بَاطِنِہٖ وَالتَّاوِیْلُ مُخْتَلِفٌ عَجِیْبٌ بِحَسَبِ اَحْوَالِ الْمُسْتَمِعِ وَاَوْقَاتِہٖ فِیْہِ یَتَسَلَّکُہٗ

وَتَفَاوُتِ دَرَجَاتِہٖ وَکُلَّمَا مَنْ تَرَقّٰی عَنْ مَقَامِہٖ اِنْفَتَحَ لَہٗ بَابُ فَھْمٍ جَدِیْدٍ وَاطَّلَعَ بِہٖ عَلٰی لَطِیْفِ مَعْنًی عَلِیْدٍ وَالْحَدُّ یَتَنَاھٰی اِلَیْہِ الْفَھْمُ وَالْمَطْلَعُ مَا یَصْعَدُ اِلَیْہِ مِنْہُ فَیَطَّلِعُ عَلٰی شُھُوْدِ الْمَلِکِ الْعَلَّامِ یعنی ظہر تفسیر ہوتی ہے اور تفسیر اُس کا نام ہے جو کلام ظاہر کو پورا کھولکر دکھائے۔ اور بطن تاویل کو کہتے ہیں اور تاویل وہ کیفیت ہے جو کسی چیز کے باطن کا حال کھولدے اور تاویل سُننے والیکے احوال اور اوقات کے موافق مختلف ہوتی ہے یعنی جوں جوں اُسکے مراتب سلوک اور درجات میں فرق ہوگا ویسا ہی اُسکے سمجھے میں فرق ہوگا اور جب وہ اپنے مقام سے ترقی کرنے لگتا ہے تو ایسا ہی اُسکے لیے فہم جدید کا دروازہ کھُل جاتا ہے حتی کہ وہ اُسکے لطیف اور عمدہ معانی پر آگاہ ہوجاتا ہے۔ اور حد وہ مقام ہے کہ جہاں کلام کے معنی کے رو سے فہم انسان کی رسائی ہو اور اس سے آگے تجاوز نہ کرسکے اور مطلع وہ مقام ہے کہ انسان صعود کرتا کرتا ملک العلام کے شہود پر مطلع ہوجائے۔ دیکھو فصل الخطاب قلمی صفحہ ۲۳

یہ تو معنی ہوئے اُن مصطلحات کے جو عبارت بالا میں آگئی تھیں۔ اب یہاں پر راسخین کے معنے بیان کرنا بھی ضروری سمجھتے ہیں تاکہ ناظرین کو راسخ فی العلم کی کیفیت سے ناواقفیت نہ رہے سو واضح ہو کہ ہم اس لفظ پر زیادہ بحث کرنا باعثِ طوالت خیال کرتے ہیں۔ اسلیے ہم صرف ایک مشہور بزرگ کے معنی بیان کرتے ہیں جنہوں نے راسخون فی العلم کی نسبت بحث کی ہے اور وہ بزرگ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی ہیں جنہوں نے اپنے مکتوبات میں یوں تحریر کیا ہے "ونصیب علماء راسخین کہ ورثۂ انبیا اند علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات بآنہم کہ علمائے ظواہر دارند و بآنچہ صوفیاں بآں ممتاز اند اسرار دقائق است کہ در متشابہات قرآنی رمزے و اشارتے بآں رفتہ است و بسبیل تاویل اندراج یافتہ فہم آنہا ملون فی المتابعت والمحققون بالوراثۃ ایشاں بسبیل تبعیت و وراثت شریک دولت خاص انبیا اند علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات و محرم بارگاہ۔ لاجرم شرف کرامت علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل مشرف گشتہ اند" یعنی علماء راسخین جو انبیا علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے وارث ہیں وہ علمائے ظواہر کے علوم میں بھی بہرہ وافر رکھتے ہیں اور صوفیائے کرام کے علوم میں بھی مہارت تام اُنکو حاصل ہے اور صوفیہ کرام جن علوم پر ممتاز ہیں وہ اسرار اور دقائق ہوتے ہیں جنکا اشارہ متشابہات قرآنیہ میں ہے۔

یہی لوگ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کی پوری تابعداری کی وجہ سے اُنکی دولت خاص میں شریک اور اُنکے علوم کے وارث اور بارگاہ رب العزت کے محرم راز ہوتے ہیں۔ لہذا وہ اس بزرگ شرف یعنی عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْل سے مشرف ہوتے ہیں۔ دیکھو مکتوب ۱۳۱ جلد ثانی مکتوبات صفحہ ۱۲۵

اور دوسری جگہ مجدد الف ثانی صاحب لکھتے ہیں اِیَّاکُمْ مِنَ الرَّاسِخِیْنَ فِی الْعِلْمِ اے برادر حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کتاب مجید خود را دو قسم ساخت محکمات و متشابہات۔ قسم اول منشار علم شرائع واحکام ست وقسم ثانی مخزن علم حقائق واسرار۔ ید و وجہ و قدم وساق واصابع وانامل کہ در قرآن وحدیث آمدہ است ہمیں متشابہات ست ہمچنیں حروف مقطعات کہ در اوائل قرآن وارد شدہ اند نیز متشابہات اند کہ بر تاویل آنہا اطلاع نداوہ اند مگر علمار راسخین را۔

از حروف مقطعات قرآنی چہ نویسد کہ ہر حرفے ازاں حروف بحریست مواج از اسرار خفیہ عاشق ومعشوق ورمزیست فاض از رموز دقیقہ محب ومحبوب۔ ومحکمات ہر چند اُمہات کتاب اند اما نتائج وثمرات آن کہ متشابہات اند از مقاصد کتاب اند اُمہات از وسائل بیش نیستند از برائے حصول نتائج پس لب کتاب متشابہات اند ومحکمات کتاب قرآن۔ لب متشابہات اند کہ بر مز واشارہ بیان اصل مینمایند واز حقیقت معاملہ آں مرتبہ نشاں میدہند بخلاف محکمات متشابہات حقائق اند ومحکمات نسبت بہ متشابہات صور آں حقائق۔ یعنی جزو راسخین فی العلم بجو۔ اے بھائی خدا تعالیٰ نے اپنی کتاب مجید کو دو قسم کا بنایا ہے ایک محکمات ایک متشابہات۔ اول قسم کا منشار شریعتوں اور احکام سے ہے اور دوسری قسم کی منشار حقائق واسرار کے علم کے خزانہ سے ہے۔ ید۔ وجہ۔ قدم۔ ساق۔ اصابع اور انامل کہ جنکا ذکر قرآن وحدیث میں آیا ہے سب کے سب متشابہات ہیں ایسا ہی حروف مقطعات بھی کہ قرآن کے اول میں آئے ہیں متشابہات ہیں کہ جنکی حقیقت سے بجز علمار راسخین اطلاع نہیں دیگئی حروف مقطعات قرآنی کے بارہ میں کیا لکھوں کہ اُن میں سے ہر حرف عاشق ومعشوق کے اسرار خفیہ کا ایک بحر مواج ہے اور محب اور محبوب کے باریک رموز سے گہری رمز ہے کہ محکمات جتنا کہ امہات کتاب ہیں وتناہی اُسکے نتائج وثمرات جو متشابہات ہیں کتاب اللہ کے مقاصد ہیں۔ اُمہات نتائج کے حصول کے لئے وسائل سے بڑھکر نہیں ہیں۔ پس کتاب کا لُب تو متشابہات ہیں اور محکمات کتاب قرآن متشابہات کا لب ہیں جو رمز اور اشارہ سے اصل کا بیان کرتے ہیں اور اس مرتبہ کے معاملہ کی حقیقت سے نشان دیتے ہیں بخلاف محکمات متشابہات حقائق ہیں اور محکمات متشابہات کی

یہی لوگ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی پوری تابعداری کی وجہ سے اُن کی دولت خاص میں شریک اور اُن کے علوم کے وارث اور بارگاہ رب العزت کے محرم راز ہوتے ہیں۔ لہذا وہ اس بزرگ شرف یعنی عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ سے مشرف ہوتے ہیں۔ دیکھو مکتوب ۱۳ جلد ثانی مکتوبات صفحہ ۲۵-۲۶ +

اور دوسری جگہ مجدد الف ثانی صاحب لکھتے ہیں۔ اِیَّاکُمْ مِنَ الرَّاسِخِیْنَ فِی الْعِلْمِ ای برادر حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کتاب مجید خود را دو قسم ساخت محکمات ومتشابہات قسم اول منشاء علم شرائع واحکامات وقسم ثانی مخزن علم حقائق واسرار۔ ید و وجہ وقدم وساق واصابع وانامل کہ در قرآن وحدیث آمدہ است ہمہ متشابہات است ہمچنیں حروف مقطعات کہ در اوائل قرآن وارد شدہ اند نیز متشابہات اند کہ بر تاویل آنہا اطلاع نہ دادہ اند مگر علماء راسخین را۔ از حروف مقطعات قرآنی چہ نویسد کہ ہر حرفے ازاں حروف بحریست مواج از اسرار خفیہ عاشق ومعشوق و رمزیست غامض از رموز دقیقہ محب ومحبوب ومحکمات ہر چند امہات کتاب اند اما نتائج وثمرات آن کہ متشابہات اند از مقاصد کتاب اند امہات از وسائل بیش نیستند از برائے حصول نتائج۔ پس لب کتاب متشابہات اند ومحکمات کتاب قرآن لب متشابہات اند کہ بر مزو اشارہ بیان اصل مے نمایند واز حقیقت معاملہ آں مرتبہ نشان میدہند بخلاف محکمات متشابہات حقائق اند ومحکمات نسبت بہ متشابہات صور آن حقائق۔ یعنے خبردار راسخین فی العلم سے بچو اے بھائی خدا تعالیٰ نے اپنی کتاب مجید کو دو قسم کا بنایا ہے ایک محکمات اور ایک متشابہات اول قسم کا منشا شرائع اور احکام سے ہے اور دوسری قسم کا منشا حقائق اور اسرار کے خزانہ علم سے ہے۔ ید۔ وجہ۔ قدم۔ ساق۔ اصابع اور انامل کہ جنکا ذکر قرآن وحدیث میں آیا ہے سب کے سب متشابہات ہیں ایسا ہی حروف مقطعات بھی کہ قرآن کے اول میں آئے ہیں متشابہات ہیں کہ جنکی حقیقت پر بجز علماء راسخین اطلاع نہیں دی گئی حروف مقطعات قرآنی کے بارہ میں کیا لکھوں۔ کہ اُن میں سے ہر حرف عاشق ومعشوق کے لئے اسرار خفیہ کا ایک بحر مواج ہے اور محب اور محبوب کے باریک رموز میں سے ایک گہری رمز ہے کہ محکمات جتنا کہ امہات کتاب ہیں لیکن وہ تو ہی اُس کے نتائج وثمرات جو متشابہات ہیں کتاب اللہ کے مقاصد ہیں۔ امہات نتائج کے حصول کے لئے وسائل سے بڑھکر نہیں ہیں پس کتاب کا لب تو متشابہات ہیں اور محکمات کتاب قرآن متشابہات کا لب ہیں جو رمز اور اشارہ سے اصل کا بیان کرتے ہیں اور اسی مرتبہ کے معاملہ کی حقیقت سے نشان دیتے ہیں بخلاف محکمات متشابہات حقائق ہیں اور محکمات

متشابہات کی نسبت اُن حقائق کی صورتیں ہیں دیکھو مکتوبات امام ربانی مکتوب ۲۷۶ صفحہ ۳۵۶ و ۳۵۷ +

جب ہم اصحاب رسول اللہ صلعم اور آئمہ پر غور کرتے ہیں تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ ہر حالت میں قرآن شریف ہی کو مقدم سمجھا جاتا تھا چنانچہ حدیث کی تمام کتابوں میں حضرت عمرؓ کا یہ قول لکھا ہے حَسْبُنَا کِتَابُ اللّٰہِ ہمیں کتاب اللہ یعنی قرآن شریف ہی کافی ہے اور دوسری جگہ حَسْبُکُمْ کِتَابُ اللّٰہِ فرمایا ہے یعنی کتاب اللہ تم کو کافی ہے۔ دیکھو مشکوٰۃ شریف صفحہ ۵۴۰ باب وفات النبی صلی اللہ علیہ وسلم +

روضۃ العلما میں بروایت صاحب ہدایہ نقل ہے +

عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ اِذَا قُلْتُ قَوْلًا وَکِتَابُ اللّٰہِ یُخَالِفُہٗ قَالَ اُتْرُکُوْا قَوْلِیْ بِکِتَابِ اللّٰہِ فَقِیْلَ اِذَا کَانَ خَبَرُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُخَالِفُہٗ قَالَ اُتْرُکُوْا قَوْلِیْ بِخَبَرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقِیْلَ اِذَا کَانَ قَوْلُ الصَّحَابَۃِ یُخَالِفُہٗ قَالَ اُتْرُکُوْا قَوْلِیْ بِقَوْلِ الصَّحَابَۃِ

ابو حنیفہؒ سے روایت ہے کہ اگر میں کوئی ایسی بات کہی ہو جو قرآن حمید کے مخالف ہو تو میری بات کو چھوڑ دو اور قرآن کے مطابق عمل کرو اور اگر مجھ سے رسول اللہ کی حدیث کے خلاف کوئی بات سرزد ہوئی ہو تو بھی میرے قول کو ترک کرو اور حدیث پر عمل کرو اور اگر کسی صحابی کے قول کے خلاف بھی میرا قول ثابت ہو تو بھی میرے قول کو چھوڑ دو اور صحابی کے قول پر عمل کرو +

اس روایت سے امام اعظم حضرت ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا تقویٰ کس درجہ تک پایا جاتا ہے لیکن افسوس کہ اُس کے معتقدین باوجودیکہ اُن میں بڑے بڑے علما بھی ہیں اُن کے اس حکم پر عمل نہیں کرتے اور خدا اور رسول اور صحابہ سے تو روگردان ہو چکے تھے مگر جس پاک امام کا دامن پکڑے ہوئے تھے وہ بھی اُن سے بیزاری ظاہر کرتے ہیں +

ایسا ہی دیگر آئمہ کا بیان ہے مگر ہم بخوف طوالت ترک کرتے ہیں اور اس لئے بھی کہ اس ملک میں دیگر آئمہ کے پیرو بہت کم نظر آتے ہیں لہٰذا امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ پر اکتفا کیا گیا +

قرآن کریم لاریب فضل قول خداوندی ہے

جمال و حُسنِ قرآں نورِ جانِ ہر مسلماں ہے
قمر ہے جا ند اوروں کا ہمارا چاند قرآں ہے

نظیر اُس کی نہیں جمتی نظر میں فکر کر دیکھا
بھلا کیونکر نہ ہو یکتا کلام پاکِ رحماں ہے

بہارِ جاوداں پیدا ہے اُس کی ہر عبارت میں
نہ وہ خوبی چمن میں ہے نہ اُس سا کوئی بُستاں ہے

کلامِ پاکِ یزداں کا کوئی ثانی نہیں ہرگز
اگر لوئے عماں ہے وگر لعلِ بدخشاں ہے

خدا کے قول سے قولِ بشر کیونکر برابر ہو
وہاں قدرت یہاں درماندگی فرق نمایاں ہے

ملائک جس کی حضرت میں کریں اقرارِ لاعلمی
سخن میں اِس کے ہمتائی کہاں مقدورِ انساں ہے

بنا سکتا نہیں اک پاؤں کیڑے کا بشر ہرگز
تو پھر کیونکر بنانا نورِ حق کا اُس پہ آساں ہے

اڑنے لوگو کرو کچھ پاسِ شانِ کبریائی کا
زباں کو تھام لو اب بھی اگر کچھ بُوئے ایماں ہے

خدا سے غیر کو ہمتا بنانا سخت کفراں ہے
خدا سے کچھ ڈرو یارو یہ کیسا کذب و بہتاں ہے

اگر اقرار ہے تم کو خدا کی ذات واحد کا
تو پھر کیوں اس قدر دل میں تمہارے شرک پنہاں ہے

یہ کیسے پڑ گئے دل پر تمہارے جہل کے پردے
خطا کرتے ہو باز آؤ اگر کچھ خوفِ یزداں ہے

نہیں کچھ کیں نہیں یار و نصیحت ہے غریبانہ
کوئی جو پاک دل ہووے دل و جاں اُس پہ قرباں ہے

دیگر

نورِ فرقاں ہے جو سب نوروں سے اجلی نکلا
پاک وہ جس سے یہ انوار کا دریا نکلا

حق کی توحید کا مرجھا ہی چلا تھا پودا
ناگہاں غیب سے یہ چشمۂ اصفےٰ نکلا

یا الٰہی تیرا فرقاں ہے کہ اک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اس میں مہیا نکلا

سب جہاں چھان چکے ساری دکانیں دیکھیں
مئے عرفان کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا

کس سے اُس نور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ
وہ تو ہر بات میں ہر وصف میں یکتا نکلا

پہلے سمجھے تھے کہ موسےٰ کا عصا ہے فرقاں
پھر جو سوچا تو ہر اک لفظ مسیحا نکلا

ہے قصور اپنا ہی اندھوں کا وگرنہ وہ نور
ایسا چمکا ہے کہ صد نیّرِ بیضا نکلا

زندگی ایسوں کی خاک ہے اس دنیا میں
جن کا اِس نور کے ہوتے بھی دل اعمی نکلا

باب دوم

حدیث کے متعلق

قرآن کریم کے بعد اہل اسلام کو حدیث کی بھی سخت ضرورت ہے کیونکہ تفصیلات کا علم احادیث صحیحہ سے ہی حاصل ہوسکتا ہے۔ خاصکر اُن پیشگوئیوں کی کیفیت احادیث ہی سے ملتی ہے جو مخبر صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آئندہ زمانہ کی نسبت کی ہیں اور اُن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و علوشان ثابت ہوتی ہے کیونکہ قیامت تک کے واقعات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بحیات خود بیان کردئے تھے جو بعد ازاں اسیطرح ظہور میں آتے رہے۔ لہذا احادیث کو بالکل متروک کرنا تحکم اور زبردستی ہے۔ ہاں احادیث میں بڑی بڑی دقتیں بھی ہیں کیونکہ بزمانہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم احادیث کے لکھنے کی ممانعت کردی گئی تھی +

جیسے کہ احادیث ذیل سے واضح ہے:-

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ ثَنَا یَزِیْدُ اَنَا هُمَامٌ بْنُ یَحْیٰی عَنْ زَیْدِ ابْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَکْتُبُوْا عَنِّیْ شَیْئًا اِلَّا الْقُرْاٰنَ فَمَنْ کَتَبَ عَنِّیْ شَیْئًا غَیْرَ الْقُرْاٰنِ فَلْیَمْحُهُ رَوَاهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ +

حضرت امام احمد بن حنبل نے عبداللہ سے اُس نے اپنے باپ سے اُس نے زید سے اُس نے ہمام بن یحییٰ سے اُس نے زید بن اسلم سے اُس نے عطا بن یسار سے اُس نے ابوسعید خدری سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ سے سوائے قرآن کریم کے اور کچھ نہ لکھا کرو اور جس نے مجھ سے سوائے قرآن کے سُنکر لکھا ہوا سُسکو چاہیئے کہ وہ مٹا دے۔ دیکھو مسند امام احمد جلد ۳ صفحہ ۲۱ +

دوسری حدیث میں یوں آیا ہے:-

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ ثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِیْسٰی ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَبِیْهِ

حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ عبداللہ نے ہمارے پاس اُسکے پاس اُسکے باپ نے اُسکے پاس اسحٰق بن عیسیٰ نے

عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا قُعُوْدًا نَكْتُبُ مَا نَسْمَعُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ مَا هٰذَا تَكْتُبُوْنَ فَقُلْنَا مَا نَسْمَعُ مِنْكَ فَقَالَ اَكِتَابٌ مَعَ كِتَابِ اللّٰهِ فَقُلْنَا مَا نَسْمَعُ فَقَالَ اَكْتُبُوْا كِتَابَ اللّٰهِ اَخْلِصُوْا كِتَابَ اللّٰهِ اَكِتَابٌ غَيْرُ كِتَابِ اللّٰهِ اَخْلِصُوْا كِتَابَ اللّٰهِ اَوْ خَلِّصُوْهُ قَالَ فَجَمَعْنَا مَا كَتَبْنَا فِيْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ ثُمَّ اَحْرَقْنَاهُ بِالنَّارِ وَقُلْنَا اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنُحَدِّثُ عَنْكَ قَالَ نَعَمْ۔ تُحَدِّثُوْا عَنِّيْ وَلَا حَرَجَ وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ قَالَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنُحَدِّثُ عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ قَالَ نَعَمْ تُحَدِّثُوْا عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ وَلَا حَرَجَ فَاِنَّكُمْ لَا تُحَدِّثُوْنَ عَنْهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا وَقَدْ كَانَ فِيْهِمْ اَعْجَبَ مِنْهُ رَوَاهُ اَحْمَدُ ؛

اُس کے پاس عبدالرحمن بن زید نے اُس کے پاس اُس کے باپ نے اُس کے پاس عطا بن یسار نے اُس کے پاس ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ ہم بیٹھکر جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتے تھے لکھتے جاتے تھے۔ ایک روز وہ باہر تشریف لائے اور فرمایا کہ تم کیا لکھا کرتے ہو۔ ہم نے عرض کی کہ ہم وہ لکھتے ہیں جو حضور والا سے سُنتے ہیں۔ فرمایا کیا اللہ کی کتاب کے ساتھ اور کتاب۔ ہم نے کہا جو ہم سنتے ہیں وہ لکھتے ہیں۔ فرمایا کہ کتاب اللہ ہی لکھا کرو اور صرف کتاب اللہ ہی لکھو کیا کتاب اللہ کے ساتھ اور کتاب لکھتے ہو ہرگز نہیں چاہیئے صرف کتاب اللہ ہی لکھو اور یا یہ فرمایا کہ اُسی کو خالص لکھو۔ ابوہریرہ کہتا ہے کہ ہم نے جو کچھ لکھا ہوا تھا سب جمع کر کے ایک جگہ ڈھیر لگا کر جلا دیا پھر ہم نے عرض کی یا رسول اللہ کیا ہم آپ سے حدیث آگے بیان کیا کریں فرمایا کہ ہاں مجھ سے حدیث بیان کرو کوئی حرج نہیں ہے اور جو میری طرف سے جھوٹ بنا کر کہیگا اُسکا ٹھکانا دوزخ ہوگا پھر ہم نے کہا یا رسول اللہ کیا بنی اسرائیل سے بھی روایت بیان کیا کریں فرمایا ہاں بنی اسرائیل سے روایت بیان کرو کوئی حرج نہیں تم اُن سے کوئی روایت ایسی بیان نہیں کر سکتے جو اُس سے عجیب تر ہو دیکھو مسند احمد بن حنبل جلد ۳ صفحہ ۱۲

اور وجہ یہ تھی کہ اُس وقت قرآن شریف کا نزول ہو رہا تھا اگر قرآن شریف کے ساتھ ساتھ احادیث بھی قلمبند کی جاتیں تو پھر بعد کے زمانہ میں کلام اللہ اور حدیث رسول اللہ میں فرق کرنا دشوار ہو جاتا اور اس دین میں بھی اُسی طرح فساد برپا ہو جاتا۔ جیسے عیسائیوں میں انجیل شریف کی نسبت ہوا۔ کیونکہ اُن اناجیل میں جو اسوقت ہدایت نامہ کے طور پر مخلوق خدا کے سامنے پیش کی جاتی ہیں اُن میں اللہ تعالیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کلام میں کچھ امتیاز نہیں پایا جاتا۔ اور اب یہ کل مخلوط کلام آنیوالی نسلوں میں اللہ تعالیٰ ہی کا کلام مانا جاتا ہے نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ اگر زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہیں صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی احادیث کو آیات قرآنی کی طرح لکھتے جاتے تو پھر کچھ شک نہیں تھا کہ دین اسلام میں اتنا بڑا فتور برپا ہوتا کہ جس کا علاج ناگزیر ہو جاتا۔ مگر رسول عربی علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام پر قربان جائے اور اللہ جل شانہٗ کی کامل حکمت پر واری جائے کہ جس نے اُن کو ایسی دقیق سمجھ عطا کی تھی کہ جس کی وجہ سے اُنہوں نے حکم جاری کر دیا تھا کہ کوئی شخص حدیث کو قلمبند نہ کرے تاکہ امت محمدیہ میں بھی عیسائیوں کی طرح فتور برپا نہ ہو۔ اللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ

گو احادیث بزمانہ حیات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معرض تحریر میں نہیں آئیں لیکن کثیر التعداد احادیث تعامل کے رنگ میں نسلاً بعد نسلاً ہم تک پہنچ گئی ہیں کیونکہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسے عاشق اور شیدا تھے کہ جو بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھ لیتے یا اُن کے فرمان کو کانوں سے سُن لیتے تو فوراً اُس کو عمل میں لاتے تھے اور اُسی طرح سلسل اُن سے اُن کی اولاد اور توابع نے اور اُن سے اُن کی اولاد نے لیکر عمل کیا اور اس طرح ہم تک پہنچ گئیں۔ اگر یہ باتیں جو تعامل میں آچکی تھیں احادیث کی کتابوں میں نہ بھی لکھی جاتیں تو بھی کچھ حرج نہیں تھا۔ مگر سوائے اُن احادیث کے اور بھی احادیث تھیں جو تعامل میں نہیں آئیں لیکن تواتر کے طور پر چلی آئی ہیں جن سے کسی صورت سے انکار نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اگر تواتر کا انکار کیا جائے تو پھر دُنیا میں کوئی علم قائم نہیں رہ سکتا حتّٰی کہ قرآن کریم سے بھی اعتبار اُٹھ جاتا ہے لہٰذا تواتر قومی بھی ہر طرح قابل قبولیت ہے۔ ہاں اس امر کا بڑا لحاظ رہنا چاہئے کہ حدیثیں اسلام میں لاکھوں تک مروج ہیں اور ان میں اکثر موضوع اور بناوٹی حدیثیں بھی ہیں کیونکہ بزمانہ حضرت علی و حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما لوگوں میں عداوت اور کینہ کی آگ مشتعل ہو چکی تھی اور لوگ ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو گئے تھے اس لئے اُن کو بہ تقاضائے وقت ایسی ایسی حدیثیں وضع کرنی پڑیں جن سے فریقین کی مذمت اور بُرائی ثابت ہو جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ آگ صرف اُسی زمانہ تک ہی محدود نہیں رہی بلکہ اس کی نوبت دُور تک پہنچی حتیٰ کہ خاندان بنی امیہ اور خاندان عباسیہ میں روافض اور خوارج کے گروہ جو پہلے دبے ہوئے تھے ظاہر ہو گئے اور پورے زوروں پر پہنچ گئے تھے اور خدا سے بیڈر ہو کر اُنہوں نے کثیر التعداد احادیث موضوع بنا کر شائع کر دی تھیں اور پھر عباسیوں اور بنی امیوں اور علویوں میں بھی باہم اس قدر عداوت پیدا ہو گئی تھی کہ اُن میں سے بھی جنکا

لیں چلتا ایک دوسرے کو قتل یا ایذا رسانی سے ہرگز دریغ نہیں کرتے تھے اور اُنہوں نے اپنی تائید میں اپنے دشمنوں کو نیچا دکھانے کے لئے بکثرت حدیثیں بھی وضع کر لی تھیں۔ اسی واسطے محدثین کو احادیث کے جمع کرنے میں بڑی بڑی مشکلیں پیش آئیں۔ وجہ یہ کہ احادیث کو قرآن کریم کی طرح لکھا نہیں گیا تھا اور نہ قرآن مجید کی طرح حدیثیں حفظ کرائی گئی تھیں اس واسطے واقعی محدثین کو بڑی دقت کا سامنا ہوا اور پھر جب ہم غور کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ حدیث کے جمع کرنے کا فکر دوسری صدی اور زیادہ تر تیسری صدی میں پیدا ہوا جبکہ قرن اوّل اور قرن دوم کا خاتمہ ہو چکا تھا اور قرن دوم میں روافض اور خوارج کے دو بھاری گروہ پیدا ہو گئے تھے اور ان ایمان کے غارتگر گروہوں نے ایک دوسرے کی بیجا عداوت اور اپنے اماموں کی بیجا محبت میں چشم بینا بند کر کے اور خدا سے بے ڈر ہو کر وہ موضوع حدیثیں گھڑلیں کہ العیاذ باللہ بناوٹی حدیثوں کے طومار کے طومار کھڑے کر دئے اور اُن کو عام طور پر ایسا رواج دیدیا کہ بیچارے محدثین کو اُن کے پرکھنے اور الگ کرنے میں بڑی بڑی مشکلات کے سامنے ہوئے۔ گو اُنہوں نے صحیح اور موضوع احادیث کی تنقید میں بڑی بڑی سعی کی آخر انسان تھے اور کیا کر سکتے تھے۔ عالم الغیب تو تھے ہی نہیں یہ خاصہ تو خاص الہ ہی کی ذات پاک کے لئے ہے۔ ہاں جس قدر انسانی عقل اور کوشش ہو سکتی تھی اُس کو نہایت دیانت اور امانت سے کام میں لائے اور اپنی مساعی جمیلہ سے بہت سی مشکلات کو حل بھی کر لیا۔ مگر بشری نقصانات سے وہ کیونکر بچ سکتے تھے بہرحال بہت کچھ نقص کتابوں میں رہ گئے +

اس میں شک نہیں کہ بعض محدثین نے نہایت عرقریزی اور جانفشانی سے اس مرحلہ کو طے کیا اور جہانتک اُن کے امکان میں تھا سچی حدیثوں کو جھوٹی حدیثوں سے الگ کرنے میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا بلکہ عزیز جانوں کو اسی راہ میں فدا کر دیا۔ جزاہم اللہ خیر الجزا۔ لیکن وہ بزرگوار بوجہ بُعد زمانۂ رسالت مآب احادیث صحیحہ کو احادیث موضوعہ سے جُدا کرنے اور قوی اور ضعیف حدیثوں میں مابہ الامتیاز قائم کرنے میں معذور تھے۔ کیونکہ قریباً دو صدیاں گذر چکی تھیں اور درمیان میں کئی واسطے پڑ گئے تھے +

لہذا ایسی حالت میں حدیث کو قرآن پر قاضی قرار دینا نہایت کم عقلی ہے بلکہ اُن علماء کی سراسر جہالت ہے جو اس قسم کا اعتقاد رکھتے ہیں کیونکہ نص قرآنی فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَ اللّٰہِ وَاٰیَاتِہٖ اس کی شاہد ناطق ہے۔ ہاں حدیث کا ماتا نص قرآنی اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ کے

بموجب ضروری بلکہ اشد ضروری ہے لیکن جب خود اللہ تعالیٰ نے حدیث کو اپنے کلام پاک کے بعد جگہ دی ہے تو پھر حدیث کو قرآن پر مقدم رکھنا سخت ہٹ دھرمی اور گستاخی ہے اور یہ بھی اُس حالت میں کہ جب حدیث حدیث ہی ثابت ہو اور وہ قرآن کے مخالف بھی نہ پڑتی ہو کیونکہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ احادیث موضوعہ بکثرت پھیل چکی تھیں اور گو محدثین رحمہم اللہ تعالیٰ نے حدیثوں کے تنقید میں بڑی بڑی جانفشانی کی ہے مگر پھر بھی دھوکے کا احتمال ہے۔ لہٰذا اس دھوکے اور غلطی سے بچنے کے لئے بجز اس کے اور کوئی چارہ نہیں کہ احادیث کو قرآن کریم پر عرض کیا جائے۔ جو حدیث قرآن حمید کی کسوٹی پر چڑھکر ٹھیک اور درست ثابت ہو اُس کو بسر و چشم قبول کرنا اور اُس پر عمل درآمد کرنا لازم بلکہ فرض ہے اور اگر قرآن کریم کے مخالف پائی جائے تو اُس کو ردی کی طرح پھینک دینا چاہیے خواہ کسی حدیث کی کتاب میں ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ انسانی کوشش سے جمع کی ہوئی باتیں خدا کے کلام کی برابری نہیں کر سکتیں انسان خواہ کتنا ہی بزرگ اور متقی ہو لیکن آخر ایک عاجز انسان ہی ہے اور مقولہ اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ اُس پر صادق ہے۔

ہم دور ہی کیوں جائیں صرف اُن محدثین پر ہی غور کر لیں کہ جن کی احادیث بڑی وقعت اور عزت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں اور وہ صرف صحاح ستہ کے بزرگ مؤلف ہیں۔ کیا یہ امر کسی سے مخفی ہے کہ ان بزرگان دین نے کیسی نیک نیتی اور جانفشانی سے اس کام کو سرانجام دیا اور حدیثوں کے جمع کرنے میں کیا کیا تکالیف سفر برداشت کیں اور کس عرق ریزی سے لاکھوں حدیثیں بہم پہنچائیں اور پھر قوی اور ضعیف اور صحیح اور موضوع کے پرکھنے کے لئے کیا کیا قواعد اور ضوابط منضبط کئے لیکن جب ہم غور سے دیکھتے ہیں تو پھر بھی اُن میں نقص ثابت ہوتا ہے مثلاً جن قاعدوں کی بناء پر امام محمد اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب صحیح بخاری میں حدیثیں درج فرمائی ہیں اور لاکھوں حدیثیں اپنے مجوزہ قواعد کے مطابق نہ پاکر اُن کو رد کر دیا اور اُنہیں اپنی صحیح میں درج نہیں فرمایا امام مسلم رحمۃ اللہ نے اپنے قواعد منضبط کے رو سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی متروک و مردود کردہ احادیث میں سے بہت سی احادیث صحیح سمجھ کر اپنی کتاب صحیح مسلم میں داخل فرما دیں اور بعض احادیث بخاری جو امام محمد اسمٰعیل بخاری کی تحقیقات سے بہمہ وجوہ قوی تھیں ضعیف ٹھہرا کر رد کر دیا جب ان عظیم الشان مسلم الثبوت کتابوں کا یہ حال ہے تو اور کتابوں کا جو درجہ ہیں اُن سے

اُتر کر ہیں کیا حال ہو سکتا ہے۔ حال آنکہ امام محمد اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ وہ بزرگ ہیں کہ جنہوں نے ہر حدیث کے لکھنے سے پہلے دو نفل ادا کئے اور خدا تعالیٰ سے دُعا مانگ کر اُس کو اپنی کتاب میں درج فرمایا اور غالباً انہی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ صحیح بخاری کو اتنا بڑا درجہ ملا ہے کہ قرآن کے بعد اسی کو مقدم رکھا گیا ہے اور اَصَحُّ الْکُتُبِ بَعْدَ کِتَابِ اللّٰہِ کے بزرگ لقب سے ملقب ہو گئی ہے +

اس جگہ اس بات کا ذکر کر دینا بھی ضروری ہے کہ محدثین نے حدیث کے لینے کے وقت روایت کو مقدم رکھا ہے لیکن درایت کا مطلق خیال نہیں کیا۔ یہی وجہ ہے کہ گو اُن کے قواعد مرتبہ کے رو سے حدیث صحیح بھی ہو لیکن چونکہ درایت کا خیال تک نہیں کیا گیا اِس لیے بہت سی حدیثیں قرآن کریم کے مخالف ہو گئی ہیں۔ پس اس صورت میں بھی قرآن کو معیار قرار دینا انسب ہے +

یہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ حدیث قرآن کریم کی کسی مجمل تعلیم کو کھول کر بیان کر دیتی ہے لیکن یہ کبھی بھی ممکن نہیں کہ حدیث ایک رائی کے برابر بھی قرآن کے مفہوم کے مخالف ہو +

ہم ابھی ذکر کر چکے ہیں کہ اہل سنت والجماعت کے فرقہ میں حدیثوں کی نسبت اس قدر اختلاف ہے کہ ایک دوسرے کی حدیثوں کو موضوع یا ضعیف کہہ دیتے ہیں مثلاً شافعی حنفیوں کی روایات کو یا حنفی حنبلیوں کی حدیثوں کو اور مالکی ان سب کی حدیثوں کو اور فرقہ اہل حدیث تو ان تمام فرقوں کی اکثر روایات کو مردود قرار دیتا ہے۔ جب اہل سُنّت والجماعت کی کتب حدیث کا یہ حال ہے تو پھر اہل تشیعہ اور اباضیہ کی روایات کا کیا ہی حال ہو گا پس ہر صورت میں حدیث کو قرآن کریم پر عرض کرنا چاہیئے جو مطابق ثابت ہو اُس کو قبول کیا جائے اور غیر مطابق کو نظر انداز کر دیا جائے +

اگر کسی کو یہ گمان ہو کہ یہ صرف تمہارا ہی خیال ہے سو ہم پہلے باب میں ذکر کر آئے ہیں کہ خود اللہ تعالیٰ نے ہی فرما دیا ہے کہ قرآن ہی واجب العمل اور محفوظ کتاب ہے ہم ذیل میں چند احادیث بیان کرتے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سخت تاکید فرمائی ہے کہ ہر حدیث کو قرآن کریم پر عرض کرنا چاہیئے اور وہ احادیث یہ ہیں :-

(۱) اَعْرِضُوْا حَدِیْثِیْ عَلٰی کِتَابِ اللّٰہِ فَاِنْ وَافَقَهٗ فَهُوَ مِنِّیْ وَاَنَا قُلْتُهٗ رَوَاهُ الطَّبْرَانِیُّ عَنْ ثَوْبَانَ +

طبرانی نے حضرت ثوبان سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری حدیث کو کتاب اللہ پر عرض کرو۔ اگر اُسکے موافق ہو تو جان لو کہ وہ میری طرف سے ہے اور میں نے ہی اُسکو بیان کیا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۴۶ +

(۲) دوسری حدیث میں یوں آیا ہے +
اَلَا اَنَّ رُحَی الْاِسْلَامِ دَائِرَۃٌ فَقِیْلَ فَکَیْفَ نَصْنَعُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَعْرِضُوْا حَدِیْثِیْ عَلَی الْکِتَابِ فَمَا وَافَقَہٗ فَھُوَ مِنِّیْ وَاَنَا قُلْتُہٗ رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ وَسَمْوِیَۃُ عَنْ ثَوْبَانَ +

طبرانی اور سمویہ نے ثوبان سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسلام کی چکی پھرنے والی ہے۔ صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت ہم کیا کریں۔ فرمایا کہ میری حدیث کو کتاب اللہ پر عرض کرو جسکو موافق پاؤ جان لو کہ وہ میری حدیث ہے اور اس کا کہنے والا میں ہوں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۵۰ +

(۳) تیسری حدیث میں یوں آیا ہے +
سَتَکُوْنُ عَنِّیْ رُوَاۃٌ یَرْوُوْنَ الْحَدِیْثَ فَاعْرِضُوْہُ عَلَی الْقُرْاٰنِ فَاِنْ وَافَقَ الْقُرْاٰنَ فَخُذُوْھَا وَاِلَّا فَدَعُوْھَا رَوَاہُ ابْنُ عَسَاکِرَ عَنْ عَلِیٍّ +

ابن عساکر نے حضرت علی سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب راوی پیدا ہونگے جو میری طرف سے حدیث بیان کرینگے تم ان حدیثوں کو قرآن پر عرض کیا کرنا اگر وہ قرآن کے موافق ہوں تو اُن کو لے لو ورنہ ترک کرو۔ دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۵۰

یہ امر صرف اہل سنت والجماعت کی کتابوں سے ہی ثابت نہیں ہوتا بلکہ اہل تشیعہ کی کتابوں سے بھی پایہ ثبوت کو پہنچتا ہے ہم اُن سے بھی بطور نمونہ چند ایک احادیث بیان کر دیتے ہیں۔ اور وہ حسب ذیل ہیں:۔

(۱) عَنْ عَلِیِّ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ اَبِیْہِ عَنِ النَّوْفَلِیِّ عَنِ السَّکُوْنِیِّ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِنَّ عَلٰی کُلِّ حَقٍّ حَقِیْقَۃً وَعَلٰی کُلِّ صَوَابٍ نُوْرًا فَمَا وَافَقَ کِتَابَ اللّٰہِ فَخُذُوْہُ وَمَا خَالَفَ کِتَابَ اللّٰہِ فَدَعُوْہُ رَوَاہُ الْکُلَیْنِیُّ فِیْ بَابِ الْاَخْذِ بِالسُّنَّۃِ وَشَوَاھِدِ الْکِتَابِ +

امام کلینی اس حدیث کو باب الاخذ بالسنۃ وشواہد الکتاب میں ابو عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر حق بات کی ایک حقیقت ہوتی ہے اور ہر نیکی پر نور ملتا ہے لیکن جو حدیث کتاب اللہ کے موافق ہو اُس کو لیلو اور جو کتاب اللہ کے مخالف ہو۔ اُس کو چھوڑ دو۔ دیکھو کافی کلینی صفحہ ۳۴ +

(۲) دوسری حدیث میں یوں آیا ہے۔

عَنْ عُمْدَةٍ مِنْ اَصْحَابِنَا عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ يَحْيَى الْحَلَبِيِّ عَنْ اَيُّوْبَ ابْنِ الْحُرِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ كُلُّ شَيْءٍ مَرْدُوْدٌ اِلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَكُلُّ حَدِيْثٍ لَا يُوَافِقُ كِتَابَ اللّٰهِ فَهُوَ زُخْرُفٌ رَوَاهُ الْكُلَيْنِيُّ فِيْ بَابِ الْفَرْقِ بَيْنَ الرَّسُوْلِ وَالنَّبِيِّ وَالْمُحَدَّثِ +

ہمارے عمدہ اصحاب نے احمد بن محمد بن خالد سے اُس نے اپنے باپ سے اُس نے نضر بن سوید سے اُس نے یحییٰ بن حلبی سے اُس نے ایوب بن حر سے روایت کی ہے کہ میں نے ابو عبد اللہ کو کہتے ہوئے سُنا کہ ہر ایک چیز کتاب اللہ اور سنّت رسول اللہ پر رد کی جائے اور ہر ایک حدیث جو کتاب اللہ سے موافقت نہ کھائے وہ لغو اور فضول ہے دیکھو کلینی صفحہ ۸۲ - باب الفرق بین الرسول والنبی والمحدث +

یہ تو احادیث سے ثابت ہوا لیکن آگے ہم دکھاتے ہیں کہ صحابہ کا عملدرآمد بھی یہی رہا ہے ہم ذیل میں صرف حضرت عمر کی نظیر پیش کرتے ہیں۔ کیونکہ علما راس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین قرآن کریم کو ہی مقدم سمجھتے تھے +

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ فاطمہ بنت قیس نے بحضور امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت بیان کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ اُنہوں نے زن مطلقہ کے نان و نفقہ و سکونت مکان کی نسبت یوں فرمایا تھا۔ چونکہ اُس کا بیان قرآن کریم کی نص صریح کے مطابق نہیں تھا تو امیر المومنین نے اُس کو یہ کہکر رد کیا۔ کہ میں ایک عورت کے بیان سے قرآن کے حکم کو نہیں بدل سکتا دیکھو الفاروق جلد ۲ صفحہ ۲۳۹ +

اِن تمام واقعات سے ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت تاکید فرمائی ہے کہ میری ہر حدیث کو قرآن پر عرض کرنا چاہیئے جو مطابق ثابت ہو اُس کو قبول کیا جائے اور جو مخالف ہو اُس کو رد کیا جائے۔ اور ہم گذشتہ باب میں ثابت کر آئے ہیں کہ تمام فرقہائے اسلام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن کریم ہی ایک کتاب دنیا میں ہے جو محفوظ و مامون ہے اور حدیثوں میں ہم ابھی ظاہر کر چکے ہیں کہ بڑا فساد ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ قرن دوم کے شروع میں دو زبردست فرقے خوارج اور روافض کے پیدا ہو گئے تھے اور ان ایمان کے غارتگروں

نے بغض و کینہ کی آگ سے مشتعل ہو کر ایک دوسرے کے مخالف ایسی ایسی موضوع حدیثیں گھڑ لی تھیں کہ العیاذ باللہ اُن کے سُننے سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور اتنی جرأت اُن میں پائی جاتی ہے۔ گویا اُن کے نزدیک کوئی خدا ہی نہیں اور نہ اُن کو دوزخ و بہشت پر ایمان ہے ورنہ اسقدر جسارت کیونکر ممکن ہو سکتی تھی۔ میرے اس بیان کی صداقت کلینی کے دیباچہ دیکھنے سے بخوبی ہو سکتی ہے جہاں امام کلینی نے لکھا ہے کہ ہمارے گروہ کے لوگوں نے بہت موضوع حدیثیں بنا لی تھیں۔ پس ایسی حالت میں کیونکر ممکن ہو سکتا ہے کہ کوئی کتاب حدیث بھی اِن غولانِ دین کے دست برد سے محفوظ رہی ہو۔ لہذا اشد ضروری ہے کہ حدیث کو قرآن پر پیش کیا جائے۔ اس امر سے بھی تصدیق ہوتی ہے کہ بعض اولیاء کرام نے بعض احادیث کو جنہیں محدثین نے اپنے قواعد سے ضعات ٹھہرایا تھا مکاشفہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملکر صحیح اور قوی قرار دیا ہے اور یہ بات قرین قیاس بھی ہے کیونکہ حدیثیں قرآن کریم کی طرح ساتھ ساتھ قلمبند نہیں ہوئیں اور نہ قرآن کریم کی طرح برزبان یاد کرائی گئیں حدیثوں کے جمع کرنے کا خیال اُس وقت پیدا ہوا جبکہ قرن اول اور قرن دوم کا خاتمہ ہو چکا تھا اور قریب دو صدیوں کے گذر چکی تھیں پس ایسی حالت میں کیونکر ممکن ہو سکتا ہے کہ حدیثیں محفوظ رہی ہوں لہذا اُن اولیاء اللہ کا مکاشفہ کے ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت فرما کر کسی حدیث کا صحیح ظاہر کرنا بالکل ٹھیک ہے کیونکہ یہ بات ممکن ہے اور عقل بھی تسلیم کرتی ہے کہ جن قواعد کے رو سے محدثین نے کسی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے فی الحقیقت وہ ضعیف یا موضوع ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ بعض احادیث فی الحقیقت صحیح اور قوی ہوں۔ مگر کسی راوی کے نقص کی وجہ سے ضعیف یا موضوع قرار پائی ہوں۔ کیونکہ درمیان میں بہت سے واسطے پڑ گئے تھے پس اولیاء اللہ کا کسی حدیث کو صحیح قرار دینا بعید از عقل نہیں معلوم ہوتا +

یہ امر بھی کسی پر مخفی نہیں کہ مسیح آخر الزمان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حَکَم یعنے سر پنچ قرار دیا ہے۔ اور سر پنچ کا کام یہی ہوتا ہے کہ لوگوں میں جس بات کا اختلاف اور تنازعہ ہو اُس کو بعد تحقیق و تدقیق کے دور کرے اور ہم اس دنیا میں بھی دیکھتے ہیں کہ لوگ اپنے تنازعات میں کسی معتبر آدمی کو سر پنچ قرار دیتے اور اُن کے فیصلہ کو فیصلہ ناطق سمجھتے ہیں۔ جب اپنے مقرر کردہ حَکَم کے فیصلہ کو اتنی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ خدا اور رسول

کے مقررہ کردہ حَکَم کے فیصلہ کو نہ مانا جائے اور یہ یقینی بات ہے کہ مسیح آخرالزمان کا باتفاق کل مذاہب ایسے وقت میں آنا ہے جبکہ مخلوقات میں سخت اختلاف ہوگا اور اس اختلاف کے دور کرنے اور ایک فیصلہ ناطق دینے کے لئے خدا تعالیٰ نے اُن کو دُنیا میں مبعوث کرنا ہے پھر جن جن باتوں کو مسیح علیہ السلام مردود قرار دینگے اُن کو مردود قرار دینا پڑیگا اور جن کو مقبول قرار دینگے اُن کو بلاچون وچرا تسلیم کرنا ہوگا لہذا صحیح اور ضعیف حدیثوں کے پرکھنے کے لئے مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی ایک بھاری آلہ ہونگے۔ اور ہمیں تمام مشکلات احادیث سے چھڑوا دینگے اور ظنیات کی دلدل سے نکال کر ایقان کے بلند مینار پر چڑھا دینگے +

اب ہم ذیل میں احادیث کی فہرست دیتے ہیں اور دکھاتے ہیں کہ حدیثوں کی کتابیں کب لکھی گئیں اور کن کن بزرگوں نے اس اہم کام کو اپنے ذمہ لیا +

واضح ہو کہ سب سے اول کتاب حدیث جو بعد کلام اللہ دنیائے اسلام میں جلوہ نما ہوئی ہے وہ بالاتفاق موطا امام مالک ہے اور یہ ظاہر ہے کہ امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۹۳ھ ہجری میں پیدا ہوئے اور اُن کا انتقال ۱۷۹ھ ہجری میں ہوا۔ اُن کو صرف چند صحابہ سے اتفاق ملاقات ہوا۔ کیونکہ جب اُن کو حدیث کے جمع کرنے کا خیال ہوا تو ایک صدی سے زیادہ عرصہ گذر چکا تھا۔ اور جس قدر احادیث اُنہوں نے موطا میں درج فرمائی ہیں وہ بمقابلہ اُن احادیث کے جو صدی یا دو صدی بعد جمع ہوئیں بہت ہی تھوڑی ہیں +

بعض کا یہ خیال ہے کہ سب سے پہلی کتاب جو علم حدیث میں مدوّن ہوئی۔ وہ ابن جریج کی کتاب ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ سب سے پہلے ربیع بن صبیح نے بصرہ میں کتاب حدیث لکھی مگر عام کا اتفاق اِس بات پر ہے کہ سب سے پہلے موطا امام مالک ہی لکھی گئی +

ذیل میں ہم ایک نقشہ دیتے ہیں جس میں نام کتاب و نام مصنّف و تاریخ وفات درج ہوگی۔ تاکہ ناظرین کو یکجائی نظر کرنے سے پتہ لگ جائیگا۔ کہ کس قدر بعد زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتابیں جمع ہوئیں +

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنّف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۱	موطا امام مالک	امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ	۱۷۹ھ	صحیحین کے بعد اسکا درجہ رکھا گیا ہے صحاح بلکہ بعض کے نزدیک صحاح ستہ کے برابر ہے
۲	مسند ابوداؤد طیالسی	ابوداؤد طیالسی	۲۰۴ھ	

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۳	مسند الحمیدی	امام ابوبکر عبداللہ بن الزبیر الحمیدی	۲۱۹ھ	
۴	سنن سعید بن منصور	حافظ سعید بن منصور الخراسانی	۲۲۷ھ	
۵	مسند مسدد	ابوالحسن مسدد بن مسرہد	۲۲۸ھ	
۶	مسند اسحاق بن راہویہ	امام حافظ ابویعقوب اسحاق بن ابراہیم بن مخلد حنظلی مروزی	۲۳۵ھ	
۷	مصنف ابن ابی شیبا	ابن ابی شیبا	۲۳۵ھ	
۸	مسند احمد	امام احمد بن محمد بن حنبل	۲۴۱ھ	
۹	نوادر الاصول	امام ابوعبداللہ محمد بن علی بن حسن بن شہر الموذن الحکیم الترمذی	۲۵۵ھ	
۱۰	سنن دارمی	امام الحافظ عبداللہ بن عبدالرحمن الدارمی	۲۵۵ھ	
۱۱	جامع الصحیح یا صحیح بخاری	حضرت امام الحافظ ابوعبداللہ محمد بن اسمعیل الجعفی البخاری رحمۃ اللہ	۲۵۶ھ	منجملہ صحاح ستہ سب سے زیادہ مقبول ہو چار مجلدات میں ہو۔ اول درجہ کی کتاب ہے
۱۲	جامع الصحاح یا صحیح مسلم	حافظ ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیشاپوری	۲۶۱ھ	صحیح بخاری کے بعد اسکا دوسرے درجہ پر درجہ ہے۔ یہ بھی صحاح ستہ میں سے ہر
۱۳	سنن ابن ماجہ	ابی عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ قزوینی	۲۷۳ھ	یہ کتاب بھی منجملہ صحاح ستہ ہے
۱۴	زیادات عبداللہ بن احمد	عبداللہ بن احمد	تیسری صدی میں	
۱۵	سنن ابوداؤد	سلیمان بن اشعث سجستانی	۲۷۵ھ	یہ کتاب بھی منجملہ صحاح ستہ ہے اسکا پایہ صحیح مسلم کے
۱۶	جامع صحیح ترمذی و نوادر الاصول	حافظ ابوعیسیٰ محمد بن علی الحکیم الترمذی	۲۷۹ھ	یہ کتاب بھی صحاح ستہ میں سے ہے اسکا پایہ بھی سنن ابی داؤد کے برابر ہے
۱۷	سنن نسائی	حافظ ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب النسائی	۳۰۳ھ	یہ کتاب بھی صحاح ستہ میں شمار ہوتی ہے
	کتاب الکنی	ابوحاکم نیشاپوری	چوتھی صدی میں	یعنی امام نسائی کے زمانہ کے قریب قریب ہوا ہے
۱۹	مسند ابویعلی	ابویعلی احمد بن علی	۳۰۷ھ	
۲۰	کافی کلینی	امام محمد بن یعقوب کلینی	۳۲۰ھ	یہ اہل تشیعہ کی بڑی معتبر و مدار علیہ کتاب حدیث ہے

نمبر	نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۲۱	اعتدال القلوب	شیخ ابو بکر محمد بن جعفر بن محمد الخرائطی السامری	۳۲۷ھ	
۲۲	مسند ابی بکر بن ابی شیبا	حافظ امام ابو بکر عبد اللہ بن محمد کوفی	۳۳۵ھ	
۲۳	مسند ابن حمید	ابو محمد عبد بن حمید الکیشی	۳۴۹ھ	
۲۴	معجم ابن قانع	حافظ ابو الحسین عبد الباقی بن قانع بن مرزوق البغدادی	۳۵۱ھ	
۲۵	صحیح ابن حبان و سنن ابن حبان	ابو حاتم محمد بن حبان البستی	۳۵۴ھ	سنن ابن حبان کو علی بن بلبان فارسی نے جنکا انتقال ۷۳۹ھ میں ہوا عمدہ طور سے ترتیب دیا
۲۶	العظمۃ ابی الشیخ	حافظ ابو عبد اللہ محمد بن محمد جعفر البستی	۳۵۴ھ	
۲۷	المعجم الکبیر	حافظ امام ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی	۳۶۰ھ	
۲۸	المعجم الاوسط	〃	〃	
۲۹	المعجم الصغیر	〃	〃	
۳۰	سنن و عمل الیوم واللیل ابن سنی و طب نبوی ابن سنی	حافظ احمد بن محمد المعروف بابن سنی الدینوری	۳۶۴ھ	
۳۱	کامل ابن عدی	ابو احمد عبد اللہ بن محمد المعروف بابن عدی الجرجانی	۳۶۵ھ	
۳۲	سنن دار قطنی اور افراد دار قطنی	امام الحجۃ ابو الحسن علی بن عمر المعروف بحافظ بغدادی	۳۸۵ھ	
۳۳	شعب الایمان	ابی عبد اللہ حسین بن حسن الحلیمی الشافعی	۴۰۳ھ	
۳۴	مستدرک	الشیخ ابی عبد اللہ محمد بن عبد اللہ المعروف بالحاکم نیشاپوری	۴۰۵ھ	
۳۵	فضائل صحابہ ابو نعیم معہ کتاب المہدی وحلیہ	ابو نعیم احمد بن عبد اللہ اصبہانی	۴۳۰ھ	
۳۶	سنن الکبیر للبیہقی	ابی بکر احمد بن حسین بن علی الخزوجردی البیہقی	۴۵۸ھ	

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۳۷	الصلوٰۃ المروزی	امام ابو منصور بن محمد المروزی	۵۰۰ھ	
۳۸	البجلاز تاریخ دمشق للخطیب	ابوزکریا یحییٰ بن علی الادیب	۵۰۲ھ	
۳۹	تاریخ ابن عساکر	حافظ ابوالحسن علی بن حسین المعروف بابن عساکر	۵۷۱ھ	
۴۰	مختارۃ الضیاء المقدسی	حافظ ضیاء الدین محمد بن عبدالواحد المقدسی الحنبلی	۶۴۳ھ	
۴۱	سنن نووی	امام الحافظ ابوزکریا یحییٰ بن شرف النووی	۶۷۶ھ	
۴۲	طبقات ابن سعد	امام جلال الدین سیوطی	۹۱۱ھ	
۴۳	مسند احمد بن منیع	احمد بن منیع		کتب ذیل کی تاریخیں نہیں ملیں مگر یہ یقینی بات ہے کہ دوسری صدی کے بعد یہ بزرگ محدثین ہوئے ہیں ؛
۴۴	مسند ابی نصر الدیلمی	ابونصر الدیلمی		
۴۵	ابانہ جزی	ابونصر عبداللہ ابن سعید بن حاتم الجزی		
۴۶	مسند امام شافعی	امام محمد ادریس شافعی	۲۰۴ھ	
۴۷	امالی	ابوالقاسم حسین بن ہبۃ الدین مصری		
۴۸	مسند الشہاب	امام الشہاب القضای		
۴۹	قضاء الاجائد ابن ابی الدنیا	ابوبکر عبداللہ بن محمد بن عبید بن ابی الدنیا		
۵۰	مصنف عبدالرزاق	امام عبدالرزاق		
۵۱	ضعفاء عقیل	عقیل		
۵۲	الترغیب فی الذکر	ابن شاہین		
۵۳	موطا امام محمد	امام محمد	دوسری صدی کے اخیر	
۵۴	مسند الفردوس دیلمی	ابی نصر الدیلمی		
۵۵	معجم البغوی	عبداللہ بن محمد عبدالعزیز البغوی		
۵۶	فواید سمویہ	الحافظ سمویہ		

کتب احادیث متذکرہ بالا کے دیکھنے سے واضح ہے کہ دوسری صدی کے اخیر میں صرف ایک دو

کتابیں مرتب ہوئیں باقی جس قدر کتابیں ہیں وہ سب بعد میں لکھی گئیں جنکی میعاد تخمیناً چھٹی صدی تک پہنچتی ہے۔ پس ایسی حالت میں کیونکر بلا تحقیق قابل تسلیم ہوسکتی ہیں اور یہ امر بھی خود علماء دین پر مخفی نہیں کہ کثیر التعداد کتب احادیث کی موجودگی میں اہل سنت والجماعت کے نزدیک صرف چھ کتابیں جو صحاح ستہ کے نام سے نامزد ہیں قابل اعتماد ٹھہرائی گئی ہیں اور پھر اُن میں بھی مدارج اور مراتب رکھے گئے ہیں سب سے مقدم صحیح بخاری رکھی گئی ہے بعد میں صحیح مسلم اور پھر سنن ابوداؤد اور ترمذی اور پھر باقی کتابیں +

ان مراتب کا قائم کرنا خود اس بات پر دال ہے کہ صحیح بخاری کی حدیثوں کے مقابلہ میں باقی کتابوں کی حدیثیں اعتبار کے درجہ سے گری ہوئی ہیں ورنہ مدارج چہ معنی دارد۔ اور پھر باوجود اسکے بعض علماء صحیح بخاری کی احادیث کی نسبت بھی زبان اعتراض کھولتے ہیں۔ جب ایسی حالت ہے تو ان تمام جھگڑوں اور فساد سے بچنے کے لئے بجز اسکے اور کیا صورت ہوسکتی ہے کہ قرآن کریم کو محک اور معیار قرار دیا جائے اور جو حدیث قرآن شریف کی کسوٹی پر چڑھکر صحیح اور درست ثابت ہو اُس کو قبول کیا جائے باقی کو ترک کیا جائے یا جن احادیث کو خدا اور رسول علیہ السلام کا مقرر کردہ حکم صحیح قرار دے اُسکو صحیح مان لیا جائے اور جنکو موضوع اور ضعیف ٹھہرائے اُسکو رد کیا جائے ہاں ایک بات اور بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ حدیث کی صحت اور سچائی پر اس سے زیادہ یقینی اور قطعی گواہی ہرگز ہرگز نہیں ہوسکتی کہ اگر وہ حدیث کسی پیشگوئی پر مشتمل ہو اور وہ پیشگوئی ہو بصفائی کے ساتھ پوری ہو جائے جس طرح حدیثیں مذکور تھی تو وہ لابد صحیح اور سچی ہے کیونکہ جسقدر طریق محدثین نے حدیث کی صحت کے لئے قائم کئے ہیں۔ وہ سب ظنی ہیں مگر یہ طریق کہ پیشگوئی حسب مضمون حدیث پوری ہو جائے حدیث کے سچے ہونے پر مُہر کر دیتا ہے کیونکہ وہ حدیث کو ظن کے درجہ سے نکالکر یقین کے اعلیٰ مینار پر چڑھا دیتا ہے اور ایسی حدیث کا کوئی دوسری حدیث لگا نہیں کھا سکتی خواہ وہ حدیث کسی ہی طبقہ کی کتاب کی کیوں نہ ہو اور اگرچہ یہ حدیث جسکی پیشگوئی وقوع میں آئی ہے اسناد کی رو سے ضعیف بھی ہو تو بھی اُس کے صحیح اور یقینی ہونے میں شک نہیں ہوسکتا کیونکہ ایسی بات پر جو غیب پر مشتمل ہو بموجب آیۃ کریمہ لَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ بجز مرسل من اللہ آگاہ نہیں ہوسکتا +

دوسری یہ بات بھی قابل غور ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ کے کلام میں استعارات ہوتے ہیں اسی

طرح اُن کے رسولوں کے کلام میں بھی استعارات اور رازہائے سربستہ ہوتے ہیں خاصکر اُن احادیث میں جو پیشگوئیوں کی حامل ہیں اِس لئے اُن کے معانی کرنے کے وقت ٹھیر ٹھیر کر اور سوچ سوچکر قدم رکھنا چاہیئے ایسا نہ ہو کہ اپنی کوتاہ فہمی کی وجہ سے جھٹ پٹ حدیث کی صحت پر شبہ کرنے لگ جائیں اور اس طرح کلام رسول علیہ السلام سے روگردانی کریں +

قرآن حمید کیا ہی عجیب نعمت ہی

از نورِ پاکِ قرآنِ صبح صفا دمیدہ — بر غنچہائے دلہا بادِ صبا وزیدہ
ایں روشنی و لمعاں شمس الضحےٰ ندارد — ویں دلبری و خوبی کس در قمر ندیدہ
یوسف بقعرِ چاہے محبوس ماند تنہا — ویں یوسفے کہ تنہا از چاہ بر کشیدہ
از مشرقِ معانی صدہا دقائق آورد — قدِ ہلالِ نازک زاں نازکی خمیدہ
کیفیتِ علومش دانی چہ شان دارد — شہدیست آسمانی از وحیِ حق چکیدہ
آن نیّرِ صداقت چوں رو بعالم آورد — ہر بوم شب پرستے در کنجِ خود خزیدہ
روئے یقیں نہ بیند ہرگز کسے بدنیا — اِلّا کسے کہ باشد با رویش آرمیدہ
آن کس کہ عالمش شد شد مخزنِ معارف — واں بے خبر ز عالم کیں عالمے ندیدہ
بارانِ فضلِ رحماں آمد بمقدمِ او — بدقسمت آنکہ ازوے سوئے دگر دویدہ
میلِ بدی مبا شد الا رگے ز شیطاں — آن را بشر ندانم کز ہر شرے رہیدہ
اے کانِ دلربائی دانم کہ از کجائی — تو نورِ آن خدائی کیں خلق آفریدہ
مسلم نماند باکس محبوبِ من توئی بس — زیرا کہ زاں فغاں رس نورت بمارسیدہ

حدیث بھی واجب العمل ہی

الا تا نتابی سر از روئے دوست — جہانے نیرزد بیک موئے دوست
خدائیکہ جاں بر رہِ او فدا — نیابی رہش جز بپائے مصطفےٰ
ابو القاسم آن آفتابِ جہاں — کہ روشن شد از وے زمین و زماں
بشر کے بُدے از ملک نیک تر — نبودے اگر چوں محمدؐ بشر ؛

نیاید ترا شرم از کردگار	کہ اہلِ خرد باشی و باوقار
پس انگہ شوی منکرِ آں رسولؐ	کہ یابد از و نورِ چشمِ عقول
زسہو و زغفلت رہیدہ نہ ٔ	زطورِ بشر پاکشیدہ نہ ٔ
نیاید زتو کارِ رب العبادؐ	کمن داوریہا زجہل و عناد

باب سوم

تفاسیرِ قرآن کریم کے باب میں

اِس باب میں ہم قرآن کریم کی تفاسیر کی فہرست دینا چاہتے ہیں اور دکھانا چاہتے ہیں کہ تفسیریں کس زمانہ میں لکھی گئیں اور وہ کون بزرگ ہیں جنہوں نے اس بارہ میں قلم اُٹھایا۔ لیکن پیشتر اسکے کہ ہم فہرست دیں ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ کسی قدر تفاسیر پر اپنی رائے ظاہر کریں ٭

سو واضح ہو کہ یہ بات علماءِ دین پر مخفی نہیں کہ زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں قرآن مجید کی کوئی تفسیر لکھی نہیں گئی اگر خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلی ہوئی کوئی تفسیر کامل دنیا میں ہوتی تو پھر اسقدر اختلافات جو تفاسیرِ فرقانِ حمید میں پائے جاتے ہیں ہرگز وقوع میں نہ آتے لیکن یہ امر نہ ہو سکتا تھا جبکہ قوم کے لوگ آئندہ زمانہ کی ترقیات سے واقف اور وسیع معلومات سے بہرہ ور نہیں تھے اور عمیق در عمیق اسرارِ کلام اللہ اُن کو کیونکر مفید ہو سکتے تھے اور وہ کیونکر اُسکی دقیق در دقیق نکات کی تہ کو پہنچ سکتے تھے جبکہ وہ نیچر کے سادہ قوانین سے بھی پُورے آگاہ نہ تھے اور نہ علومِ طبیعات و طبابت و جغرافیہ و طبقات الارض و ہیئت وغیرہ علوم میں کچھ مہارت رکھتے تھے۔ ہاں جہانتک اُس زمانہ کی سمجھ اور فہم تھی اور جہانتک ضرورت زمانہ بھی مقتضی تھی اُس کے مناسب حال مختصر تفسیر بیان کی گئی جو بعد ازاں احادیث کی کتابوں میں درج ہوئی۔ اگر خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن شریف کی تفسیر کامل بیان فرما جاتے جس سے لوگ قیامت تک مستغنی ہو جاتے تو پھر مجددین اور محدثین و مجتہدین کا سلسلہ قطعی بند رہتا۔ اور پھر اُن کا آنا محض لاحاصل تھا اور آیہ اِنَّا اَرْسَلْنَا اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاہِدًا عَلَیْکُمْ کَمَا اَرْسَلْنَا اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا کا مصداق

صحیح نہ ٹھیرتا کیونکہ مماثلت حضرت موسیٰ علیہ السلام کیونکر ثابت ہوتی جبکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت
کے قائم رکھنے کے لئے سینکڑوں انبیا یکے بعد دیگرے ہوتے رہے اور آیۃ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّھُمْ فِی الْاَرْضِ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ
کا مورد بالکل غلط جاتا لہذا ضروری تھا بلکہ خود اللہ تعالیٰ کی مشیت کا یہی تقاضا تھا کہ سلسلہ محدثین
ومجددین تا قیامت قایم رہے اور اسی لئے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی بسیط تفسیر نہیں
لکھوائی اور قیامت تک فخر المرسلین سرتاج اوّلین والآخرین کی عزت افزائی کے لئے اُنکے خدام کو وقتاً فوقتاً
علم لدنی عطا کرکے اس خدمت کو سرانجام کرایا اور جو جو غلطیاں تفسیر قرآن شریف میں انسانی دخل
اور بشریت کے تقاضے سے وقوع میں آئیں اُن میں سے بعض کی صحت ضرورتِ زمانہ کے لحاظ
سے مجددین کے ذریعہ سے کرائی اور ہمیشہ کرائی جاتی رہیگی یہ سلسلہ کسی صورت میں منقطع نہیں ہوسکتا
کیونکہ جس طرح اللہ کی ذات بمثیل وبے مانند ہے ایسا ہی اُسکی صفات بھی بے مثل و بے مانند ہیں
انسان خواہ کتنا ہی عقل کے انتہائی نقطہ تک پہنچ جائے اور اللہ کی ذات اور صفات میں غور کرے اور
فکر کے گھوڑے کو میدانِ تحقیقات میں کتنا ہی جولان دے آخر تھک کر اور ماندہ ہوکر رہ جاتا ہے اور
اللہ تعالیٰ کی کنہ تک نہیں پہنچ سکتا بھلا کیونکر ہو جبکہ خود اللہ تعالیٰ فرقانِ حمید میں فرماتا ہے۔ قُلْ
لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا
بِمِثْلِہٖ مَدَدًا۔ یعنی اگر تمام روئے زمین کا سمندر اللہ تعالیٰ کے کلمات کے لکھنے کے لئے سیاہی
بنا دیا جائے۔ یہ سیاہی ختم ہوجائیگی مگر اللہ تعالیٰ کے کلمات ختم نہ ہونے پائینگے خواہ ویسا ہی سمندر
اور بھی سیاہی بنا دیا جائے۔ پس انسان کا کیا مقدور ہے کہ وہ اُسکی ذات کی کنہ تک کبھی پہنچ سکے
ہم دیکھتے ہیں کہ اُسکی قدرت کے کرشموں میں سے فطرت اللہ اُسکا ایک چھوٹا سا کرشمہ ہے جسکی تحقیقات
میں لاکھوں فلاسفر اور مشہور حکماء سر پٹکتے مرگئے مگر پھر بھی اُنکی تحقیقات کے نتیجہ کو وہ نسبت ہے جو ایک
قطرہ کو سمندر سے ہے۔ پس انسان بے بنیان جب اُسکے ایک مختصر فعل کی کنہ وحقیقت کو نہیں پاسکتا
تو کیونکر اُسکی صفات پر آگاہی اور واقفیت کما ینبغی حاصل کرسکتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ جسقدر انسانی
عقل اللہ تعالیٰ کے اس نیچر کے غیر متناہی سلسلہ یعنے فطرت میں غور اور فکر کرتی ہے اُسیقدر اللہ تعالیٰ کی وسیع
قدرت اور عظمت ثابت ہوتی ہے اور جو جو عجائبات اس نیچر کے دامن کے نیچے مخفی ہیں اُنکی تحدید نہیں ہوسکتی
تو پھر یہ کیونکر ممکن ہے کہ کلام اللہ کے جو منجملہ صفات باری تعالیٰ ایک صفت ہے عجیب وغریب اسرار وغرائب

وغیرہ معارف کسی خاص ہی زمانہ تک محدود کر دیئے جائیں۔ لہٰذا نہایت ضروری اور قرینِ مصلحت تھا۔ کہ جوں جوں زمانہ ترقی کرتا جائے اور جوں جوں انسان کی معلومات بڑھتی جائیں قرآن حمید کی برتری اور عظمت ہر زمانہ میں منکشف ہوتی جائے اور دنیا پر روشن ہو جائے کہ وہ کونسی کتاب ہے جسکا فطرت اللہ سے توافق و تطابق ہے کیونکہ قول خداوندی و فعل خداوندی میں اختلاف کا ہونا محال ہے۔ پس جبکہ زمانۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں فطرت اللہ کی تحقیقات بہت کم بلکہ مفقود تھی تو ایسے وقت میں قولِ خداوندی یعنے کلام اللہ کی تفسیر کیونکر اُن لوگوں کو مفید ہو سکتی تھی جو قوانینِ نیچر سے ناآشنا تھے +

میں نے اکثر دیکھا اور سُنا ہے کہ بعض علما محض دھوکہ دہی یا بوجہ اپنی کم مائیگی کے کہدیا کرتے ہیں کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن کی تفسیر بکلی معلوم نہ تھی اور اب معلوم ہو گئی اور اگر اس بات کو تسلیم کر لیا جائے تو کیا اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کو بٹہ نہیں لگتا اور انکی عظمت میں فرق نہیں آتا جبکہ تفسیر دانی میں حال کے لوگ اُن سے بڑھکر رہے۔ ایسا خیال کر لینا محض دھوکہ ہے اور اُن کی اپنی سمجھ کی کمی ہے ورنہ اگر اُن کو معلوم ہوتا کہ جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خدام ہونسل آن فخرِ رسل قَدْ رَیْتُ بِاَبِیْ وَاُمِّیْ ایسی عمدہ اور عجیب تفسیر قرآن مجید بیان کرتے ہیں تو خود آنحضرت کی کیا ہی عظیم الشان شان ہے جس کے ادنیٰ سے ادنیٰ غلام اُنکی متابعت کرنے اور اُنکے نقشِ قدم پر چلنے سے اس پایہ کو پہنچ جاتے ہیں۔ کیا اس سے اُن کی کسرِ شان ہے ہرگز نہیں بلکہ متبوع کی عظمت و علوِ شان ثابت ہوتی ہے۔ اے نادانو کیا تم کسی ایسے انسان کی نظیر پیش کر سکتے ہو کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے جوئے سے باہر ہو اور پھر وہ کلام اللہ کی ایسی تفسیر کرے جو فطرتِ انسانی کے مطابق اور شریعتِ حقّہ کے عین موافق ہو۔ ہرگز ہرگز کوئی انسان تم پیش نہیں کر سکتے۔ تو پھر اس سے بجز اس کے اور کیا ثابت ہوتا ہے کہ جو اسرار و معارف قرآن مجید کوئی بزرگ مابعد زمانۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر کرے تو وہ خود ظلی طور سے آنحضرت ہی کی تفسیر سمجھی جائیگی۔ نہ کہ اُس تابع کی جو بجز اطاعت و متابعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس نعمت سے ہرگز حصّہ نہیں لے سکتا تھا۔ پس ان علماء کا متذکرہ بالا مغالطہ محض بے سُود ہے اور ایک منٹ کے لئے بھی قایم نہیں رہ سکتا +

اب میں اپنے اصل مطلب کی طرف عود کرتا ہوں اور دکھاتا ہوں کہ بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے اول مفسّرِ قرآن شریف کون مانے گئے ہیں۔ سو واضح ہو کہ سب سے پہلے مفسّر جو بالاتفاق

اہل اسلام میں مانے گئے ہیں وہ پیارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک جلیل القدر و عظیم الشان صحابی حضرت عبداللہ ابن عباسؓ ہیں۔ وہ ترجمان القرآن وحبر الامۃ ورئیس المفسرین کے خطاب سے ملقب ہیں۔ یہ وہ بزرگ صحابی ہیں جنکو ایک خاص فخر حاصل ہے اور کوئی صحابی اس مرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا۔ سب سے پہلے فضیلت اُن کو حاصل ہے کہ جب وہ پیدا ہوئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لب مبارک اُس بزرگ صحابی کے دہن مبارک میں ڈالا اور جب جوان ہوئے تو فخر المرسلین صلوٰۃ اللہ وسلامہ نے انکو سینۂ مبارک سے لگا کر یہ دعا کی اَللّٰھُمَّ فَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْہُ التَّاْوِیْلَ یعنے اے اللہ عبداللہ ابن عباسؓ کو دین کی تفقہ اور فہم اور قرآن شریف کے اسرار ظاہریہ و باطنیہ سے ممتاز فرما۔ اور دوسری روایت میں ہے اَللّٰھُمَّ عَلِّمْہُ الْحِکْمَۃَ وَتَاْوِیْلَ الْکِتَابِ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَابْنُ سَعْدٍ وَالطَّبْرَانِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔ ابن ماجہ ابن سعد اور طبرانی نے ابن عباس سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے حق میں یہ دعا مانگی اے اللہ اسکو حکمۃ اور قرآن کریم کے حقائق سے ممتاز فرما۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۸۶ +

پس جو فخر حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاصل ہے وہ کسی دوسرے کو نہیں یہ صحابی ۶۸ھ میں دار الفنا سے دار البقا کی طرف رحلت فرما گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ جسقدر قرآن شریف کی تفسیر اس بزرگ صحابی سے بایہ ثبوت کو پہنچی ہے وہ صحیح بخاری کے حصہ کتاب التفسیر میں درج ہے اس تفسیر کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت زمانہ کے لحاظ سے مختصر تفسیر بیان کی گئی ہے کیونکہ اُس زمانہ میں کسی طویل تفسیر کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی تھی اور بجز اُسی قدر تفسیر کے جو محمد اسمٰعیل علیہ الرحمۃ کی کتاب صحیح بخاری میں مندرج ہے اور کہیں کوئی مستقل تفسیر دُنیا میں پائی نہیں جاتی۔ وہ جو ایک تفسیر بنام تفسیر عباسی مشہور ہے وہ اس صحابی کی تفسیر نہیں ہے مجھے زیادہ تر اپنی طرف سے کہنے کی ضرورت نہیں ہیں اوّل مُسلّم و مُستند علماء کی عبارات نقل کر دیتا ہوں جنہوں نے تفسیر عباسی کی نسبت اپنی آرائے ظاہر کی ہیں +

(۱) مجمع البحار میں لکھا ہے۔ تَفْسِیْرُ ابْنِ عَبَّاسٍ طَرِیْقُ الْکَلْبِیِّ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَاِذَا ضُمَّ اِلَیْہِ مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ السُّدِّیُّ الصَّغِیْرُ فَھِیَ سِلْسِلَۃُ الْکَذِبِ یعنے ابن عباس نام کی تفسیر جو کلبی کے طریق پر ابی صالح سے ابن عباس تک مروی ہے۔ اگر اُس میں محمد بن مروان سدی صغیر بھی شامل کیا جائے تو پھر یہ سارا سلسلہ جھوٹ اور افترا ہی کا ہے دیکھو مجمع البحار مصنفہ

امام محمد طاہر سندھی جلد ۲ صفحہ ۵۰۹ +

(۲) اتقان مصنفہ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے باب طبقات المفاسیر میں یوں لکھا ہے:۔

وَرَاَیْتُ عَنْ فَضَائِلِ الْاِمَامِ الشَّافِعِیِّ لِاَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شَاکِرِ الْقَطَّانِ اَنَّہٗ اَخْرَجَ بِسَنَدِہٖ مِنْ طَرِیْقِ ابْنِ عَبْدِ الْحَکَمِ قَالَ سَمِعْتُ الشَّافِعِیَّ یَقُوْلُ لَمْ یَثْبُتْ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِی التَّفْسِیْرِ اِلَّا مِائَۃُ حَدِیْثٍ +

امام سیوطی فرماتے ہیں کہ میں نے امام شافعیؒ کے فضائل دیکھے جو ابی عبداللہ محمد بن احمد بن شاکر القطان نے لکھے ہیں۔ جس میں لکھا تھا کہ اُس نے ابن عبدالحکم کے طریق پر باسناد روایت کیا ہے کہ میں نے امام شافعی کو یہ کہتے سُنا ہے کہ تفسیر کے بارے میں ابن عباس سے بجز سو حدیث کے اور کچھ ثابت نہیں دیکھو اتقان صفحہ ۲۲۴-۲۲۵ +

(۳) فوائد مجموعہ فی الاحادیث الموضوعہ مصنفہ امام شوکانی رحمۃ اللہ کے صفحہ ۱۱۱ میں یوں لکھا ہے:۔

وَمِنْ جُمْلَۃِ التَّفَاسِیْرِ الَّتِیْ لَا یُوْثَقُ بِھَا تَفْسِیْرُ ابْنِ عَبَّاسٍ فَاِنَّہٗ مَرْوِیٌّ مِنْ طَرِیْقِ الْکَذَّابِیْنَ کَالْکَلْبِیِّ وَالسُّدِّیِّ وَمُقَاتِلٍ +

تمام تفسیروں میں سے جو ناقابل اعتماد ہیں وہ تفسیر ابن عباس ہے کیونکہ وہ کلبی و سدی اور مقاتل جیسے کذابوں کے طریق پر مروی ہے۔ دیکھو کتاب مذکور صفحہ ۱۱۱ +

پس ان بزرگ علماء کی تحریر سے ثابت ہے کہ یہ تفسیر جو حضرت ابن عباس کے نام سے منسوب ہے وہ حضرت ابن عباس کی نہیں ہے اور اُن کی تفسیر بجز اُس تفسیر کے جو بخاری کی کتاب التفسیر میں درج ہے اور کوئی تفسیر بایہ ثبوت کو نہیں پہنچتی +

علاوہ اس کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے اصحاب ذیل بھی مفسر قرآن مجید مانے جاتے ہیں۔ خلفاء اربعہ۔ ابن مسعود۔ ابی بن کعب۔ زید بن ثابت۔ ابوموسیٰ اشعری۔ عبداللہ بن زبیر۔ انس بن مالک۔ ابوہریرہ۔ جابر۔ عبداللہ بن عمرو بن العاص لیکن ان بزرگان دین کی کوئی مستقل تفسیر صفحہ دنیا پر نہیں ہے صرف روایات کے طور پر بعض بعض آیات کی تفسیر ان سے مروی ہے دیکھو کشف الظنون جلد اول صفحہ ۲۲۹ +

جب ہم نیچے اُتر کر تابعین کے زمانہ پر غور کرتے ہیں تو ثابت ہوتا ہے کہ ان میں مشاہیر اصحاب ذیل ہیں۔ مجاہد بن جبر المکی عکرمہ مولیٰ ابن عباس۔ طاؤس بن کیسان الیمانی۔ عطاء بن ابی رباح المکی

ابراہیم النخعی۔ الشعبی۔ حسن البصری۔ مجاہد کی کوئی اپنی تفسیر ثابت نہیں ہوتی صرف اُنہوں نے تین دفعہ قرآن شریف حضرت عبداللہ ابن عباس سے پڑھا اور اُن کی تفسیر حضرت ابن عباس سے زیادہ نہیں ہے۔ اُن کا انتقال ۱۰۳ھ ہجری میں ہوا +

باقی تابعین کی بھی کوئی مستقل تفسیر ثابت نہیں ہوتی البتہ بعض بعض تفاسیر میں بطور روایات اُن سے مذکور ہے اور اگر کہیں ہو بھی تو بمصداق نادر کالمعدوم کے ہے۔ کیونکہ عام طور سے اُن کا رواج دنیا میں نہیں ہے +

حضرت عکرمہ کا انتقال ۱۰۵ھ ہجری میں اور حضرت طاؤس بن کیسان کا انتقال ۱۰۶ھ ہجری اور عطا بن ابی رباح کا انتقال ۱۱۴ھ ہجری میں ہوا اور تینوں بزرگوار خاک پاک مکہ میں مدفون ہیں۔ ابراہیم النخعی ۹۵ھ ہجری میں اور شعبی ۱۰۳ھ ہجری میں اور حسن بصری ۱۱۲ھ ہجری میں دار فانی سے رحلت فرما گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ +

زمانہ تابعین کے بعد ایک ایسا زمانہ آیا جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیج اعوج سے موسوم کیا ہے۔ یہ زمانہ اسلام کے لئے ایک ابتلا کا زمانہ ہے کیونکہ اس عرصہ میں بہت سی عیسائی و مجوسی قومیں اسلام میں داخل ہو گئیں تھیں اور اُن میں اور اہل اسلام میں رات دن کے میل جول اور باہم مناکحت کی وجہ سے جو جو جھوٹی روایات اور افسانے اُن قوموں میں چلے آتے تھے مسلمانوں میں بھی رواج پا گئے کیونکہ اُس وقت اتنی چھان بین اور تحقیقات کا مادہ ہی کہاں تھا اور سامان ہی کہاں میسر تھے ہر ایک نے بوقت تفسیر لکھنے کے اپنی زیادہ معلومات جتلانے اور اپنی تفسیر کو بارونق بنانے کے لئے اُن بے بنیاد قصوں اور کہانیوں کو جو بنی اسرائیل میں رائج ہو گئی تھیں اور عیسائی لوگ وراثتہً اپنے ہمراہ لائے تھے درج کر دیا۔ اور یہ بات مستبعد بھی معلوم نہیں ہوتی کیونکہ ہم ہندوستان میں مسلمانوں کی حالت پر غور کرتے ہیں تو ثابت ہوتا ہے کہ باوجود صدیوں تک اس ملک میں حکمران ہونے کے پھر بھی ہندوؤں کے رسم و رواج کو مسلمانوں کے گھروں میں ایسا دخل ہو گیا ہے کہ گویا خود اسلام ہی کی اختراع معلوم ہوتے ہیں۔ اور اب اُن کا چھوڑنا موت سے بڑھکر سمجھا جاتا ہے چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ متمول ہندوؤں میں عام رواج ہے کہ جب کوئی بڑا مالدار ہندو مرتا ہے تو اُسکی لاش کے ہمراہ نقارے اور باجے اور کوتل گھوڑے نکالے جاتے ہیں ایسا ہی ہند کے مسلمانوں نے بھی امام پاک حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی شہادت کے روز ہر سال نقارے اور باجے اور دلدل

نکالنے شروع کر دیئے۔ ہندوؤں کے ہاں خاص ایام میں رام لیلا کا جلوس نکالنے کا دستور ہے مسلمانوں نے بھی اُن کے قدم بقدم چل کر عشرہ محرم میں اُسی قسم کا جلوس تعزیوں کی صورت میں پیدا کر لیا۔ ایسا ہی ہندوؤں میں نکاح سے پہلے کھانے اور بھاجیاں دی جاتی ہیں۔ مسلمانوں نے بھی اپنی برادری میں وہی طریق اختیار کر لیا۔ ہندوؤں میں جو ایک مادہ پرست قوم ہے اور جن کی غایت ریا اور دکھلاوے کے سوا اور کچھ نہیں ہوتی وہ شادیوں کے موقع پر خاص جلوس کے ساتھ برات لیجاتے ہیں مسلمانوں نے بھی وہی عادات قبول کر لئے۔ ہندوؤں میں بعد نکاح ایک دفعہ لڑکی سسرال میں جا کر پھر میکے میں ایک دراز عرصہ تک رہتی ہے۔ مسلمانوں میں بھی اب ایسا رواج ہو گیا۔ غرض ہندوؤں میں اموات اور شادیوں کے موقعوں پر جو جو رسومات ادا کی جاتی ہیں وہ سب اب مسلمانوں کے گھروں میں بھی عالمگیر طور سے رواج پذیر ہیں حتیٰ کہ دنوں کی بھی پوری مماثلت ہے۔ سب سے بڑھکر اسلام میں ایک ہی مسئلہ تھا جس پر تمام قرآن شریف میں زور دیا گیا ہے۔ یعنے شرک اور ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ساری ہمت اور ہمہ تن مصروفیت اس شرک کے مٹانے اور اُسکے قلع و قمع کے لئے رہی لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ شرک بھی مسلمانوں میں کس زور و شور سے جاگزیں ہو گیا ہے اگر شک ہو تو قبروں اور مزاروں پر جا کر ملاحظہ کرو اور سجادہ نشینوں اور پیروں کو دیکھو کہ کس طرح اُن کو سجدہ گاہ اور مرجع حاجات بنا لیا گیا ہے +

یہ تو اُن چند باتوں کے متعلق ہے جنے اس جگہ ذکر کیا ہے کہ جو توارث اور تعامل کے طور پر نسلاً بعد نسلاً مسلمانوں میں جاری و ساری چلی آتی تھیں اور جن کی نسبت یقین تھا کہ ان میں کسی قسم کا تغیر و تبدل نہیں آئیگا مگر پھر بھی ہندوؤں سے باہمی بود و باش رکھنے اور چولی دامن کا ساتھ ہو جانے سے بجائے اس کے کہ اسلامی عادات اور اخلاق کا اثر ہندوؤں پر پڑتا خود مسلمان ہی اُن کی رسومات اور عادات کے شکار ہو گئے اور یہاں تک نوبت پہنچ گئی کہ اب ہندوؤں اور مسلمانوں کی رسوم میں تمیز کرنا مشکل بلکہ ناممکن امر ہے۔ جب ہندوستان کے مسلمانوں کی یہ حالت ہے جو بچشم خود دیکھ رہے ہیں تو پھر دیگر بلاد کے مسلمانوں میں عیسائیوں یہودیوں اور مجوسیوں کے رسم و رواج اور توہمات کا کیوں دخل نہ ہوا ہو گا ضرور ہوا اور ضرور ہوا جسکا خمیازہ حال کے مسلمانوں کو بھگتنا پڑا اور بجا ہست خوروں نے اُن جھوٹی اور بے بنیاد باتوں

تفاسیر سے لیکر اسلام اور پیغمبر اسلام پر وہ وہ حملے کیے جن کے سُننے سے دل پاش پاش ہوتا اور کلیجہ مُنہ کو آتا ہے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔

یہ مسئلہ غور طلب اور قابل تحقیقات ہے کہ کیا وجہ ہے کہ مسلمانوں کے رسم و رواج کو ہندوؤں کے گھروں میں دخل نہ ہوا جبکہ مسلمانوں کے ہاتھ میں ایسی مضبوط کتاب اور ایسے بڑے زبردست رسُول کا اسوۂ حسنہ موجود تھا۔ بلکہ برخلاف اس کے ہندوؤں کا اثر مسلمانوں پر پڑا تو اس کا سبب بجز اس کے نہیں کہ مسلمان بوجہ حکومت آرام طلب ہو گئے تھے اور ہندوؤں کی عورتوں سے شادیاں کر لی تھیں اور چونکہ اہل اسلام میں دیگر مذاہب کی نسبت عورتوں کو بہت سے حقوق آزادی حاصل ہیں اس لئے اُن عورتوں کے ذریعہ جو ہندوؤں کی بہو بیٹیاں تھیں مسلمانوں کے نکاح میں آنے سے وہ پُرانی رسومات جو کفار کے گھروں میں عام رواج پائی ہوئی تھیں مسلمانوں کے گھروں میں عام رواج پا گئیں کیونکہ مُسلمان مردوں کے ساتھ اپنے وطن سے اتنی کثیر تعداد کی عورتیں نہیں آئی تھیں کہ سب کے لئے کفایت ہو سکتیں لہٰذا ہندوؤں کی کثیر التعداد عورتوں کے مسلمانوں کے گھروں میں آنے سے عام کفار کی رسومات و عادات کا دخل ہو گیا اور اس طرح اسلام کمزور ہوتا گیا۔ ایسا ہی مصر اور روم و شام اور ایران اور دیگر بلاد میں بعد فتوحات جب مسلمان جا کر رہنے لگے تو انہوں نے اُن ممالک کی عورتوں سے نکاح کر لئے اور جو جو توہمات و افسانجات اُن قوموں میں جاری و ساری تھے وہ سب اُن عورتوں کے ذریعہ سے مسلمانوں کے گھروں میں بھی رواج پا گئے۔ چنانچہ مولینا محمد شبلی نعمانی اپنی کتاب الفاروق جلد دو کے صفحہ ۲۱۶ میں لکھتے ہیں کہ عراق کی فتح کے بعد اکثر بزرگوں نے عیسائی عورتوں سے شادیاں کر لیں تھیں۔ باوجودیکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سخت ممانعت بھی کر دی تھی۔ پس صاف ظاہر ہے کہ جب سے غیر مذاہب کی عورتوں کا اس مُلک ہندوستان میں خاص مذہبی امورات اسلام میں اسقدر دخل ہوا کہ اسلامی شریعت کی باتیں جب اُن کے سامنے بیان کی جاتی ہیں تو وہ اُن کو اب بُری اور بھدی معلوم ہونے لگتی ہیں ایسا ہی دیگر بلاد اسلام میں بھی مذہبی امور میں دخل ہو گیا۔ اور اسلامی تعلیم کا رواج اُن میں کم اور سُست ہوتا گیا حتیٰ کہ قرآن شریف کی ایسی پاک اور مطہر کتاب کی تفسیروں میں ایسے ایسے پوچ اور قابل شرم افسانے لکھے گئے کہ جن کے دیکھنے سے بجز رونے اور آنسو بہانے کے اور کچھ چارہ نہیں کیونکہ حال کے علما تفاسیر متقدمین کو سند پکڑتے ہیں اور اپنی عقل کو دخل

دینا ہرگز روا نہیں رکھتے اور ڈنکے کی چوٹ کہتے ہیں کہ دین میں عقل کا کیا کام حالانکہ جلیل القدر صحابہ میں جب کوئی مسئلہ خلافِ عقل معلوم ہوتا تھا تو وہ بڑی تفتیش و تحقیق کرتے تھے چنانچہ الفاروق جلد ۲ کے صفحہ ۲۱۰ میں لکھا ہے کہ حضرت عمر مسائلِ شریعت کی نسبت ہمیشہ مصالح اور وجوہ پر غور کرتے تھے اور اگر اُن کے خیال میں کوئی مسئلہ خلاف عقل ہوتا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرتے تھے اور یہی حال دیگر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا تھا لیکن ہائے افسوس کہ زمانہ حال کے علما حضرات صحابہ کی اس سُنّت سے کوسوں دُور جا پڑے ہیں۔ خواہ اسلام ڈوبے اور اہل اسلام غارت ہوں اُن کو کیا فکر پڑی ہے کہ عقل کو کام میں لاکر کسی ایسے مسئلہ کو روکریں جو غلطی سے تفاسیر میں درج ہو گیا ہے اور جو بظاہر شریعت اسلامی کو ضرر پہنچا رہا ہے مگر علما ہیں کہ یہی کہتے چلے جاتے ہیں کہ مرغ کی ایک ہی ٹانگ تھی +

زمانہ فیجِ اعوج کے علما کی نسبت کشف الظنون میں یوں لکھا ہے کہ بعض مفسرین نے صرف قصص اور کہانیوں پر زور دیا اور کچھ تحقیق نہیں کی کہ آیا اُن کا کوئی اصل بھی ہے اور فی الحقیقت سچی بھی ہیں کہ نہیں۔ بعض نے تو محض صرف و نحو اپنا مقصود ٹھہرایا اور تمام تفسیر میں اسی مضمون کو نبھایا۔ دوسروں نے اوّلہ فروعیہ فقہیہ کے بارہ میں اپنے قلم کے گھوڑے کو دوڑایا اور باہم مسلمانوں میں اختلاف کا دروازہ کھول کر خوب لڑانے اور بھڑانے کا اکھاڑہ جمایا اور آیات قرآنی سے یہاں تک دُور جا پڑے کہ گویا وہ نصّ قرآنی کی تفسیر نہیں کرتے بلکہ اپنے من گھڑت منطق کو داخل کرتے ہیں۔ بعض حکماء و فلاسفروں کے اقوال کو لیکر میدان میں کھڑے ہوئے اور یہاں تک اپنی جولانی کے جوہر دکھائے کہ اصل بات سے نکل کر کہیں کے کہیں چلے گئے بعض ایسے بزرگ نکلے کہ اُنہوں نے کفر اور الحاد کا دروازہ کھول دیا اور یہاں تک نوبت پہنچائی کہ بے دھڑک پکار اُٹھے اور کہنے لگے اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ مَا عَلَى الْعِبَادِ اَضَرُّ مِنْ تَرْتِيْبِهِ یعنے جس قدر فتنہ اور فساد دیکھا جاتا ہے یہ سب اے خدا تیرا ہی ہے اور بندوں پر خدا سے بڑھکر زیادہ کوئی ضرر رساں نہیں ہے بعض ایسے متکلمین پیدا ہوئے جنہوں نے بلا سند کلام اختیار کیا نہ اُنہوں نے اصول شرعیہ کو مدّنظر رکھا اور نہ قواعد عربیہ کے پابند ہوئے۔ حتیٰ کہ بعض علماء کو بعض تفاسیر کی نسبت کہنا پڑا کہ فِيْهِ كُلُّ شَيْءٍ اِلَّا التَّفْسِيْرَ یعنے اس میں تفسیر کے سوا اور سب کچھ ہے یہ حال ہے اُن تفاسیر کا جو بعد زمانہ تابعین لکھی گئیں +

میں ابتدا میں عرض کر چکا ہوں کہ نہ تو زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کوئی مستقل بسیط تفسیر لکھی گئی اور نہ تابعین کے زمانہ میں کسی ایسی تفسیر کا ظہور ہوا جو کل انسانی ضروریات کے لئے مکتفی ہو۔ اب اس زمانہ کے بعد جسقدر تفاسیر لکھی گئیں اُن میں وہ نقص ہیں جو اوپر ظاہر کئے گئے۔ پس ایسی تفاسیر پر من کل الوجوہ اعتبار کر لینا اور اُن کو غیر متزلزل اور غیر متبدل ٹھیرا کر اپنا ملجاؤ ماوا قرار دینا عقلمندوں کا کام نہیں۔ ہاں جو بات نص قرآنی کے عین مطابق اور احادیث صحیحہ کے موافق ہو اور قوانین نیچر کی بھی خلاف ورزی نہ کرتی ہو اُسکو ماننا اور اُس پر اپنا عملدرآمد قرار دینا نہایت ہی مناسب اور اولےٰ ہے لیکن اُن کی ہر رطب و یابس کو مان لینا شایانِ عقل نہیں ورنہ اس سے بجز اس کے اور کچھ متصور نہ ہوگا کہ گویا اُن بزرگوں کا ایسی لغو اور دور از کار باتوں کا قرآن جیسی پاک اور مطہر کتاب کی تفسیروں میں درج کرنا ذاتِ اسلام پر ہی ایک خطرناک حملہ مقصود تھا تاکہ لوگ ایسی بھدّی اور بیہودہ باتوں کو دیکھ کر اسلام سے بیزار ہو جائیں نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ +

ہم ذیل میں ایک حدیث پیش کرتے ہیں جس میں رسول علیہ السلام نے تفاسیر کی نسبت خبر دی ہے۔ وہو ہٰذا +

عَنْ عُمَرَ قَالَ کُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُجْتَمِعِیْنَ وَاَنَا اَعْرِفُ الْحُزْنَ فِیْ وَجْہِہٖ فَقَالَ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ مَا ذَاقَالَ رَبُّنَا۔ قَالَ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ اٰنِفًا فَقَالَ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ فَقُلْتُ اَجَلْ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ فَمَہْ ذَاکَ یَا جِبْرِیْلُ قَالَ اِنَّ اُمَّتَکَ مُفْتَتِنَۃٌ بَعْدَکَ بِقَلِیْلٍ مِنَ الدَّہْرِ غَیْرِ کَثِیْرٍ فَقُلْتُ فِتْنَۃُ کُفْرٍ اَوْ فِتْنَۃُ ضَلَالَۃٍ قَالَ کُلُّ ذٰلِکَ سَیَکُوْنُ قُلْتُ وَمِنْ اَیْنَ یَاْتِیْہِمْ ذٰلِکَ وَاَنَا تَارِکٌ فِیْہِمْ کِتَابَ اللّٰہِ قَالَ بِکِتَابِ اللّٰہِ یُضِلُّوْنَ وَاَوَّلُ ذٰلِکَ مِنْ قِبَلِ قُرَّائِہِمْ

حضرت عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ ہم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ملکر بیٹھے ہوئے تھے کہ میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر غم اور حزن کے آثار نمودار دیکھے اور اسی حالت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مُنہ سے انا للہ وانا الیہ راجعون نکلا۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا للہ وانا الیہ راجعون آپ نے کیوں پڑھا ہے۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ ابھی میرے پاس جبرئیل آیا اور اُس نے یہی کلمہ پڑھا۔ میں نے اُس سے پوچھا کہ یہ کلمہ کیوں تو نے پڑھا ہے تو جبرئیل نے کہا کہ تیری امت تیرے بعد بہت قلیل زمانہ میں فتنہ میں مبتلا ہونے والی ہے۔ میں نے

وَاُمَرَائِهِمْ يَمْنَعُ الْاُمَرَاءُ النَّاسَ حُقُوْقَهُمْ فَلَا يُعْطُوْنَهَا فَيُقَاتِلُوْنَ وَيَتَّبِعُ الْقُرَّاءُ اَهْوَاءَ الْاُمَرَاءِ فَيَمُدُّوْنَ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ قُلْتُ يَا جِبْرِيْلُ فَبِمَ سَلِمَ مَنْ سَلِمَ مِنْهُمْ قَالَ بِالْكَفِّ وَالصَّبْرِ اِنْ اُعْطُوا الَّذِيْ لَهُمْ اَخَذُوْهُ وَاِنْ مُنِعُوْهُ تَرَكُوْهُ رَوَاهُ الْحَكِيْمُ وَابْنُ اَبِيْ عَاصِمٍ فِي السُّنَّةِ وَالْعَسْكَرِيُّ فِي الْمَوَاعِظِ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ وَالدَّيْلَمِيُّ وَابْنُ الْجَوْزِيِّ فِي الْوَاهِيَاتِ۔

کہا کہ کیا کفر کا فتنہ ہوگا یا ضلالت کا تو اُس نے کہا کہ سب باتیں ہونگی میں نے کہا یہ سب باتیں کہاں سے پیدا ہونگی حالانکہ میں اُن میں قرآن شریف چھوڑ جاؤنگا۔ کہا کہ قرآن شریف ہی کے ذریعہ وہ گمراہ ہونگے (یعنی اپنی من گھڑت تفسیریں بنا لینگے اور لوگوں کو گمراہ کرینگے) کیونکہ سب سے پہلے قرآن پڑھنے والوں (یعنے علماء) اور امیروں کی طرف سے یہ ناشائستہ کام وقوع میں آئیگا وجہ یہ کہ امراء لوگوں کے حقوق تلف کرینگے بلکہ اُن کو قتل کرا دیا کرینگے اور قرآن کے جاننے والے علماء امیروں کی خواہشوں کی پیروی کرینگے اور گمراہی میں ترقی کرتے جائینگے اور باز نہیں آئینگے + (دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۶۵

اِس حدیث سے پورے طور سے عیاں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن کے زمانۂ حیات میں خبر دیدی تھی کہ اُن کے تھوڑے عرصہ کے بعد لوگ قرآن شریف کی غلط اور دور از قیاس تفاسیر لکھکر امت کو گمراہی اور ضلالت کے گڑھے میں ڈالینگے اور حقیقی تعلیم قرآن کریم سے دور کرینگے اس کی وضاحت حدیث ذیل سے ہوتی ہے

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ ثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ اَبِيْ قُبَيْلٍ قَالَ لَمْ اَسْمَعْ مِنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ قَالَ ابْنُ لَهِيْعَةَ وَحَدَّثَنِيْهِ يَزِيْدُ ابْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ ابْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ هَلَاكُ اُمَّتِيْ فِي الْكِتَابِ وَاللَّبَنِ۔ قَالُوْا

امام احمد بن حنبل نے عبد اللہ سے اُس نے اپنے باپ سے اُس نے ابو عبد الرحمٰن سے اُس نے ابن لہیعہ سے اُس نے ابی قبیل سے روایت بیان کی ہے اور اُس نے کہا کہ میں نے عقبہ بن عامر سے سوائے اس حدیث کے اور کبھی کچھ نہیں سُنا۔ ابو لہیعہ نے کہا کہ میرے پاس یزید بن ابی حبیب نے بیان کیا اور اُس کے پاس ابی الخیر نے عقبہ بن عامر جہنی سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے سُنا کہ میری امت کی ہلاکت اسی کتاب

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْكِتَابُ وَاللَّبَنُ قَالَ يَتَعَلَّمُوْنَ الْقُرْاٰنَ فَيَتَأَوَّلُوْنَهٗ عَلٰى غَيْرِ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيُحِبُّوْنَ اللَّبَنَ فَيَدْعُوْنَ الْجَمَاعَاتِ وَالْجُمَعَ وَيَبْدُوْنَ رَوَاهُ اَحْمَدُ +

اور دودھ سے ہوگی صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الکتاب اور اللبن سے آپ کی کیا مراد ہے۔ فرمایا کہ قرآن تو لوگ سیکھینگے مگر منشاء الٰہی کی اصلی غرض کے سوا دور از قیاس تاویلیں کرینگے اور دودھ سے پیار کرینگے اور جماعتوں اور مجمعوں کو بلا کر دکھلاوا کرینگے۔ دیکھو مسند امام محمد بن حنبل جلد ۴ صفحہ ۱۵۵ +

طبرانی میں ابو مسعودؓ کی روایت ہے خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ ثُمَّ الثَّانِيْ ثُمَّ الثَّالِثُ ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ لَا خَيْرَ فِيْهِمْ یعنے میرے زمانہ کے لوگ سب سے اچھے ہیں۔ اُس سے دوسرے درجہ پر دوسرے زمانہ کے اور پھر اُس سے اُتر کر تیسرے زمانے کے لوگ اور پھر ایک قوم ایسی ہوگی کہ جس میں کچھ بھی خیر نہیں ہے دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۳۲ + ایسا ہی الحکیم میں بروایت ابی الدرداء یوں آیا ہے خَيْرُ اُمَّتِيْ اَوَّلُهَا وَاٰخِرُهَا وَفِيْ وَسْطِهَا الْكُدَرُ یعنے میری امت کا اوّل و آخر اچھا ہے اور درمیانی زمانہ خراب دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۳۲۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسےٰ کا زمانہ اچھا قرار دیا گیا ہے اور درمیانی زمانہ کو ناپاک اور میلا کچیلا۔ اس امر کی وضاحت حلیہ ابو نعیم میں بروایت عروۃ بن رویم ہوتی ہے جس میں یہ حدیث آئی ہے +

خَيْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلُهَا وَاٰخِرُهَا اَوَّلُهَا فِيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَعَمْ وَاٰخِرُهَا فِيْهِمْ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ وَبَيْنَ ذٰلِكَ فَيَجٌ اَعْوَجُ لَيْسُوْا مِنْكُمْ وَلَسْتُمْ مِنْهُمْ +

اس امت کا اول و آخر اچھا ہے۔ اوّل حصہ تو وہ ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور آخر حصہ جس میں عیسیٰ بن مریم ہیں اور ان کا درمیانی زمانہ کجرو ہوگا نہ اُن کو تم سے کچھ تعلق ہوگا اور نہ ہماری اُن سے کچھ راہ و رسم ہوگی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۳۲

دوسری روایت میں یوں آیا ہے۔

خَيْرُكُمْ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَكُوْنُ بَعْدَهُمْ قَوْمٌ يَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ وَيَشْهَدُوْنَ وَلَا

بخاری اور امام مسلم و ابو داؤد و ترمذی اور نسائی نے عمران بن حصین سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے صحابیو

يُسْتَشْهَدُوْنَ وَيَنْذُرُوْنَ وَلَا يَفُوْنَ وَيَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَ اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ +

تمہارے لئے میرا زمانہ اچھا ہے پھر دوسرے درجہ پر بعد کا ملحق زمانہ (یعنے صحابہ کا) پھر اُس کے بعد کا آنے والا ملحق زمانہ (یعنے تابعین کا) اُن کے بعد ایسے لوگ ہونگے کہ خیانت کریں گے اور امانت کے لائق نہیں ہونگے اور بغیر طلب شہادت کے گواہی دیا کرینگے اور نذر مانینگے مگر وفا نہیں کرینگے اور اُن میں فربہی یعنے سستی زیادہ ہوگی۔ کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۳۲

اور ابن ماجہ میں حضرت انسؓ سے روایت ہے +

اُمَّتِيْ عَلٰى خَمْسِ طَبَقَاتٍ فَاَرْبَعُوْنَ سَنَةً اَهْلُ بِرٍّ وَتَقْوٰى ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةَ سَنَةٍ اَهْلُ تَرَاحُمٍ وَتَوَاصُلٍ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ اِلٰى سِتِّيْنَ وَمِائَةِ سَنَةٍ اَهْلُ تَدَابُرٍ وَتَقَاطُعٍ ثُمَّ الْهَرْجَ الْهَرْجَ النَّجَاءَ النَّجَاءَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَنَسٍ +

میری امت کے پانچ طبقے ہیں چالیس سال تک نیکوکار اور متقی لوگ ہونگے بعد ازاں ایک سو بیس برس تک ایک دوسرے کے ساتھ رحم کرنے والے اور باہم صلہ رحمی کرنیوالے ہونگے پھر اُن کے بعد ایک سو ساٹھ برس تک باہم قطع تعلق کرنیوالے ایک دوسرے سے جدائی کرنے والے ہونگے اور لڑائی اور فساد کا زمانہ ہوگا۔ کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۳۲

ان تمام احادیث سے روشن ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو زمانے اعلیٰ درجہ کے بتائے ہیں ایک اپنا زمانہ اور ایک مسیح موعود کا زمانہ۔ اور نیز فرمایا کہ تین زمانے یعنے اپنی رسالت کا زمانہ۔ صحابوں کا زمانہ اور تابعین کا زمانہ اچھے ہونگے۔ جس میں خیر اور بھلائی ہے پھر وسطی زمانہ کو مسیح موعود کے زمانہ تک خراب اور فسادوں اور شرارتوں کا بھرا ہوا زمانہ قرار دیا ہے حتّٰی کہ تاریخ بھی بتادی کہ ۱۲ برس تک بھلائی اور برکت کا زمانہ رہیگا۔ اور یہی زمانہ ہے کہ جہاں تابعین کا زمانہ ختم ہوتا ہے میں پیشتر ازیں ظاہر کر چکا ہوں کہ اس زمانہ میں کوئی مستقل طور سے بسیط اور مفصل تفسیر قرآن شریف کی نہیں لکھی گئی۔ جس قدر بہت سی مبسوط اور بڑی بڑی ضخیم تفسیریں اس زمانہ کے بعد ظہور میں آئیں وہ سب فیج اعوج میں داخل ہیں۔ اس سے یہ میری مراد نہیں کہ اس سے یہ سمجھا جائے کہ سب مفسرین و فقہا وغیرہ بدنیت و بدباطن تھے اور بدخواہی سے اُنہوں نے کتابیں تصنیف کیں معاذ اللہ ایسا خیال ہی کرنا گناہ عظیم ہے یہ بزرگ ایسے ہرگز نہیں تھے بلکہ وہ تو دین کے

پیشوا اور اسلام کے خادم اور قابل اقتدا تھے لیکن وہ کسی طرح سے معذور بھی نہیں ہو سکتے جبکہ اس زمانہ میں عیسائی اور مجوسی اور دیگر اقوام کفار کے لوگ اسلام میں بکثرت داخل ہو چکے تھے اور اُن کی وجہ سے جو جو لغو اور بیہودہ قصے اور افسانے اہل اسلام میں شہرت پا گئے تھے وہ سب تفسیروں کے لکھنے کے وقت حسن ظنی سے داخل کر لئے گئے اور پھر مابعد کے مفسروں نے بھیڑ چال اختیار کر کے نقل پر نقل کرنی شروع کر دی اور اس طرح اُن بے بنیاد باتوں کو بالاتفاق قوت دیدی گئی جس کی وجہ سے وہ اسلامی شریعت کی جزو قرار پا گئیں +

تفسیروں کا دور تیسری صدی سے شروع ہو کر غیر متناہی طور سے برابر زمانہ حال تک پہنچتا ہے چنانچہ ذیل کی فہرست سے ہمارے بیان کی پوری تصدیق ہو جائیگی +

نمبر	نام تفسیر	نام مصنف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۱	احکام القرآن	امام محمد بن ادریس شافعی	۲۰۴ سنہ ہجری	اس قسم کی تفسیر سب سے پہلے اس بزرگ امام نے لکھی
۲	تفسیر اسحاق بن راہویہ	امام حافظ ابو یعقوب اسحاق بن ابراہیم بن مخلد حنظلی مروزی نیشاپوری	۲۳۸ سنہ ہجری	
۳	تفسیر نزہۃ القلوب	امام ابی بکر محمد بن عزیز سجستانی	۳۰۳ سنہ ہجری	یہ تفسیر بطور غریب القرآن ہے اور مختصر سی تفسیر ہے
۴	تفسیر انماطی	ابو اسحاق ابراہیم بن اسحاق نیشاپوری	۳۰۳ سنہ ہجری	ایک بڑی تفسیر ہے
۵	تفسیر ابن جریر	ابو جعفر محمد بن جریر طبری	۳۱۰ سنہ ہجری	یہ تفسیر بھی بہت بڑی تفسیر ہے ۳۰ جلدات میں
۶	تفسیر شفاء الصدور	عبد الرحمن بن ابی حاتم حنبلی	۳۵۱ سنہ ہجری	اس تفسیر میں روایات بکثرت ہیں
۷	تفسیر ابو اللیث	ابو اللیث نصر بن محمد فقیہ سمرقندی حنفی	۳۸۳ سنہ ہجری	
۸	تفسیر حقائق	عبد الرحمن محمد بن حسین سلمی نیشاپوری	۴۱۲ سنہ ہجری	اس تفسیر میں مشائخ اور صوفیہ کے اقوال بکثرت ہیں
۹	تفسیر ثعلبی	ابو اسحاق ثعلبی	۴۲۷ سنہ ہجری	جس میں شیعوں کی روایات و اقوال ضعیف ہیں
۱۰	تفسیر درر غرر	ابو القاسم علی بن حسین بن موسیٰ شریف مرتضیٰ	۴۳۶ سنہ ہجری	جھوٹی اور دور از قیاس روایات بہت ہیں

نمبر شمار	نام تفسیر	نام مصنف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۱۱	تیسیر فی علم التفسیر	ابوالقاسم عبدالکریم قشیری	۴۶۸ھ ہجری	
۱۲	احتجاج القرآن در قراءۃ مفردات القرآن	ابوالقاسم حسین راغب اصفہانی	۵۰۳ھ ہجری	
۱۳	یاقوت التاویل	ابومحمد حامد محمد بن محمد بن غزالی	۵۰۵ھ ہجری	
۱۴	معالم التنزیل	امام حافظ محی السنۃ ابومحمد حسین الفراء البغوی شافعی	۵۱۶ھ ہجری	اس تفسیر میں بھی بکثرت بے بنیاد قصے ہیں
۱۵	تفسیر کشاف	ابوالقاسم محمد بن عمر زمخشری خوارزمی	۵۲۸ھ ہجری	حنفی المذہب کہلاتے تھے علماء معتزلہ قرار دیتے ہیں
۱۶	تفسیر مجمع البیان	ابوجعفر بن محمد بن حسن طوسی فقیہ شیعی	۵۶۱ھ ہجری	اس بزرگ نے اکثر آیات کو اپنے مامون پر چسپاں کیا ہے
۱۷	مفاتیح الغیب المعروف بہ تفسیر کبیر	امام فخرالدین محمد بن عمر رازی	۶۰۶ھ	ضخیم اور نہایت مدلل اور معقول ہے
۱۸	تفسیر عرائس البیان	ابی محمد روزبہان بن ابی النصر بقلی صوفی شیرازی	۶۰۶ھ	تصوف کے شکنجہ پر چڑھا کر دور از قیاس تفسیر کی ہے
۱۹	تفسیر کواشی	ابی العباس شیخ احمد بن یوسف کواشی	۶۰۸ھ	
۲۰	تفسیر ابن العربی[1]	شیخ الرئیس محی الدین محمد بن علی طائی اندلسی	۶۲۸ھ	یہ تفسیر بھی تصوف سے بھری ہوئی ہے
۲۱	تفسیر بیضاوی	قاضی ناصر الدین ابی سعید عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی	۶۸۵ھ	اس تفسیر میں بڑی منطق بھری ہے
۲۲	تفسیر مدارک	علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی	۷۰۱ھ	
۲۳	تفسیر اسکندری	حسین بن ابی بکر نحوی مالکی	۷۴۱ھ	
۲۴	تفسیر خازن	علامہ علاء الدین علی بن محمد بن ابراہیم بغدادی صوفی المعروف بالخازن	〃	
۲۵	تفسیر سراج المنیر	خطیب شربینی	۷۷۲ھ	
۲۶	تفسیر ابن کثیر	حافظ ابوالفداء اسمٰعیل بن عمر قرشی دمشقی	۷۷۱ھ	ضخیم ہے اور اس میں روایات بکثرت ہیں

[1] اصل میں یہ تفسیر عبدالرزاق کاشی کی ہے ۱۲

نمبر شمار	نام تفسیر	نام مصنف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۲۸	تفسیر ابن عرفہ	امام الفاضل ابو عبداللہ محمد بن عرفہ مالکی	۸۰۳ ہجری	یہ تفسیر قلمی ہے۔ اب تک طبع نہیں ہوئی
۲۸	تفسیر تنویر المقیاس	ابو طاہر محمد بن یعقوب فیروز آبادی شافعی	۸۱۷ھ	
۲۹	فصل الخطاب	شیخ الفاضل محمد بن محمود خاطی بخاری المعروف بخواجہ محمد پارسا	۸۲۲ ہجری	
۳۰	بتفسیر الرحمن و تیسیر المنان	علامہ شیخ زین الدین علی المحامی	۸۳۵ھ	
۳۱	تفسیر بحر مواج	قاضی شہاب الدین بن عمر نساوی دولت آبادی	۸۴۹ھ	
۳۲	تفسیر جلالین	علامہ جلال الدین محمد بن احمد محلی	۸۶۴ھ	جلال الدین محلی نے ابتدا سے سورۃ الاسرا تک لکھی
۳۳		شافعی و علامہ جلال الدین سیوطی	۹۱۱ھ	علامہ جلال الدین سیوطی نے اخیر تک لکھی
۳۳	تفسیر جامع البیان	شیخ سید معین الدین بن شیخ سید صفی الدین	۸۸۹ھ	اس بزرگ نے تفسیر کو ۸۸۰ھ میں مکمل کر دیا تھا
۳۴	تفسیر حسینی	ملا حاجی حسین بن علی الواعظ کاشفی	۹۰۰ھ	فارسی میں ہے اور چھوٹی سی تفسیر ہے مگر بہت سی باتیں نادر اعتماد دیں
۳۵	تفسیر جامع البیان	معین الدین محمد بن عبدالرحمن الاجی	۹۰۵ھ	
۳۶	تفسیر الدر المنثور	علامہ شیخ جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر سیوطی	۹۱۱ھ	مبسوط ہے اور احادیث و آثار بکثرت ہیں
۳۷	اتقان	ایضاً	〃	مختصر سی تفسیر ہے
۳۸	تفسیر ابو سعود	شیخ الاسلام مفتی الانام ابو سعود بن محمد عمادی	۹۸۲ھ	یہ تفسیر بھی ضخیم ہے
۳۹	مجمع البحار	امام محمد طاہر گجراتی	۹۸۶ھ	علاوہ روایات کے اسمیں لغت حدیث بھی ہے
۴۰	تفسیر سواطع الہام	شیخ فیضی المتخلص بفیضی رکن اعظم دربار اکبر بادشاہ	۱۰۰۰ھ	یہ تفسیر بے نقط ہے
۴۱	تفسیر فتوحات الہیہ المعروف بالجمل	شیخ سلیمان جمل	۱۱۹۶ھ	

نمبر شمار	نام تفسیر	نام مصنف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۴۲	تفسیر فتح القدیر	قاضی القضات محمد بن علی بن محمد یمنی صنعانی شوکانی	۱۲۵۵ھ	بڑی ضخیم ہے طبع نہیں ہوئی
۴۳	تاج التفاسیر	سید محمد عثمان میر غنی مکی	۱۲۶۵ھ	یہ تفسیر بہت مختصر ہے
۴۴	تفسیر فوز الکبیر	احمد بن عبد الرحیم المعروف بہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	۱۱۷۶ھ	چھوٹی سی تفسیر مگر بڑی محققانہ ہے۔
۴۵	تفسیر فتح الخبیر	احمد بن عبد الرحیم المعروف بشاہ ولی اللہ محدث دہلوی	۱۱۷۶ھ	بہت مختصر سی تفسیر ہے
۴۶	فتح الرحمن فی ترجمۃ القرآن	ایضاً	〃	
۴۷	تفسیر کمالین	مولوی سلام اللہ بن شیخ الاسلام دہلوی ہندی	۱۲۸۷ھ	چھوٹی سی تفسیر ہے
۴۸	تفسیر فتح العزیز	شاہ عبد العزیز محدث دہلوی	تیرھویں صدی	تاریخ وفات نہیں ملی۔ نامکمل ہے۔
۴۹	تفسیر فتح البیان	نواب صدیق حسن خان نواب بھوپال	۱۳۰۷ ہجری	فی الحقیقت تفسیر شوکانی کا لب لباب ہے
۵۰	ترجمان القرآن	ایضاً	〃	یہ تفسیر رود میں ہے نامکمل چھوڑ کر انتقال کر گئے
۵۱	تفسیر الوجیز	سید محمد عبد الرشید بن سید محمد عبد الحکیم	۱۳۱۰ھ	تاریخ تصنیف
۵۲	تفسیر بحر مواج	سید صادق علی لکھنوی	×	غالباً یہ تفسیر تیرھویں صدی میں لکھی گئی ہے
۵۳	روح البیان	شیخ اسمٰعیل فیضی	×	ایضاً
۵۴	تفسیر رؤفی	شاہ رؤف احمد مجددی ہندی	〃	ایضاً
۵۵	تفسیر مظہری	قاضی ثناء اللہ پانی پتی	تیرھویں صدی	یہ تفسیر چار ضخیم مجلدات میں ہے
۵۶	تفسیر جوامع التنزیل	مولوی ابو القاسم شیعی لاہوری	زندہ ہے	صحابہ رضوان اللہ علیہم پر بیجا حملے کئے گئے ہیں
۵۷	تفسیر عمدۃ البیان	مولوی عمار علی شیعی	〃	اب فوت ہو گئے ہیں
۵۸	تفسیر اکسیر اعظم	مولوی احتشام الدین مراد آبادی	〃	
۵۹	تفسیر دُر الاسرار	علامہ سید محمد آفندی مفتی دمشق	زندہ ہیں	حال ہی میں شائع ہوئی ہے
۶۰	تفسیر فتح المنان	مولوی عبد الحق دہلوی	〃	ایضاً

نمبر	نام تفسیر	نام مصنف	تاریخ وفات مصنف	کیفیت
۶۱	تفسیر سید احمد خان	آنریبل سر سید احمد خان کے سی ایس آئی علیگڑھ	۱۳۱۶ھ	نامکمل چھوڑ کر فوت ہو گئے
۶۲	تفسیر معالمات الاسرار	مولوی حکیم محمد حسن امروہی	زندہ ہیں	اس تفسیر کو ۱۳۲۸ھ میں لکھا اب فوت ہو گئے ہیں
۶۳	تفسیر محمدی	مولوی حافظ محمد لکھو کے	چودھویں صدی	یہ تفسیر پنجابی نظم میں ہے تفسیر معالم کا ترجمہ ہے
۶۴	تفسیر صافی	ملا محسن ایرانی شیعہ	.	اسکی تاریخ وفات معلوم نہیں اہل تشیعہ کے نزدیک معتبر ہے
۶۵	تفسیر نفع اللبیب	علامہ احمد مقری مالکی مغربی	.	ایضاً
۶۶	حاشیہ قنوی علی البیضاوی	علامہ قنوی	.	ایضاً
۶۷	حاشیہ ابن تمجید علی البیضاوی	مصلح الدین مصطفےٰ بن ابراہیم المعروف بابن تمجید معلم سلطان محمد فاتح قسطنطنیہ	. ۹۰۰ھ	ایضاً
۶۸	تفسیر بحر الحقائق	نجم الدین ابی بکر عبد بن محمد الاسدی	.	تاریخ وفات معلوم نہیں
۶۹	حاشیہ صادی علی الجلالین	شیخ احمد صادی مالکی	.	ایضاً
۷۰	حاشیۃ الشہاب المسماۃ عنایۃ القاضی وکفایۃ الراضی علی البیضاوی	.	.	ایضاً
۷۱	تفسیر توضیح مجید	مولوی سید علی شیعی	.	یہ تفسیر دو ضخیم مجلدات میں ہے
۷۲	کتاب التفسیر	ابی الحسن علی بن ابراہیم بن ہاشم قمی	.	
۷۳	تفسیر نیشاپوری	.	.	
۷۴	تفسیر لطائف القرآن	.	.	تصوف کے طریق پر ہے بہت قریب کے زمانہ کی ہے
۷۵	اعجاز القرآن باقلانی	قاضی ابوبکر باقلانی	.	حال ہی میں طبع ہو کر آئی ہے
۷۶	غایت البرہان	مولوی محمد حسن امروہی	زندہ ہے	اب فوت ہو چکے ہیں

ان کے علاوہ اور بہت سی تفسیریں ہیں جنکی تعداد اسی قدر ہو گی جس قدر فہرست میں دکھلائی گئی ہے جو ہمارے مطالعہ سے گذریں لیکن بعض نامکمل ہیں اور اکثر اس ملک میں غیر معروف ہیں لہذا میں نے انکو اپنی کتاب میں درج کرنا باعث طوالت تصور کر کے نظر انداز کر دیا ہے ۔

تفاسیر متذکرہ بالا کے دیکھنے سے واضح ہے کہ یہ سب تفاسیر اُس زمانہ میں لکھی گئی ہیں جبکو ختم المرسلین

فخرالاولین والآخرین نے فیج اعوج سے موسوم کیا ہے۔ پس ایسی حالت میں بلاتحقیق و بلاتفکر و تدبر آنکھیں بند کر
اُن کی ہر بات کو معتمد علیہ تسلیم کرنا خالی از خطا نہیں بلکہ معصیت میں داخل ہے۔ ہر حال میں وہ تفسیر قبول کرنی
چاہیئے جو قرآن کریم کی دیگر آیات کے مخالف نہ پڑتی ہو بلکہ برخلاف اس کے ثُمَّ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ
غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا کا پورا پورا ثبوت دیتے ہو۔ اور نیز احادیث صحیحہ
کے مطابق اور فطرت انسانی کے مناسب حال اور خدا تعالیٰ کی فعلی کتاب یعنے فطرت اللہ کے موافق
ہو اور بعید از عقل انسانی بھی نہ ہو کیونکہ کتاب اللہ انسانوں کی اصلاح کے لئے بھیجی گئی ہے۔ اگر
اُس کی عقل سے بالاتر ہے تو پھر ایک بھاری نقص لازم آتا ہے اس میں کچھ شک نہیں کہ ان مفسرین
میں سے اکثر بڑے بڑے عالم و فاضل تھے اور اُن میں بہت سے صفت تقویٰ سے بہرہ ور بھی تھے
اور اسی تقویٰ کی بنا پر اُنہوں نے بہت سے مقامات قرآن شریف پر رُک رُک کر قلم چلایا ہے۔ اور
جہاں اُن کو مشکل پیش آئی ہے وہاں مختلف دیدہ و شنیدہ روایات کو قیل قیل سے زیب رقم فرما کر
اور اپنی رائے کو دخل نہ دے کر اور مَنْ فَسَّرَ الْقُرْاٰنَ بِرَاْيِهٖ کے الزام سے بچکر تقویٰ کی صفت پر
عمل کر کے آنے والی نسلوں کو خود غور و فکر کرنے اور تحقیقات کامل سے فیصلہ کرنے کے لئے دار فانی
سے الوداع کہہ گئے جَزَاهُمُ اللّٰهُ خَيْرَ الْجَزَاءِ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ +

چوتھا باب

الہامی یا آسمانی کتابوں کی پیشگوئیوں کے بارہ میں

سب سے پہلے ہم اس باب میں یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی سنت قدیمہ پیشگوئیوں کی
نسبت کس طرح رہی ہے۔ اور کیونکر انبیاء اور علماء زمان اُس کا وقوع اور مصداق مانتے رہے ہیں
سو واضح ہو کہ توریت اور انجیل اور زبور اور دیگر صحائف انبیاء پر جب نظر عمیق سے دیکھا جاتا ہے
تو ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ہمیشہ سے یہی سنت رہی ہے کہ اہل زمانہ کی عقل اور فہم کے مطابق
پیشگوئیوں میں ایسے ایسے الفاظ استعمال کرتا رہا ہے۔ کہ جن کو نہ مہمل کہہ سکتے ہیں اور نہ صریح۔ بلکہ
کچھ اجمال کے رنگ میں رنگین ہوتی ہیں۔ اور ایسی مجمل بھی نہیں کہ لوگوں کے ادراک سے باہر ہوں

بلکہ کسی قدر اجمال کے ساتھ ایسی صراحت جس کے اوپر خفا کا پردہ ہو اور ہر طبع سلیم اُسکو بوقتِ وقوع خوب سمجھ سکے مگر ہر عقل کے آدمی اُس کی مخفی پہلوؤں کی وجہ سے ہر پیشگوئی کی تہ تک نہیں پہنچ سکتے۔ اور اس طرح وہ اُس امر سے حجاب میں رہجاتے ہیں۔ اس میں سِرّ یہ ہے کہ اگر پیشگوئی کے الفاظ میں ایسا خفا نہ ہوتا تو پھر ایمان بالغیب صفحۂ دنیا سے مٹ جاتا اور پھر انسان اعلیٰ مدارج کی نعمت سے جو اس ایمانِ بالغیب کی وجہ سے حاصل ہوسکتی ہے محروم رہ جاتا۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتوں پر اُس کے دوزخ اور بہشت پر اُس کی کتابوں اور اُس کے رسولوں پر ایمان لانے سے بڑے بڑے انعام کے وعدے دیئے گئے ہیں۔ لیکن برخلاف اس کے سورج چاند اور ستاروں۔ آسمان و زمین اور حیوانات و نباتات اور جمادات پر۔ ہوا۔ آگ اور پانی پر ایمان لانے سے کچھ بھی ایمان کا وعدہ نہیں دیا گیا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کے سوا خواہ فرشتے ہوں یا دوزخ یا بہشت ہوں یا کتابیں اور رسول ہوں وہ سب کی سب ویسی ہی مخلوق ہیں جیسے سورج چاند۔ ستارے وغیرہ وغیرہ۔ تو کیا وجہ ہے کہ صرف اول الذکر چیزوں پر ایمان لانے سے انعام ملتا ہے اور موخّر الذکر اشیاء پر ایمان لانے سے کچھ انعام نہیں ملتا۔ اس کا باعث بجز اس کے اور کیا ہے کہ اُن چیزوں کے ساتھ ایک خفا کی ملونی بھی لگی ہوئی ہے لیکن اِن میں کوئی خفا نہیں سب روز روشن کی طرح ظاہر و باہر ہیں۔ اور اگرچہ اللہ تعالیٰ یا اُس کے فرشتے یا اُس کی وحی کی کیفیت کہ کس طرح وہ کسی نبی یا ولی پر اُترتی ہے اور کسی رسول کی حقیقت پر کہ کس طرح وہ دیگر لوگوں سے ممتاز فطرت رکھتا ہے۔ کما ینبغی آگاہی نہیں ہوتی بلکہ فطرتِ سلیم اور عقلِ فہیم اپنی خداداد طاقتوں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی ہستی پر اُسکے فرشتوں اور اُس کے دوزخ اور بہشت کے وجود پر وحی نبوت اور رسالت کے امکان پر بعض قرائن امکانیہ کی مدد سے ظنِ غالب تک پہنچ جاتا ہے اور پھر رفتہ رفتہ جوں جوں فکرِ عمیق اور غورِ دقیق کو کام میں لاتا ہے تو اُسکو ان اشیائے کے وجود پر اس قدر تیقن بڑھتا جاتا ہے اور اس کا ایمان اس حد تک ترقی کرتا ہے کہ گویا اُن اشیاء کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتا ہے مگر یہ بات ہر ایک شخص کی عقل اور سمجھ کے مناسب حال نہیں ہوتی۔ ایسے لوگ صرف حسن ظن سے بطور تقلید کے اُن کی ہستی کے قائل ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے صرف اتنا ہی کافی ہوتا ہے کہ وہ کسی بزرگ کی صحبت میں رہکر اُس کے نمونہ پر چلکر اُسکے قول و فعل کو اپنا ذریعہ بناکر خدا تعالیٰ کی غیب الغیب ہستی پر ایمان لائیں اور اس طرح سے وہ اپنے رب سے

تعلق پیدا کریں۔ رفتہ رفتہ جوں جوں اُن لوگوں کا اُس بزرگ کی مصاحبت اور تعلقات سے تجربہ بڑھتا جائیگا وتناہی اُن کا علم بھی وسیع ہوتا جائیگا اور بالآخر وہ بھی اُس مخفی نُور کی جھلک سے منور ہونے لگ جائینگے جیسے سلیم الفطرت انسان ہوتے ہیں۔

پس اس تمام بیان سے ہویدا ہے کہ انسان کی ترقیئے مدارج وعلوِ مراتب کے لئے ایمان بالغیب کا ہونا اشد ضروری ہے۔ ورنہ انسان بڑے بڑے انعاموں سے محروم رہجاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پیشگوئیوں میں کچھ نہ کچھ خفا رکھا ہے تاکہ انسان اپنی خداداد قُوا کو استعمال میں لاکر اور اپنے نفس سے خوب جنگ کرکے عادات اور رسومات کی زنجیروں کو توڑتا ہوا اور خواہشہائے نفسانی کے قفس سے پرواز کرتا ہوا اُس نکتہ تک پہنچ جائے جہاں سے اُس رب العرش والعزۃ کے باغ رضا سے گلِ محبت کی خوشبو آنے لگے اور رفتہ رفتہ اُس حیّ وقیوم کی ذات سے ایسا تعلق ہوجائے کہ اُس کے گوشۂ نفس میں اُسی کی محبت کے سوا اور کسی کی جگہ نہ رہے۔

یہ بات یاد رکھنے کے لایق ہے کہ پیشگوئیوں اور رویا اور مکاشفات میں یہ ضروری نہیں ہوتا کہ ہُو بہُو موافقِ الفاظ ظاہری پوری ہوں بلکہ بسا اوقات قرائن قویہ کی وجہ سے اُن الفاظ کی تاویل ہوا کرتی ہے اور فی الحقیقت وہی اُن کا مقصد اور موضوع ہوتا ہے اور بظاہر بعض لوگ الفاظِ ظاہری کے خلاف دیکھکر اُن پر اعتراض کرنے اور اُن کے مصداق کو مُفتری اور کذّاب کہنے لگ جاتے ہیں ایسے مُعترضین کے اعتراض محض قلّتِ تدبر یا آسمانی کتابوں یا رسُولوں کی بشارات سے عدمِ علم کی وجہ سے ناشی ہوتے ہیں ورنہ حقیقت شناس اور ماہرانِ علمِ بشارات ایسی جلد بازی نہیں کرتے اور وہ ہر پہلو پر خوض اور فکر کرنیکے بعد نتیجہ تک پہنچ جاتے ہیں۔

اور دوسرا اللہ تعالیٰ کا ایسی پیشگوئیوں کے اظہار سے یہ بھی مقصود ہوتا ہے کہ اُس شخص کی خلق اللہ میں جن کی ہدایت کے لئے وہ اُس کو مامور کرتا ہے عزّت اور عظمت ظاہر ہو اور معلوم ہوجائے کہ اللہ تعالیٰ کی اُس مامور من اللہ کے ساتھ کیسی محبت اور کیسا تعلق ہے۔ اسلئے وہ پیش از وقت اُس مامور کے ذریعہ سے ایک غیب کی بات جہان میں ظاہر کراتا ہے اور جب اُس کا وقوع اُسی طرح ہوجاتا ہے جیسا اُس خدا کے مرسل نے ابتدا ہی میں بتایا تھا تو پھر اُن لوگوں میں اُس خدا کے بھیجے ہوئے کی گہری محبت دل پر بیٹھ جاتی ہے اور وہ اُسکی محبت کو اکسیر سمجھنے لگتے اور اُسکی فرمانبرداری اور اطاعت کو اپنے لئے نعمتِ ربانی خیال کرکے اُسکے نقشِ قدم پر چلکر پاک اور

گندی زندگی سے نجات پاکر ابدی زندگی کے وارث بن جاتے ہیں +

اب ہم ذیل میں تین چار انبیا کے بشارات بطور نمونہ درج کرتے ہیں تاکہ ناظرین اُن کو پڑھکر صحیح نتیجہ تک پہنچ جائیں کہ کیونکر کلام الٰہی اور کلام انبیا میں بشارات آتے ہیں اور کیونکر لوگ اُن کے مصداق کو تسلیم کر لیتے ہیں اور کیونکر اُن بشارات کے مخفی اور عمیق ہونے کی وجہ سے لوگ غلطی کھا لیتے ہیں بلکہ بعض دفعہ انبیا پر بھی اُن کی اصلی حقیقت نہیں کھلتی اور صحیح انکشاف کے ساتھ اُن بشارات کے مصداق کو نہیں پا سکتے اور نہ اُنکے حقیقی نتائج سے کما ینبغی آگاہی حاصل کر سکتے ہیں +

واضح ہو کہ جن انبیا کا ہم نظیراً ذکر کرنا چاہتے ہیں وہ حضرت یحییٰ۔ حضرت عیسیٰ اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت یونس علیہ السلام ہیں۔ اوّل میں حضرت یحییٰ علیہ السلام کی نسبت شروع کر کے پھر درجہ بدرجہ سب کا ترتیب وار بیان کرونگا +

(۱) ملاکی نبی کی کتاب کے چوتھے باب کی پانچویں آیت میں یہ پیشگوئی ہے۔ "دیکھو خداوند کے بزرگ اور ہولناک دن کے آنے سے پیشتر میں ایلیاہ نبی کو تمہارے پاس بھیجونگا" اس پیشگوئی میں یہ اشارہ ہے کہ اول ایلیاہ نبی آئینگے پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام آئینگے۔ کیونکہ ہولناک دن سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ مراد ہے +

اس پیشگوئی کے متعلق حضرت عیسیٰ علیہ السلام انجیل متی باب ۱۱ درس ۷ سے لغایت ۱۵ میں فرماتے ہیں "جب وے روانہ ہوئے یسوع یوحنا کی بابت جماعتوں سے کہنے لگا کہ تم جنگل میں کیا دیکھنے کو گئے کیا ایک سرکنڈا جو ہوا سے ہلتا ہے پھر تم کیا دیکھنے کو گئے کیا ایک مرد کو جو مہین کپڑے پہنے ہے۔ دیکھو جو پوشاک پہنتے ہیں وہ تو بادشاہوں کے محلوں میں رہتے ہیں۔ پھر تم کیا دیکھنے کو گئے۔ کیا ایک نبی کو۔ ہاں میں تم سے کہتا ہوں بلکہ نبی سے بڑا۔ کیونکہ یہ وہ ہے جسکی بابت لکھا ہے کہ دیکھو میں اپنا رسول تیرے آگے بھیجتا ہوں جو تیرے آگے تیری راہ درست کریگا۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اُن میں سے جو عورتوں سے پیدا ہوئے یوحنا بپتسمہ دینے والے سے کوئی بڑا نہیں ہوا لیکن جو آسمان کی بادشاہت میں چھوٹا ہے سو وہ اُس سے بڑا ہے کیونکہ سب نبی اور توریت نے یوحنا کے وقت تک آگے کی خبر دی ہے۔ اور الیاس جو آنیوالا تھا یہی ہے۔ جسکے سننے کے کان ہوں تو سنے"

ان دونوں کتابوں یعنی ملاکی نبی اور متی کی کتاب سے ظاہر ہے کہ اول ملاکی نبی نے بالہام و وحی الٰہی خبر دی کہ حضرت عیسیٰ کے آنے سے پہلے اول ایلیاہ یعنے حضرت الیاس علیہ السلام آئینگے اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے بوحیِ الٰہی لوگوں پر ظاہر کیا کہ یوحنا یعنی یحییٰ زکریا علیہ السلام کا بیٹا وہی ایلیاہ ہے چاہو تو قبول کرو +

لیکن یوحنا کے باب اول درس ۱۹ تا ۲۱ میں یوں ہے۔ "اور یوحنا کی گواہی یہ تھی جبکہ یہودیوں نے یروشلم سے کاہنوں اور لاویوں کو بھیجا کہ اُس سے پوچھیں کہ تو کون ہے اور اُس نے اقرار کیا اور انکار نہ کیا بلکہ اقرار کیا کہ میں مسیح نہیں ہوں۔ تب اُنہوں نے اُس سے پوچھا تو کون ہے۔ کیا تو الیاس ہے اُس نے کہا میں نہیں ہوں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ اس کی حقیقت خود حضرت یوحنا کو معلوم نہیں ہوئی۔ حالانکہ خود یوحنا کو اس کا علم تھا کہ مسیح کے پہلے آنیوالا میں ہوں اور مسیح اُس کے بعد آنے والا ہے۔ چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱ درس ۱۵ و ۱۷ میں لکھا ہے "یوحنا نے اُس کی بابت گواہی دی اور پکار کے کہا یہ وہی ہے جس کا ذکر میں کرتا تھا کہ وہ جو میرے پیچھے آنے والا ہے مجھ سے مُقدم ہے۔ کیونکہ وہ مجھ سے پہلے تھا" اور آیات ۱۵ و ۱۷ میں یہ لکھا ہے "کیونکہ شریعت موسیٰ کی معرفت دی گئی مگر فضل اور سچائی یسوع مسیح کے پیچھے +

اس بیان سے ظاہر ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے صاف کہدیا کہ یوحنا ہی الیاسؑ ہے دیکھو انجیل متی باب ۱۷ آیت ۱۰ تا ۱۲ جس میں لکھا ہے اور اُس کے شاگردوں نے اُس سے پوچھا کہ پھر فقیہہ کیوں کہتے ہیں کہ پہلے الیاسؑ کا آنا ضروری ہے۔ یسوع نے اُنہیں جواب دیا کہ الیاسؑ البتہ پہلے آویگا اور سب چیزوں کا بندوبست کریگا پھر میں تم سے کہتا ہوں کہ الیاسؑ تو آچکا لیکن اُنہوں نے اُس کو نہیں پہچانا بلکہ جو چاہا اُس کے ساتھ کیا" +

اِن سب آیاتِ انجیل سے ظاہر ہے کہ حضرت یحییٰؑ پر الیاسؑ کا مثیل ہونا نہ کھلا کہ میں الیاس کے رنگ میں آیا ہوں۔ دوسری یہ بات بھی ثابت ہے کہ یوحنّا اور الیاسؑ دو مختلف الفاظ تھے اور صریح معلوم ہوتا تھا کہ دو مختلف اشخاص کے نام ہیں اور بات بھی یہی اور یقینی تھی کیونکہ الیاسؑ بہت مدت پہلے گذر چکے تھے اور حضرت یحییٰؑ یعنی یوحنا مسیح علیہ السلام کے ہمعصر اور پیر بھی تھے لیکن حضرت مسیح نے الہام الٰہی سے ظاہر کر دیا کہ لوگوں کو سمجھنے میں مغالطہ لگا ہے۔ جو وعدہ کہ الیاس کے واپس آنے کا دیا گیا تھا وہ بروزی آمد کا وعدہ تھا اور اُس سے مراد ایک ایسے شخص سے تھی

جو اُس کے رنگ اور خصلت میں آئیگا اور اُس کا مثیل ہوگا نہ کہ اُس کا عین اِسی لئے حضرت مسیح کو کہنا پڑا کہ جو آنے والا تھا وہ تو آگیا۔ پس اس سے صاف کھل گیا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک شخص خواہ اُس کا کچھ ہی نام ہو دوسرے شخص کا نام اس وجہ سے حاصل کر سکتا ہے کہ اُنکی خو اور بعض صفات میں کچھ موافقت و مناسبت رکھتا ہے۔ تیسری بات اس سے یہ بھی نکلتی ہے کہ پیشگوئی کی حقیقت پر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے آگاہی دے اور جس کو چاہے نہ دے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ علماء یہود باوجود علم و فضل کے اُس کی حقیقت تک نہ پہنچ سکے اور اسی لئے ایک جلیل القدر نبی کی نبوت سے محروم رہکر خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃَ کے مصداق بنے۔ پھر بھی یہ بات بھی نکلتی ہے کہ گاہے گاہے ایسے امور میں مومنین کو بھی شک اور تردد پیش آجایا کرتا ہے۔ جیسے حواریوں کو حضرت یوحنا کے ایلیاہ ہونے کی نسبت ہوا اور اس تردد کی بنا پر حضرت مسیح سے سوال کیا کہ فقیہہ کیا کہتے ہیں اور خود حل نہ کر سکے مگر مسیح نے جب اُنکو بتا دیا تو وہ ساکت ہوئے اور ایمانی طور سے مان گئے اور منکر نہیں ہوئے۔ کیونکہ اُنہوں نے مسیح کو جب دیگر قرائن سے پہچان کر اپنا پیشوا تسلیم کر لیا تھا تو ایک ایسے امر سے جو بظاہر اُن کی عقل اور سمجھ سے بالاتر تھا اُس کے کہنے پر عامل ہوئے اور کوئی چون و چرا نہیں کیا۔ یہی تو مابین اتقیا و اشقیا مابہ الامتیاز ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ

۲۔ بشاراتِ مسیح

اب ہم بشاراتِ مسیح علیہ السلام کی نسبت کتبِ سابقہ سے مختصر سا حال لکھتے ہیں اور دکھاتے ہیں کہ کیسے مجمل اور مہمل الفاظ میں لیکن پھر بھی اُن پیشگوئیوں کا مصداق مسیح کو بنایا گیا ؛

(۱) یسعیاہ باب ۷ ورس ۱۴ میں ہے کہ ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنیگی۔ اور اُس کا نام عمانوئیل رکھیگی"۔ اس پیشگوئی میں کیسے مجمل الفاظ ہیں اوّل ایک کنواری حاملہ ہوگی یہاں نہیں بتایا گیا کہ فلاں لڑکی فلاں شخص کی بیٹی فلاں قوم اور فلاں ملک اور فلاں شہر فلاں محلے کی رہنے والی ہوگی صرف ایک کنواری کا لفظ ظاہر کیا گیا۔ اور کوئی امر ایسا تعین نہیں کیا گیا کہ جس سے ٹھیک پتہ چل سکتا کہ فلاں گھرانے کی لڑکی سے مراد ہے۔ اور دوسرا لفظ جو اس پیشگوئی میں ہے وہ یہ ہے کہ اُس کا نام وہ عمانوئیل رکھیگی۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں۔ کہ عمانوایل کبھی نہیں پکارا گیا بلکہ یسوع نام ہی رکھا گیا

اور اسی نام سے اپنی قوم اور خدا تعالیٰ کی کلام میں مشہور ہوا مگر پھر بھی یسوع کو ماننے والوں نے خوش اعتقادی سے یسوع کو عمانوایل ہی مان لیا +

(۲) یسعیاہ باب ۸ ورس ۳ میں لکھا ہے "اور میں نبیہ کے پاس گیا سو وہ پیٹ سے ہوئی اور ایک بیٹا جنی تب خداوند نے مجھے کہا اُس کا نام مہیر شالال حاش بز رکھ" اس پیشگوئی میں نبیہ اور مہیر شالال حاش بز قابل غور ہیں اسی نبی یسعیاہ کی معرفت سات باب میں کہا گیا ہے کہ ایک عورت حاملہ ہوگی اور لڑکا جنیگی اور اُس کا نام عمانوایل رکھیگی۔ اور اس باب میں اُسی نبی کی معرفت ظاہر کیا گیا۔ کہ ایک نبیہ بیٹا جنیگی اور اُس کا نام مہیر شالال حاش بز رکھیگی۔ ان دونوں باتوں میں کس قدر اختلاف ہے اور انسان کس قدر دھوکہ کھا سکتا ہے بلکہ بظاہر انسان ہرگز تسلیم نہیں کر سکتا کہ یہ پیشگوئیاں ایک ہی شخص کی نسبت ہیں لیکن عیسائیوں میں بالاتفاق مانا گیا ہے کہ یہ الفاظ ایک ہی شخص یعنی مسیح کی نسبت تھے حالانکہ مہیر شالال حاش بز کے نام سے مسیح علیہ السلام کبھی نہیں پکارے گئے جیسے کہ آگے ظاہر ہوگا +

(۳) انجیل متی باب ۱۔ آیت ۱۸ الغایت ۲۱ میں ہے "اب یسوع مسیح کی پیدائش یوں ہوئی کہ جب اُس کی ماں مریم کی منگنی یوسف کے ساتھ ہوئی تو اُن کے اکٹھے آنے سے پہلے وہ روح القدس سے حاملہ پائی گئی۔ تب اُس کے شوہر یوسف نے جو راستباز تھا اور نہ چاہا کہ اُسے تشہیر کرے ارادہ کیا کہ اُسے چپکے سے چھوڑ دے۔ اور وہ ان باتوں کی سوچ ہی میں تھا کہ دیکھو خداوند کے ایک فرشتہ نے اُس پر خواب میں ظاہر ہو کے کہا اے یوسف ابن داؤد اپنی جورو مریم کو اپنے یہاں لوالانے سے مت ڈر کیونکہ جو اُس کے رحم میں ہے سو وہ روح القدس سے ہے اور وہ بیٹا جنیگی اور تو اُس کا نام یسوع رکھیگا" ان آیات اور آیات کتاب یسعیاہ نبی میں کسقدر اختلاف ہے۔ پہلے عمانوایل پھر مہیر شالال حاش بز اور پھر انجیل متی میں یسوع نام ظاہر کیا گیا باوجود اس قدر اختلافات کے ان سب باتوں کو تسلیم کر لیا گیا ہے کیونکہ اسی متی کی انجیل کی ۲۲ و ۲۳ آیات میں ہے "یہ سب کچھ جو خداوند نے نبی کی معرفت کہا تھا پورا ہوا کہ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنیگی اور اُس کا نام عمانوایل رکھینگے" +

امورات متذکرہ بالا کی تصدیق متی باب ۱۔ ورس ۲۵ سے یوں ہوتی ہے "پھر اُس کو نہ جانا جب تک کہ وہ اپنا پلوٹھا بیٹا نہ جنی اور اُس نے اُس کا نام یسوع رکھا" اب ظاہر ہے کہ یسعیاہ نبی

نے پیشگوئی کی کہ ایک حاملہ بیٹا جنیگی اور اُس کا نام عمانوایل رکھیگی اور اُسی نبی کی کتاب میں ہے کہ فرشتہ نے خدا کا حکم سُنایا۔ کہ اُس کا نام مہیر شالال حاش بز رکھنا لیکن جب وہ پیدا ہوا تو اُسکا نام یسُوع رکھا۔ اور اسی نام سے مشہور ہوا +

(۴) میکہ نبی کی کتاب باب ۵ آیت ۲ میں ہے "پر اے بیت لحم افراتاہ ہر چند کہ تو یہوداہ کے ہزاروں میں شامل ہونے کے لئے چھوٹا ہے تو بھی تجھ میں سے وہ شخص نکلیگا کہ جو مجھ پاس آویگا اور جو اسرائیل میں حاکم ہوگا" اس آیت سے اتنا ثابت ہوتا ہے کہ ایک شخص بیت لحم سے نکل کر خدا کا مقرب ہوگا اور پھر اسرائیلیوں پر حکومت کریگا۔ اس کی تصدیق انجیل متی باب ۲ آیت ایک سے ہوتی ہے۔ جس میں لکھا ہے "کہ جب یسُوع ہیروڈیس بادشاہ کے وقت یہودیہ کے بیت لحم میں پیدا ہوا" یہاں پر بیت لحم کے پیدا ہونیوالے شخص کی تخصیص ہوگئی اور بتلا دیا کہ وہ شخص یسُوع ہے مگر فی الحقیقت دیکھو تو الفاظ وحی میں نام نہیں بتلایا گیا۔ صرف قرائن سے یسُوع کو مصداق بنایا گیا +

دوسرا امر اس پیشگوئی کے الفاظ میں یہ تھا۔ کہ اسرائیل میں حکومت کریگا یہ بات بظاہر مسیح کو نصیب نہیں ہوئی بلکہ اس حکومت کی منشا کہ وہ ملکی حکومت ہے یا روحانی خود حضرت مسیح علیہ السلام پر نہیں کھُلی کیونکہ اُس نے اول اول اپنے معتقدوں کو حکم دیا تھا کہ تلواریں اور سامان جنگ خریدیں اگر اس کی حقیقت اُن پر کھُلتی تو کیوں ایسی غلط کارروائی کرتے اس سے یہ بھی نکلا کہ بعض اوقات خود انبیاء پر وحی کی حقیقت مخفی رہتی ہے اور جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک مسکنت اور غربت کی حالت میں اس جہان سے گذر گئے تو اُن کے بعد عیسائیوں نے اس حکومت سے حکومت روحانی مراد لی ہے۔ ورنہ اگر جسمانی مراد ہوتی تو پھر پیشگوئی جھوٹی جاتی میکہ باب ۲ ورس اول سے لغایت ۲ میں یہ لکھا ہے "اور جب یسوع ہیروڈیس بادشاہ کے وقت یہودیہ کے بیت لحم میں پیدا ہوا۔ تو دیکھو کئی مجوسیوں نے پورب سے یروشلم میں آکے کہا کہ یہودیوں کا بادشاہ جو پیدا ہوا سو وہ کہاں ہے کہ ہم نے پورب میں اُس کا ستارہ دیکھا ہے" ان آیات میں مسیح کو ستارہ کی صورت میں مجوسیوں پر ظاہر کیا گیا ہے۔ حالانکہ بظاہر انسان کو ستارہ سے کیا نسبت ہے مگر عالم کشف میں کسی عالم ربانی یا امام زمان کو ستارہ کی صورت میں دکھلایا جاتا ہے اور یہی سُنت اللہ ہے یا یہ کہ اُن کی کتابوں میں لکھا ہوگا کہ جب مسیح علیہ السلام پیدا ہونگے تو اُن کی تصدیق کے لئے مشرق کی طرف سے ایک خاص قسم کا ستارہ طلوع کریگا۔ اس بنا پر تلاش میں نکلے ہونگے +

اِن آیات میں ایک لفظ بادشاہ ہی جو مجوسیوں کی زبان سے مسیح کی نسبت نکلا ہی۔ اگر ظاہر الفاظ کا خیال کیا جائے تو مسیح کسی صورت میں بھی بادشاہ تو کیا ایک چھوٹا سا حاکم بھی نہیں ہوا۔ اِسی لئے اِس کی تاویل بھی کی گئی ہی کہ روحانی بادشاہ تھا اور یہ بات واقعہ میں درست بھی ہے۔ اور اس کی تصدیق یرمیاہ نبی کی کتاب کے باب ۳۶ آیت ۳۰ سے ہوتی ہے جس میں لکھا ہے "کہ اِس لئے یہوداہ کے بادشاہ یہویقیم کی بابت خداوند یوں کہتا ہے۔ کہ اُس کی نسل میں سے کوئی نہ رہیگا۔ جو داؤد کے تخت پر بیٹھے" اور انجیل متی باب ۱ درس ۱۶ میں تسلیم کیا گیا ہے کہ یسوع یواقیم یا یہویقیم کاب کی نسل سے ہے۔ اس سے بخوبی روشن ہے کہ مسیح کے لئے جسمانی سلطنت نہ ہوگی مگر مسیح کے زمانۂ حیات میں اوّل لوگوں نے یہی گمان کیا تھا۔ بلکہ جیسا کہ پہلے ظاہر کیا گیا ہی خود مسیح کو بھی یہی خیال ہوا تھا کہ وہ جسمانی بادشاہ ہوگا ورنہ ہیرودیس اور اُس کی جماعت کو اُس سے کیوں خوف پیدا ہوا تھا۔ اور کیوں سینکڑوں بچے قتل کرائے گئے تھے +

(۵) کتاب زکریاہ کے باب ۳ درس ۸ میں ہی "کہ دیکھ میں اپنے بندے شاخ نامی کو پیش لاؤنگا" +

پھر اسی کتاب کے باب ۶ میں ہے "دیکھ وہ شخص جس کا نام شاخ ہے۔ وہ اپنی جگہ سے اُگے گا اور خداوند کی ہیکل کو بنائیگا۔ اور وہ صاحب شوکت ہوگا۔ اور اپنے تخت پر جلوس کرکے کاہن بھی ہوگا" +

پھر یسعیاہ نبی کی کتاب کے باب ۴ درس ۲ میں ہے۔ اُس دن خداوند کی شاخ شوکت اور حشمت ہوگی۔ اور یرمیاہ نبی کی کتاب کے باب ۲۳ درس ۵ میں ہے "کہ میں داؤد کے لئے صداقت کی ایک شاخ نکالونگا۔ اور ایک بادشاہ بادشاہی کریگا اور اقبالمند ہوگا اور عدالت اور صداقت زمین پر کریگا" +

پھر یسعیاہ باب ۱۱ درس ۱۔ ۲ میں لکھا ہے "یسّی کے تنے سے ایک کونپل نکلیگی۔ اور اُس کی جڑوں سے ایک پھلدار شاخ پیدا ہوگی اور خداوند کی روح اُس پر ٹہریگی"۔ واضح ہو کہ یسّی حضرت داؤد کے باپ کا نام ہے +

اور انجیل لوقا باب ۲ آیت ۶۹۔ ۷۰ میں ہے "اور ہمارے لئے نجات کا سینگ اپنے بندے داؤد کے گھر میں سے نکال کے کھڑا کیا۔ جیسا اُس نے اپنے پاک نبیوں کی معرفت جو

دُنیا کے شروع سے ہوتے آئے کیا" اِن سب کتابوں سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے ایک شاخ کا وعدہ دیا اور شاخ ایک ایسا لفظ ہے جو درخت اور سینگ پر بھی آسکتا ہے لیکن یہاں مراد مسیح سے لی گئی جو حضرت داؤد کی نسل سے ہے دیکھو اعمال باب ۱۳ ورس ۲۳ جسمیں لکھا ہے" اُسی کی نسل سے خدا نے اپنے وعدہ کے موافق اسرائیل کے لئے نجات دینے والا یسوع کو اُٹھایا" اور یہاں شاخ کے معنے نسل کے لئے گئے ہیں۔ لیکن بموجب اناجیل مروجہ حضرت مسیح نہ تو اقبال مند ہوئے اور نہ اُنہوں نے بادشاہی کی اور نہ کوئی عدالت کا اُنہیں موقع ملا۔ اور یہی وجہ ہے کہ یہودیوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کو قبول نہیں کیا بلکہ برخلاف اِسکے اُسکو کافری اور کذّاب خیال کرلیا +

(۶) زبور باب ۴۵ آیت ۸ و ۹ میں ہے" تیرے سارے لباس سے مُر اور عود اور تج کی خوشبو آتی ہے کہ جنسے ہاتھی دانت کے محلوں کے درمیان اُنہوں نے تجھ کو خوش کیا ہے بادشاہوں کی بیٹیاں تیرے عزّت والیوں میں ہیں"۔ عیسائی تسلیم کرتے ہیں کہ یہ آیات بھی یسوع کے بارہ میں ہیں مگر اُن کا وقوع کبھی بھی ثابت نہیں کرتے اور نہ کرسکتے ہیں +

جہاں تک ہم آیات متذکرہ بالا پر غور کرتے ہیں عیسائیوں کے پاس کوئی جواب نہیں ہے کیونکہ وہ کسی صورت میں یسوع کو بادشاہ اور حاکم اور اقبالمند اور پھلدار درخت اور باشان و شوکت انسان جس کے کپڑوں سے خوشبوؤں کی لپٹ آتی ہو اور بادشاہوں کی بیٹیاں اُس کے دائیں بائیں ہوں ثابت نہیں کرسکتے صرف اندھا دُھند بے دلیل یہ ساری باتیں مسیح پر تھوپتے چلے جاتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ یہودی اُس سے انکاری رہے۔ لیکن اُنکو اگر حقیقت حال سے آگاہی ہوتی تو پھر نہ عیسائیوں کو اور نہ یہودیوں کو اُس کے تسلیم کرنے میں دقّت رہتی۔ کیونکہ حقیقت میں یسوع صلیب پر نہیں مرے بلکہ جیسے کہ پیشگوئیوں میں ہے کہ مُردوں سے جی اُٹھیگا۔ چنانچہ وہ اُٹھا اور اپنے حواریوں سے ملتا رہا اور آخر اپنے اُس مشن کے لئے جس کے لئے وہ اصل میں مامور ہوا تھا یعنے بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے لئے نکلا اور جہاں جہاں وہ تھیں اُن کو تلاش کیا اور اُن میں بااقبال بھی ہوا۔ اور اُس کے کپڑوں سے بھی خوشبوؤں کی لپٹیں آئیں۔ اور ہاتھی دانت کے محلوں میں بھی داخل ہوا جو ہندوستان اور اُسکے مضافات میں تھے اور تمام قوموں پر حکومت بھی کی اور اُس کے نام سے سکّے بھی جاری

ہوئے اور بادشاہوں کی بیٹیاں بھی اُس کے دائیں بائیں رہیں۔ ہم اس مضمون کو کسی دوسرے باب میں مفصل بیان کرینگے +

۳۔ بشارات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اب ہم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات کتب سابقہ سے بیان کرتے ہیں اور دکھاتے ہیں کہ باوجود صاف اور صریح پیشگوئیوں کے بھی بدظنی کرنے والے اور حسد اور کینہ رکھنے والے کبھی بھی ہدایت یاب نہیں ہو سکتے +

(۱) کتاب پیدائش کے باب ۱۲ اور س ۶ لغایت ۸ میں ہے "اور ابرام اُس ملک میں سکم کی بستی اور مورہ کے بلوط تک گذرا اُسوقت ملک میں کنعانی تھے۔ تب خداوند نے ابرام کو دکھلائی دیکے کہا کہ یہی ملک میں تیری نسل کو دونگا۔ اور اُس نے وہاں خداوند کے لئے جو اُسپر ظاہر ہوا ایک قربان گاہ بنائی اور وہاں سے روانہ ہوکے اُس نے بیت ایل کے پورب کے ایک پہاڑ کے پاس اپنا ڈیرا کھڑا کیا"۔ ان آیات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم سے وعدہ کیا تھا اور دکھلایا تھا کہ ملک شام تیری اولاد کو دونگا چنانچہ اُس کی اولاد کے سوا ابتک وہ ملک کسی اور قوم کے قبضہ میں نہیں ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ دو ہزار برس پہلے وعدہ کیا گیا تھا۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ ملک عطا ہوگا لیکن یہودیوں اور عیسائیوں نے صرف اُس کو حضرت اسحاق تک ہی محدود رکھا اسلیئے رحمتی اور صداقت سے ہمیشہ کے لئے محروم ہو گئے۔ اور دوسرا اس سے بیت اللہ کا بھی پورا ثبوت ملتا ہے کیونکہ جب وہ شام کے ملک سے نکلکر آگے بڑھے اور چلتے چلتے آخر ایک ایسی جگہ پر مقام کیا۔ جس کے مغرب کی طرف بیت اللہ تھا تو دیکھو وہ کوہ صفا تھا جس کے متصل اُنہوں نے ڈیرہ لگایا تھا۔ اس سے بھی صریح اشارہ نکلتا ہے کہ حضرت اسمٰعیلؑ کی اولاد کو وہ ملک جس کا اوپر ذکر ہوا ملیگا +

(۲) پھر پیدائش باب ۱۳ آیات ۱۴ سے لغایت ۱۷ میں ہے "اور بعد اُس کے کہ لوط اُس سے جدا ہوا خداوند نے ابرام سے کہا کہ اپنی آنکھ اُٹھا اور اُس جگہ سے جہاں تو ہے اُتر اور دکن اور پورب اور پچھم کو دیکھ کہ یہ تمام ملک جو تو اب دیکھتا ہے۔ میں تجھ کو اور تیری نسل کو ہمیشہ کے لئے دونگا اور تیری نسل کو میں زمین کی خاک کی مانند بناؤنگا کہ اگر کوئی آدمی زمین کی خاک کو گن سکے

تو تیری نسل بھی گنی جائیگی"۔ اس سے بھی ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اب تک اُس زمین پر قابض ہیں۔ گو دشمنوں اور غیر اقوام نے بڑی بڑی چڑھائیں کیں اور یوروپ کے کل بادشاہ اسکے دبانے حاصل کرنے کے لیے متفق ہوکر لاانتہا فوجیں چڑھا لائے مگر چونکہ خداوند تعالےٰ نے ہمیشہ کے لئے ابراہیم کی نسل کیواسطے وعدہ کیا تھا وہ ناکام نامراد رہے اور اسلیئے کوئی اس پیشگوئی کو جھٹلا نہ سکا۔ مگر باوجود اس کے عیسائی ایسا کھلا نشان دیکھ کر بھی ایمان نہ لائے۔ اور اب تک ایسی صداقت سے منہ موڑے ہوئے ہیں +

(۳) کتاب پیدائش کے باب ۱۷ اور س ۷ و ۸ میں اس سے بھی زیادہ وضاحت ہے۔ اور میں اپنے اور تیرے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان اُن کی پشت در پشت کے لئے اپنا عہد یا ہمیشہ کا عہد کرتا ہوں کہ میں تیرا اور تیرے بعد تیری نسل کا خدا ہونگا اور میں تجھ کو اور تیرے بعد تیری نسل کو کنعان کا تمام ملک جس میں تو پردیسی ہے دیتا ہوں کہ ہمیشہ کے لئے ملک ہو اور میں اُن کا خدا ہونگا"۔ دیکھو یہ کیسی صریح پیشگوئی ہے۔ اگر اس سے مراد صرف حضرت اسحٰق کی اولاد تھی۔ تو پھر یہ پیشگوئی غلط جاتی ہے۔ اگر اس میں ابراہیم کی اولاد سے حضرت اسحٰق اور حضرت اسمٰعیل مراد تھے تو پیشگوئی بڑی کامل وضاحت کے ساتھ پوری ہوگئی ہے کیونکہ یہ ملک بعد اولادِ اسحٰق اندازاً ۱۳۰۰ سو برس سے برابر بلا تزلزل حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قبضہ میں ہے جو بنی اسمٰعیل ہیں مگر عیسائی اور یہودی اب تک اس کے سمجھنے سے قاصر ہیں۔ بلکہ خدا کے کلام کو اُنہوں نے جھٹلانا گوارا کرلیا مگر حق کو قبول نہ کیا +

(۴) اس سے بڑھکر کتاب پیدائش کے باب ۱۵ آیت ۱۸ میں اور بھی تصریح ہے۔ "اُسی دن خداوند نے ابرام سے عہد کرکے کہا کہ میں تیری اولاد کو یہ ملک دونگا۔ مصر کی ندی سے لیکے بڑی ندی تک جو فرات کی ندی ہے"۔ اس آیت میں حدود ملک بھی بتا دی گئی ہیں لیکن عیسائی اور یہودی پھر بھی منکر ہی ہیں۔ حالانکہ وہ ملک عرب کے اُس رسول کے خادموں کے قبضہ میں ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے تھا +

(۵) کتاب پیدائش باب ۱۳ آیت ۱۶ میں ہے "اور تیری نسل کو میں زمین کی خاک کی مانند بناؤنگا اگر کوئی آدمی زمین کی خاک کو گن سکے تو تیری نسل بھی گنی جائیگی"۔ اس سے بھی مسلمانوں کی قوم کا کیسا ثبوت ملتا ہے باوجودیکہ بڑی بڑی مردم شماری ہوئی مسلمانوں کی تعداد

کا ابتک ٹھیک پتہ نہیں ملا۔ دوسرے یہ کہ بنی اسرائیل جو بابل سے جلاوطن ہوکر ممالک مشرقی میں آباد ہو گئے تھے اب تک اُن کا بھی کوئی پتہ نہیں لگا سکا اور اسی واسطے اُن کا شمار بھی ناممکن ہوگیا ہے +

آیات متذکرہ بالا کی وضاحت ذیل کی آیات سے اور بھی زیادہ ہوتی ہے۔ دیکھو پیدائش باب ۱۶ آیت ۱۰ جس میں لکھا ہے "پھر خداوند کے فرشتہ نے اُسے (یعنی ہاجرہ سے) کہا کہ میں تیری اولاد کو بہت بڑھاؤنگا کہ وہ کثرت کی وجہ سے گنی نہ جائے" اس سے صاف ظاہر ہے کہ کل اُمت محمدیہ کا گننا تو درکنار صرف بنی اسمٰعیل کے لوگ جو عرب کی سرزمین میں رہتے ہیں کوئی گن نہیں سکا یہ کیسی کھلی صداقت ہے +

(۶) پھر پیدائش باب ۱۷ آیت ۲۰ میں ہے "اور اسمٰعیل کے حق میں میں نے تیری سُنی دیکھ میں اُسے برکت دونگا اور اُسے برومند کرونگا اور اُسے بہت بڑھاؤنگا۔ اور اُس سے بارہ سردار پیدا ہونگے اور میں اس سے بھی بڑی بناؤنگا" اس آیت سے بھی حضرت اسمٰعیل کی اولاد کی کثرت کا کھلا بیان ہے۔ گو اس میں شک نہیں کہ حضرت اسحاق کی اولاد بھی شامل ہے +

(۷) کتاب استثنا باب ۱۸ ورس ۱۸ میں ہے "میں اُن کے لئے اُن کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی پیدا کرونگا اور اپنا کلام اُس کے منہ میں ڈالونگا" اب اس آیت میں کیا صاف صاف بیان ہے کہ خدا تعالیٰ نے بنی اسحاق کو مخاطب کرکے فرمایا ہے کہ تمہارے بھائیوں یعنی بنی اسمٰعیل میں سے ایک نبی موسےٰ سا پیدا کرونگا۔ یہ پیشگوئی سوائے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی پر صادق نہیں آسکتی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بنی اسمٰعیل ہی میں سے پیدا ہوئے اور سب جانتے ہیں کہ بنی اسمٰعیل ہی بنی اسرائیل کے بھائی ہیں۔ اور اُن کے سوا کون ہے کہ بھائی ہونے کا دعویٰ کرے اور یہ امر کسی پر مخفی نہیں ہے کہ بنی اسمٰعیل میں سے حضرت محمد رسول اللہ کے سوا اور کوئی بھی نبی نہیں ہوا۔ اور یہ جو لکھا ہے کہ موسیٰ جیسا نبی پیدا کرونگا سو بجز خاتم المرسلین کے اور کوئی ایسا نبی نہیں ہوا جس کی مماثلت حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ثابت ہوتی ہو اور جس کی تصدیق قرآن کریم کی اس آیت سے ہوتی ہے اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا۔ یعنے ہم نے تمہاری

طرف اُسی طرح کا رسول بھیجا ہے جس طرح فرعون کی طرف ہم نے ایک رسول بھیجا تھا۔ پس اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مثیل موسیٰ علیہ السلام قرار دیا گیا ہے +

مماثلت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موسیٰ علیہ السلام

اب ہم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مماثلت حضرت موسیٰ سے بوجوہات ذیل ثابت کرتے ہیں +

(۱) جیسی زبردست شریعت یعنی کتاب توریت حضرت موسےٰ کو دی گئی ایسا ہی ایک نہایت ہی زبردست اور غیر متبدل شریعت یعنی قرآن مجید حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا گیا

(۲) جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دشمنوں کے خوف سے ملک مصر سے ہجرت کر کے ملک شام میں آئے ایسے ہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی +

(۳) حضرت موسیٰ نے بھی جس طرح شہر یثرب میں بعد ہجرت پناہ لی ایسا ہی حضرت محمد رسول اللہ صلعم نے بھی شہر یثرب یعنی مدینہ منورہ میں پناہ لی +

(۴) جیسے حضرت موسیٰ پر کلام خدا بلفظہ نازل ہوا ایسا ہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن شریف بلفظہ نازل ہوا +

(۵) جس طرح حضرت موسیٰ نے کفار کے ساتھ جہاد کیا ایسا ہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی کفار سے جہاد کیا +

(۶) جس طرح جناب موسیٰ علیہ السلام نے دنیاوی بادشاہت بنی اسرائیل میں قائم کی ایسا ہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیاوی سلطنت بنی اسمٰعیل میں قایم کی

(۷) جس طرح جناب موسیٰ علیہ السلام نے ملک فتح کئے۔ اسی طرح حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ملک فتح کئے +

(۸) جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کے متفرق اور اسیر اقوام کو ایک جگہ جمع کیا ایسا ہی حضرت محمد رسول اللہ صلعم نے بنی اسمٰعیل کی متفرق جماعتوں کو ایک جگہ جمع کیا +

(۹) جیسے حضرت موسیٰ کی شریعت قائم رکھنے اور تجدید کے لئے یکے بعد دیگرے انبیاء آئے ایسا ہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے قائم رکھنے اور تجدید کرنے کے لئے مجددین آتے رہے۔ جنہوں نے علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل کا لقب حاصل کیا +

(۱۰) جیسے حضرت موسیٰ کے ۱۳۰۰ برس بعد چودھویں صدی کے سر پر بنی اسرائیل کے گھر انیکی نبوت کے خاتم حضرت عیسےٰ علیہ السلام نبی ناصری ہوئے ایسا ہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ۱۳۰۰ برس بعد چودھویں صدی کے سر پر حضرت مرزا غلام احمد صاحب مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام خاتم ولایت خاندان نبوت محمدی ہوئے +

(۱۱) جیسے حضرت مسیح علیہ السلام نبی ناصری تابع شریعت موسوی نے بعض حصہ توریت شریف کی تفسیر بروحی الٰہی دنیا پر ظاہر کی تھی۔ ایسا ہی حضرت مسیح موعود علیہ السلام تابع شریعت محمدی نے بعض حصہ قرآن کریم کی اصلی تفسیر بالہام الٰہی ظاہر کی +

(۱۲) جیسے خاتم نبوت بنی اسرائیل نے علماء وقت کی غلطیاں ظاہر کیں ایسا ہی خاتم ولایت محمدی نے علماء وقت کی غلطیاں ظاہر کیں +

غرض ان وجوہات سے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و حضرت موسیٰ میں مماثلت تامہ ثابت ہوتی ہے +

(۸) زبور باب ۱۱۸۔ آیت ۲۲ میں ہے "وہ پتھر جسے معماروں نے رد کیا کونے کا سرا ہو گیا" پھر اسی باب کی ۲۶ آیت میں ہے "مبارک ہے وہ جو خداوند کے نام سے آتا ہے" +

زکریاہ باب ۴۔ آیت ۷ میں ہے "اور وہی پتھر پر پکارتے ہوئے نکالیگا۔ کہ اُس پر فضل اُس پر فضل" +

پھر انجیل متی باب ۲۱ آیت ۴۲۔ ۴۴ میں "یسوع نے اُنہیں کہا کہ تم نے نوشتوں میں کبھی نہیں پڑھا کہ جس پتھر کو راج گیروں نے ناپسند کیا وہی کونے کا سرا ہوا۔ یہ خداوند کی طرف سے ہے اور ہماری نظروں میں عجیب اس لئے میں تم سے کہتا ہوں کہ خدا کی بادشاہت تم سے لے لیجائیگی اور ایک قوم کو جو اُس کا میوہ لاوے دیجائیگی۔ جو اس پتھر پر گریگا چور ہو جائیگا پر جس پر وہ گرے اُسے پیس ڈالیگا" +

پھر انجیل مرقس باب ۱۲ آیت ۱۰-۱۱ میں لکھا ہے "کیا تم نے یہ نوشتہ نہیں پڑھا کہ وہ پتھر جسے معماروں نے ناپسند کیا وہی کونے کا سرا ہوا"۔

پھر انجیل لوقا کے باب ۲۰- آیت ۱۷-۱۸ میں ہے "تب اُس نے اُن کی طرف دیکھ کے کہا پھر وہ کیا ہے جو لکھا ہے کہ وہ پتھر جسے راجگیروں نے رد کیا ہے کونے کا سرا ہوا۔ ہر ایک جو اس پتھر پر گرے چور ہوگا۔ اور جس پر وہ گرے اُسے پیس ڈالیگا"۔

ان سب آیات میں جس پتھر کا ذکر ہے اُس کو عیسائیوں نے اپنی نادانی سے حضرت مسیح پر زبردستی بلاوجہ قویہ لگایا ہے۔ چنانچہ اعمال باب ۴۰ آیت ۱۰-۱۱ میں ہے "تو تم سب اور اسرائیل کی ساری قوم کو معلوم ہو کہ یسوع مسیح ناصری کے نام سے جس کو تم نے صلیب دی۔ اور جسے خدا نے مُردوں میں سے پھر اُٹھایا اُسی سے یہ مرد تمہارے سامنے بھلا چنگا کھڑا ہے یہ وہی پتھر ہے جسے تم معماروں نے ناچیز جانا جو کونے کا سرا ہو گیا"۔

پھر افسیوں باب ۲ آیت ۲۰-۲۱ میں ہے "اور رسولوں اور نبیوں کی نیو پر جہاں یسوع مسیح اب کونے کا سرا ہے ایک عمارت اُٹھائی گئی ہے۔ جس سے ساری عمارت ایک ساتھ جُڑ کر مقدس ہیکل خداوند کے لئے اُٹھتی جاتی ہے"۔ ان سب آیات میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ وہ پتھر یسوع مسیح ہے حالانکہ یہ بات بالبداہت غلط ہے۔ کیونکہ مسیح ویسا پتھر ثابت نہیں ہوا کہ جس کی تعریف میں لکھا تھا کہ جو اُس پر گرا پاش پاش ہو گیا ہو بلکہ برخلاف اُس کے وہ خود پکڑا گیا اور اُسے دُکھ دیا گیا مُنہ پر تھوکا گیا اُس کو کانٹوں کا تاج پہنایا گیا اور زخمی ہوا۔ اور قبر میں رکھا گیا پس کسی صورت میں یہ بات صادق نہیں آتی کہ وہ پتھر مسیح علیہ السلام تھا۔ کیونکہ واقعات نے ثابت کر دیا ہے نبوت کی عمارت کے کونہ کا سرا صرف حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی ہوئے ہیں جس نے آنکر عمارت نبوت کو مکمل کر دیا۔ اور یہ بات خود مسیح کے قول سے ثابت ہے دیکھو انجیل متی باب ۲۱ آیت ۴۱ و ۴۲ جن میں خود مسیح علیہ السلام اپنی قوم کو مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ مجھے خدا تعالیٰ نے وحی کی ہے کہ خدا کی بادشاہت یعنی شریعت تم سے لے لیجائیگی اور ایک قوم کو جو برومند ہوگی دیجائیگی اور وہ ایسا پتھر ہے کہ جو اُس پر گریگا چور چور ہو جائیگا یا جس پر وہ گریگا چور چور کر دیگا۔ اب تمام دُنیا پر روشن ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کوئی جدید شریعت نہیں لائے تھے بلکہ اُسی موسوی شریعت کے پیرو تھے اور

اُسی کی تجدید کے لئے آئے تھے اور یہ امر بھی خود حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی کلام سے تشریح ہی کہ شریعت ایک اور قوم کو جو بنی اسرائیل کے سوا ہوگی دیجائیگی اور یہ بات ظاہر ہے کہ شریعت بنی اسمٰعیل کو دی گئی اور وہی آخری پتھر تھا جس نے ثابت کرکے دکھا دیا کہ جو اُس پر گرا چور چور ہوا اور جس پر وہ گرا وہ بھی چور چور ہوا۔ پس ایسی بیّن صداقت کی موجودگی میں عیسائیوں اور یہودیوں کا آنکھوں پر پردہ ڈال لینا اور کھلی سچائی کو نہ ماننا بجز تعصب اور ہٹ دھرمی کے اور کیا متصور ہوسکتا ہے +

(۹) (الف) کتاب استثنا باب ۳۳۔ ورس ۲ میں ہے "۔ اور اُس نے کہا کہ خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے اُن پر طلوع ہوا فاران ہی کے پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا۔ دس ہزار قدوسیوں کے ساتھ اور اُس کے داہنے ہاتھ ایک آتشی شریعت اُن کے لئے تھی" +

(ب) حبقوق نبی کی کتاب کے باب ۳ آیت ۳ میں ہے "۔ خدا تیمان سے اور وہ جو قدوس ہے کوہ فاران سے آیا اور اُس کی شوکت سے آسمان چھپ گیا۔ اور زمین اُس کی حمد سے معمور ہوگئی۔ اُس کی جگمگاہٹ نور کی مانند تھی۔ اُس کے ہاتھ سے کرنیں نکلیں۔ پر وہاں بھی اُس کی قدرت در پردہ تھی۔ موت اُس کے آگے آگے چلی اور اُس کے قدموں پر آتشی وبا روانہ ہوئی وہ کھڑا ہوا اور اُس نے زمین کو لرزا دیا۔ اُس نے نگاہ کی اور قوموں کو پراگندہ کیا اور قدیم پہاڑ ریزہ ریزہ ہوگئے اور پرانی پہاڑیاں اُس کے آگے دھس گئیں" +

اِن آیات میں ایک سینا۔ ایک شعیر اور ایک فاران آیا ہے اور یہ بات مُسلّم و مُحقّق ہی کہ سینا سے حضرت موسیٰ کی توریت کی طرف اشارہ ہے اور شعیر سے حضرت عیسیٰ کی انجیل کی طرف اشارہ ہے اور فاران چونکہ مکّہ معظّمہ کا پہاڑ ہے اِس سے مراد حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی شریعت بیضا ہے۔ جو ایسی روشن ہے کہ روشنی کی چمک تمام عالم میں چھائی ہوئی ہے اور سوائے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کون ہے جس نے تمام عرب اور روم اور شام بلکہ کل دُنیا کو ہلا دیا اور کون شک کرسکتا ہے کہ اُنہوں نے تمام مقابلہ کرنے والی قوموں کو پراگندہ کر دیا۔ اور قیصر اور کسریٰ کی بڑی زبردست سلطنتوں کو جو بڑے بڑے پہاڑوں کی صورت میں تھیں صفحۂ ہستی سے زاویۂ عدم میں پہنچا دیا اور عرب اور آس پاس کی کل ریاستوں کو جو چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں کی شکل میں نظر آتی تھیں اپنے

تخت میں لے لیا اور سب کا نام و نشان اُٹھا دیا +

دوسرا ان آیات میں دس ہزار قدوسیوں کا ذکر ہے یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دس ہزار مقدس لوگ ہونگے سو یہ امر بھی روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب مکہ فتح کیا تو اُس وقت اُن کے ہمراہ دس ہزار صحابہ تھے۔ تمام دُنیا بھر کی تاریخیں اس کی شاہد ناطق ہیں +

تیسرا لفظ اس پیشگوئی میں ہے اُس کے داہنے ہاتھ ایک آتشی شریعت اُن کے لئے تھی سو یہ امر بھی ظاہر و باہر ہے کہ اسلامی شریعت کیسی روشن اور زبردست ہے کہ کفار کو کیسا سخت انذار کیا گیا اور کیسا ڈرایا گیا اور اُن سے کیسا مواخذہ کیا گیا +

پس اِن تمام واقعات سے معلوم ہوا کہ یہ سب باتیں حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص تھیں جن کا حال دنیا سے مخفی نہیں لیکن افسوس بہتیروں کی آنکھیں ابتک اس نورِ صداقت سے اندھی ہیں اور نہیں دیکھ سکتیں +

(۱۰) یسعیاہ باب ۲۱ آیت ۷ میں ہے "اور ایک جوڑی سواروں کی دیکھی ایک گدھے کا سوار تھا اور دوسرا اونٹ کا" اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ یسعیاہ نبی نے ایک حضرت عیسٰے کے آنے کی خبر دی جس کی سواری گدھے کی تھی۔ اور ایک حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آنے کی خبر دی جن کی سواری اونٹ کی تھی۔ واضح ہو کہ اس آیت کا ترجمہ اُردو انجیل میں غلط کیا گیا ہے۔ وہاں بجائے واحد کے جمع کا استعمال کیا گیا ہے۔ ہم نے یہاں اصل عبرانی سے ترجمہ کیا ہے +

(۱۱) انجیل لوقا کے باب ۲۴ آیت ۴۹ میں ہے "اور دیکھو میں اپنے باپ کے اُس موعود کو تمہارے پاس بھیجتا ہوں۔ لیکن جب تک تم عالم بالا کی قوت سے ملبّس نہ ہو یروشلم شہر میں ٹھیرو" اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت عیسٰے نے کہا۔ کہ میرے بعد خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک اور نبی جس کا وعدہ دیا گیا ہے آنے والا ہے۔ تب تک یروشلم میں قیام رکھو یعنے شریعت سابقہ پر عمل کرو۔ اور اُس بیت المقدس کو اپنا قبلہ قایم رکھو +

اسی کی تصدیق انجیل یوحنّا سے یوں ہوتی ہے۔ دیکھو باب ۱۴۔ آیت ۳۰۔ جس میں لکھا ہے "بعد اس کے میں تم سے بہت کلام نہ کرونگا۔ اِس لئے کہ اس جہان کا سردار آتا ہے۔

اور مجھ میں اُس کی کوئی چیز نہیں"۔ اس آیت سے کیسی صاف اور بین دلیل موجود ہے اور کس پر مخفی ہے کہ اس جہان کا سردار بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام سوائے حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کون ہوا اور یہ بات بھی اظہر من الشمس ہے کہ جو جو صفات کمالیت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں تھیں وہ مسیح میں کہاں تھیں +

پھر اس انجیل کے باب ۱۵ آیت ۲۶ میں ہے "پھر جبکہ وہ تسلی دینے والا جس سے میں تمہارے لئے باپ کی طرف سے بھیجونگا یعنی روح حق جو باپ سے نکلتی ہے آوے تو وہ میرے لئے گواہی دیگی"۔ اس آیت سے بھی بہ تصریح ظاہر ہے کہ دنیا میں ایک ہی تسلی دینے والا آیا وہ کون وہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو بلاشک روح حق تھے اور اُنہوں نے آن کر گواہی دی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ناصری پیغمبر اور خدا کے مرسل تھے خدا کے پیارے تھے اور وہ صلیب پر نہیں مرے۔ جس سے وہ لعنتی قرار پاتے بلکہ اُن کا رفع ہوا۔ اور مثل دیگر انبیاء کے طبعی موت سے مر کر خدا کے مقرب ہوئے۔ اور حضرت یحییٰ کے ساتھ اُن کو جگہ دی گئی +

پھر انجیل یوحنا باب ۱۲ آیت ۳۱ میں ہے "اب اس دُنیا پر حکم ہوتا ہے۔ اب اس دنیا کا سردار نکال دیا جائیگا" +

پھر اسی انجیل کے باب ۱۶۔ آیت ۱۱۔ ۱۴ میں ہے "عدالت سے اس لئے کہ اس جہان کے سردار پر حکم کیا گیا ہے۔ میری اور بہت سی باتیں ہیں کہ میں تمہیں کہوں۔ پر اب تم اُن کی برداشت نہیں کر سکتے لیکن جب وہ یعنی روح حق آویگی تو وہ تمہیں ساری سچائی کی راہ بتاویگی۔ اس لئے کہ وہ اپنی نہ کہیگی۔ لیکن جو کچھ وہ سُنیگی سو کہیگی اور تمہیں آئندہ کی خبریں دیگی۔ وہ میری بزرگی کریگی" +

اِن سب آیات سے ظاہر ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کون سردار ہوا۔ اور کس نے صراط مستقیم کی طرف خلق اللہ کو راہ نما کیا اور کس نے وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى کا ثبوت دیا۔ اور وہ کون ہے کہ جس نے بلا وحی کوئی کام کیا ہو اور کس نے قیامت تک کی خبریں دی ہیں کہ جن کا ظہور ابتک ہو رہا ہے اور کس نے حضرت مسیح علیہ السلام کی بزرگی ظاہر کی یہ وہی جہان کے سردار ہیں جن کے بعد آسمانی

بادشاہت کا خاتمہ ہوگیا۔ اور ساری سرداری کی فضیلت اُسی ذات بابرکات پر ختم ہوگئی جن کا نام مبارک حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے +

(۱۲) یوحنا باب ۱ میں ہے "بلکہ اقرار کیا کہ میں مسیح نہیں ہوں۔ تب اُنہوں نے اُس سے پوچھا تو اور کون ہے۔ کیا تو الیاس ہے اُس نے کہا میں نہیں ہوں۔ پس آیا تو وہ نبی ہے اُس نے جواب دیا نہیں" اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہودیوں کو تین نبیوں کی انتظار تھی۔ ایک عیسےٰ۔ ایک الیاس اور ایک اُس نبی کی جس کا نام نہیں لیا گیا بلکہ اشارہ کیا گیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کوئی ایسا عظیم الشان نبی اور وہ بھی ایسا معروف و مشہور کہ صرف اشارہ ہی کافی خیال کیا گیا۔ اور ظاہر ہے کہ کتاب استثنا کے باب ۱۸ آیت ۱۵ میں نبی اسرائیل کو ایک وعدہ دیا گیا تھا کہ میں موسیٰ کی طرح ایک نبی تمہارے بھائیوں میں سے کھڑا کرونگا۔ اُسی وعدہ کی بنا پر صرف یہی کہدیا گیا کہ کیا تو وہ نبی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اُسی نبی کے بڑے مشتاق و منتظر تھے جسکا وعدہ کتاب استثنا میں دیا گیا تھا +

(۱۳) دانیال کی کتاب کے باب ۲۔ آیت ۴۴ میں ہے "اور اُن بادشاہوں کے ایام میں آسمان کا خدا ایک سلطنت برپا کریگا جو تا ابد نیست نہ ہوگی اور وہ سلطنت دوسری قوم کے قبضہ میں نہ پڑیگی۔ وہ اُن سب مملکتوں کو ٹکڑے ٹکڑے اور نیست کریگی۔ اور وہی تا ابد قایم رہیگی" اس آیت میں بھی نبی آخر الزمان کی نبوت کی تصدیق ہوتی ہے اور بخوبی ظاہر ہے کہ آسمانی سلطنت ہمیشہ کے لئے یعنے قیامت تک حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی اور اور جس قدر شرائع تھیں وہ سب اُٹھا دی گئیں اور جس قدر اُن دنوں میں زمینی سلطنتیں تھیں وہ بھی نیست و نابود کردی گئیں۔ کہاں ہیں کیانیوں کی سلطنت اور کدھر ہے رومیوں کی حکومت سب کی سب منہدم ہوگئیں اور اب اسلام ہی کا پھریرا اُن ممالک میں لہلہا رہا ہے + کیا ہم توریت و انجیل سے بطور شہادت لے سکتے ہیں

اس جگہ اس امر کا اظہار کرنا بھی ضروری ہے کہ آیا ہم توریت اور انجیل سے کسی شہادت کے لینے کے لئے مجاز بھی ہیں کہ نہیں کیونکہ آجکل کے علماء اکثر یہی کہدیا کرتے ہیں کہ یہ کتابیں محرف و مبدل ہیں اور نیز حدیث میں آیا ہے وَلَا تُصَدِّقُوْا وَلَا تُكَذِّبُوْا کہ نہ ان کی تصدیق کرو اور نہ ان کی تکذیب کرو۔ اس لئے اِن کتابوں میں سے کچھ پیش کرنا حرام

ہے۔ ہمارے نزدیک ان علماء کی سراسر غلطی یا کم عقلی ہے۔ قرآن کریم اور دیگر احادیث اُن کے اِس قول کی تکذیب کرتی ہیں۔ چنانچہ قرآن کریم میں ہے فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (اے کفار مکہ اگر تم نہیں جانتے تو اہل کتاب سے دریافت کر لو۔ اگر ممانعت ہوتی تو اللہ تعالیٰ یہودیوں اور نصاریٰ کی طرف کیوں اشارہ کرتا۔ اور وَلَا تُصَدِّقُوْا وَلَا تُکَذِّبُوْا کی روایت جو وہ پیش کرتے ہیں اُس کے معنے نہیں جانتے۔ اُس سے کہاں ممانعت ثابت ہوتی ہے بلکہ اُس سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ تم جو بات قرآن کریم کے مخالف اُن کی کتابوں میں پاؤ۔ اُس کی تصدیق نہ کرو اور جو قرآن کریم کے مطابق دیکھو اُس کی تکذیب نہ کرو۔ اِس سے اجازت ثابت ہوتی ہے نہ کہ ممانعت ہم ذیل میں چند احادیث پیش کرتے ہیں۔ جن سے صریح اجازت پائی جاتی ہے +

(۱) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَلَامٍ اَنَّہٗ جَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ قَرَأْتُ الْقُرْاٰنَ وَالتَّوْرٰیۃَ فَقَالَ اِقْرَأْ بِھٰذَا لَیْلَۃً وَبِھٰذَا لَیْلَۃً رَوَاہُ ابْنُ عَسَاکِرَ +

ابن عساکر عبد اللہ بن سلام سے روایت کرتا ہے کہ عبد اللہ بن سلام نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مینے قرآن مجید و توریت شریف پڑھی ہیں میرے لئے کیا حکم ہے فرمایا کہ ایک رات اُسکو (قرآن کریم) اور ایک رات اسکو (توریت شریف) پڑھا کرو۔ دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۶۰ +

(۲) بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً وَحَدِّثُوْا عَنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ وَلَا حَرَجَ مَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ وَالْبُخَارِیُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبُوْدَاؤُدَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَاَحْمَدُ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ +

احمد بن حنبلؒ اور نسائی اور امام بخاریؒ نے ابن عمرؓ سے اور ابو داؤد نے ابو سعید سے اور احمد بن حنبلؒ نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری طرف سے خواہ ایک ہی آیت ہو لوگوں کو پہنچا دو اور بنی اسرائیل سے بھی روایت بیان کرو کوئی حرج نہیں۔ جس شخص نے میری نسبت عمداً جھوٹ بولا۔ اُس نے اپنی جگہ دوزخ میں بنا لی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۵ صفحہ ۲۲۱ +

(۱۳) انجیل یوحنا کے پُرانے نسخوں میں لکھا ہے کہ مینے یہ باتیں تمہارے ساتھ ہوتے ہوئے تم سے کہیں۔ لیکن پیرکلیطاس پاک روح جس کو خدا بھیجیگا۔ اس عبارت میں اصل

لفظ عبرانی فارقلیط کو بگاڑ کر پریکلیطاس بنایا گیا ہے جس کے معنی احمد کے تھے مگر حال کی انجیلوں میں اس کو بھی اڑا کر اس کی جگہ لفظ تسلی دینے والا درج کر دیا ہے۔ قرآن کریم میں بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی خدا تعالیٰ نے قول ذیل نقل فرما کر فارقلیط کی تصدیق کر دی ہے اور وہ حسب ذیل ہے:۔

وَاِذْ قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰیۃِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُہٗٓ اَحْمَدُ سورہ صف رکوع ۱

جب مریم کے بیٹے عیسےٰ نے کہا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف رسول کر کے بھیجا گیا ہوں۔ اور جو کچھ تمہارے پاس توریت سے ہے۔ اُس کی تصدیق کرتا ہوں اور تمہیں بشارت دیتا ہوں کہ میرے بعد ایک نبی آئیگا۔ جس کا نام احمد ہوگا۔ پس صاف ظاہر ہے۔ کہ بموجب فرمانے حضرت عیسیٰ کے ایک نبی آیا جس کا نام احمد بھی اور محمدؐ بھی تھا۔ گو عبرانی زبان میں فارقلیط نام رکھا گیا تھا لیکن احمد اور فارقلیط کے ایک ہی معنی ہیں اور کچھ فرق نہیں۔ مگر ظاہر میں انسان ضرور دھوکا کھا سکتا ہے کہ نام تو جو والدین نے رکھا تھا وہ محمدؐ تھا اور مسیح نے احمد نام کی خبر دی تھی جیسے کہ قرآن کریم سے ظاہر ہے مگر انجیلوں میں احمد بھی نہیں بلکہ فارقلیط کے نام کی خبر دی گئی ہے۔ احمد کیونکر فارقلیط ہو سکتا ہے۔ سو واضح ہو کہ یہ نام صفاتی ہیں اور محمدؐ اور احمد لفظ حمد سے نکلے ہیں۔ جس کے معنے حکومت کے بھی ہیں یعنے وہ بڑی حکومت کرنیوالا اور فیصلہ ناطق دینے والا ہوگا۔ چنانچہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑے بڑے فیصلے بھی کئے اور حکومت بھی کی اور اسی طرح انجیل کے دیگر مقامات سے بھی تصدیق ہوتی ہے کہ وہ جہان کا سردار اور حاکم ہوگا۔ جس نے اس باب میں مفصل بحث دیکھنی ہو وہ علامہ نور الدین حضرت خلیفۃ المسیح علیہ السلام کی کتاب فصل الخطاب دیکھے۔

قرآن کریم کی پیش گوئیاں

کتب عہد عتیق کی چند ایک پیشگوئیاں پیش خدمت ناظرین کر چکے ہیں۔ اب ہم قرآن کریم اور احادیث کی چند مختلف پیشگوئیاں بطور نمونہ لکھتے ہیں۔ تاکہ پڑھنے والے کو بخوبی روشن ہو جائے

کہ پیشگوئیوں میں اللہ تعالیٰ کی کیا سُنت ہے۔ اور انبیاء کی کلام کے الفاظ ان پیشگوئیوں کے متعلق کیا کیا ہوتے ہیں +

(الف) سو واضح ہو کہ سورہ دخان رکوع اوّل میں آیا ہے فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ۝ يَّغْشَى النَّاسَ ۖ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۔ یعنی اے رسول تو اُس دن کا انتظار کر جبکہ آسمان سے دھواں آئیگا۔ اور لوگوں کو گھیر لیگا۔ یہ ایک درد دینے والا عذاب ہوگا۔ اس آیت میں لفظ دخان قابل غور ہے۔ لغت عرب کھول کر دیکھو اس کے معنی بجز دھواں کے اور نہیں لیکن جب ملک عرب پر قحط شدید محیط ہو گیا۔ یہانتک کہ لوگ مُردوں کی ہڈیوں تک پیسکر کھا گئے تو تمام اہل عرب چلّا اُٹھے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ قحط وہی دخان مبین ہے۔ جس کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا تھا +

(ب) (۱) بعض دفعہ پیشگوئی صاف بھی ہوتی ہے اور نبی صاف طور سے خلق اللہ پر ظاہر بھی کر دیتا ہے مگر خدا تعالیٰ کسی مصلحت سے جس کی اطلاع نبی کو نہیں ہوتی۔ اُس پیشگوئی کی ظاہری صورت کو اور طرح بدل دیتا ہے۔ چنانچہ قرآن شریف میں حضرت یونسؑ کا ذکر یوں آیا ہے وَذَا النُّوْنِ إِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَن لَّن نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادَىٰ فِي الظُّلُمَاتِ أَن لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ۔ اور ذوالنون یعنے یونس کی طرف غور کرو کہ اُن سے بتقاضائے بشریت کیا حرکت سرزد ہوئی کہ وہ غصے ہو کر چل کھڑے ہوئے اور اُس نے گمان کر لیا کہ ہم عذاب لانے پر قادر نہیں۔ آخر اپنی غلطی کا اعتراف کر کے اندھیرے میں پکار اُٹھے کہ معبود حقیقی کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اے اللہ تو ہی پاک ذات ہے۔ میں تو غلط کاروں میں سے تھا۔ اس کی تفصیل توریت شریف سے یوں ہوتی ہے۔ دیکھو کتاب یونہ نبی باب ۳ جس میں لکھا ہے "اور خداوند کا کلام دوسری بار یونہ (یونس) کو پہنچا اور اُس نے کہا کہ اُٹھ اُس بڑے شہر نینوہ کو جا۔ اور وہاں اس بات کی منادی کر جس کا میں تجھے حکم دیتا ہوں۔ تب یونہ خداوند کے کلام کے مطابق اُٹھکر نینوہ کو گیا۔ اور نینوہ خدا کے سامنے ایک بڑا شہر تھا کہ جس کے گرداگرد احاطے تین دن کی راہ کے تھے اور یونہ شہر میں داخل ہونے لگا اور ایک دن کی راہ کے بعد تبلیغ احکام شروع کر دی اور انذار کر دیا کہ ۴۰ دن میں نینوہ برباد کیا جاویگا" اِن آیات سے صاف ظاہر ہے

کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت یونسؑ کو وحی کی کہ نینوہ کے باشندوں کو جا کر انذار کر۔ کہ تم پر ۴۰ روز میں عذاب نازل ہوگا۔ مگر ۴۰ روز گذر گئے اور کوئی عذاب نازل نہ ہوا۔ اور نہ اس بارہ میں انکو کوئی وحی ہوئی۔ جس کی تصدیق اللہ تعالیٰ قرآن میں یوں کرتا ہے۔ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ ۖ لَمَّا آمَنُوا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ حِينٍ۔ یعنی کیوں کوئی بستی ایمان نہ لے آئی کہ ایمان کا لے آنا۔ اُس کو فائدہ مند پڑتا۔ مگر یونس کی قوم ہی ایک ایسی قوم تھی کہ جب وہ ایمان لائی تو ہم نے ذلت اور رسوائی کا عذاب اُن سے ٹال دیا اور ایک مدت تک دُنیا میں اُن کو زندہ رہنے دیا۔ دیکھو سورۂ یونس رکوع ۱۰ +

اب ہم اسی عذاب کے ٹلنے کی کیفیت توریت شریف سے دکھلاتے ہیں۔ چنانچہ توریت شریف کی آیات ذیل سے معلوم ہو جائیگا کہ کیونکر عذاب ٹلا +

"تب نینوہ کے باشندوں نے خدا پر اعتقاد کیا اور روزہ کی منادی کی اور سب نے چھوٹے سے بڑے تک ٹاٹ پہنا۔ اور یہ خبر نینوہ کے بادشاہ کو پہنچی اور وہ اپنے تخت پر سے اُٹھا اور بادشاہی لباس کو اُتار ڈالا اور ٹاٹ اوڑھکر راکھ پر بیٹھ گیا۔ اور بادشاہ اور اُس کے ارکان دولت کے فرمان سے ایک اشتہار نینوہ میں جاری کیا گیا۔ اور اس بات کی منادی ہوئی کہ کوئی انسان ہو یا حیوان گلہ ہو یا رمہ کوئی چیز ہو مطلق نہ چکھے اور نہ کھاوے اور نہ پانی پیوے۔ لیکن انسان اور حیوان ٹاٹ پہن لیں اور خدا کے حضور میں شدت سے نالہ وزاری کریں۔ بلکہ ہر کوئی اپنی اپنی بُری راہ سے اور اپنے اپنے ظلم سے جو اُن کے ہاتھوں میں ہے باز آویں۔ شاید کہ خدا پھرے۔ اور توبہ قبول کرے اور اپنے قہر شدید سے باز آوے تاکہ ہم لوگ ہلاک نہ ہوں۔ اور خدا نے اُن کے کاموں کو دیکھا کہ وے اپنی اپنی بُری راہ سے باز آئے۔ تب خدا نے اُس عذاب سے جسکا اُس نے وعدہ کیا تھا۔ باز آیا اور اسی طرح عذاب ٹل گیا۔ پھر یونہ اُس سے نہایت ناخوش ہوا اور بہت رنجیدہ ہو گیا۔ اور اُس نے خداوند کے آگے عرض کی کہ اے خداوند میں تجھ سے عرض کرتا ہوں کہ یہ میرا مقولہ نہ تھا۔ جس وقت میں ہنوز اپنے وطن میں تھا۔ کیونکہ میں جانتا تھا کہ تو کریم رحیم خدا ہے جو غصہ کرنے میں دھیما ہے۔ اور نہایت مہربان ہے اور توبہ قبول کر کے عذاب سے باز رہتا ہے۔ اب اے

خداوند میں تیری منت کرتا ہوں کہ میری جان کو مجھ سے لے لے کیونکہ میرا مرنا میرے جینے سے بہتر ہے" ان آیات متذکرہ بالا سے صاف واضح ہے کہ باوجودیکہ حضرت یونس نے اللہ تعالیٰ کی جناب میں عرض کردی تھی کہ اگر مجھے اس عذاب کو اُن لوگوں پر ظاہر کردیا اور وہ تائب ہوگئے تو تو عذاب کو ٹال دیگا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اُس کو کچھ جواب نہ دیا۔ اور اُنہوں نے یہی سمجھ کر کہ عذاب ضرور نازل ہوگا اور چالیس روز میں نازل ہوگا۔ اور یہ کہکر آپ معہ بیوی بچوں کے باہر چلے گئے اور اس انذار میں رجوع الی اللہ کی شرط بھی نہیں لگائی تھی مگر ادھر یہ لوگ عذاب سے ڈر کر سرکشی سے باز آئے اور ایسے تائب ہوئے۔ جس کی نظیر تلاش کرنی چاہیں تو نہیں ملیگی۔ غرض اُن کی اس طرح کی توبہ سے عذاب ٹل گیا۔ اُدھر حضرت یونس ناراض ہوگئے کہ میری بات جھوٹی گئی۔ اب یوں لوگوں میں رہنا عار ہے۔ بلکہ بے بس ہوکر پکار اُٹھے کہ میرا مرنا جینے سے بہتر ہے۔ کیا اس سے ظاہر نہیں ہوتا کہ بعض دفعہ اللہ تعالیٰ کسی خاص مصلحت سے اصلیت واقعہ پر نبی کو بھی آگاہ نہیں کرتا +

ب (۲) ہم یہاں پر عذاب کے ٹل جانے کی ایک اور مثال بیان کرتے ہیں تاکہ ناواقف مسلمانوں کو پورا علم ہوجائے۔ کہ عذاب کے بارہ میں اللہ تعالیٰ کی کیا سنت ہے +

کتاب ۲۔ تواریخ باب ۱۲ اور س ۵ لغایت ۱۰ میں لکھا ہے "تب سمعیاہ نبی رحبعام کے پاس اور یہودہ کے امیروں کے پاس جو سیسق کے ڈر کے مارے یروشلم میں جمع ہوئے تھے آیا اور اُنہیں کہا۔ خداوند یوں فرماتا ہے کہ تم نے مجھ کو چھوڑ دیا ہے۔ اس لئے میں نے تمہیں بھی سیسق کے ہاتھ میں چھوڑ دیا ہے۔ اس پر اسرائیل کے امیروں اور بادشاہ نے اپنے تئیں عاجز بنایا۔ اور کہا کہ خداوند صادق ہے۔ اور جب خداوند نے دیکھا کہ وے عاجز ہوئے ہیں۔ تو خداوند کا کلام سمعیاہ پاس آیا اور کہا کہ اُنہوں نے عاجزی کی ہے۔ سو میں اُنہیں ہلاک نہیں کرونگا۔ بلکہ تھوڑی دیر میں اُنہیں رہائی دونگا۔ اور میرا غضب سیسق کے ہاتھ سے یروشلم پر نازل نہ ہوگا۔ دیکھو توریت صفحہ مندرجہ بالا +

(ج) ایسا ہی قرآن کریم سے ثابت ہے کہ بعض دفعہ منکروں اور کافروں کے رجوع لانے پر خواہ وہ رجوع عارضی ہی کیوں نہ ہو عذاب ٹال دیا جاتا ہے۔ چنانچہ سورۂ دخان کی آیات ذیل سے اس کی پوری تصدیق ہوتی ہے +

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ - أَنَّىٰ لَهُمُ الذِّكْرَىٰ وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ +

اُس دِن کا انتظار کرو جبکہ آسمان سے ایک دھواں ظاہر ہو اور وہ دھواں لوگوں کو گھیر لیگا یہی دردناک عذاب ہوگا تو تنگ آکر یہ دُعا مانگینگے۔ اے ہمارے رب یہ عذاب ہم سے اُٹھا لے ہم ایمان لے آئے لیکن اس سے اُن کو کیا عبرت ہو سکتی ہے۔ حالانکہ اُن کے پاس ایک ایسا رسول آیا جو کھول کھول کر اُن کو سُناتا تھا مگر پھر بھی یہ لوگ اُس سے روگردان ہو گئے اور لگے کہنے کہ یہ تو سکھایا سکھایا مجنون ہے۔ ہم تو تمہارے اس عارضی رجوع پر بھی عذاب تھوڑے عرصہ کے لئے تم سے ہٹا لینگے مگر تم تو اپنے کفر پر جو دہی کرو گے۔ دیکھو سورہ دخان رکوع ۱ +

اِس سے صاف ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ بعض دفعہ اُن لوگوں کی منافقانہ دعاؤں پر بھی عذاب کو کچھ عرصہ کے لئے ٹال دیتا ہے تاکہ اُن پر حجت پُوری ہو جائے اور اُن پر روشن ہو جائے کہ اُن کی عاجزانہ دعاؤں پر شنوائی ہو جاتی ہے اور یہ کہ خدا تعالیٰ چرچرا نہیں ہے کہ لوگ کتنے ہی سٹپٹائیں اور روئیں اور چلّائیں وہ اپنی ضد اور ہیکڑی پر جما رہے۔ ہرگز نہیں وہ ادنےٰ سے رجوع پر بھی رجوع برحمت فرماتا ہے +

(د) ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی خبر دی کہ غزوہ خندق کی تیاری کرو۔ میں تمہیں فتح عظیم دونگا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب فرمان الٰہی جنگ کی تیاری کر دی۔ اور روانہ ہو گئے وہاں جاکر دیکھا کہ کفار ۱۲۰۰۰ ہزار فوج جرّار لئے موجود ہیں اِدھر مسلمان صرف تین ہزار تھے مدینہ کے باہر مقابلہ ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرداگرد ایک خندق کھدوائی۔ کفار کی فوج کثیر کو دیکھکر مسلمان گھبرا گئے۔ کیونکہ برخلاف امید ایک ماہ سے زیادہ اس لڑائی میں طول کھنچا اور تمام رسد وغیرہ ختم ہو گیا اور سخت تکلیفوں کا سامنا ہوا۔ گھوڑوں تک کھا گئے اور درختوں کے پتے کھانے تک نوبت پہنچی اور ایک نہایت ہی سخت ابتلا مسلمانوں پر آیا۔ چنانچہ خود اللہ تعالیٰ اس سین کا فوٹو یوں کھینچتا ہے +

اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ۝	جب کافروں کی فوجیں اوپر اور نیچے سے تم پر ٹوٹ پڑیں۔ اور نوبت یہانتک پہنچی کہ آنکھیں پتھرا گئیں اور کلیجے منہ کو آ گئے۔ اور اُس وقت تم لوگ اللہ تعالیٰ پر کیسے کیسے گمان کرنے لگے۔ یہ ایسا موقع تھا کہ ایماندار آزمائے گئے اور سخت ہی زلزلائے گئے۔ اور منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں پوشیدہ طور سے

ضعف ایمان کا مرض تھا چلا اُٹھے۔ کہ اللہ اور اُس کے رسول کا وعدہ جو تم سے تھا وہ محض ایک دھوکا ہی تھا +

اِن آیات سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول نے فتح کا وعدہ سُنایا تھا۔ اِدھر مسلمانوں کی حالت یہانتک پہنچی کہ بہت سے جلد باز کمزور دل اور منافق طبع لوگوں کو کہنا پڑا کہ جو وعدے دئے گئے تھے وہ سب جھوٹے تھے یہ مسلمانوں پر کیسا خطرناک ابتلا تھا مگر اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کا وعدہ تو سچا تھا۔ اور انجام کار فتح بھی ہوئی لیکن بسا اوقات جلد باز انجام پر نظر نہ کر کے بہت ہی جلد کسی پیش آمدہ تکلیف سے نتیجہ نکال لیتا ہے کہ بس جو ہونا تھا سو ہو لیا۔ اور یہی وجہ ہے کہ لوگ جلد بازی سے بہت سے پیشگویوں سے انکار کر بیٹھتے ہیں

(۸) سورۃ الفتح کے رکوع چہارم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے +

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ۭ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝	یعنے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی خواب کو سچ کر دکھایا۔ اور اُس خواب کا مضمون یہ تھا کہ انشاء اللہ تعالیٰ تم ضرور مسجد حرام میں امن کے ساتھ سر منڈواتے اور بال کتراتے ہوئے بے خوف و خطر داخل ہو جاؤ گے اور تم اُس

بات پر آگاہ کئے گئے جسکا علم تم کو نہیں تھا۔ اور پھر اُس کے ساتھ ہی ایک قریب کی فتح اللہ تعالیٰ نے تم کو عطا کی +

اس آیت کا نزول شان صلح حدیبیہ کا واقعہ ہے اور وہ یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ میں معہ اپنے اصحاب کے مکہ معظمہ میں بالامن بلا کسی خوف وخطر کے داخل ہوا اور حج کیا اور سر منڈوائے اور بال کتروائے۔ جب یہ خواب اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سُنی تو بہت ہی خوش ہوئے اور فوراً اسی امید پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ معظمہ کو چل پڑے رستہ میں حدیبیہ کے مقام پر کفار مکہ کی طرف سے آگے بڑھنے سے روک دئے گئے بلکہ جو شرائط مابین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کفار مکہ کے قائم ہوئیں۔ وہ بظاہر مسلمانوں کے لئے مضر تھیں اس پر بہت سے لوگ ناراض ہو گئے۔ اور بعض تو اُس خواب کی سچائی پر شک لائے اور حضرت عمر جیسے بہادر اور مضبوط دل انسان کو بھی ایک طرح کا تردد پیدا ہوا اور اُنہوں نے بھی سوال کیا کہ کیا آپ رسول اللہ نہیں ہیں کہ ایسی دبکر شرائط قبول کرتے ہیں۔ اور کیا آپ نے نہیں کہا تھا کہ حج بالامن ہوگی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے کب کہا تھا کہ اس سال ہی حج ہوگی۔ چنانچہ دوسرے سال فتح عظیم ہوئی اور حج بھی اُسی طرح ہوا جس طرح خواب میں دکھلایا گیا تھا پس اس سے صاف ظاہر ہے کہ بعض اوقات انبیاء سے بھی فہم پیشگوئی میں غلطی لگ جایا کرتی ہے۔ ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے روانہ ہی کیوں ہوتے +

بعض وقت رویا و مکاشفات و وحی انبیاء میں بعض حالات تو عین اُسی طرح واقعہ ہوتے ہیں جیسے دیکھے جاتے ہیں اور بعض دفعہ ظاہر الفاظ کے مطابق نہیں ہوتے بلکہ اُس کے اور معنے ہوتے ہیں جس کو تاویل کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اور فی الحقیقت وہی اُس کے اصلی معنے ہوتے ہیں کیونکہ تاویل کے معنے ہی حقیقت اصلی کے ہیں نہ کہ ایسے معنے جو مصنوعی ہوں جیسے عام لوگوں کا خیال ہے۔ ورنہ اگر تاویل بُرے معنوں میں مستعمل ہوتی تو اللہ تعالیٰ اُس کو انعامات میں شمار نہ کرتا چنانچہ قرآن شریف میں حضرت یوسف کے بارہ میں منجملہ انعامات اُس کو بھی ایک انعام اور احسان کی ذیل میں ظاہر کیا ہے۔ دیکھو سورہ یوسف رکوع ۳ جس میں فرمایا ہے +

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ط	یعنے اور اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو اس ملک میں مسلط کر دیا اور ہم ہی نے اُسکو تاویل الاحادیث یعنی ہر بات کی حقیقت سکھلا دی تھی۔ اور جب تمام حالات ہو چکے اور ماں

باپ اور بھائی اُن کے پاس آگئے تو حضرت یوسف نے بطور شکر فرمایا هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ یہ میرے رویا کی حقیقت ہے دیکھو سورۂ یوسف۔ ایسا ہی حضرت یعقوب علیہ السلام کا قول اللہ تعالیٰ نقل کرتا ہے وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ یعنی اس طرح تیرا رب تجھ کو چن لیگا۔ اور تجھکو تاویل الاحادیث سکھلاویگا اور اپنی نعمت تم پر پوری کریگا۔ پھر اس سورہ کے رکوع ۶ میں ہے اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ یعنی میں اُس کی اصلی حقیقت پر آپ کو آگاہ کرونگا۔ پس بخوبی عیاں ہو کہ تاویل کا لفظ بُرے معنوں میں نہیں آتا۔ بلکہ عمدہ معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ لہذا اب میں اول قرآنی رؤیا کا ذکر کرتا ہوں۔ اور بعدہٗ احادیث میں جن جن مکاشفات و رویا کا ذکر آیا ہے۔ اُن کا کسی قدر تفصیل کے ساتھ ذکر کرونگا۔ کیونکہ اس زمانہ کے لوگ عموماً اور مسلمان خصوصاً اس علم سے بے بہرہ ہیں اور اسی واسطے وہ بعض بزرگوں کے رویا والہام وغیرہ پر اعتراض کر دیتے ہیں +

(۱) ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں دیکھا۔ کہ اللہ تعالےٰ کہتا ہے کہ تو اپنے بیٹے کو ذبح کر۔ آخر اُنہوں نے حکم الٰہی سمجھکر حضرت اسمٰعیل کو اس واقعہ کی خبر دی۔ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى۔ اے میرے پیارے بیٹے میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں اب بتاؤ تمہاری کیا مرضی ہے۔ اسپر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے بلا کسی عذر کے فرمایا يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ کہ اے میرے باپ جو حکم آپ کو خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوا ہے اُس کو آپ بلا دریغ بجالایئے۔ مجھ کو آپ ضرور صابر ہی پائینگے۔ جب ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسمٰعیل کو گرا کر اُس کی گردن پر چھری چلانی شروع کی تو ربُّ العزّۃ نے فرمایا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا۔ اے ابراہیم تو نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا۔ اور جو کچھ آپ کو کہا گیا آپ نے اُس کی تعمیل من وعن کر دی۔ دیکھو سیپارہ ۲۳۔ سورۂ صٰفّٰت رکوع ۳ اِس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ رویا بھی قابلِ تعمیل اور قابلِ حجّت ہے۔ اگر رویا یونہی بے حقیقت بات ہوتی تو حضرت ابراہیم جیسے جلیل القدر نبی کیوں اُس پر عمل کرتے۔ اور رب العرش کیوں اپنی خوشنودی کا اظہار کرتے۔ دوسری بات اِس سے یہ نکلتی ہے کہ اُنہوں نے ظاہر پر عمل کیا اگر حقیقت سے بخبر ہے کیونکہ اس سے مراد ایک جانور کی قربانی تھی جس سے صاف ظاہر ہے کہ بعض اوقات انبیاء کو بھی فہم میں غلطی لگجاتی ہے

(۶) بعض رویا میں کچھ حصہ تو عین اُسی صورت میں ظہور پاتا ہے۔ جیسا دیکھا جاتا ہے اور کچھ حصہ کے باطنی معنے ہوتے ہیں جیسے کہ ذیل کی مثال سے ظاہر ہوتا ہے دیکھو قرآن شریف سیپارہ ۱۲ سورہ یوسف رکوع اوّل جس میں لکھا ہے اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْهِ یٰۤاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ رَاَیْتُهُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ جب یوسف علیہ السلام نے اپنے باپ یعقوب علیہ السلام سے کہا کہ اے میرے باپ میں نے دیکھا کہ گیارہ ستارے۔ سورج اور چاند میرا سجدہ کرتے ہیں۔ اب اگر لغت عرب جو علم ادب کے لئے مخصوص ہے اُس کو کھولکر دیکھا جاوے تو کوکب اور شمس اور قمر کے معنی بجز اجرام سماوی کے جن کو شب و روز دیکھتے ہیں اور کوئی معنے ثابت نہیں ہوتے لیکن کوئی شخص ثابت نہیں کر سکتا کہ کبھی بھی سورج یا چاند یا ستاروں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو سجدہ کیا ہو بلکہ اس قرآن شریف سے ثابت ہوتا ہے کہ ان گیارہ ستاروں سے اُن کے گیارہ بھائی مراد تھے اور شمس سے باپ اور قمر سے ماں مراد تھی چنانچہ اللہ تعالیٰ سورۂ یوسف کے رکوع ۱۱ میں یوں فرماتا ہے:۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰۤی اِلَیْهِ اَبَوَیْهِ وَ قَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ ۝ وَ رَفَعَ اَبَوَیْهِ عَلَی الْعَرْشِ وَ خَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَ قَالَ یٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِیْلُ رُءْیَایَ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا ؕ

یعنے جب وہ سب کے سب بھائی مع اپنے والدین کے یوسف کے پاس پہنچے تو حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والدین کو اپنے ہاں ٹھہرایا اور فرمایا کہ بمشیت ایزدی آپ مصر میں امن کے ساتھ داخل ہوں اور پھر یوسف علیہ السلام نے اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور وہ سب کے سب حضرت یوسف کے آگے سجدے میں گر گئے۔ جس پر حضرت یوسف بول اُٹھے یہ میرے اُس رویا کی صاف حقیقت ہے جو میں پہلے عرض خدمت کر چکا ہوں میرے رب میرے محسن حقیقی نے اُس کو سچا کر دکھایا ہے۔

اِن تمام آیات سے ظاہر ہے کہ بعض الفاظ کے معنے ظاہر کے خلاف باطنی معنے لئے گئے ہیں۔ جیسے کوکب۔ شمس۔ قمر۔ اور بعض کے ظاہر حالت میں جیسے لفظ سٰجِدِیْنَ سے ظاہر ہے یعنی سجدہ اُسی طرح وقوع میں آیا جس طرح رویا میں دیکھا تھا۔

اب ہم یہ بھی دکھانا چاہتے ہیں کہ رویا اور کشف میں بعض چیزیں فی الحقیقت بڑی ہوتی ہیں۔ اور اُن کو چھوٹا دکھایا جاتا ہے۔ اور بعض بعد اد میں قلیل ہوتی ہیں۔ اُن کو بعد اد میں کثیر

دکھایا جاتا ہے۔ اس کی تصدیق دسویں سیپارہ کے رکوع اول سے یوں ہوتی ہے اِذْ یُرِیْکَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ قَلِیْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِیْرًا لَّفَشِلْتُمْ یعنے یاد کرو اُس وقت کو جبکہ اللہ تعالیٰ نے کفار کو تمہاری نظروں میں بحالت خواب تھوڑا دکھلایا۔ اور اگر تم کو بہت دکھلاتا تو تمہارے چھکے چھوٹ جاتے۔ اور اسی رکوع میں تھوڑا آگے یوں آیا ہے وَاِذْ یُرِیْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَیْتُمْ فِیْۤ اَعْیُنِكُمْ قَلِیْلًا وَّیُقَلِّلُكُمْ فِیْۤ اَعْیُنِهِمْ لِیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۝ اور جب باہمی مقابلہ کے وقت کفار کی فوج کو تمہاری آنکھوں میں اور تم کو اُن کی آنکھوں میں تھوڑا دکھلایا تاکہ اللہ تعالیٰ اُس کام کا فیصلہ کر دے جس کے کرنے کا اُس نے ارادہ کر لیا تھا۔ اور اُس میں یہ سر تھا کہ مسلمان کثیر التعداد فوجوں کو دیکھکر بیدل نہ ہو جائیں۔ اور کفار کو صحابہ کی فوج اسواسطے تھوڑی دکھلائی کہ وہ یہ دیکھکر کہ مسلمان تو بہت تھوڑے سے ہیں ہماری ساری فوج کو جانے کی ضرورت نہیں۔ اس بنا پر وہ تھوڑی فوج لیکر مسلمانوں پر چڑھے اور جب قریب ہوئے تو برخلاف امید مسلمانوں کو زیادہ پاکر پیدل ہو کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ جب کفار کی رِیزرو* فوج نے یہ حالت دیکھی۔ تو وہ بھی مرعوب ہو کر بے بس ہو گئی۔ اور اس طرح مسلمان مظفر و منصور ہو گئے۔ ان آیات سے صاف معلوم ہوتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ ایک کو بہت اور بہت کو تھوڑا دکھا سکتا ہے۔ حالانکہ واقع میں وہ کم ہوں یا زیادہ

ایسا ہی سورۂ یوسف کے رکوع ۲ میں ہے:۔

وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ؕ	مصر کے بادشاہ نے ارکان سلطنت کو بلا کر کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ سات دُبلی پتلی گائیں سات موٹی تازی گائیوں کو کھا رہی

ہیں اور یہ بھی دیکھا کہ سات ہری ہری بالیں ہیں اور سات ہی سوکھی ہیں۔ اس کی تعبیر بیان کرو کر کیا ہے۔ اُن میں سے ایک بھی اُس کی تعبیر بیان نہ کر سکا تو بالآخر اُن میں سے ایک حضرت یوسف کے پاس گیا۔ اور جا کر پوچھا کہ بتاؤ اس کی کیا تعبیر ہے تو حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ تمہارے ہاں اِس مُلک میں سات سال تک خوب زراعت ہوگی۔ چاہیئے کہ جو کچھ کاٹو اُس میں سے تھوڑا خرچ کرو۔ اور باقی محفوظ رکھو۔ کیونکہ اُن کے بعد سات سال تک قحط شدید برپا ہوگا جس میں وہی پہلا جمع کیا ہوا ذخیرہ کام آئیگا۔ اِن آیات میں الفاظ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ

* رِیزرو یہ انگریزی لفظ ہے اسکے معنے باقی فوج

اور سَبْعٌ عِجَافٌ اور سَبْعَ سُنْبُلٰتٍ قابلِ غور ہیں سَبْعَ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ سے تو سات سال ارزانی کے مراد لئے گئے ہیں اور سَبْعَ بَقَرَاتٍ عِجَافٌ سے سات سال قحط کے اور سَبْعَ سُنْبُلٰتٍ کے کل ملکِ مصر کی سات سالہ زراعت مراد لی گئی ہے۔ جس سے صاف نتیجہ نکلتا ہے کہ بظاہر کچھ اور الفاظ ہیں اور فی الواقعہ مراد اُن سے کچھ اور لی گئی ہے۔ اور دوسری یہ بات کہ بادشاہ کو کل پیداوار ملکِ مصر صرف سات بالوں کی صورت میں دکھلائی گئی۔ جس سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کو بظاہر تھوڑا دکھلا کر ایک لاانتہا تعداد مراد لیتا ہے +

اب ہم نمونہ کے طور پر چند ایک رویا و مکاشفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان کرتے ہیں۔ تاکہ پڑھنے والوں کو معلوم ہو جائے کہ انبیا کی کلام میں کیا دقیق در دقیق اسرار مخفی ہوتے ہیں +

(۱) کتاب مُسندِ امام احمد بن حنبلؒ اور بیہقی اور نسائی میں بہ روایت حضرت عبداللہ ابن عمر یہ حدیث آئی ہے +

بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اِذْ اُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ حَتّٰى لَاَرَى الرِّيَّ يَجْرِيْ فِيْ اَظْفَارِيْ ثُمَّ اَعْطَيْتُ فَضْلِيْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالُوْا فَمَا اَوَّلْتَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْعِلْمَ

رسول اللہ صلعم فرماتے ہیں جب میں سویا ہوا تھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک دودھ کا پیالہ میرے سامنے آیا ہے۔ میں نے اُس کو پی لیا اور یہاں تک سیر ہوا کہ پاؤں تک اُس کی دھار بہنے لگی۔ پھر میں نے اُس کا بقیہ عمر بن خطاب کو دیدیا۔ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ اُس کی کیا تاویل ہے فرمایا کہ لبن سے مراد علم ہے اس جگہ لبن کی تاویل خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علم بتائی۔ حالانکہ لغت عرب میں لبن کے معنے دودھ کے ہیں دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴۵ +

(۲) ایسا ہی مسند امام احمد بن حنبلؒ اور بیہقی اور ترمذی اور نسائی میں بہ روایت ابو سعید یوں آیا ہے

بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ رَاَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُوْنَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جب میں خواب استراحت میں تھا تو دیکھا کہ میرے سامنے لوگوں کو پیش کیا جاتا ہے۔ اور اُن کے گلے میں قمیص ہیں بعض کے قمیص

يَجُرُّهٗ قَالَ فَمَا اَوَّلْتَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الدِّيْنَ +

تو چھاتیوں تک اور بعض کے اُس سے نیچے اور جب عمر بن خطاب میرے سامنے پیش ہوئے تو کیا دیکھتا ہوں اُن پر ایک قمیص ہے جو زمین پر گھسٹتا چلا جاتا ہے۔ پوچھا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُس سے کیا مراد ہے۔ تو فرمایا کہ قمیص سے مراد دین ہے۔ حالانکہ اس عالم میں قمیص کے معنے کُرتے کے ہیں لیکن عالمِ رویا میں اُس کے معنے دین کے ہیں دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴۵ +

(۳) اِسی طرح مسند امام احمد بن حنبلؒ اور طبرانی میں بروایت ابو الطفیل یوں حدیث آئی ہے +

رَاَيْتُ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ كَاَنِّيْ اَنْزِعُ اَرْضًا وَرَدَتْ عَلَيَّ غَنَمٌ سُوْدٌ وَغَنَمٌ عُفْرٌ فَجَاءَ اَبُوْبَكْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوْبًا اَوْ ذَنُوْبَيْنِ وَفِيْهِمَا ضُعْفٌ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهٗ ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَنَزَعَ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَمَلَاَ الْحَوْضَ فَاَرْوَى الْوَارِدَةَ فَلَمْ اَرَ عَبْقَرِيًّا اَحْسَنَ نَزْعًا مِنْ عُمَرَ فَاَوَّلْتُ اَنَّ السُّوْدَ الْعَرَبُ وَاَنَّ الْعُفْرَ الْعَجَمُ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ مینے خواب میں دیکھا۔ کہ گویا میں زمین کو کھودتا ہوں۔ اور میرے سامنے سیاہ اور خاکی رنگ کی بکریاں پیش کی گئیں اتنے میں ابوبکرؓ آئے اور ایک یا دو ڈول نکالے لیکن اُن میں کمی تھی۔ اللہ اُن کی مغفرت کریگا۔ پھر عمرؓ آئے اور پانی نکالا۔ اور بجائے ڈول کے چرسہ بن گیا اور اُس نے حوض پُر کر دیا۔ اور اُترے ہوئے قافلہ کو سیر کر دیا۔ اور مینے پانی کے نکالنے کے لئے عمر سے زیادہ قوی تر نہیں دیکھا۔ بس مینے کالے سے مراد عرب اور عفر مینے مٹیالے سے مراد عجم لی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴۴ +

(۴) ابو نعیم نے فضائل الصحابہ میں بروایت حضرت عائشہ یہ حدیث بیان کی ہے +

اِنَّ اللّٰهَ مُلْبِسُكَ قَمِيْصًا تُرِيْدُكَ اُمَّتِيْ عَلٰى خَلْعِهٖ فَلَا تَخْلَعْهُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اے عثمان اللہ تعالیٰ تجھ کو قمیص پہنائیگا۔ لیکن میری امت کے لوگ چاہینگے۔ کہ تو اُسے اُتار ڈالے مگر تم نہ اُتارو۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۵۱

اس حدیث کی تاویل خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سے ہوتی ہے جو کامل ابن عدی کی کتاب میں ہے وَهُوَ هٰذَا +

يَا عُثْمَانُ اِنَّكَ سَتُوْلَى الْخِلَافَةَ مِنْ بَعْدِىْ وَسَيُرِيْدُكَ الْمُنَافِقُوْنَ عَلٰى خَلْعِهَا فَلَا تَخْلَعْهَا وَصُمْ فِىْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ تُفْطِرُ عِنْدِىْ +	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ اے عثمانؓ عنقریب میرے بعد تجھ کو خلافت ملیگی۔ اور منافق چاہینگے۔ کہ تم اُس کو ترک کردو مگر تم ہرگز نہ چھوڑیو۔ اور تم اس روز روزہ رکھیو اور میرے پاس افطار کریو۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۵۱۔ اس حدیث میں قمیص کے معنے خلافت کے کئے گئے ہیں +

(۵) نعیم بن حماد نے اپنی کتاب کے باب الفتن میں صفوان بن عجیر سے مرسلاً یہ حدیث بیان کی ہے +

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى وَعَدَنِىْ فَارِسَ ثُمَّ الرُّوْمَ نِسَاءَهُمْ وَاَبْنَاءَهُمْ وَاَمْتِعَتَهُمْ وَكُنُوْزَهُمْ وَاَمَدَّنِىْ بِحِمْيَرَ اَعْوَانًا وَاٰوَانًا نَعِيْمًا +	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ فارس اور روم اور اُن کی عورتیں اور اُن کے بیٹے اور اُن کی رعایا اور اُن کے خزانے تمہیں دیگا اور اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فضل کیا کہ قوم حمیر کو میرا مددگار بنایا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۱

یہاں پر نادان اور جلد باز مسلمانوں کو غور کرنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فارس اور روم کی فتح کا وعدہ دیا تھا۔ مگر یہ بات علماء پر مخفی نہیں کہ فارس اور روم خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حیات میں فتح نہیں ہوئے۔ بلکہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کے زمانہ میں مفتوح ہوئے۔ تو کیا اس سے یہ گمان کر لیا جائے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ پیشگوئی غلط گئی حاشا وکلاّ بلکہ خلفائے راشدین کے ہاتھ سے مفتوح ہونا اس بات کی گواہی ہے کہ خلفاء کوئی جُدا نہیں تھے۔ بلکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہی خدام تھے اور خدام کے ہاتھ سے مفتوح ہونا خود مخدوم کی فتح سمجھی جاتی ہے پس اگر بعض نشان کسی مامور من اللہ کی حیات میں ظاہر نہ بھی ہوں۔ تو بھی کوئی جائے اعتراض نہیں +

اس امر کی وضاحت ایک دوسری حدیث سے بھی ہوتی ہے۔ جو ابن مندہ و ابونعیم کی کتاب کے باب معرفت اور تاریخ ابن عساکر میں بہ روایت عبداللہ بن سعد انصاری آئی ہے

وَهُوَ هٰذَا +

اور وہ یہ ہے کہ

اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی اَعْطَانِیْ فَارِسَ وَنِسَاءَهُمْ وَسِلَاحَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَعْطَانِی الرُّوْمَ وَنِسَاءَهُمْ وَاَبْنَاءَهُمْ وَسِلَاحَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَمَدَّنِیْ بِحِمْیَرَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے ملک فارس اور اُس کی عورتیں اور اوزار اور مال عطا کیا۔ ایسا ہی ملک روم اور اُس کی عورتیں اور اُس کے بیٹے اور اُس کے اوزار اور اُس کا مال دیا اور مجھے حمیر سے مدد دی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۹۲۔

(۶) مصنف ابن ابی شیبا میں بروایتِ حسن یہ حدیث مذکور ہے +

رَاَیْتُ كَاَنَّمَا فِیْ یَدَیَّ سِوَارَیْنِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَرِهْتُهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَذَهَبَا كِسْرٰی وَقَیْصَرَ +

یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں مینے دیکھا کہ میرے ہاتھوں میں دو کڑے طلائی ہیں۔ مینے اُن کو مکروہ جانکر پھونک سے اُڑادیا اور ساتھ ہی کسریٰ اور قیصر کا خاتمہ ہوا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۹۴ +

اس سے ظاہر ہے کہ کسریٰ اور قیصر جو دنیا میں اُس وقت زبردست بادشاہ تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بطور رؤیا سپنے کی کڑیوں کے دکھلائے گئے جو دُعا سے ہلاک ہوئے

(۷) ایک روایت میں یوں آیا ہے +

رَاَیْتُ كَاَنِّیْ فِیْ دِرْعِ حَصِیْنٍ وَرَاَیْتُ بَقَرًا تُنْحَرُ فَقُلْتُ اَنَّ الدِّرْعَ الْحَصِیْنَ الْمَدِیْنَةُ وَاَنَّ الْبَقَرَ نَفَرٌ وَاللّٰہُ خَیْرٌ +

امام احمد حنبل و نسائی اور ضیاء حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مینے دیکھا کہ گویا میں ایک مضبوط زرہ میں ہوں اور دیکھا کہ ایک گائے ذبح کیجاتی ہے۔ مینے یہ تاویل کی ہے کہ درع حصین تو مدینہ ہے اور گائے ایک شخص ہے اور اللہ باقی بہتر ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۱

(۸) ایک روایت میں اس طرح آیا ہے +

رَاَیْتُ فِی الْمَنَامِ اَنِّیْ اُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ اِلٰی اَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهْلِیْ اِلٰی اَنَّهَا الْیَمَامَةُ اَوْ هَجَرُ فَاِذَا هِیَ الْمَدِیْنَةُ یَثْرِبُ وَرَاَیْتُ فِیْ رُؤْیَایَ هٰذِهٖ اَنِّیْ

بیہقی اور ابن ماجہ نے ابو موسیٰ اشعری سے روایت بیان کی۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مینے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ سے کسی ایسے شہر میں جاتا ہوں جس میں کھجوریں

هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ فَإِذَا هُوَ مَا أُصِيبَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ أُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهُ أُخْرَى فَعَادَ أَحْسَنَ مَا كَانَ فَإِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِينَ وَرَأَيْتُ فِيهَا بَقَرًا وَاللّٰهُ خَيْرٌ فَإِذَا هُمُ الْبَقَرُ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ أُحُدٍ وَإِذَا الْخَيْرُ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْخَيْرِ بَعْدُ وَثَوَابُ الصِّدْقِ وَالَّذِي آتَانَا اللّٰهُ بِهِ يَوْمَ بَدْرٍ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِي مُوسٰى +

ہیں۔اس پر میرا گمان یہ ہوا کہ وہ شہر یمامہ ہے یا ہجر ہے۔لیکن دراصل مدینہ جس کو یثرب بھی کہتے ہیں نکلا۔اور اس خواب میں دیکھا کہ میں نے تلوار کو جھٹکا دیا لیکن وہ درمیان سے ٹوٹ گئی۔جس سے مراد اُس مصیبت سے ہے جو مومنوں کو جنگِ اُحد میں پیش آئی پھر میں نے دوبارہ تلوار کو جنبش دی۔تو پھر اپنی سابقہ حالت سے بھی بہتر ہوگئی جس سے یہ مراد اُس فتح اور اجتماعِ مومنین سے ہے۔جو بعد ازاں وقوع میں آئے۔اور میں نے اس میں ایک گائے دیکھی جس سے مراد اُن مومنوں سے تھی جو جنگِ اُحد میں شہید ہوئے۔اور وہ جو خیر دیکھی۔سو وہ انجام بخیر تھا۔جو بعد میں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے کر دیا۔اور ثواب الصدق وہ تھا۔جو اللہ تعالیٰ نے بدر کے روز عطا کیا۔دیکھو کنز العمال جلد ۸ صفحہ ۳۷ +

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ گاہے گاہے انبیاء بھی فہم الہام و رویا میں غلطی کھا سکتے ہیں۔جیسے کہ مدینہ کے بجائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمامہ یا ہجر سمجھ لیا تھا اور نیز یہ بھی ثابت ہے کہ تلوار کے ٹوٹنے سے مراد تکلیف تھی اور گائے سے ایک کثیر جماعتِ مسلمانان تھی اور تلوار کے سالم اور صحیح ہونے سے مراد فتح و ظفر تھی +

اس کی تائید ایک اور حدیث سے بھی ہوتی ہے۔جو ابن عباس کی روایت سے بیہقی اور مستدرک حاکم میں ہے۔دیکھو کنز العمال جلد ۸ صفحہ ۳۵ +

(۹) مسندِ امام محمد بن حنبل اور صحیح مسلم اور ابوداؤد اور نسائی میں بروایتِ انس یوں حدیث آئی ہے +

رَأَيْتُ كَأَنِّي اللَّيْلَةَ فِي دَارِ عُقْبَةَ ابْنِ رَافِعٍ وَأُتِيتُ بِتَمْرٍ مِنْ تَمْرِ ابْنِ طَابٍ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ ایک رات کو میں عقبہ بن رافع کے گھر میں

وَاَوَّلْتُ اَنَّ لَنَا الرِّفْعَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْعَافِیَةَ فِی الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ دِیْنَنَا قَدْ طَابَ +

ہوں اور مجھے ابن طاب کی کھجوروں میں سے کچھ کھجوریں دی گئیں۔ اس سے مینے یہ مراد لی کہ دنیا میں بلندی مراتب اور آخرت میں عافیت حاصل ہوگی اور ہمارا دین پاک اور طیب ہے یہاں تمر سے مراد دین لیا گیا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۸ صفحہ ۳۰۶ +

(۱۰) ایک روایت میں یوں آیا ہے +

رَاَیْتُ کَاَنِّیْ اُتِیْتُ بِلَیْلَةٍ تَمْرٍ فَجَعَمْتُهَا فِیْ فَمِیْ فَوَجَدْتُ فِیْهَا نَوَاةً فَلَفَظْتُهَا فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ هُوَ جَیْشُکَ الَّذِیْ بَعَثْتَ یَسْلَمُوْنَ وَیَغْنَمُوْنَ فَیَلْقَوْنَ رَجُلًا فَیَشْدُخُهُمْ ذِمَّتَکَ فَیَدْعُوْنَهٗ ثُمَّ یَلْقَوْنَ رَجُلًا فَیَشْدُخُهُمْ ذِمَّتَکَ فَیَدْعُوْنَهٗ قَالَ کَذٰلِکَ قَالَ الْمَلِکُ رَوَاهُ جَابِرٌ +

مسند امام احمد بن حنبل اور دارمی میں بروایت جابر یوں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مینے دیکھا کہ مجھے کھجوروں کا ایک پیمانہ دیا گیا مینے اُس کو اپنے مُنہہ میں ڈالکر چبایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ اُس میں کچھ گٹھلیاں ہیں مینے اُن کو پھینک دیا۔ ابوبکر نے کہا کہ وہ آپ کا لشکر ہے جس کو آپ نے روانہ کیا ہے اور وہ کہیں تو صلح اور آشتی سے کام لیتا ہے اور کہیں غنیمت حاصل کرتا ہے۔ پھر اُن کو ایک آدمی سے اتفاق ملاقات ہوتا ہے۔ اور وہ اُن سے آپ کی ذمہ داری چاہتا ہے۔ پر وہ اُس کو چھوڑتے ہیں۔ پھر کسی دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں تو وہ بھی اُن سے آپ کی ذمہ داری چاہتا ہے۔ اور وہ اُس کو چھوڑتے ہیں۔ فرمایا کہ فرشتہ نے بھی اسی طرح کہا ہے دیکھو کنز العمال جلد ۸ صفحہ ۳۰۵ +

(۱۱) مستدرک حاکم میں بروایت ابن عمر یوں حدیث آئی ہے کہ +

رَاَیْتُ عَمُوْدَ الْکِتَابِ انْتُزِعَ مِنْ تَحْتِ وِسَادَتِیْ فَذَهَبَ اِلَی الشَّامِ فَاَوَّلْتُهُ الْمُلْکَ:۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مینے دیکھا کہ کتاب کا سرا میرے تکیہ کے نیچے سے نکلکر شام کی طرف چلا گیا ہے مینے یہ تاویل کی کہ وہ ملک ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۵۹

(۱۲) تَمَثَّلَتْ لِیَ الْحِیْرَةُ کَاَنْیَابِ الْاَکْلَابِ وَاَنَّکُمْ سَتَفْتَحُوْنَهَا۔ رَوَاهُ اَبُوْنُعَیْمٍ

ابونعیم و طبرانی نے عدی بن حاتم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

وَالطَّبْرَانِيُّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ ۔ | کہ جیرۃ کتون کے کلوں کی صورت میں دکھلایا گیا ہے اور تم اُس کو عنقریب فتح کر لو گے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۹۳ +

۱۳۔ مسند امام احمد بن حنبل اور ابن ماجہ میں بہ روایت براء یہ روایت آئی ہے +

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ الشَّامِ ۔ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَبْصُرُ قُصُوْرَهَا الْحُمُرَ مِنْ مَكَانِيْ هٰذَا ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ فَارِسَ ۔ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَنْظُرُ الْمَدَائِنَ وَاَنْظُرُ قُصُوْرَهَا الْبِيْضَ مِنْ مَكَانِيْ هٰذَا اَللّٰهُ اَكْبَرُ اُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ الْيَمَنِ ۔ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَنْظُرُ اِلٰى اَبْوَابِ صَنْعَاءَ مِنْ مَكَانِيْ هٰذَا | اللہ بہت ہی بڑا خدا ہے۔ جس کے فضل سے مجھے شام کے ملک کی چابیاں عطا ہوئیں اور قسم بخدا میں اپنی آنکھوں سے اسی جگہ اپنے مکان پر بیٹھے ہوئے اُس کے سُرخ سُرخ محلوں کو دیکھ رہا ہوں۔ اللہ اکبر مجھے فارس کے ملک کے خزانوں کی کلیدیں بھی مل گئی ہیں۔ اور خدا کی قسم میں اُس کے شہروں اور اُس کے سفید سفید محلوں کو اسی جگہ سے دیکھ رہا ہوں۔ اللہ اکبر مجھے یمن کے خزانوں کی کلیدیں بھی دی گئی ہیں۔ اور اللہ کی سوگند کھا کر کہتا ہوں۔ کہ میں صنعا کے دروازوں تک اسی جگہ سے دیکھ رہا ہوں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۹۴ +

اس حدیث میں جو پیشگوئی ہے۔ وہ بزمانۂ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پوری نہیں ہوئی کیا اس سے یہ سمجھا جائے۔ کہ یہ پیشگوئی غلط گئی۔ نہیں ہرگز نہیں۔ یہ پیشگوئی پوری ہوئی کیونکہ خلفاء کے ہاتھ سے مفتوح ہونا۔ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ سے پورا ہونا ثابت ہوتا ہے کہ گویا خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کیا +

(۱۴) عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری جلد ۴ صفحہ ۳۱۱ و مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ صفحہ ۱۲۱ میں بہ تبدیل الفاظ میں یہ حدیث آئی ہے +

حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَرْوُقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا اَنَّ بَعْضَ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ | موسیٰ بن اسمٰعیل نے ہمارے پاس بروایت حضرت عائشہ صدیقہ حدیث بیان کی اور ابو عوانہ نے فراس سے اُس نے شعبی سے اُس نے مروق سے اور اُس نے عائشہ رضی اللہ

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّنَا اَسْرَعُ بِكَ لُحُوْقًا قَالَ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَاَخَذُوْا قَصَبَةً يَذْرَعُوْنَهَا فَكَانَتْ سَوْدَةُ اَطْوَلَهُنَّ يَدًا فَعَلِمْنَا بَعْدُ اَنَّمَا كَانَتْ طُوْلُ يَدِهَا الصَّدَقَةُ وَكَانَتْ اَسْرَعَنَا لُحُوْقًا بِهٖ زَيْنَبُ وَكَانَتْ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ +

تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض ازواج مطہرات نے نبی علیہ السلام سے پوچھا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ ہم میں سے کون سب سے پہلے آپکو آپکی وفات کے بعد آ ملیگی بجواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھکو سب سے پہلے وہ آملیگی جس کے ہاتھ لمبے ہیں اس پر ازواج مطہرات نے ایک سرکانا لیا۔ اور ہاتھوں کو ناپنے لگیں اور اُس سے معلوم ہوا کہ حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لمبے ہاتھ ہیں۔ لیکن بعد ازاں معلوم ہوا کہ طویل ید سے مراد صدقہ تھا۔ کیونکہ سب سے پہلے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جا کر ملیں وہ حضرت زینب تھیں اور وہ بہت صدقہ دیا کرتی تھیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خود رسول اللہ صلعم کو اس کی کیفیت اپنی زندگی میں معلوم نہیں ہوئی اور نہ ازواج مطہرات کو اس کی اطلاع ہوئی ہاں جب وقوعہ ہوا۔ اور سب سے پہلے جب بی بی زینب کا انتقال ہوا تو اُس وقت سمجھا کہ لمبے ہاتھ سے مراد زیادہ صدقہ دینیوالی ہے +

ہم اسی قدر حوالجات پر اکتفا کر کے گوش گذار ناظرین کرتے ہیں کہ بیانہائے ماسبق سے خوب عیاں ہے کہ پیشگوئیوں اور الہامات اور رویا و مکاشفاتِ انبیا میں کچھ راز سربستہ بھی ہوتے ہیں۔ اور اُن کا افشا کرنا ہر ایک فرد بشر کا کام نہیں ہوتا۔ بلکہ اُس کی سمجھ اور فہم خاص خاص بندگان کو دیا جاتا ہے چنانچہ تم نے ابھی دیکھا کہ ایلیا کی حقیقت حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے تو خوب کھول کر سنا دی تھی مگر حضرت یحییٰ کو اُس کی اطلاع بھی نہ ہوئی چنانچہ خواجہ محمد پارسا کی کتاب فصل الخطاب کے صفحہ ۲۴ میں ہے +

وَالتَّاوِيْلُ يَخْتَلِفُ بِحَسَبِ اَحْوَالِ الْمُسْتَمِعِ وَاَوْقَاتِهٖ فِيْ مَرَاتِبِ سُلُوْكِهٖ وَتَفَاوُتِ دَرَجَاتِهٖ وَكُلَّمَا تَرَقّٰى عَنْ مَقَامٍ اِنْفُتِحَ لَهٗ بَابُ فَهْمٍ جَدِيْدٍ

باطنی اور حقیقی معنے کے سمجھنے میں سامعین کے حالات اور اوقات کے مطابق جوں جوں مراتب سلوک اور تفاوت درجات میں کمی بیشی ہوتی ہے۔ ویسا ہی اُس میں ہوتی ہے

وَاطَّلَعَ بِهٖ عَلٰی لَطِیْفِ مَعْنًی عَتِیْدٍ اور جب وہ اپنے مقام سے ترقی کرتا ہے تو اُس کے لئے نئے فہم کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ اور لطیف اور عمدہ معنوں پر مطلع کیا جاتا ہے۔ ایسا ہی حضرت عیسےٰ اور حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت جو جو بشارات کتب سابقہ میں مندرج تھیں علماءِ وقت اُن کی دور از قیاس تاویلیں کر کے اُن بزرگ انبیاء کے قبول کرنے سے بے نصیب رہے۔ باوجودیکہ بعض بعض بشارات نہایت کھلی کھلی تھیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جب ضد اور تعصب انسان میں آجاتا ہے۔ تو پھر اُس کے سامنے کیسی ہی سچی اور عمدہ دلائل پیش کرو۔ وہ اُن کو پوچ اور لغو ہی خیال کرتا ہے اور جوں جوں وہ اپنی شتاب کاری اور عُجلت کی وجہ سے مخالفت میں قدم بڑھاتا ہے توں توں اللہ تعالیٰ بھی اُن کو شقاوت اور ضلالت کے تنگ و تاریک کوچہ میں ہانکے لئے جاتا ہے۔ اور پھر وہ اُس نورِ آسمانی سے جو دنیا کو منور کرنے اور ظلمت کو صفحہ ہستی سے اُٹھانے کے لئے آتا ہے کوسوں دور جا پڑتا ہے۔ بالآخر شپر کی طرح بقیہ زندگی بسر کر کے خائب و خاسر مرجاتا ہے۔ اِسی واسطے ہر عقلمند کو چاہیئے کہ واقعاتِ گذشتہ کو مدِنظر رکھکر ہر پیشگوئی اور مکاشفات و الہامات میں اپنی رائے دینے کے وقت جلد بازی اور شتابکاری کو کام میں نہ لائے بلکہ فکرِ عمیق اور تدبیرِ صحیح سے کام لے جیسے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کیا کرتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ اُن کو کسی پیشگوئی میں دقت اُٹھانی نہیں پڑی اور نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام پر کبھی اُن کو شک کرنے کا موقع پیش آیا بلکہ جہانتک معلوم ہوتا ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کو راست اور صحیح قرار دینے کے لئے اُس کی تاویل کر لیا کرتے تھے۔ خواہ کتنی ہی کنجلک اور پیچیدگی اُس میں کیوں نہ ہوتی تھی +

میں پہلے دکھا چکا ہوں کہ حج کرنے کی نسبت جو خواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کی تھی۔ اور اُسی کی بنا پر روانہ ہوئے تھے پھر جب اُنمیں سخت روک پیش آگئی تو اُسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ مینے کب کہا تھا کہ اس سال حج ہوگی تو سب نے اس توجیہہ کو قبول کر کے سکوت اختیار کر لیا تھا ایسا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کے سوال پر یہ کہا تھا کہ تم میں سے پہلے وہ

فوت ہو گی جس کے لمبے ہاتھ ہیں اور سب ازواجِ مطہرات کو یقین ہو گیا تھا کہ حضرت سودہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کا انتقال سب سے پہلے ہو گا۔ اور اُسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود موجود بھی تھے لیکن جب سب سے پہلے بی بی زینب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کا انتقال ہوا تو بجائے اس کے کہ اُس بات کو جھٹلاتے سب نے بالاتفاق قرار دیا کہ لمبے ہاتھ سے سخاوت مراد تھی۔ کیونکہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا بہت صدقہ دینے والی بی بی تھیں۔ اس تمام واقعہ سے نتیجہ نکلتا ہے کہ بعض دفعہ صاحبِ الہام و کشف و رویا پر بھی اصلیت نہیں کھلتی بلکہ بعد وقوع حقیقتِ حال سے آگاہی ہوتی ہے۔ جیسے کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ پس کسی پیشگوئی یا مکاشفہ میں شتاب کاری اور عجلت شعاری سے کام لینا۔ اور جھٹ پٹ پیش از وقت اپنی رائے کو قائم کر لینا عقلمندی اور دُور اندیشی کے خلاف ہے۔ جبکہ انبیائے اُولوالعزم کے پہچاننے کے متعلق پیشگوئیوں میں بڑی بڑی قوموں نے ٹھوکریں کھائی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک ضال اور گمراہ اور مغضوب علیہ قرار پا چکی ہیں اور اپنی ضد اور ہٹ دھرمی سے جہنم کا ایندھن بن چکی ہیں۔ تو اب مسلمانوں کو کسی ایسے راز سربستہ میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ودیعت چلا آتا ہو اور کسی زمانہ میں آنکر کوئی بزرگ اُسی راز کو افشار کر کے اُسکو اپنا مصداق ہونا ظاہر کرے میں ڈرتا ہوں کہ سابقہ قوموں کی طرح جنہوں نے اپنی نادانی سے حق کے پہچاننے میں جلد بازی سے کام لیا اور فساد اور عناد کی آگ بھڑکا کر خود ہی جلکر رہ گئے اور اس طرح سے صفحہ ہستی سے اُن کا نام مٹ گیا۔ مبادا اے مسلمانو تم بھی ویسا ہی کرو۔ اور تم بھی اُن کی طرح ہلاکت اور تباہی کے گڑھے میں گرو۔ اور اُس راز کے سمجھنے میں تم بھی آنکھیں بند کر لو۔ اور آخر جہنم ابدی کے وارث بن جاؤ۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ آپ لوگوں کو اس باب میں بڑی مشکل کا سامنا نہیں۔ آپ کے آگے ہزارہا انبیاء کی نظیریں موجود ہیں اور پھر قرآن شریف اور احادیثِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس قسم کے واقعات سے بھری پڑی ہیں اور پھر لاکھوں اولیاء اللہ اس امت میں ہو چکے ہیں۔ جن کے کلمات کو کروڑوں آدمیوں نے تسلیم کیا ہے۔ تو پھر اب کیوں اتنی بڑی مشکل سمجھتے ہو۔ میں یہاں پر دور کی بات نہیں سُناتا خود اس مُلک کی بیتی بات بیان کرتا ہوں یقین ہو کہ اُس سے کسی کو انکار نہیں ہو گا۔ آپ نے سُنا ہے کہ اس مُلک ہند میں بلکہ مُلک پنجاب کے ایک بستی میں جس کو سرہند کہتے

ہیں۔ایک بزرگ شیخ احمد صاحب ہوئے ہیں۔ جن کو عام لوگ امامِ ربّانی۔ مجدّدِ الفِ ثانی کے بزرگ لقب سے پکارتے ہیں۔ اُن کے والد بزرگوار فرماتے ہیں۔ کہ مجدد صاحب کی ولادت سے قبل میں ایک دفعہ مراقبہ میں تھا۔ ناگہاں کیا دیکھتا ہوں کہ تمام جہان پُر از ظلمت ہو گیا ہے اور خوک اور بندر اور ریچھ جہان میں لوگوں کو ہلاک کرتے ہیں۔ کہ اس اثنار میں میرے سینہ سے ایک نور نکلا اور اُس سے تمام عالم نُورانی ہو گیا۔ اور ایک بجلی اُس نور سے ایسی نکلی۔ جس نے تمام خوک و خرس کو خاکِ سیاہ کر دیا اور اس نور سے ایک تخت نمودار ہوا جس پر ایک شخص نُورانی تکیہ لگائے بیٹھا ہے۔ اور ہزاروں نُورانی شکلیں بلکہ آسمانی فرشتے اُس کے سامنے باادب کھڑے ہیں اور سارے جہان کے ظالم و فاسق زندیق و ملحد گرفتار ہو کر اُن کے سامنے ذبح کئے جا رہے ہیں اور کوئی شخص باآواز بلند کہتا ہے قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا۔ دیکھو مقامات امام ربانی صفحہ ۵۔ اب ظاہر ہے کہ اس مکاشفہ میں مجدّدِ الفِ ثانی کو ایک نُور کی صورت میں دکھلایا گیا ہے۔ اور فاسق اور فاجر اور روافض کو خوک و خرس کی صورت میں دکھلایا گیا ہے۔ کیونکہ اُن کے وقت میں روافض کا سخت زور تھا۔ اور ایک رافضیہ عورت یعنی نُور جہاں بیگم تمام مُلکِ ہند پر مسلّط تھی۔ اور اُس کی وجہ سے رافضیوں کا زور تھا اور ہر قسم کے فسق و فجور کا طوفان اُمنڈ رہا تھا۔ ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ نے گیارھویں صدی میں اس امام پاک کو پیدا کر کے دشمنانِ خدا کا قلع قمع کیا

ایسا ہی مقامات امام ربانی کے صفحہ ۱۱-۱۲ میں لکھا ہے۔ حضرت خواجہ نقشبند صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے بموجبِ ارشاد خواجہ انکنکنی صاحب استخارہ کیا۔ تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک طوطی سبز شاخ پر بیٹھی ہے مینے اپنے دل میں کہا کہ اگر یہ طوطی میرے ہاتھ پر آ کر بیٹھ جائے تو مجھ کو اس سفر میں کشائش ہو گی بمجرد اس خطرہ کے وہ طوطی اُڑ کر میرے ہاتھ پر آ بیٹھی مینے اپنا لعابِ دہن اُس کی چونچ میں ڈالا اور اُس نے میرے مُنہ میں شکر ڈالی صبح کو مینے یہ واقعہ حضرت خواجہ انکنکنی سے بیان کیا حضرت خواجگی نے فرمایا کہ طوطی ہندوستان کے جانوروں میں سے ہے۔ وہاں تم میں سے کوئی شخص ظاہر ہو گا کہ اُس سے تمام جہان منور ہو گا۔ اور تم کو بھی اس سے فائدہ ہو گا۔ پھر جب میں ہندوستان میں سرہند پہنچا تو بعینہ وہی ثبوت پایا اور نشانِ قبولیت بھی معلوم ہوا۔ اس میں غور کرنا چاہیے کہ خواجہ نقشبند صاحب نے دیکھی

توطوطی اور اس سے مراد یہ لی کہ وہ مجدد الف ثانی ہیں +

اِس طرح تمام بزرگان دین اور اولیاء ملتِ اسلام کے متعلق سینکڑوں کتابیں بھری پڑی ہیں۔ اور لوگ اُن کو بسر و چشم قبول کرتے رہے ہیں۔ ہاں بعض علماء ایسے بھی ہوئے ہیں جنہوں نے اُن بزرگوں پر کفر و الحاد کے فتوی اپنی نادانی سے دیئے ہیں۔ چونکہ وہ لوگ خشک اور لفظ پرست ہوتے ہیں وہ الہامی کتابوں سے وسیع معلومات کے نہونے اور مکاشفات و رویا کی فلاسفی سے محض ناآشنا ہونے کی وجہ سے ایسا کر گذرتے ہیں مگر حق کی روشنی کبھی مخفی نہیں رہ سکتی۔ وہ اپنا جلوہ دکھاتی ہے اور ایک آگ کی طرح مشتعل ہو کر تمام خبیث النفس انسانوں کو جلا دیتی ہے۔ اور ایک طوفان کی طرح جوش زن ہو کر تمام خس و خاشاک کو راستہ سے اُٹھا دیتی ہے۔ اور اس طرح تمام روکیں دور ہو جاتی ہیں۔ کیا یہ بات کسی پر پوشیدہ ہے کہ جن جن بزرگان کو علماء وقت نے ایذائیں دیں اور کافر و زندیق ٹھہرایا۔ کیا وہ اب سب کے سب اولیاء اللہ نہیں مانے جاتے۔ حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو دیکھو۔ حضرت عبد القادر جیلانی حضرت بایزید بسطامی۔ حضرت امام محمد اسمٰعیل بخاری حضرت امام محمد غزالی امام ابن تیمیہ۔ حضرت ابن قیم۔ حضرت امام ابن حزم منصور حلاج۔ حضرت شاہ ولی اللہ۔ حضرت شیخ احمد سرہندی امام ربانی مجدد الف ثانی۔ سید احمد صاحب بریلوی و مولوی محمد اسمٰعیل صاحب شہید دہلوی سب کے سب اپنے اپنے زمانہ کے مولویوں سے کافر ٹھیرائے گئے۔ اور بعض کی نسبت تکفیر کی ذریت ابتک زبان طعن کھولتی ہے لیکن کیا وہ کروڑوں انسانوں میں عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھے جاتے اور کیا اُن کو امام یا ولی اللہ نہیں مانا جاتا۔ لہذا اب بھی اے مسلمانوں خود اپنی عقل سے کام لو۔ اور اُن علماء نا عاقبت اندیش کی کارروائی سے الگ رہو۔ جو جھٹ پٹ کفر کے فتوے مومنوں یا دین کے حامیوں پر لگا دیتے ہیں +

رویا واجب العمل ہے

بعض ایسے ظالم ہیں جو یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ رویا کوئی چیز نہیں اور نہ قابل حجت ہو سکتی ہے ایسے کہنے والے اپنے جہالت کا ثبوت دیتے ہیں ورنہ ایسے الفاظ مُنہ پر نہ لاتے ہم ابھی قرآن مجید اور احادیث اور بزرگان دین کے کلام سے دکھا چکے ہیں کہ رویا کا بھی ایک مستقل عالم ہے اور رویا صادقہ ضرور واجب العمل ہوتی ہیں چنانچہ اسی رویا ہی کی بنا پر حضرت

ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو ذبح کرنا چاہا۔ یہی رویا ہی تھی۔ جس کی وجہ سے حضرت یوسف ایک اعلیٰ درجہ پر پہنچے۔ اسی رویا کی بناء پر فخر المرسلین صلوات اللہ وسلامہ حج کے لئے چل کھڑے ہوئے۔ رویا پر عمل کرنے کا ثبوت کافی طور سے کلام اللہ میں موجود ہے۔ اور بخاری اور دیگر کتب احادیث سے بھی ظاہر ہے۔ کہ سب سے اول وحی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو رویا ہی سے شروع ہوئی تھی۔

اگر رویا کوئی چیز نہیں تو پھر انبیا اُس پر کیوں عامل ہوتے رہے۔ بلکہ احادیث سے رویا کے نہ ماننے پر وعید آیا ہے۔ دیکھو حدیث ذیل:۔

مَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِالرُّؤْيَا الصَّادِقَةِ فَإِنَّهُ لَمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَائِذٍ۔

امام دیلمی عبدالرحمٰن بن عایذ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رویا صادقہ پر ایمان نہ لایا وہ گویا اللہ اور رسول پر بھی ایمان نہ لایا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۸ صفحہ ۳۳۔

مزید برآں رویا صالحہ کو نبوت کی جزو قرار دیا گیا ہے دیکھو احادیث ذیل:۔

رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ عَنْ أَنَسٍ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ۔

احمد اور بیہقی انس سے اور ابوداؤد اور ترمذی عبادہ بن صامت سے اور ابن ماجہ ابوہریرہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کی خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ ایسا ہی طبرانی مسلم۔ بخاری الحکیم۔ ابن جریر۔ ابن مردویہ وغیرہ میں آیا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۸ صفحہ ۳۳۔

بیانات متذکرہ بالا سے واضح ہے کہ وحی ربانی والہامات و رویا صادقہ میں بکثرت استعارات لطیفہ ہوتے ہیں۔ بالخصوص پیشگوئیوں میں رازہائے سربستہ ضرور ہوتے ہیں۔ کیونکہ سنت اللہ اسی طرح جاری ہے۔ نیز ہم یہ بھی دکھا چکے ہیں کہ بعض حصہ تو بعینہٖ ہی الفاظ ظاہری کے مطابق واقع ہوتا ہے۔ اور بعض حصہ کے باطنی معنے ہوتے ہیں۔ جن کے سمجھنے میں بعض دفعہ غلطی کا احتمال ہو جاتا ہے۔ اس لئے ہر ایک انسان کا کام نہیں ہوتا کہ وہ اس کی اصل

حقیقت پر آگاہ ہو سکے بلکہ راسخین فی العلم کا کام ہے +

یہ بھی ہم دکھا چکے ہیں کہ بعض دفعہ انبیاء سے بھی اجتہادی خطا واقع ہو جاتی ہے مگر اُن کو اس خطا پر بہت جلد متنبہ کر دیا جاتا ہے۔ اور دیر تک اُن کو اُس حالتِ غلطی میں نہیں رکھا جاتا نیز یہ بھی دکھلایا گیا ہے کہ بعض دفعہ اللہ تعالیٰ اپنے مرسلوں کے ذریعہ کسی قوم کی نسبت عذاب کی خبر دیتا ہے۔ اور پھر کسی خاص مصلحت سے اُس عذاب کو ٹال بھی دیتا ہے۔ اور اُس نبی کو جس کے ذریعہ عذاب کی پیشگوئی کی گئی تھی بعض دفعہ مطلع بھی نہیں فرمایا جاتا جیسے یونس علیہ السلام کے ساتھ ہوا +

یہاں پر یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ ایک دفعہ وعدہ کر لیتا ہے۔ کہ میں ایسا کرونگا۔ اور پھر ویسا نہیں کرتا۔ تو کیا یہ وعدہ خلافی میں داخل نہیں۔ اصل میں یہ اعتراض قلتِ تدبر اور آسمانی کتابوں کی ناواقفیت کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ ورنہ اگر اُن کو آسمانی کتابوں پر نظر ہو تو پھر اس اعتراض کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ اصل بات یہ ہے کہ ایک وعدہ ہوتا ہے۔ اور ایک وعید۔ سو ان دونوں امور میں اللہ تعالیٰ کی یہ سُنّت ہے کہ وعدہ میں تو وہ ہرگز خلاف نہیں کرتا جیسے کہ آیت اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ سے ہویدا ہے۔ لیکن برخلاف اس کے وعید میں اللہ تعالیٰ کمی بیشی کر لیا کرتا ہے اور اس میں سِرّ یہ ہے کہ وعید کا اُسی حالت میں حکم سُنایا جاتا ہے جب کوئی شخص یا کوئی قوم خدا تعالیٰ کے احکام کو پسِ پُشت ڈالکر اُس کے مامورین و مرسلین کی نافرمانی کرتی اور سرکشی پر اڑی رہتی ہے۔ لیکن اگر وہ وقتِ مقررہ سے پہلے تائب ہو کر خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرے اور اُسی کو اپنی ڈھال اور سپر بنالے تو وہ ارحم الراحمین خدا رجوع برحمت کرتا ہے۔ خواہ کسی نبی کے ذریعہ اُن کو مُنذر روحی بھی سُنادی گئی ہو۔ اور عذاب کا وقت بھی مقرر کر دیا ہو۔ یہ اُنکے سدھارنے کے لئے ایک قسم کی تنبیہ ہوتی ہے جیسے کوئی ماں باپ اپنے بچّوں کو کسی خطرناک چیز سے دُور رکھنا چاہتے ہیں۔ لیکن نادان اور کم عقل بچّے ناعاقبت اندیشی سے اُس سے باز نہیں آتے تو مادر مہربان اُن کو دھمکانی یا ڈرا دیتی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اُس کام سے جس کا نتیجہ اُن کی ذات کے لئے مضر تھا باز آجاتے ہیں۔ ایسا کرنا وعدہ کے خلاف نہیں۔ کیونکہ یہ بات رحم اور خیر خواہی کی بنا پر ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ اور چہ جا امزاج

نہیں اگر وہ ایک دفعہ کسی کو کسی عذاب کی خبر دیچکا ہے تو اب وہ لوگ خواہ کتنی ہی عاجزی کریں اور اُس کے آستانہ پر ناک رگڑیں اور رو رو کر دعائیں مانگیں وہ اڑ کر بیٹھ رہے اور کہے کہ اب میں عذاب دیئے بغیر نہیں ٹلونگا ایسا کرنا اُس خدائے رحیم و کریم کی مقدس اور مطہر شان سے بعید ہے۔ لہذا وہ وعید میں بحالت رجوع درگذر کرتا ہے خواہ نبی کو حقیقت حال سے آگاہی دیجائے یا نہ دیجائے۔ لیکن وعدہ میں کبھی بھی خلاف نہیں کرتا۔ ہمیں آدم سے لیکر تا ایندم ایک نظیر بھی ایسی نہیں ملتی کہ اُس قدوس خدا نے کبھی وعدہ میں خلاف کیا ہو۔ اور وعید میں قضاء و قدر کو ٹالدینا عین اُس کی مشیت کا مقتضیٰ ہے +

چنانچہ بزمانہ حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام قبطیوں پر اُن کی سرکشی کی وجہ سے عذاب آیا مگر جب اُن لوگوں نے سرکشی سے باز آکر فروتنی اختیار کرلی اور حضرت موسیٰ کے آگے نہایت ادب سے التجا کرنے لگے کہ ہمارے واسطے دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ ہم سے عذاب ٹال دے۔ تو حضرت موسیٰ نے اُن کی اس درخواست پر دعا کی اور عذاب ٹل گیا جسکی تصدیق آیات ذیل سے ہوتی ہے:-

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوا يَا مُوسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِي إِسْرَائِيلَ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰ أَجَلٍ هُمْ بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ +	اور جب اُن پر عذاب آیا تو لگے کہنے اے موسےٰ ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کر۔ اگر ہم سے عذاب ٹل جائے تو ہم تجھ پر ایمان لائینگے اور بنی اسرائیل کو بھی تیرے ساتھ کردینگے جب ہم نے اُن سے عذاب اُس مدت تک ٹالدیا

کہ جو اُنکے لئے مقدر تھا تو وہ اپنے وعدہ سے پھر گئے۔ دیکھو قرآن کریم سیپارہ ۹ رکوع ۶ +

اس امر کا بھی ذکر کردینا ضروری سمجھتے ہیں کہ بعض دفعہ ایسا بھی اتفاق ہوتا ہے کہ ایک زمانہ میں چند ملہمین یا اہل کشف ہوتے ہیں اور اُن کو بعض دفعہ ایک دوسرے کے مخالف الہام ہوجایا کرتے ہیں یا کچھ عرصہ تک تو موافق اور کچھ عرصہ کے بعد مخالف الہام ہونے لگتے ہیں۔ ہم بتاتے ہیں کہ اس کی کیا وجہ ہے۔ سو واضح ہو کہ الہام کی صداقت اور صفائی صاحب الہام و اہل کشف کے تقویٰ اور حسن اعمال کے مناسب حال ہوتی ہے یعنی جس قدر تقویٰ اور نیک اعمال میں قدم بڑھاتا ہے اُسی قدر اُس کے الہامات و رویا و مکاشفات میں سچائی

وجہ کہ کبھی ملہمین کے الہام مخالف ہوجاتے ہیں

اور صفائی اور کثرت ہوتی ہے اور اختلاف کا باعث یہ ہوتا ہے کہ جب کسی ملہم کو دوسرے بزرگ سے بدظنی ہو جاتی ہے تو اُسی قدر اُس کے نورِ قلب میں ایک ظلمت طاری ہو جاتی ہے اور جوں جوں اُس کا تعلق بدظنی اور بداعتقادی سے ٹوٹتا جاتا ہے توں توں ہی ظلمت اور تاریکی بڑھتی جاتی ہے اور گو وہ اپنے آپ کو کیسا ہی پاک اور طیب سمجھتا ہو لیکن اس کی بدظنی کی ظلمت اسکو اپنے باپ شیطان کے قریب کھینچے لئے چلی جاتی ہے اور آخر شیطان ہی اُس کا جلیس القرین ہو جاتا ہے۔ جس کی تصدیق خدا تعالیٰ اس آیت میں کرتا ہے۔

هَلْ أُنَبِّئُكُمْ عَلَىٰ مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ تَنَزَّلُ عَلَىٰ كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ سورہ شعراء رکوع ۱۱

لیکن وہ نادان اُسکو ربانی الہام سمجھتا ہے اور اس دھوکہ میں رہکر اپنی جان پر ظلم کرتا اور بعض مخلوقاتِ خدا کو بھی دھوکہ میں ڈالتا ہے۔ اس کی سابقہ بزرگی اور الہامات سب کی سب هَبَاءً مَنْثُورًا ہو جاتے ہیں ملہم باعور کی مثال اس کے لئے کافی ہوگی۔ کیا یہ بات کسی پر مخفی ہے کہ ملہم کس قدر خدا رسیدہ اور پاکباز تھا اُسے الہام بھی ہوتے تھے اور اُس کی دعائیں اس قدر قبول ہوتی تھیں کہ وہ مرجع خلایق ہو گیا تھا۔ لیکن جب اُس نے حضرت موسیٰ کا مقابلہ کیا تو خدا تعالیٰ نے اُس کو اپنی درگاہ سے مردود کر دیا اور بجائے علوی ہونے کے سفلی بنا دیا گیا چنانچہ اس کی شہادت خود اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں دیتا ہے وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ بِهَا وَلَٰكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ یعنی ہم نے تو اُس کا رفع کرنا چاہا تھا لیکن وہ زمین ہی کی طرف جھکتا گیا۔ جس سے مراد یہ ہے کہ وہ دنیا دنی کی طرف جھک گیا اور شیطان اُسکا ساتھی ہو گیا۔

پس یہ ایک سخت عبرت کا مقام ہے مسلمانوں کو خدا تعالیٰ کی بے نیازی سے ڈرنا چاہیئے خواہ آدمی کیسا ہی نیک اور صالح ہو لیکن جب وہ مامور من اللہ و مرسل من اللہ سے دوری اختیار کر لیتا ہے تو خدا تعالیٰ بھی اُس کو اور بھی طغیان و عصیان میں ڈالنے کے لئے سامان مہیا کر دیتا ہے۔ اور آخر جب اُس پر کامل حجت پوری ہو جاتی ہے تو فوراً پکڑ لیتا ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو چاہیئے کہ جو شخص مامور من اللہ ہونے کا مدعی ہو اگر اُسکو اُس کے دعویٰ کی پوری تصدیق نہ بھی ہوئی ہو تو بھی وہ مخالفت اور سرکشی پر اصرار نہ کرے بلکہ اپنی زبان کو بند رکھے اور خدا تعالیٰ سے رو رو کر دعائیں مانگے تاکہ وہ ارحم الراحمین خدا اُس کی ہدایت کے

لئے کوئی سبیل پیدا کر دے۔ لیکن جو لوگ بلا تحقیق جھٹ پٹ مخالفت پر زبان کھول دیتے ہیں اُن کی مثال ایسی ہو جاتی ہے جیسے ایک بد پرہیز مریض کی جو اپنی بد پرہیزی کی وجہ سے مرض کو لا علاج کر لیتا ہے۔ ایسا ہی جس نے مخالفت پر زبان کھول دی پھر اُس کو حق کا ملنا مشکل ہو جاتا ہے۔ کیونکہ پھر قبول کرنا وہ اپنی کسرِ شان سمجھتا ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان کو چاہئے کہ مرسلانِ خدا کی مخالفت سے جہانتک ممکن ہو بچے بلکہ احسن اور اسہل طریق تو یہ ہے کہ قرائنِ مرجحہ کو دیکھکر اُن کے ساتھ ہو جائے اور اُس مومن کے نقشِ قدم پر چلے۔ جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیروی کے لئے لوگوں کو کہا تھا اور اُس کا بول کچھ ایسا مقبول تھا کہ خدا تعالیٰ نے بھی اُس کو اپنی پاک کلام میں بجنسہٖ نقل فرمایا ہے اِنْ یَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ۔ یعنی اے لوگو اگر یہ آدمی یعنی موسیٰ علیہ السلام جھوٹا ہے تو جھوٹ کا وبال اُس کی گردن پر پڑیگا۔ اور اگر صادق ہے تو تم اُس میں سے کچھ تو پالو گے۔ جس کا وہ وعدہ دیتا ہے۔ لہٰذا ہم مسلمانوں کو بھی چاہئے اسی مثال پر کاربند ہوں۔ جھوٹے کو کبھی بھی مُہلت نہیں مل سکتی۔ خود خدا اُس کا دشمن ہو جاتا ہے اور جلد اُس کو تباہ اور ہلاک کر دیتا ہے +

پانچواں باب

مجددین کے باب میں

جب ہم نیچر یعنی فطرت اللہ کی کتاب کا مطالعہ کرتے ہیں۔ تو ہمیں ثابت ہوتا ہے کہ ضرورتِ حقہ کے وقت وہ قادرِ مطلق خدا جس کا نام اللہ ہے۔ محض اپنے فضل و کرم سے نزولِ فیضان فرماتا اور تمام ضروریات کا سرانجام کرتا ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ جب انتہا درجہ کی خشک سالی ہو جاتی ہے اور مخلوقات خدا بڑے بڑے دُکھوں میں گرفتار ہو جاتی ہے تو آسمان سے بارانِ رحمت برسا کر مردہ زمین کو زندہ کر دیتا ہے وہی زمین جو بارش کے

نہ ہونے کی وجہ سے اُس بیوہ کی طرح جس کا پیارا خاوند عین جوانی کی حالت میں سر پر سے گذر گیا ہو۔ اور وہ اسی غم میں سوکھتے سوکھتے کانٹا سی ہو گئی ہو۔ اور جس کی دل آویز اور پسندیدہ صورت بدل کر مہیب اور بھیانک نظر آتی ہو۔ کچھ عرصہ پہلے سناٹے کے عالم میں ماتم کدہ ہو رہی تھی۔ اب ایسا بہروپ بدل لیتی ہے کہ یک لخت نوعروس کی طرح شاندار زمردی لباس پہنے ہوئے سرو قد باہر نکل پڑتی ہے۔ ایسی بشاش اور خنداں ہوتی ہے۔ کہ ہر طرف اُس کے مُنہ سے لالہ و گلزار جھڑے پڑتے ہیں۔ ایک وقت تو وہ تھا کہ گھاس کا تنکہ بھی اُس پر دکھلائی نہیں دیتا تھا۔ یا اب وہ سبزہ زار سے ایسی مالا مال ہے کہ دیکھنے والے کا دل باغ باغ اور دماغ اُس کے خوشبودار پھولوں کی لپٹ سے معطر ہوا جاتا ہے۔ اسی طرح جب صفحۂ دنیا شبِ دیجور کی دھواں دھار تاریکی سے ایک ڈراؤنی اور مہیب صورت اختیار کئے ہوئے ہوتی ہے۔ تو اچانک آفتابِ عالمتاب کے پُرانوار شعاعوں سے اُسکا چہرہ چمکتا اور دمکتا ہوا دکھلائی دینے لگتا ہے +

الغرض قانون قدرت میں لاکھوں ایسی نظیریں ملینگی کہ ہر تنگی کے بعد کشادگی اور ہر عُسر کے بعد یُسر نمودار ہوتا ہے جب اس چند روزہ مادی زندگی کے لئے خالق السموات والارض نے یہ قانون اٹل مقرر فرما دیا ہے۔ تو کیونکر باور ہو سکتا ہے۔ کہ روحانی زندگی کے لئے جو ابدالآباد تک رہنے والی ہے اور جس کا کبھی بھی انقطاع نہیں کوئی سامان تجویز نہ فرمائے ضرور فرماتا ہے۔ اور ضرور فرماتا ہے۔ کیا تم تاریخ عالم میں نہیں دیکھتے۔ کہ جب زمین ناپاک روحوں سے گندی اور مخلوقات کی معاصی اور معائب سے بودار ہو جاتی رہی ہے۔ تو اُس کے صاف کرنے کے لئے وہ ارحم الراحمین خدا اپنے پاس سے ایسے بندوں کو وقتاً فوقتاً بھیجتا رہا ہے جو اپنے انفاسِ طیبات سے بنی نوعِ انسان کو صاف اور ستھرا کر دیتے رہے ہیں۔ لہذا اب بھی اُس خدا کی وہی سُنت جاری ہے۔ کیا وہ خدا جو موسیٰ علیہ السلام کے بعد اُس کی شریعت کے زندہ رکھنے کے لئے متواتر انبیاء مبعوث کرتا رہا ہے۔ کیا وہ افضل الرسل فخر بنی آدم کی شریعت کے قائم رکھنے کے لئے کچھ نہیں کر سکتا۔ ضرور کر سکتا ہے بلکہ کرتا رہا چنانچہ اُس نے رسولِ اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اُن کی جماعت کے ساتھ حتمی وعدہ فرمایا ہے کہ میں اس باغ اسلام کے لئے جس کی آبیاری آپ نے کی ہے ضرورت

کے وقت ایک ایسا باغبان ہمیشہ بھیج دیا کرونگا۔ جو خشک اور ناپاک ٹہنیوں اور شاخوں کو کاٹ کر باہر پھینک دیا کریگا۔ اور ہونہار مگر پژمردہ اور مرجھائے ہوئے پودوں کو اپنے انفاسِ طیبہ کے پانی سے از سرِ نو تازہ کر دیا کریگا۔ چنانچہ آیت

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ

مصدق ہے اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں سے وعدہ کیا جو تم میں سے ایمان لائے اور عمل اچھے کئے تو ہم اُن کو زمین میں خلیفہ بنائینگے۔ اسی طرح جس طرح اس سے پہلے خلیفہ بنائے گئے اور اُن کے دین کو جس کو خدا نے اُنکے لئے پسند فرمایا ہے مضبوط کرونگا۔ دیکھو سورہ نور رکوع

پھر جب ہم احادیث نبویہ پر غور کرتے ہیں تو ثابت ہوتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑے زور کے ساتھ خبر دی ہے کہ میرے بعد ہر صدی کے سر پر مجدد آیا کرینگے چنانچہ سنن ابی داؤد و مستدرک حاکم و سنن بیہقی میں بروایت حضرت ابوہریرہ یہ حدیث آئی ہے

اِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا +

یعنے ہر صدی کے سر پر اللہ تعالیٰ اس امت میں ایک ایسا شخص بھیجا کریگا جو دین کو تازہ کر دیا کرے دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲۳۸۔ و ابو داؤد مطبوعہ مطبع مجتبائی صفحہ ۲۴۱ +

حدیث متذکرہ بالا کی نسبت امام جلال الدین سیوطی نے اپنے رسالہ تنبیہہ میں لکھا ہے اِتَّفَقَ الْحُفَّاظُ عَلٰى صِحَّتِهٖ یعنی عام حافظان احادیث نے اس حدیث کے صحیح ہونے پر اتفاق کیا ہے۔ اور مرقات صعود شرح سنن ابی داؤد میں اس حدیث کی تحت میں لکھا ہے فَاَقُوْلُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اِتَّفَقَ الْحُفَّاظُ عَلَى الصَّحِيْحِ مِنْهُمُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الْمَدْخَلِ +

اور حافظ ابن حجر نے بھی اس حدیث کے صحیح ہونے پر اتفاق کیا ہے۔ امام مناوی اور ملا علی قاری اور علی متقی نے بھی اس کو صحیح تسلیم کیا ہے اور نواب صدیق حسن خانصاحب نے حجج الکرامہ کے صفحہ ۵۱ میں لکھا ہے۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الْمَعْرِفَةِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ یعنی ابو داؤد اور حاکم اور بیہقی نے اپنی اپنی کتابوں میں حضرت ابوہریرہ سے صحیح

اسناد کے ساتھ اس حدیث کو روایت کیا ہے اور کتاب تعریف الاحیا الفضائل الاحیا شیخ اجل عبد القادر بن الشیخ بن عبد اللہ العید روسی باعلوی بر حاشیہ احیاء العلوم صفحہ ۳۲ پر یوں لکھا ہے :-

وَقَالَ جَمَاعَةٌ مِّنَ الْعُلَمَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مِنْهُمُ الشَّيْخُ الْإِمَامُ الْحَافِظُ ابْنُ عَسَاكِرٍ فِي الْحَدِيْثِ الْوَارِدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا عَلٰى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ

اور علما کی ایک جماعت نے کہا ہے جن میں سے ایک شیخ امام حافظ ابن عساکر ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث وارد ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر صدی کے سرے پر اس امت کے لئے کسی ایسے شخص کو مبعوث کیا کریگا جو دین کی تجدید کریگا ۔

اور حجج الکرامۃ فی آثار القیمہ کے صفحہ ۳۳۲ پر نواب صاحب لکھتے ہیں وَقَدِ اتَّفَقَ الْحُفَّاظُ عَلٰى تَصْحِيْحِ هٰذَا الْحَدِيْثِ یعنی حفاظ حدیث نے اس حدیث کے سچے ہونے پر اتفاق کیا ہے۔ جب یہ سچی ہے۔ اور ہر صدی میں اس کی تصدیق کے لئے مجدد بھی آتے رہے ہیں اور اُن کے آنے کے لئے قرآن اور حدیث کا بھی اتفاق ہے۔ اور ہم تاریخ سے بھی اس کا ثبوت پاتے ہیں۔ کہ اہل اسلام میں عموماً اور اہل سنت والجماعت میں خصوصاً اس امر کو مدار علیہ قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کتاب ازالۃ الخفا کے صفحہ ۴۱ میں لکھتے ہیں۔ وخبر داد از انکہ بر رأس ہر مائۃ مجدد پیدا خواہد شد وہم چناں واقع شد یعنے اس امر کی خبر دی ہے کہ ہر صدی کے سر پر مجدد پیدا ہوا کریگا اور ایسا ہی وقوع میں آیا ۔

اسی طرح حضرت شاہ ولی اللہ صاحب تفہیمات الٰہیہ قلمی صفحہ ۳۵ زیر آیۃ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا فرمایا ہے ۔

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر صدی کے سرے پر اس امت کے لئے ایک ایسا شخص مبعوث کیا کریگا جو دین اسلام کی تجدید کیا کریگا ۔

اور بعد زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مختلف ممالک اسلامیہ میں مختلف مجددوں کا آنا

مسلّم ہے۔ اور اس سے کوئی مسلمان انکار نہیں کر سکتا۔ اور یہی وجہ ہے کہ اسلام کا قالب باوجود اس قدر صدمات کے ابتک صفحہ روزگار پر نظر آرہا ہے ورنہ کثیر التعداد انبیاء کی اُمتوں کی طرح ان کا نام و نشان بھی کبھی کا مٹ گیا ہوتا۔ حافظ عماد الدین ابن کثیر ہدایت النہایۃ میں لکھتے ہیں وَقَدْ ذَکَرَ کُلُّ طَائِفَةٍ مِنَ الْعُلَمَاءِ فِیْ رَأْسِ کُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ عَالِمًا مِنْ عُلَمَائِهِمْ یعنے علماء کے ہر گروہ نے ذکر کیا ہے کہ ہر صدی کے سر پر ایک عالم عظیم الشان یعنے مجدد ہوا کرتا ہے اور حافظ عزیز الدین ابن کثیر لکھتے ہیں +

فَالْاَحْسَنُ وَالْاَجْدَرُ اَنْ یَّکُوْنَ ذَالِکَ اِشَارَةً اِلٰی حَدِیْثٍ وَجَمَاعَةٌ مِنَ الْاَکَابِرِ الْمَشْهُوْرِیْنَ عَلٰی رَأْسِ کُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ یُجَدِّدُوْنَ لِلنَّاسِ دِیْنَهُمْ وَیَحْفَظُوْنَ دِیْنَهُمْ فِیْ اَقْطَارِ الْاَرْضِ

عمدہ اور مضبوط بات یہ ہے کہ یہ ایک حدیث کی طرف اشارہ ہے اور مشہور اکابر علماء کی جماعت میں سے ہر صدی کے سر پر ایسے لوگ ہوا کرینگے جو لوگوں کے دین کی تجدید اور اطراف عالم میں اُن کے دین کی حفاظت کیا کرینگے دیکھو حجج الکرامہ صفحہ ۳۳۴ +

اور حضرت عینی لکھتے ہیں وَاِنَّ تَجْدِیْدَ الدِّیْنِ مُتَنَاوِلٌ لِجَمِیْعِ اَنْوَاعِهٖ تجدید دین ہر قسم کی ہوگی ہاں اس میں کچھ شک نہیں۔ کہ چونکہ اسلام کا دائرہ دُور دراز ممالک میں محیط ہو چکا تھا اور اُس وقت کوئی ایسا سامان پردۂ غیب سے ظہور پذیر نہیں ہوا تھا۔ کہ ایک جگہ کا مجدد سب ممالک میں تبلیغ کر سکے۔ اور ایسا کرنا ناممکن بھی تھا۔ کیونکہ اہل اسلام میں بہت سی قسم کے فتور آچکے تھے۔ اور ایک شخص کے لئے تمام فسادات کی اصلاح کا ٹھیکہ اُٹھانا مشکل امر تھا۔ اِس لئے اللہ تعالیٰ کو ایک ہی زمانہ اور ایک ہی وقت اور ایک ہی ملک میں مختلف المذاق کے مجدد کھڑے کرنے پڑے۔ اور یہ بات کوئی نامناسب بھی نہیں معلوم ہوتی۔ جبکہ تنگ دائرہ میں ایک ہی وقت اور ایک ہی ملک میں متعدد انبیاء مبعوث فرمائے گئے تو ایک ہی وقت مگر متفرق ملکوں میں ایسی حالت میں جبکہ اسلام کا دائرہ نہایت ہی وسیع ہو چکا تھا۔ کیونکہ متعدد مجدد مقرر نہ فرماتا۔ پس متعدد مجددوں کا ہونا تو لازم اور لابدی امر ہے۔ ہاں یہ ضرور ہو سکتا ہے کہ اُن مجددوں کا جو ایک وقت میں ہوتے رہے۔ ایک امام اور پیشوا ہوتا تھا اور باقی سب اُسکے تابع سمجھے جاتے تھے۔ چنانچہ بہت سے علماء کا اس پر اتفاق ہے چنانچہ امام حجر عسقلانی

فرماتے ہیں +

اِنَّهٗ لَا یَلْزَمُ اَنْ یَّکُوْنَ فِیْ رَأْسِ مِائَةٍ سَنَةٍ وَاحِدٌ	یعنے یہ لازم نہیں کہ صدی کے سر پر صرف ایک ہی مجدد ہو

اور امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ رسالہ تنبیہہ میں کہتے ہیں +

لَا یَلْزَمُ مِنْهُ اَنْ یَّکُوْنَ الْمَبْعُوْثُ عَلٰی رَأْسِ الْمِائَةِ رَجُلًا وَاحِدًا بَلْ وَقَدْ یَکُوْنُ اَکْثَرَ +	یعنی اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ شخص مبعوث ایک ہی ہو بلکہ زیادہ بھی ہوتے ہیں - دیکھو حجج الکرامہ +

مجدد کس کو کہتے ہیں

اس جگہ پر ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ یہ بات بھی دکھلاویں کہ مجدد کسکو کہتے ہیں - اور اُسکا کیا کام ہوتا ہے +

سو واضح ہو کہ لفظ مجدد مصدر تجدید سے نکلا ہے - اور اس کے معنے تازہ کرنے والے اور مضبوط کرنے والے کے ہیں یعنی اسلام میں اگر کسی نہ کسی وجہ سے کوئی پژمردگی اور ضعف واقع ہو جائے تو وہ شخص جو مبعوث ہوا ہے علم خداداد اور انفاس طیبہ کی برکت سے اُن تمام کمزوریوں اور خرابیوں کو دور کر کے دین میں ایک نئی روح پھونک دے اور پھر اُسکو ایک بڑے مضبوط چٹان پر قائم کر کے دنیا سے الوداع کہے - چونکہ بعض خشک اور سنت اللہ سے ناواقف لوگ یہ اعتراض بھی کر دیا کرتے ہیں - کہ جب قرآن اور حدیث موجود ہے - اور ہر زمانہ میں علما بھی ہوتے چلے آتے ہیں تو پھر ضعف اور پژمردگی کے کیا معنے - اور کسی مجدد کے آنے کی ضرورت ہی کیا ہے - اس کا جواب یہ ہے - کہ ہر صدی میں فطرتاً ایک تغیر واقع ہوتا ہے اور زمانہ ایک نیا رنگ و روپ پیدا کر لیتا ہے - اور چونکہ زمانہ روز بروز دنیاوی ترقی کرتا ہے اس لئے آرام و آسایش کے سامان ساتھ ساتھ پیدا ہوتے جاتے - اور لوگ عیش و عشرت اور آرام طلبی کے عادی ہو جاتے ہیں - اِس لئے لازماً اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لوگ رفتہ رفتہ شریعت حقہ سے پہلو تہی اور تغافل کر لیتے ہیں - اور چونکہ علما بھی اسی آرام طلبی میں شریک ہوتے ہیں - اِس لئے اُن کے وعظ و نصیحت کا اثر زنگ خوردہ دلوں

پر نہیں پڑ سکتا بلکہ وہ خود بھی زمانہ کے اثر سے متاثر ہونے کی وجہ سے اُس روحانیت سے محروم ہو جاتے ہیں۔ جو دوسروں پر نورانی جھلک ڈال سکتی ہے لہذا اشد ضروری ہوتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ اُن پر اُس وعدہ کے موافق جو آیت اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ میں کیا ہے اِس دینِ متین کی سرسبزی کے لئے ہر صدی کے بعد ایک یا متعدد اشخاص پیدا کر دے۔ تاکہ وہ آنکر تمام کمزوریوں اور فسادوں کو دور کر کے ایک پاک و صاف سٹرک قائم کر کے اور اپنا کام سرانجام دیکر دنیا سے کوچ کر جائیں +

زمانۂ مجدد

یہ بات بھی یاد رکھنے کے لایق ہے کہ وہ زمانہ جس میں مجدد مبعوث ہوتا ہے لیلۃ القدر کے مبارک نام سے موسوم ہوتا ہے۔ جس کی فضیلت یہ ہے۔ کہ بمشابہ اُس رات کے ہے جو ہزار ماہ سے بھی بہتر ہوتی ہے۔ کیونکہ اُس وقت اللہ تعالیٰ کی وحی اور فرشتے بھی نزول فرماتے ہیں۔ اور ایک خوف کے بعد امن اور سلامتی کی راہ کھلتی ہے۔ اور نزول رحمت الٰہی کی یہانتک نوبت پہنچتی ہے۔ کہ دینِ اسلام کی راتیں متبدل بہ صبح صادق ہو جاتی ہیں۔ بلکہ جس طرح آفتابِ عالمتاب نکل کر رات کی تاریکی کو دُور کر دیتا ہے اسی طرح وہ بھی آفتابِ صداقت سے روز روشن کی طرح منور ہو جاتی ہیں +

چنانچہ آیات ذیل اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝ اس بیان مذکورہ بالا کی تصدیق کرتی ہیں +

یہ بات مخفی نہ رہے۔ کہ ہزار ماہ کے ۸۳ برس اور ۴ ماہ ہوتے ہیں اِس میں وہ سال جو مجدد یا مامور من اللہ کی نابالغیت کے ہوتے ہیں۔ شامل نہیں اور یہ تو صریح بات ہے کہ زمانۂ بلوغت ۱۶ یا ۱۷ سال سے شروع ہوتا ہے اِس لئے اِسی زمانہ کو صدی سے نکال لیا گیا ہے۔ کیونکہ مامور من اللہ کی پیدائش کے وقت سے برکات آسمانی نازل ہونے لگ جاتی ہیں۔ اور یہ مدت بھی لیلۃ القدر میں داخل ہوتی ہے۔ جس طرح ہمارے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانۂ نبوت ایک لیلۃ القدر کا زمانہ تھا +

الغرض ہر مامور من اللہ کا زمانہ لیلۃ القدر ہوتا ہے۔ کیونکہ زمانہ میں جب عام غفلت اور بے پرواہی کی ظلمت اور گناہوں اور فسادوں کی رات چھائی ہوئی ہوتی ہے۔ تو اللہ تعالیٰ ایسے پر ظلمت وقت میں آسمان سے ایک نور بھیجتا ہے۔ اور وہ نور آکر اپنے انفاسِ قدسیہ سے اُن تمام نفوس کو جو فطرتِ قابلہ رکھتے ہوں منور کر دیتا اور ایک نئی لگن لگا دیتا ہے۔ جس سے لوگ غفلت کے پردوں کو پھاڑ کر اور خوابِ خرگوش سے چونک کر ہوش میں آجاتے۔ اور تلافیٔ مافات میں مشغول ہوتے اور جان توڑ کر کوشش میں لگ جاتے ہیں۔ اور اسی طرح اپنی اصلاح کر کے دنیا میں ایک پاک اور عمدہ نمونہ بنجاتے ہیں +

ورثۃ الانبیاء

یہاں پر ہم اس امر کا اظہار کر دینا بھی ضروری سمجھتے ہیں۔ کہ زمانہ حال کے اکثر علماء اپنے آپ کو اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ کی ذیل میں داخل کر کے ممبروں پر چڑھ کر بڑی بلند آواز سے کہا کرتے ہیں۔ کہ ہم ہی وارث انبیاء ہیں۔ اور کلید شریعت صرف ہمارے ہی قبضہ میں ہے۔ لیکن ہماری رائے میں اُن کی سخت غلطی ہے۔ یہ تو زمین کے ذلیل کیڑے ہیں۔ اُن کو ورثۃ الانبیاء سے کیا مناسبت اُن کو خود غرضی کے کتے کہئے تو بجا یا مسجدوں کے مردار خوار جانور کہئے تو زیبا کیونکہ اُن کو رات دن نفس پرستی اور لوگوں کے جائز و ناجائز مال کے کھانے سے فرصت ہی کہاں ہے۔ جیسے کتوں کی عادت ہے کہ کسی ہڈی کے مل جانے پر دوسرے کتے پر جسکو اتفاقاً پاس سے گذر ہو جائے حملہ کرتا اور اُس کو چیرتا پھاڑتا ہے۔ اسی طرح علماء کی حالت ہو رہی ہے۔ کہ کسی دوسرے عالم کے آجانے پر اُس کی رگیں پھول جاتی ہیں۔ اور اُس کو فکر پڑ جاتی ہے کہ جہاں تک اور جس طرح ممکن ہو عیب لگا کر یا کفر کا فتویٰ جما کر الگ کر دیا جائے یا جیسے گدیں فضائے آسمان پر اس تاک میں رہتی ہیں۔ کہ کہیں کوئی مُردہ تو نہیں پڑا۔ ایسا ہی ان علماء کی حالت ہے کہ شب و روز اس امید اور تفتیش میں رہتے ہیں۔ کہ کوئی مالدار آدمی مرا ہے کہ نہیں۔ اس کی کچھ پروا نہیں کہ خواہ میت سود خوار تھا یا مرتشی یا چوری کا مال لینے والا تھا

یا خود چور تھا۔ بلکہ جہاں تک دیکھا جاتا ہے۔ وہ اُس وقت بڑے خوش ہوتے ہیں اور بغلیں بجاتے ہیں کہ جب کوئی مالدار رنڈی جو ساری عمر زنا کی کمائی سے دولت جمع کرتی رہی ہو مرجائے کیونکہ اس سے بہت کچھ ملنے کی امید ہوتی ہے پس ایسے گندے اور ناپاک طبع علماء کیونکر ورثۃ الانبیاء کے لقب کے مستحق ہو سکتے ہیں۔ ورثۃ الانبیاء میں تو وہ علماء داخل ہیں۔ جن کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم لدنی عطا ہوتا ہے۔ اور تقویٰ کے اعلیٰ مراتب طے کر چکے ہوتے ہیں اور جنکو بارگاہ رب العزۃ میں وجاہت اور قرب حاصل ہوتا ہے۔ اور جن کی ذات ان ناپاک خیالات سے پاک اور نفسانی خواہشات سے منزہ ہوتی ہے۔ احادیث اور اقوال سلف صالح سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ مجددین کو ہی ورثۃ الانبیاء کے خطاب سے مخاطب کیا گیا ہے۔ چنانچہ ابو احمد عبدالرحمٰن محمد المعروف بابن عدی جرجانی اپنی کتاب کامل ابن عدی میں حدیث ذیل نقل کرتے ہیں:۔

عَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْعُلَمَاءُ مَصَابِیْحُ الْاَرْضِ وَخُلَفَاءُ الْاَنْبِیَاءِ وَوَرَثَتِیْ وَوَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ +

حضرت علی سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ علماء زمین کے چراغ اور انبیاء کے خلیفے اور میرے اور انبیاء کے وارث ہوتے ہیں دیکھو کنز العمال جلد ۵ صفحہ ۲۰۱ +

اور حضرت رب العزت کے دربار گوہربار سے بھی وہ لوگ وَالرَّاسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ کے لقب سے ملقب ہیں۔ چنانچہ امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے ایک مکتوب میں جو شیخ جمال الدین ناگوری کے نام پر ہے لکھتے ہیں وَالْعُلَمَاءُ الرَّاسِخُوْنَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ فِی الْحَقِیْقَۃِ یعنی علماء راسخین ہی فی الحقیقت وارث انبیا ہیں۔ دیکھو مکتوبات جلد ۲ مکتوب ۱۸۔ اور پھر اسی مکتوبات کے جلد ۲ مکتوب ۱۳ میں جو مرزا شمس الدین کے نام ہے۔ علماء راسخین کی تفصیل یوں فرماتے ہیں +

وَنَصِیْبُ عُلَمَاءِ رَاسِخِیْنَ کہ وَرَثَۃُ انبیا اند علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات بآنچہ علماء ظواہر دارند و بآنچہ صوفیہ بآن ممتاز اند اسرار و دقایق

یعنی علماء راسخین جو وارث الانبیا ہیں علماء ظواہر اور صوفیہ کرام دونو کے علوم سے بہرہ ور ہوتے ہیں یعنی ظاہری علوم سے بھی۔ اور

است کہ در متشابہات قرآنی رمزے اشارتے بآن رفتہ است و بسبیل تاویل اندراج یافتہ فَهُمُ الْكَامِلُونَ فِي الْمُتَابَعَةِ وَالْمُحَقَّقُونَ بِالْوِرَاثَةِ ایشان بسبیل تبعیت و وراثت شریک دولت خاص انبیاء اند علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات و محرم بارگاہ لاجرم بشرف کرامت عُلَمَاءُ أُمَّتِي كَأَنْبِيَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ مشرف گشتہ اند +

باطنی علوم سے بھی۔ باطنی علوم تو اسرار دقائق ہیں۔ جن کو قرآن کریم میں متشابہات کے لفظ سے تاویل کیا جاتا ہے۔ یہی لوگ ہیں جو شریعت کی متابعت میں کامل اور نبوت کی وراثت میں محقق ہیں۔ جس میں شک و شبہ کو کچھ دخل نہیں۔ اور یہی لوگ ہیں جو خاص انبیا کی وراثت میں شریک اور شریعت کے پیرو ہیں۔ اور یہی بارگاہ الٰہی کے محرم راز ہیں۔

اور اسی بناء پر عُلَمَاءُ أُمَّتِي كَأَنْبِيَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ کے باعزت لقب سے مشرف و ممتاز ہیں۔ دیکھو مکتوبات جلد ۲ مکتوب ۳۱ صفحہ ۱۳۶ +

مجدّد کی پہچان کیا ہے

اگر تم انکی پہچان چاہو کہ کیونکر ہو تو باور کرو کہ ان بزرگوں کی پہچان یہ ہے۔ کہ انکو کلام الٰہی کا خاص فہم دیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ رموز قرآن و اسرار فرقان کی نہریں مشرق و مغرب تک جاری کر دیتے ہیں۔ اور برسوں کے پیاسوں کو جو شریعت حقہ سے دور پڑ کر ضلالت اور گمراہی کے لق و دق جنگل میں سراب جیسے دھوکہ دہ نظارہ کے پیچھے مارے مارے پھر رہے ہوتے ہیں۔ کلام الٰہی کے آب زلال سے سیراب کر دیتے ہیں۔ اور اپنے وجود با وجود سے اسلام کے قالب مردہ میں نئی زندگی کا صور پھونکتے ہیں۔ گویا برسوں کے مُردے اُن کی روحانی تاثیر سے اور اُن کی قوت قدسیہ کی برکت سے باہر نکل آتے ہیں جیسے انجیل سے بھی ثابت ہے کہ حضرت مسیح کے مبعوث ہونے پر مُردے قبروں سے نکل آئے تھے۔ یا جیسے رسول اللہ صلعم کی زمانہ میں صدیوں کے مُردوں کو از سر نو حیات حاصل ہوئی تھی جس کی تصدیق قرآن شریف کی آیت إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ سے ہوتی ہے۔ یعنے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں بلاوے تو دوڑ کر آیا کرو کیونکہ اُس کا بلانا تمہاری زندگی کے لئے ہے کہ تم حیات جاوید پاؤ اور ابدی زندگی کے وارث بنو

پہلی فصل

اِس باب میں کہ ۱۴ صدیوں میں کون کون مجدّد ہوئے ہیں

ہم اوپر دکھلا چکے ہیں۔ کہ ہر صدی کے سرے پر مجدّدوں کا آنا ضروری ہے۔ کیونکہ ہر سو سال کے بعد زمانہ کی حالت پلٹا کھاتی ہے۔ اور دینِ اسلام میں ضعف واقع ہو جاتا ہے لہذا ازبس ضروری ہے۔ کہ اس ضعف اور کمزوری کے دُور کرنے کے لئے کوئی شخص خدا تعالیٰ کی طرف سے خاص تائید پاکر دُنیا میں کھڑا ہو۔ اور جس قدر اہل اسلام میں فتور برپا ہو گیا ہو۔ اِس کو دُور کرنے کی کوشش کرے۔ اور دینِ مُردہ کو از سرِ نو زندہ کر کے اسکو اپنی اصلی ہیئت میں دکھلاوے۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نفخ صور سے پیدا ہوئی تھی۔ چنانچہ اس غرض کے پورا کرنے کے لئے ۱۴ صدیوں میں جس قدر اصحاب مجدد تسلیم کئے گئے ہیں۔ جن میں سے بعض نے اپنی زبان سے دعویٰ مجددیت کیا ہے اور بعض نے زبان سے تو دعویٰ نہیں کیا۔ لیکن بعض لوگوں نے اُن کو اپنے اعتقاد اور علم سے مجدد تسلیم کر لیا ہے۔ ہم اُن کے نام صدی وار لکھ دیتے ہیں۔ تاکہ جو لوگ اُنکے اسمائے مبارک سے ناواقف اور ناآشنا ہیں۔ اچھی طرح سے واقف ہو جائیں +

پہلی صدی میں اصحاب ذیل مجدد تسلیم کئے گئے ہیں

(۱) عمر بن عبد العزیز (۲) سالم (۳) قاسم (۴) مکحول۔ علاوہ انکے اور بھی اس صدی میں مجدد مانے گئے ہیں۔ چونکہ جو مجدّد جامع صفاتِ حسنیٰ ہوتا ہے۔ وہ سب کا سردار اور فی الحقیقت وہی مجدّد فی نفسہ مانا جاتا ہے۔ اور باقی اُس کی ذیل سمجھے جاتے ہیں۔ جیسے انبیاء بنی اسرائیل میں ایک نبی بڑا ہوتا تھا۔ تو دوسرے اُس کے تابع ہو کر کار روائی کرتے تھے۔ چنانچہ صدی اوّل کے مجدّد منصف بجمیع صفات حسنیٰ حضرت عمر بن عبد العزیز تھے دیکھو نجم الثاقب جلد ۲ صفحہ ۹۔ و قرۃ العیون و مجالس الابرار۔ و تعریف الاحیا بفضائل الاحیا صفحہ ۳۲

دوسری صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) امام محمد ادریس ابوعبداللہ شافعی (۲) احمد بن محمد بن حنبل شیبانی (۳) یحییٰ بن معین بن عون عطفانی (۴) اشہب بن عبدالعزیز بن داؤد قیسی۔ (۵) ابوعمرو مالکی مصری۔ (۶) خلیفہ مامون رشید بن ہارون (۷) قاضی حسن بن زیاد حنفی (۸) جنید بن محمد بغدادی صوفی (۹) سہل بن ابی سہل بن رنجلہ شافعی (۱۰) بقول امام شعرانی حارث بن اسعد محاسبی ابوعبداللہ صوفی بغدادی۔ (۱۱) اور بقول قاضی القضات علامہ عینی۔ احمد بن خالد الخلال۔ ابوجعفر حنبلی بغدادی۔ دیکھو نجم الثاقب جلد ۲ صفحہ ۱۴۔ قرۃ العیون ومجالس الابرار تعریف الاحیا بفضائل الاحیا صفحہ ۳۲ +

تیسری صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) قاضی احمد بن شریح بغدادی شافعی (۲) ابوالحسن اشعری متکلم شافعی (۳) ابوجعفر طحاوی ازدی حنفی (۴) احمد بن شعیب (۵) ابوعبدالرحمٰن نسائی (۶) خلیفہ مقتدر باللہ عباسی (۷) حضرت شبلی صوفی (۸) عبیداللہ بن حسین (۹) ابوالحسن کرخی صوفی حنفی۔ (۱۰) امام بقی بن مخلد قرطبی مجدد اندلس اہل حدیث۔ دیکھو تعریف الاحیا بفضایل الاحیار صفحہ ۳۳ و نجم الثاقب وقرۃ العیون ومجالس الابرار +

چوتھی صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) امام ابوبکر باقلانی (۲) خلیفہ قادر باللہ عباسی (۳) ابوحامد اسفرائنی (۴) حافظ ابونعیم (۵) ابوبکر خوارزمی حنفی (۶) بقول شاہ ولی اللہ ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ المعروف بالحاکم نیشاپوری (۷) امام بیہقی۔ (۸) حضرت ابوطالب ولی اللہ صاحب قوت القلوب جو طبقہ صوفیا سے ہیں (۹) حافظ احمد بن علی بن ثابت خطیب بغدادی (۱۰) ابواسحٰق شیرازی (۱۱) ابراہیم بن علی بن یوسف فقیہہ ومحدث +

پانچویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) محمد بن محمد ابو حامد امام غزالی (۲) بقول عینی و کرمانی حضرت راعونی حنفی۔ (۳) خلیفہ مستظہر باللہ عباسی۔ (۴) عبداللہ بن محمد انصاری ابو اسمٰعیل ہروی (۵) ابو طاہر سلفی (۶) محمد بن احمد ابو بکر شمس الدین سرخسی فقیہ حنفی +

چھٹی صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) محمد بن عمر ابو عبداللہ فخر الدین رازی (۲) علی بن محمد (۳) عز الدین ابن کثیر (۴) امام رافعی شافعی صاحب زبدہ شرح شفا (۵) یحییٰ بن حبش بن میرک حضرت شہاب الدین سہروردی شہید امام طریقت (۶) یحییٰ بن اشرف بن حسن محی الدین لوذی۔ (۷) حافظ عبدالرحمٰن ابن جوزی۔ حضرت عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سرتاج طریقہ قادری +

ساتویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) احمد بن عبدالحلیم تقی الدین ابن تیمیہ حنبلی (۲) تقی الدین ابن دقیق العید (۳) شاہ شرف الدین مخدوم بھائی سندی (۴) حضرت معین الدین چشتی (۵) حافظ ابن القیم جوزی شمس الدین محمد بن ابی بکر بن ایوب بن سعد بن القیم الجوزی درعی دمشقی حنبلی۔ (۶) عبداللہ بن اسعد بن علی بن سلیمان بن خلاج ابو محمد عفیف الدین یافعی شافعی (۷) قاضی بدر الدین محمد بن عبداللہ الشبلی حنفی دمشقی +

آٹھویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) حافظ علی بن حجر عسقلانی شافعی (۲) حافظ زین الدین عراقی شافعی (۳) صالح بن عمر بن ارسلان قاضی بلقینی (۴) علامہ ناصر الدین شاذلی ابن سنت میلی +

نویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) عبدالرحمٰن بن کمال الدین شافعی معروف بامام جلال الدین سیوطی (۲) محمد بن

عبدالرحمٰن سخاوی شافعی (۳) سید محمد جون پوری ہندی۔ اور بقول بعض دسویں صدی کے مجدّدین۔ حضرت امیر تیمور صاحبِ قرآن فاتح عظیم الشان +

دسویں صدی کے مجددصاحبِ ذیل ہیں

(۱) ملا علی قاری (۲) محمد طاہر فتنی گجراتی محی الدین محی السنۃ (۳) حضرت علی بن حسام الدین معروف بعلی متقی ہندی مکی +

گیارھویں صدی کے مجددصاحبِ ذیل ہیں

(۱) عالمگیر بادشاہ غازی اورنگ زیب (۲) حضرت آدم بنوری صوفی (۳) شیخ احمد بن عبدالاحد بن زین العابدین فاروقی سرہندی۔ معروف بامام ربانی مجدد الف ثانی +

بارھویں صدی کے مجددصاحبِ ذیل ہیں

(۱) محمد بن عبدالوہاب بن سلیمان نجدی (۲) مرزا مظہر جانِ جاناں دہلوی (۳) سید عبدالقادر بن احمد بن عبدالقادر حسنی کوکیانی۔ (۴) حضرت احمد شاہ ولی اللہ صاحب محدّث دہلوی (۵) امام شوکانی (۶) علامہ سید محمد بن اسمٰعیل امیر یمن (۷) محمد حیات بن ملا ملازیہ سندھی مدنی +

تیرھویں صدی کے مجددصاحبِ ذیل ہیں

(۱) سید احمد بریلوی۔ (۲) شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی (۳) مولوی محمد اسمٰعیل شہید دہلوی (۴) بعض کے نزدیک شاہ رفیع الدین صاحب بھی مجدّد ہیں (۵) بعض نے شاہ عبدالقادر کو مجدّد تسلیم کیا ہے۔ ہم اس کا انکار نہیں کر سکتے۔ کہ بعض ممالک میں بعض بزرگ ایسے بھی ہونگے جن کو مجدّد مانا گیا ہو۔ اور ہمیں اُن کی اطلاع نہ ملی ہو۔ وجہ یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جو جامع جمیع صفات انسانی تھے۔ کوئی کامل انسان ایسا نہیں ہو سکتا تھا۔ کہ شریعتِ اسلامی کے تمام محکمہ جات کی خدمات

کو سرانجام دے سکتا۔ اس لئے ضروری بلکہ اشد ضروری تھا۔ کہ شریعت حقہ اسلام کے ہر پہلو اور ہر محکمہ کے ضعف اور کمزوری کو دور کرنے کے لئے الگ الگ افراد اس خدمت پر مامور ہوں اور مشاہدہ اور تجربہ گواہی دیتا ہے کہ ایسا ہی ہوتا رہا۔ چنانچہ فہرست مجددین سے واضح ہوتا ہے کہ کوئی مجدد فقیہہ ہے کوئی محدث ہے۔ کوئی مفسر ہے کوئی صوفی ہے کوئی متکلم ہے۔ اور کوئی بادشاہ ہے۔ الغرض جن کاموں کو ایک ذات جامع جمیع صفات انسانی صلوٰۃ اللہ وسلامہ بہمہ حسن وخوبی سرانجام دیتی تھی۔ اُن کے بعد کس کا یارا تھا کہ سب کام اُسی طرح کرسکتا۔ اس لئے مختلف زمانوں میں مختلف افراد مختلف پہلوؤں میں ان خدمات کو بجا لاتے رہے۔ اور اس سے کوئی مسلمان انکار نہیں کرسکتا +

جب یہ امر روز روشن کی طرح ظاہر ہوگیا۔ کہ ہر صدی کے سر پر کسی مجدد کا آنا ضروری ہے تو اب کوئی وجہ نہیں کہ چودھویں صدی کے سر پر کوئی مجدد نہ آوے۔ مجدد کا آنا نہایت ہی ضروری ہے۔ خاصکر ایسے پرفتن زمانہ میں جبکہ اسلام پر ہر پہلو اور ہر طرف سے مصائب کے پہاڑ کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہوں۔ اور اسلام ایسے نرغہ میں پھنس گیا ہو کہ جس سے جانبری نہایت ہی مشکل ہوگئی ہو +

مجدد کا فرض

ہاں یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ ہر صدی میں جو مجدد آتا تھا۔ اُس کا اہم کام یہی ہوتا تھا۔ کہ اسلام پر جس پہلو سے حملہ کیا گیا۔ یا جس بات میں اسلام ضعیف ہوگیا اُسی حملہ یا نقص کے دُور کرنے کے لئے وہ مجدد کھڑا ہوا کرتا تھا۔ اور مجدد کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر عالم کی اُس غلط رائے کو جو وہ اپنی کسی کتاب میں درج کرچکا ہو اُٹھائے۔ مجدد ہمیشہ جس امر میں صریح عملی ضرر دیکھتا ہے اور جس سے اُس زمانہ میں جس میں وہ مجدد ہوتا ہے اسلام یا اہل اسلام پر سخت مصیبت کا اندیشہ دامنگیر ہوجاتا ہے۔ اپنے مساعی جمیلہ سے اُسی ضرر کو دفع کرتا ہے۔ اور باقی غلطیوں کا وہ ذمہ وار نہیں ہوتا۔ کیونکہ غلطیاں جس جس زمانہ میں سر اُٹھاتی اور اسلامی شریعت کو ضرر پہنچاتی ہیں۔ اُسی زمانہ میں اُن کے دفعیہ کے لئے ایک دوسرا مجدد کھڑا کیا جاتا ہے۔ گویا وہ غلطیاں اُسی

کے لئے ودیعت رکھی جاتی ہیں۔ لہذا اب اس چودھویں صدی کے سر پر بھی وہی شخص مستحق تجدید ہو سکتا ہے۔ جو چودھویں صدی کے مفاسد اور مضرات کے دفعیہ کے قابل ہو۔ سو الحمد للہ کہ یہ صدی بھی مثل گذشتہ صدیوں کے خالی نہیں گئی۔ عین صدی کے سر پر ایک شخص کھڑا ہو گیا۔ اور اُس نے اُن تمام مفاسد موجودہ کے دُور کرنے میں ایسی جان توڑ کوشش کی کہ اُس کی نظیر گذشتہ تیرہ صدیوں میں نہیں پائی جاتی۔ اس بزرگ نے اپنی تدابیر حسنہ اور مساعی جمیلہ کی برکت سے دشمنان دین کے خطرناک حملات کو ایسا اُٹھایا ہے۔ کہ نام و نشان تک مٹا دیا ہے۔ اور اسلام کی حقانیت کی ڈھاک ایسی بٹھا دی ہے کہ زبردست سے زبردست دشمن کا دل بھی لرز گیا ہے۔ اور جیسے تھرمامیٹر (یعنے آلہ مقیاس الحرارت) شدت گرمی سے بیچین ہو کر اوپر چڑھ جاتا ہے۔ اور باہر نکلنے کی کوشش کرتا ہے ایسا ہی ان دشمنوں کے دل بیقرار ہو گئے۔ اور اپنی جان بچانے کی فکر میں لگ گئے ہیں اور اب وہ اہل اسلام کے مقابل میں ایسے بودے اور بزدلے ہو گئے کہ سامنے آنا تو درکنار اس طرف رُخ کرنے کا ارادہ بھی نہیں کر سکتے ہم اس امر کو طوالت دینا پسند نہیں کرتے۔ اور نہ ہم زیادہ انتظار میں ڈالنا چاہتے ہیں وہ بزرگ جو یقیناً یقیناً چودھویں صدی کے مجدد ہیں۔ وہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب رئیس قادیان ہیں۔ جنہوں نے چھوٹتے ہی دشمنوں کے حملہ ہی سے اسلام کو نہیں بچا یا بلکہ اُن کے گھروں میں داخل ہو کر اُن کے مذاہب کی عمارات کا پول ظاہر کر دیا۔ اور صرف یہی نہیں بلکہ اُن کی مذہبی عمارت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی ہے۔ اور اُن کو ایسا کچل دیا اور پائمال کر دیا ہے۔ کہ اب اُن کے اُبھرنے کی تا قیامت امید نہیں ہو سکتی۔ ہم اس اجمال کی تفصیل آگے چل کر کرینگے۔ یہاں ہم اس کا موقع مناسب نہیں سمجھتے +

کیا گذشتہ بزرگان میں سے کسی نے دعویٰ الہام کیا ہے یا نہیں

البتہ اس جگہ پر ہم مناسب خیال کرتے ہیں۔ کہ بعض نادان صوفی منش یا نااہل علماء کے اس اعتراض کو اُٹھا دیں۔ جو اس صورت میں پیش کیا کرتے ہیں۔ کہ آجتک کسی بزرگ نے اپنی زبان سے دعویٰ نہیں کیا۔ کہ میں فلاں مرتبہ کا انسان ہوں اور مجھے الہام ہوتا ہے۔

ایسا اظہار بزرگان دین کی روش کے خلاف ہے۔ بلکہ دکانداروں کا طریق ہے۔ اور اگر سچے بھی ہوں۔ تو بھی اظہار کی ضرورت نہیں۔ خود بخود لوگوں کو اُن کی حقیقت معلوم ہو سکتی ہے۔ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید۔ یعنے کستوری اصل وہی ہے جو خود ہی اپنی بو سے اصلیت ظاہر کرے نہ کہ اُس کی اصلیت کی وجوہ عطار بیان کرے +

سو اسکا جواب یہ ہے۔ کہ یہ لوگ بزرگان دین کی سوانح عمری سے محض ناواقف ہیں۔ اور نہ ان کو تاریخ کا علم ہے۔ محض چند زاہد گوشہ نشینوں کے قصے جو مبالغہ سے مبرا نہیں ہوتے کہیں سے سُن پاتے ہیں۔ اور آخر اُنہیں کو نظیر ٹھیرا کر فیصلہ کر لیتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ کہ جب ایسے ایسے بزرگ اپنے مکاشفات اور الہامات کے اظہار سے پہلو تہی کرتے تھے۔ اور صرف یہی نہیں۔ بلکہ اپنے اکتشاف کو ترقیات کا حارج بھی سمجھتے تھے۔ تو پھر کون شخص ایسا ہو سکتا ہے۔ کہ دُنیا میں ننگی تلوار لیکر میدان میں کھڑا ہو جائے اور بآواز بلند نعرے مار کر کہے کہ مجھے زمین و آسمان کے مالک نے یہ مرتبہ عطا کیا ہے کہ جو مجھے نہیں مانیگا اور میرے مرتبہ سے انکار کریگا۔ تو خدا تعالیٰ کا مجرم قرار پائیگا۔ ایسا شخص تو دنیا دار ہوتا ہے +

فرق مابین مامور من اللہ و عابد زاہد

افسوس اگر ان نادانوں کو یہ علم ہوتا۔ کہ جو لوگ مامور من اللہ اور مخلوقات کی ہدایت کے لئے مبعوث ہوتے ہیں اُنکا لازمی فرض ہوتا ہے کہ وہ انبیا کی طرح اپنے دعویٰ کا اظہار کریں کیونکہ یہ لوگ انبیا یا انبیا کے ظل ہوتے ہیں۔ ان میں اور گوشہ نشین زاہدوں میں بڑا فرق ہوتا ہے۔ گوشہ نشین زاہد مکلف نہیں ہوتے اور نہ وہ مخلوقات خدا کے افعال کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ وہ تو اپنے نفس کے تزکیہ اور پاک کرنے میں مصروف ہوتے ہیں۔ اُن کو دنیا وَمَا فِیہَا سے کچھ سروکار نہیں ہوتا۔ ہاں اگر کوئی شخص خوش قسمتی سے اُن کی رفاقت یا مصاحبت یا ہمسائگت اختیار کرے تو وہ بشرط رکھنے فطرت قابلہ کے اپنے اعتقاد اور اخلاص کے مقدار کے بموجب اُن انوار سے بہرہ ور ہو سکتا ہے۔ جو اُس بزرگ پر نزول فرماتے ہیں اور یہ بات بعید از عقل نہیں معلوم ہوتی۔ کیونکہ ہم قانون قدرت میں دیکھتے ہیں کہ پتھر خواہ کتنا ہی سخت اور کھُردرا ہو جب پانی کے رستہ میں واقع ہوتا ہے۔ تو رفتہ رفتہ خوب صاف

اور ہموار ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی جب کوئی انسان کسی بزرگ کی صحبت اختیار کرتا ہے۔ تو اُس پر بھی اُس بزرگ کے انوارِ باطنی کا پرتو پڑ جاتا ہے لیکن وہ کسی صورت سے اُنکی اندرونی ناہمواریوں کو دور نہیں کر سکتا۔ کیونکہ وہ لوگ کسی کے عیب کے اظہار کو بھی معیوب سمجھتے ہیں چہ جائے کہ کارِ تبلیغ کو سرانجام دیں۔ وجہ یہ کہ وہ مامور نہیں ہوتے۔ اور جب وہ اپنا منصب ہی نہیں سمجھتے۔ تو وہ عیوب کو ظاہر کر کے کسی انسان کے دل کو کیونکر دُکھانا پسند کرتے ہیں۔ خواہ مشرک اُن کے پاس آئے یا کافر یا مجوس یا یہود یا نصاریٰ غرض کوئی ہو کسی مذہب کا ہو۔ اُنکو اُن کی خطاؤں سے کیا سروکار اور اُنکے گناہوں سے کیا کام۔ اسلئے سب لوگ اُن کے معتقد ہو جاتے ہیں۔ اور اُن کو بڑا بزرگ تسلیم کر کے اُن کے آگے ہاتھ باندھکر کھڑے ہوتے ہیں۔ یا اُن کے حضور میں بے زبان جانوروں کی طرح خاموش ہو کر دو زانوں بیٹھتے ہیں۔ اگر کسی سے وہ بزرگ مخاطب ہو گئے تو زہے قسمت ورنہ جیسے آئے ہیں۔ ویسے ہی اپنا مُنہ لیکر واپس چلے جاتے ہیں +

برخلاف اس کے جو مامور من اللہ ہوتا ہے۔ اُس کا بڑا اور اہم کام یہ ہوتا ہے۔ کہ وہ لوگوں کی غلطیوں کو نکالے۔ وہ علماء اور فقرا کی غلط کاریوں کی اصلاح کرے۔ اور جس قدر دنیا میں فتور برپا ہوتا ہے اُس کے رفع کرنے کی کوشش کرے۔ اِس لئے تمام مذاق کے انسان جو مدتوں غفلت کے پردوں میں پڑے ہوتے ہیں۔ یکلخت ایسے انسان کے پیدا ہو جانے سے بھڑک اُٹھتے ہیں اور اُن معائب کو جو اُن کے اندر مدت مدید سے جاگزیں ہوتے ہیں اُس کی زبان سے سُنکر جوش میں آجاتے ہیں اور مخالفت اور دشمنی پر کمربستہ ہو جاتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ انبیاء اور مرسلانِ بارگاہِ الٰہی یا اُنکے اظلال زمانہ کے لوگوں سے دُکھ اُٹھاتے رہے ہیں۔ برخلاف اس کے گوشہ گزین زاہدوں کا کوئی بھی دشمن نہیں ہوتا۔ خواہ وہ کسی کو گالی بھی دیدے یا مارے بلکہ گالیوں کا دینا اور دُکھانا بھی کسی مقصد براری کا ذریعہ سمجھ لیتے ہیں کہ فقیر صاحب کی خاص توجہ میری طرف ہو گئی ہے۔ بنا برین گوشہ گزیں زاہدوں اور مامورین میں بڑا فرق ہوتا ہے۔ ایسے زاہدوں کو ایک باعفت پردہ نشین عورت سے زیادہ رُتبہ نہیں دے سکتے۔ اور مامور من اللہ اُن کے مقابلہ میں ایک بہادر مردِ میدان ہوتا ہے کہ ڈنکے کی چوٹ برملا لوگوں کے عیوب اور روحانی امراض کو ظاہر کرتا ہے

اور وہ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت اور مخالفت کرنے والے کی مخالفت سے نہیں ڈرتا۔ ان کی پہچان کے لئے یہی امر ما بہ الامتیاز ہے +

اب ہم اس امر کے واضح کرنے کے لئے بطور مثال چند مجددوں کا حال بیان کر دیتے ہیں۔ جنہوں نے ہندوستان میں دعوئ تجدید کیا ہے اور بڑے زور سے کیا ہے +

یہ بات عامۃ الناس پر مخفی نہیں۔ کہ اس ملک ہندوستان میں چند ایسے نامی اشخاص ہوئے جن میں سے بعض نے خود بھی دعوئ تجدید کیا ہے اور بعض لوگوں کو حسن ظنی سے خود لوگوں نے مجدد تسلیم کیا ہے گو بذات خود انہوں نے اپنے منہ سے اظہار دعوئ نہیں کیا چنانچہ جن بزرگان نے دعوئ مجددیت علانیہ کیا ہے۔ وہ شیخ احمد سرہندی المعروف بامام ربانی مجدد الف ثانی اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی ہیں۔ گو سید محمد جونپوری اور سید احمد بریلوی اور بعض دیگر بزرگان نے بھی اظہار کیا ہے لیکن بخوف طوالت صرف دو کا ذکر دیتے ہیں۔ تاکہ ناظرین کو بصیرت ہو۔ اور ان لوگوں کو شرمندگی اور ندامت ہو جو کہا کرتے ہیں۔ کہ آجتک کسی نے اپنی زبان سے دعوئ نہیں کیا۔ اور ایسا دعوئ کرنا شان بزرگی کے منافی ہے +

حال امام ربانی حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ

سو واضح ہو کہ شیخ احمد سرہندی گیارھویں صدی میں ہوئے ہیں۔ ان کے مکتوبات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ دور دراز تک ان کی بزرگی کا شہرہ تھا۔ اور بڑے بڑے علماء و فضلاء ان کی مجددیت کے قائل تھے۔ چونکہ ہندوستان میں نور جہاں بیگم کی وجہ سے ہزارہا شیعہ لوگ امور ریاست میں دخیل ہو گئے تھے اور سلطنت کے بڑے بڑے عہدے ان کے قبضے میں تھے۔ اسلئے اہل سنت والجماعت پر بہت برا اثر پڑنے لگا تھا اور یہانتک نوبت پہنچ گئی تھی کہ وہ مذہب جو شرک کے مٹانے کے لئے دنیا میں آیا تھا اب خود اسی میں شرک اس زور و شور سے بسیرا لا چکا تھا۔ اب ہندوستان کا کوئی شہر کوئی قصبہ نہیں جو اس کے اثر سے بچ رہا ہو۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ جو لوگ دنیا سے شرک اور فضولیات اٹھانے کے لئے آئے تھے۔ اب ہندوؤں کے رشیوں کی طرح خود

پوجے جانے لگے ہیں۔ اور یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ امام پاک حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جن کو اب معبود بنا لیا گیا ہے۔ ایک ناپاک اور پلید طبع شخص کے فسق و فجور کی وجہ سے اُس کے مُلک میں رہنا پسند نہیں فرمایا۔ بلکہ اپنی جانِ عزیز اور کل اعزا و اقربا کو دین کی خاطر قربان کر دیا۔ مگر وہ فسق و فجور کے دیکھنے کے روادار نہ ہو سکے۔ تو پھر وہ اسقدر فضولیات کو کب پسند کر سکتے ہیں۔ جو شرک کی حد تک پہنچ گئی ہیں اور فسق و فجور یہانتک ترقی کر گیا ہے کہ اس زمانہ کا ایک ایک شخص زمانۂ حسین علیہ السلام کے دس دس کیا بلکہ سو سو یزید کے برابر ہے۔ اُس وقت ایک یزید تھا اب لاکھوں یزید موجود ہیں جو بدکاری اور فسانیت میں زمانۂ حسین کے یزید سے بدرجہا بڑھے ہوئے ہیں۔ الغرض جسقدر تعزیہ داری اور سال بسال عزا و ماتم دیکھتے ہو۔ یہ اُسی زمانہ کا اثر ہے۔ جبکہ ایک رافضیہ عورت کا اموراتِ سلطنت میں دخلِ عظیم ہو گیا تھا۔ حتیٰ کہ اب سُنی لوگ بھی اُس کو بڑی خوشی سے ادا کرتے ہیں۔ گویا اُن کو وحی آسمانی آچکی ہے۔ اور اب اُس کا ترک کرنا موت سے بھی بڑھکر سمجھتے ہیں* ایسے وقت میں مجدد صاحب دنیا میں کھڑے ہوئے۔ اور جہانتک اُن سے بن پڑا اس اثر کے مٹانے کی کوشش کرتے رہے۔ مگر ہائے افسوس کہ اُس وقت کے علما حسب دستور قدیمہ اُن کو بھی کافر قرار دیکر اُن کی کارروائی میں حارج ہو گئے۔ اور وہ جس غرض کے لئے مامور ہوئے تھے۔ اُنہوں نے اُس میں ایک بھاری روک ڈال دی۔ اور یہی وجہ معلوم ہوتی ہے۔ کہ دربارِ جہانگیر بادشاہ میں ان کی ریش مبارک کھینچی گئی تھی۔ اور ان کو ایک عرصہ تک گوالیار کے قلعہ میں محبوس رکھا گیا۔ گو وہ کچھ عرصہ کے بعد رہا ہو گئے تھے لیکن رفض کا اثر جو لوگوں کے گھروں میں پڑ چکا تھا۔ اُس کا پورا قلع قمع نہ کر سکے اور اس رفض کا یہانتک اثر ہوا ہے۔ کہ تعزیوں کا تو ذکر ہی جانے دو۔ کوئی گھر خالی نہیں ہے۔ جس میں مردوں اور عورتوں کے وہ نام رکھے نہ گئے ہوں۔ جو بالخصوص شیعہ رکھا کرتے ہیں۔ خاصکر ہندوستان کے اُن اضلاع میں جہاں شیعہ حکام کا دور دورہ تھا +

القصہ حضرت شیخ احمد صاحب علیہ الرحمۃ نے گیارھویں صدی میں اس زور

* حالانکہ فضلائے اہل تشیعہ بھی تعزیہ داری کو اپنے مذہب کے رو سے حرام سمجھتے ہیں +

شور سے دعویٰ کیا۔ کہ میں وہ مجدد ہوں کہ میرے ساتھ کا مجدد دین سابقہ میں سے بھی میرا کوئی نظیر نہیں ہوا ہے۔ ہم بجنسہٖ انکا کلام نقل کر دیتے ہیں وھو ھذا +

اگر گوید کہ فہم کند و کہ دریابد ایں معارف از حیطۂ ولایت ارباب ولایت در رنگِ علماءِ ظواہر دراکِ آن عاجز اند و در درکِ آن قاصر ایں علوم مقتبس از مشکوٰۃ انوارِ نبوت اند علی آلِہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کہ بعد از تجدیدِ الفِ ثانی بہ نسبت دوراثتِ تازہ گشتہ اند و بطراوتِ ظہور یافتہ صاحبِ ایں علوم و معارف مجددِ ایں الف است کما لا یخفیٰ علی الناظرین فی علومہٖ و معارفہ الّتی تتعلّق بالذّات والصّفات والافعال و تتلبّس بالاحوال والمواجید والتجلیات والظہورات فیعلمون ان ھٰؤلاء المعارف لبّ ذٰلک القشر واللہ سبحانہ الھادی۔ و بداند بر سرِ ہر مائۃ مجددے گذشتہ است اما مجددِ مائۃ دیگر است و مجددِ الف دیگر چنانچہ درمیانِ مائۃ والف فرق است در مجددین اینہا نیز ہماں قدر فرق است بلکہ زیادہ از ان و مجدد آن ست کہ ہر چند دراں مدت از فیوض باستان برسد بتوسط او برسد اگرچہ اقطاب و اوتاد آن وقت بوند و بدلا و نجبا باشند ہو کر دوسرے ہزار کی تجدید کے لئے تر و تازہ ہو گئے ہیں۔ جس شخص کو یہ علوم اور معارف ملے ہیں۔ وہی اس صدی کا مجدد ہے۔ چنانچہ یہ بات اُن لوگوں پر مخفی نہیں جنہوں نے اُس کے علوم پر نظر کی ہے۔ اور اُن معارف کو ملاحظہ کیا ہے۔ جو اس شخص کی ذات اور صفات اور افعال کے متعلق ہیں۔ اور نیز اس کے حالات اور مواجید اور تجلیات اور ظہورات کو دیکھا ہے اور یہ بات بھی یاد رکھنے کے لائق ہے۔ کہ یہ تمام معارف اُس پوست کا ایک ذرہ ہیں جو اس شخص کو دئے گئے ہیں۔ یعنے جو کچھ اب تک لوگوں نے دیکھا ہے۔ یہ بہت قلیل ہے۔ اُسکی شان اس سے بڑھکر ہے۔ اور یہ خاص اُسی پاک ذات کا فضل ہے جس نے لوگوں کی ہدایت کے لئے

اگر کوئی کہے کہ ان معارف کو جو ولیوں کی ولایت کے محل سے چہرہ نمائی کرتے ہیں کون سمجھ سکتا یا کون اُن کی کُنہہ کو پا سکتا ہے سو یاد رہے کہ الفاظ پوست علماء ان معارف کے درک سے عاجز ہیں۔ اور اُن کی حقیقت کے پانے سے قاصر ہیں۔ یہ علوم کبھی حاصل نہیں ہوتے بلکہ نبوت کے لائیٹ ہاؤس یعنی (روشنی گھر) سے حاصل ہوتے ہیں۔ جو انبیاء کی کامل پیروی کرنے کے بعد بطور وراثت عطا

ایک ہادی بھیجا ہے۔ لہذا فی الحقیقت وہی ذات ہادی ہی کہلانے کے لایق ہے۔ اور معلوم رہے کہ ہر صدی کے سر پر ایک مجدد ہوتا رہا ہے لیکن صدی کا مجدد اور چیز ہے۔ اور الف کا اور۔ یعنی جس طرح سو اور ہزار میں فرق ہے اسی طرح اُن کے مجددوں میں فرق ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ اور مجدد وہ شخص ہوتا ہے۔ کہ اُس زمانہ میں جس قدر فیض اُمتوں کو پہنچتا ہے۔ وہ صرف اُسی مجدد کے توسط اور وسیلہ سے پہنچتا ہے۔ خواہ اُس زمانہ کے قطب اور اوتاد اور ابدال اور نجبا بھی موجود ہوں دیکھو مکتوبات امام ربانی جلد ۲ مکتوبات چہارم صفحہ ۱۳ و ۱۴ +

امام ربانی مجدد الف ثانی کی کلام سے واضح ہے۔ کہ اُنہوں نے اپنے آپ کو مجدد الف ثانی قرار دیا ہے۔ اور صرف مجدد ہی نہیں بلکہ فخر کیا ہے۔ کہ میرا مرتبہ دوسرے تمام مجددوں سے بڑھکر ہے۔ اور فرمایا ہے کہ جسقدر سو اور ہزار میں فرق ہے اس سے بھی بڑھکر میرا درجہ ہے۔ لیکن اگر بنظر غور دیکھا جائے۔ تو ثابت ہوتا ہے۔ کہ جس قدر دعویٰ کیا گیا ہے۔ اُتنی کوئی خدمت دینی ثابت نہیں ہوتی۔ گو یہ بات قرین قیاس ہے۔ کہ جس قدر زمانہ رسالت مآب سے بُعد اور دُوری ہوتی گئی۔ اُسی قدر دین میں فتور آتا گیا۔ اور جس قدر فتور زیادہ ہوا۔ اُسی پایہ کا مجدد بھی ہوا۔ لیکن اگر اس چودھویں صدی کے مفاسد کا گیارھویں صدی کے مفاسد سے مقابلہ کیا جائے تو زمین و آسمان کا فرق معلوم ہوگا۔ ہم چودھویں صدی کے مفاسد کا ذکر آگے چل کر کرینگے۔ جس کے سننے سے ایک شیر دل آدمی کے رونگٹے کھڑے ہوجائینگے اور کلیجہ مُنہہ کو آئیگا +

بہرحال جب گیارھویں صدی کے مجدد کا وہ مرتبہ ہے۔ جو اُنہوں نے اپنی مکتوبات میں ظاہر فرمایا ہے۔ تو پھر چودھویں صدی کے مجدد کا مرتبہ کیا ہی عظیم الشان ہوگا۔ جن کے کارنامے بمقابلہ مجدد الف ثانی ہزار بلکہ لاکھ درجہ بڑھے ہوئے ہیں۔ جن کی تفصیل اپنے موقع پر آئیگی +

حال حضرت شاہ ولی اللہ صاحب مجدد صدی دوازدہم

یہ حال تو شیخ احمد سرہندی کا ہوا اور اب ہم شاہ ولی اللہ صاحب کا کچھ مختصر سا حال

قلمبند کرتے ہیں۔ جو بارھویں صدی کے مجدّد ہیں۔ ان کے زمانہ میں ایمانی اور عملی کمزوری کا دریا بہ رہا تھا۔ اور لوگ صراط مستقیم سے بہت دُور ہو گئے تھے۔ اور فرائض اور نوافل سے پرلے درجہ کی غفلت طاری تھی۔ اور لوگوں نے نئے نئے طریق ایجاد کر لئے تھے ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ نے حضرت شاہ ولی اللہ کو بارھویں صدی کا مجدّد مقرر فرما کر لوگوں کی ہدایت کے لئے کھڑا کر دیا۔ جس کا اظہار وہ خود اپنی کتاب تفہیمات الٰہیہ میں بدیں الفاظ فرماتے ہیں:۔

قَدْ مَنَّ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ عَلَيَّ وَعَلٰى
اَهْلِ زَمَانِيْ بِاَنْ مَنَحَنِيْ طَرِيْقًا مِنَ
السُّلُوْكِ هِيَ اَقْرَبُ الطُّرُقِ وَهِيَ
مُرَكَّبَةٌ مِنْ خَمْسِ اَقْرُبَاتٍ اَعْنِي
الْاِيْمَانَ الْحَقِيْقِيَّ وَقُرْبَ النَّوَافِلِ وَقُرْبَ
الْوُجُوْبِ وَقُرْبَ الْفَرَائِضِ وَقُرْبَ الْمَلَكُوْتِ
وَجَعَلَ هٰذِهِ الطَّرِيْقَةَ غَايَةَ مَنْ
اَرَادَهَا اَتَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَهَمَّنِيْ رَبِّيْ
جَلَّ جَلَالُهٗ اِنَّا جَعَلْنَاكَ اِمَامَ هٰذِهِ
الطَّرِيْقَةِ وَاَوْصَلْنَاكَ ذُرْوَةَ سَنَامِهَا
وَسَدَدْنَا طُرُقَ الْوُصُوْلِ اِلٰى حَقِيْقَةِ
الْقُرْبِ كُلَّهَا الْيَوْمَ غَيْرَ طَرِيْقَةٍ
وَاحِدَةٍ وَهُوَ مَحَبَّتُكَ وَالْاِنْقِيَادُ
لَكَ فَالسَّمَاءُ لَيْسَ عَلٰى مَنْ عَادَاكَ
بِسَمَاءٍ وَلَيْسَتِ الْاَرْضُ عَلَيْهِ بِاَرْضٍ
فَاَهْلُ الْمَغْرِبِ وَاَهْلُ الْمَشْرِقِ
كُلُّهُمْ رَعِيَّتُكَ وَاَنْتَ سُلْطَانُهُمْ
عَلِمُوْا اَوْ لَمْ يَعْلَمُوْا اِنْ عَلِمُوْا فَازُوْا

اللہ تعالیٰ نے مجھ پر اور میرے زمانہ کے لوگوں پر یہ احسان کیا کہ اُس نے مجھے ایک ایسا طریقہ سلوک عطا کیا ہے۔ کہ جو سب طریقوں سے قریب تر ہے۔ اور اس میں پانچ قسم کے قرب کے ذریعہ ہیں یعنی ایک تو ایمان حقیقی کا قرب ہے دوسرا قرب نوافل تیسرا قرب وجوب چوتھا قرب فرائض اور پانچواں قرب ملکوت اور اس کو ایسا عمدہ غایت بنایا ہے۔ کہ جو کوئی اُس کا ارادہ کریگا۔ وہ مُراد کو پہنچیگا۔ اور میرے رب نے مجھے مطلع فرمایا ہے۔ کہ ہم نے تجھے اس طریقہ کا امام مقرر کیا۔ اور اس کی اعلیٰ بلندی تک پہنچایا۔ اور ہم نے آج کے روز سے باقی سب طریقوں کو حقیقت قرب تک پہنچنے سے مسدود کر دیا۔ بجز اس طریقہ کے جو تجھے دیا گیا۔ اور وہ ایک ہی طریقہ ہے جو کھلا رکھا گیا ہے۔ لوگوں کو چاہیئے کہ تجھ سے محبت کریں اور تیری فرمانبرداری کو ذریعہ نجات سمجھیں۔ اور اب آسمانی برکات اس شخص

وَاِنْ جَهِلُوْا خَابُوْا + | پر نہیں ہونگی جو تیرے ساتھ عداوت اور بغض رکھیگا۔ اور نہ ارضی برکات کا مورد ہوگا۔ اور مشرق اور مغرب کے لوگ تیری رعیت کر دئے گئے ہیں۔ اور تو اُن کا بادشاہ مقرر کیا گیا ہے۔ خواہ وہ لوگ تمہاری اس حقیقت سے واقف ہوں یا نہ ہوں۔ اگر واقف ہونگے۔ تو فائز المرام ہونگے۔ اور اگر بے خبر رہینگے تو خسارہ اور ٹوٹا پائینگے +

اس تمام عبارت سے عیاں ہے۔ کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے اپنا امام ہونا بلند آواز سے ظاہر کیا ہے اور جتلا دیا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنکو آسمان اور زمین کا بادشاہ کر دیا تھا۔ اور اپنی رضا اُنکی رضا کے ساتھ وابستہ کر دی تھی۔ اور تمام مشرق مغرب کی مخلوقات کو اُنکی رعیت بنا کر اُن کو سلطان مقرر کر دیا تھا اور جس قدر قرب الی اللہ کے طریقہ دُنیا میں لوگوں نے تجویز کر رکھے تھے اُن سب کو مردود قرار دیکر صرف وہی طریق جس پر شاہ ولی اللہ صاحب کو چلایا۔ قایم رکھا گیا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ مجددین کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک کیسی بڑی شان اور عظمت ہوتی ہے +

عبارت مندرجہ بالا میں صرف امام ہونے کا ادعا کیا گیا ہے۔ ابھی تک صراحت مجددیت نہیں پائی جاتی۔ لہذا ہم ایک اور مقام پیش کرتے ہیں۔ جس سے اُنکا مجدد ہونا صریح الفاظ میں یا یا ثبوت کو پہنچتا ہے وھُوَھٰذا +

لَمَّا قَدْ اَلْبَسَنِیَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ خِلْعَۃَ الْمُجَدِّدِیَّۃِ حِیْنَ انْتَھَتْ لِیْ دَوْرَۃُ الْحِکْمَۃِ ثُمَّ لَمَّا اُلْبِسْتُ خِلْعَۃَ الْحَقَّانِیَّۃِ وَسُلِبَ عَنِّیْ کُلُّ عِلْمٍ نَظَرِیٍّ وَفِکْرِیٍّ بَقِیْتُ مُتَحَیِّرًا کَیْفَ یَتَاَتّٰی لِیَ الْمُجَدِّدِیَّۃُ ثُمَّ اَوْضَحَ رَبِّیْ جَلَّ جَلَالُہٗ طَرِیْقًا خَاصًّا یَجْمَعُ بِھَا بَیْنَ الْحَقَّانِیَّۃِ وَالْمُجَدِّدِیَّۃِ بِلَا نَظَرِیٍّ وَفِکْرِیٍّ وَاَنِّیْ اِلَی الْاٰنَ لَمْ اُمْنَحْ بِتَفْصِیْلِ الْمُجَدِّدِیَّۃِ وَمُنِحْتُ | یعنی جب دورہ حکمت کا انتہا تک پہنچ چکا تو اللہ تعالیٰ نے خلعت مجددیت سے سرفراز فرمایا اور جب حقانیت کا خلعت مجھے پہنایا گیا اور ہر نظری و فکری علم مجھ سے زائل کر دئے گئے۔ تو میں باوجہ حیرت میں سرگردان رہا۔ کہ میں کیونکر مجددیت کی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونگا۔ اتنے میں اللہ جل جلالہٗ نے میرے لئے ایک طریقہ ایسا واضح کیا۔ کہ جس سے مجددیت و حقانیت کو باہم پیوست کر دیا گیا۔ جس میں

اِجْمَالَهَا وَعُلِّمْتُ عِلْمَ الْجَمْعِ بَيْنَ الْمُخْتَلِفَاتِ وَعُلِّمْتُ اَنَّ الرَّاْیَ فِی الشَّرِیْعَةِ تَحْرِیْفٌ وَفِی الْقَضَاءِ مَکْرُمَةٌ	نہ علم نظری کی ضرورت رہی اور نہ علم فکری کی حاجت اور اُس وقت تک مجھے مجددیت کی تفصیل سے آگاہ نہیں کیا گیا تھا۔ پھر اُس نے اپنے فضل سے اسکا اجمال مجھ پر کھول دیا اور مجھے یہ علم عطا کیا گیا۔ کہ جس کے رو سے میں مسائل مختلفہ کو باہم تطبیق دیکوں اور باہم جوڑ سکوں۔ اور مجھے اس بات کی بھی تعلیم دی گئی۔ کہ خبردار شریعت میں اپنی رائے کو دخل دینا تحریف ہے اور تصفیہ مقدمات میں رائے دینا کرامت اور بزرگی میں داخل ہے۔ پس اس تمام عبارت سے ظاہر ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے شاہ ولی اللہ صاحب کو مجدد کر کے اپنے پاس سے علم لدنی عطا کیا۔ اور احسن طریق سے اختلافاتِ امت کے مٹانے کا حکم نافذ فرمایا +

اِن تمام واقعاتِ ماسبق سے روشن ہے۔ کہ بعد زمانۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر صدی کے سرے پر ایک ایک یا دو دو یا تین تین یا زاید مجدد ہوتے رہے۔ اور مجدد ہونے کے دعویٰ بھی کرتے رہے ہیں۔ اِس لئے ضروری تسلیم کرنا پڑیگا۔ کہ چودھویں صدی میں بھی ایک یا ایک سے زیادہ مجدد ہونا ضروری ہیں۔ رہا اس امر کا یقین کہ اس چودھویں صدی میں کون مجدد ہے۔ سو یہ تو روز روشن کی طرح ظاہر و باہر ہے۔ کہ ایک ہی شخص نے دعویٰ کیا۔ اور مجدد ہونے کا کامل ثبوت بھی دیا جس کی آگے چل کر ہم تفصیل دینگے۔ بالفعل یہاں پر اتنا لکھدینا کافی سمجھتے ہیں۔ کہ وہ بزرگ جس نے صدی چہار دہم کے سر پر مجدد ہونے کا دعویٰ کیا وہ سلطان قلم بادشاہِ علم وحلم قامع آثارِ شرک وبدعت رافع اعلامِ توحید وسنت نیّرِ برجِ ولایت گوہر درجِ ہدایت شیرِ میدانِ تسلیم ورضا نہنگِ دریائے قدر وقضا۔ غوّاصِ بحرِ معانی سباحِ فلکِ نکتہ دانی تاجِ اولیا پیشوائے اتقیا۔ مقتدائے صالحین۔ مہندائے عارفین سلالۂ دودمان سلمان خلاصۂ خاندانِ ایران۔ امام آوان ہادیٔ اقران۔ مہدیٔ زمان۔ عیسیٰ دوران برگزیدۂ بارگاہِ صمد حضرت مرزا غلام احمد علیہ الرحمۃ والرضوان رئیس قصبہ قادیاں ہیں۔ جو حجت کی ننگی تلوار لیکر شیر کی طرح بے دھڑک میدان میں کھڑے ہیں۔ اور دشمنانِ دین کو ایسا پائمال اور گھائل کر دیا ہے کہ صرف اُن کو تابِ مقابلہ ہی نہیں رہی بلکہ ایسے ہراسان وخوف زدہ ہوئے کہ سب کے سب لومڑی کی طرح دُم دبا کر اپنی اپنی بلوں میں گھس گئے ہیں غرض آن ذات

بابرکات نے مجددیت کا تو ثبوت ہر پہلو سے دیدیا ہے کہ کوئی گنجایش اعتراض نہیں رہی اور ہم اس کی تفصیل ایک الگ باب میں کرینگے +

اس میں شک نہیں کہ مولینا مولوی عبدالحی صاحب مرحوم لکھنوی اور نواب صدیق حسن خان صاحب مرحوم بھوپالوی علم دین میں شہرۂ آفاق تھے۔ اور نہایت قابل قدر بزرگ تھے۔ اور امید رکھتے تھے۔ کہ غالباً چودھویں صدی کے سر پر وہ مجدد ہونگے۔ کیونکہ اُن کو یقین تھا۔ کہ اس زمانہ میں کوئی ایسا بزرگ صاحب علم اُن کے سوا نظر نہیں آتا۔ اور کم از کم ایک شخص کا سر صدی پر مجدد ہونا ضروری ہے لیکن چونکہ قضا و قدر میں اُن کا نام مجددین میں نہ تھا اور چونکہ اُن کی خدمات دینی بھی ایسی نہ تھیں کہ خدا کو منظور نہ ہوا کہ وہ بھی مثل دیگر علماء ابتلا میں گرفتار ہوں اُن کو اُٹھالیا اور چونکہ اُس علیم و خبیر خدا کے علم میں اُن کا پیمانۂ عمر لبریز ہو چکا تھا۔ اور اُن کا ستارہ تیرھویں صدی کے انتہائے افق پر نظر آتا تھا۔ اِس لئے اُن کو زیادہ مہلت نہ دی اور وہ اپنی ساری اُمنگیں دل ہی دل میں لے گئے۔ اور چونکہ اللہ تعالیٰ کے دین کی خدمت اُن سے بہت کچھ ہو چکی تھی۔ اِس لئے اُس شکور خدا نے اُن کو آنیوالی صدی کے ابتلا سے بچانے کے لئے پہلے ہی سے اُٹھالیا اور ازل سے مقرر کردہ مجدد کے لئے میدان خالی کر دیا +

رہا اُن کا مہدی ہونا۔ سو یہ بات اظہر من الشمس ہے۔ کہ مجدد ہونے کے ساتھ مہدی ہونا لازم ملزوم امر ہے۔ کیونکہ مجدد کو خاص اللہ تعالیٰ سے علم لدنی دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ ابھی ہم نے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کے تذکرہ میں ظاہر کیا ہے۔ پس مہدی بجز اس کے اور کیا ہے۔ کہ خود اللہ تعالیٰ سے ہدایت یافتہ ہو۔ اور آگے خلق اللہ کو ہدایت کرے۔ سو دونوں باتیں حضرت مرزا صاحب موصوف میں پائی جاتی ہیں۔ اُس کی تفصیل بھی آئندہ چل کر بیان کیجائیگی +

نصیحت

بکوشید اے جواناں تا بدیں قوت شود پیدا	بہار و رونق اندر روضۂ ملت شود پیدا
اگر یاراں کنوں بر غربتِ اسلام رحم آرید	با اصحاب نبی نزدِ خدا نسبت شود پیدا
در انصارِ نبی ہنگر کہ چوں شد کار تا دانی	کہ از تائید دیں سر چشمۂ دولت شود پیدا

بجو از جان و دل تا خدمتے از دستِ تو آید
بقائے جاوداں یابی گر این شربت شود پیدا

بہ مفت این اجرِ نصرت را دہندت ای اخی ورنہ
قضائے آسمان ست این بہر حالت شود پیدا

ہمے بینم کہ دادارِ قدیر و پاک میخواہد ؎
کہ باز آں قوتِ اسلام و آں شوکت شود پیدا

درینغ و درد قومِ من ندائے من نمے شنود
ز ہر در مے دہم پندش مگر عبرت شود پیدا

عجب دارید اے ناآشنایاں غافلاں ازدیں
کہ از حق چشمۂ حیواں درین ظلمت شود پیدا

چرا انسان تعجب ہا کند در فکرِ ایں معنے
کہ خوابِ آلودگاں را رافعِ غفلت شود پیدا

فراموشت شدا اے قوم احادیثِ نبی اللہ
کہ نزدِ ہر صدی یک مصلحِ امت شود پیدا

چھٹا باب

مُحدَّث کے باب میں

گذشتہ باب میں مجدّد کا ذکر آپ لوگ سُن چکے ہیں۔ اِس باب میں ضروری سمجھا گیا ہے کہ محدّث کی نسبت بھی کسی قدر ذکر کیا جاوے۔ کہ اس سے کیا مراد ہے۔ اور وہ کون لوگ ہوتے ہیں کہ جن سے خدا تعالیٰ باتیں کرتا ہے۔ کیونکہ بہت سے لوگ اس زمانہ میں ایسے بھی ہیں۔ جو کہتے ہیں کہ خدا کسی سے ہم کلام نہیں ہوتا۔ ایسے کہنے والے محض اپنی نادانی کا ثبوت دیتے ہیں۔ کیا وہ خدا جو ہمیشہ سے اپنے پاک اور برگزیدہ۔ بندوں سے کلام کرتا چلا آیا ہے۔ وہ اب کیونکر کلام کرنے سے عاری ہو گیا۔ کیا اُس کے کلام کرنے کی کوئی حد بست تھی کہ فلاں تاریخ تک تو کلام کریگا۔ اُس کے بعد وہ کلام نہیں کر سکیگا یا اُس کو کلام کرنے کا حق ہی نہیں رہیگا۔ کسی کے پاس کوئی ثبوت ہے تو پیش کرے ورنہ اِن ڈھکوسلوں سے کیا ہو سکتا۔ وہ قادرِ مطلق خدا ہمیشہ سے کلام کرتا آیا ہے اور ہمیشہ کلام کرتا رہیگا اور وہ اب بھی ضرور کلام کرتا ہے۔ مگر اُنہیں سے جنکو وہ برگزیدہ کر لیتا ہے۔ پیشتر اس کے کہ ہم اس کے معنے بتائیں۔ اِس بات کا بیان کر دینا ضروری سمجھتے ہیں۔ کہ ایک لفظ مُحدَّث بکسرِ دال ہوتا ہے

اور دوسرا بفتح دال۔ اوّل الذکر کے معنے وہی مشہور متعارف ہیں۔ جو زبان زد خلائق ہیں یعنی وہ اشخاص جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثوں کو یاد کرتے یا لوگوں کو باسناد پہنچاتے ہیں۔ لیکن موخر الذکر یعنی مُحَدَّث بفتح دال کے معنی خدا تعالیٰ سے ہم کلام ہونے اور درگاہ رب العزت میں باریاب ہونے والے کے ہیں۔ ان میں اور انبیاء میں بہت تھوڑا فرق ہوتا ہے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ انبیاء سے ہمکلام ہوتا اور غیب کی خبروں سے ممتاز فرماتا ہے اسی طرح محدثوں سے بھی کلام کرتا اور اسرارِ نہانی سے آگاہ فرماتا ہے۔ چنانچہ خواجہ محمد پارسا اپنی کتاب فصل الخطاب میں ابن وہب کا قول نقل کرتے ہیں +

قَالَ اِبْنُ وَهْبٍ تَفْسِيْرُ مُحَدَّثُوْنَ مُلْهَمُوْنَ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ وَالْمُسْلِمُ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ	یعنی ابن وہب مُحَدَّثُوْن کے معنی مُلْهَمُوْن کرتے ہیں یعنی وہ لوگ جن کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوتے ہوں امام بخاری

اور امام مسلم نے اس کو بیان کیا ہے۔ دیکھو فصل الخطاب صفحہ ۵۲ +

شارح عمدۃ القاری زیر لفظ مُحَدَّثُوْن لکھتا ہے۔ اَلْمُرَادُ بِالْمُحَدَّثِ يُكَلِّمُوْنَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنَ اَنْبِيَاءُ۔ یعنی مراد محدثوں سے یہ ہے۔ کہ خدا تعالیٰ ان سے کلام کرتا ہے مگر وہ نبی نہیں ہوتے دیکھو عینی شرح صحیح بخاری جلد ۷ صفحہ ۶۱۴ +

اور شیخ الاسلام امام ابن حجر عسقلانی امام قرطبی کا قول نقل کرتے ہیں +

وَقَالَ الْقُرْطُبِيُّ اَلْمُسْلِمُ الصَّادِقُ الصَّالِحُ هُوَ الَّذِيْ يُنَاسِبُ حَالُهٗ حَالَ الْاَنْبِيَاءِ فَاُكْرِمَ بِنَوْعٍ مِمَّا اُكْرِمَ بِهِ الْاَنْبِيَاءُ وَهُوَ الْاِطِّلَاعُ عَلَى الْغَيْبِ	یعنی قرطبی کہتا ہے۔ کہ راستباز اور صالح مسلم وہ ہوتا ہے جس کے حال کی مناسبت انبیاء کے حال سے ہو۔ اور ایک نوع میں اسی طرح ممتاز ہو جس طرح انبیاء ممتاز ہوتے ہیں اور وہ چیز جو ممتاز ہونے کی علامت ہو سکتی ہے۔ وہ غیب پر مطلع ہونا ہے۔ دیکھو فتح الباری جلد ۱۲ صفحہ ۳۱۹ +

محدّث کا لفظ قرآن کریم میں بطور قرارت شاذہ کے آیا ہے۔ چنانچہ بخاری اور فتح الباری میں یوں مذکور ہے +

اَخْرَجَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ حَدِيْثِ	یعنی عبد بن حمید نے عمرو بن دینار کی حدیث

عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَءُ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَلَا نَبِيٍّ وَلَا مُحَدَّثٍ اَلْاٰيَةَ

سے یہ بات نکالی ہے کہ ابن عباس جب قرآن کریم میں اس آیت پر پہنچتے تو یوں پڑھا کرتے۔ جیسے روایت میں درج ہے۔ دیکھو عمدۃ القاری جلد ۱۷ صفحہ ۶۱

حضرت مولوی محمد اسمٰعیل شہید مجدد اپنی کتاب منصب امامت میں فرماتے ہیں +

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَلَا نَبِيٍّ اِلَّا اِذَا تَمَنّٰى اَلْقَى الشَّيْطَانُ فِيْ اُمْنِيَّتِهٖ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ۔ وَقِرَاءَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ اِبْنِ كَثِيْرٍ سَطُوْرَهٗ بِاَيْنِ طَرِيْقٍ مَرْدُوْيَتْ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَلَا نَبِيٍّ وَلَا مُحَدَّثٍ اِلَّا اِذَا تَمَنّٰى اَلْقَى الشَّيْطَانُ فِيْ اُمْنِيَّتِهٖ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ۔ پس بریں تقدیر معنے عصمت کہ مفاد ایں کریمہ است چنانکہ برسل و انبیا ثابت شدہ ہمچنیں بمحدثین ہم ثابت گردید ہر چند قراءۃ ابن عباس از قراءۃ متواترہ است و اما قراءۃ غیر متواترہ در اثبات حکم بمنزلہ خبر مشہور ست۔ پس امتیاز متواتر از غیر متواتر در تلاوت ست نہ در اثبات حکم +

وہ جو اللہ تعالیٰ نے آیت وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَلَا نَبِيٍّ اَلْاٰيَةَ میں فرمایا ہے۔ ابن عباس کی قرأت متعلق آیہ کریمہ مذکورہ میں یوں آیا ہے وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَلَا نَبِيٍّ وَلَا مُحَدَّثٍ اَلْاٰيَةَ پس اس طرح عصمت کا مطلب جو آیت کریمہ کا منشا اصلی ہے جس طرح رسولوں اور نبیوں پر صادق و ثابت ہے اسی طرح محدثین پر بھی ثابت ہو گیا اگرچہ قرأت ابن عباس قرأت متواترہ میں سے ہے لیکن قرأت غیر متواترہ حکم کے اثبات میں بمنزل حدیث مشہور ہے۔ پس متواتر اور غیر متواتر کا فرق تلاوت میں ہے نہ اثبات حکم میں دیکھو منصب امامت صفحہ ۲۴ +

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی تفہیمات الٰہیہ میں فرماتے ہیں:۔

اَلْمُحَدَّثُ لَا سِيَّمَا اِذَا كَانَ مُحَدَّثًا لَيْسَ عَلَيْهِ اَنْ يَّتَّبِعَ الشَّرَائِعَ الْاِجْتِهَادِيَّةَ فَقَدْ اَغْنَى الْاَصْبَاحَ عَنِ الْمِصْبَاحِ وَاِنَّمَا قَدُوْمَتُهٗ

مُحَدَّثُ کا وہ مرتبہ ہے کہ جب مُحَدَّثُ ظہور پاتا ہے تو بر ضرور اُس کی علامات میں سے ایک علامت یہ ہے کہ وہ اجتہادی شریعتوں کا پابند نہیں ہوتا جس طرح سورج کے ہوتے

بِالْوَحْيِ وَعُلُوْمُ الرُّسُلِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ +

چراغ کی ضرورت نہیں رہتی ایسا ہی محدث کا حال ہے کہ وہ مجتہدوں کے اجتہادات کا پابند نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ جب وہ آتا ہے تو اس کے ساتھ وحی اور رسولوں کے علوم ہوتے ہیں سو ان سب پر خدا کی رحمتیں نازل ہوں دیکھو تفہیمات الٰہیہ صفحہ ۱۳۶

اس سے ظاہر ہے کہ محدث کا کس قدر مرتبہ ہے۔ کہ وہ کسی مجتہد کے اجتہاد کا محتاج نہیں ہوتا۔ وہ براہ راست اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہوتا ہے +

خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ گذشتہ زمانوں میں محدث ہوتے رہے ہیں۔ چنانچہ حدیث ذیل سے اس کی تصدیق ہوتی ہے +

قَدْ كَانَ يَكُوْنُ فِي الْاُمَمِ قَبْلَكُمْ مُحَدَّثُوْنَ فَاِنْ يَكُنْ فِيْ اُمَّتِيْ مِنْهُمْ اَحَدٌ فَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مِنْهُمْ رَوَاهُ الْمُسْلِمُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَاَبُوْ يَعْلٰى عَنْ عَائِشَةَ +

مسلم اور ترمذی اور نسائی اور ابو یعلی ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ کہ تم سے پہلی امتوں میں محدث ہوتے رہے ہیں اور ضرور ضرور میری امت میں بھی ہونگے جن میں سے ایک عمر بن خطاب ہیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴

اس حدیث سے عیاں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے کہ جس طرح پہلی امتوں میں محدث ہوتے رہے ہیں۔ اسی طرح اس امت میں بھی ہوتے رہینگے۔ جو لوگ کہ حرف اِنْ کے معنی شرط کے کرتے ہیں۔ وہ غلطی کرتے ہیں۔ کیونکہ حرف اِنْ کو شرط ہی کے معنوں تک محدود رکھنا سراسر نادانی ہے۔ اِنْ بمعنی قَدْ بھی آتا ہے اور قرآن کریم اس سے بھرا پڑا ہے دیکھو آیت اِنْ شَاءَ اللّٰهُ میں اِنْ بمعنی قَدْ ہے۔ یعنی ضرور ضرور اللہ نے یہی چاہا ہے اور آیت وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ میں اِنْ بمعنی قَدْ ہے اور یہاں اس حدیث میں کئی قرائن صارفہ موجود ہیں۔ اوّل اُمم سابقہ میں مُحَدَّثُوْنَ کا ہونا۔ دوم اُمم سابقہ کے ساتھ قَدْ کا حرف ہونا پھر مِنْهُمْ کی ضمیر کا جمع کے صیغے میں ہونا

اِس بات پر دال ہے۔ کہ اس امت میں بھی مُحَدَّثْ ضرور ہونگے۔ اور ان کے ثبوت کے لیئے بطور نمونہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پیش کیا گیا ہے۔ تفہیمات الٰہیہ میں ہے کہ

اَلْحَقُّ یَنْطِقُ عَلٰی لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِہٖ۔ | اللہ تعالیٰ حضرت عمر کی زبان اور دل سے باتیں کرتا ہے۔

وہ لوگ حق کا خون کرتے ہیں۔ جو کہتے ہیں کہ اب اس اُمّت میں محدّثوں کی ضرورت نہیں۔ کیوں ضرورت نہیں۔ کیا وہ خدا جو ہمیشہ سے بولتا آیا ہے۔ وہ اب گنگا ہو گیا ہے۔ یا بولنے کی طاقت اُس سے سلب ہو گئی ہے۔ یا مخلوقات کو خدا سے ہمکلام ہونے کی ضرورت نہیں رہی مَعَاذَ اللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ وہ پہلے بھی بولتا رہا ہے اور اب بھی اپنے صادق بندوں کے ساتھ بولتا ہے۔ کیا قرآن کریم میں یہ آیت بُشْرٰی لَکُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا نہیں پڑھتے۔ بُشْرٰی اور کیا چیز ہے۔ یہی الہام و رویا صالحہ ہی تو ہیں۔ جن کے ذریعہ سے غیب کی خبروں پر مطلع فرمایا جاتا ہے۔ چنانچہ فتح الباری جلد ۱۲ صفحہ ۳۳۲ پر لکھا ہے فَلَمَّا انْقَطَعَ الْوَحْیُ بِمَوْتِہٖ (یعنی موتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) وَقَعَ الْاِلْھَامُ لِمَنِ اخْتَصَّہُ اللّٰہُ بِہٖ جب رسولِ اکرم و فخرِ بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال پُرملال ہوا تو وحیِ شریعت منقطع ہو گئی۔ مگر اُن لوگوں کو جنہیں اللہ نے مخصوص کر لیا تھا۔ الہام ہونے لگے۔

اور طبرانی میں یوں ہے۔

وَلِلطَّبَرَانِیِّ مِنْ حَدِیْثِ حُذَیْفَۃَ بْنِ اُسَیْدٍ مَرْفُوْعًا ذَھَبَتِ النُّبُوَّۃُ وَبَقِیَتِ الْمُبَشِّرَاتُ

یعنی طبرانی حذیفہ بن اسید سے مرفوع حدیث بیان کرتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نبوت تشریع تو ختم ہو گئی مگر مبشرات باقی رہے دیکھو فتح الباری جلد ۱۲ صفحہ ۳۳۲۔

اس تمام بیان سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مخصوص لوگوں کو الہام ہوتے ہیں۔ اور جب ہم اولیاء اللہ کے حالات پر غور کرتے ہیں۔ تو اُن کے تذکرہ سے یہی ثبوت ملتا ہے۔ کہ اُن کے ساتھ اللہ تعالیٰ ہمکلام ہوتا رہا ہے۔ پس جب خدا کی کلام سے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیث سے شارحین حدیث اور صوفیہ کرام کے بیان

سے اولیاء اللہ کی سوانح عمری سے ہمکلامی کا وجود پایہ ثبوت کو پہنچتا ہے تو ایسے محقق امر کا انکار کرنا ایمان کے ضائع ہونیکا ڈر ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے۔ کہ جو فطرت قابل رکھتا ہو۔ اور خدا کے لیے سب دنیاوی محبتوں کی زنجیروں کو توڑ کر صرف اُس کے لئے ہو گیا ہو۔ اُسی کو وہ منصب عطا ہوتا ہے۔ اور جتنا بڑا تعلق اُس کو خدا سے ہوتا جاتا ہے۔ وتنا ہی اُس کے لئے مرتبہ میں ترقی ہوتی ہے۔ کیونکہ نبوت کے بعد اگر کوئی درجہ ہے تو یہی محدثیت کا ہی ہے۔ گو نبوت اور محدثیت کے الفاظ میں معنی کے لحاظ سے کچھ فرق ہو تو ہو مگر عملی حالت میں محدث اور نبی میں کچھ فرق نہیں معلوم ہوتا۔ جس طرح نبی سے اللہ تعالیٰ ہمکلام ہوتا ہے اور غیب کی خبریں بتاتا ہے۔ اُسی طرح محدث سے ہمکلام ہوتا۔ اور اُن کو غیب کی باتوں پر آگاہ کرتا ہے۔ اور چونکہ بعض نبی صاحب شریعت ہوتے ہیں۔ اور خاتم النبیین صلوٰۃ اللہ وسلامہ کے بعد کوئی نبی صاحب شریعت نہیں آسکتا تھا۔ اسواسطے ایسا شخص آسکتا تھا۔ جو جزوی نبوت کا حامل ہو جسکو دوسرے لفظوں میں محدث یا غیر تشریعی نبی کہا گیا ہے اور یہ کوئی چھوٹا سا مرتبہ نہیں۔ حضرت باری تعالیٰ عزاسمہٗ کے خزانۂ انعاماتِ غیر متناہیہ سے یہ ایک بڑا بھاری انعام ہے این سعادت بزور بازو نیست + تانا بخشد خدائے بخشندہ۔ غرض وہ مبدء فیاض اپنی زبردست اور ناپیدائے کنار طاقت سے کسی انسانی روح کو عجائباتِ غیر متناہیہ کا سرچشمہ بنا دیتا ہے۔ کہ جس کے صافی اور خوش گوار پانی سے انسانی فطرت کے باغ میں وہ خوشبو دار پھول کھلتے ہیں کہ جن کی شیریں اور دلکش لپٹ سے لوگوں کے دماغ معطر ہو جاتے ہیں جس کے نور سے بہت سی مخلوق جو ظلمتِ جہالت اور تاریکیٔ ضلالت کے پردوں میں ایک مدت سے مخفی اور مستور رہتی ہے۔ نکال کر راہِ ہدایت پر چلا دیتا ہے +

یہ کوئی انوکھی بات نہیں۔ جب ہم اس سلسلۂ کائنات میں دیکھتے ہیں۔ تو وہاں بھی یہی اصول پاتے ہیں۔ مثلاً آفتاب ایک ایسا جرم بنایا گیا ہے۔ کہ جس کی روشنی سے تمام عالم روشن ہے۔ اور گو انسانوں کو چشم بینا بھی بخشی ہے۔ مگر جب تک آسمانی روشنی یعنی آفتاب نہ ہو تو یہ آنکھیں بالکل نکمی اور بیکار ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح جب تک کوئی آسمانی روشنی سے منور انسان اس عالم میں کھڑا نہ ہو تب تک لوگ صراطِ مستقیم پر نہیں چل سکتے۔ لہذا اشد ضروری ہے کہ ہم میں سے ہمیشہ کوئی نہ کوئی ایسا آدمی خدا کی طرف سے آتا رہے جو خدا تعالیٰ سے ایک خاص

قوت پاکر اُس کی مرضی کی راہوں پر چلانے پر قادر ہو۔ کیونکہ انسانی فطرت اس قسم کی واقع ہوئی ہے۔ کہ جب تک اُس کے لئے کوئی زبردست تحریک دینے والا ذریعہ نہ ہو تو یہ سُست اور کاہل ہو جاتی ہے۔ اور رفتہ رفتہ بالکل مرجاتی ہے۔ یہی تو سبب ہے کہ جن قوموں میں خدا کے مرسل کم آئے ہیں۔ اُن کی روحانی قوائے ایسے پژمردہ ہو گئے ہیں۔ کہ اب اُن کے اُبھرنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی کیونکہ اُن میں خدا سے محبت لگانیکا احساس ہی نہیں رہا +

فرق مابین مؤمنِ کامل و ناقص

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے۔ کہ کامل مؤمن اور ناقص مومن یا غیر مؤمن میں ایک مابہ الامتیاز کا ہونا ضروری ہے اور وہ امتیاز جو ہمارے نزدیک ہو سکتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ کامل مومن کو سمجھ دقیق دیجاتی ہے۔ اور اُسکو بشارتیں ملتی ہیں۔ اور دوسروں میں یہ بات نہیں پائی جاتی۔ کامل مومن کو بکثرت الہام اور دعا صادقہ ہوتے ہیں۔ اور اُس کے غیر کو شاذ و نادر۔ پس یہ ضروری ہوتا ہے۔ کہ جس قدر کامل مومن کی سمجھ اور فہم رسا ہوتا ہے۔ اُسی قدر اُن کی اکثر خوابیں اور الہام پیچیدہ اور دقیق ہوتے ہیں اور عام فہم نہیں ہوتے۔ بلکہ رازِ سربستہ کی طرح ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک سمجھ کے انسان کا کام نہیں۔ کہ اُس کی تہ تک پہنچ سکے اور یہی وجہ ہے کہ اکثر لوگوں کو ٹھوکر کا موجب ہو جاتے ہیں +

برخلاف اس کے ناقص مومن اور دوسرے لوگوں کی خوابیں بسا اوقات صاف اور سطحی ہوتی ہیں۔ اور کبھی اُنہیں الہام بھی ہو جاتا ہے۔ اور اس سے کافر فاسق فاجر اور بدمعاش بھنگی۔ چڑسی بھی باہر نہیں۔ اور گاہے گاہے ان سب لوگوں کو صاف اور سچی خوابیں بھی آجاتی ہیں۔ مگر پھر بھی اس سے بہت لوگ ٹھوکر کھاتے ہیں اور عموماً اُن کی خوابیں پریشان اور مہمل ہوتی ہیں اور چونکہ ہر ایک طبیعت کے انسان پر اس رازِ سربستہ کا حل کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اِس لئے ہم کھول کر بیان کر دیتے ہیں۔ تاکہ وہ لوگ جو اپنی خوابوں یا الہاموں کی بنا پر کسی مامور من اللہ کا انکار کر دیتے ہیں متنبہ ہو جائیں۔ اور شاید اللہ تعالیٰ اُن کو توبہ کی توفیق عطا کرے اور حق کو پالے +

سو واضح ہو کہ چونکہ ہر انسان کے اندر بموجب حدیث کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُوْلَدُ عَلٰی فِطْرَۃِ الْاِسْلَامِ

یعنی ہر بچہ جو پیدا ہوتا ہے وہ فطرتِ اسلام ہی پر پیدا ہوتا ہے۔ اِس لئے ایک کشفی روشنی بھی اُس میں مخفی ہوتی ہے۔ اور اگر اس کی قسمت میں ایمان یا اعلیٰ مرتبہ ایمان مقدر ہوتا ہے۔ تو اُسی وقت حسب مراتبِ ایمان وہ روشنی اپنا پرتو ظاہر کرتی ہے۔ اور اگر وہ کامل مومن کے درجہ تک مقدر ہوتا ہے تو وہی فطری روشنی کرامت کی حد تک پہنچ جاتی ہے۔ لیکن جو لوگ کہ کافر یا فاسق و فاجر ہو جاتے ہیں۔ اُن میں بھی فطری طور ہی سے ایک روشنی ودیعت رکھی ہوتی ہے۔ اِس لئے گاہے گاہے ایسا اتفاق ہو جاتا ہے۔ کہ بجلی کی چمک کی طرح کوئی ذرہ سا حصہ اُسی روشنی کا ظاہر ہو جاتا ہے۔ اور اس لئے ایک جاہل انسان خیال کرنے لگتا ہے۔ کہ گویا اُسکو مرتبۂ ابدال و اقطاب حاصل ہو گیا ہے۔ اس لئے وہ ترقی نہیں کر سکتا بلکہ رستہ میں ہلاک ہو جاتا ہے۔ یا برخلاف اس کے کامل مومنوں کے کاشفات یا بشارات کو وہ بدیں وجہ نظرِ حقارت سے دیکھنے لگتا ہے۔ کہ جب میرے جیسے فاسق فاجر کو سچی خوابیں آتی ہیں۔ تو اُس کو ہم سے کیا امتیاز ہے۔ یہ کیونکر نبی یا ظلِّ نبی ہو سکتا ہے اگر ایسا ہے تو ہم بھی نبی ہیں پھر ہمیں کسی کو نبی یا امام ماننے کی کیا ضرورت ہے +

فرق باہمی خواہاں عوام و خواص

سو اس کی پہچان کے لئے کہ خواص کے علوم اور کشوف اور عوام کی خوابوں اور کشفی نظاروں میں کیا فرق ہے۔ ہم ذیل میں وجوہات بتلاتے ہیں۔ غور سے سنو اور قبول کرو۔ واضح ہو کہ خواص کا دل تو مظہر تجلیاتِ الٰہیہ ہوتا ہے۔ اور جیسے آفتاب روشنی سے اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ بھرپور ہے اسی طرح وہ لوگ علومِ ظاہریہ و باطنیہ اور اسرارِ غیبیہ و معارفِ نظریہ سے معمور ہو جاتے ہیں۔ اور جس طرح سمندر اپنے پانیوں کی کثرت کی وجہ سے ناپیدا کنار نظر آتے ہیں۔ اسی طرح اُن کی حالت ہو جاتی ہے اور جس طرح ایک گندے سڑے ہوئے چھپڑ یعنے جوہڑ کو محض تھوڑے سے پانی کی وجہ سے جو اس میں جمع ہے سمندر نہیں کہہ سکتے۔ اسی طرح وہ لوگ جو شاذ و نادر کوئی سچی خواب یا الہام پا لیتے ہیں۔ اُن کی نسبت ہرگز نہیں کہہ سکتے۔ کہ وہ بھی اُن بزرگانِ دین سے کچھ نسبت رکھتے ہیں جو علوم ربانی کے سمندر ہوتے ہیں۔ جو لوگ ایسا خیال کر لیتے ہیں۔ ان کا خیال اسی قسم کا لغو اور بیہودہ ہے۔ کہ جیسے کوئی شخص ناک۔ کان۔ دانت یا ہاتھ پاؤں دیکھکر بندر کو انسان کہدے۔ تمام مدار کثرتِ علومِ غیب اور استجابتِ دعا اور باہمی محبت اور وفا اور قبولیت اور محبوبیت پر ہے۔ ورنہ کثرتِ

قلت کا فرق درمیان سے اُٹھا کر ایک کرمِ شب تاب کو بھی کہہ سکتے ہیں۔ کہ وہ بھی سورج کے برابر ہے۔ کیونکہ روشنی اُس میں بھی ہے۔ دنیا کی جتنی اشیاء ہیں وہ کسی قدر آپس میں مشابہت ضرور رکھتی ہیں۔ مثلاً بلور یا ایسے شفاف پتھر پہاڑوں میں موجود ہیں۔ جو الماس کی طرح چمک رکھتے ہیں۔ مگر پھر بھی وہ الماس نہیں ہو سکتے۔ لیکن جس طرح ان پتھروں کی شناخت سے ناواقف محض ظاہری چمک دمک پر دھوکہ کھا سکتے ہیں۔ اسی طرح اسرارِ غیبیہ سے ناآشنا کسی مُزوّر دھوکہ باز کی کرامت نمائی پر فریب میں آسکتے ہیں لیکن جس طرح پتھروں کا جوہری جو پتھروں کے مختلف صفات سے آگاہ ہوتا ہے۔ وہ صرف چمک ہی کو نہیں دیکھتا بلکہ دیگر صفات سے بھی شناخت کرتا ہے اسی طرح مردانِ خدا جو خدا تعالیٰ سے محبت اور مودت کا تعلق رکھتے ہیں۔ وہ صرف پیش گوئیوں تک ہی اپنے کمالات کو محدود نہیں رکھتے بلکہ اُن پر معارف اور حقائق کے خزانہ کھولے جاتے۔ اور عمیق در عمیق اسرارِ شریعتِ حقہ اور دلائل لطیفہ در باب حقانیتِ ملتِ بیضہ اُن کو عطا ہوتے ہیں۔ اور اعجازی طور سے اُن کے دل پر دقیق در دقیق علومِ قرآنی اور لطائفِ کتابِ ربانی اُتارے جاتے ہیں۔ اُن کی دعائیں خارق عادت طور سے اپنا اثر دکھاتی ہیں۔ وہ گناہ سے۔ دشمنوں کے حملوں سے اور تعلیم کی غلطیوں سے معصوم رکھے جاتے ہیں اور اگر بشریت کی وجہ سے کوئی لغزش اُن سے سرزد بھی ہو جائے تو فوراً متنبہ کئے جاتے ہیں

ان میں استقلال فوق العادت ہوتا ہے۔ ہر میدان میں مظفر و منصور ہوتے اور اُن کے دشمن باوجودیکہ بڑے بڑے منصوبے اُن کی ہلاکت کے لئے تجویز کرتے۔ اور اُن کے فرائض مفوضہ کی بجا آوری میں بڑی بڑی روکیں ڈالتے ہیں لیکن بالآخر وہی ذلیل اور خوار ہوتے اور اپنے منصوبوں میں نامراد رہتے ہیں اور مامورینِ خدا ہر طرح سے کامیاب ہوتے ہیں اور اس خوشی میں ملاءِ اعلیٰ یہ اشعار پڑھتے اور وجد میں آتے ہیں ؎

خدا کے پاک لوگوں کو خدا سے نصرت آتی ہے	جب آتی ہے تو پھر عالم کو اک عالم دکھاتی ہے
وہ بنتی ہے ہوا اور ہر خسِ راہ کو اُڑاتی ہے	وہ ہو جاتی ہے آگ اور ہر مخالف کو جلاتی ہے
کبھی وہ خاک ہو کر دشمنوں کے سر پہ پڑتی ہے	کبھی ہو کر وہ پانی اُن پر اک طوفان لاتی ہے
غرض رُکتے نہیں ہرگز خدا کے کام بندوں سے	بھلا خالق کے آگے خلق کی کچھ پیش جاتی ہے

پس اُن لوگوں کو یاد رکھنا چاہیئے کہ اپنے معدودے چند خوابوں یا الہاموں کی بنا پر وہ کسی

مامورین اللہ کی اطاعت سے انکار نہ کریں کیونکہ ایسے انکار کرنے والے بجائے روح القدس کے جو خدا کے نیک بندوں اور خدا کے مُرسلوں کے ساتھ ہوتا ہے شیطان کے پنجہ میں گرفتار ہو جاتے ہیں اور بجائے الہاماتِ ربانی کے جو روح القدس کے وسیلے سے ہوتے ہیں۔ اضغاثِ احلام کے مورد و مصدر بن جاتے ہیں گو انسان پہلے نیک اور پاک دل ہو اور اُس کی خوابیں اور الہام بھی سچے نکلتے رہے ہوں۔ مگر جب خدا کے فرستادہ سے سرکش یا باغی ہو جاتا ہے۔ تو اُس کے اندر ہی اندر اس طرح مواد ردیہ پیدا ہوتے جاتے اور اُس کے قلب کو زنگ لگاتے جاتے ہیں جس طرح زہریلے مواد بدنِ انسان میں خون کے ذریعہ سرایت کرتے کرتے آخر جذام تک نوبت پہنچا دیتے ہیں۔ اور انسان کو خبر تک نہیں ہوتی۔ اس طرح وہ انسان بھی جس کو کبھی سچی خواب یا الہام ہو گیا ہو۔ اُسی کے دھوکہ میں رہکر وہ شیطانی القا اور رحمانی الہام میں فرق نہیں کر سکتا۔ حالانکہ قرآنِ کریم کی نص سے ظاہر ہے کہ جب نبی اور رسول بھی تمنا کرتے ہیں۔ تو اُن کو بھی شیطانی القا ہو جاتا ہے۔ لیکن چونکہ اللہ کی حمایت اُن کے ہر وقت شاملِ حال ہوتی ہے۔ اس شیطانی القا سے فوراً مبرا کر دیتی ہے لیکن جو آدمی کہ ایک معمولی انسان ہو۔ وہ اس شیطان کے پنجہ سے کیونکر بچ سکتا ہے۔ کیا بلعم باعور کا قصہ جو قرآنِ کریم میں ہے۔ عبرت کے لئے کچھ کم ہے۔ لہذا ہم ڈنکے کی چوٹ سے حق کے طالبوں کو خبر دیتے ہیں کہ اس وقت دنیا میں صرف ایک ہی شخص ہے جو اکثر القائے شیطانی سے محفوظ اور اُن صفاتِ حسنیٰ سے موصوف ہے۔ جو ہم نے اوپر بیان کی ہیں اور وہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی ہیں۔ اور ساتھ ہی پکار کر کہتے ہیں۔ اور بیت اللہ میں قسم کھا کر کہہ سکتے ہیں کہ اُن کے سوا جس قدر مدعیانِ الہام ہیں اگر وہ اس امام برحق کے آگے گردن تسلیم خم نہیں کرتے بلکہ اپنے الہامات پر نازاں ہیں۔ وہ ہرگز خدا کی طرف سے نہیں۔ اور بلاشک شیطان اُن کے مُنہ کو بوسہ دیتا ہے اور اُن سے بغل گیری کرتا ہے +

نصیحت

الا اے کمر بستہ بر افترا	مکش خویشتن را تبرکِ حیا

بخاصانِ حق کینہ ات تا کجا	گہے شرمت آید زگیہاں خدا
چو چیزے بود روشن اندر بہی	بروہر چہ بندی بود ابلہی
چو بر نیک گوہر گماں بد بری	بدانند مردم کہ بدگوہری
چو گوئی دُرِ پاک را پُر غبار	غبارِ دو چشمت شود آشکار
سخنہائے پر خبث و بیمغز و خام	بود بر خبیثاں نشانی تمام
ندانید گفتن سخن جز دروغ	برِ حق ندارد دروغے فروغ
بیارید یاد از حق ہیچگوں	پسند او فتاد ست دنیا و دوں
زمالِ مکافات آید فراز	تو بر عیش دنیا بدیں ساں مناز
تو خود ناقصی و دنی الصفات	منہ تہمتِ نقص بر پاکِ ذات

ساتواں باب

اس ثبوت میں کہ مسیح موعود کے اشارات قرآنِ شریف واحادیثِ نبویہ میں پائے جاتے ہیں کہ نہیں

پیشتر اس کے کہ ہم اس مضمون کو چھیڑیں اول مناسب سمجھتے ہیں کہ لفظ مسیح پر بحث کریں کہ اس سے کیا مراد ہے اور صرف ایک ہی نبی یعنے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مسیح کیوں کہا گیا اس میں کیا سر ہے +

لفظ مسیح کی تحقیقات

سو واضح ہو کہ لفظ مسیح مساحت سے نکلا ہے جس کے معنے سیاحت کرنے اور قطع مسافت کے ہیں۔ گو لغت میں لفظ مسیح کے اور معنے بھی آئے ہیں لیکن چونکہ وہ صفات اور انبیا میں بھی

ثابت ہوتی ہیں اس لئے وہ بھی اس خطاب کے مستحق ہو سکتے ہیں۔ مگر خدا تعالیٰ نے جب صرف عیسےٰ علیہ السلام کو اس خطاب سے مخاطب فرمایا ہے تو ضرور اس میں کوئی خصوصیت ہے۔ اور ہمارے نزدیک صرف یہی خصوصیت ہے کہ مسیح علیہ السلام نے بڑے بڑے سفر کئے ہیں اور دیگر انبیاء میں سے ایک نبی بھی ایسا ثابت نہیں ہوتا جس نے اس قدر قطع منازل کئے ہوں۔ اسی واسطے یہی صحیح ہے کہ وہ سفروں کی وجہ سے مسیح کہلائے ورنہ مسیح بمعنے مبارک کے آئے ہیں کیا کسی کا ایمان ہو سکتا ہے کہ صرف عیسیٰ علیہ السلام ہی مبارک تھے اور کوئی نبی مبارک نہ تھا حتےٰ کہ فخر المرسلین سرتاج اولین والآخرین بھی مبارک نہیں تھے مَعَاذَ اللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ۔ یا مسیح بمعنے مسیح کرنے والے یعنی چھونے والے کے ہیں۔ تو کیا کوئی اور نبی دوسرے کو نہیں چھوتا تھا۔ اور اگر افاضہ باطنی سے مراد ہے تو کوئی نبی ایسا نہیں ہوا کہ افاضۂ باطنی سے ممتاز نہ ہو۔ مسیح کے معنے صدیق کے بھی ہیں تو کیا اور نبی صدیق نہیں تھے۔ ہاں کسی نبی سے سفر ثابت نہیں ہوتا اس لئے وہ کسی صورت سے مسیح نہیں کہلا سکتے اور صرف عیسیٰ علیہ السلام ہی کو سفر پیش آئے جیسے کہ آگے چل کر ثابت ہو جائیگا اسلئے وہی مسیح کہلانیکے حقدار ہیں +

علاوہ ازیں دجال کو بھی مسیح الدجال کہا گیا ہے۔ اور چونکہ دجال بھی اپنے مطلب کے لئے تمام زمین پر سیاحت کریگا اس لئے مسیح کے لقب سے ملقب ہوا اور ہم دیکھتے ہیں کہ جس قدر پادریوں اور سائیٹسٹوں نے اپنے دینِ باطل کے لئے زمین کی مساحت کی ہے اس کی نظیر تاریخ عالم میں نہیں مل سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اُسکو مسیح کہا جاتا ہے ورنہ دجال کو سیاحت کی وجہ سے اور مسیح کو کسی اور وجہ سے مسیح کہنا بالکل غیر موزوں ہے

لفظ مسیح مصدر مساحت سے نکلا ہے اور مفعیل کے وزن پر ہے جو مبالغہ کے لئے ہوتا ہے۔ اسلئے اس کے معنے بہت مساحت کرنیوالے کے ہیں۔ چنانچہ ہم ذیل میں اس کی تصدیق کے لئے بعض علماء کے اقوال نقل کرتے ہیں جس سے پوری تسلی ہو جائیگی

(۱) صاحب لوامع التنزیل زیر آیۃ اِسْمُہُ الْمَسِیْحُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ لکھتے ہیں :-

مسیح ماخوذ از سیاحت یعنے گردش باشد۔ چونکہ آنحضرت بسبب خوف یہود شب بجائے و	مسیح لفظ سیاحت سے نکلا ہے جس کے معنے گردش کے ہیں چونکہ آنحضرت یہود کے خوف

روز بجائے بود و چند روز متوالی بجائے قرار نہ گرفت +

سے رات کہیں اور دن کہیں گذارتے تھے اور چند روز تک متواتر ایک جگہ آرام نہیں لے سکتے تھے

دیکھو لوامع التنزیل جلد ۲ صفحہ ۳۶۴ گو قیاسی معنے ہیں۔ کیونکہ اصل حقیقت سے صاحب لوامع التنزیل ناواقف ہیں +

(۲) درالجنان و تفسیر کبیر میں احمد بن یحییٰ سے نقل ہے +

کہ مسیح بروزن مفعیل از برائے مبالغہ ماخوذ از مساحۃ الارض بمعنے قطع و پیمایش زمین باشد چہ آنحضرت بخوف یہود قطع و پیمایش آن بقدام میکرد لہذا بمسیح نامیدند

مسیح مفعیل کے وزن پر ہے جو مبالغہ کے لئے آتا ہے مساحت الارض سے لیا گیا ہے جس کے معنے زمین کے طے کرنے کے ہیں۔ کیوں آنحضرت یہود کے خوف سے سفر کرتے تھے اسی واسطے مسیح نام رکھا گیا۔ دیکھو لوامع التنزیل صفحہ مذکورہ بالا +

(۳) تفسیر توضیح مجید میں ہے۔ مسیح اسواسطے کہلائے کہ وہ مساحت زمین کی کرتے تھے ساتھ سیاحی کے۔ دیکھو تفسیر مذکور جلد ۱ صفحہ ۴۳۶ +

(۴) تفسیر روح المعانی جلد ۱ صفحہ ۵۹۲ میں ہے۔

وَكَانَ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْسَ لَهُ قَرَارٌ وَلَا مَوْضِعٌ يُعْرَفُ إِنَّمَا هُوَ سَائِحٌ فِي الْأَرْضِ

یعنے عیسیٰ علیہ السلام کے لئے کوئی ٹھکانہ کی جگہ نہ تھی اور نہ کہیں قرار تھا۔ وہ ہمیشہ زمین میں سفر کرتے رہے +

(۵) تفسیر فتح البیان جلد ۲ صفحہ ۴۲۔ مَسِيحٌ مِنَ الْمَسْحِ لِأَنَّهُ مَسَحَ الْأَرْضَ أَيْ ذَهَبَ۔ یعنے مسیح مسح سے نکلا ہے کیونکہ اُس نے زمین پر سفر کیا +

احادیث سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سیاحت کا ثبوت

مزید براں خود احادیث سے ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ملک شام سے نکل کر دور دراز ممالک میں سفر کرتے رہے۔ چنانچہ وہ احادیث جن سے اُن کا سفر کرنا ثابت ہوتا ہے وہ حسب ذیل ہیں:۔

(۱) اَوْحَی اللّٰہُ تَعَالٰی اِلٰی عِیْسٰی اَنْ یَا عِیْسٰی اِنْتَقِلْ مِنْ مَکَانٍ اِلٰی مَکَانٍ لَعَلَّ تُعْرَفَ فَتُؤْذٰی اَلْحَدِیْث رَوَاہُ ابْنُ عَسَاکِرٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ +

ابن عساکر نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر وحی نازل کی کہ اے عیسیٰ اپنے مکان کو چھوڑ کر دوسرے مکان پر چلا جا تاکہ یہود تجھ کو پہچان نہ لیں اور تجھے ایذا نہ پہنچائیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲

(۲) کَانَ عِیْسٰی ابْنُ مَرْیَمَ یَسِیْحُ فَاِذَا اَمْسٰی اَکَلَ بَقْلَ الصَّحْرَاءِ وَشَرِبَ الْمَاءَ الْقَرَاحَ وَتَوَسَّدَ التُّرَابَ ثُمَّ قَالَ عِیْسٰی ابْنُ مَرْیَمَ لَیْسَ لَہٗ بَیْتٌ یَخْرُبُ وَلَا وَلَدٌ یَمُوْتُ لَعَلَّہٗ بَقْلُ الصَّحْرَاءِ وَشَرَابُہُ الْمَاءُ الْقَرَاحُ وَوِسَادُہُ التُّرَابُ فَلَمَّا اَصْبَحَ سَاحَ فَمَرَّ بِوَادٍ فَاِذَا فِیْہِ رَجُلٌ اَعْمٰی مُقْعَدٌ مَجْذُوْمٌ قَدْ قَطَعَہُ الْجُذَامُ اَلسَّمَاءُ مِنْ فَوْقِہٖ وَالْوَادِیْ مِنْ تَحْتِہٖ وَالثَّلْجُ عَنْ یَمِیْنِہٖ وَالْبَرْدُ عَنْ یَسَارِہٖ وَھُوَ یَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ثَلَاثًا فَقَالَ لَہٗ عِیْسٰی ابْنُ مَرْیَمَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ عَلٰی مَا تَحْمَدُ اللّٰہَ وَاَنْتَ اَعْمٰی مُقْعَدٌ مَجْذُوْمٌ قَدْ قَطَعَکَ الْجُذَامُ وَالسَّمَاءُ مِنْ فَوْقِکَ وَالْوَادِیْ مِنْ تَحْتِکَ وَالثَّلْجُ عَنْ یَمِیْنِکَ وَالْبَرْدُ عَنْ یَسَارِکَ - قَالَ یَا عِیْسٰی اَحْمَدُ اللّٰہَ اِذْ لَمْ اَرَ اَنَّ السَّاعَۃَ مِمَّنْ یَقُوْلُ اِنَّکَ اِلٰہٌ اَوِ ابْنُ اللّٰہِ اَوْ ثَالِثُ ثَلٰثَۃٍ رَوَاہُ الدَّیْلَمِیُّ وَابْنُ النَّجَّارِ عَنْ جَابِرٍ +

دیلمی اور ابن النجار نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام سفر کرتے تھے۔ جب شام پڑ جاتی تو جنگل کا ساگ پات کھا لیتے اور چشموں کا پانی پی لیتے اور مٹی کا تکیہ بناتے (یعنی زمین پر ہی بلا بستر کے لیٹ رہتے۔ پھر کہتے کہ تو میرا گھر ہے کہ جس کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو اور نہ کوئی اولاد ہے کہ جن کے مرنے کا کوئی غم ہو۔ کھانے کے لئے جنگل کا ساگ پات پینے کے لئے چشموں کا پانی اور سونے کے لئے زمین بستر ہے اور اُن کے گم ہو جانے کا کچھ فکر نہیں جب صبح ہوتی چل کھڑے ہوتے۔ یہاں تک کہ سفر کرتے کرتے ایک وادی میں پہنچے (مراد کشمیر ہے کیونکہ اُسکو وادی ہی کہتے ہیں) جہاں ایک اندھا آدمی دیکھا جو ہل چل نہیں سکتا تھا اور وہ ایک مجذومی تھا اور جذام نے اُس کے بدن کو پھاڑ دیا ہوا تھا۔ اُس کے لئے کوئی سایہ کی جگہ نہیں تھی اُس کے اوپر آسمان ہی کا سائبان تھا وادی اُس کے نیچے تھی۔ اور اُس کے دائیں

بائیں برف اور شدید سردی تھی۔ مگر باوجود ان سب تکلیف کے وہ اپنے رب العالمین کا شکر ادا کرتا تھا۔ عیسیٰ علیہ السلام نے اُس سے پوچھا کہ اے خدا کے بندے تو کس چیز پر اللہ تعالیٰ کا شکر کرتا ہے حالانکہ تو اندھا بھی ہے اپاہج بھی ہے جذامی بھی ہے اور جذام سے تیرا سارا بدن پارہ پارہ ہوگیا ہے اور تو آسمان کے نیچے بے اوٹ پڑا ہے۔ اور وادی تیرے نیچے ہے جس میں دائیں بائیں سردی اور برف ہے۔ اُس شخص نے جواب دیا کہ اے عیسیٰ (علیہ السلام) میں اللہ تعالیٰ کی حمد اس لئے کرتا ہوں کہ میں اُس زمانہ اور وقت میں نہیں ہوا جبکہ لوگ تیری نسبت کہینگے کہ تو خدا اور خدا کا بیٹا اور اقنوم ثالث ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۱۷۰

اس کل بیان سے ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام صلیب سے نجات پانے کے بعد یہود کے خوف سے اور اللہ تعالیٰ کی وحی سے ارض مقدسہ کو خیرباد کہکر ممالک مشرقی میں آئے اور چلتے چلتے ملک کشمیر میں وارد ہوئے جہاں پر کثرت میوہ جات کے سبب سے جذامی لوگ بہت ہوتے ہیں اور جہاں سردی بھی خوب ہوتی ہے لہذا وہ اسی سیاحت کی وجہ سے مسیح کے نام سے موسوم ہوئے۔ کیونکہ یہ ہزار ہا میل کا سفر تھا جو اُن کو دشوار گذار ممالک میں کرنا پڑا بنا برین سوائے اِن معنوں کے کوئی اور معنے لینا بجز تحکم کے اور کچھ متصور نہیں ہوتا

حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کا ہندوستان و کشمیر میں آنا

صرف یہی ثبوت مسیح کی سیاحت کے نہیں بلکہ اُس تحقیقات سے جو ناٹووچ روسی سیاح نے لکھی ہے بخوبی ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام صرف شام کے ملک ہی میں سرگرداں نہیں رہے بلکہ وہ ممالک مشرقی میں بھی آئے چنانچہ آگے چلکر آپ کو واضح ہو جائیگا کہ وہ کیونکر صلیب سے بچے اور کس طرح وہ بھاگ کر ایران و افغانستان و ہندوستان و تبت و کشمیر میں آئے اور کس طرح اُنہوں نے بنی اسرائیل کی گم شدہ بھیڑوں کو جمع کیا اور بالآخر کشمیر میں ۱۲۰ یا ۱۲۵ برس کی عمر میں وہ وفات پاگئے اور دارالخلافہ سری نگر کے محلہ خان یار میں مدفون ہوئے اور اُن کی قبر ابتک عیسیٰ صاحب یا نبی صاحب یا یوز آسف نبی کے نام پر قائم و مشہور ہے۔ ناٹووچ روسی سیاح لکھتا ہے کہ ہندوستان کے برہمنوں سے بھی مسیح علیہ السلام کے مباحثے

ہوئے اور جب نیپال میں تھے تو اسوقت اُنکی عمر ۳۶ برس کی تھی +

علاوہ اس کے کتاب کروسی فکشن سے جو ایک فرنچ مین کا خط ہے ثابت ہوتا ہے کہ مسیح صلیب سے بچکر غیر ملک میں پناہ گزیں ہوئے اور حالات مندرجۂ خط اُسکے اپنے چشم دید ہیں +

سب سے بڑھکر قرآن کریم کی اِس آیت سے بخوبی تصدیق ہوتی ہے کہ وہ صلیب سے بچائے گئے اور اللہ تعالیٰ نے اُن کو ایک ایسی پناہ کی جگہ پہنچایا جہاں چشمے اور شاداب زمین اور پھلدار درخت تھے۔ وَاٰوَیْنٰھُمَا اِلٰی رَبْوَۃٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِیْنٍ۔ ہم نے اُن دونوں (ماں بیٹے) کو پناہ دی اور ایسی جگہ جو بلند سرسبز اور شاداب تھی جہاں ٹھیر بھی سکتے تھے اور جہاں چشمے جاری تھے۔ دیکھو قرآن کریم سورۂ المومنون رکوع ۳ +

ماسوا اس کے ہندؤں کے خیالات سے بھی پتہ چلتا ہے کہ اُن لوگوں کو بھی اس بات کا خیال ہے کہ مسیح علیہ السلام ہندوستان میں آئے تھے چنانچہ ایڈیٹر اخبار بھارت مورخہ یکم دسمبر ۱۹۱۱ء میں لکھتا ہے جس کی سُرخی عیسوی مذہب اور بھگوان کرشن ہے اور راقم مضمون کی منشاء اس سے یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ یا اُس کے حواریوں نے مشرقی علوم سے واقفیت پیدا کر کے اُن ممالک میں وہی تعلیم دی۔ ہم اس بارہ یہاں کچھ لکھنا پسند نہیں کرتے کہ آیا راقم مضمون کا خیال غلط ہے یا درست مگر ہم صرف وہ حصہ لکھ دیتے ہیں جس سے پایا جاتا ہے کہ اہل ہنود کا بھی خیال ہے کہ مسیح اور اُس کے حواری ہندوستان میں آئے تھے۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے اور ان اٹھارہ سو سالوں میں اُن کی زندگی کے کسی واقعہ کا علم ہمیں نہ ہونا یہ ظاہر کرتا ہے کہ تعلیم اُنہوں نے اپنے وطن سے باہر کہیں حاصل کی تھی۔ اُن ممالک کے باشندے اُن دنوں میں مصر کو اپنا اعلیٰ ترین تعلیم گاہ سمجھتے تھے۔ قیاس غالب ہے کہ حضرت مسیح نے بھی یہیں پر ہی تعلیم حاصل کی ہوگی اور یہ بھی ناممکن نہیں ہے کہ وہ خاص ہندوستان میں ہی پہنچ گئے ہوں۔ وہ آگے چلکر ایک مشہور فرانسیسی عالم کی رائے بھی تحریر کرتے ہیں جس نے مسیح کی نسبت ممالک شرقیہ میں تعلیم پانا ظاہر کیا ہے۔ چنانچہ فرانسیسی عالم لکھتا ہے جسکا ترجمہ یہ ہے۔ بیشک مسیح مصر کو گیا۔ بلاشک مسیح نے مشرق میں پھر اہی حواریان تعلیم پائی۔ چونکہ یہ لوگ اصلی حقیقت سے محض ناآشنا ہیں اس واسطے وہ یقینی نہیں کہہ سکتے کہ مسیح کا ممالک شرقیہ میں محض تعلیم کے لئے آنا تھا یا اُس کو خدا کی طرف سے حکم تھا کہ وہ ممالک شرقیہ میں جائے

اور بنی اسرائیل کی گم شدہ بھیڑوں کو جمع کرے۔ بہرحال ان دونوں سے اتنا پتہ لگتا ہے کہ وہ مشرق میں کسی نہ کسی وجہ سے آئے ضرور تھے۔ دیکھو اخبار بھارت جالندھر مورخہ یکم دسمبر ۱۹۱۱ء

اشارات مسیح علیہ السلام از قرآن کریم

اب ہم ذیل میں دکھانا چاہتے ہیں کہ مسیح کی آمد کے اشارات قرآن کریم میں پائے جاتے ہیں کیونکہ ممکن نہیں تھا کہ قرآن کریم کامل کتاب ہو کر کسی ایسے معاملہ کو جو آئندہ زمانہ میں ایک بھاری نزاع کا باعث ہوگا ترک کر دیتا۔ لہٰذا ازبس ضروری ہے کہ آجکل دنیا میں جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسبت ایک طوفان بے تمیزی برپا ہے اور لوگ اُن کی تکذیب اور تکفیر پر تلے ہوئے ہیں خود خدا ہی اس امر کا فیصلہ کر دے تاکہ سیاہ روئے شود ہر کہ دروغش باشد +

سو واضح ہو کہ جہاں تک قرآن شریف میں نہایت خوض اور تدبر سے کام لیا جاتا ہے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ قرآن شریف میں سینکڑوں پیشگوئیاں ہیں جو زمانہ آئندہ کی خبروں پر مشتمل ہیں اور یہ آپ کو چوتھے باب میں معلوم ہو چکا ہے کہ پیش گوئیوں میں بعض دفعہ ایسے الفاظ مجمل ہوتے ہیں کہ ہر ایک عقل کے انسان اُس کی کیفیت کو کما ینبغی نہیں پا سکتے کیونکہ اُن میں کوئی صراحت نہیں ہوتی بلکہ استعارات کے رنگ میں ہوتی ہیں جن کو بجز علماء راسخین جنہیں ورثۃ الانبیاء قرار دیا گیا ہے حل نہیں کر سکتے۔ اسی واسطے ضروری ہے کہ علماء راسخین کی کلام کا مطالعہ کیا جائے اور جو کچھ وہ کسی پیشگوئی کی حقیقت کو بیان کریں اُسکو تسلیم کر لیا جائے +

اب ہم اُن آیات قرآنی کو پیش کرتے ہیں جن سے اشارتاً یا کنایتاً حضرت مسیح موعود کا پتہ چلتا ہے +

(اول) هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ +	اللہ وہ ذات پاک ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور حق اور حقیقت سے بھرے ہوئے دین کے ساتھ بھیجا تاکہ اُس کے رو سے تمام

ادیان پر غلبہ حاصل کرے۔ سورۃ الصف رکوع ۲ +

گو یہ آیت بظاہر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت ہے لیکن اس میں مسیح کی نسبت بھی اشارہ پایا جاتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں تمام ادیانِ باطلہ کو تبلیغ نہیں کی گئی کیونکہ اُن ایام میں سفر کے ذرائع کہاں میسر تھے اور تمام دنیا کے لوگوں کو تبلیغ کا موقع کہاں مل سکتا تھا کیونکہ اُس وقت تک نہ تو امریکہ کا کچھ سُراغ ملا تھا اور نہ دیگر جزائر کا پتہ ہی معلوم تھا لہذا صریح اشارہ نکلتا ہے کہ اسکا مسیح کے وقت میں ظہور ہوگا کیونکہ سوائے مسیح کے اور کسی کے آمد کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر نہیں دی اور اگر اُن سے کوئی عظیم الشان دینی کام ظہور پذیر نہیں ہونا تھا۔ تو پھر کیونکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بار بار اُن کا ذکر کرتے اور قسمیں کھا کھا کر تاکید فرماتے رہے۔ اور پھر بار بار دجال کا اُن کے ذکر کے ساتھ کیوں تذکرہ کرتے رہے جس سے پایا جاتا ہے کہ اُنکو اُنکا گیا تھا دنیا میں ایسا بڑا فتور برپا ہوگا کہ جس سے ایماندار لوگوں کو سخت قلق اور بیقراری ہوگی اور دین کی حالت زار دیکھکر اُن کی حالت مایوسی تک پہنچ جائیگی اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان داروں کی تسلی کے لئے بار بار قسمیں کھا کر مسیح کی آمد کی خبر دی۔ لہذا اشد ضروری ہے کہ اسلام کی تبلیغ کل روئے زمین پر مسیح کے ہاتھ سے ہو اور یہ قرین قیاس بھی معلوم ہوتا ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ اب دُنیا کا کوئی کونہ ایسا نہیں ہے کہ انسان کا وہاں تک گذر نہ ہو سکتا ہو۔ اب ہر جگہ انسان پہنچ سکتا ہے اور جس قدر آسان سے آسان ذریعے اس وقت ہمیں میسر ہیں ۵۰ برس پہلے کب میسر تھے ۔۔ ۱۳۰۰ برس کا تو ذکر ہی کیا ہے لہذا نصِ قرآنی صرف مسیح ہی کی آمد کو ظاہر کرتی ہے گو اس میں شک نہیں کہ جو کچھ مسیح کے ہاتھ سے ہوگا وہ سب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا کام سمجھا جائیگا کیونکہ ہمیشہ تابعداروں کی کارروائی اُن کی اپنی سمجھی نہیں جاتی بلکہ متبوع کی سمجھی جاتی ہے جیسے خزائن قیصر وکسری کی کنجیاں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں نہیں آئیں اُن کے خلفاء کے ہاتھ میں آئیں۔ لیکن تمام امت محمدیہ میں بالاتفاق اُسی خاتم المرسلین فخر الاولین والآخرین کے ہاتھ پر ہی مفتوح سمجھی گئیں۔ ایسا ہی ہم نظام دنیا میں دیکھتے ہیں کہ جب کسی جنگ میں فتح ہوتی ہے تو اُس میں ساری بہادری اور جانفشانی ادنیٰ ادنیٰ سپاہیوں کی ہوتی ہے افسران فوج کا بہت کم حصہ ہوتا ہے وہ تو

دور رہتے ہیں لیکن فتح بالآخر افسروں کے نام پر سمجھی جاتی ہے۔ اسی واسطے اس آیت کا مصداق گو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں لیکن اشارہ مسیح کا پایا جاتا ہے۔ اس میں ہماری اپنی ہی رائے نہیں بلکہ اکثر مفسرین کا خیال بھی یہی ہے چنانچہ تفسیر ابن جریر جلد ۱۰ صفحہ ۷۲ میں زیر آیۃ هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ یوں لکھا ہے +

(ا) ذٰلِكَ عِنْدَ خُرُوْجِ عِیْسٰی حِیْنَ تَصِیْرُ الْمِلَلُ كُلُّهَا وَاحِدَةً +

یعنے یہ بات عیسیٰ علیہ السلام کے نکلنے پر ہوگی جبکہ کل ادیان ایک ہو جائینگے +

(ب) پھر ابوہریرہ سے اس آیۃ کے متعلق ابن جریر طبری نے حسب ذیل روایت بیان کی ہے +

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ ثَنَا یَحْیٰی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ قَالَ ثَنَا شَقِیْقٌ قَالَ ثَنِیْ ثَابِتُ الْحَدَّادِ اَبُو الْمِقْدَامِ عَنْ شَیْخٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ فِیْ قَوْلِهٖ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ قَالَ حِیْنَ خُرُوْجِ عِیْسٰی بْنِ مَرْیَمَ رَوَاهُ ابْنُ جَرِیْرٍ +

ابن جریر نے محمد بن بشار سے اُس نے یحییٰ بن سعید القطان سے اُس نے شقیق سے اُس نے ثابت الحداد ابو المقدام سے اُس نے شیخ سے اُس نے ابوہریرہ سے روایت کی کہ ابوہریرہ نے آیت لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ کی نسبت کہا کہ وہ بوقت خروج عیسےٰ بن مریم ہوگا۔ دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۱۰ صفحہ ۷۲ +

(ج) دوسری روایت میں یوں آیا ہے:

حَدَّثَنَا ابْنُ وَكِیْعٍ قَالَ ثَنَا حُمَیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ فَضْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَعَ سَمِعَ اَبَا جَعْفَرٍ یَقُوْلُ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ قَالَ اِذَا خَرَجَ عِیْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ اِتَّبَعَهٗ اَهْلُ كُلِّ دِیْنٍ رَوَاهُ ابْنُ جَرِیْرٍ +

ابن جریر روایت کرتے ہیں کہ ابن وکیع میرے پاس روایت کی اس نے حمید بن عبدالرحمن سے اُس نے فضل بن مرزوق سے اُس نے ابا جعفر سے کہ کہتا تھا کہ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ پر فرمایا کہ جب عیسیٰ علیہ السلام خروج کریگا تو کل دین اُس کے تابع ہو جائینگے +

(د) تفسیر ابن جریر جلد ۱۰ صفحہ ۷۴ پر زیر آیۃ هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ لکھا ہے +

يَقُوْلُ لِيُظْهِرَ دِيْنَهُ الْحَقَّ الَّذِيْ اُرْسِلَ بِهٖ رَسُوْلُهٗ عَلَى كُلِّ دِيْنٍ سَوَاءٌ وَ ذٰلِكَ عِنْدَ نُزُوْلِ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ +	فرماتا ہے کہ اُس کے سچے دین کو جس کے لئے اُس نے اپنا رسول بھیجا ہے تمام دینوں پر کیساں غالب کرے اور یہ غلبہ عیسیٰ بن مریم کے نزول کے وقت ہوگا دیکھو تفسیر مذکور +

(۲) تفسیر حسینی قلمی کے صفحہ ۹۱۰ پر زیر آیۃ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ یوں لکھا ہے تا غالب گرداند این دین را بر ہمہ کیش و ملتے بوقتِ نزولِ عیسیٰ علیہ السلام یعنے تاکہ اس دین کو تمام دینوں اور ملتوں پر بوقتِ نزولِ عیسیٰ علیہ السلام غالب کرے۔ اسی طرح دیگر تفاسیر میں بھی لکھا ہے مگر بخوفِ طوالت انہی نظائر پر اکتفا کی جاتی ہے۔ غرض اس آیت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آنے اور تمام مذاہبِ باطلہ پر حجت پوری کرنے کا اشارہ ثابت ہوتا ہے + **آیت متذکرہ بالا میں برخلاف شانِ نزول مسیح کیسے داخل ہو سکتا ہے**

اس جگہ اس بات کا اظہار کر دینا بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے تو اپنی وفات کے بعد ایک ایسے رسول کے آنے کی خبر دی ہے جس کا نام احمد ہوگا جو آیۃ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ سے ظاہر ہے تو بدیں حالت کیونکر تسلیم کر لیا جائے کہ نزولِ شان تو حضرت احمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہوا اور اب اس آیت کو کسی ایسے شخص پر لگا کر جو احمد مسیح ہونے کا دعویٰ کرتا ہو اس کا مصداق بنایا جاوے سو اس کا جواب یہ ہے کہ آیۃ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ سے صاف نکلتا ہے کہ آخری زمانہ میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائینگے تب ہی تو آخری زمانہ کے لوگ تعلیم نبوی حاصل کر کے صحابہ میں داخل ہونگے اور چونکہ آیت اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ کے رو سے وہ بذاتِ خود تشریف نہیں لا سکتے اس لئے اُن کا آنا اسی طرح سے ہے جس طرح ایلیا کا آنا یا مسیح کا آنا۔ لہذا وہ آنا بروزی ہے۔ چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو نام تھے ایک محمد اور ایک احمد۔ محمد تو جلالی تجلیات کا مظہر ہے اور احمد جمالی تجلیات کا۔ محمد کا ظہور اُسی وقت ہو چکا جبکہ دین کے لئے تلوار اُٹھائی گئی اور اب ایک ایسا زمانہ ہے کہ جس میں دین کے لئے تلوار کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اب اسلام کا مقابلہ تلوار کے ساتھ نہیں ہوتا بلکہ زبان اور قلم کے ساتھ۔ اور چونکہ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ کے لئے ضروری

تھا کہ رسول اکرم صلواۃ اللہ وسلامہ تشریف لاتے اور محمد کے ظل میں نہیں بلکہ احمد کے ظل میں کیونکہ محمدی مظہر تو اپنے کمال کے ساتھ ابتدا میں پورا ہو چکا تھا اور احمدی مظہر باقی تھا اور یہی وجہ ہے کہ مسیح نے بھی مظہر احمدی کی خبر دی تاکہ اس کی امت کے لوگوں کے ساتھ آخری زمانہ میں اسی مظہر احمدی کا مقابلہ ہو اور وہ مظہر حضرت مرزا غلام احمد کی صورت میں ظاہر ہوا۔ اب جس قدر کارروائی دین اس بزرگ کے ہاتھ سے مقدر ہے وہ سب ظلی طور سے آن حضرت ہی کی کارروائی ہے +

(۲) ایسا ہی اس آیۃ میں ہے

اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۝	اور خدا نے کہا یہ تمہاری امت ایک ہی امت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں سو تم میری ہی عبادت کرو۔ لیکن انہوں نے باہم پھوٹ ڈال لی اور الگ ہو گئے اور پھر سب کے سب ہماری طرف رجوع کرینگے اور یہ سب اسی حالت

میں رہینگے یہانتک کہ یاجوج اور ماجوج کا زمانہ آجائیگا اور وہ کھول دئے جائینگے اور ہر پہلو سے نکل پڑینگے ۱۲ س ۱۰ ع اس آیت سے اتنا ثابت ہوتا ہے کہ لوگوں کے الگ الگ فرقے ہو جائینگے اور ان کی حالت یاجوج ماجوج کے نکلنے تک ایسی ہی رہیگی پھر کوئی ایسی صورت واقع ہوگی جس سے وہ خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرینگے۔ اس سے کسی مصلح کا آنا تو نکلتا ہے مگر اس میں مسیح کی صراحت نہیں پائی جاتی لیکن اگر اس کی ماقبل آیت کو لیا جائے تو پھر کچھ شک نہیں رہتا کہ مسیح علیہ السلام ہی آئینگے۔ چنانچہ ماقبل آیت یہ ہے وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ اس آیت کے سیاق کو لینے سے ثابت ہوتا ہے کہ آیات متذکرہ بالا کا اس آیت سے بڑا تعلق ہے ورنہ بے معنی بات ہوئی جاتی ہے اور پھر جب ہم مابعد کی آیت کو دیکھتے ہیں تو اس سے بھی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یاجوج اور ماجوج کے ظاہر ہونے پر ایک وعدہ کے پورے ہونے کا وقت بتلایا گیا ہے چنانچہ وہ آیت یہ ہے وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ یعنی اس وقت جبکہ یاجوج ماجوج کا ظہور ہو سمجھ لو کہ وعدہ کا وقت قریب آن پہنچا۔ پس صاف

ظاہر ہے کہ آیات بالا میں ایک وعدہ کا وجود پایا جاتا ہے اور اُس کا ظہور یاجوج ماجوج کے ظہور کے بعد وابستہ کر دیا گیا ہے اور اب یاجوج ماجوج تو ظاہر ہو گئے اور تم آپکو دیکھ رہے ہو اس لئے لازم تھا کہ وہ وعدہ بھی پورا ہوتا جسکا آیت متذکرہ بالا میں اشارہ ہے اور وہ پورا یوں ہوا کہ یاجوج ماجوج کے ظہور کے بعد جو روس اور انگریز اور دیگر فرنگستان کے لوگوں سے مراد ہے جن کا ذکر ایک الگ باب میں مفصل طور سے بیان ہوگا۔ ایک شخص نے دعویٰ مسیحیت کیا اور وہ کام یاب بھی ہو نکلا پھر کیونکر شک ہو سکتا ہے دیکھو قرآن شریف سورۃ الانبیاء رکوع

پھر دوسری جگہ سورۃ کہف کے رکوع ۱۱ میں اللہ تعالیٰ اُسی وعدہ کا یوں ارشاد فرماتا ہے

فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا یعنی جب وعدہ اللہ کا آپہنچیگا اُس وقت ہم سد ذوالقرنین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینگے اور خدا تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے وہ کبھی نہیں ٹلیگا وہ پورا ہو کر رہیگا۔ پھر آگے چلکر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا یعنی ہم اُس زمانہ میں یعنے بزمانہ یاجوج ماجوج مختلف مذاہب کے لوگوں کو مہلت دینگے کہ تا ایک دوسرے کے مذہب پر حملہ کریں یعنی ہر ایک مذہب کا آدمی اپنے مذہب کو دیگر مذاہب سے سچا اور قوی ہونا ثابت کریگا اور دوسرے مذاہب کے جھوٹے بنانے کی سعی اور کوشش میں لگجائیگا جب یہ حالت دُنیا پر طاری ہوگی تو اچانک اللہ تعالیٰ صور پھونکیگا۔ یعنی کسی مجدد کو اپنی طرف سے الہام دیکر مامور کریگا اور ان سب ادیان کا میلان ایک طرف کر دیگا +

چنانچہ یہ سب باتیں وقوع میں آچکی ہیں۔ جہانتک دیکھا جاتا ہے ہر مذہب کے لوگوں میں ایک بہت بڑا جوش پایا جاتا ہے اور ایک دوسرے پر ایسے ایسے حملے کرتے ہیں کہ گویا وہ اپنے ذہن میں سمجھتے ہیں کہ اب باقی سب دینوں کو پاش پاش کر دینگے ایسی حالت کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ نے آسمان سے نفخ صور کیا اور اپنے بندوں میں سے ایک کو الہام سے مشرف کر کے دنیا میں کھڑا کیا اور اُس نے آنکر سب کو ایک جگہ جمع کیا یعنی جلسۂ اعظم تحقیق مذاہب کا انعقاد لاہور جیسے صدر مقام میں ہوا اور وہاں سب لوگ خواہ وہ مشرک تھے خواہ عیسائی مُردہ پرست خواہ برہمو خواہ سکھ خواہ دہریہ خواہ کسی عقیدے کے لوگ تھے سب نے اُس موقع پر توحید کی طرف میلان ظاہر کیا اگر شک ہو تو رپورٹ جلسہ

تحقیق مذاہب کھول کر دیکھو سب نے توحید کا گیت گایا ہے۔ پس اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ اسکا مصداق واقع ہو چکا +

(۳) سورہ فاتحہ کی آیت غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْہِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ میں مسیح کی آمد کا اشارہ ہے یہ ظاہر ہے کہ یہود نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جو خدا کے پاک نبی تھے محض شرارت سے لعنتی ٹھہرا کر خدا تعالیٰ کا غضب اپنے پر نازل کر لیا اور مَغْضُوْبٌ عَلَیْہِمْ ٹھہر گئے اور گو نصاریٰ بھی اُن کو پاک اور مقدس اقنوم بلکہ خدا مانتے ہیں لیکن اپنی نادانی اور اپنی جہالت سے اُن کو لعنتی قرار دیتے ہیں اگرچہ اُنہوں نے انکو ایک طرح تو ایک الزام یہود سے بچانا چاہا تھا مگر لعنت کے مفہوم سے ناواقف ہونے کی وجہ سے عذرِ گناہ بدتر از گناہ کے مصداق ہو گئے کیونکہ لعنت کا مفہوم دل کی ناپاکی سے تعلق رکھتا ہے اور نبی ایسی ناپاکی سے معصوم ہوتے ہیں۔ اِس لئے وہ بھی گمراہ قرار پائے۔ غرض اس پیشگوئی میں مسلمانوں کو ہر روز پانچ وقتہ نماز میں بار بار یاد دلایا گیا کہ اے مسلمانو جس طرح مسیح ناصری کی تکفیر و تکذیب سے یہود مَغْضُوْبٍ عَلَیْہِمْ ہو گئے اِسی طرح تم بھی آخری زمانہ کے مسیح موعود کی تکفیر و تکذیب سے مَغْضُوْبٍ عَلَیْہِمْ نہ ہو جانا۔ پس صاف ظاہر ہے کہ اس آیت میں مسیح کے آنے کی پیشگوئی ہے +

(۴) وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّہُمْ فِی الْاَرْضِ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِہِمْ وَلَیُمَکِّنَنَّ لَہُمْ دِیْنَہُمُ الَّذِی ارْتَضٰی لَہُمْ وَلَیُبَدِّلَنَّہُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِہِمْ اَمْنًا ۔ سورۃ النور رکوع

اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے وعدہ کیا کہ تم میں سے جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے میں اُنکو زمین میں خلیفہ بناؤنگا جس طرح اُن سے پہلے خلیفے بنائے گئے اور اُس دین کو جو میں نے اُن کے لئے پسند کیا ہے مضبوط کرونگا اور خوف کے بعد امن پیدا کر دونگا +

اِس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے کہ اس امت میں سے خلفا بنائے جائینگے اور چونکہ مسیح علیہ السلام کی نسبت احادیث سے واضح ہے کہ وہ آخری زمانہ میں خلیفہ ہوگا اِس لئے لازمی طور سے ماننا پڑتا ہے کہ مسیح علیہ السلام بھی اس وعدہ میں داخل ہے ورنہ ایک صورت میں خدا پر تکذیب لازم آتی ہے اور دوسری صورتیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب ضروری ہو جاتی ہے کیونکہ خداوند تعالیٰ نے اس نصِ صریح میں مومنوں سے وعدہ کیا ہے کہ آئندہ خلیفے اسی امت میں سے بنائے جائینگے اور اگر بقول علماءِ زمان مسیح اس امت میں سے نہیں تو پھر اگر اسکو خلیفہ تسلیم کر لیا جائے تو قول خداوندی معاذ اللہ جھوٹا ہوتا ہے اور اگر اس آیت میں مسیح کے خلیفے ہونے کا ذکر نہ تسلیم کیا جائے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی تکذیب لازم آتی ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قسمیں کھا کھا کر کہا ہے کہ مسیح ضرور آئیگا لہذا لامحالا ماننا پڑتا ہے کہ مسیح کی آمد کا صریح اشارہ اس آیت میں ہے اور آیۃ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ۔ اس کی اور وضاحت کرتی ہے کیونکہ یہ وعدہ ہے کہ جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سلسلے میں خلفا ہوئے اُسی طرح سلسلہ محمدی میں بھی رسول اللہ کے بعد خلفا ہونگے اور یہ تو ظاہر ہے موسیٰ علیہ السلام کے خلفاء میں آخری خلیفہ عیسیٰ علیہ السلام تھے اِس لئے اِس اُمّتِ محمدیہ کا آخری خلیفے بھی عیسیٰ ہی ہونا ضروری ہے اور اگلی آیت ظاہر کرتی ہے کہ وہ ضرور عیسیٰ علیہ السلام ہی ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کے شر سے سخت خوف دلایا ہے اور ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دینِ اسلام کی نسبت خوف تھا کہ کہیں وہ ملعون اُسے نقصان نہ پہنچائے اور اُس کے مقابل میں دینِ اسلام کے بچانے کیواسطے عیسیٰ علیہ السلام ہی قرار دیا گیا ہے جسکی خود آنحضرت صلعم نے خبر دی ہے سو صاف ہے کہ اس آیت میں صریح مسیح علیہ السلام کے آنے کا ذکر ہے +

(۵) پانچویں آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ہے جس سے مسیح کے آنے کا اشارہ پایا جاتا ہے۔ کیونکہ اس آیت کا نزول شان یہی لکھا ہے کہ اس کے مصداق فارسی النسل ہونگے سو وہ مسیح جس نے دعویٰ مسیح ہونے کا کیا ہے وہ فارسی الاصل ہی ہے اسکی تفصیل آگے چلکر معلوم ہوگی +

ثبوتِ آمدِ مسیح علیہ السلام از احادیث

اب ہم اس کی تائید میں چند ایک احادیث بھی درج کرتے ہیں جن میں مسیح کے آنیکا ذکر ہے

(۱) بخاری جلد ا صفحہ ۴۹۰ میں یہ حدیث آئی ہے۔ بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ اَنَا یَعْقُوْبُ ابْنُ اِبْرَاھِیْمَ کہ سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ کو یہہ کہتے سنا

ثَنَا اَبِیْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ سَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ سَمِعَ اَبَاهُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَیُوْشِکَنَّ اَنْ یَّنْزِلَ فِیْکُمُ ابْنُ مَرْیَمَ حَکَمًا عَدْلًا فَیَکْسِرُ الصَّلِیْبَ وَیَقْتُلُ الْخِنْزِیْرَ وَیَضَعُ الْحَرْبَ وَیَفِیْضُ الْمَالُ حَتّٰی لَا یَقْبَلُ اَحَدٌ حَتّٰی تَکُوْنَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَیْرًا مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا ثُمَّ یَقُوْلُ اَبُوْهُرَیْرَةَ وَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَکُوْنُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا ۞

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ ضرور بالضرور تم میں ابن مریم حکم اور عدل ہو کر نزول فرمائیگا اور وہ صلیب کو پاش پاش کریگا اور خنزیر کو قتل کریگا اور لڑائی اور جنگ کو اُٹھا دیگا اور مال اس قدر دیگا کہ کوئی بھی اُسکو قبول نہ کر سکیگا اور اُسوقت زمانہ کی حالت ایسی ہوگی کہ صدق دلی سے ایک سجدہ بھی کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہوگا پھر ابوہریرہ کہتے ہیں کہ کوئی بھی اہل کتاب نہیں کہ جو واقع قتل مسیح کو اپنی موت سے پہلے پہلے اپنی ایمان کی جزو خیال نہ کرتا رہیگا اور قیامت کے روز حضرت مسیح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے دربار میں گواہی دینگے کہ ان لوگوں نے ناحق اس عقیدے کو گھڑ لیا تھا میرا اس میں کچھ تعلق نہیں ہے۔ اس حدیث سے حضرت مسیح کے نازل ہونے کا صریح ذکر ہے ابن مریم اور لفظ نزول وغیرہ پر الگ باب میں مفصل بیان کرینگے۔ یہاں بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۞

(۲) ایسا ہی بخاری میں ایک اور حدیث ہے جس سے نزول ثابت ہوتا ہے۔ وہو ہذا۔

حَدَّثَنَا ابْنُ بُکَیْرٍ ثَنَا اللَّیْثُ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰی اَبِیْ قَتَادَةَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ اَبَاهُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَیْفَ اَنْتُمْ اِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْیَمَ فِیْکُمْ وَاِمَامُکُمْ مِّنْکُمْ ۞

ابن بکیر نے حدیث بیان کی کہ اس نے لیث سے اور لیث نے یونس سے اور یونس نے ابن شہاب سے اُس نے نافع سے جو ابی قتادہ انصاری کا غلام تھا سُنا کہ ابوہریرہ نے فرمایا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب ابن مریم تم میں نزول فرما ہوگا اور وہ تمہیں میں سے ایک امام ہوگا۔

اس حدیث سے بھی ظاہر ہے کہ ابن مریم ضرور آئینگے۔ دیکھو بخاری جلد ۱ صفحہ ۴۹۰ +

(۳) كَيْفَ اَنْتُمْ اِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيْكُمْ وَاِمَامُكُمْ مِنْكُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

مسلم نے حضرت ابوہریرہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب ابن مریم تم میں نازل ہوگا تمہارا کیا حال ہوگا حالانکہ وہ تمہاری امامت کریگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۰۲ +

(۴) ایسا ہی مسند احمد بن حنبل میں ایک روایت یوں آئی ہے:۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبِيْ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ۔ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكُمْ اِذَا نَزَلَ بِكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ فَاَمَّكُمْ اَوْ قَالَ اِمَامُكُمْ مِنْكُمْ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ +

احمد بن حنبل نے بیان کیا ہے کہ میرے پاس عبداللہ نے اُن کے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس عبدالرزاق نے اُن کے پاس معمر نے اُن کے پاس زُہری نے اُن کے پاس نافع مولی ابی قتادہ نے اُن کے پاس ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا کیا حال ہوگا جبکہ تمہارے پاس ابن مریم نازل ہوگا اور وہ تمہاری امامت کریگا یا یہ کہ تم میں سے ایک امام ہوگا۔ دیکھو مسند احمد بن حنبل جلد دوم صفحہ ۲۷۲ +

(۵) ایسا ہی مسند احمد میں ایک دوسری روایت ہے +

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبِيْ ثَنَا اِسْحٰقُ ابْنُ يُوْنُسَ وَهُوَ الْاَزْرَقُ اَنَا عَوْفٌ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ الْعِلْمُ بِالثُّرَيَّا لَنَالَهُ نَاسٌ مِنْ اَبْنَاءِ فَارِسَ +

امام احمد بن حنبل نے روایت بیان کی کہ میرے پاس عبداللہ نے اُن کے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس اسحٰق بن یونس ازرق نے اُن کے پاس عوف نے اُن کے پاس شہر بن حوشب نے اُنہوں نے ابوہریرہ سے کہتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر علم دین آسمان پر بھی چلا جائے گا تو ابنائے فارس میں سے بعض آدمی اُتار کر لائینگے۔ دیکھو مسند احمد جلد ۲ صفحہ ۲۹۶ +

غرض مسیح کے آنے کی نسبت تمام حدیث کی کتابیں بھری پڑی ہیں۔ لہذا ہم ضرورت نہیں

سمجھتے کہ اس بارہ میں زیادہ لکھیں۔ بہرحال قرآن کریم اور احادیث سے اتنا تو ضرور ثابت ہوتا ہے کہ ایک مسیح کے آنے کی ضرورت ظاہر کی گئی ہے جو آخری زمانہ میں آئیگا +

آٹھواں باب

اِس تحقیق میں کہ اُس مسیح سے جس کا اشارہ قرآن و احادیث میں ہے کیا مُراد ہے آیا مسیح ناصری ہی یا کوئی اور

فصل اوّل

اِس بارہ میں کہ لفظ توفی پر علماء کا اختلاف ہے

یہ امر کہ مسیح موعود سے مراد حضرت عیسےٰ علیہ السلام اسرائیلی نبی سے ہے یا اس اُمت میں سے کوئی شخص ہوگا جو مسیح کے نام پر آئیگا۔ ایک مسئلہ ہے جو نہایت ہی غور طلب ہے۔ اور جہانتک دیکھا جاتا ہے اس امر میں بڑے بڑے علماء متقدمین و متاخرین نے قلم اُٹھائی ہے مگر کسی نے قطعی فیصلہ انشراح صدر سے نہیں کیا اور محض دیانت اور تقویٰ پر کام فرما کر یونہی اس معاملہ کو چھوڑ گئے اور کچھ فیصلہ نہ فرما گئے بجز اُن علماء کے جو کم درجہ کے ہیں اور جو تحقیقات کا مادہ بھی نہیں رکھتے تھے اور جن میں تقویٰ کی بھی کمی تھی۔ اب یہ عاجز بتوفیق و مدد ربِ قدیر و علیم اس باب میں تحقیقات کرنے کے لئے قلم اُٹھاتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا ہے کہ وہ اس عاجز کو اس بارہ میں خاص نصرت عطا فرماوے اور اس پیچیدہ اور مشکل مسئلہ کو حل کرنے کی توفیق بخشے۔ کیونکہ اُس کی ذات نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ہے +

ہم دیکھتے ہیں کہ اس وقت ایک بڑا بھاری تنازع مسلمانوں میں قائم ہوگیا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ایک طرف حضرت مرزا غلام احمد صاحب رئیس قادیان مسیح موعود ہونے کے مدعی ہیں

اور کہتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام نبی ناصری مر چکے ہیں اور جس مسیح کے آنے کا وعدہ ہے وہ اسی امت میں سے ہونے والا تھا سو وہ میں ہوں۔ دوسری طرف علماء زمان اس بات پر اڑے ہوئے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ناصری زندہ آسمان پر موجود ہیں وہی آخری زمانہ میں آئینگے اس لئے کوئی دوسرا شخص مسیح نہیں ہو سکتا۔ یہ قضیہ ہے۔ اب تنقیح طلب یہ امر ہے کہ کیا فی الواقع مسیح ناصری علیہ السلام آسمان پر زندہ موجود ہے۔ اگر یہی ثابت ہو گیا تو بلا شک کسی اور کا دعویدار ہونا حق بجانب نہیں ہو سکتا اور اگر ان کا زندہ آسمان پر موجود ہونا ثابت نہ ہوا بلکہ اُن کا فوت ہونا پایہ ثبوت کو پہنچا تو پھر کسی مدعی مسیحیت کے دعوے کو خفت کی نگاہ سے دیکھنا بعید از انصاف ہوگا۔ ماننے یا انکار میں تعجیل نہیں چاہیئے ہاں کامل تحقیقات کے بعد تسلیم ہو یا انکار بجا اور درست ہے۔ جب دلائل قویہ و برہان ساطعہ سے ظاہر ہو جائے کہ مدعی کا دعویٰ حق بجانب ہے تو پھر قبول نہ کرنا بلکہ کینہ اور بغض کو دل میں جگہ دینا بعید از انصاف و خالی از معصیت نہ ہوگا +

لہٰذا ہم اول قرآن کریم میں غور کرتے ہیں کہ اُس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت کیا ذکر ہے آیا اُس کی حیات کا ذکر ہے یا وفات کا۔ سو واضح ہو کہ قرآن شریف میں حضرت مسیح کی نسبت الفاظ ذیل استعمال ہوئے ہیں۔ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ یعنی اے عیسیٰ میں تجھے مارونگا اور اپنی طرف اُٹھالونگا۔ اس آیت میں دو لفظ ہیں ایک متوفی اور دوسرا رافع ان دونوں لفظوں پر بڑی بڑی بحثیں ہوئی ہیں اور بڑا بڑا اختلاف کیا گیا ہے۔ چنانچہ ہم ذیل میں جو جو معنے مُتَوَفِّیْكَ کے لفظ کے کئے گئے ہیں اول ہم وہ سب یہاں درج کرتے ہیں جس سے واضح ہوگا کہ اگر اُن علماء کو یقینی طور پر اس امر کا علم تھا کہ مسیح علیہ السلام نہیں مرے اور وہ فی الحقیقت زندہ بجسدہ العنصری آسمان پر موجود ہیں تو پھر کیوں اتنا اس لفظ توفی کے معنوں میں اختلاف کرتے رہے چنانچہ وہ اختلاف حسب ذیل ہے +

(۱) اِجْرَاءُ الْاٰیَةِ عَلٰی ظَاهِرِهَا مِنْ غَیْرِ تَقْدِیْمٍ وَّلَا تَاْخِیْرٍ فِیْهَا +	یعنی اس آیت کا اجرا ظاہر پر ہے اُن میں تقدیم و تاخیر کی ضرورت نہیں +
(۲) فَرْضُ التَّقْدِیْمِ وَالتَّاْخِیْرِ فِیْهَا +	یعنی تقدیم و تاخیر لازمی ہے +
(۳) مُتَوَفِّیْ اَجَلَكَ وَمَعْنَاهُ اِنِّیْ عَاصِمُكَ	میں تیری اجل کو پورا کرونگا یعنی میں تجھکو

مِنْ اَنْ یَّقْتُلَكَ الْكُفَّارُ وَمُؤَخِّرُكَ اِلٰی اَجَلٍ كَتَبْتُهٗ لَكَ +	کافروں کے ہاتھ سے قتل کرنے سے بچاؤنگا اور اُس اجل تک جو مینے تیرے واسطے مقرر کر رکھی ہے ڈھیل دونگا۔ دیکھو تفسیر کشاف مطبوعہ کلکتہ جلد ۱ صفحہ ۴۰۶ +
(۴) مُمِیْتُكَ حَتْفَ اَنْفِكَ لَا قَتْلًا بِاَیْدِیْهِمْ + تفسیر کشاف	یعنی میں تجھے طبعی موت سے ماروںگا۔ اُن کے ہاتھ سے (کفار سے) تجھے قتل نہیں ہونے دونگا
(۵) تَوَفَّی اللّٰهُ عِیْسٰی بْنَ مَرْیَمَ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ مِنَ النَّهَارِ	یعنی اللہ تعالیٰ نے عیسےٰ بن مریم کو تین ساعت کے لئے مار دیا تھا (قول وہب) دیکھو تفسیر در المنثور مطبوعہ مصر جلد اوّل صفحہ ۳۶ +
(۶) اَمَاتَهُ اللّٰهُ ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ +	یعنی اللہ نے حضرت مسیح کو تین روز کے لئے فوت کر دیا تھا پھر زندہ کر دیا +
(۷) اِنَّ اللّٰهَ تَوَفّٰی عِیْسٰی سَبْعَ سَاعَاتٍ ثُمَّ اَحْیَاهُ +	اللہ نے حضرت عیسیٰ کو سات گھنٹے تک مار دیا پھر زندہ کیا۔ ایضاً در المنثور
(۸) اَلْمُرَادُ بِالتَّوَفِّیْ حَقِیْقَةُ الْمَوْتِ +	یعنی توفی سے حقیقی موت مراد ہے۔ دیکھو تفسیر خازن
(۹) مُتَوَفِّیْكَ نَائِمًا +	یعنی میں تجھے نیند میں ماروںگا۔ یعنی سلا دونگا دیکھو حاشیہ قنوی علی البیضاوی جلد ۳ صفحہ ۶۲ +
(۱۰) مُمِیْتُكَ عَنِ الشَّهَوَاتِ الْعَائِقَةِ عَنِ الْعُرُوْجِ اِلٰی عَالَمِ الْمَلَكُوْتِ +	یعنی تجھے شہوات نفسانیہ کی طرف سے ماروںگا جو جو عالم ملکوت کی طرف رجوع کرنے کو روکتی ہیں +
(۱۱) اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ عَنِ الصِّفَاتِ النَّفْسَانِیَّةِ وَالْاَوْصَافِ الْحَیَوَانِیَّةِ	یعنی میں تجھے نفسانی صفات اور حیوانی اوصاف سے ماروںگا۔ دیکھو تفسیر بحر الحقائق +

(۱۲) پورا پورا لینے والا ہوں دیکھو تفسیر فتح المنان صفحہ ۱۵۰ جلد ۲ بحوالہ تفسیر کبیر اِنَّ التَّوَفِّیَ اَخْذُ الشَّیْءِ وَافِیًا۔ یعنی توفی کے معنے کسی چیز کا پورا پورا لینا +

(۱۳) اَنْ یُّقَدَّرَ فِیْهِ حَذْفُ الْمُضَافِ	یعنی یہاں مضاف محذوف ہے اصل میں یہ ہے

وَالتَّقْدِیْرُ مُتَوَفِّیْ عَمَلَکَ بِمَعْنٰی مُسْتَوْفِیْ عَمَلَکَ کہ میں تیرے عمل کو پورا کرنے والا ہوں +

(۱۴) قَابِضُکَ یعنی تجھے قبض کرنے والا ہوں اِنَّ التَّوَفِّیَ ھُوَ الْقَبْضُ۔ یعنی توفی کے معنے قبض کرنا ہے۔ تفسیر کبیر +

(۱۵) قَابِضُ لِرُوْحِکَ یعنی میں تیری روح کو قبض کرنے والا ہوں۔ دیکھو حاشیہ شیخ احمد صاوی المالکی علی جلالین +

(۱۶) میں تجھے بھر لینے والا ہوں۔ قرآن مترجم شاہ رفیع الدین صاحب +

(۱۷) اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ اَیْ جَعَلَکَ کَالْمُتَوَفِّیْ۔ تفسیر کبیر۔ یعنی میں تجھے مثلِ متوفی کرنے والا ہوں +

الغرض اسقدر معنے قریباً تمام تفاسیر میں جو ہمارے دیکھنے میں آئی ہیں پائے جاتے ہیں ہاں بعض میں تھوڑے اور بعض میں زیادہ لیکن سب کو ملا کر اس قدر ہو جاتے ہیں اب دیکھو کہ یہ کس قدر اختلاف ہے۔ اگر اُن کو ایک معنے پر متفق ہونا تو کیونکر اتنے سرگردان ہوتے

اب میں پوچھتا ہوں کہ برائے خدا کوئی عقلمند جسکو اللہ تعالیٰ نے ذرا سی بھی زیرکی اور دانش عطا کی ہو اس قدر اختلافات کے بعد کہہ سکتا ہے کہ میرے پاس قوی دلائل ہیں اور میں ایک مضبوط اور بلند چٹان پر کھڑا ہوں جس سے کوئی شخص اسکو متزلزل نہیں کر سکتا۔ ہرگز کوئی عقلمند ایسی بات نہیں کہہ سکتا۔ تو پھر کیوں اس قدر شور محشر برپا کر رکھا ہے۔ اور جب اُن کے ہاتھ میں کوئی مضبوط وجہ موجہ نہیں تو پھر کیوں ایک بات پر اڑے بیٹھے ہیں۔ حالانکہ بڑے بڑے علما اور فضلا اس بات کا تصفیہ نہیں کر سکے کہ ان میں سے کونسی بات سچ ہے اور چونکہ اُن میں تقویٰ کا مادہ مرکوز تھا اس لئے اُنہوں نے اس بارہ میں اپنی رائے کو دخل نہ دیا جیسی جیسی مختلف آرا سے کو سُنا یا لکھا دیکھا اُسی طرح لکھ دیا سخت ہی احمق اور بیوقوف ہیں وہ لوگ جو ان متفرق آرا کی موجودگی میں تحکم کر کے حضرت عیسےٰ کی زندگی پر زور دیتے ہیں۔ اور کہے جاتے ہیں کہ وہ ابتک بے آب و دانہ آسمان پر موجود ہیں

بہرحال چونکہ اس وقت یہ ایک امر فیصلہ طلب ہے۔ اِس لئے ہم اپنے امام یعنے قرآن کریم کی طرف رجوع کرتے ہیں کہ وہ کیا فیصلہ دیتا ہے۔ کیونکہ ہمارا ایمان ہے کہ قرآن کریم کامل کتاب اور قولِ فیصل ہے اس کے بعد کوئی کتاب نہیں آسکتی اس لئے قیامت تک جو تنازعات

پیش آئینگے یہی فیصل کریگا۔ اگر کسی امر میں یہ فیصلہ نہ کر سکے تو معاذ اللہ پھر یہ کامل کتاب نہیں ٹھہر سکتی۔ سو اس کے فیصلہ کے لئے سب سے پہلے ہم یہ تحقیقات کرتے ہیں کہ سوائے اُن مقامات کے جو مسیح علیہ السلام کی نسبت استعمال کئے گئے اور کہاں کہاں لفظ تَوَفّی آیا ہے اور اُن کے کیا معنے کئے گئے ہیں جن سے الفاظ متنازعہ کے معنے حل ہو جائینگے +

فصل دوم

اس بارہ میں کہ لفظ توفی قرآن شریف میں کہاں کہاں اور کن کن معنوں کے لئے آیا ہے

جب ہم قرآن کریم میں غور کرتے ہیں تو ثابت ہوتا ہے کہ تَوَفّی کا لفظ دو جگہ مسیح کے لئے آیا ہے یعنی ایک جگہ پر اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَیَّ سورہ آل عمران رکوع ۶۔ اور دوسری جگہ پر فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ سورۃ المائدہ رکوع ۱۶۔ اور ماسوا اُن کے اور لوگوں کی نسبت لفظ مُتَوَفِّیْ مختلف صیغوں میں بتعداد ذیل آیا ہے +

نام مترجم	ترجمہ	آیت قرآن کریم	انشورنس
مولوی نذیر احمد دہلوی	اور تم میں سے جو لوگ مر جاتے ہیں اور چھوڑ جاتے ہیں بیبیاں تو وصیت کر جائے واسطے بیبیوں کے	وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا	
شاہ عبدالقادر	اور جو لوگ مر جاویں تم میں اور چھوڑ جاویں عورتیں وے انتظار کریں اپنے تئیں چار مہینے اور دس دن	یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا یَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا	
شاہ رفیع الدین	اور جو لوگ مرجاتے ہیں تم میں سے اور چھوڑ جاتے ہیں بیبیاں اپنی انتظار دیویں جانوں اپنی کو چار مہینے اور دس دن کا	سورۃ البقرہ رکوع ۳۰	
شاہ ولی اللہ	اور جو کوئی مرجاوے تم میں اور چھوڑ جاوے بیبیاں انتظار کرانا کہ عدت بیوہ کی چار مہینے دس دن		
شیخ سعدی	وفات کرنا مرد ان زنان خویش را بجا گذارند زنان را باید کہ انتظار کنند بر خویشتن چہار ماہ و دہ روز		

نمبر شمار	آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۲	وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا سیپارہ ۲۔ سورۃ البقرہ۔ رکوع ۱۳	اور جو لوگ تم میں سے مرجائیں اور بیبیاں چھوڑ مریں + اور جو لوگ تم میں سے مرجاویں اور چھوڑ جاویں عورتیں + اور جو لوگ مرجاتے ہیں تم میں سے اور چھوڑ جاتے ہیں بیبیاں + و آنانکہ قبض روح ایشاں کردہ شود از شما و بگذارند زنان را + و آنانکہ وفات کنند از شما و بگذارند زنان را +	مولوی نذیر احمد دہلوی شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۳	رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ سورہ آل عمران رکوع ۲۰	پس اے پروردگار ہم کو ہمارے قصور معاف فرما اور ہم پر سے ہمارے گناہ دور کر اور نیک بندوں کے شمول میں ہمارا بھی خاتمہ بالخیر کیجو + اے رب ہمارے بخش ہم کو گناہ ہمارے اور اوتار ہماری برائیاں اور موت دے ہم کو نیکوں کے ساتھ + اے پروردگار ہمارے پس بخش ہم کو گناہ ہمارے اور دور کر ہم سے برائیاں ہماری اور مار ہم کو ساتھ نیک بختوں کے + اے پروردگار ما بیامرز ما را گناہان ما را و دور کن از ما بدی ہائے ما را و بمیران ما را با نیکوکاران + اے پروردگار ما بیامرز ما را گناہان ما و درگذار از ما بدیہائے ما و بمیران ما را با نیکوکاران +	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۴	فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ + سورۃ النساء رکوع ۳	پس اگر گواہ آنکی بدکاری کی تصدیق کریں تو سزا کے طور پر ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو۔ یہاں تک کہ موت انکا کام تمام کرے + پھر اگر وے گواہی دیویں تو اُن کو بند رکھو گھروں میں جب تک پالیوے اُنکو موت + پس اگر گواہی دہند پس بند رکھو اُنکو بیچ گھروں کے یہاں تک کہ اُٹھائے اُنکو موت + پس اگر گواہی دادند محبوس کنید ایشانرا در خانہا تا کہ عمر ایشانرا تمام کند مرگ + پس اگر گواہی دہند نگاہ دارید این زنان را در خانہا تا وقتیکہ بمیراند ایشانرا مرگ +	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی

نمبر شمار	آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۵	إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنْفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنْتُمْ سورۃ النساء رکوع ۱۴	جو لوگ اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں فرشتے انکی جان قبض کئے بھیجے اُن سے پوچھتے ہیں کہ تم دار الحرب میں پڑے پڑے کیا کرتے رہے + جن لوگوں کی جان کھینچتے ہیں فرشتے اُس حال میں کہ وہ بُرا کر رہے ہیں اپنا کہتے ہیں تم کس بات میں تھے + تحقیق جو لوگ کہ قبض کرتے ہیں انکو فرشتے کہ وہ ظلم کرنیوالے ہیں جانوں اپنی کو کہتے ہیں کس دین میں تھے تم + ہر آئینہ آنانکہ فرشتگان قبض ارواح ایشان کردند کہ وے ستمکار بودند بر خویشتن فرشتگان بایشاں گفتند در چہ حال بودید شما + بدرستی آنانکہ جان مے ستانند ازیہنا فرشتگان۔ بودند ستمکار بر جانہائے ایہنا۔ گفتند فرشتگان در چہ بودید شما +	مولوی نذیر احمد دہلوی شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۶	وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُمْ بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُسَمًّى سورۃ الانعام رکوع ۷	اور وہی ہے جو قبض کرتا ہے تم کو رات کے اور جانتا ہے جو کماتے ہو بیچ دن کے اور پھر اُٹھاتا ہے تم کو بیچ اُسکے تو کہ پورا کیا جاوے وقت مقرر کیا ہوا واوست آنکہ قبض روح شما میکند شب و میداند آنچہ کسب کردید بروز باز برے انگیزد شما را در روز تا بانجام رسانیدہ شود میعاد معین واوست آنکہ بخواب مے برد شما را بشب و میداند آنچہ کسب کنید در روز پس بر انگیزد شما را در روز تا برسد وقتے معین	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۷	حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ سورۃ الانعام رکوع ۸	یہانتک کہ جب تم میں سے کسی کو وقتی موت آتی ہے تو ہمارے فرشتے اُنکی روح پورے طور پر قبض کرتے ہیں اور وہ بمقتضیٰ حکم ہمارے کسی طرح کوتاہی نہیں کرتے + یہانتک کہ جب پہنچے تم میں کسی کو موت اُسکو بھریوں ہمارے بھیجے لوگ اور وہ قصور نہیں کرتے + یہانتک کہ جب آتی ہے ایک کو تم میں سے موت قبض کرتے ہیں اُسکو بھیجے ہوئے ہمارے اور وہ نہیں کمی کرتے + تا وقتیکہ بیاید یکے از شمارا مرگ قبض روح او کنند فرستادگان ما و ایشان تقصیر نے کنند + تا وقتیکہ بیاید یکے از شمارا مرگ میراند او را فرشتگان ما و ایہنا تقصیر نے کنند +	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی

* میعاد حیات جو اسکے علم میں مقرر ہے ایک دن پوری ہو

نمبر شمار	آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۸	حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ سورۃ الاعراف رکوع ۴	یہانتک کہ جب ہماری فرشتے انکی روح قبض کرنیکے لئے انکے سامنے آموجود ہونگے تو اُنسے پوچھینگے کہ اب کہاں ہیں جنکو تم خدا کے سوا حاجت روائی کیلئے* یہانتک کہ جب پہنچے اُن پاس بھیجے ہوئے ہمارے جان لینے کو بولے کیا ہوئے جنکو تم پکارتے تھے سوا اللہ کے + یہانتک کہ جب آوینگے اُن کے پاس بھیجے ہوئے ہمارے قبض کرتے ہوئے انکو کہینگے کہاں ہیں جنکو تھے تم پکارتے سوا اللہ کے + تاوقتیکہ بیایند نزدیک ایشاں فرستادگان ما تا قبض ارواح ایشاں کنند گویند کجاست آنچہ شما پرستید بجز خدا + تاوقتیکہ آمدند باینہا فرستادگان ما تا قبض کنند ارواح اینہا را گویند کجا اند آن بتاں کہ بودید شما پرستندگان از غیر خدا +	مولوی نذیر احمد دہلوی شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۹	رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ؕ سورۃ الاعراف رکوع ۱۴	کہ اے ہمارے پروردگار ہم پر صبر کی کچھالیں انڈیل دے اور اپنی فرمانبرداری کی حالت میں ہم کو دنیا سے اُٹھالے + کہ اے رب دہانے کھول دے ہم پر صبر کے اور ہم کو مار مسلمان + اے رب ہمارے ڈال اوپر ہمارے صبر اور مار ہم کو مسلمان کر کر + اے پروردگار ما بریز بر ما شکیبائی و قبض ارواح ما کن در حالیکہ مسلمان باشیم + اے پروردگار ما بریز بر ما شکیبائی و بمیران ما را گردن نہادگان +	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۱۰	وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ سورہ یونس رکوع ۵	اے پیغمبر جیسے جیسے عذاب کے ہم اُن لوگوں سے وعدے کرتے ہیں چاہے ہم تم کو اُن میں سے کچھ وعدے کا وقوع دکھائیں یا وقوع سے پہلے تم کو دنیا سے اُٹھالیں اور اگر ہم دکھاوینگے تجھکو کوئی اُن وعدوں میں سے جو دیتے ہیں اُنکو یا پوری کر دینگے تیری عمر + اور اگر دکھاویں ہم تجھکو بعض چیز کہ جو وعدہ دیتے ہیں ہم اُنکو یا قبض کر لیویں تجھکو پس طرف ہماری ہے پھر آنا اُنکا + واگر بنمائیم ترا بعض آنچہ وعدہ میکنیم بایشاں یا بمیرانیم ترا بہر حال بسوئے ما رجوع ایشاں است + اگر بتا ئیم ترا لختے آنچہ وعدہ دادہ ایم اینہا را یا اگر بمیرانیم ترا پس بسوئے ما ست بازگشت اینہا +	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی

* بلایا کرتے تھے

نمبر شمار	آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۱۱	فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ سورہ یوسف رکوع ۱۱	اے آسمان وزمین کے پیدا کرنیوالے دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا کارساز ہے تو اب مجھکو اپنی فرمانبرداری کی حالت میں دنیا سے اُٹھالے اور مجھکو اپنے نیک بندوں میں داخل کر۔	مولوی نذیر احمد
		اے پیدا کرنیوالے آسمان وزمین کے تو ہی میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں موت دے مجھکو اسلام پر اور ملا مجھکو نیک بختوں میں +	شاہ عبد القادر
		اے پیدا کرنیوالے آسمانوں کے اور زمین کے تو ہی ہے دوست بھی کارساز میرا بیچ دنیا اور آخرت کے قبض کر مجھکو مطیع اپنا اور ملا دے مجھکو ساتھ صالحوں کے	شاہ رفیع الدین
		اے پیدا کنندہ آسمانہا وزمین تو ئی کارساز من در دنیا و آخرت مسلمان بمیران مارا ولاحق کن مرا بصالحان +	شاہ ولی اللہ
		اے آفرینندۂ آسمانہا وزمین تو ئی یار من در دنیا و آخرت وبمیران مرا مسلمان و در رسان مرا بشائستگان +	شیخ سعدی
۱۲	وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ سورۂ رعد رکوع ۶	اور اگر بعض عذاب وغیرہ کے جیسے جیسے چاہے ہم بعض وعدے ہم تمہاری زندگی میں تمکو پورے کر دکھائیں اور اُن وعدوں کے وقوع سے پہلے تمکو دنیا سے اُٹھا لیں	مولوی نذیر احمد
		اور یا کبھی دکھادیں ہم تجھکو کوئی وعدہ جو دیتے ہیں اُنکو یا تجھکو بھر لیویں سو تیرا ذمہ تو پہنچانا ہی اور ہمارا ذمہ حساب لینا +	شاہ عبد القادر
		اور اگر دکھلادیں ہم تجھکو بعض وہ چیز جو وعدہ دیتے ہیں ہم اُنکو یا قبض کر لیویں تجھکو پس سوائے اسکے نہیں کہ اوپر تیرے پیغام پہنچانا ہی اور اوپر ہمارے حساب لینا	شاہ رفیع الدین
		اگر بنمایم ترا بعض آنچہ وعدہ میکنیم بایشان یا قبض روح تو کنیم ہر حال جزاین نیست کہ بر تو پیغام رسانیدن ست و بما حساب	شاہ ولی اللہ
		اگر بنمایم ترا بعضے از انچہ وعدہ دادہ ایم اینہا را یا میرانیم ترا پس جزاین نیست کہ بر تست رسانیدن پیغام و بر ماست حساب	شیخ سعدی
۱۳	قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ سورۃ النحل رکوع ۴	جن لوگوں کو دنیا میں حق بات کی سمجھ دیگئی تھی وہ بول اُٹھینگے کہ آجکے دن فضیحت اور خرابی کافروں پر ہے کہ دنیا میں بھی جسوقت فرشتوں نے انکی روحیں قبض کی تھیں یہ لوگ ظلم کرنیوالے تھے	مولوی نذیر احمد
		بولینگے جنکو خبر ملی تھی بے شک رسوائی آجکے دن اور بُرائی منکروں پر ہے جن کی جان لیتے ہیں فرشتے اور وہ بُرا کر رہے ہیں اپنے حق میں +	شاہ عبد القادر
		کہینگے وہ لوگ کہ دیئے گئے تھے علم تحقیق رسوائی آجکے دن اور بُرائی اوپر کافرونکے ہے جو قبض کرتے تھے اُنکو فرشتے اُس حالت میں کہ ظلم کرنیوالے تھے اپنے اوپر	شاہ رفیع الدین
		گویند اہل علم ہر آئینہ رسوائی وسختی امروز بر کافران ست آنانکہ قبض ارواح ایشاں میکردند فرشتگان حال آنکہ ستمگار بودند بر خویش +	شاہ ولی اللہ
		گویند آنانکہ دادہ شد دانش بدرستیکہ خواری دریں روز و بدی بر کافران ست آنانکہ فرا گیرند روح ایشاں فرشتگان در حالتیکہ ستمگار اند بر ذاتہائے خود	شیخ سعدی

۲۱۲

+ بہر حال ہمارے احکام کا پہنچا دینا تمہارا کام ہی اور اُن سے حساب لینا ہمارا

+ خدا بنا کر اپنے اوپر ستم کر رہے تھے۔

نمبر شمار	نام آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۱۴	كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ سورۃ النحل رکوع ۴	پرہیزگاروں کو اللہ ایسا ہی عوض دیتا ہے جنکی جانیں فرشتے ایسی حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ شرک کی گندگی سے پاک صاف ہوتے ہیں ایسا ہی بدلا دیگا اللہ پرہیزگاروں کو جنکی جان لیتے ہیں فرشتے اور وہ ستھرے ہیں + اسی طرح خبر دیتا ہے اللہ پرہیزگاروں کو جو لوگ قبض کرتے ہیں اُنکو فرشتے اُس حالت میں کہ پاکیزہ ہیں + ہمچنیں خبر میدہد خدا متقیان را آنانکہ فرشتگان قبض ارواح ایشاں میکنند حالانکہ شادمان باشند + مانند این جزا میدہد متقیاں را آنانکہ میرانند ایشاں را فرشتگان درحالتیکہ پاک باشند +	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۱۵	وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ سورۃ النحل رکوع ۹	اور اللہ خدا ہی نے تم کو پیدا کیا پھر وہی تمہاری روحیں قبض کرتا ہے اور تم میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو عمر کی بدترین حالت کی طرف پھیرے جاتے ہیں اور اللہ نے تم کو پیدا کیا پھر تم کو موت دیتا ہے اور کوئی تم میں پہنچتا ہے نکمی عمر کو کہ سمجھ کے پیچھے کچھ نہ سمجھنے لگے + اور اللہ نے پیدا کیا تم کو پھر قبض کریگا تم کو اور بعض تم میں سے وہ شخص ہے کہ پھیرا جاتا ہے طرف ناکارہ عمر کے تو کہ نہ جانے پیچھے جاننے کے کچھ خدا آفرید شمارا باز میراند شمارا و شما کسے ست کہ عاید کردہ میشود بخوارترین عمر مآش آنکہ نداند بعد دانستن چیزے را وخدا بیافرید شمارا پس بمیراند شمارا و شما را کسے ست کہ باز گردانیدہ شود بسوئے خوارترین عمر۔ مآش آنکہ نداند بعد از دانستن چیزے	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۱۶	وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ سورۃ الحج رکوع ۱	تم میں سے کوئی کوئی تو عمر طبعی سے پہلے مرجاتا ہے اور کوئی کوئی سب سے زیادہ نکمی عمر یعنی بڑھاپے کی طرف لوٹا کر لایا جاتا ہے کہ سب کچھ جاننے پیچھے + اور کوئی تم میں پورا بھر لیا اور کوئی تم میں پھر چلایا نکمی عمر تک تا سمجھ کے پیچھے کچھ نہ سمجھنے لگے + اور بعض تم میں سے وہ شخص ہے کہ قبض کیا جاتا ہے اور بعض تم میں سے وہ ہے کہ پھیرا جاتا ہے طرف ناکاری عمر کے تو کہ نہ جانے پیچھے جاننے کے کچھ از شما کسے بود کہ قبض ارواح او کردہ آید و از شما کسے بود کہ باز گردانیدہ شود بہ بدترین عمر تا نداند از پس چیزے یرا بعد ازاں کہ میدانست + واز شما کسے بود کہ میرد و از شما کسے بود کہ گردانیدہ شود بسوئے فرومترین زندگانی تا نداند از پس دانش چیزے را	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی

+ لوٹائے جاتے ہیں تاکہ بہتیرا کچھ جانا بوجھے پیچھے ایسے نہ رہے ہو جائیں کہ کچھ نہ جان سکیں + اخیر میں ستر بہتر ہو کر کچھ سمجھے بوجھے خاک نہیں

نمبر شمار	آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۱۷	قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ سورۃ السجدہ رکوع ۱	اے پیغمبر ان لوگوں سے کہو کہ ملک الموت جو تم پر تعینات ہے وہی تمہاری روحوں کو قبض کرتا ہے + لوگو کہ بھر لیتا ہے تم کو فرشتہ موت کا جو تم پر تعین ہے پھر اپنے رب کی طرف پھر جاؤ گے + کہ قبض کریگا تم کو فرشتہ موت کا وہ جو مقرر کیا گیا ہے ساتھ تمہارے پھر طرف رب اپنے کے پھیرے جاؤ گے + بگو قبض روح شما میکند ملک الموت کہ گماشتہ شدہ است بر شما باز بسوئے پروردگار خویش گردانیدہ شوید + بگو میراند شمارا فرشتۂ مرگ آنکہ برگماشتہ شدہ است بشما پس بسوئے خداوند باز گردیدہ شوید	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۱۸	اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰى اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى سورۃ الزمر رکوع ۵	لوگوں کے مرتے تک اللہ اُنکی روحونکو اپنے پاس بلا لیتا ہے اور جو لوگ موے نہیں اُنکی روحیں بھی اُنکے سوتے وقت خدا کی طرف بلا لی اللہ کھینچ لیتا ہے جانیں جب وفت ہے اُنکے مرنے کا اور جو نہیں مریں اُنکی نیند میں پھر رکھ چھوڑتا ہے جن پر مرنا ٹھہرایا + اور خدا قبض کر لیتا ہے جانوں کو نزدیک موت اُنکی کے اور جو نہیں موے قبض کر لیتا ہے انکو بیچ نیند اُنکی کے + خدا تعالیٰ قبض ارواح میکند نزدیک موت آن روح کہ نہ مردہ است قبض آن میکند نزدیک خواب آن + خدا قبض میکند روحہا را ہنگام موت انہا و آنرا کہ نہ مردہ است در خواب او +	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۱۹	وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ سورۃ المومن رکوع ۷	اور تم میں سے کوئی کوئی ان دنیوں سے پہلے بھی مر جاتا ہے اور جنکو جوانی یا بڑھاپے تک زندہ رکھا جاتا ہے کہ تم لوگ موت کیوقت مقرر تک پہنچو اور کوئی تم میں کہ بھر لیا پہلے اس سے اور جب تک پہنچو لکھے وعدے کو اور شاید تم سمجھو + اور تم میں سے وہ ہے کہ مر جاتا ہے پہلے اس سے اور نوکہ پہنچو وقت مقرر کو اور نوکہ تم عقل پکڑو + و بعض از شما کسے ہست کہ قبض روح او کردہ شود پیش ازین و باقی میگزارد تا بر سید بمدتے معین و تا بود کہ بفہمید + و از شما کسے باشد کہ میرانیدہ شود پیش ازین و نگاہ میدارد تا بر سید بمدتے نام بردہ و باشد کہ شما بدانید +	مولوی نذیر احمد شاہ عبد القادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی

۲۱۷

* جاتی ہیں

نمبر شمار	آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۴۰	فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ج فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ سورۃ المومن رکوع ۸	تو اے پیغمبر صبر سے بیٹھے رہو بیشک خدا کا وعدہ برحق ہے تو عذاب کے جیسے جیسے وعدے ہم اُن لوگوں سے کرتے ہیں اُن میں سے کچھ تم کو دکھائیں یا اُنکے وعدوں کے واقع ہونے سے پہلے تم کو دنیا سے اُٹھالیں + تو ٹھیرا رہ بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے پھر اگر کبھی ہم دکھا دیں تجھ کو کوئی وعدہ جو اُن کو دیتے ہیں یا بھر لیں تجھ کو پس اگر دکھلاویں ہم تجھکو بعضی وہ چیز کہ وعدہ دیتے ہیں ہم اُن کو یا قبض کریں تجھکو پس ہماری ہی طرف پھیرے جاوینگے + پس اگر بنمائیم ترا بعض آنچہ وعدہ میدہیم ایشانرا فہما و اگر قبض روح تو کنیم پس بسوئے ما باز گردانیدہ شوند کافران + پس اگر بنمائیم ترا برخے از آنچہ وعدہ دادیم اینہارا یا اگر بمیرانیم ترا پس بسوئے ما باز گردیدہ خواہید شد +	مولوی نذیر احمد شاہ عبدالقادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی
۲۱	فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ سورہ محمد رکوع ۳	پھر اُس وقت اُن کی کیسی گت بنیگی جب فرشتے اُن کی روحیں قبض کرتے اور اُن کے مونہوں پر اور اُن کے چوتڑوں پر مارتے جاتے ہونگے + پھر جب کیا ہوگا کہ فرشتے جان نکالیں گے اُن کی مارتے جائے اُن کے مُنہہ پر اور پیٹھ پر + پس کیونکر ہوگا حال اُنکا جس وقت قبض کرینگے فرشتے اُنکی جان مارتے ہونگے مُنہہ اُنکے اور پیٹھیں اُن کی + پس چگونہ باشد حال وقتیکہ قبض روح ایشاں کنند فرشتگان میزنند روہائے ایشانرا و پشتہائے ایشانرا + پس چگونہ باشد حال ایہا وقتیکہ قبض کنند جان ایہارا در حالتیکہ میزنند گزرہا بروہائے ایہا و پشتہائے ایہا +	مولوی نذیر احمد شاہ عبدالقادر شاہ رفیع الدین شاہ ولی اللہ شیخ سعدی

اِن آیات متذکرہ بالا میں جو متفرق لوگوں کے باب میں ہیں جن میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی داخل ہیں کل مقامات پر قبضِ روح اور موت کے معنے لئے گئے ہیں اور یہی تراجم ہیں جو اجمل مسلم و مستند ہیں اور جن کا ہندوستان میں عام رواج ہے۔ ایک ترجمہ تو مولوی نذیر احمد صاحب دہلوی کا ہے جو حال میں شائع ہوا ہے لیکن جہانتک دیکھا گیا ہے پبلک نے اس کو بہت پسند کیا ہے گو اُنہوں نے تقویٰ سے کام نہیں لیا اور بہت سے مقامات پر غلط معنے کئے ہیں اور بہت سے محاورات بازاری بھی داخل کر دئے ہیں اور برخلاف اعتقادِ ذاتی محض علماء کے ڈر سے کمزور حاشئے لکھدئے ہیں تاکہ فروخت بند نہ ہو جائے اس لئے ہم نے اسکو بھی درج کر لیا ہے باقی دو اُردو اور دو فارسی ترجمہ ہیں اُردو تو شاہ رفیع الدین صاحب اور شاہ عبدالقادر صاحب پسران شاہ ولی اللہ صاحب کے ہیں اور ایک ترجمہ فارسی شاہ ولی اللہ محدثِ دہلوی کا ہے اور دوسرا شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کا عام طور سے مشہور ہے وَالْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰہِ غرض یہ پانچ ترجمے ہیں جو ہندوستان میں عام طور پر مروج ہیں۔ سب میں لفظ توفی کے معنے قبض روح اور موت آیا ہے البتہ شاہ عبدالقادر صاحب نے اکثر جگہ معنے بھر لینا کے کئے ہیں جن کا مطلب قبض روح سے ہے بعض جگہ لے لینا معنے کئے گئے ہیں جس کے معنے موت ہی کے ہیں کیونکہ یہ عام محاورہ ہے کہ جب کوئی مرجاتا ہے تو لوگ بھی بطور تادب بولتے ہیں کہ آج فلانے کو اللہ نے لے لیا یعنی مار دیا اس محاورہ کو شاہ رفیع الدین صاحب نے زیادہ تر برتا ہے +

جب ہم آیات زیر بحث یعنی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ اور فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کے معانی پر جو اِن مترجموں نے کئے ہیں غور کرتے ہیں تو پایا جاتا ہے کہ جو ترجمہ اُنہوں نے دیگر آیات کا کیا ہے جو ہم نقشہ بالا میں دکھا آئے ہیں وہی ترجمہ ان دونوں آیات کا بھی کیا ہے۔ جو مفہوم دیگر آیات کے ترجمہ سے لیا جا سکتا ہے وہی ان آیات کے ترجمہ سے لینا چاہئے۔ لہذا ہم ان آیات کا ترجمہ بھی اُنہی بزرگواران سے جدول ذیل میں پیش کرتے ہیں +

نمبر شمار	آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۱	یٰعِیْسٰٓی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ	اے عیسےٰ میں تمہاری رہنے کی مدت پوری کر کے ہم اپنی طرف اُٹھا لینگے	مولوی نذیر احمد
		جبوقت کہا اللہ نے اے عیسےٰ میں تجھکو بھر لونگا اور اُٹھا لونگا اپنی طرف	شاہ عبدالقادر

نمبر شمار	آیت قرآن کریم	ترجمہ	نام مترجم
۱	وَرَافِعُكَ إِلَيَّ سورہ آل عمران رکوع ۶	جسوقت کہا اللہ نے اے عیسیٰ تحقیق میں لینے والا ہوں تجھکو اور اُٹھانے والا ہوں تجھ کو اپنی طرف +	شاہ رفیع الدین
		آنگاہ کہ گفت اے عیسیٰ ہر آئینہ من گیرندۂ توام و بردارندہ توام بسوئے خود	شاہ ولی اللہ
		چوں گفت خدا کہ اے عیسیٰ بدرستی من ترا گیرندۂ توام و بردارندہ ترا بسوئے من	شیخ سعدی
۲	فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ سورۃ المائدہ رکوع ۱۶	پھر جب تو نے مجھکو دنیا سے اُٹھا لیا تو تو ہی اُنکا نگہبان تھا	مولوی نذیر احمد
		پھر جب تو نے مجھے بھر لیا تو تو ہی خبر رکھتا اُن کی	شاہ عبدالقادر
		پس جب قبض کیا تو نے مجھکو تھا تو ہی نگہبان اوپر اُنکے	شاہ رفیع الدین
		پس وقتیکہ برگرفتی مرا تو بودی نگہبان برایشان	شاہ ولی اللہ
		پس آن ہنگام کہ مرا گرفتی تو بودی تو نگہبان بر ایشان	شیخ سعدی

ان آیات اور آیات ماسبق میں توفی کے معنے قبض کے بھی لئے گئے ہیں اور شاہ عبدالقادر صاحب بھی قبض ہی کے معنے لیتے ہیں کیونکہ بھر لینا اُن کے محاورہ میں قبض ہی سے مراد ہے اور اس بنا پر بعض نادان کہدیا کرتے ہیں کہ قبض سے موت کہاں ثابت ہوتی ہے کیونکہ قبض کے معنے کل کا کل قبضہ میں لے لینا ہے۔ یہ بات اُن کی سراسر جہالت پر مبنی ہے۔ قبض کے معنے ہمیشہ قبض روح سے مراد ہوتی ہے جبکہ وہ ذوالعقول کے لئے مستعمل ہوتا ہے جسکی تصدیق احادیث ذیل سے ہوتی ہے +

(۱) مَا قَبَضَ اللّٰهُ تَعَالٰى نَبِيًّا إِلَّا فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي يُحِبُّ أَنْ يُدْفَنَ فِيهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ أَبِي بَكْرٍ +

ترمذی نے حضرت ابوبکر سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نبی کو اللہ تعالیٰ نے وفات دی اُسکو اُسجگہ پر دی کہ جہاں وہ نبی دفن ہونا پسند کرتا تھا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹ +

(۲) مَا مَاتَ نَبِيٌّ إِلَّا دُفِنَ حَيْثُ يُقْبَضُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ +

ابن ماجہ حضرت ابوبکر سے روایت کرتے ہیں کہ جو نبی مرگیا تو اُس کو اُسی جگہ دفن کیا گیا

جہاں اُس کی روح قبض ہوئی دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹ +

(۳) مَامِنْ نَبِیٍّ تَقْدِرُ اُمَّتُہٗ عَلٰی دَفْنِہٖ اِلَّا دَفَنُوْہُ فِی الْمَوْضِعِ الَّذِیْ قُبِضَ فِیْہِ رَوَاہُ الرَّافِعِیُّ مِنْ طَرِیْقِ الزُّبَیْرِ بْنِ بُکَّارٍ

امام رافعی زبیر بن بکار کے طریق پر روایت کرتا ہے کہ کوئی بھی نبی نہیں جس نے اپنی امت کو اپنے دفن کے لئے اختیار دیا ہو بلکہ امت کے لوگوں نے اُسی جگہ اُس کو دفن کیا ہے جہاں اُس کی جان قبض ہوئی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۲۰ +

اِن حدیثوں سے ثابت ہے کہ قبض کے معنے بھی قبضِ روحِ تام ہے۔ پھر جن بزرگوں نے توفی کے معنے قبض کے لئے ہیں اُن سے اُن کی مُراد موت ہی تھی۔ پس کسی کو حق نہیں کہ اب اُن کے معانی کی اپنے خیال کے موافق تاویل کرے +

جب ثابت ہو گیا کہ اُنکے معنے بھی وہی ہیں جو دیگر آیات میں کئے گئے ہیں تو اب زیر بحث آیات کے معنے نکالنا اور مفہوم لینا اور دیگر کل آیات کا مفہوم موت یا قبضِ روح لینا دانش اور عقلمندی کے خلاف ہے کیونکہ جب قرآن شریف کا محاورہ بھی یہی ہے تو ایسی حالتمیں اختلاف کرنا خدا تعالیٰ کی کلام پاک کو جو سراسر حکمت اور نور سے بھرپور ہے جائے اعتراض قرار دینا ہے۔ کیونکہ وہ حکیم و خبیر خدا خوب جانتا تھا کہ لوگوں نے اس لفظ پر ٹھوکر کھائی ہے اور انہی الفاظ کو اپنی دلیل ٹھہرانا ہے تو کیونکر ایسے مشتبہ اور ذو معنے الفاظ استعمال کرنا پسند کرتا ورنہ یہی سمجھا جائیگا کہ معاذ اللہ خود اللہ تعالیٰ نے مشتبہ الفاظ استعمال کر کے لوگوں کو دھوکہ میں ڈالنا اور ہلاکت کے گڑھے میں پھینکنا چاہا تھا سُبْحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یَصِفُوْنَ اُس قدوس خدا کی شان سے بالاتر ہے کہ ایسا کرے یہ سب اُن لوگوں کی غلطی ہے جو قرآن شریف کی اصطلاح کو ترک کر کے اپنے من گھڑت معنے لیتے ہیں حالانکہ عموماً دیکھتے ہیں کہ ایک لفظ کے لغت عرب میں کئی معنی ہوتے ہیں لیکن کسی خاص کتاب میں جب کسی لفظ کو بار بار لایا جاتا ہے تو وہاں یہی سمجھا جاتا ہے کہ مصنف کی اس لفظ کے لانے سے یہ منشا ہے مثلاً قانون یا طب کی کتابوں میں خاص خاص الفاظ کو اصطلاح ٹھہرا لی جاتی ہے تو پھر اُسی کتاب میں جب کبھی اُن علوم کی کتابوں میں وہ لفظ آئیگا اُس کے وہی معنے لئے جائینگے جو مصنف اپنی اصطلاح قرار دے چکے ہیں۔ مثلاً قانون کی کتابوں میں انجیمنٹ ایک انگریزی لفظ آتا ہے تو اُس کے معنے قرقی کے لئے جاتے ہیں گو لغت میں اس لفظ کے معنے محبت۔ اُلفت لگاؤ وغیرہ کے بھی

بھی ہیں ایسا ہی علم طبابت میں جب لفظ موشن آئیگا تو اُس کے معنے دست یا پاخانہ کے ہونگے لیکن جب لغت میں اس کے معنے دیکھے جائیں تو حرکت۔ نقل مکان وغیرہ کے معنے بھی ہونگے۔ ایسا ہی علم منطق میں قضیہ کبریٰ وصغریٰ آتا ہے مگر یہی لفظ قضیہ علم فقہ یا قانون میں دوسرے معنے دیگا مگر منطق میں خاص معنے دیگا یہی حال تمام فنوں کا ہے۔ چنانچہ ریلوے سٹیشن یا ریلوے کے محکمہ میں جب ٹکٹ کا ذکر آئیگا تو صرف اُسی ٹکٹ سے مراد ہوگی جس کے ذریعے انسان ایک مقام سے دوسرے مقام تک سفر کرسکتا ہے درزی کی دُکان پر جب ٹکٹ کا ذکر آئیگا تو صرف اُسی تاگہ سے مراد ہوگی جس سے وہ کپڑے سیتا ہے۔ ڈاکخانوں میں جب ٹکٹ کا ذکر ہوگا تو صرف اُسی ٹکٹ سے مراد ہے جو خطوط پر چسپاں کیجاتی ہے جب عدالت میں ٹکٹ کا نام آئیگا تو اُس سے مراد ہوگی جو سٹام کے کاغذ پر ہوتی ہے غرض ہر محکمہ کی الگ الگ اصطلاح ہوتی ہے +

لہذا ضروری طور سے ماننا پڑتا ہے کہ جب انسانوں کی اصطلاح کو اس قدر وقعت دیجاتی ہے اور اُن کی مقررہ اصطلاح کو یقیناً اُسی طرح ماننا پڑتا ہے جس کے لئے وہ لفظ وضع کیا گیا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی اصطلاح کو جو قرآن شریف جیسی مقدس اور معتمد علیہ کتاب میں ہے نہ مانا جائے۔ حالانکہ اس قرآن کریم میں اس قسم کے بہت سے اصطلاحی الفاظ ہیں۔ مثلاً صلوٰۃ۔ صوم۔ زکوٰۃ وغیرہ۔ کیا کسی نے یہ شبہ کیا کہ لغت میں صلوٰۃ کے معنے چوتڑ ہلانے کے ہیں اس لئے موجودہ طریق نماز کی کیا ضرورت ہے یا صوم کے معنے لُغت میں شتر مرغ کی مینگنی کے ہیں تو کیا کوئی شخص یہ کہدے کہ لغت عرب میں اس کے معنے شتر مرغ کی مینگنی کے ہیں ہم روزے کیوں رکھیں اور ایسا ہی زکوٰۃ کے معنے تزکیہ کے ہیں۔ کوئی کہنے والا کہدے کہ میں زکوٰۃ متعارفہ کو نہیں مانتا لغت میں اس کے معنے تزکیہ نفس کے ہیں تو کیا ہم ان معانی کو تسلیم کرسکتے ہیں یہ ہم مانتے ہیں کہ آیات متذکرہ بالا میں دو مقامات پر نیند کے معنے لئے گئے ہیں اور تم جانتے ہو کہ نیند کی حالت میں روح ناقص طور سے قبض کیجاتی ہے اور موت کی حالت میں قبض تام ہوتا ہے لیکن دونوں صورتوں میں جسم بیکار اور معطل رہتا ہے اس لئے کہا جاتا ہے کہ اَلنَّوْمُ اَخُو الْمَوْتِ یعنے نیند بھی موت کی بہن ہے شاید کسی کو یہاں پر یہ گمان ہو کہ جب توفی کا استعمال نیند کے معنوں میں آگیا تو بہرحال لفظ توفی نوم اور موت

دو قولوں پر شریک ہوا تو ایسی حالت میں اگر مسیح کو سویا ہوا مان لیں تو کیا ہرج ہے۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ علم بلاغت کا قاعدہ ہے کہ جب کسی لفظ کو اُس کے حقیقی معنے سے پھیر کر مجازی کی طرف لایا جائے تو وہاں قرینہ صارفہ کا ہونا لازمی اور لابدی ہوتا ہے۔ چنانچہ هُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِالَّیْلِ اور آیت اَللّٰهُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِهَا کا قرینہ صارفہ موجود ہے۔ جس سے صاف پایا جاتا ہے کہ توفی کے اصلی اور حقیقی معنے موت کے ہی ہیں جسکی تصدیق تفسیر البحر المحیط لامام ابی حیان جلد ۴ صفحہ ۱۴۶ سے ہوتی ہے چنانچہ زیر آیت وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِالَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُکُمْ فِیْهِ یوں لکھا ہے

اَلتَّوَفِّیْ عِبَارَةٌ فِی الْعُرْفِ عَنِ الْمَوْتِ وَهُنَا الْمُعَنّٰی بِهِ النَّوْمُ عَلٰی سَبِیْلِ الْمَجَازِ لِلْعَلَامَةِ الَّتِیْ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْمَوْتِ وَهِیَ زَوَالُ اِحْسَاسِهٖ وَمَعْرِفَتِهٖ وَفِکْرِهٖ +

تَوَفّٰی کے معنے عرف میں موت کے ہیں اور یہاں مجاز کے طور پر نیند کے معنے لئے گئے ہیں اُس علامت کی وجہ سے جو مابین نیند اور موت کے ہے اور وہ علامت احساس اور معرفت اور فکر کا زوال ہے + دیکھو تفسیر مذکور جلد ۴ صفحہ ۱۴۶ +

(۲) تفسیر الدر اللقیط من البحر المحیط لامام تاج الدین ابی محمد احمد بن عبد القادر الفیسی الحنفی النحوی برحاشیہ بحر محیط جلد ۴ صفحہ ۱۴۶ زیر آیہ هُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ یوں لکھا ہے +

وَالتَّوَفِّیْ عِبَارَةٌ فِی الْعُرْفِ عَنِ الْمَوْتِ وَهُنَا الْمُعَنّٰی بِهِ النَّوْمُ عَلٰی سَبِیْلِ الْمَجَازِ لِلْعَلَامَةِ الَّتِیْ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْمَوْتِ +

توفی کے معنے عرف میں موت کے ہیں اور یہاں پر معنے نیند کے ہیں جو بسبیل مجاز لئے گئے ہیں بوجہ اُس علامت کے جو مابین نیند و موت کے ہے۔ دیکھو تفسیر مذکور جلد ۴ صفحہ ۱۴۶ بر حاشیہ تفسیر بحر المحیط +

اگر نیند کے معنے بھی بالفرض مان لیں تو بھی اس میں قبض روح ہوتا ہے۔ مگر ناقص اس لئے ماننا پڑا کہ جب حضرت مسیح علیہ السلام کی روح قبض ہوئی تو اُسی روح کا رفع ہوا جسم کا تو کسی صورت میں رفع ثابت نہ ہوا کیونکہ نیند میں جسم بیکار رہتا ہے لہذا جو لوگ حضرت مسیح کی نیند کے قائل ہیں اُن کا ذمہ ہے کہ دکھائیں کہ حضرت مسیح کا جسم کہاں پڑا ہے اگر کسی مولوی نے اسکو کسی خاص کوٹھری یا قبر یا کسی غار میں بطور ودیعت چھپا رکھا ہے تو اول بذریعہ اشتہار شائع کر دیں تاکہ آخری زمانہ میں اُسی جگہ سے لوگ اُن کو اُٹھتے

ہوئے دیکھ لیں ورنہ بلا اطلاع اُٹھ کھڑے ہوئے تو اُن کو کوئی تسلیم نہیں کریگا اور اُن بیچاروں کو بہت مشکل کا سامنا ہو جائیگا +

لیکن کہاں مسیح اور کہاں اُس کا جسم وہ تو مر کے پاک روحوں میں جا کر مل گئے اور بہشتِ بریں کی سیر کر رہے ہیں جسکا ثبوت ہم نے آگے چل کر دیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارواحِ انبیاء سے ملے تھے نہ کہ انبیا کے اُن کثیف اجسام کے ساتھ ملاقات کی تھی۔ بہرحال جو لوگ اس بات کے مدعی ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مع الجسد آسمان پر چلے گئے یہ اُن کے ذمہ ثبوت ہے کہ دُنیا کی کسی لغت سے دکھائیں کہ رفع کے معنے رفع الی السماء مع الجسد ہیں +

یہ بات بھی یاد رہے کہ لفظ تَوَفّٰی باب تَفَعُّل میں جب آتا ہے تو سوائے موت اور قبضِ روح کے اور کسی معنیٰ پر نہیں آتا اور خاصکر جب اللہ تعالیٰ فاعل اور انسان مفعول ہو تو پھر بجز موت اور قبض روح کے اور کوئی معنے نہیں ہو سکتے جیسا کہ آگے چلکر بخوبی روشن ہو جائیگا مگر اس سے بڑھکر اور کیا بھاری ثبوت ہو سکتا ہے کہ جب حضرت اقدس جناب میرزا صاحب نے اس قسم کا اشتہار دیا کہ اگر کوئی شخص لغتِ عرب میں سے بازمانہ قدیم یا حالی کے اشعار وغیرہ سے ثابت کر دے کہ فلانے مقام پر خدا تعالیٰ فاعل اور انسان مفعول ہے اور پھر معنے موت اور قبضِ روح کے سوا اور معنے پائے جاتے ہیں تو اُس کو ایک ہزار روپیہ انعام دیا جائیگا اور علامۂ زمان حضرت مولانا مولوی نورالدین صاحب حال امیرالمومنین خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ نے بھی وعدہ کیا تھا کہ اگر کوئی ایسا ثبوت پیش کرے تو وہ بھی پانچ ہزار روپیہ مزید براں اپنی جیبِ خاص سے بطور انعام دینگے مگر اس کو اسال کامل ہو گئے آجتک کسی نے بھی ثبوت نہیں دیا۔ پھر کس منہ سے کوئی اعتراض کر سکتا ہے اور یہ عاجز راقم الحروف تمام دنیا کو چیلنج دیتا ہے کہ دنیا بھر کی کتب فقہ۔ کتب احادیث۔ کتب تواریخ یا کسی اور مضمون کی کتاب میں جہاں جہاں لفظ تَوَفّٰی باب تَفَعُّل میں مختلف صیغوں میں آیا ہے وہاں بجز حقیقی موت کے اور کوئی معنے ثابت کر دے تو اُسکو ایک سو روپیہ انعام دیگا +

بعض نادان قرآن شریف کی آیات وَ وُفِّیَتْ کُلُّ نَفْسٍ اور ثُمَّ تُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ

بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْهِمْ اور وَاِبْرَاهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰى اور اِذَا كَالُوْهُمْ يَسْتَوْفُوْنَ پیش کر دیا کرتے ہیں۔ جس سے اُن کی قلتِ علم اور جہالت کا ثبوت ملتا ہے وہ بھلے مانس نہیں جانتے کہ اول الذکر تین آیات میں جو لفظ قُبِضَتْ وَتَوَفَّى وَوَفّٰى آئے ہیں وہ تو باب تَفْعِيْل کے ہیں اور چوتھا لفظ يَسْتَوْفُوْنَ ہے وہ باب استفعال سے ہے اول الذکر الفاظ کے معنے ہیں پُورا دینا اور آخر الذکر کے معنے ہیں پُورا لینا انکو باب تَفَعُّل سے کیا تعلق ہے۔ یہ مانا کہ ان سب کا ماخذ یعنے روٹ لفظ توفی یا وفات یا وفی ہے لیکن علمِ صرف کا عام قاعدہ ہے کہ سوائے چند الفاظ مثلاً نزول وغیرہ کے باقی سب الفاظ دیگر مختلف بابوں میں جاکر خاص خاص معنے دیتے ہیں چونکہ صرف کی ادنیٰ سے ادنیٰ کتابوں میں اس کا ذکر ہے اس لئے مجھے زیادہ بحث کرنے کی ضرورت نہیں جس نے دیکھنا ہو وہاں دیکھ سکتا ہے +

ہم گذشتہ بحث میں ثابت کر چکے ہیں کہ قرآن شریف کے دیگر مقامات پر جو الفاظ توفی کے مختلف صیغوں میں آئے ہیں اُن سے بجز موت اور قبضِ روح کے اور کوئی معنے ثابت نہیں ہوتے الفاظِ متنازعہ فیہا میں کیونکر غیر معنے لئے جا سکتے ہیں +

فصل سوم

اس بارہ میں کہ آیات زیر بحث میں لفظ توفی کے معنے موت کے ہیں اور اُن کا ثبوت احادیث سے

جب کلام الٰہی سے توفی کے معنے موت یا قبضِ روح ثابت ہو چکے ہیں تو عقلمندوں کے لئے تو بجز قبول کرنے کے کچھ چارہ نہیں تھا لیکن شاید کوئی یہ کہدے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کے معنے شاید اور طرح کئے ہیں اس لئے ہم نہیں مانتے کیونکہ قرآن کو وہی سمجھ سکتے تھے۔ اِس لئے اپنے قیاس پر چلنا اور کچھ معنے سمجھ لینا انصاف و دانش کے خلاف ہے بناءً علیہ ضروری ہوا کہ ہم احادیثِ نبویہ پر توجہ کریں کہ آیا اُن میں کوئی معنے

الفاظِ زیرِ بحث کے پائے جاتے ہیں کہ نہیں اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے لفظ متنازعہ فیہا کے معنے موت ثابت ہو جائیں تو پھر کسی کو کلام کرنے کی کیا گنجایش ہو سکتی ہے کیونکہ قرآنِ کریم کے معنے جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضوان اللہ علیہم سمجھتے تھے اُن سے بڑھکر اور کون سمجھ سکتا ہے۔ بہر حال اُن کے معنے سب پر واجب التسلیم ہیں بنابریں جب ہم حدیثوں پر غور کرتے ہیں تو ثابت ہوتا ہے کہ اَتَمُّ الْکُتُبِ بَعْدَ کِتَابِ اللّٰہِ میں یعنی صحیح بخاری کے حصہ کتاب التفسیر میں یہ لکھا ہے وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مُتَوَفِّیْكَ مُمِیْتُكَ دیکھو بخاری جلد ۲ صفحہ ۶۵۶ مطبوعہ مطبع احمدی۔ اس میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے صرف ابن عباس کا قول درج فرمایا ہے اور سند کوئی نہیں دی لیکن علامہ بدرالدین ابو محمد بن احمد عینی اپنی کتاب عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری المعروف بعینی میں زیرِ قول وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مُتَوَفِّیْكَ مُمِیْتُكَ یوں لکھا ہے

وَقَالَ الْکِرْمَانِیُّ هٰذِهِ الْکَلِمَةُ هٰهُنَا وَاِنْ کَانَتْ مِنْ سُوْرَةِ اٰلِ عِمْرَانَ لِمُنَاسِبَةِ قَوْلِهٖ تَعَالٰی (فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ) وَکِلَاهُمَا مِنْ قِصَّةِ عِیْسٰی تَعْلِیْقُ ابْنِ عباس

کرمانی نے کہا ہے کہ یہ کلمہ یعنی مُتَوَفِّیْكَ سورہ آلِ عمران کا ہے اور یہاں صرف خدا تعالیٰ کے قول فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ کی خاص مناسبت کی وجہ سے لایا گیا ہے کیونکہ یہ دونو آیات حضرت عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق ہیں +

اس کے بعد حضرت ابن عباس کے قول کی یوں اسناد پہنچائی ہے

هٰذَا رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنْ اَبِیْهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِیَةُ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

یعنی اس قول کو ابن ابی حاتم نے روایت کیا ہے اُنہوں نے اپنے باپ سے اور اُن کے باپ نے ابو صالح سے اور ابو صالح نے حضرت معاویہ سے اُنہوں نے علی بن ابی طلحہ سے اور علی نے حضرت ابن عباس سے یہ روایت سُنی تھی۔ دیکھو عمدۃ القاری جلد ۶ صفحہ ۵۹۳ +

اب جبکہ اس قول کی اسناد بھی صحیح طور سے حضرت ابن عباس تک ثابت ہو گئی تو پھر اس میں کیا شک و شبہ رہا۔ اول تو شک کی جگہ پہلے بھی نہیں ہو سکتی تھی جبکہ امام بخاری

جیسے نقادِ فنِ حدیث نے اپنی کتاب بخاری میں درج فرمایا تھا جس میں کوئی حدیث دوگانہ نماز اور دعا کے بغیر درج نہیں کی گئی مگر اب اس سے اور بھی قوت ہوگئی اور یہ آپ کو معلوم ہے کہ حضرت ابن عباس کوئی معمولی انسان نہیں ہیں بلکہ وہ بزرگ ہیں جنکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سینۂ مبارک سے لگا کر یہ دعا کی تھی اَللّٰھُمَّ فَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْہُ التَّاْوِیْلَ یعنی اے اللہ ابن عباس کو دین کی سمجھ اور قرآن شریف کی حقیقی تفسیر سکھلاوے جس شخص کے حق میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کریں وہ کیونکر رد ہوسکتی ہے۔ لہٰذا حضرت ابن عباس کے معنے اور تمام لوگوں سے بڑھکر قابلِ سند ہیں +

دوم ہم دیکھتے ہیں کہ بخاری جلد ۲ صفحہ ۶۶۵ - ۴۷۳ - ۴۹۰ مطبوعہ مطبع احمدی دہلی میں بہ تبدیل الفاظ حدیث ذیل لکھی ہے +

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ یُوْسُفَ نَا سُفْیٰنُ عَنِ الْمُغِیْرَۃِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تُحْشَرُوْنَ حُفَاۃً عُرَاۃً غُرْلًا ثُمَّ قَرَءَ کَمَا بَدَأْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِیْدُہٗ وَعْدًا عَلَیْنَا اِنَّا کُنَّا فَاعِلِیْنَ فَاَوَّلُ مَنْ یُّکْسٰی اِبْرَاھِیْمُ ثُمَّ یُؤْخَذُ بِرِجَالٍ مِنْ اَصْحَابِیْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ اَصْحَابِیْ فَیُقَالُ اِنَّھُمْ لَمْ یَزَالُوْا مُرْتَدِّیْنَ عَلٰی اَعْقَابِھِمْ مُنْذُ فَارَقْتَھُمْ فَاَقُوْلُ کَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ وَکُنْتُ عَلَیْھِمْ شَھِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْھِمْ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْھِمْ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ

محمد بن یوسف نے بیان کیا کہ مجھے سفیان نے مغیرۃ بن النعمان سے اُس نے سعید بن جبیر سے اور سعید بن جبیر نے ابن عباس سے روایت کی کہ اُنہوں نے کہا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ لوگ برہنہ بدن برہنہ پاؤں بلا ختنہ اُٹھائے جائینگے اس کے بعد یہ ایت پڑھی ایسے ننگے ہونگے جیسے خدا فرماتا ہے کہ ہم نے اُن کو جس طرح ابتدا میں پیدا کیا تھا ویسے ہی آخرت کو کرینگے یہ وعدہ ہے جس کو ہم ضرور پورا کرینگے۔ اس کے بعد فرمایا کہ سب سے پہلا شخص جس کو لباس پہنایا جائیگا وہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ہونگے پھر میرے اصحابوں میں سے کچھ ذات الیمین اور کچھ ذات الشمال پکڑے ہوئے لائے جائینگے۔ تو اُس وقت

شَیْءٍ شَهِیْدٌ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

میں خدا تعالیٰ کے دربار میں عرض کرونگا کہ اے اللہ یہ تو میرے اصحاب ہیں تو یہ جواب ملیگا کہ یہ لوگ تو اُس وقت سے جب سے تو اُن سے جدا ہوا مرتد ہو کر اپنی پہلی حالت پر آ گئے تھے تو میں بھی اُسی طرح کہونگا جس طرح اُس نیک مرد یعنی عیسےٰ بن مریم نے کہا تھا کہ میں جب تک اُن لوگوں میں رہا میں اُن کے حالات کو بچشم خود دیکھتا تھا اور جب تُو نے مجھے مار دیا تو پیچھے تو ہی اُن پر نگہبان تھا الیٰ آخرہ +

غور کرنے کی بات ہے کہ یہاں اس حدیث میں جو صحیح بخاری کی حدیث ہے اور طرفہ یہ کہ حضرت ابن عباس ہی اس کے راوی ہیں اس حدیث میں لفظ تَوَفَّیْتَنِیْ آیا ہے جو قرآن کریم میں حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی نسبت تھا یعنی یہ کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی کلام کو بطور نقل اپنے کلام پاک میں درج فرمایا ہے اور یہ اُس وقت کا موقع ہے جبکہ اُن سے پوچھا گیا تھا کہ تو نے اِن لوگوں کو کہا تھا کہ مجھکو اور میری ماں کو سوا خدا کے دو اور خدا مان لینا چنانچہ قرآن شریف پارہ ۷ سورۃ المائدہ رکوع ۱۶ میں یہ آیت ہے +

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۔ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا یَكُوْنُ لِیْ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَا اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَا اَمَرْتَنِیْ بِهٖ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ وَكُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۝

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ سے کہا اے عیسیٰ بن مریم کیا تو نے لوگوں کو کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے سوا دو خدا بنالو۔ تو اسپر حضرت مسیح نے اپنی بریت یوں کرنی چاہی جواب کہا کہ تیری ذات پاک ہے اور ہر عیب سے منزہ ہے اور مجھ سے کیونکر ہو سکتا تھا اور میں کیونکر ایسی بات کہہ سکتا تھا جس کے کہنے کا مجھے حق نہیں تھا اور اگر میں نے اس کو کہا ہے تو تو اُسے جانتا ہی کیونکہ تو اُس بات کو جو میرے نفس کے اندر ہے جانتا ہے اور میں نہیں جانتا کہ تیرے جی میں کیا ہے۔ تو ہی تو بڑا غیب دان ہے امر واقعہ تو یہ ہے کہ میں نے تو ان لوگوں کے آگے وہی بات بیان کی جس کے بیان کرنے کا

تو نے مجھے حکم دیا تھا اور وہ بجز اس کے اور کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے اور میں اُن کو اس بات پر قائم دیکھتا رہا جب تک میں اُن میں رہا اور جب تو نے مجھے مُتَوَفّی کر لیا پیچھے تو ہی نگہبان تھا۔ حدیثِ ماسبق اور قرآن کی ان آیات سے ظاہر ہے کہ دونوں نبیوں کے ساتھ قریب قریب ایک ہی قسم کے واقعے پیش آئے ایک سے تو سوال ہوا اور دوسرے سے سوال نہیں ہوا مگر اُن کے سوال پر جواب ملا کہ دونو کی امت کے لوگ اُس تعلیم سے جو دونوں نے اپنے اپنے وقت میں دی تھی قائم نہیں رہے تھے اور اتنے دور جا پڑے تھے کہ جس سے خدا تعالیٰ اس قدر ناراض ہوا کہ اس بارہ میں اُن کو ملزم کرنے کے لئے نبیوں سے تفتیش فرمائی اور دونوں اُولوالعزم نبیوں نے یکساں الفاظ میں اپنی بریت ظاہر کی کہ ہم جب تک اُن میں تھے ہم تو اُن کو راہِ راست پر اور تیری توحید پر قائم دیکھتے رہے جب تو نے ہمیں مُتَوَفّی کر دیا تو پیچھے تو اُن کے حال کا نگراں تھا ہم تو معذور ہیں۔ یہاں یہ بات قابلِ غور ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت مذکورہ کو اپنی ذاتِ مبارک پر لگا کر اُس کے معنے حل کر دئے اب جو معنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ہو سکتے ہیں وہی حضرت مسیح کیلئے ہونے چاہیں کیونکہ اگر یہ آیت ذو معنے ہوتی تو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جن کو جوامع الکلم دیئے گئے تھے جس کی تصدیق حدیث سے ہوتی ہے + ایسے الفاظ نہ بولتے +

فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِسِتَّةٍ أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ طَهُورًا وَمَسْجِدًا وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ +

نسائی اور مسلم اور ترمذی نے حضرت ابوہریرہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے تمام انبیا پر چھ باتوں پر فضیلت دی گئی ہے۔ ایک تو یہ کہ مجھے جوامع الکلم عطا کئے گئے ہیں دوسری بات یہ کہ رعب دیا گیا ہے تیسری بات یہ کہ میرے لئے غنیمتیں حلال کر دی گئی ہیں اور زمین میرے لئے پاک اور سجدہ گاہ بنائی گئی اور تمام مخلوقات کے لئے رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں اور تمام نبیوں کا خاتمہ میرے پر ہی ہوا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۰۳ پس آنحضرت ایسے الفاظ نہ بولتے کیونکہ ان کو قیامت تک اپنی امت کے حالات سے اطلاع دی گئی

تھی اور جانتے تھے بلکہ قسمیں کھا کھا کر فرما گئے کہ مسیح تم ہی میں سے آئیگا۔ جب اُن کو یہ علم بخوبی تھا تو کیونکر اس لفظ کو اگر اُس کے معنے کچھ اور بھی تھے اپنی ذات کی نسبت استعمال کرتے ورنہ اس سے یہ ماننا پڑیگا کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی اس امت میں فساد ڈالنا چاہا ہے مَعَاذَ اللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ آن ذاتِ بابرکات ایسے اتہام سے پاک ہے۔ پس لامحالہ تسلیم کرنا پڑا کہ جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوکر زیر زمین مدفون ہیں ایسا ہی حضرت عیسیٰ بھی زیر زمین مدفون ہیں۔ رہی یہ بات کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو مزار شریف مدینہ منورہ میں موجود ہے تو نظرۃً یہاں پر یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ پھر حضرت عیسیٰ کی قبر کہاں ہے سو اس کا ذکر دوسرے موقع پر آئیگا اور ہم بتا دینگے کہ اُن کی قبر بھی صفحۂ دنیا پر موجود ہے اور لوگ اُس کی زیارت کے لئے جاتے اور دعائیں مانگتے ہیں راقم آثم بھی زیارت سے مشرف ہوا ہے نہ صرف اُنکی قبر سے بلکہ خود مسیح علیہ السلام سے بھی نہ دیگر انبیا علیہم السلام

کیا یہ صحیح ہے کہ مسیح بعد نزول از آسمان مرینگے؟

یہاں پر یہ بات بھی یاد رہے کہ اکثر مولوی یہ کہا کرتے ہیں کہ یہ واقعہ تو قیامت کے روز ہوگا جب مسیح دوبارہ آسمان سے اُتر کر زمین پر آئینگے اور اپنی تبلیغ کے سرانجام دینے کے بعد مرجائینگے تو پھر جب لوگ بگڑ جائینگے تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ یہ سوال کریگا۔ سو اُس کا جواب یہ ہے کہ یہ اُن لوگوں کی سراسر حماقت ہے کیونکہ جیسا حدیث بخاری سے ظاہر ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فَاَقُوْلُ کَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ فرمایا ہے یعنی اپنی نسبت صیغہ مضارع کا جسکے معنے آئندہ کے ہیں استعمال فرمایا ہے اور حضرت عیسیٰ کی نسبت ماضی کا تو اس کا مطلب سوائے ان دو صورتوں کے حل نہیں ہوسکتا یا تو یہ ماننا پڑیگا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے حضرت عیسےٰ سے جواب طلب ہوگا اور جب وہ کہ چکینگے تو بعد ازاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیش ہونگے تب وہی لفظ استعمال کرینگے لیکن یہ بات بالبداہت غلط ہے کیونکہ نہ تو قرآن شریف کی کسی آیت سے اور نہ کسی حدیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے قیامت کے روز اللہ کے حضور میں وہ کلام کرینگے۔ پس یہ بات تو قایم نہیں رہتی دوسری صورت یہ ہے کہ اس قیامت

سے پہلے بھی سوال ہوا ہو سو یہ بات قرین قیاس بھی ہے کیونکہ عالم برزخ میں ثابت ہوتا ہے کہ سوالات ہوتے ہیں اور تعجب نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ سے یہ سوال کیا ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کو اس بات سے بڑا رنج اور غصہ ہوتا ہے کہ کوئی کہے کہ اللہ کا بیٹا ہے چنانچہ قرآن شریف میں سورۃ مریم کے اخیر رکوع میں یہ آیت تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا (دیکھو پارہ مریم رکوع ۶) نزدیک ہے کہ اس بات کے کہنے سے آسمان پھٹ جائیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑیں کہ رحمٰن کا بھی کوئی بیٹا ہے لہٰذا یہی ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے برزخ میں یہ سوال کیا تھا اور اگر بالفرض یہ بھی مان لیں کہ قیامت کے ہی روز یہ سوال ہوگا تب بھی کچھ ہرج نہیں آیت مذکورہ سے اتنا ضرور ثابت ہوتا ہے کہ قوم اُن کی وفات کے بعد بگڑی اور ہم پیچھے حدیث سے ثابت کر آئے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کو اپنی ذات پر چسپاں کر کے مسیح کی وفات پر مہر کر دی ہے اور جیسے اپنی اُمت کا بگڑنا اپنی وفات کے بعد ظاہر کیا ہے ایسا ہی مسیح علیہ السلام نے بھی وفات کے بعد اپنی قوم کے بگڑنے کا اظہار کیا ہے سوال اب یہ ہو سکتا ہے کہ وہ لوگ جو ابتک زندگی کے قائل ہیں اُن کو اس امر کا ثبوت دینا چاہیئے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی اُمت نہیں بگڑی اور ابتک توحید پر قائم ہے لیکن وہ کیا ثبوت دے سکتے ہیں کیونکہ بچہ بچہ اس بات سے واقف ہے کہ نصاریٰ نے تین خدا تسلیم کر لئے ہیں اور وہ اُسی کی ترویج کرتے پھرتے ہیں +

رومن کیتھلک کے گرجوں میں جا کر دیکھیئے کہ علاوہ اللہ تعالیٰ کے حضرت عیسیٰ اور مریم کو بھی اُنہوں نے خدا مان رکھا ہے جب مشاہدہ ظاہر کرتا ہے کہ حضرت مسیح کی قوم بگڑ گئی اور اُنہوں نے تین خدا مان لئے تو ساتھ ہی لازمی اور لابدی طور سے ماننا پڑتا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام بھی دارِ فانی سے رحلت فرما گئے اور زیرِ زمین جا کر بسیرا کر چکے کیونکہ قوم کا بگڑنا حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی وفات کا لازمہ ہے جبکہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں اپنی وفات کے بعد بگڑنا تسلیم کر چکے ہیں تو کون ہے کہ برخلاف اُن کے سچے اظہار کے کوئی اور بات بیان کرے اور دور از قیاس تاویل گھڑے ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کی صداقت اور پھر قرآن شریف کی صداقت میں حرف آتا ہے معاذ اللہ من ذلک +

فصل چہارم

اِس بارہ میں کہ مسیح کی موجودہ زندگی ماننا قیامت میں مسیح کی غلط بیانی کا باعث ہے

اگر اس طرح جیسے مینے اوپر بیان کیا ہے نہ مانا جائے بلکہ یہ مان لیا جائے کہ حضرت عیسیٰ دوبارہ آکر فوت ہو جائینگے اور پھر جی اُٹھنے کے بعد قیامت کے روز یہ عذر کرینگے۔ اچھا اگر اسکو تسلیم ہی کر لیا جائے تو بھی اِن لوگوں کے لئے کوئی مفید اور کار آمد نتیجہ پیدا نہیں ہو سکتا کیونکہ اگر مان بھی لیا جائے کہ یوں ہی ہوگا جیسا کہ آجکل کے کمبخت اور بدنصیب ملاں کہتے ہیں تو پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر معاذ اللہ دروغ بیانی کا الزام عاید ہوتا ہے کیونکہ وہ بجواب سوال رب العرش فرماتے ہیں وَكُنْتُ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ یعنی جب تک میں اُن میں رہا تو میں اُن کے حال کا نگراں تھا۔ اب اگر یہ قبول کر لیا جائے کہ حضرت عیسیٰ جب دوبارہ آئینگے تو پھر فوت ہو کر قیامت کے روز زندہ ہو کر خدا کے حضور میں حاضر ہونگے اور پھر عذر کرینگے تو پھر بڑی مشکل پڑتی ہے کیونکہ اب ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ تمام روئے زمین پر تثلیث کا زور ہے اور ساری دنیا پر اسی تثلیث کا اثر ہو رہا ہے اور اُن کا آنا بھی غالباً صلیب کے زور کے وقت مقدر ہے کیونکہ یکسر الصلیب کے رُو سے صلیب کا توڑنا اُنکا بڑا فرض مقرر کیا گیا ہے تو جب وہ آجائینگے تو آتے ہی کیا مشاہدہ کرینگے۔ یہی جو ہم کر رہے ہیں یعنی یہ کہ تین خدا پوجے جا رہے ہیں اور یہ تو کسی مسلمان کا اعتقاد نہیں اور نہ یہ قرین قیاس ہو سکتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے آسمان سے زمین تک پہنچنے سے پہلے یہ لوگ توحید کے قائل ہو جائینگے بلکہ یہی ہوگا کہ کچھ مدت تک زمین پر رہکر حضرت مسیح تبلیغ میں کوشش کرینگے اور ایک مدت کی جانفشانی اور عرقریزی کے بعد صلیب کے توڑنے پر کامیاب ہونگے تو اب اُس زمانہ کا جو نزول الی الارض اور یکسر صلیب کے مابین اُس کو بسر کرنا پڑیگا علم تو اُن کو ضروری ہوگا اور اُنہوں نے اُن میں رہکر خوب دیکھ بھی لیا ہوگا کہ نصاریٰ لوگ تثلیث پرست تھے تو اب بعد فوت ہو جانے کے اللہ تعالیٰ

کے سامنے بیان کرتے ہیں کہ وہ توحید پر قائم تھے کیونکہ اُنکا بیان ہے ۔ کہ میں جب تک اُن میں رہا میں نے اُن کو اُسی توحید پر ہی پایا کیا یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بیان جھوٹا نہیں ہوگا تو کیا ہوگا کیونکہ وہ دوبارہ آکر بچشم خود دیکھ چکے تھے کہ عیسائی تین خداؤں کے پجاری ہیں اور مخلوقات خدا کو تین خداؤں کی پرستش کی ترغیب دیتے تھے اور خود اُن میں رہکر خوب مشاہدہ بھی کر چکے تھے تو کیا وہ وقت جو نزول سے لیکر تین خداؤں کے پجاریوں کے تائب اور درست ہونے تک ہے مَا دُمْتُ فِيهِمْ میں داخل نہیں ہے ضرور داخل ہے کون انکار کرسکتا ہے جب اس زمانہ میں تین خدا کے پوجنے والوں کو مسیح نے بچشم خود مشاہدہ کر لیا تو پھر اُن کا خدا تعالیٰ کے حضور اس طرح لاعلمی ظاہر کرنا اور غلط بیان دیکر کہنا فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ جب تو نے مجھے مار دیا پیچھے تو نگہبان تھا ۔ کیا دروغگوئی میں داخل نہیں لیکن نبی تو دروغگوئی سے پاک ہوتے ہیں لہذا یہی ماننا پڑیگا کہ پہلے ہی فوت ہو چکے ہیں : دوبارہ آنے کی بات غلط ہے ۔ ورنہ ایک سخت فتور برپا ہوگا اور کسی نبی پر اعتماد نہیں رہیگا ۔ معاذ اللہ من ذلک +

فصل پنجم

اس بارہ میں کہ توفی کے معنے موتِ حقیقی کے ہیں

اب ہم چند ایک مثالیں لفظ تَوَفِّی کی پیش کرتے ہیں جو یا تو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلا یا صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا دیگر بزرگان دین کی زبان سے نکلا اور یہ بھی دکھانا چاہتے ہیں کہ عام بول چال میں اس کا کیونکر استعمال ہے +

اوّل لفظ توفی کا استعمال خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

واضح ہو کہ جب کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے لفظ توفی نکلا ہے تو وہاں پر بجز موت کے اور کسی معنوں میں استعمال نہیں ہوا ۔ دیکھو حدیث ذیل :-

(۱) مَا تَوَفَّى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِيًّا قَطُّ إِلَّا

ابن سعد ابو ملیکہ سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ

دُفِنَ حَيْثُ يُقْبَضُ رُوحُهُ رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِي مَلِيكَةَ +

نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جب کبھی کسی نبی کو وفات دی ہے تو اُس کو بجز اُسی جگہ کے جہاں اُس کی روح قبض ہوئی کسی اور جگہ دفن نہیں کیا گیا کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹ +

(۲) وَقَالَ مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْنٍ زَيْدُ بْنُ يَزِيدَ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَرِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَذْهَبُ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ حَتّٰى تُعْبَدَ اللَّاتُ وَالْعُزّٰى فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُ لَأَظُنُّ حِينَ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدٰى وَدِينِ الْحَقِّ لَآيَةَ إِنَّ ذٰلِكَ تَامًّا قَالَ إِنَّهُ سَيَكُونُ مِنْ ذٰلِكَ مَا شَاءَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ رِيحًا طَيِّبَةً فَيَتَوَفّٰى كُلَّ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ فَيَبْقٰى مَنْ لَا خَيْرَ فِيهِ فَيَرْجِعُونَ إِلٰى دِينِ آبَائِهِمْ +

تفسیر ابن کثیر میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے سُنا ہے۔ کہ رات اور دن معدوم نہیں ہونگے تاوقتیکہ لات وعزیٰ کی پرستش نہ ہو مینے کہا کہ یا رسول اللہ البتہ میں بھی ایسا گمان کرتی تھی۔ لیکن جب یہ آیت نازل ہوئی کہ اللہ وہ ذات پاک ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کیساتھ بھیجا ہے۔ الی اخرہ۔ تو وہ گمان جاتا رہا۔ کیا وہ پورا ہوگیا۔ اُنہوں نے فرمایا۔ کہ انشاء اللہ ضرور دین غالب ہوگا پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ ایک پاک ہوا بھیجیگا تو جس مومن کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہوگا مرجائیگا اور پھر ایسی بات نہیں رہیگی کہ جس میں خیر و برکت ہو لوگ اپنے آبائی دین کی طرف رجوع کر جائیں گے۔ دیکھو تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۳۸۴ و ۳۸۶ +

(۳) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِي إِلٰى ثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طُهْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي بُدَيْلٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

عبد اللہ نے ہمارے پاس حدیث بیان کی اور اُن کے پاس اُنکے باپ نے اور اُنہوں نے یحییٰ بن بکیر سے اُنہوں نے ابراہیم بن طہمان سے اُنہوں نے بدیل سے اُنہوں نے حسن بن مسلم سے اُنہوں نے صفیہ بنت شیبہ سے اُنہوں نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا لَا تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَةَ مِنَ الثِّيَابِ وَلَا الْمُشَبَّعَةَ وَلَا الْحُلِيَّ وَلَا تَخْتَضِبُ وَلَا تَكْتَحِلُ

ام سلمہ زوجہ مطہرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا کہ جس عورت کا خاوند مرجاوے وہ نہ رنگین کپڑے پہنے نہ زیبائش کرے نہ خضاب لگاوے اور نہ سُرمہ آنکھوں میں لگاوے۔ دیکھو مسند احمد بن حنبل مطبوعہ مصر جلد ۶ صفحہ ۳۰۲ +

دوم لفظ توفی کا استعمال ازواج مطہرات سے

ایسا ہی ازواج مطہرات میں بھی لفظ توفی موت کے لئے استعمال ہوتا تھا دیکھو احادیث ذیل

(الف) حضرت عایشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

(۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِي أَبِي ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا ابْنَةُ سِتِّ سِنِينَ بِمَكَّةَ مُتَوَفِّي خَدِيجَةُ وَدَخَلَ بِي وَأَنَا ابْنَةُ تِسْعِ سِنِينَ بِالْمَدِينَةِ +

ہمارے پاس عبداللہ نے اُن کے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس سلیمان بن داؤد نے اور اُنکے پاس عبدالرحمن نے اُنکے پاس ہشام بن عروہ نے اُنہوں نے اپنے باپ سے سُنا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میرا نکاح حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس وقت مکہ میں ہوا جب میں ۶ سال کی تھی اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوگیا تھا اور جب میں ۹ سال کی ہوئی تو مدینہ منورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ ہم صحبت ہوئے دیکھو مسند احمد بن حنبل جلد ۶ صفحہ ۱۱۸ +

ایسا ہی حضرت عائشہ صدیقہ سے اور روایت ہے

(۲) عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكَى وَبَكَى أَصْحَابُهُ حِينَ تُوُفِّيَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ إِلَى آخِرِهِ رَوَاهُ ابْنُ جَرِيرٍ +

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ جب معاذ بن جبل کا انتقال ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُنکے اصحاب روئے۔ کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۴۲ +

(۳) حَدَّثَنِي حَبَّانُ قَالَ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ

امام بخاری حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

بْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَۃُ اَنَّ عَائِشَۃَ اَخْبَرَتْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اشْتَکٰی نَفَثَ عَلٰی نَفْسِہٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَمَسَحَ عَنْہُ بِیَدِہٖ فَلَمَّا اشْتَکٰی وَجِعَہُ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْہِ طَفِقْتُ اَنْفُثُ عَلٰی نَفْسِہٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّذِیْ کَانَ یَنْفُثُ وَمَسَحَ بِیَدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْہُ

روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کبھی کوئی شکایت ہوتی تو معوذات کو پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر بدن پر مسح کرتے تھے۔ جب اُس درد کی شکایت ہوئی جس سے اُن کا انتقال ہوا تو میں معوذات کو پڑھ کر اُسی طرح دم کیا جیسے آنحضرت کیا کرتے تھے اور ہاتھوں پر پھونک کر اُن ہاتھوں کو اپنے بدن پر پھیرا۔ دیکھو بخاری جلد ۲ صفحہ ۶۳۹

(ب) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ وَالَّذِیْ تُوُفِّیَ نَفْسُہٗ یَعْنِیْ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا تُوُفِّیَ حَتّٰی کَانَتْ اَکْثَرُ صَلٰوتِہٖ قَاعِدًا اِلَّا الْمَکْتُوْبَۃَ وَکَانَ اَعْجَبُ الْعَمَلِ اِلَیْہِ الَّذِیْ یَدُوْمُ عَلَیْہِ الْعَبْدُ وَاِنْ کَانَ یَسِیْرًا +

ہمارے پاس حدیث عبد اللہ نے بیان کی اُن کے پاس اُنکے باپ نے اُن کے پاس عبد الرزاق نے اُن کے پاس سفیان نے ابی اسحٰق سے اُن کے پاس ابی سلمہ بن عبد الرحمٰن نے اُن کے پاس ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کی اور فرمایا کہ اُس ذات کی قسم ہے جسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک کو وفات دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں فوت ہوئے جب تک اُنکی نماز اکثر بیٹھکر نہ ہونے لگی۔ بجز نماز فرض کے اور نہایت ہی پسندیدہ عمل اُن کے نزدیک وہ تھا جس پر بندہ مداومت کرے اگرچہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو دیکھو مسند احمد بن حنبل جلد ۱ صفحہ ۳۰۴

سوم لفظ توفی کا استعمال خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین سے

اب ہم یہاں پر یہ بھی دکھاتے ہیں کہ اصحاب رسول اللہ بھی لفظ توفی موت ہی کے معنوں میں استعمال کرتے تھے اور ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ دنیا بھر کی کتب حدیث کے اوراق پلٹ ڈالو اور جہاں کہیں لفظ توفی کسی صیغے میں آیا ہو تو وہاں سوائے موت کے اور کوئی

معنے ثابت نہیں ہونگے خواہ کسی ادنیٰ سے ادنیٰ صحابی یا صحابیہ کے منہ سے ہی کیوں نہ نکلا ہو +

(۱) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ - حَدَّثَنِي أَبِي ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ إِنَّ أَبَا بَكْرٍ قَالَ لَهَا يَا بُنَيَّةُ أَيَّ يَوْمٍ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ قَالَ فِي كَمْ كَفَنْتُمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا أَبَتِ كَفَّنَّاهُ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ بِيضٍ سَحُولِيَّةٍ جُدُدٍ يَمَانِيَّةٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ أُدْرِجَ فِيهَا إِدْرَاجًا رَوَاهُ أَحْمَدُ

ہمارے پاس عبداللہ نے حدیث بیان کی اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے سلیمان بن داؤد سے اُنہوں نے عبدالرحمن سے اُنہوں نے ہشام بن عروہ سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہتے سُنا کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُن سے پوچھا کہ اے بیٹی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کس روز ہوئی تھی۔ میں نے کہا کہ پیر کے روز۔ پھر پوچھا کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے کپڑوں میں کفنایا تھا بیٹے کہا ابا جان تین سفید کپڑوں میں ہمنے اُن کو کفنا دیا تھا جو نئے اور یمن کے تھے اور اُن میں نہ تو کوئی قمیص تھا اور نہ عمامہ تھا۔ بغیر سلائی کے لپیٹ دئے گئے تھے +

دیکھو مسند احمد بن حنبل جلد ۶ صفحہ ۱۱۸ +

(۲) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِي أَبِي ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ لِطَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ مَالِيَ أَرَاكَ قَدْ شَعِثْتَ وَاغْبَرَرْتَ مُنْذُ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّكَ سَاءَكَ يَا طَلْحَةُ إِمَارَةُ ابْنِ عَمِّكَ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ إِنِّي لَأُكَذِّرُكُمْ

احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں کہ ہمارے پاس عبداللہ نے اُس کے پاس اُس کے باپ نے اُس کے پاس عبداللہ بن نمیر نے اُس کے پاس مجاہد نے اُس کے پاس عامر نے اُس کے پاس جابر نے عبداللہ سے بیان کیا کہ میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو طلحہ بن عبیداللہ سے کہتے ہوئے سُنا کہ کیا وجہ ہے کہ میں تجھے دیکھتا ہوں کہ جب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی ہے

اَنْ لَّا اَفْعَلَ ذٰلِكَ اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُوْلُهَا اَحَدٌ عِنْدَ حَضْرَةِ الْمَوْتِ اِلَّا وُجِدَ رُوْحُهٗ لَهَا رَوْحًا حِيْنَ تَخْرُجُ مِنْ جَسَدِهٖ وَكَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَمْ اَسْاَلْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا لَمْ يُخْبِرْنِیْ بِهَا فَذٰلِكَ الَّذِیْ دَخَلَنِیْ قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَنَا اَعْلَمُهَا قَالَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ هِیَ قَالَ هِیَ الْكَلِمَةُ الَّتِیْ قَالَ لَهَا لِعَمِّهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ طَلْحَةُ صَدَقْتَ رَوَاهُ اَحْمَدُ ؛

تم رنجیدہ خاطر اور ملول رہتے ہو شاید اے طلحہ تمہیں اپنے چچازاد بھائی کی امارت بُری لگتی ہے۔ اُس نے کہا معاذ اللہ۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا میں تمہارے ڈر سے ایسا نہیں کرتا بلکہ بات یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے ہوئے سُنا تھا کہ میں ایک کلمہ جانتا ہوں کہ شخص موت کے وقت اُسکو پڑھے تو اسکی روح کو راحت حاصل ہوتی ہے جب وہ بدن سے نکل رہی ہو اور قیامت کے دن اُس کو ایک نور ملتا ہے۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ کلمہ نہ پوچھ سکا۔ اور نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کلمہ کو مجھے بتلایا۔ یہی بات ہے جو دل میں ہر وقت کھٹکتی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وہ کلمہ میں جانتا ہوں اُس نے یہ سُنکر خدا کا شکر کیا اور کہا بتائیے کہ وہ کیا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ وہ وہی کلمہ ہے جو اپنے چچا کو فرمایا تھا یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ طلحہ نے کہا کہ آپ نے سچ فرمایا۔ مسند احمد بن حنبل جلد ۱ صفحہ ۲

(۳) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ابن سعد نے مصنف ابن ابی شیبہ میں امام احمد بن حنبل نے مسند احمد میں اور ابو یعلیٰ نے اپنی مسند میں عقیلی نے ضعفا میں اور حسین بن حسن الحلیمی نے شعب الایمان اور سعید بن منصور نے سنن میں ؛

عَنْ عُثْمَانَ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَزِنُوْا عَلَيْهِ حَتّٰى كَادَ بَعْضُهُمْ يُوَسْوِسُ وَكُنْتُ مِنْهُمْ فَقُلْتُ لِاَبِیْ بَكْرٍ تُوُفِّیَ اللّٰهُ نَبِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ اَسْاَلَهٗ عَنْ مَخَاةٍ هٰذَا الْاَمْرِ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ

حضرت عثمان سے روایت کی ہے کہ جب رسول اللہ کا انتقال ہوا تو بڑے بڑے صحابہ کو ملال و انگیر ہوا یہاں تک کہ بعض کو وسوسہ بھی پیدا ہونے لگا اور میں بھی اُن میں سے ایک تھا۔ میں نے ابوبکرؓ کو کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کو وفات دیدی ہے اور مجھے ایک بات فلاں امر کے متعلق پوچھنی باقی تھی تو ابوبکرؓ نے جواب دیا کہ میں وہ بات تو پوچھ لی تھی

قَدْ سَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مَنْ قَبِلَ مِنِّي الْكَلِمَةَ الَّتِي عَرَضْتُهَا عَلٰى عَمِّي فَرَدَّهَا عَلَيَّ فَهِيَ لَهُ نَجَاتُهُ +

اور فرمایا تھا کہ جس شخص نے میری اُس بات کو قبول کر لیا جو میں نے اپنے چچا کے آگے پیش کی تھی اور اُس نے مجھ پر ہی رد کر دی تھی پس وہ بات اُس کے لئے وسیلۂ نجات ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۹۳ + اس حدیث میں دو دفعہ لفظ نوفی آیا ہے اور دونو دفعہ حضرت عثمان کے منہ سے نکلا ہے اور سوائے قوت کے اور کوئی معنے ثابت نہیں

۴۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے

(۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْعَبَّاسِ ثَنَا الْحَسَنُ ابْنُ يَزِيدَ الْأَصَمُّ قَالَ سَمِعْتُ السُّدِّيَّ إِسْمٰعِيلَ يَذْكُرُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ أَبُو طَالِبٍ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنَّ عَمَّكَ الشَّيْخَ قَدْ مَاتَ قَالَ اذْهَبْ فَوَارِهِ ثُمَّ لَا تُحْدِثْ شَيْئًا حَتّٰى تَأْتِيَنِي قَالَ فَوَارَيْتُهُ ثُمَّ أَتَيْتُ قَالَ اذْهَبْ فَاغْتَسِلْ ثُمَّ لَا تُحْدِثْ شَيْئًا حَتّٰى تَأْتِيَنِي قَالَ فَاغْتَسَلْتُ ثُمَّ أَتَيْتُهُ قَالَ فَدَعَا لِي بِدَعَوَاتٍ مَا يَسُرُّنِي أَنَّ لِي بِهَا أَحْمَرَ النَّعَمِ وَأَسْوَدَهَا وَكَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِذَا غَسَّلَ الْمَيِّتَ اغْتَسَلَ رَوَاهُ أَحْمَدُ +

امام احمد بن حنبل عبداللہ سے وہ اپنے باپ سے وہ ابراہیم بن ابی العباس سے وہ حسن بن یزید اصم سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اسمٰعیل سدی کو عبدالرحمٰن سلمی سے اور اُس نے علی رضی اللہ عنہ سے کہتے سنا اور فرمایا کہ جب ابوطالب فوت ہو گیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور میں نے کہا کہ آپ کا چچا شیخ فوت ہو گیا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ اور اُسکو دفن کرو پھر کوئی بات نہ کرو جب تک میرے پاس نہ آؤ۔ علی نے فرمایا کہ میں چلا گیا اور اُس کو دفن کر آیا تو پھر کہا کہ جاؤ اور غسل کرو اور کوئی بات نہ کرو جب تک واپس میرے پاس نہ آؤ کہا پھر میں نے غسل کیا اور آپ کے حضور حاضر ہوا تو مجھے ایک مختصر سی دعوت دی الخ دیکھو مسند احمد جلد اول صفحہ ۱۰۳ +

(۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِي أَبِي ثَنَا أَبُو سَعِيدٍ ثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

امام احمد نے عبداللہ سے اُس نے اپنے باپ سے اُس نے ابوسعید سے اُس نے اسرائیل سے اُس نے ابی اسحٰق سے اُس نے حرث سے اُس نے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کیا کہ

لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ مِنَ الْمَعْرُوْفِ سِتٌّ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهٗ وَيُشَمِّتُهٗ اِذَا عَطَسَ وَيَعُوْدُهٗ اِذَا مَرِضَ وَيُجِيْبُهٗ اِذَا دَعَا وَيَشْهَدُهٗ اِذَا تُوُفِّيَ وَيُحِبُّ لَهٗ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ وَيَنْصَحُ لَهٗ بِالْغَيْبِ رَوَاهُ اَحْمَدُ +

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کیساتھ چھ باتیں کرنا ضروری ہیں جب وہ اُس سے ملے اُس کو سلام کہے۔ اور جب وہ چھینکے تو چھینک کا جواب دے اور جب وہ بیمار ہو تو اُس کی عیادت کرے اور جب دعوت دے تو وہ قبول کرے اور جب وہ مرجائے تو جنازہ پر حاضر ہو اور اُس کے لئے وہی بات پسند کرے جو وہ اپنے نفس کے لئے پسند کرتا ہے اور غیب میں اُس کی بھلائی کرے۔ دیکھو مسند احمد جلد اول صفحہ ۸۹ +

چہارم لفظ توفی کا استعمال دیگر جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہم سے

۱۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ ثَنَا يُوْنُسُ عَنْ اَبِي النَّضْرِ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ وَتُوُفِّيَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ وَتُوُفِّيَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ رَوَاهُ اَحْمَدُ +

حضرت احمد بن حنبل نے روایت بیان کی کہ ہمارے پاس عبداللہ نے بیان کیا اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابونعیم سے اُنہوں نے یونس سے اُنہوں نے ابی النضر سے اُنہوں نے عامر سے اُنہوں نے جریر سے سُنا کہ فرمایا کہ میں حضرت معاویہ کے پاس تھا۔ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فوت ہوئے تو اُنکی عمر ۶۳ برس کی تھی اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جب فوت ہوئے تو اُنکی عمر بھی ۶۳ برس کی تھی اور جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ فوت ہوئے تو اُن کی عمر بھی ۶۳ برس کی تھی۔ دیکھو مسند احمد بن حنبل جلد ۴ صفحہ ۹۷ +

۲۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ ثَنَا يَعْقُوْبُ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ صَالِحٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ

حضرت امام احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں کہ ہمارے پاس عبداللہ نے بیان کیا اُن کے پاس

أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ تَابَعَ الْوَحْيَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ وَفَاتِهِ حَتّٰى تُوُفِّيَ أَكْثَرَ مَا كَانَ الْوَحْيُ يَوْمَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ أَحْمَدُ

اُن کے باپ نے اُن کے پاس یعقوب نے اُن کے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس صالح نے اُن کے پاس ابن شہاب نے اُن کے پاس انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اُن کی وفات سے پہلے وحی برابر نازل ہوتی رہی حتیٰ کہ آپ کا انتقال ہوگیا اور اکثر وحی اُس روز ہوئی جس روز کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی۔ دیکھو مسند احمد بن حنبل جلد ۳ صفحہ ۲۳۶

۳۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے

حَدَّثَنِي نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا بِشْرُ ابْنُ مُفَضَّلٍ ثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ ثَنَا عَمَّارٌ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ ثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّينَ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

میرے پاس نصر بن علی نے اُن کے پاس بشر ابن مفضل نے اُن کے پاس خالد الحذا نے اُن کے پاس عمار بنی ہاشم کے غلام نے اُنہوں نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ۶۵ سال کی عمر میں ہوئی۔ دیکھو اکمال اکمال المعلم جلد ۶ صفحہ ۱۴۲+

۴۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے

حَدَّثَنِي إِسْحٰقُ قَالَ أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيُّ وَكَانَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ أَحَدَ الثَّلٰثَةِ الَّذِينَ تِيبَ عَلَيْهِمْ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ فِي وَجَعِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ فَقَالَ النَّاسُ يَا أَبَا حَسَنٍ كَيْفَ

اسحٰق نے میرے پاس حدیث بیان کی اور کہا بشر بن شعیب بن ابوحمزہ نے خبر دی کہ میرے باپ نے زہری سے روایت کی کہ اُسکو عبداللہ بن کعب بن مالک انصاری نے خبر دی اور کعب بن مالک اُن تین میں سے تھا جن کی توبہ قبول ہوئی تھی اُس نے کہا کہ عبداللہ بن عباس نے اُسے خبر دی تھی کہ علی بن طالب رسول اللہ کے پاس آئے تھے جبکہ وہ اُس درد میں مبتلا تھے جس سے اُن کی وفات ہوئی اور لوگوں نے اُن سے پوچھا کہ اے

اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰہِ بَارِیًا فَاَخَذَہٗ بِیَدِہٖ عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ لَہٗ اَنْتَ وَاللّٰہِ بَعْدَ ثَلٰثٍ عَبْدُ الْعَصَا وَاِنِّیْ وَاللّٰہِ لَاَرٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ سَوْفَ یُتَوَفّٰی مِنْ وَجْعِہٖ ھٰذَا اِنِّیْ لَاَعْرِفُ وُجُوْہَ بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عِنْدَ الْمَوْتِ اِذْھَبْ بِنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلْنَسْئَلْہُ فِیْمَنْ ھٰذَا الْاَمْرُ اِنْ کَانَ فِیْنَا عَلِمْنَا ذٰلِکَ وَاِنْ کَانَ فِیْ غَیْرِنَا عَلِمْنَاہُ فَاَوْصٰی بِنَا فَقَالَ اِنَّا وَاللّٰہِ لَئِنْ سَاَلْنَاھَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمَنَعَنَاھَا لَا یُعْطِیْنَاھَا النَّاسُ بَعْدَہٗ وَاِنِّیْ وَاللّٰہِ لَا اَسْئَلُھَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

حسن کے باپ بتاؤ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آج کی رات کیسے بسر کی اُنہوں نے کہا کہ خدا کا شکر ہے کہ رات کو اُنہیں افاقہ رہا پھر عباس پسر عبد المطلب نے حضرت علی کا ہاتھ پکڑا اور کہا کہ تم تو نہیں جانتے اور اللہ کی قسم میں تو گمان کرتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عنقریب اس درد سے فوت ہو جائینگے کیونکہ میں بنی عبد المطلب کے چہروں سے موت کا وقت پہچان لیتا ہوں الی آخرہ

پنجم۔ لفظ توفی کا استعمال آئمہ مجتہدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

اول امام ابو حنیفہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے

(۱) رَوَی اَبُوْ حَنِیْفَۃَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْمَرِیْضِ طَلَّقَ اِمْرَاَتَہٗ ثَلَاثًا فِیْ مَرَضِ مَوْتِہٖ فَاِنْ مَاتَ فِیْ مَرَضِہٖ ذٰلِکَ قَبْلَ اَنْ تَنْقَضِیَ عِدَّتُھَا وَرِثَتْ وَاعْتَدَّتْ عِدَّۃَ الْمُتَوَفّٰی عَنْھَا زَوْجُھَا فَاِنِ انْقَضَتْ عِدَّتُھَا قَبْلَ اَنْ یَّمُوْتَ لَمْ تَرِثْہُ وَلَمْ تَعْتَدَّ

ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے حماد سے اُس نے ابراہیم سے ایک مریض کے متعلق روایت کی جس نے مرض موت میں اپنی عورت کو تین طلاق دئے تھے۔ پس اگر وہ اپنی اُس بیماری میں اُس عورت کی عدت گذرنے سے پہلے مر جاتا تو وہ اُس کی جائداد کی وارث رہتی اور اپنے خاوند متوفی کی

عَلَيْهَا عِدَّةٌ

موت سے عدت پوری کرنا اُس پر لازم ہو جاتی

اور اگر اُس کی عدت اُس کی موت سے پہلے پوری ہو جاتی تو وہ عورت اُس کے مال کی وارث نہیں ہو سکتی تھی اور نہ اُس پر عدت لازمی تھی۔ دیکھو مسند امام اعظم صفحہ ۲۰۱ مطبوعہ مطبع محمدی دہلی +

(۲) قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَجُلٌ تُوُفِّيَ عَنْ اِمْرَأَتِهٖ وَهِيَ مَمْلُوْكَةٌ فَاَعْتَقَتْ بِاِنْقِضَاءِ عِدَّتِهَا بَعْدَ شَهْرَيْنِ وَخَمْسَةِ اَيَّامٍ +

ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ایسی عورت کا خاوند مر گیا جو مملوکہ تھی وہ دو مہینے ۵ دن کی عدت گذرنے کے بعد ٹھہری رہی۔ دیکھو کتاب مبسوط شمس الدین سرخسی جلد ۶ صفحہ ۵۵ +

(۳) قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَلْاَصْلُ اَنَّ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا يَلْزَمُهَا الْحِدَادُ فِيْ عِدَّتِهَا +

ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا ہے اصل بات یہ ہے کہ جس عورت کا خاوند مر جائے تو اُس کو عدت میں سوگ کرنا چاہیئے دیکھو کتاب مبسوط صفحہ ۸ جلد ۶

(دوم) امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے

(۱) وَذَكَرَ ابْنُ سَمَاعَةَ عَنْ مُحَمَّدٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَّ لِلْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا اَنْ يَبِيْتَ فِيْ غَيْرِ مَنْزِلِهَا اَقَلَّ مِنْ نِصْفِ اللَّيْلِ وَهٰذَا صَحِيْحٌ +

اور ابن سماعت نے محمد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے کہ امام محمد نے فرمایا کہ اُس عورت کے لئے کہ جسکا خاوند مر گیا ہو کہ وہ نصف رات سے کم رات غیر مقام پر بسر کرے اور یہ صحیح ہے۔ دیکھو مبسوط امام سرخسی جلد ۶ صفحہ ۳۳ +

۲۔ وَاِذَا انْهَدَمَ مَنْزِلُ الْمُطَلَّقَةِ اَوِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا فَهِيَ فِيْ سَعَةٍ مِنَ التَّحَوُّلِ اِلٰى اَيِّ مَوْضِعٍ شَاءَتْ +

اور جب مطلقہ عورت یا اُس عورت کا جسکا خاوند مر گیا ہو مکان گر جائے تو وہ نقل مکان کر سکتی ہے جہاں وہ چاہے۔ دیکھو مبسوط جلد ۶ صفحہ ۳۶

۳۔ وَفِي الْكِتَابِ قَالَ بَلَغَنَا عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ رَدَّ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ

اور کتاب میں لکھا ہے کہ امام محمد نے فرمایا ہمیں حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت پہنچی ہے کہ اُنہوں نے ایک عورت کو جسکا خاوند مر گیا تھا ذی الحلیفہ سے واپس کر دیا تھا۔ دیکھو مبسوط امام شمس الدین سرخسی جلد ۶ صفحہ ۳۶

سوم) امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے۔

۱- وَفِی النَّوَادِرِ اَبِی یُوسُفَ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی لَا بَأْسَ بِاَنْ تَلْبَسَ الْمُعَصْفَرَ وَالْمُمَشَّقَ لِاَحَدٍ اِلَّا اَنَّ قَالَ لِمَا رُوِیَ اَنَّ الْمُتَوَفّٰی عَنْہَا زَوْجُہَا اِسْتَاْذَنَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْاِکْتِحَالِ فِی الْاِبْتِدَاءِ فَاَذِنَ لَہَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور کتاب نوادر میں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ اگر خاوند مری ہوئی عورت رنگین یا ریشم کا کپڑا پہن لے تو کوئی حرج نہیں کیونکہ روایت ہے کہ جب ایک عورت نے جس کا خاوند فوت ہو گیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ابتدا میں آنکھوں میں سرمہ لگانے کی اجازت چاہی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دیدی تھی۔ دیکھو کتاب مبسوط جلد ۶ صفحہ ۵۹

۲- فَاَمَّا الْکِتَابِیَّۃُ تَحْتَ مُسْلِمٍ اِذَا فَارَقَہَا اَوْ تُوُفِّیَ عَنْہَا زَوْجُہَا فَلَیْسَ عَلَیْہَا اَنْ تَتَّقِیَ فِی عِدَّتِہَا شَیْئًا مِنَ الْمُطَیَّبِ وَالزِّیْنَۃِ +

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں لیکن ایک کتابیہ جو کسی مسلمان کے نکاح میں ہے جب اپنے خاوند سے طلاق پائی ہے یا اُسکا خاوند مرجائے تو اُس کے لئے لازم نہیں کہ وہ اپنی عدت میں کسی قسم کی خوشبو لگانے یا زینت کرنے سے بچے مبسوط جلد ۶ صفحہ ۵۹ +

چہارم امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے۔

۱- مَقَامُ الْمُتَوَفّٰی عَنْہَا زَوْجُہَا فِی بَیْتِہَا حَتّٰی تَحِلَّ +

جس عورت کا خاوند مرجائے وہ اپنے گھر میں ٹھیری رہے یہانتک کہ حلال ہو جائے دیکھو موطا امام مالک مطبوعہ مطبع احمدی دہلی صفحہ ۲۱۷ +

۲- عِدَّۃُ اُمِّ الْوَلَدِ اِذَا تُوُفِّیَ سَیِّدُہَا

لڑکے کی ماں کی عدت جب اُس کا خاوند مرجائے دیکھو موطا امام مالک صفحہ ۲۱۷

۳- وَالْمُتَصَدَّقُ عَلَیْہِ یَوْمَئِذٍ حَیٌّ ثُمَّ تُوُفِّیَ قَبْلَ اَنْ تَبْلُغَہُ الصَّدَقَۃُ

اور وہ شخص جسکو صدقہ ملتا تھا اُسی وقت زندہ تھا اور پھر وہ صدقہ پانے سے پہلے مر گیا دیکھو مدونۃ الکبری جلد ۵ صفحہ ۱۱۵ +

پنجم امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

۱- قُلْنَا الْعِدَّۃُ جُعِلَتْ عَلَیْہَا بِسَبَبٍ لَیْسَ

ہم کہتے ہیں عدت عورت کے لئے بتائی گئی ہے

هٰذَا اَلَا تَرٰی اَنَّهَا لَا تَعْتَدُّ وَلَا یَعْتَدُّ وَاَنَّهَا لَوْ تُوُفِّیَ صَلْمُ اَرْبَعًا وَیُتَوَفّٰی فَلَهٗ اَنْ یَّتَزَوَّجَ دَخَلَ بِهَا اَوْ لَمْ یَدْخُلْ بِهَا حَتّٰی تَعْتَدَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا ط

کسی سبب سے جو یہ سبب نہیں ہے کیا تو نہیں دیکھتا کہ عورت کے لئے تو عدت مقرر ہے اور مرد کے لئے کوئی عدت نہیں اور عورت مرجائے تو مرد چار عورتوں تک نکاح کرلیتا ہے اور مرد مرجائے تو عورت نکاح نہیں کرسکتی خواہ مرد نے اُس سے مباشرت کی ہو یا نہ کی ہو جب تک کہ چار مہینے اور دس دن پورے نہ کرے۔ دیکھو اُم شافعی مطبوعہ مصر جلد اول صفحہ ۲۴۲

۲- وَقَالَ الشَّافِعِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا حِدَادَ عَلَیْهَا لِاَنَّ هٰذِهِ الْعِدَّةَ وَاجِبَةٌ لِتُعْرَفَ بَرَاءَةُ الرَّحِمِ فَلَا حِدَادَ عَلَیْهَا كَالْمُعْتَدَّةِ عَنْ وَطْءِ الشُّبْهَةِ اَوْ نِكَاحٍ فَاسِدٍ وَهٰذَا لِاَنَّ الْحِدَادَ عَلَی الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا زَوْجُهَا لِاِظْهَارِ التَّاَسُّفِ عَلٰی مَوْتِ الزَّوْجِ +

اور شافعی رحمۃ اللہ عنہ نے کہا کہ اُس عورت پر سوگ نہیں کیونکہ یہ عدت اس واسطے واجب ہے کہ رحم کی بریت ہوجائے۔ اور عدت دار عورت کی طرح اس پر سوگ نہیں چاہئے جس پر شبہ وطی یا نکاح فاسد کا ہوسکتا ہے اور یہ سوگ اُس عورت کا جس کا خاوند مرگیا ہے اپنے خاوند کی موت پر تاسف کے اظہار کے لئے ہے۔ دیکھو مبسوط شمس الدین سرخسی جلد ۶ صفحہ ۵۸ +

ششم۔ لفظ توفی کا استعمال مورخین اسلام سے

دُنیا بھر کی تاریخیں عربی زبان کی جمع کرو اور خوب غور سے پڑھو یہی ثابت ہوگا کہ جہاں کہیں مورخین نے کسی کی وفات کا ذکر کیا ہے تو سوائے توفی کے اور کم لفظ استعمال کیا ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ کل مورخین کے نزدیک لفظ توفی بجز حقیقی موت کے اور کسی معنے میں استعمال نہیں ہوتا۔ چنانچہ ہم ثبوت میں چند مشہور تواریخوں سے بطور نمونہ چند مقامات دکھاتے ہیں کہ جہاں توفی کا استعمال ہوا ہے وہاں بجز موت اور کوئی معنے نہیں ہوسکتے +

(۱) کتاب فوات الوفیات للعلامۃ محمد ابن شاکر احمد الکبتی۔ حضرت رتن ہندی رضی اللہ عنہ کی نسبت لکھتا ہے (الفہ) وَذَكَرَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْقَارِیُّ الصُّوْفِیُّ اَنَّهٗ تُوُفِّیَ حَدُوْدَ سَنَةِ اِثْنَیْنِ وَثَلَاثِیْنَ وَسِتِّ مِائَةٍ۔ دیکھو کتاب مذکور۔ یعنے حضرت رتن ہندی کی نسبت عبد الرحمن

قاری صوفی نے لکھا ہے کہ وہ ۳۲۶ھ میں فوت ہوا۔ دیکھو صفحہ ۱۶۳ +

(۲) عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الزُّبَیْرِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وُلِدَ سَنَۃَ اِثْنَیْنِ مِنَ الْھِجْرَۃِ وَتُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَہٗ ثَمَانُ سِنِیْنَ وَاَرْبَعَۃُ اَشْھُرٍ۔ دیکھو فوات الوفیات صفحہ ۲۱۰ یعنے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ہجرت کے دوسرے سال پیدا ہوا اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے تو وہ ۸ سال ۴ ماہ کا تھا +

(۳) اَبُوْ جَعْفَرٍ مَنْصُوْرٌ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَاشَ اَرْبَعًا وَسِتِّیْنَ سَنَۃً وَتُوُفِّیَ بِبِیْرِ مَیْمُوْنَ مِنْ اَرْضِ الْحَرَمِ یعنے ابوجعفر منصور امیر المومنین ۶۴ برس زندہ رہا اور بیر میمون میں جو ارض حرم میں ہے فوت ہوا۔ دیکھو فوات الوفیات صفحہ ۲۳۳ +

(۴) عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ ھٰرُوْنَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ اَبُوالْعَبَّاسِ الْمَامُوْنُ وُلِدَ سَنَۃَ سَبْعِیْنَ وَمِائَۃٍ وَتُوُفِّیَ سَنَۃَ ثَمَانِیْ عَشْرَۃَ وَمِائَتَیْنِ۔ امیر المومنین ابوالعباس المامون یعنے عبداللہ بن ہارون ۱۷۰ھ ہجری میں پیدا ہوا اور ۲۱۸ھ ہجری میں فوت ہوا۔ دیکھو فوات الوفیات صفحہ ۲۳۹ +

۲ (الف) ابوجعفر محمد الطبری المتوفی ۳۱۰ھ ہجری۔ دیکھو کشف الظنون باب التفسیر

(ب) عبدالملک بن عبدالعزیز الاموی المکی المتوفی۔ دیکھو کشف الظنون باب التفسیر

ہفتم۔ لفظ توفی کا استعمال کاغذاتِ سرکاری میں

علاوہ اِن کے کاغذات سرکاری میں جب کسی مرے ہوئے کا ذکر ہوتا ہے یا اگر کوئی دوران مقدمہ میں مرجاتا ہے تو ہمیشہ لفظ متوفی اُسکی بابت لکھا جاتا ہے اور نیز رپورٹ ہائے پولیس و کاغذاتِ پٹواری و واجب العرض میں مرے ہوئے کی نسبت بجز متوفی کے اور کوئی لفظ نہیں لکھا جاتا +

الغرض کلام اللہ و حدیث رسول اللہ و آثار صحابہ و اقوال مورخین و اسجات سرکاری و کاغذاتِ پٹواری سے صاف ظاہر ہے کہ لفظ توفی موت کے لئے آتا ہے۔ اب ہم اُن لوگوں سے پوچھتے ہیں جو توفی کے معنے موت کے نہیں لیتے۔ کہ کبھی اُنہوں نے اُن لوگوں کی نسبت بھی یہ خیال کیا ہے کہ فلاں سے فلاں شخص بھی آسمان پر اُٹھایا گیا یا کبھی حکام عدالتِ سرکاری و جج ان چیف کورٹ

پنجاب وہائیکورٹ کلکتہ وہائیکورٹ الہ آباد وہائیکورٹ مدراس وقاضیان ومفتیانِ شرع اسلام نے کبھی کسی زمانہ میں خواہ بزمانۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواہ بزمانۂ خلفاء الراشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین خواہ بزمانۂ سلاطینِ بنی امیہ یا سلاطینِ بنی عباس یا سلاطینِ فاطمیہ یا بزمانہ سلاطینِ مغلیہ وسلاطینِ ترک اس امر پر بحث پیدا ہوئی ہو کہ متوفی کے معنے سوائے فوت شدہ آدمی کے کچھ اور معنے مثلاً آسمان پر چلا جانا یا کسی جگہ سویا ہوا ہونا کئے ہوں۔ جہاں تک کتابوں کی ورق گردانی کی گئی ہے کہیں بھی ثابت نہیں ہوتا کہ سوائے مرے ہوئے کے اور مفہوم بھی کسی کے وہم وگمان میں گذرا ہو اور حال کے زمانہ میں بیرسٹر وکیل وایڈوکیٹ عدالتہائے سرکاری تو لفظ لفظ کے اوپر بحث کرنے اور بال کی کھال نکالتے ہیں مگر کسی عدالت کی کارروائی سے ثابت نہیں ہوتا کہ کسی قانون پیشہ انسان نے لفظ متوفی پر بجز فوت شدہ کے کوئی اور معنے کئے ہوں اور نہ کبھی کسی نے یہ بحث اُٹھائی ہے کہ لفظ متوفی دو معنے ہو اور ممکن ہے کہ وہ شخص جس کی نسبت متوفی استعمال کیا گیا ہے کہیں صفحہ زمین پر سویا پڑا ہو یا آسمان پر چلا گیا ہو اور اسی خیال کی بنا پر اُس کی جائداد کی تقسیم کی ممانعت کر دی گئی ہو تم ہرگز ایک مثال بھی پیش نہیں کر سکتے تو پھر کیوں اور کس وجہ سے حضرت مسیح کو زندہ سمجھتے ہو

ہشتم۔ لفظ توفی کے معنے لغت عرب سے

(۱) منتہی الارب جلد ۴ صفحہ ۳۵۴ تَوَفِّیْ۔ میرانیدن یُقَالُ تَوَفَّی اللّٰہُ تَعَالٰی اَیْ قَبَضَ رُوْحَہٗ۔ یعنے توفی کے معنے مارنے کے جیسے توفی اللہ کے معنے ہیں اللہ تعالیٰ نے اُس کی روح کو قبض کر لیا۔ وتمام گرفتن حق را۔ حق کا پورا پورا لے لینا اب مسیح کا پورا لینا اُس کا مارنا ہی مراد ہو سکتی ہے یا کچھ اور +

(۲) اساس البلاغت جلد ۲ صفحہ ۴۱۳ تُوُفِّیَ فُلَانٌ وَتَوَفَّاہُ اللّٰہُ وَاَدْرَکَتْہُ الْوَفَاۃُ یعنی فلاں شخص مر گیا اللہ تعالیٰ نے اُسکو مار دیا۔ اُسکو موت نے آن دبایا +

(۳) مجمع البحار جلد ۲ صفحہ ۵۴۴ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ عَلَی التَّقْدِیْمِ وَالتَّاْخِیْرِ وَقَدْ یَکُوْنُ الْوَفَاتُ قَبْضًا لَیْسَ بِمَوْتٍ یعنی متوفیک ورافعک مقدم وموخر ہیں اور موت قبض کی موت نہ ہوگی نہ حقیقی موت بہرحال توفی کے معنے قبض روح یا موت لئے ہیں باقی

مقدم و موخر کا بار ثبوت صاحب کتاب پر +

(۴) اقرب الموارد جلد ۲ صفحہ ۱۴۷۲ - تَوَفّیٰ - اَلْمُدَّۃُ بَلَغَھَا وَاسْتَکْمَلَھَا تَوَفَّی اللّٰہُ زَیْدًا - قَبَضَ رُوْحَہٗ تُوُفِّیَ فُلَانٌ مَجْھُوْلًا قُبِضَتْ رُوْحُہٗ وَمَاتَ فَاللّٰہُ الْمُتَوَفِّیْ وَالْعَبْدُ الْمُتَوَفّٰی تَوَفّیٰ کے معنے مدت کا پورا ہونا کامل ہو جانا۔ اللہ تعالیٰ نے زید کو متوفی کر دیا یعنی اُس کی روح کو قبض کر لیا۔ فلاں شخص متوفی کیا گیا یعنے اُس کی روح قبض کی گئی اور مر گیا جہاں خدا فاعل اور بندہ مفعول ہو۔ تو وہاں بجز قبض روح اور موت کے اور کوئی معنے نہیں ہوتے +

(۵) قاموس جلد ۴ صفحہ ۳۰۱ - تَوَفَّاہُ اللّٰہُ قَبَضَ رُوْحَہٗ یعنی اللہ تعالیٰ نے اُس کی روح کو قبض کر لیا +

(۶) تاج العروس جلد ۱۰ صفحہ ۳۹۴ - تُوُفِّیَ فُلَانٌ اِذَا مَاتَ - یعنی تُوُفِّیَ فُلَانٌ کا اُس وقت استعمال ہوتا ہے جب آدمی مر جاتا ہے - جب اللہ تعالیٰ نے اُس کے نفس کو یعنی جان کو قبض کر لیا وَفِی الصِّحَاحِ رُوْحَہٗ اور صحاح میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُسکی روح کو قبض کر لیا - وَقَالَ غَیْرُہٗ تُوُفِّیَ الْمَیِّتُ اِسْتِیْفَاءُ مُدَّتِہِ الَّتِیْ وُقِّیَتْ لَہٗ وَعَدَدِ اَیَّامِہٖ وَشُھُوْرِہٖ وَاَعْوَامِہٖ فِی الدُّنْیَا وَمِنْہُ قَوْلُہٗ تَعَالٰی اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا اَیْ یَسْتَوْفِیْ مِنَ الْاٰجَالِ فِی الدُّنْیَا اور دیگر لوگوں نے کہا ہے کہ میت کی توفی اُس کی مدت کا پورا کرنا ہے یعنی اُس کے دنوں مہینوں اور سالوں کی تعداد دُنیا میں پوری کرنی اور اسی بنا پر اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے کہ اللہ تعالیٰ موت کے وقت لوگوں کی جانوں کو لیتا ہے یعنی دُنیا کی مدتِ زندگی کو پورا کرتا ہے +

(۷) لسان العرب جلد ۲۰ صفحہ ۲۸۰ وَتُوُفِّیَ فُلَانٌ وَتَوَفَّاہُ اللّٰہُ اِذَا قَبَضَ نَفْسَہٗ وَفِی الصِّحَاحِ اِذَا قَبَضَ رُوْحَہٗ وہی الفاظ ہیں جو تاج العروس میں آچکے ہیں

(۸) صُراح جلد ۲ صفحہ ۵۲۰ تَوَفَّاہُ اللّٰہُ اَیْ قَبَضَ رُوْحَہٗ یعنے اللہ نے اُسکی روح قبض کر لی

(۹) صحاح جوہری جلد ۲ صفحہ ۵۶۳ تَوَفَّاہُ بِمَعْنٰی تَوَفَّاہُ اللّٰہُ اَیْ قَبَضَ رُوْحَہٗ یعنی تَوَفَّاہُ کے معنے اللہ نے اُسکو وفات دی یعنے اُسکی روح کو قبض کر لیا +

(۱۰) مفردات امام راغب اصفہانی جو قرآن کریم کے مفرد الفاظ کی لغت ہے اُس میں

یوں لکھا ہے قَدْ عُبِّرَ عَنِ النَّوْمِ وَالْمَوْتِ بِالتَّوَفِّیْ وَقَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی تَوَفَّتْہُ رُسُلُنَا وَتَوَفَّانَا مَعَ الْاَبْرَارِ۔ یَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَوَفِّیْ مَوْتٌ لِاَنَّہٗ اَمَاتَ یعنی توفی کے معنے وفات اور موت کے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ نے کہا ہمارے فرشتے اسکو مارتے ہیں یا قبض روح کرتے ہیں۔ ہمیں نیکوں کے ساتھ مار۔ اے عیسیٰ میں تجھے مارنے والا ہوں اور اپنے قرب میں جگہ دینے والا ہوں اور ابن عباس نے بھی کہا ہے توفی کے معنے موت ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انکو مار دیا تھا۔ دیکھو کتاب مذکورہ بالا +

نہم۔ توفی کے معنے تفاسیر سے جو بغرض آسانی چند فصول پر منقسم کیا گیا ہے

فصل پہلی

درباره آیۃ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ

بالآخر جب ہم تفاسیر قرآن شریف پر نگاہ کرتے ہیں تو بجز دو مقامات کے جو متنازعہ فیہا ہیں باقی سب مقامات پر قبض روح و موت کے معنے ثابت ہیں اور متنازعہ مقامات پر علما کا اتفاق نہیں حتی کہ کوئی مفسر بھی اس بارہ میں مستقل رائے قائم نہیں کر سکا پھر دوسروں کے اختلاف کا کیا ذکر۔ چنانچہ ہم لکھ چکے ہیں کہ صرف مُتَوَفِّیْکَ کے معنے اکثر مفسرین نے ۱۶ یا ۱۷ تک کئے ہیں۔ اگر ان کو مسیح کی حیات پر انشراح صدر ہوتا تو پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ وہ اس قدر اس میں اختلاف کرتے۔ یہ یاد رہے کہ لفظ متوفی کے مختلف معانی پر یہاں بحث نہ ہوگی بلکہ ہمارا صرف یہ دکھانا مقصود ہے کہ منجملہ دیگر معانی کے موت قبض روح کے معنے بھی برابر لیتے چلے آئے ہیں اگر مسیح کی وفات کا کوئی وجود نہیں تھا تو پھر ان مفسرین کو کیا مصیبت پڑی تھی کہ اپنی کتابوں میں ایک جماعت کا یہ اعتقاد بھی ظاہر کرتے

آئے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن میں تقویٰ تھا جس کی بنا پر وہ اس قول کو نقل کرتے چلے آئے اور ضرور اُن کے دل میں یہ خلجان گذرتا رہا ہے کہ کچھ تعجب نہیں کہ مسیح علیہ السلام مر گئے ہوں کیونکہ سُنت اللہ اسی طرح پر چلی آتی ہے۔ اب ہم ذیل میں تفاسیر کے صرف وہی اقوال نقل کرتے ہیں جن سے موت یا قبضِ روح ثابت ہوتی ہے +

۱۔ جامع البیان فی تفسیر القرآن لابی جعفر الامام محمد بن جریر الطبری جلد ۳ صفحہ ۱۸۳ زیر آیۃ یَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ۔ یہ معنے لکھے ہیں +

یَعْنِیْ بِذٰلِكَ جَلَّ ثَنَاءُهٗ وَمَكَرَ اللّٰهُ بِالْقَوْمِ الَّذِیْنَ جَادَلُوْا نَبِیَّ اللّٰهِ عِیْسٰی مَعَ كُفْرِهِمْ بِاللّٰهِ وَتَكْذِیْبِهِمْ عِیْسٰی فِیْمَا اَتَاهُمْ بِهٖ مِنْ عِنْدِ رَبِّهِمْ اِذْ قَالَ اللّٰهُ جَلَّ ثَنَاؤُهٗ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَمُرَافِعُكَ۔ یعنے وَمَكَرَ اللّٰهُ بِهِمْ حِیْنَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ فَمُتَوَفِّیْهِ وَرَافِعُهٗ اِلَیْهِ +

یعنے اس سے اللہ جل شانہ کی مراد یہ ہے کہ اُس نے اُس قوم سے جو باوجود کفر باللہ مدعی تھی علیہ السلام کے اُس امر میں تکذیب کے جو وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے لایا تھا عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کے درپے بھی تھے تو عیسیٰ علیہ السلام کے بچانے کی یہ تدبیر کی اور فرمایا کہ اے عیسیٰ میں تمہیں طبعی موت سے ماروں گا اور تجھے مقرب بناؤں گا پنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے مطابق انہیں وفات دی اور اُسے اپنا مقرب بنایا +

(۲) اور صفحہ ۱۸۴ تفسیر مذکور جلد ۳ میں روایت ذیل بہ تصدیق معنی مذکورہ بالا یوں لکھی ہے۔

حَدَّثَنِیْ الْمُثَنّٰی قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ مُعَاوِیَةُ عَنْ عَلِیٍّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَوْلُهٗ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یَقُوْلُ اِنِّیْ مُمِیْتُكَ

میرے پاس مثنےٰ نے بیان کیا اور اُن کے پاس عبداللہ بن صالح نے اور عبداللہ نے فرمایا کہ میرے پاس معاویہ نے بروایت علی اور علی نے ابن عباس سے بیان کیا کہ ابن عباس یہ کہتے تھے کہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ کے معنے ہیں کہ میں تجھے وفات دونگا +

(۳) دوسری روایت میں یوں ہے دیکھو صفحہ ۱۸۴ تفسیر مذکور جلد ۳ +

حَدَّثَنَا ابْنُ حُمَیْدٍ قَالَ ثَنَا سَلَمَةُ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ

ابن حمید نے ہمارے پاس بیان کیا اور کہا کہ میرے پاس سلمہ نے بروایت ابن اسحٰق

الزُّبَيْرِ يَا عِيسٰى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ اَيْ قَابِضُكَ وَقَالَ آخَرُوْنَ مَعْنٰى ذٰلِكَ اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَفَاةَ مَوْتٍ

بیان کیا اور اُن کے پاس محمد بن جعفر بن زبیر نے بیان کیا کہ آیہ یَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ کے معنے ہیں میں تجھے قبض کرونگا اور دوسروں نے اس کے معنے یوں کئے ہیں کہ میں تجھے موت کی وفات دونگا +

ایک اور روایت میں یوں بھی آیا ہے۔ جو غالباً عیسائیوں کا عقیدہ ہے اور عیسائیوں سے وراثتاً آیا ہے۔ مگر پھر بھی وفات ہی ثابت ہوتی ہے +

(۳) حَدَّثَنَا ابْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا سَلَمَةُ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَمَّنِ الَّذِيْ لَا يُتَّهَمُ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ الْيَمَانِيِّ اَنَّهٗ قَالَ تَوَفَّى اللّٰهُ عِيْسٰى بْنَ مَرْيَمَ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ مِنَ النَّهَارِ حَتّٰى رَفَعَهٗ اِلَيْهِ +

ابن حمید نے ہمارے پاس بیان کیا کہ سلمہ نے ابن اسحٰق سے اُن کے پاس بیان کیا اُس نے اُس شخص سے جو متہم نہیں اور اُس نے وہب بن منبہ الیمانی سے کہ اُس نے یہ کہا کہ اللہ نے عیسیٰ بن مریم کو دن میں سے تین ساعت مار دیا تھا یہانتک کہ پھر اُسکو اپنی طرف اُٹھا لیا۔ دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۳ صفحہ ۱۸۴ +

ابن جریر طبری کی ان روایات سے ظاہر ہے کہ ایک گروہ اس امر کا قائل تھا کہ توفی کے معنے موت حقیقی کے ہیں +

۲۔ تفسیر کتاب البحر المحیط لابی حیان جلد ۲ صفحہ ۴۳۰ پر زیر آیۃ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ

وَفَاةُ مَوْتٍ قَالَهٗ ابْنُ عَبَّاسٍ وَقَالَ وَهْبٌ مَاتَ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ وَرَفَعَهٗ فِيْهَا ثُمَّ اَحْيَاهُ اللّٰهُ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي السَّمَاءِ وَفِيْ بَعْضِ الْكُتُبِ سَبْعَ سَاعَاتٍ وَقَالَ الْفَرَّاءُ هِيَ وَفَاةُ مَوْتٍ وَلٰكِنَّ الْمَعْنٰى مُتَوَفِّيْكَ فِيْ اٰخِرِ اَمْرِكَ عِنْدَ نُزُوْلِكَ وَقَتْلِكَ الدَّجَّالَ وَفِي الْكَلَامِ تَقْدِيْمٌ وَتَاْخِيْرٌ وَقَالَ الزَّمَخْشَرِيُّ مُتَوَفِّيْ اَجَلِكَ وَمَعْنَاهُ اَنِّيْ عَاصِمُكَ مِنْ اَنْ يَّقْتُلَكَ الْكُفَّارُ

ابن عباس نے مُتَوَفِّیْکَ کے معنے وفات موت کئے ہیں اور وہب تو تین ساعت موت قرار دیتا ہے اور کہتا ہے کہ اُس کے بعد اُس کو اُٹھا لیا اور پھر اللہ نے اُسکو آسمان پر زندہ کیا اور بعض کتابوں میں سات ساعت وفات لکھی ہے اور فرّاء نے کہا ہے کہ عیسیٰ طبعی موت سے مرا لیکن آیت مقدم موخر ہے اور زمخشری کا قول ہے کہ میں تیری اجل کو پورا کرونگا اور یہ معنے ہیں کہ میں تجھے کفار کے ہاتھ سے قتل ہونے سے

وَمُؤَخِّرُكَ اِلٰی اَجَلٍ لَکَتَبْتُہٗ وَمُمِیْتُکَ حَتْفَ اَنْفِکَ لَا قَتْلًا بِاَیْدِیْھِمْ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ - اَیْ مُحَلِّ ثَوَابِکَ

بچاؤنگا اور اجل مسمّٰے تک زندہ رکھونگا تجھے طبعی موت سے ماروںگا اور کفار کے ہاتھ سے قتل نہیں ہونے دونگا اور رَافِعُکَ کے معنے یہ ہیں کہ تجھے ثواب کے مکان پر جگہ دونگا +

۳- تفسیر البحر المادمن البحر لابی حیان صفحہ ۴۷۳ برحاشیہ تفسیر بحر المحیط زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ یوں لکھا ہے +

وَالظَّاھِرُ اَنَّ مَعْنٰی مُتَوَفِّیْکَ مُمِیْتُکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ +

اور ظاہر میں مُتَوَفِّیْ کے معنے مُمِیْتُکَ ہیں یعنے میں تجھے طبعی موت سے مار کر اپنے پاس بُلانے والا ہوں +

۴- الجواہر الحسان فی تفسیر القرآن نولی اللہ تعالیٰ والعارف الشیخ سیدی عبد الرحمٰن الثعالبی مطبوعہ مطبع الجزائر زیر آیۃ اِذْ قَالَ اللّٰہُ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ یوں لکھا ہے دیکھو جلد اول صفحہ ۲۷۲ +

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ھِیَ وَفَاۃُ مَوْتٍ وَنَحْوُہٗ لِمَالِکٍ فِی الْعُتْبِیَّۃِ وَقَالَ وَھْبٌ تَوَفَّاہُ اللّٰہُ بِالْمَوْتِ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ وَرَفَعَہٗ فِیْھَا ثُمَّ اَحْیَاہُ بَعْدَ ذٰلِکَ وَقَالَ الْفَرَّاءُ ھِیَ وَفَاۃُ مَوْتٍ وَلٰکِنِ الْمَعْنٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ فِیْ آخِرِ اَمْرِکَ +

اور ابن عباس نے کہا ہے کہ وہ حقیقی موت تھی اور ایسا ہی امام مالک رحمۃ اللہ اپنی کتاب عتبیہ نام میں فرماتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام طبعی موت سے مرگئے اور وہب نے وفات کو مانا ہے کہ تین ساعت مرگئے تھے پھر اللہ نے اُن کو اُٹھالیا اور پھر اُن کو زندہ کیا اور فرّاء نے کہا ہے کہ واقعی عیسیٰ علیہ السلام کی موت طبعی موت ہے لیکن معنے یہ ہیں کہ میں تجھے اُس کام کے اخیر مارونگا۔ جو تیرے سپرد ہوا ہے +

۵- تفسیر البحر المحیط جلد ۴ صفحہ ۴۶ زیر آیۃ وَھُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِاللَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّھَارِ یوں لکھا ہے +

وَالتَّوَفِّیْ عِبَارَۃٌ فِی الْعُرْفِ عَنِ الْمَوْتِ

اور توفی کے معنے ہیں موت کے اور اس جگہ

وَهٰذَا الْمَعْنِیُّ بِهِ النَّوْمُ عَلَی سَبِیْلِ الْمَجَازِ لِلْعَلَاقَةِ الَّتِیْ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْمَوْتِ وَهِیَ زَوَالُ اِحْسَاسِهٖ وَمَعْرِفَتِهٖ وَفِکْرِهٖ +

مجازاً نیند سے مراد ہے بسبب اُس علامت کے جو نوم اور موت کے درمیان ہے اور وہ زوالِ احساس و معرفت و فکر ہے +

۶۔ تفسیر الدر اللقیط من البحر المحیط للامام تاج الدین ابی محمد احمد بن عبد اللہ القادر القیسی الحنفی النحوی بر حاشیہ بحر المحیط صفحہ ۴۶ زیر آیہ هُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ اِلٰی آخِرِهٖ

وَالتَّوَفِّیْ عِبَارَةٌ فِی الْعُرْفِ عَنِ الْمَوْتِ وَهٰذَا الْمَعْنِیُّ بِهِ النَّوْمُ عَلَی السَّبِیْلِ الْمَجَازِ +

اور توفی کے معنے عرف میں موت کے ہیں اور یہاں ہر مجازی طور سے مراد نیند ہے +

۷۔ تفسیر فتح البیان جلد اول صفحہ ۴۹ میں زیر آیہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ یہ معنے لکھے ہیں +

وَقِیْلَ الْکَلَامُ عَلٰی حَالِهٖ مِنْ غَیْرِ اِدِّعَاءِ تَقْدِیْمٍ وَّتَاْخِیْرٍ فِیْهِ وَالْمَعْنٰی کَمَا قَالَ فِی الْکَشَّافِ مُسْتَوْفِیْ اَجَلِکَ وَمَعْنَاهُ اِنِّیْ عَاصِمُکَ مِنْ اَنْ یَّقْتُلَکَ الْکُفَّارُ وَمُؤَخِّرُ اَجَلِکَ اِلٰی اَجَلٍ کَتَبْتُهٗ لَکَ وَمُمِیْتُکَ حَتْفَ اَنْفِکَ لَا قَتْلًا بِاَیْدِیْهِمْ

کہتے ہیں کہ یہ کلام اپنے حال پر قائم ہے اس میں کسی قسم کی تقدیم و تاخیر نہیں اور معنے یہی ہیں جیسے کہ کشاف میں ہیں کہ میں تیری عمر کو پورا کرنیوالا ہوں اور معنے یہ ہوئے کہ میں تجھکو کفار کے قتل سے بچانے والا ہوں اور اُسی عمر تک تجھکو ڈھیل دینے والا ہوں جو میں نے تیرے واسطے لکھ رکھی ہے اور میں تجھے طبعی موت سے مارنے والا ہوں ان کافروں کے ہاتھ سے تو قتل نہیں ہونے پائیگا +

اِس سے ظاہر ہے کہ مفسر نے لفظ توفی کے معنے حقیقی موت کے لیے ہیں اور یہ بات بھی درست ہے کہ میں تیری عمر پوری کر کے تجھے مارونگا کیونکہ بالاتفاق مفسرین اسلام و یہود و نصاریٰ و مورخین عالم جب مسیح کا معاملہ صلیب واقع ہوا ہے تو اُس وقت جناب مسیح علیہ السلام کی عمر ۳۳ برس کی تھی لیکن احادیث رسول اللہ سے جو اپنے موقع پر لکھی جائیں گی ثابت ہے کہ حضرت مسیح کی عمر ۱۲۰ برس کی ہوئی ہے بہرحال ۸۷ برس کی بقیہ زندگی دُنیا میں

پوری کر کے پھر دنیا سے اُٹھائے گئے +

۸۔ تفسیر کشاف جلد اول صفحہ ۲۰۶ میں بھی اِس آیت کے متعلق وہی عبارت لکھی ہے جو تفسیر فتح البیان میں ہے +

۹۔ تفسیر الدر المنثور جلد ۲ صفحہ ۳۰۶ مطبوعہ مطبع مصر زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ یوں لکھا ہے +

(۱) اَخْرَجَ ابْنُ جَرِیْرٍ وَابْنُ الْمُنْذِرِ وَابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ مِنْ طَرِیْقِ عَلِیٍّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِهٖ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یَقُوْلُ اِنِّیْ مُمِیْتُكَ +

ابن جریر اور ابن منذر و ابن ابی حاتم نے علی کے طریق پر ابن عباس سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قول اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ کے معنے ہیں میں تجھے مارنیوالا ہوں +

(۲) اَخْرَجَ ابْنُ جَرِیْرٍ وَابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنْ وَهْبٍ قَالَ تَوَفَّی اللّٰهُ عِیْسٰی بْنَ مَرْیَمَ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ مِنَ النَّهَارِ حَتّٰی رَفَعَ اللّٰهُ

ابن جریر و ابن ابی حاتم وہب سے بیان کرتے ہیں کہ اُس نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مریم کے بیٹے عیسےٰ کو دن کے تین گھنٹہ تک مار دیا حتیٰ کہ اُس کو اپنی طرف اُٹھا لیا۔ دیکھو تفسیر در المنثور جلد اول صفحہ ۴۰۶ +

اس وہب کے قول سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ مُتَوَفِّیْ کے معنے مُمِیْتُ کے لیتے ہیں اور کوئی معنے اُن کے نزدیک نہیں۔ باقی اس امر کا ثبوت کہ تین ساعت تک وہ مرے رہے اور پھر اُٹھائے گئے اسکا ثبوت اُنکی گردن پر ہے +

(۳) اَخْرَجَ ابْنُ عَسَاكِرَ عَنْ وَهْبٍ قَالَ اَمَاتَهُ اللّٰهُ ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ ثُمَّ رَفَعَهُ

یعنے ابن عساکر وہب سے روایت کرتے ہیں کہ وہب نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تین روز تک مار دیا تھا پھر کھڑا کیا اور اپنی طرف اُٹھا لیا یہ خیال عیسائیوں سے لیا گیا ہے بہرحال لفظ توفی کے معنے موت کے لئے گئے ہیں باقی واقعہ کا ثبوت اُنکے ذمہ ہے دیکھو تفسیر در المنثور جلد ۲ صفحہ ۳۰۶ +

(۴) اَخْرَجَ الْحَاكِمُ عَنْ وَهْبٍ اَنَّ اللّٰهَ تَوَفّٰی عِیْسٰی سَبْعَ سَاعَاتٍ ثُمَّ اَحْیَاهُ

امام حاکم وہب سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سات گھنٹہ کے

لئے مار دیا تھا پھر زندہ کر دیا تھا۔ اس جگہ بھی توفی کے معنے موت ہی کے لئے گئے ہیں۔ باقی معاملہ کے متعلق ثبوت راوی کے ذمہ ہے۔ دیکھو تفسیر در المنثور جلد ۲ صفحہ ۳۶ +

(۱۰) حیات القلوب بر حاشیہ جلالین محمدیین مطبوعہ مطبع فاروقی دہلی کے صفحہ ۵۰ پر زیر آیۃ یا عیسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ یوں لکھا ہے +

اَلتَّوَفِّیْ هُوَ الْقَبْضُ ... وَفِی الْبُخَارِیِّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مُتَوَفِّیْكَ مُمِیْتُكَ۔ اَیْ مُمِیْتُكَ فِیْ وَقْتِكَ بَعْدَ النُّزُوْلِ مِنَ السَّمَآءِ وَرَافِعُكَ الْاٰنَ وَقَالَ ابْنُ اِسْحٰقَ تُوُفِّیَ سَبْعَ سَاعَاتٍ ثُمَّ اَحْیَاهُ اللّٰهُ وَرَفَعَهٗ

توفی کے معنے قبض کرنے کے ہیں۔ اور بخاری میں ابن عباس سے مُتَوَفِّیْكَ کے معنے ہیں میں تجھے مارنے والا ہوں۔ یعنے بعد نزول کے میں تجھے اپنے وقت پر مارونگا اور اس وقت تجھے اُٹھالونگا اور ابن اسحاق نے کہا ہے کہ سات ساعت مر گئے تھے پھر اللہ نے اُن کو زندہ کر کے اُٹھا لیا تھا +

دیکھو یہاں بھی توفی کے معنے بہر حال موت کے کرتے ہیں باقی مفسر کی یہ رائے کہ بعد نزول مریگا کوئی ثبوت نہیں دیا اور دوبارہ زندہ ہونے کے متعلق آیۃ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰی کے خلاف ہے +

(۱۱) تفسیر محمدی مصنفہ حافظ مولوی محمد لکھوکے والے مطبوعہ مطبع گلزار محمدی لاہور زیر آیۃ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ جلد ۱ صفحہ ۲۷۱ +

چوں گفت خدا اے عیسیٰ البتہ من بگیرندہ توام از دُنیا و بردارندہ توام بسوئے خود یک کہن توفی معنے موت جواول عیسا آئی۔ ترے ساعت یاست مویا فرزندکرے چڑھائی۔ یک کہن توفی موت ایہی پر معنے پیچھے اگے اوہ موتوں پیش کیا آسمانی ربیا فرشتیاں سنگے اور اس تفسیر کے حاشیہ پر لکھا ہوا لکھیا بعض نے مراد توفی تھیں موت ہی جو یں روایت کیتی ہے علی بن

جب خدا نے کہا کہ اے عیسیٰ میں تجھے دنیا سے لینے والا ہوں اور اپنی طرف اُٹھا لیوالا ہوں بعض کہتے ہیں کہ توفی کے معنے موت کے ہیں جو عیسیٰ علیہ السلام پر وارد ہوئی اور تین یا سات ساعت مر گئے تھے پھر زندہ ہو کر اوپر چلے گئے اور بعض کہتے ہیں کہ توفی کے معنے حقیقی موت کے ہیں مگر آیت مقدم موخر ہے بعض نے کہا ہے کہ مراد توفی سے موت ہی جیسا کہ علی بن

طلحہ نے ابن عباس تھیں

طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی ہے

(۱۲) تفسیر مدارک برحاشیہ تفسیر خازن جلد اول صفحہ ۲۸۴ پر وہی عبارت ہے جو تفسیر فتح البیان اور تفسیر کشاف میں ہے +

(۱۳) تفسیر خازن جلد اول صفحہ ۲۸۵ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یوں لکھا ہے اَلْمُرَادُ بِالتَّوَفِّیْ حَقِیْقَةُ الْمَوْتِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَعْنَاهُ اِنِّیْ مُمِیْتُكَ۔ یعنے توفی سے مراد حقیقی موت ہے جیسا کہ ابن عباس نے کہا ہے کہ اس کے معنے مارنے والے کے ہیں +

اس کے بعد مسیح کی موت کے متعلق وہ لفظ جو وہب نے تین ساعت تک مرنے کے لکھے ہیں مندرج ہیں۔ غرض اس تفسیر سے بھی معلوم ہوا کہ علاوہ دیگر معانی کے توفی کے معنے حقیقی موت کے ہیں

(۱۴) حاشیہ ابن تجید علی البیضاوی برحاشیہ قنوی جلد ۳ صفحہ ۶۲ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یوں لکھا ہے

قَوْلُهٗ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یعنے اِنِّیْ مُمِیْتُكَ حَتْفَ اَنْفِكَ لَا یَقْتُلُ هٰؤُلَاءِ الْكَفَرَةُ الَّذِیْنَ یَهُمُّوْنَ حَوْلَ قَتْلِكَ فَلَا تَخَفْ اِنِّیْ عَاصِمُكَ مِنْهُمْ فَهُوَ كِنَایَةٌ تَلْوِیْحِیَّةٌ عَنِ الْعِصْمَةِ لِاَنَّ التَّوَفِّیْ حَتْفَ اَنْفِهٖ لَازِمٌ لِتَاْخِیْرِهٖ اِلٰی اَجَلِهِ الْمُسَمّٰی وَتَاْخِیْرُهٗ اِلٰی اَجَلِهٖ لَازِمٌ لِلْعِصْمَةِ +

یعنے اُسکے اِس قول اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ کے معنے یہ ہیں میں تجھے طبعی موت سے مارنے والا ہوں اُن کفار کے ہاتھ سے جو تیرے قتل کے درپے ہیں قتل نہیں ہونے دونگا اور تجھے کچھ خوف کرنا نہیں چاہیئے میں تجھے اُن سے محفوظ رکھونگا یہ عصمت کی نسبت ایک عجیب اشارہ ہے کیونکہ طبعی موت اس امر کے لئے لازمی پڑی ہے کہ اجلِ مقرر تک اُن کو ڈھیل دی جائے اور تاخیر اجلِ مقرر تک کے لئے عصمت لازمی ہے +

اس تمام تفاسیر میں بھی لفظ توفی کے معنے موت حقیقی مراد لئے گئے ہیں کیونکہ وہ صلیب سے بچکر دیگر ممالک میں بقیہ عمر امن کے ساتھ بسر کر کے فوت ہو گئے +

(۱۵) حاشیہ قنوی علی البیضاوی جلد ۳ صفحہ ۶۲ پر زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ یہ عبارت لکھی ہے +

قَوْلُهٗ اَوْ مُتَوَفِّیْكَ نَائِمًا اَیْ مُمِیْتُكَ بِالنَّوْمِ فَیَكُوْنُ اِسْتِعَارَةً تَبَعِیَّةً (اِذْ رُوِیَ اَنَّهٗ رُفِعَ نَائِمًا) اَوْ مُمِیْتُكَ عَنِ الشَّهَوَاتِ الْعَائِقَةِ عَنِ الْعُرُوْجِ اِلٰی عَالَمِ الْمَلَكُوْتِ فَیَكُوْنُ

یعنے اُن کا یہ قول کہ میں تجھے نیند میں مارنے والا ہوں یہ تو استعارہ تبعیہ ہوتا ہے (جبکہ یہ روایت کی گئی ہے کہ وہ نیند کی حالت میں اُٹھائے گئے) یا یہ کہ تجھے شہوات نفسانیہ سے مارنیوالا ہوں جو عالم ملکوت کی طرف عروج کرنے سے سدراہ

مَجَازًا مُرْسَلًا اِذْ هٰذَا الْاِنْقِطَاعُ لَازِمٌ لِلْمَوْتِ الْحَقِیْقِیِّ وَجَعَلَهٗ لَازِمًا لِلْمَاتَۃِ +

ہوتی ہیں، پس یہ مجاز مرسل ہوجاتا ہے جبکہ اس قسم کا انقطاع موت حقیقی کے لئے لازمی ہے اور اس قسم کی بے تعلقی اماتت کے لئے لازمی قرار پاچکی ہے +

(۱۶) تفسیر سحر الحقائق قلمی میں زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یوں لکھا ہے اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ عَنِ الصِّفَاتِ النَّفْسَانِیَّۃِ وَالْاَوْصَافِ الْحَیَوَانِیَّۃِ اس سے بھی ظاہر ہے کہ توفی کے معنے موت کے لئے ہیں۔ جب انسان کی صفات نفسانیہ اور اوصاف حیوانیہ ماردی جائیں تو اسی کا نام موت ہوتا ہے +

(۱۷) تفسیر غایۃ البرہان فی تاویل القرآن جلد ا صفحہ ۸۹ مطبوعہ مطبع سید المطابع امروہا زیر آیۃ اِذْ قَالَ اللّٰہُ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یہ لکھا ہے۔ یاد کرو جبکہ اللہ نے فرمایا اے عیسیٰ میں تجھ کو وفات دینے والا ہوں . . . . اور عالم میں طلحہ بن علی اور ابن عباس سے موت مسیح ثابت ہے اور آیۃ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِکَ الْخُلْدَ بھی دلیل مسیح کی موت پر ہے +

الغرض اسی تفسیر میں قطعی طور سے مصنف کی رائے یہی ہے کہ مسیح وفات پاچکے ہیں +

(۱۸) تفسیر کمالین برحاشیہ جلالین زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ یوں لکھا ہے قَالَ شَیْخُ الْاِسْلَامِ ابْنُ حَجَرٍ قَدِ اخْتُلِفَ فِیْ مَوْتِ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ قَبْلَ رَفْعِہٖ فَقِیْلَ عَلٰی ظَاہِرِ الْاٰیَۃِ اِنَّہٗ مَاتَ قَبْلَ رَفْعٍ ثُمَّ یَمُوْتُ بَعْدَ النُّزُوْلِ یعنے شیخ الاسلام ابن حجر نے فرمایا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت قبل رفع کے بارہ میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ آیۃ کے ظاہری معنے لینے چاہئیں اور وہ یہ ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام رفع سے پہلے فوت ہوگئے اور پھر نزول کے بعد دوبارہ زندہ ہونگے۔ اس سے بھی ہویدا ہے۔ کہ بعض توفی کے معنے موت حقیقی کے لیتے ہیں۔ رہا اس امر کا ثبوت کہ مرے ہوئے دوبارہ زندہ ہوا کرتے ہیں۔ سو وہ انہیں کے ذمہ ہے +

(۱۹) تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۱۶۲ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یہ عبارت ہے وَقَالَ بَعْضُہُمُ الْمُرَادُ بِالتَّوَفِّیْ الْمَوْتُ وَرَوٰی عَلِیُّ بْنُ طَلْحَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اَنَّ مَعْنَاہُ اِنِّیْ مُمِیْتُکَ یَدُلُّ عَلَیْہِ قَوْلُہٗ تَعَالٰی قُلْ یَتَوَفّٰکُمْ مَلَکُ الْمَوْتِ۔ یعنے بعض

نے کہا ہے کہ توفی سے حقیقی موت مراد ہے اور علی بن طلحہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت بیان کی ہے کہ اُس کے معنے یہ ہیں کہ میں تجھے مارنے والا ہوں اور اس پر اللہ تعالیٰ کا یہ قول کہ کہدے کہ ملک الموت تم کو ماریگا دلیل ہے +

(۲۰) تفسیر جامع البیان صفحہ ۵۲ پر زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یوں لکھا ہے۔ مُتَوَفِّیْكَ اَلْمُرَادُ مِنَ الْوَفَاۃِ هٰهُنَا النَّوْمُ اَوْ فِی الْاٰیَۃِ تَقْدِیْمٌ وَّتَاْخِیْرٌ اَوْ تُوَفَّاهُ اللّٰهُ ثَلٰثَ سَاعَاتٍ حِیْنَ رَفَعَهٗ اِلَیْهِ وَسَبْعَ سَاعَاتٍ ثُمَّ اَحْیَاهُ یعنے مُتَوَفِّیْكَ سے مراد نیند کی موت ہے یا آیت میں تقدیم وتاخیر ہے یا اللہ تعالیٰ نے اُن کو اُٹھانے سے پہلے تین یا سات ساعت تک مار دیا پھر اُن کو زندہ کیا۔ یہاں بھی متوفی کے معنے موت یا قبض روح کے لئے گئے ہیں۔ باقی تقدیم یا تاخیر یا دوبارہ زندہ ہونے کا ثبوت بذمہ مفسر +

(۲۱) تفسیر مجمع البیان ملا ابو جعفر جلد ۱ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَفَاتُهٗ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَوَهْبٍ قَالَ اَمَاتَ اللّٰهُ ثَلٰثَ سَاعَاتٍ۔ یعنے توفی کے معنے وفات ہے ابن عباس اور وہب کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تین ساعت کے لئے مار دیا۔ ابن عباس کی نسبت کہیں بھی ثابت نہیں کہ وہ تین ساعت کے مرنے کے قائل ہوں بہرحال موت کے قائل ہیں +

(۲۲) تفسیر سید احمد خان صاحب جلد ۴ میں زیر آیۃ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یوں لکھا ہے جب خدا نے کہا کہ اے عیسیٰ بیشک میں تجھکو مارنے والا ہوں +

(۲۳) تفسیر مظہری صفحہ ۳۸۷ جلد اول۔ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یوں لکھا ہے قَالَ بَعْضُهُمُ الْمُرَادُ بِالتَّوَفِّیْ الْمَوْتُ رَوٰی عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَلْحَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَعْنَاهُ اِنِّیْ مُمِیْتُكَ یعنے بعض نے کہا ہے کہ مراد توفی سے موت ہے علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ تحقیق میں تجھکو مارنے والا ہوں +

(۲۴) تفسیر غرائب القرآن مصنفہ حسن القمی مطبوعہ مطبع ایران جلد ۱ صفحہ ۳۲۰ زیر آیۃ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یوں لکھا ہے۔ چوں گفت خدا کہ اے عیسیٰ بدرستی کہ میرانیم ترا وبالا برندہ ام ترا بسوئے خود نیز یہ بھی لکھا ہے مُتَوَفِّیْكَ مُتَمِّمُ عُمُرِكَ وَعَاصِمُكَ مِنْ اَنْ یَّقْتُلَكَ الْكُفَّارُ وَقِیْلَ مُمِیْتُكَ كَیْلَا یَصِلُ اَعْدَاؤُكَ مِنَ الْیَهُوْدِ اِلٰی قَتْلِكَ یعنے میں تیری عمر کو تمام کرنے والا ہوں اور کفار کے قتل سے تجھکو محفوظ رکھونگا اور یہ بھی کہا

جاتا ہے کہ میں تجھ کو مار دونگا تاکہ تیرے یہودی دشمن تیرے قتل کی جرأت نہ کریں۔ اس تفسیر میں بھی متوفی کے معنے مارنے والا مراد لئے گئے ہیں +

(۲۵) تفسیر صافی مصنفہ ملا محسن جلد اول سورہ آل عمران زیر آیہ یَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ یہ عبارت تحریر ہے مُسْتَوْفِیْ اَجَلَکَ وَمُؤَخِّرُکَ اِلٰی اَجَلِکَ الْمُسَمّٰی۔ عَاصِمًا اِیَّاکَ مِنْ قَتْلِهِمْ اَوْ مُمِیْتُکَ عَنِ الشَّهَوَاتِ میں تیری عمر پوری کرنے والا ہوں اور مقررہ عمر تک تجھ کو ڈھیل دینے والا ہوں اور اُن کے قتل سے تجھ کو بچانے والا ہوں یا یہ کہ شہوات سے مارنے والا ہوں۔ اس تفسیر سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ رفع سے پہلے موت ہوئی خواہ کسی قسم کی موت کو وہ تسلیم کریں +

(۲۶) تفسیر معالمات الاسرار فی مکاشفات الاخیار جلد اول صفحہ ۱۷۹۔ زیر آیہ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یوں لکھا ہے۔ یا دبکن چوں فرمود حق تعالیٰ مدرستیکہ من میرانندہ توام چنانکہ مذہب ابن عباس است۔ یعنے یاد کر جبکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے عیسیٰ تحقیق میں تجھ کو مارنے والا ہوں۔ جیسا کہ ابن عباس کا مذہب ہے۔ اس تفسیر میں قطعی طور سے حضرت عیسےٰ کے مرنے کی تصدیق ہے۔ سوائے موت کے اُس نے اور معنے نہیں لئے +

(۲۷) تفسیر فتح المنان جلد ۲ صفحہ ۱۴۹۔ زیر آیہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یوں لکھا ہے توفی کے معنے لغت میں کسی چیز کا پورا پورا لینا اور چونکہ مُردہ اپنی حیات کا پورا حصہ پالیتا ہے اِس لئے اُس کو متوفی کہتے ہیں +

آگے چلکر صفحہ ۱۵۰ پر یوں لکھا ہے۔ وہب کہتے ہیں کہ تین ساعت وفات پائی۔ محمد بن اسحاق کہتے ہیں پانچ ساعت تک وفات رہی پھر خدا نے اُن کو زندہ کر کے آسمان کی طرف اُٹھا لیا۔ جیسا کہ عیسائی کہتے ہیں مگر یہ وفات یہود کے سولی دینے سے واقع نہیں ہوئی تھی جیسا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ بلکہ آثار جسمانیہ کے ہلکا کرنے کے لئے خدا نے وفات دی تھی۔ خلاصہ یہ کہ آیت وَمَا قَتَلُوْهُ میں جو نفی ہے تو یہود کے ہاتھوں قتل کرنے کی نفی ہے نہ مسیح کی وفات کی نفی جو طبعی طور سے اُس نے پائی +

بیشک مصنف کی یہ رائے نہایت پختہ ہے کہ مسیح کی وفات کا انکار قرآن سے ثابت نہیں بلکہ اُسی قسم کی موت سے قرآن شریف نے انکار کیا ہے جس قسم کی موت یہودی قرار دیتے ہیں یعنے

(۲۸) فوز الکبیر مطبوعہ مطبع محمدی صفحہ ۶ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ لکھا ہے مُتَوَفِّیْکَ وَمُمِیْتُکَ یعنے میں تجھے حقیقی موت سے مارنے والا ہوں +

(۲۹) تفسیر عباسی سورہ آل عمران زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ یوں لکھا ہے مقدم و مؤخر

وَیَقُوْلُ اِنِّیْ رَافِعُکَ اِلَیَّ وَمُطَهِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِکَ وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْکَ اتَّبَعُوْا دِیْنَکَ فَوْقَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِالْحُجَّةِ وَالنُّصْرَةِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ثُمَّ مُتَوَفِّیْکَ +

یعنے مفسر صاحب کہتے ہیں جس کے معنے یہ ہیں کہ میں تجھ کو اپنی طرف اُٹھالونگا اور تجھکو پاک کرونگا یعنے کافروں سے تجھ کو نجات دونگا اور جو لوگ تیرے دین کے تابعدار ہیں اُن کو قیامت کے دن تک حجت اور نصرت کے ساتھ کافروں پر قیامت تک غالب رکھونگا پھر میں تجھ کو مار ڈالونگا +

یہ تفسیر ایسی معلوم ہوتی ہے گویا کہ مفسر نے کسی ایسے وقت میں تفسیر لکھی ہے جبکہ اُس کے دماغ میں اختلال واقع تھا ورنہ کوئی صحیح و سلیم دماغ کا انسان ایسی تفسیر نہیں کرسکتا۔ کیونکہ جب مسیح آسمان پر اُٹھا لئے گئے اور وہاں پر جانے نجات بھی ملگئی تو پھر کیا فکر رہا کیونکہ باعتقاد مفسر زمین پر تو اللہ تعالیٰ سے ممکن نہ تھا کہ مسیح کو کفار یہود سے نجات دلا سکتا اور شاید اسی خوف سے خدا نے اول آسمان پر بھی نہیں رکھا بلکہ دوسرے یا چوتھے آسمان پر جا کر رکھا۔ اور مسیح کے تابعداروں کو قیامت کے دن تک حجت اور نصرت سے کفار پر غالب کرنیکا وعدہ کر دیا اور وہ جب آسمان پر چلے گئے تو بلاشک وہاں پر ہی اُسکو مار دیگا۔ کیونکہ یہ تو مفسر نے ثابت نہیں کیا کہ قرآن سے انکار رجوع بھی ہوسکتا ہے۔ بہرحال وہ متوفی کے معنے موت کے لیتے ہیں لیکن اُن کی موت زمینی نہیں لیتے بلکہ آسمان پر مرنا تسلیم کرتے ہیں۔ خواہ کسی طرح مانیں ہمارا مقصد تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ توفی کے معنے موت ہی ہے باقی باتوں کا مفسر خود ذمہ وار ہے +

(۳۰) تفسیر روح البیان جلد اول صفحہ ۳۳۱ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یوں لکھا ہے اَیْ مُتَوَفِّیْ اَجَلَکَ وَمَعْنَاهُ اِنِّیْ عَاصِمُکَ مِنْ اَنْ یَّقْتُلَکَ الْکُفَّارُ وَمُؤَخِّرُکَ اِلٰی اَجَلٍ کَتَبْتُهٗ لَکَ وَمُمِیْتُکَ حَتْفَ اَنْفِکَ لَا قَتْلًا بِاَیْدِیْهِمْ یہ وہی تفسیر ہے جو اکثر دوسری تفسیروں میں آچکی ہے۔ غرضیکہ اس تفسیر میں توفی سے موت طبعی مراد لی گئی ہے +

(۳۱) تفسیر الفتوحات الٰہیہ جلد ۱ صفحہ ۲۹۳ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یوں لکھا ہے +

فِيهِ وَجْهَانِ اَظْهَرُهُمَا اَنَّ الْكَلَامَ عَلٰى حَالِهٖ مِنْ غَيْرِ اِدِّعَاءِ تَقْدِيْمٍ وَتَاْخِيْرٍ فِيْهِ بِمَعْنٰى اِنِّيْ مُسْتَوْفِيْ اَجَلَكَ وَمُؤَخِّرُكَ وَعَاصِمُكَ مِنْ اَنْ تُقْتَلَكَ الْكُفَّارُ اِلٰى اَنْ تَمُوْتَ حَتْفَ اَنْفِكَ مِنْ غَيْرِ اَنْ تُقْتَلَ بِاَيْدِ الْكُفَّارِ +

اس میں دو صورتیں ہیں۔ اُن دونوں میں سے غالب تر یہ صورت ہے کہ کلام کو بغیر تقدیم و تاخیر کے اپنی اصلی حالت پر رکھا جائے اور معنے یہ ہیں کہ میں تیری عمر کو پورا کرونگا اور تجھ کو ڈھیل دونگا اور کفار کے ہاتھوں قتل سے بچاؤنگا۔ یہانتک کہ تو اپنی موت سے مرجائے۔ اس سے بھی ظاہر ہے کہ مفسر اپنی اس رائے کو ترجیح دیتا ہے کہ مسیح طبعی موت سے مرا +

(۳۲) حاشیہ شیخ احمد صادی المالکی علی جلالین جلد اول صفحہ ۱۵۹ زیر آیہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یوں لکھا ہے اُخْتُلِفَ فِی التَّوَفِّیْ فَقِیْلَ مَعْنَاہُ مُبَلِّغُكَ اٰجَالَكَ بِتَمَامِہٖ وَلَا تَمُوْتُ بِقَتْلِ اَحَدٍ بَلْ مِنَ اللّٰہِ وَقِیْلَ مَعْنَاہُ بِالنَّوْمِ یعنے توفی میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں اس کے معنے یہ ہیں میں تیری عمر کو مقررہ وقت تک پہنچاؤنگا۔ اور تو کسی شخص کے ہاتھ سے قتل کی موت نہ مریگا بلکہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ سے تو وفات پائیگا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ موت سے مراد نیند ہے +

الغرض اس مفسر کے نزدیک بھی توفی کے معنے طبعی موت اور قبضِ روح کے ہیں باقی کا وہ خود ذمہ وار ہے +

(۳۳) تفسیر سراج المنیر جلد اول صفحہ ۲۱۰ زیر آیہ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ میں وہی عبارت ہے جو تفسیر کشاف وغیرہ میں ہے یعنے طبعی موت سے مرنا +

(۳۴) ترجمان القرآن جلد ۲ صفحہ ۴۳۶ پر زیر آیہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ یہ ہے۔ ابن کثیر نے کہا مفسرین کا اختلاف ہے کہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ سے کیا مراد ہے۔ قتادہ نے کہا اس میں تقدیم و تاخیر ہے۔ اصل عبارت یوں ہے اِنِّیْ رَافِعُكَ اِلَیَّ وَمُتَوَفِّیْكَ یعنے پہلے رفع ہے پھر وفات ہے۔ ابن عباس نے کہا متوفی کے معنے ممیت ہے وہب بن منبہ نے کہا کہ حضرت عیسیٰ کو تین ساعت اول روز میں وفات دی ابن اسحاق نے کہا کہ یہ عقیدہ نصاریٰ کا ہے کہ سات ساعت مرے رہے پھر زندہ ہو گئے۔ دوسرا قول وہب کا یہ ہے کہ تین دن مرے رہے پھر زندہ ہو گئے۔ مطر وراق نے کہا مراد دنیا کی وفات ہے نہ وفاتِ موت۔ اکثر اہل علم کا

قول ہے کہ مراد وفات سے اس جگہ خواب ہے پھر اسی تفسیر کے صفحہ ۴۳۸ پر ہے۔ ابوزید نے کہا متوفی کے معنے قابض کے ہیں +

(۳۵) تفسیر توضیح مجید جلد اول صفحہ ۴۳۹ پر زیر آیۃ اِذْ قَالَ اللّٰہُ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یوں کہا ہے۔ وفاتیکہ کہا خدا نے اے عیسیٰ بدرستیکہ میں تمام کرنے والا ہوں عمر تیری کو اجل تک اور پھر وہی مفسر کہتا ہے جو بیضاوی وغیرہ میں ہے کہ طبعی موت سے موت ہوگی۔ الغرض اس تفسیر سے بھی ایک معنے موت کے ثابت ہوتے ہیں کیونکہ اس مفسر نے بھی اور مفسروں سے اتفاق کیا ہے +

(۳۶) تفسیر کبیر جلد ۲ صفحہ ۶۸۹ پر زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یہ لکھا ہے +

(۱) اِنِّیْ مُتَمِّمُ عُمُرَکَ فَحِیْنَئِذٍ تَوَفَّاکَ۔ یعنے میں تیری عمر کو پورا کرنے والا ہوں اور جب پوری ہو جائے گی تو میں تجھے وفات دونگا +

(۲) مُمِیْتُکَ وَھُوَ مَرْوِیٌّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ۔ یعنے مارنے والا ہوں اور یہ ابن عباس اور محمد بن اسحاق سے مروی ہے +

(۳) قَالَ الرَّبِیْعُ ابْنُ اَنَسٍ اَنَّہٗ تَعَالٰی تَوَفَّاہُ حِیْنَ رَفَعَہٗ اِلَی السَّمَاءِ ربیع بن انس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اٹھانے کے وقت نیند کی موت دیدی تھی +

غرضیکہ اس تفسیر سے بھی حقیقی موت اور نیند کی موت یعنے قبض روح ثابت ہوتی ہے +

(۳۷) تفسیر فتح المنان جلد ۳ صفحہ ۱۳۳ زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَالتَّوَفِّیْ یُسْتَعْمَلُ فِیْ اَخْذِ الشَّیْءِ وَافِیًا اَیْ کَامِلًا یعنے توفی مستعمل ہوتا ہے کہ اس وقت جبکہ کسی چیز کا پورا لینا مقصود ہو۔ الوفاۃ بمعنے الموت ومنہ قَوْلُہٗ تَعَالٰی اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا اور وفات موت کے معنے کے لئے بھی آتی ہے جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اللہ لوگوں کو موت کے وقت مار دیتا ہے بِمَعْنَی النَّوْمِ وَمِنْہُ قَوْلُہٗ تَعَالٰی وَھُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِاللَّیْلِ اَیْ یُنِیْمُکُمْ یعنے نیند کے معنے میں بھی آتا ہے بموجب قول اللہ تعالیٰ کے وہ وہ ذات ہے کہ تم کو رات کے وقت نیند کی موت سے مارتا ہے۔ یعنے تمہیں سلا دیتا ہے +

(۳۸) تفسیر ابن کثیر اِخْتَلَفَ الْمُفَسِّرُوْنَ فِیْ قَوْلِہٖ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ فَقَالَ قَتَادَۃُ وَغَیْرُہٗ ھٰذَا مِنَ الْمُقَدَّمِ وَالْمُؤَخَّرِ۔ یعنے قتادہ وغیرہ کہتے ہیں کہ یہ آیت مقدم موخر ہے۔ بہر حال توفی کے معنے موت کے ہوئے مقدم موخر کا ثبوت بر مقتادہ +

وَقَالَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَلْحَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ اَیْ مُمِیْتُکَ - اور علی ابن ابی طلحہ ابن عباس سے نقل کر کے کہتا ہے کہ مُتَوَفِّیْکَ کے معنے میں تجھے مارنے والا ہوں +

قَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ وَھْبِ بْنِ مُنَبِّہٍ قَالَ تَوَفَّاہُ اللّٰہُ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ یعنے محمد بن اسحاق وہب بن منبہ سے نقل کرتا ہے کہ وہ کہتا تھا کہ اللہ نے تین ساعت تک حضرت عیسٰے کو مار دیا تھا +

قَالَ ابْنُ اِسْحٰقَ وَالنَّصَارٰی یَزْعُمُوْنَ اَنَّ اللّٰہَ تَوَفَّاہُ سَبْعَ سَاعَاتٍ یعنے ابن اسحٰق کہتا کہ نصاری گمان کرتے ہیں کہ وہ سات ساعت تک مر گئے تھے +

قَالَ اِسْحٰقُ ابْنُ بِشْرٍ عَنْ اِدْرِیْسَ عَنْ وَھْبٍ اَمَاتَہُ اللّٰہُ ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ - یعنے اسحاق بن بشر ادریس سے اور وہ وہب سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ نے اُسکو تین یوم تک مار دیا تھا +

(۳۹) تفسیر فتح القدیر جلد اول قلمی میں زیر آیہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ یوں لکھا ہے قَالَ الْفَرَّاءُ اِنَّ فِی الْکَلَامِ تَقْدِیْمًا وَتَاخِیْرًا تَقْدِیْرُہٗ اِنِّیْ رَافِعُکَ وَمُطَھِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَمُتَوَفِّیْکَ بَعْدَ اِنْزَالِکَ یعنے تقدیم و تاخیر ہے اور تیرے انزال کے بعد تجھے مارونگا +

بہر حال معنے توفی کے موت کے ہوئے +

وَقَالَ اَبُوْ زَیْدٍ مُتَوَفِّیْکَ - قَابِضُکَ - یعنے ابو زید نے کہا ہے کہ متوفیک کے معنے ہیں کہ میں تجھے قبض کرونگا سو قبض ہمیشہ روح کو ہوا کرتی ہے +

وَقَالَ فِی الْکَشَّافِ مُسْتَوْفِیْ اَجَلِکَ وَمَعْنَاہُ اِنِّیْ عَاصِمُکَ مِنْ اَنْ یَّقْتُلَکَ الْکُفَّارُ وَمُؤَخِّرُ اَجَلِکَ - اَیْ اَجَلٌ کَتَبْتُہٗ لَکَ وَمُمِیْتُکَ حَتْفَ اَنْفِکَ لَا قَتْلًا بِاَیْدِیْھِمْ یعنے کشاف میں ہے کہ تیری عمر کو پورا کرونگا یعنے میں تجھ کو کفار کے ہاتھوں سے قتل سے بچاؤنگا اور تیری اجل کو ڈھیل دونگا یعنے اس عمر تک جو ہم نے تیرے لئے لکھدی ہے اور تجھے طبعی موت سے وفات دونگا اور ان کفار کے ہاتھوں قتل نہیں ہونے دونگا +

(۴۰) تفسیر لطائف القرآن قلمی صفحہ ۳۰۲ زیر آیہ مذکورہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ مِنَ الصِّفَاتِ وَالْاَوْصَافِ الْحَیَوَانِیَّۃِ یعنے تجھکو صفات اور اوصاف حیوانیہ سے مار دینے والا ہوں۔ اس سے بھی موت ثابت ہوئی کیونکہ جب انسان صفاتِ حیوانیہ سے الگ کر دیا گیا تو اسی کا نام موت ہوا کرتا

(۴۱) تفسیر فتح البیان جلد ۲ صفحہ ۴۹ مُتَوَفِّیْكَ بَعْدَ اِنْزَالِكَ بِحَالَاتِ تَقْدِیْمٍ وَ تَاخِیْرٍ یعنے بحالت تقدیم و تاخیر معنے ہیں کہ تیرے نزول کے بعد تجھے مارونگا۔ وَمُمِیْتُكَ حَتْفَ اَنْفِكَ لَا قَتْلًا بِاَیْدِیْهِمْ یعنے طبعی موت سے مارونگا اور ان کفار کے ہاتھوں سے قتل نہیں کراؤنگا ۔

(۴۲) تفسیر بیضاوی میں زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ۔ وہی قول لکھا ہے جو کشاف میں ہے ۔

دوسری فصل

اِس بیان میں کہ مفسرین نے آیت فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کے کیا معنے کئے ہیں

اب ہم یہاں پر فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کے معنے تفاسیر کلام اللہ سے دکھاتے ہیں ۔

(۱) تفسیر ابن جریر جلد ۷ صفحہ ۸۴ زیر آیۃ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَا اَمَرْتَنِیْ بِهٖ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ وَكُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ یوں لکھا ہے ۔

وَهٰذَا اَخْبَرٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰی ذِكْرُهٗ عَنْ قَوْلِ عِیْسٰی یَقُوْلُ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا الَّذِیْ اَمَرْتَنِیْ بِهٖ مِنَ الْقَوْلِ اَنْ اَقُوْلَهٗ لَهُمْ وَهُوَ اَنْ قُلْتُ لَهُمُ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ وَكُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا یَقُوْلُ وَكُنْتُ عَلٰی مَا یَفْعَلُوْنَهٗ وَاَنَا بَیْنَ اَظْهُرِهِمْ شَاهِدًا عَلٰی اَفْعَالِهِمْ وَاَقْوَالِهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ یَقُوْلُ فَلَمَّا قَبَضْتَنِیْ اِلَیْكَ

اور یہ خبر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ذکر ہوئی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یوں کہا تھا کہ میں نے تو اُن لوگوں کو وہی بات کہی تھی جو بات کہ تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ کہوں اور جو میں نے اُن کے پاس بیان کیا وہ یہ تھا کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے اور جو کچھ وہ کرتے تھے میں اُن کے افعال و اقوال کو بچشم خود دیکھتا اور سنتا تھا جب تو نے مجھے

كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ يَقُوْلُ اَنْتَ الْحَفِيْظُ عَلَيْهِمْ وَاِنِّيْ لَاَنِّيْ اِنَّمَا شَهِدْتُّ مِنْ اَعْمَالِهِمْ مَا عَمِلُوْهُ وَاَنَا بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ وَفِيْ هٰذَا بَيَانٌ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اِنَّمَا عَرَفَ اَفْعَالَ الْقَوْمِ وَمَقَالَتَهُمْ بَعْدَ مَا قَبَضَهُ اِلَيْهِ وَتَوَفَّاهُ +

قبض کر لیا تو پیچھے تو اُن پر حافظ و نگراں تھا اور میں جب تک اُن کے درمیان رہا میں اُن کے اعمال جو وہ کرتے تھے دیکھتا رہا اور اُس میں کھلا کھلا بیان ہے کہ بعد قبض کر لینے اور وفات دینے مسیح علیہ السلام کے قوم مسیح علیہ السلام کے افعال و اقوال کا خدا تعالیٰ ہی کو علم ہے +

۲۔ تفسیر البحر المحیط جلد ۴ صفحہ ۶۱ زیر آیہ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ میں یوں لکھا ہے +

قَالَ هٰذَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهُ تَوَفَّاهُ وَفَاتَ الْمَوْتِ قَبْلَ اَنْ يَّرْفَعَهُ

کہتے ہیں کہ اس آیت سے یہ مراد ہے کہ رفع سے پہلے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی وفات طبعی موت سے ہوئی ہے +

(۳) تفسیر کبیر جلد ۳ صفحہ ۷۰۰ زیر آیہ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ۔ وَالْمُرَادُ مِنْهُ وَفَاةُ الرَّفْعِ اِلَى السَّمَآءِ یعنے رفع کی موت مراد ہے یعنے وہ موت جسکا نتیجہ رفعت منزل ہوتی ہے +

(۴) تفسیر غایت البرہان جلد ۱ صفحہ ۵۹۹ زیر آیہ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ پس جب تو نے ارادہ میری وفات کا کیا تو تو ہی اُن پر رقیب تھا +

(۵) تفسیر مجمع البیان جلد ۱ صفحہ زیر آیہ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ اَيْ قَبَضْتَنِيْ اِلَيْكَ وَاَمَتَّنِيْ عَنْ جُبَّائِيْ۔ یعنے امام جبائی کہتے ہیں کہ اس آیت کے یہ معنے ہیں جب تو نے مجھے اٹھا دیا چنانچہ تفصیل اُس کی ذیل میں ہے +

قَالَ الْجُبَّائِيُّ وَفِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ دَلَالَةٌ عَلٰى اَنَّهُ اَمَاتَ عِيْسٰى وَتَوَفَّاهُ ثُمَّ رَفَعَهُ اِلَيْهِ اِذْ اَنَّهُ بَيَّنَ اَنَّهُ كَانَ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مَا دَامَ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّاهُ اللّٰهُ كَانَ هُوَ الشَّهِيْدَ عَلَيْهِمْ لِاَنَّ التَّوَفِّيَ لَا يَسْتَفَادُ مِنَ الْاِطْلَاقِ اِلَّا الْمَوْتَ اَلَا تَرٰى اِلٰى قَوْلِ اللّٰهِ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا +

یعنے جبائی نے کہا کہ یہہ آیت اِس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عیسےٰ علیہ السلام کو مار دیا اور مار کر اپنی طرف اُٹھا لیا کیونکہ یہ امر ظاہر ہے کہ جب تک حضرت عیسیٰ اپنی قوم میں رہے اُن کے افعال و اعمال کو دیکھتے رہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے اُن کو مار دیا تو پھر اللہ تعالیٰ ہی اُن کے حال پر نگران تھا کیونکہ توفی بغیر موت کے اطلاق کے کچھ

فائدہ نہیں دیتی۔ کیا تم اللہ تعالیٰ کے قول کو نہیں دیکھتے جہاں فرماتا ہے کہ موت کے وقت لوگوں کو متوفی کرتا ہے یعنے مار دیا کرتا ہے +

(۶) تفسیر سید احمد خان صاحب جلد ۲ صفحہ ۲۵۵ میں زیر آیۃ بالا یوں لکھا ہے۔ جب تو نے مجھے فوت کیا تو تو ہی اُن پر نگہبان تھا +

(۷) تفسیر حسینی قلمی۔ زیر آیۃ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي۔ پس آن ہنگام کہ مرا فراگرفتی یعنے رفع کردی بآسمان یا بمیرانیدی یعنے اُسوقت جب تو نے مجھے اُٹھا لیا یا مار دیا +

(۸) تفسیر غرایب القرآن جلد ۲ صفحہ ۴۷ زیر آیۃ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ پس چوں میرانیدی مرا بودی تو مواظب بر آنہا یعنے جب تو نے مجھے مار دیا تو تو اُنپر نگہبان تھا +

(۹) تفسیر صافی جلد ۱۔ زیر آیۃ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي الْتَّوَفِّي أَخْذُ الشَّيْءِ وَافِيًا وَالْمَوْتُ نَوْعٌ مِنْهُ۔ یعنے توفی کے معنے کسی شے کا پورا لے لینا اور موت بھی اُس کی ایک قسم ہے +

(۱۰) تفسیر معالمات الاسرار جلد ۱ صفحہ ۲۳۵ زیر آیۃ بالا۔ پس ہرگاہ کہ میرانیدی مرا و برآسمان برداشتی بودی تو نگہبان بر ایشاں۔ یعنے جب تو نے مجھکو مار دیا اور مار کر آسمان پر لے گیا تو تو اُن پر نگراں تھا +

(۱۱) تفسیر فتح المنان جلد ۴ صفحہ ۶۴ زیر آیۃ بالا۔ پھر جب تو نے مجھے وفات دی تو اُن پر تو نگہبان تھا +

(۱۲) تفسیر اکسیر اعظم جلد ۲ صفحہ ۱۰ زیر آیۃ بالا۔ پھر جب تو نے مجھے لے لیا تو تو اُنپر نگہبان تھا +

(۱۳) حاشیہ شیخ احمد صادی مالکی علی جلالین جلد اول صفحہ ۱۳۵ زیر آیۃ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي يُسْتَعْمَلُ التَّوَفِّي فِي أَخْذِ الشَّيْءِ وَافِيًا أَيْ كَامِلًا وَالْمَوْتُ نَوْعٌ مِنْهُ۔ یعنے توفی کسی چیز کے پورا لینے کے وقت استعمال ہوتا ہے اور موت بھی اُسکی ایک قسم ہے +

(۱۴) تفسیر فتح القدیر قلمی میں زیر آیۃ۔ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي لکھا ہے۔ قِيلَ هٰذَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ تَوَفَّاهُ قَبْلَ أَنْ يَرْفَعَهُ۔ یعنے کہتے ہیں کہ یہ آیت اِسی بات پر دال ہے کہ اللہ سبحانہ نے مسیح علیہ السلام کو اُس کے رفع سے پہلے مار دیا تھا +

(۱۵) تفسیر جامع البیان صفحہ ۱۱۱۔ اَلتَّوَفِّي أَخْذُ الشَّيْءِ وَافِيًا یعنے توفی کے معنے کسی چیز کا پورا پورا لے لینا بھی ہے +

(۱۶) تفسیر روح المعانی جلد اول صفحہ ۱۱۵ زیر آیۃ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي عَنِ الْجُبَّائِيِّ أَنَّ الْمَعْنَى أَمَتَّنِي وَادَّعَى أَنَّ رَفَعَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِلَى السَّمَاءِ وَكَانَ بَعْدَ مَوْتِهِ یعنے جبائی سے مروی ہے کہ اس کے معنے یہ ہیں کہ مجھے مار دیا۔ اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رفع الی السماء موت کے بعد تھا۔

(۱۷) تفسیر توضیح مجید جلد ۲ صفحہ ۸ زیر آیۃ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ پس ہرگاہ کہ وفات دی تو نے مجھ کو تھا تو نگہبان۔

(۱۸) تفسیر بحر مواج جلد اول صفحہ ۲۵۷ زیر آیۃ بالا۔ پس آنگاہ کہ مرا متوفا گردانیدی و بجہانے دیگر رسانیدی ہم تو نگہبان بودی در کار و بار ایشاں یعنے جب تو نے مار دیا اور دوسرے جہان میں لے گیا تو پھر تو اُن کے کاروبار کا نگران حال تھا۔

(۱۹) تفسیر فتح البیان جلد ۳ صفحہ ۱۳۳۔ زیر آیۃ بالا قِيلَ هٰذَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ تَوَفَّاهُ قَبْلَ أَنْ يَرْفَعَهُ کہتے ہیں یہ آیت اس امر کی دال ہے کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے اُن کو رفع سے پہلے مار دیا تھا۔

(۲۰) تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۳۶ زیر آیۃ وَكُنْتُ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ

أَيْ كُنْتُ أَشْهَدُ عَلَى أَعْمَالِهِمْ حِينَ كُنْتُ بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ وَأَنْتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ۔ قَالَ أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ انْطَلَقْتُ أَنَا وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ إِلَى الْمُغِيرَةِ ابْنِ النُّعْمَانِ فَأَمْلَى عَلَيَّ سُفْيَانُ وَأَنَا مَعَهُ فَلَمَّا قَامَ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ سُفْيَانَ فَحَدَّثَنَا قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

یعنے میں جب تک اُن میں تھا اُن کے اعمال کو دیکھتا تھا۔ جب تو نے مجھے مار دیا تو تو اُن کا نگہبان تھا۔ اور تو ہر ایک چیز کو دیکھتا ہے۔ ابو داؤد الطیالسی کہتا ہے کہ مجھے شعبہ نے حدیث بیان کی اور کہا کہ میں اور سفیان ثوری مغیرہ ابن نعمان کے پاس گئے۔ اُس نے سفیان کو مخاطب کر کے تقریر کی اور میں بھی پاس تھا جب وہ کھڑا ہوا تو میں نے اُس کو سفیان سے نقل کر لیا اُس نے ہمارے پاس حدیث بیان کی اور کہا کہ میں نے سعید بن جبیر کو ابن عباس سے روایت

وَسَلَّمَ بِمَوْعِظَةٍ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ
مَحْشُوْرُوْنَ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ حُفَاةً عُرَاةً
كَمَا بَدَأْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهٗ وَاِنَّ اَوَّلَ
الْخَلَائِقِ يُكْسٰى اِبْرَاهِيْمُ اَلَا وَاِنَّهٗ يُجَاءُ
بِرِجَالٍ مِنْ اُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُؤْخَذُ
بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ اَصْحَابِيْ
فَيُقَالُ اِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثُوْا
بَعْدَكَ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ
وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ
فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ
.... وَرَوَاهُ الْبُخَارِيُّ عِنْدَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ
عَنْ اَبِي الْوَلِيْدِ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَثِيْرٍ +

کرتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ایک دفعہ ہم میں کھڑے ہوئے اور وعظ فرمانے
لگے اور ابتدا یہاں سے کی کہ اے لوگو تم سب
اللہ تعالیٰ کے حضور میں کھڑے کئے جاؤ گے۔
اور تمہاری حالت ویسی ہی ہوگی جیسے ابتدا
میں پیدائش کے وقت ننگے پاؤں اور ننگے
بدن۔ اور بلا ختنہ ہوتی ہے۔ اور تمام مخلوقات
میں سے جسکو سب سے پہلے لباس پہنایا جائیگا
ابراہیم علیہ السلام ہونگے۔ خبردار ہو کیونکہ قیامت
کے دن میری اُمت کے لوگوں میں سے بعض
آدمی لائے جائینگے۔ اور جن کے بائیں ہاتھ میں
اعمالنامے ہونگے۔ اُن کو ماخوذ کیا جائیگا۔ تو
میں اُسوقت کہونگا کہ یہ تو میرے لوگ ہیں۔ تو جواب یہ ملیگا کہ تو نہیں جانتا کہ تیری وفات کے بعد
ان لوگوں نے کیا کیا بدعات نکالیں تو میں وہی کہونگا جو ایک نیک بندہ کہہ چکا ہے کہ جب تک
میں اُن میں رہا اُن کو راہ راست پر پایا۔ جب تو نے مجھے وفات دیدی تو مجھے تو نگہبان تھا +

اِن تمام تفاسیر کی عبارات سے صاف واضح ہے کہ ایک جماعت اس امر کی ہمیشہ سے قائل
چلی آئی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ قطعی طور سے کسی
سے بھی کوئی فیصلہ نہ ہو سکا۔ اور وہ ہمیشہ شکی اور ظنی بنیاد پر قایم رہے ہیں اکثروں نے نزول والی احادیث
سے یہی سمجھا ہے کہ حضرت عیسیٰ ہی زندہ آسمان پر گئے ہیں۔ اور وہی نازل ہونگے۔ اور اسی وجہ سے
انہوں نے لفظ توفی میں اس قدر اختلافات کئے ہیں حتّٰی کہ کئی کئی توجیہیں ان کو گھڑنی پڑیں۔ اگر
وہ قرآن شریف کی دیگر آیات سے مدد لیتے اور خود قرآن شریف کے محاورہ کو مدنظر رکھتے تو
اُن کو اس قدر تکلیف نہ اُٹھانی پڑتی۔ بعض سے جب کچھ بن نہ پڑا تو اُنہوں نے نیند کی موت
تجویز کر لی۔ مگر ساتھ ہی اس بات کو نظر انداز کر دیا کہ نیند میں تو روح کا رفع ہوتا ہے نہ جسم کا
روزمرہ کا تجربہ ظاہر کرتا ہے کہ انسان جہاں سوتا ہے وہاں اُس کا جسم بیکار پڑا رہتا ہے پھر

کیونکر ممکن ہوسکتا ہے کہ مسیح کا جسم اپنی جگہ سے آسمان پر چلا گیا۔ سو جو لوگ مسیح کی زندگی کے قائل ہیں اُن کو اس امر کا ثبوت دینا چاہئے کہ حضرت مسیح کا جسم فلاں مکان پر پڑا ہے۔ لیکن یہ تو ممکن ہی نہیں کہ وہ دکھلا سکیں۔ لہذا مجبوراً اُن کو اور جھوٹی تاویلیں کرنی پڑیں جو نہایت ہی دُور از قیاس ہیں۔ حالانکہ کسی نے بھی روایتِ وفات پر جرح نہیں کی اور اگر اصولِ محدثین اَلْمُثْبِتُ مُقَدَّمٌ عَلَی النَّافِیْ کو بھی مدنظر رکھتے تو بھی وفات ہی کا پہلو بھاری رہتا۔ کیونکہ وفات کے متعلق صرف ایک آدھ آدمی کا بیان کر دینا کافی ہوتا ہے اور اگر بہت لوگ وفات کے قائل نہ بھی ہوتے تو بھی مثبت نافی پر مقدم ہے دیکھو الحصول المأمول من علم الاصول صفحہ ۱۱۶+

تیسری فصل

اِس باب میں کہ احادیث سے بھی وفات حضرت مسیح علیہ السلام ثابت ہے

یہاں پر ہم اوّل اُن احادیث کو پیش کرتے ہیں جن سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صراحتاً یا کنایتاً فوت ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اور اُن احادیث سے یہ بھی واضح ہو جائیگا کہ کن کن بزرگان دین نے اُن احادیث کو اپنی اپنی کتابوں میں درج فرما کر اُن کی وقعت کو بڑھا دیا ہے+

(۱) بخاری جلد ۲ صفحہ ۶۶۵ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مُتَوَفِّیْكَ مُمِیْتُكَ یعنے ابن عباس کہتے ہیں کہ مُتَوَفِّیْكَ کے معنے ہیں میں تجھے مارونگا+

(۲) ابو محمد محمود بن محمد عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری کی جلد ۲ صفحہ ۵۹۳ میں ابن عباس کے متذکرہ قول کی یوں اسناد بیان کرتے ہیں هٰذَا رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنْ اَبِیْهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِیَةُ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ گویا اس مؤلف نے اس کی تائید کر دی ہے۔

(۳) عینی میں صفحہ ۵۹۳۔ زیر قول وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مُتَوَفِّیْكَ مُمِیْتُكَ لکھا ہے۔

وَقَالَ الْكِرْمَانِیُّ ذَكَرَ هٰذِهِ الْكَلِمَةَ مِنْهُمَا وَاِنْ كَانَتْ مِنْ سُوْرَةِ اٰلِ عِمْرَانَ بِمُنَاسَبَةِ قَوْلِهٖ تَعَالٰی فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ	کرمانی کہتا ہے کہ اس کلمہ متوفیک کو اس جگہ بیان کرنا حالانکہ سورہ آل عمران کا جملہ ہے۔ صرف اس وجہ سے ہے کہ اس کو فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ

كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ وَكَانَ هُمَا مِنْ قِصَّةِ عِيْسٰى عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مِنْ تَعْلِيْقِ ابْنِ عَبَّاسٍ +

اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ سے مناسبت ہے کیونکہ دونوں عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق ہیں +

(۴) بخاری میں بصفحہ ۴۹۰ و ۴۷۳ - یہ حدیث ہے +

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ اَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُحْشَرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا ثُمَّ قَرَأَ كَمَا بَدَأْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهٗ وَعْدًا عَلَيْنَا اِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ فَاَوَّلُ مَنْ يُكْسٰى اِبْرٰهِيْمُ ثُمَّ يُؤْخَذُ بِرِجَالٍ مِنْ اَصْحَابِيْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ اَصْحَابِيْ فَيُقَالُ اِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ

یعنے ابن عباس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں کہ لوگ ننگے ادر زادِ قیامت کے دن اُٹھائے جائینگے - پھر آپنے آیۃ کما بدأنا الیٰ آخرہٖ پڑھی - اول جس کو لباس پہنایا جاویگا وہ ابراہیم علیہ السلام ہونگے - پھر میرے اصحاب ذات الیمین و ذات الشمال میں سے پکڑے جائینگے تو میں کہونگا یہ تو میرے اصحاب ہیں - تو یہ جواب ملیگا کہ یہ لوگ مرتد ہوگئے جب تو ان سے جدا ہوا تو میں وہی کہونگا جو نیک بندہ عیسیٰ بن مریم نے کہا تھا - میں اُن کے حال سے واقف تھا جب تک میں اُن میں رہا جب تو نے مار دیا پیچھے تو نگہبان تھا +

اِس کی تائید عمدۃ القاری جلد ۸ صفحہ ۳۴۳ سے یوں ہوتی ہے +

قَوْلُهٗ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَهُوَ عِيْسٰى بْنُ مَرْيَمَ صَلَوٰتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا - قَوْلُهٗ

پس اس حدیث سے حضرت مسیح کا فوت ہونا بخوبی ثابت ہے - کیونکہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا اِلٰى آخِرِهٖ وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّادُمْتُ فِيْهِمْ اَىْ كُنْتُ اَشْهَدُ عَلٰى اَعْمَالِهِمْ حِيْنَ كُنْتُ بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ اَىِ الْحَفِيْظَ عَلَيْهِمْ +

اُنہیں الفاظ کو جو حضرت عیسٰے علیہ السلام نے استعمال کئے ہیں اپنے اوپر چسپاں کر کے حل کر دیا ہے کہ جو حال میرا ہوا وہی مسیح کا ہوا۔ اور صاف ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو چکا ہے۔ لہذا مسیح کا بھی انتقال ہو گیا +

(۵) امام حافظ ابو الفدا اسماعیل ابن عمر قرشی دمشقی اپنی تفسیر بنام ابن کثیر کی جلد ۲ صفحہ ۲۴۶ میں یوں تحریر فرماتے ہیں +

وَبَعْضُ الْاَحَادِيْثِ لَوْ كَانَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى حَيَّيْنِ لِمَا وَسِعَهُمَا اِلَّا اتِّبَاعِىْ فَالرَّسُوْلُ مُحَمَّدٌ خَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ دَائِمًا اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ +

یعنے بعض حدیثوں میں آیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر موسیٰ اور عیسیٰ زندہ ہوتے تو اُن کو بجز ہماری اطاعت کے اور کچھ چارہ نہ ہوتا۔ پس محمد رسول اللہ تمام نبیوں کی مُہر ہے جس پر ہمیشہ قیامت تک خدا کا درود اور سلام ہو۔ اس بزرگ محدث نے اس پر کوئی جرح نہیں کی اور اس سے صاف ظاہر ہے کہ جس طرح موسیٰ فوت ہو چکا ہے اسی طرح عیسیٰ بھی مر چکا ہے +

(۶) نواب صدیق حسن خان صاحب مرحوم بھوپالوی اپنی تفسیر ترجمان القرآن جلد ۲ صفحہ ۴۶۱ میں حدیث مذکرہ بالا یعنے لَوْ كَانَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى حَيَّيْنِ لِمَا وَسِعَهُمَا اِلَّا اتِّبَاعِىْ کو درج فرمایا ہے جرح نہیں کی اور اُسکو صحیح تسلیم کیا ہے +

(۷) خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب فصل الخطاب کے صفحہ ۴۷۴ میں اُس حدیث کو ان الفاظ میں زیب رقم فرمایا ہے وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ لَوْ اَدْرَكَاهُ لَزِمَهُمَا الدُّخُوْلُ فِىْ شَرِيْعَتِهٖ۔ یعنے اگر عیسےٰ اور موسیٰ علیہما الصلوٰۃ والسلام ہمارا زمانہ پاتے تو لازمی طور سے ہماری شریعت کے پابند ہوتے +

(۸) خواجہ محمد پارسا صاحب اسی کتاب کے اُسی صفحہ پر دوسری جگہ یوں لکھتے ہیں وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَدْرَكَنِىْ مُوْسٰى وَعِيْسٰى عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فَمَا وَسِعَهُمَا اِلَّا اتِّبَاعِىْ دیکھو کتاب مذکورہ بالا۔ اس بزرگ نے بھی اس حدیث کو صحیح سمجھ کر اپنی کتاب

میں لکھا ہے اور کوئی حرج نہیں کی +

(۹) کتاب الیواقیت والجواہر فی بیان عقائد الاکابر مصنفہ عارف ربانی امام سید عبدالوہاب شعرانی میں صفحہ ۲۴ حدیث ذیل بدیں الفاظ لکھی ہے +

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ اِنَّمَا کَانَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ لِاَنَّ جَمِیْعَ الْاَنْبِیَآءِ عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ نُوَّابٌ لَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ لَّدُنْ اٰدَمَ اِلٰی اٰخِرِ الرُّسُلِ وَھُوَ عِیْسٰی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کَمَا اَبَانَ عَنْ ذٰلِکَ حَدِیْثُ لَوْ کَانَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی حَیَّیْنِ مَا وَسِعَھُمَا اِلَّا اتِّبَاعِیْ وَصَدَقَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ فَاِنَّہٗ لَوْ کَانَ مَوْجُوْدَ الْجِسْمِ مِنْ لَّدُنْ اٰدَمَ اِلٰی زَمَانِ وُجُوْدِہٖ لَکَانَ جَمِیْعُ بَنِیْ اٰدَمَ تَحْتَ شَرِیْعَتِہٖ حِسًّا وَلِھٰذَا لَمْ یُبْعَثْ نَبِیٌّ اِلَی النَّاسِ عَامَّۃً اِلَّا ھُوَ خَاصَّۃً فَجَمِیْعُ شَرَآئِعِ الْاَنْبِیَآءِ ھِیَ بِالْحَقِیْقَۃِ شَرِیْعَتُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں آدم کی اولاد کا سردار ہوں۔ اور یہ بات فخر کی رو سے نہیں کہتا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سردار بنی آدم ہیں اور وجہ یہ ہے کہ تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اُن کے نائب ہیں۔ آدم سے لیکر آخری رسول یعنے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام تک جیسا کہ اس حدیث سے ظاہر ہے اگر موسیٰ اور عیسیٰ زندہ ہوتے تو اُن کو بغیر میری اطاعت کے کوئی چارہ نہ ہوتا اور بلاشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ہے۔ کیونکہ اگر وہ اپنے جسم کے ساتھ زندہ ہوتے تو حضرت آدم سے لیکر اُن کے زمانۂ وجود تک تمام بنی آدم اُن کی شریعت کے زیر سایہ ہوتے۔ اور یہی سبب ہے کہ کوئی نبی بھی کافۃ الناس کے پاس نہیں بھیجا گیا اور صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ایک فرد ہیں جو سب کے لیے مبعوث ہوئے۔ لہٰذا تمام نبیوں کی شریعتیں فی الاصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت ہیں +

(۱۰) کتاب مدارج السالکین قلمی مصنفہ فخر المحدثین امام ابن قیم شامی کے صفحہ ۳۱۳ جلد ۲ پر یہ حدیث یوں درج ہے لَوْ کَانَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی عَلَیْھِمَا السَّلَامُ حَیَّیْنِ لَکَانَا مِنْ اَتْبَاعِہٖ یعنے اگر موسیٰ اور عیسیٰ زندہ ہوتے تو ضرور اسکے اتباع میں داخل ہوتے +

(۱۱) کتاب شرح مواہب لدنیہ زرقانی میں حدیث لَوْ کَانَ عِیْسٰی وَمُوْسٰی حَیَّیْنِ لِمَا وَسِعَهُمَا اِلَّا اتِّبَاعِیْ جلد ۶ صفحہ ۴، مفصل درج ہے +

(۱۲) رسالہ بشارات احمدیہ مصنفہ مولوی سید علی حائری شیعی کے صفحہ ۲۴ پر یوں لکھا ہے۔ ونیز خود آنحضرت فرمودہ است لَوْ کَانَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی فِیْ حَیٰوتِهِمَا مَا وَسِعَهُمَا اِلَّا اتِّبَاعِیْ یعنے اگر موسیٰ وعیسیٰ در دنیا مے بودند ممکن نمے بود ایشاں را مگر آنکہ متابعت من میکردند +

(۱۳) رسالہ براہین محمدیہ جو بشارات احمدیہ کے حاشیہ پر درج ہے بصفحہ ۲۴ لکھا ہے آنحضرت نے فرمایا ہے۔ لَوْ کَانَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی فِیْ حَیٰوتِهِمَا مَا وَسِعَهُمَا اِلَّا اتِّبَاعِیْ یعنے اگر موسیٰ وعیسیٰ دنیا میں ہوتے تو اُن کے واسطے میری فرمانبرداری کے سوا اور کچھ ممکن نہ تھا +

(۱۴) المواہب اللدنیہ مصنفہ علامہ قسطلانی کے جلد اوّل صفحہ ۴۲ پر یوں لکھا ہے +

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ لِفَاطِمَةَ اَنَّ جِبْرَئِیْلَ کَانَ یُعَارِضُنِی الْقُرْاٰنَ فِیْ کُلِّ عَامٍ مَرَّةً وَاِنَّهٗ عَارَضَنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَامَ مَرَّتَیْنِ وَاَخْبَرَنِیْ اَنَّهٗ لَمْ یَکُنْ نَبِیٌّ اِلَّا عَاشَ نِصْفَ الَّذِیْ قَبْلَهٗ وَاَخْبَرَنِیْ اَنَّ عِیْسَی بْنَ مَرْیَمَ عَاشَ عِشْرِیْنَ وَمِائَةَ سَنَةٍ وَلَا اَرٰی اَنِّیْ اِلَّا ذَاهِبًا عَلٰی رَأْسِ السِّتِّیْنَ اِنْتَهٰی مُلَخَّصًا +

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایام بیماری میں جس سے وہ بالآخر فوت ہو گئے فاطمہ کو فرمایا تھا کہ جبرائیل ہر سال ایک دفعہ قرآن شریف عرض کیا کرتا تھا۔ اور اس سال اُس نے دو دفعہ عرض کیا ہے اور یہ بھی مجھے خبر دی ہے کہ کوئی بھی نبی نہیں کہ جس کی عمر اپنے ماقبل سے نصف نہ ہوئی ہو۔ اور یہ بھی مجھے خبر دی ہے کہ عیسیٰ بن مریم نے ایک سو بیس برس کی عمر پائی لہٰذا میں امید کرتا ہوں کہ میں ۶۰ کے شروع میں اس دنیا سے کوچ کر دونگا +

(۱۵) کتاب ماثبت بالسنہ مصنفہ عبدالحق محدث دہلوی کے صفحہ ۴۶ پر لکھا ہے +

مَا وَقَعَ فِیْ مَرَضِهِ اَنَّهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خُیِّرَ عِنْدَ مَوْتِهٖ یَقُوْلُ فِیْ اٰخِرِ مَرَضِهٖ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مریض ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے اُن کو موت کے وقت حیاتِ دنیا و آخرت میں اختیار دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسی آخری مرض میں کہا کہ اے

وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۔ اللہ مجھ کو اُن لوگوں کے ساتھ کردے یعنے اُن نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں اور صالحوں کے ساتھ جن پر تو نے انعام کیا اور میرے یہ بھی عمدہ رفیق ہیں۔ اس سے بھی مسیح علیہ السلام کی وفات ثابت ہوتی ہے کیونکہ اگر آسمان پر زندہ رہنا کوئی نعمت میں داخل تھا تو ضرور جب اللہ تعالیٰ نے فخر بنی آدم کو اختیار دیا کہ جو تو پسند کرے تجھے دیا جاویگا اب اُنہوں نے وہ انعام طلب کیا جو نبیوں پر ہوا۔ اگر مسیح زندہ آسمان پر تھا تو ضرور اُن کو بھی اس انعام سے متمتع کیا جاتا۔

(۱۶) شرح مواہب لدنیہ مصنفہ علامہ محمد بن عبدالباقی زرقانی مالکی کی جلد اول صفحہ ۴۲ میں یوں لکھا ہے۔

وَالْمُصَرَّحُ بِهٖ فِي الْاَحَادِيْثِ النَّبَوِيَّةِ اَنَّهٗ اِنَّمَا رُفِعَ وَهُوَ بْنُ مِائَةٍ وَعِشْرِيْنَ سَنَةٍ اَخْرَجَ الطَّبَرَانِيُّ فِي الْكَبِيْرِ بِسَنَدٍ رِجَالُهٗ ثِقَاتٌ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ لِفَاطِمَةَ اَنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ يُعَارِضُنِي الْقُرْاٰنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَرَّةً وَاَنَّهٗ عَارَضَنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ وَاَخْبَرَنِيْ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ يَعِيْشُ الَّا عَاشَ نِصْفَ الَّذِيْ قَبْلَهٗ وَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ عَاشَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةَ سَنَةٍ وَلَا اَرَانِيْ اِلَّا ذَاهِبًا عَلٰى رَأْسِ السِّتِّيْنَ اُتِمُّ فَلَخَّصْتُهٗ۔

اور حدیث نبویہ میں بہ تصریح آیا ہے کہ جب مسیح کا بعد موت رفع ہوا اُسوقت اُن کی عمر ۱۲۰ سال کی تھی اور طبرانی نے ثبوت میں حضرت عائشہ سے روایت بیان کی ہے اور اس حدیث کے راوی سب ثقہ ہیں فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرض میں جس سے اُنکی وفات ہوئی فاطمہ کو فرمایا کہ جبرئیل ہر سال ایک دفعہ قرآن شریف کا معارضہ کرتا تھا لیکن اس سال اُس نے دو دفعہ معارضہ کیا اور یہ بھی مجھے اطلاع دی کہ عیسےٰ بن مریم ۱۲۰ سال زندہ رہے اور میں دیکھتا ہوں کہ ۶۰ برس کے سرے پر میں بھی جانبر نہ ہوا لاہوں۔ خلاصہ کے طور پر بیان ہوا۔

(۱۶) تفسیر کمالین کے حاشیہ پر یوں لکھا ہے۔

وَمِنْ مُرْسَلِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهٗ عَاشَ ثَمَانِيْنَ سَنَةً لٰكِنَّهٗ مِنْ رِوَايَةِ عَلِيِّ بْنِ

ابن مسیب کے مرسل میں تو یہ ہے کہ وہ ۸۰ برس تک زندہ رہے۔ لیکن اُس میں جو روایت

زَيْدٍ مِنْهُ وَهُوَ ضَعِيفٌ وَفِي الْمُسْتَدْرَكِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عِيْسٰى عَاشَ مِائَةً وَعِشْرِيْنَ سَنَةً كَذَا فِي الْاِصَابَةِ ط

علی ابن زید کی ہے وہ ضعیف ہے۔ اور مستدرک حاکم میں وہ اپنے چچا کے بیٹے سے روایت کرتا ہے کہ عیسیٰ ۱۲۰ برس تک زندہ رہا۔ ایسا ہی اصابہ میں بھی ہے +

(۱۷) حجج الکرامہ فی آثار القیامہ کے صفحہ ۴۲۸ میں یوں لکھا ہے +

حَدِيْثُ طَبْرَانِيٍّ وَحَاكِمٍ وَمُسْتَدْرَكٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ قَالَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ لِفَاطِمَةَ اِلٰى اٰخِرِهٖ

غرض وہی حدیث ہے جو مواہب لدنیہ میں ہے الا اتنا اور ایزاد کیا ہے وَرِجَالُهٗ ثِقَاتٌ وَلَهٗ طُرُقٌ یعنے اُن کے راوی سب ثقہ اور معتبر ہیں۔ اور یہ حدیث کئی طریق پر آئی ہے +

(۱۸) حلیہ ابونعیم میں بروایت زید بن ارقم یہ حدیث آئی ہے +

مَا بَعَثَ اللّٰهُ نَبِيًّا اِلَّا عَاشَ نِصْفَ مَا عَاشَ النَّبِيُّ الَّذِيْ كَانَ قَبْلَهٗ

دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹۔ یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نبی کو اللہ تعالیٰ نے دُنیا میں مامور کیا وہ اُس نبی سے جو اُس سے اوّل ہوتا رہا نصف زندگی پاتا رہا + اس سے بھی وفات مسیح ثابت ہے۔ کیونکہ مسیح کی عمر ۱۲۰ یا ۱۲۵ برس کی ہے۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی عمر اُن سے نصف ہے۔ یعنے ۶۳ برس +

(۱۹) طبرانی میں فاطمۃ الزہرا سے یوں مروی ہے +

اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ كَانَ بَعْدَهٗ نَبِيٌّ اِلَّا عَاشَ نِصْفَ الَّذِيْ كَانَ قَبْلَهٗ وَاَنَّ عِيْسٰى بْنَ مَرْيَمَ عَاشَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةَ سَنَةٍ وَاَنِّيْ لَا اَرَانِيْ اِلَّا ذَاهِبًا عَلٰى رَأْسِ السِّتِّيْنَ

یعنے جو نبی بعد میں ہوتا رہا وہ اُس نبی سے جو اُس سے پہلے ہوتا رہا نصف عمر پاتا رہا اور عیسیٰ بن مریم ۱۲۰ برس تک زندہ رہے لہٰذا میں دیکھتا ہوں کہ میں ۶۰ برس کے سر پر دنیا کو ترک کرونگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۲

(۲۰) اَعْمَارُ اُمَّتِيْ مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ اِلٰى سَبْعِيْنَ وَاَقَلُّهُمْ مَنْ يَجُوْزُ ذٰلِكَ

میری اُمت کی عمریں ساٹھ اور ستر کے درمیان ہیں۔ اور بہت ہی تھوڑے ہیں جو اس عمر کو

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ | پہنچینگے +

اِس حدیث سے ثابت ہے کہ اگر مسیح کو اس امت میں سمجھا جائے جیسا کہ بعض علماء زمان کا خیال ہے تو بھی بموجب اس حدیث کے وہ مر چکے ہیں۔ دیکھو مشکوٰۃ صفحہ ۱۹ +

(۲۱) مصنف ابن ابی شیبا میں باسناد جابر بن عبد اللہ یہ روایت بیان کی گئی ہے۔

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ يَاتِيْ عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ وَهِيَ حَيَّةٌ يَوْمَئِذٍ

جابر فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی جاندار آج سے سو برس تک زندہ نہیں رہیگا +

اِس حدیث سے بھی ثابت ہے کہ حضرت مسیح فوت ہو چکے ہیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲۵۳ یہاں زمین کی تخصیص نہیں ہے +

(۲۲) اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ خَيْرُ الْاَوَّلِيْنَ وَ خَيْرُ الْاٰخِرِيْنَ وَخَيْرُ السَّمٰوٰتِ وَخَيْرُ اَهْلِ الْاَرْضِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْكُنٰى وَاَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عَدِيٍّ فِيْ كِتَابِ كَامِلِ ابْنِ عَدِيٍّ

حاکم اور ابن عدی نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ ابو بکر اور عمر اولین اور آخرین اور اور آسمان والوں اور زمین والوں سے بہتر ہیں سوا نبیاء و رسل کے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴۱ +

اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر حضرت مسیح نبی ہیں تو بموجب حدیث لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ آ نہیں سکتی۔ اور اگر نبوت سے محروم کئے گئے ہیں تو حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر کا درجہ اِن سے بہتر ہے۔ اِس حالت میں حضرت مسیح علیہ السلام کی سخت ہتک و بے عزتی ہے کہ اس امت کے لوگوں کا نبی سے بھی بڑھکر درجہ ہوا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴۱ +

(۲۳) كَانَ فِيْمَا خَلَا مِنْ اِخْوَانِيْ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ ثَمَانِيَةَ اٰلَافِ نَبِيٍّ ثُمَّ كَانَ عِيْسٰى بْنُ مَرْيَمَ ثُمَّ كُنْتُ اَنَا بَعْدَهٗ رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ عَنْ اَنَسٍ

یعنے نبیوں میں سے جس قدر میرے بھائی مر چکے ہیں وہ آٹھ ہزار نبی تھے۔ پھر اُن کے بعد مریم کا بیٹا عیسےٰ ہوا اُس کے بعد میں ہوا۔ اس کو حاکم و ترمذی و بیہقی نے حضرت انس سے روایت کیا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۲۱

اِس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادیا کہ جب مسیح کا زمانہ نبوت ہوچکا تو میرا دور شروع ہوا جس سے حضرت مسیح کی وفات ہی ثابت ہوتی ہے +

(۲۴) بخاری میں حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں +

رَاَیْتُ عِیْسٰی وَمُوْسٰی وَاِبْرَاھِیْمَ فَاَمَّا عِیْسٰی فَاَحْمَرُ جَعْدٌ عَرِیْضُ الصَّدْرِ وَاَمَّا مُوْسٰی فَاٰدَمُ جَسِیْمٌ سَبْطٌ کَاَنَّہٗ مِنْ رِجَالِ الزَّطِّ وَاَمَّا اِبْرَاھِیْمُ فَانْظُرُوْا اِلٰی صَاحِبِکُمْ یَعْنِیْ نَفْسَہٗ +

کہ میں نے عیسیٰ و موسےٰ و ابراہیم کو دیکھا عیسےٰ تو سُرخ رنگ۔ بال گھونگر والے اور چوڑی چھاتی والے لیکن موسیٰ گندمی رنگ جسیم بدن والا ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا قبیلہ زط کے لوگوں میں سے ہے۔ اور ابراہیم کی صورت شکل ایسی ہے جیسی تم میری دیکھتے ہو +

اس حدیث سے عیاں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسیٰ کو مُردوں میں دیکھا ہے اور یہ تو ظاہر ہے کہ کوئی زندہ مُردوں میں جاکر نہیں رہ سکتا۔ لہذا حضرت عیسےٰ مرچکے ہیں اور اُن انبیا کے ساتھ ہیں جو دُنیا سے وفات پاچکے ہیں +

(۲۵) اَوَّلُ الرُّسُلِ اٰدَمُ وَاٰخِرُھُمْ مُحَمَّدٌ وَاَوَّلُ اَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ مُوْسٰی وَاٰخِرُھُمْ عِیْسٰی وَاَوَّلُ مَنْ خَطَّ بِالْقَلَمِ اِدْرِیْسُ۔ رَوَاہُ الْحَکِیْمُ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ +

حکیم حضرت ابوذر سے روایت کرتے ہیں کہ آدم سب سے پہلا رسول ہے اور بنی اسرائیل کے نبیوں میں سے سب سے پہلا نبی موسیٰ ہے اور سب سے آخری عیسےٰ۔ اور جس نے سب سے پہلے قلم سے لکھا وہ ادریس علیہ السلام ہیں +

اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کے انبیا کا خاتم لکھا ہے اور اپنے آپکو رسول اللہ نے تمام مرسلین کا خاتم۔ لہذا اس حدیث سے مسیح کا یقینی طور سے مرنا ثابت ہے +

(۲۶) اَنَا رَسُوْلُ مَنْ اَدْرَکْتُ حَیًّا وَمَنْ یُّوْلَدُ بَعْدِیْ۔ رَوَاہُ ابْنُ سَعْدٍ عَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا +

یعنے ابن سعد حسن سے مرسل طور سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ فرماتے ہیں کہ میں اُس کے لئے رسول ہوں جس کو میں نے

پایا یعنے جو میرے وقت میں زندہ ہے۔ اور نیز اُس کے لئے جو میرے بعد پیدا ہونگے +

اس حدیث سے ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ اگر زندہ ہوتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرتے۔ اور پھر وَمَنْ یُّوْلَدُ بَعْدِیْ میں مسیح علیہ السلام داخل نہیں ہو سکتے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حصر کر دیا کہ جو از سر نو پیدا ہونگے اُن کے لئے رسول ہوں لہٰذا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے کیونکر رسول ہو سکتے ہیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۰۱ +

(۲۷) کُنْتُ اَوَّلَ النَّاسِ فِی الْخَلْقِ وَاٰخِرَھُمْ فِی الْبَعْثِ۔ رَوَاہُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ قَتَادَۃَ مُرْسَلًا۔ یعنے ابن سعد قتادہ سے مرسل طور سے روایت کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پیدائش میں میں سب سے پہلے پیدا کیا گیا۔ اور بعثت میں سب سے آخر مقرر کیا گیا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۰۲ +

اس حدیث سے عیاں ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری بعثت سب انبیاء کے پیچھے کی گئی ہے۔ اب اگر مسیح پھر مبعوث ہوں تو پھر یہ قول صحیح نہیں ٹھہر سکتا +

(۲۸) اُعْطِیْتُ خَمْسًا لَمْ یُعْطَھُنَّ اَحَدٌ مِنَ الْاَنْبِیَآءِ قَبْلِیْ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِیْرَۃَ شَھْرٍ وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطَھُوْرًا فَاَیُّمَا رَجُلٍ مِّنْ اُمَّتِیْ اَدْرَکَتْہُ الصَّلٰوۃُ فَلْیُصَلِّ وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَآئِمُ وَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِیْ وَاُعْطِیْتُ الشَّفَاعَۃَ وَکَانَ النَّبِیُّ یُبْعَثُ اِلٰی قَوْمِہٖ خَاصَّۃً وَبُعِثْتُ اِلَی النَّاسِ عَامَّۃً۔ رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ وَالنَّسَائِیُّ عَنْ جَابِرٍ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَالطَّبْرَانِیُّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ +

بیہقی اور نسائی جابر سے اور احمد بن حنبل اور طبرانی ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ پانچ ایسی باتیں مجھے عطا کی گئی ہیں کہ مجھ سے پہلے انبیا میں سے کسی کو نصیب نہیں ہوئیں ایک تو یہ کہ مجھے ایسا رعب دیا گیا ہے کہ لوگ ایک مہینے بھر کی مسافت سے کانپتے ہیں۔ دوسری یہ بات کہ میرے لئے زمین سجدہ گاہ اور پاک بنائی گئی ہے۔ میری اُمت کا ہر شخص جب اُس کو نماز کا وقت آجائے جہاں چاہے ادا کر سکتا ہے اور تیسری یہ بات کہ میرے لئے غنیمتیں حلال کر دی گئیں۔ اور مجھ سے پہلے کسی کو حلال نہیں ہوئی تھیں۔ اور چوتھی یہ بات کہ مجھے شفاعت کا مرتبہ عطا کیا گیا۔ اور پانچویں یہ بات کہ جو نبی مبعوث ہوتا

تھا وہ خاص اپنی قوم کے لئے مبعوث ہوتا تھا۔ اور میں کافۃ الناس کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۱۰۳ +

اِس حدیث سے واضح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فخر کیا ہے کہ پانچ ایسے امور مجھے عطا کئے گئے ہیں جن کو اور کوئی نبی نہیں حاصل کر سکا۔ جب یہ فضیلت خاص رسول اللہ کے لئے ہے تو اس میں حضرت مسیح کیونکر شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر اُنکا آنا ضروری ہے پھر رسول اللہ کے لئے یہ فخر خالص نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ جب مسیح بھی ان امور میں شامل ہو گیا تو پھر کیسا فخر۔ اور سب سے بڑھکر یہ بات قابلِ نوٹس اور توجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو نبی آپ سے پہلے گذرے ہیں وہ سب اپنی قوم کے لئے بھیجے گئے تھے اور میں تمام دنیا کی اقوام کے لئے بھیجا گیا ہوں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ اگر عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتا اور اُس نے دوبارہ آکر تمام اقوام دُنیا کو تبلیغ کرنی تھی تو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فخر بیفائدہ ہو جاتا ہے +

(۲۹) اَنَا اَکْثَرُ الْاَنْبِیَآءِ تَبَعًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ یَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّۃِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ عَنْ اَنَسٍ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ یعنے مسلم اور ابوداؤد اور ترمذی و نسائی انس سے روایت کرتے ہیں کہ میرے تابعدار دوسرے انبیاء کے تابعداروں سے قیامت کے روز زیادہ ہونگے۔ اور میں سب سے پہلے باب الجنت کو کھٹکھٹاؤنگا۔ کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۱۰۱ +

اس حدیث سے واضح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فخر ظاہر فرمایا ہے۔ کہ قیامت کے روز میری امت دوسرے انبیاء کی امتوں سے بہت ہی بڑھکر ہوگی۔ لیکن اگر مسیح زندہ ہیں اور وہی واپس آئینگے۔ اور کل روئے زمین کے اہل کتاب کفار اُن پر ایمان لائینگے تو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فخر کہ میری امت سب امتوں سے زیادہ ہوگی کیونکر قائم رہ سکتا ہے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی مدت اُس حد تک محدود ہو گئی جبکہ مسیح نازل ہو گئے اور مسیح کو مبعوث ہوئے ابتک ۱۹۰۰ برس گذر چکے ہیں۔ تو اوّل بعثت کے ایمان لانے والے اور بعد نزول کے ایمان لانے والوں کی کوئی حدِ شمار نہیں رہیگی کیونکہ جب حال میں دیکھا جاتا ہے کہ مسیح کی امت کے لوگوں کی تعداد بمقابلہ امتِ محمدی

تھوڑی ثابت ہوتی ہے۔ جیسے کہ دُنیا کی مردم شماری سے واضح ہے۔ اور پھر اگر نزول مسیح کے بعد کے زمانہ کو قیامت تک حساب میں لایا جائے تو پھر کس قدر تعداد میں زیادتی ہوتی ہے۔ بنابریں کیونکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے فخر کے مستحق ہو سکتے ہیں لہٰذا یا تو سرے سے حدیث کو غلط قرار دینا پڑیگا۔ یا مسیح ناصری کے دوبارہ تشریف لانے کو غلط متصور کرنا پڑیگا ہمارے خیال میں حدیث صحیح ہے۔ اور ضرور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کثرتِ امت کا فخر حاصل ہے۔ اور بالضرور مسیح فوت ہو چکے ہیں۔ وہ کسی صورت سے اس فخر میں شریک نہیں ہو سکتے اور اگر کوئی کہے کہ وہ نبی ہو کر نہیں آئیگا بلکہ امتی بن کر آئیگا تو قیامت کے روز تو مسیح امتِ محمدیہ کے ساتھ بطور اُمتی ہوگا تو پھر وہ امتِ عیسیٰ علیہ السلام جو اُن کی اول بعثت میں جبکہ وہ نبی تھے کس کے جھنڈے کے نیچے ہوگی کیونکہ وہ تو اب نبوت سے معزول ہو چکے ہیں وہ نبیوں کی ذیل میں کیونکر ہو سکتے ہیں۔ مگر ایسا خیال کرنا نبی کی توہین ہے اس لئے یہی ماننا پڑیگا کہ مسیح مر چکا ہے اُن کو نبوت سے معزول کرنے کی ضرورت نہیں +

(۳۰) مَا بَعَثَ اللّٰہُ نَبِیًّا اِلَّا شَابًّا رَوَاہُ ابْنُ مَرْدُوْیَہ وَالضِّیَاءُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

ابن مردویہ اور ضیائے نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کبھی اللہ تعالیٰ نے کسی کو مبعوث کیا تو جوان ہی مبعوث کیا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹

اس حدیث سے واضح ہے کہ مسیح فوت ہو چکا ہے۔ اگر بقول علماء وہ زندہ ہے۔ اور اُس کی عمر اب ۱۹۰۰ برس سے زائد ہو چکی ہے تو بلاشک وہ پیر فرتوت ہو چکے ہیں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جو اصدق الصادقین ہیں فرماتے ہیں۔ تمام انبیا جوان بھیجے گئے۔ اور تواریخ بھی یہی گواہی دیتی ہے کہ رسول ہمیشہ جوان آتے رہے ہیں۔ تو پھر خلاف شہادتِ افضل الرسل و مورخین کیونکر تسلیم کر لیا جائے۔ کہ حضرت عیسیٰ نہیں مرے بلکہ اتنی بڑی عمر پاکر امتِ محمدیہ کی اصلاح کے لئے آسمان سے آئینگے اور کوئی نبی آدم اثرِ زمانہ سے محفوظ نہیں جیسا ہم آگے ثابت کرینگے +

(۳۱) مَا بَعَثَ اللّٰہُ تَعَالٰی نَبِیًّا قَطُّ فِیْ قَوْمٍ ثُمَّ یَقْبِضُ اِلَّا جَعَلَ بَعْدَہٗ فَتْرَۃً وَمَلَاءً مِنْ تِلْکَ الْفَتْرَۃِ جَھَنَّمَ۔ رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔ یعنے طبرانی نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ جب کبھی اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو کسی قوم میں مبعوث کیا۔ اور پھر اُس کو

وفات دی تو اُس کے بعد ایک ایسا زمانہ ہوتا ہے جو عدم موجودگیٔ نبی فترۃ کہلاتا ہے جس فترۃ کی وجہ سے جہنم بھرا جاتا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۲۰ +

اِس حدیث سے واضح ہے کہ جس نبی کو دنیا میں مامور کر کے کسی قوم پر بھیجا گیا تو اُس کی روح کو قبض بھی کیا گیا اور پھر اُس کے مرنے کے بعد ایک فترۃ کا زمانہ قایم ہوتا رہا جس زمانہ میں لوگ سُست اور شریعت سے رفتہ رفتہ دست بردار ہو کر وارثِ جہنم ہو جاتے ہیں اب دیکھنا ہے کہ مابین زمانہ حضرت عیسےٰ و حضرت خاتم المرسلین فترۃ کا زمانہ تھا کہ نہیں۔ اور نصاریٰ گمراہ ہو چکے تھے کہ نہیں۔ اور وہ مستحقِ جہنم ہو گئے تھے کہ نہیں۔ ضرور وہ گمراہ ہو گئے تھے جس کی خبر قرآن شریف بڑے زور سے دیتا ہے۔ اور تاریخ دنیا کامل طور سے تصدیق کرتی ہے پس واقعات بالا سے مسیح کا وفات پانا ہی ثابت ہوتا ہے +

(۳۲) قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یٰعِیْسٰی اِنِّیْ بَاعِثٌ مِنْ بَعْدِکَ اُمَّۃً اِنْ اَصَابَھُمْ مَا یُحِبُّوْنَ حَمِدُوْا وَشَکَرُوْا وَاِنْ اَصَابَھُمْ مَا یَکْرَھُوْنَ صَبَرُوْا وَاحْتَسَبُوْا وَلَا حِلْمَ وَلَا عِلْمَ قَالَ یَا رَبِّ کَیْفَ یَکُوْنُ لَھُمْ ھٰذَا وَلَا حِلْمَ وَلَا عِلْمَ قَالَ اُعْطِیْھِمْ مِنْ حِلْمِیْ وَعِلْمِیْ رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَحَاکِمٌ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ

امام احمد بن حنبل اور طبرانی اور حاکم اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابو درداء سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ اے عیسیٰ میں تیرے بعد ایک ایسی امت کھڑی کرنے والا ہوں اگر اُن کو وہ چیز میسر ہو جائے جس کو وہ محبوب سمجھتے ہیں تو وہ حمد اور شکر کیا کرینگے اور اُن کو کوئی ایسی چیز ملیگی جس کو وہ مکروہ سمجھتے ہیں تو وہ صبر کرینگے اور رُکے رہینگے حالانکہ نہ اُن کو بُردباری ہوگی اور نہ علم ہوگا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے رب یہ اُن کو کیونکر میسر ہوگا جبکہ اُنکو نہ حلم ہے اور نہ علم تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں اُن کو اپنے پاس سے حلم بھی عطا کرونگا اور علم بھی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲۳۱ +

(۳۳) اِنَّ لِکُلِّ اُمَّۃٍ اَجَلًا وَاِنَّ لِاُمَّتِیْ مِائَۃَ سَنَۃٍ فَاِذَا مَرَّتْ عَلٰی اُمَّتِیْ مِائَۃُ سَنَۃٍ اَتَاھَا مَا وَعَدَ بِھَا اللّٰہُ

یعنے طبرانی نے مستورد بن شداد سے روایت کی ہے کہ ہر امت کے لئے ایک وقت مقرر ہے اور میری اُمت کے لوگوں کی عمر سو برس ہے

رَوَاهُ الطَّبْرَانِیُّ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ +

جب اُن پر سو برس گذر یگا تو اللہ تعالیٰ کا وعدہ جو اس امت کے لوگوں کے لئے کیا گیا ہے پورا ہوگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۱۷۰ +

اس حدیث سے واضح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کر دیا ہے۔ کہ میری امت کے لوگوں کی عمر سو برس کی ہوا کریگی۔ اب اگر حضرت عیسےٰ اس امت میں داخل ہیں تو اُن پر بھی یہی قاعدہ الٰہی جاری ہے۔ پس اس صورت میں بھی وہ زندہ نہیں +

(۳۴) اِنَّ لِلّٰہِ تَعَالٰی رِیْحًا یَبْعَثُھَا عَلٰی رَأْسِ مِائَۃِ سَنَۃٍ تَقْبِضُ رُوْحَ کُلِّ مُؤْمِنٍ۔ رَوَاہُ اَبُوْ یَعْلٰی وَالرُّوْیَانِیُّ وَابْنُ قَانِعٍ وَالْحَاکِمُ وَالضِّیَاءُ عَنْ بُرَیْدَۃَ +

ابو یعلے۔ اور رویانی۔ اور ابن قانع اور حاکم اور حافظ ضیاء الدین نے بریدہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک ہوا ہے جس کو صدی کے سر پر بھیجتا ہے جس سے ہر مومن کی روح قبض کی جاتی ہے +

اس حدیث سے بھی واضح ہے کہ اگر مسیح علیہ السلام جماعتِ مومنین میں داخل ہیں۔ تو بموجب حدیث نبوی مدت سے مر چکے ہیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۱۷۰ +

(۳۵) لَمْ یَبْعَثِ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِیًّا اِلَّا بِلُغَۃِ قَوْمِہٖ رَوَاہُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ +

امام احمد بن حنبل نے ابو ذر سے روایت بیان کی کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو مامور کر کے نہیں بھیجا مگر اُس کی اپنی قوم کی لغت میں دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹ +

اس حدیث سے واضح ہے کہ جو نبی آیا وہ اپنی قوم کی زبان کے ساتھ آیا اور اُسی زبان میں تبلیغ احکام کرتا رہا۔ اب سوال یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ کی زبان تو عبرانی تھی اور وہ زبان صفحۂ دنیا سے اُٹھ چکی ہے اب اس کا بولنے والا کوئی نہیں رہا۔ اب اُسکو مُردہ زبانوں میں شمار کیا جاتا ہے تو اگر وہ دُنیا میں بقول علماء زبان آجاویں تو وہ کس زبان میں تبلیغ فرماوینگے۔ عربی سے تو وہ محض ناآشنا ہیں۔ اگر وہ قرآن کی تعلیم کی اشاعت کرینگے تو عربی کہاں سے سیکھینگے غالباً یہی جواب ملیگا کہ خدا تعالیٰ اُن کو موجودہ زمانہ کی کل زبانیں کو سکھا کر بھیجیگا۔ جو عقل و فکر سے باہر ہے

اِس لئے اِن کھٹکوں سے بچنے کے لئے یہی کیوں نہ مان لیا جائے کہ وہ مر چکے +

اِن تمام احادیث سے صاف عیاں ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما گئے ہیں کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں۔ اور یہاں تک بتا گئے کہ اُن کی عمر ۱۲۰ برس کی تھی۔ اس واسطے ہماری عمر اب قریب ۶۰ سال کے ہوگی۔ اور پہلے تمام انبیاء کی نسبت عام قاعدہ مقرر فرما دیا تو اب جو لوگ قائل ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابتک زندہ ہیں اور اب اُن کی عمر ۱۹۰۰ برس سے زاید ہو چکی ہے۔ تو پھر لا محالہ ماننا پڑیگا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی نہیں مرے۔ کیونکہ بعد مرنے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے ہمارے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی فوت ہونگے۔ مگر یہ قاعدہ بھی درست نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا ہوئے ۱۳۴۳ برس ہوئے اگر آج بھی حضرت عیسیٰ فوت ہو جائیں تو بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نصف عمر نہیں قائم ہو سکتی۔ جب یہ صورت بھی نہ ہوئی تو معاذ اللہ ماننا پڑیگا کہ ابھی تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہی نہیں ہوئے اور یہ بالبداہت غلط ہے۔ اِس لئے ضرور ماننا پڑتا ہے کہ حضرت عیسےٰ بموجب قول اصدق الصادقین وافضل المرسلین اس دنیاءِ ناپائیدار میں ۱۲۰ برس عمرِ مستعار بسر کر کے دارِ فانی کو سدھار گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن +

چوتھی فصل

اِس باب میں کہ قرآن کریم کی کون کونسی دیگر آیات سے وفات مسیح علیہ السلام ثابت ہوتی ہے

اب ہم اس فصل میں قرآن مجید و فرقان حمید کی اُن آیات کو لکھتے ہیں جن سے تمام بنی آدم کی موت عموماً اور حضرت عیسیٰ کی خصوصاً ثابت ہوتی ہے +

(۱) لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰہِ یعنے اللہ تعالیٰ کی پیدائش میں کوئی تغیر و تبدل نہیں یعنے اصل مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو قانون اس دنیا میں بنایا ہے وہ غیر متبدل

ہے۔ لہذا اُن کو کوئی توڑ نہیں سکتا۔ پس زمانہ کا اثر ہر ایک شخص پر ہوگا۔ یہ نہیں کہ بعض پر ہو اور بعض پر نہ ہو۔ اِس لئے حضرت عیسےٰ علیہ السلام بھی اس قاعدہ سے باہر نہیں ہو سکتے دیکھو پارہ ۲۱۔ سورۃ الروم رکوع ۴ +

(۲) مَا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ ۖ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ سورۃ المائدہ رکوع ۱۱ یعنے مریم کا بیٹا مسیح ایک رسول ہے۔ اور تم بخوبی جانتے ہو کہ جسقدر رسول اُس سے پہلے تھے وہ سب مر چکے۔ اس آیت کا نزول شان یہ ہے کہ عیسائی لوگ زمانہ رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام میں دعویٰ سے کہتے تھے کہ حضرت مسیح علیہ السلام خدا ہیں اور وہ زندہ موجود ہیں تو اسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ وہ خدا کیونکر ہو سکتا ہے وہ تو ایک رسول تھا۔ اور رسولوں سے بڑھکر کوئی بات اُس میں نہ تھی۔ اور جس قدر اُس سے پہلے رسول گذرے ہیں وہ سب اپنا تبلیغ کا کام سرانجام دیکر مر گئے مسیح علیہ السلام بھی مثل دیگر بنی آدم کے ایک عورت کے پیٹ سے یعنے مریم صبیہ ضعیفہ اور غریب عورت کے پیٹ سے پیدا ہوئے اور ایسا ہی اور سب رسول پیدا ہوئے۔ اور جس غرض کے لئے تمام رسول آئے تھے اُسی غرض یعنے تبلیغ کے لئے مسیح علیہ السلام بھی آئے تھے۔ ضرور جس طرح اور رسولوں کو تبلیغ احکام میں اُن کی قوم نے تکالیف اور دُکھ دئے اسی طرح حضرت مسیح کی قوم نے مسیح کو دُکھ دئے۔ اور جس طرح اور رسولوں کو خدا نے بچایا اسی طرح اُن کو بھی بچایا۔ پھر بتاؤ کہ رسولوں سے بڑھکر کونسی بات تھی جس کی وجہ سے تم نے اُن کو خدا مان لیا۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ جب پہلے رسولوں سے بڑھکر اُس میں کوئی بات نہ تھی تو کیونکر برخلاف قولِ خداوندی یہ تسلیم کیا جاوے کہ حضرت عیسےٰ ابتک زندہ ہیں۔ جبکہ کل رسول اُن سے پہلے وفات پا چکے ہیں۔ لہذا وہ اس قاعدہ سے جو رسولوں کے متعلق ہے باہر نہیں رہ سکتے +

(۳) وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ ۔ (سورہ مائدہ رکوع ۱۰) اُس کی ماں تو راستباز تھی۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جو ماں کے پیٹ میں ۹ ماہ تک خون حیض پی کر پرورش پاتا رہا۔ اور پھر وہ مثل کل بنی آدم روز مرہ کے وقت ماں کی شرمگاہ سے ایک عاجز ناتوان کی طرح روتا اور چلاتا ہوا نکلا اور اس دنیا کی ہوا کھاتا رہا اور جس طرح آدم کی اولاد ماؤں کے دودھ پینے اور پستان چوسنے کی محتاج ہے اُسی طرح بیچارہ مسیح بھی محتاج تھا اور وہ دو سال تک ماں کے پستان چوس کر

پرورش پاتا رہا پھر وہ خدا کیونکر بن سکتا اور خدائی کی صفات کیونکر اپنے اندر لے سکتا ہے۔ کوئی ایسی مثال پہلے بھی ہو چکی ہے کہ جو عورت کے پیٹ سے پیدا ہوا اور وہ زمانہ کے اثر سے خدا کی طرح محفوظ رہا ہو۔ اس کی کوئی نظیر نہیں لہٰذا زمانہ کا اثر اُن پر ہوا۔ اور وہ طبعی موت کے ہاتھ سے جانبر نہیں ہو سکا +

(۴) كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ (سورہ مائدہ رکوع ۱۰) وہ دونوں کھانا کھایا کرتے تھے۔ اس میں عجیب اشارہ یہ ہے کہ جو کھانے کا محتاج ہو وہ ہر ایک چیز کا محتاج ہے۔ یعنے وہ بگنے موتنے سونے اُٹھنے کا بھی محتاج ہے۔ جب وہ سب انسانوں کی ضروریات کا محتاج ہے تو پھر وہ خدائی کی صفات کیونکر رکھ سکتا ہے۔ اور زمانہ کے اثر سے کیونکر محفوظ رہ سکتا ہے اور دوسری بات اس امر کی شہادت ہے کہ یہاں ماں اور بیٹے کو ایک ہی حالت میں بیان کیا گیا۔ یعنے جو حال اُس کا تھا وہی اُس کی ماں کا تھا۔ جیسے اُس کی ماں محتاج تھی ویسا ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام محتاج تھے۔ اور جیسے اُس کی ماں پر زمانہ کا اثر ہوا اور اس دارِ فانی کو الوداع کہ گئیں۔ ایسا ہی مسیح علیہ السلام پر اثر ہوا۔ اور اپنی ماں کی طرح دارِ فانی سے الوداع کہ گئے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پھر کیونکر مانا جائے کہ مسیح نہیں مرا

(۵) يٰعِيْسٰى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ۔ (سورہ آل عمران رکوع ۶) اس کا ذکر پہلے گذر چکا۔ اے عیسیٰ میں تمہیں طبعی موت سے مارنے والا ہوں اور اپنے قرب کے مقام پر پہنچانے والا ہوں +

(۶) وَكُنْتُ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ (سورہ مائدہ۔ رکوع ۱۶) اسکا ذکر بھی اوپر مفصل گذر چکا۔ یعنے اور جب تک میں اُن میں رہا میں اُن کے حالات مشاہدہ کرتا رہا۔ پھر جب تو نے مجھے وفات دیدی تو تو اُن پر نگہبان تھا +

(۷) وَاَوْصَانِىْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا وَّبَرًّا بِوَالِدَتِىْ (سورہ مریم۔ رکوع ۲) یعنے حضرت عیسےٰ علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ جب تک زندہ رہوں نماز۔ اور زکوٰۃ ادا کرتا رہوں اور ماں کے ساتھ نیکی بجا لاتا رہوں۔ یہ آیت اس امر کی صریح دلیل ہے کہ حضرت علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں۔ کیونکہ اُن کو بموجب

شہادتِ قرآنِ شریف انجیلی نماز اور زکوٰۃ کے ادا کرنے کا حکم ہوا تھا۔ کہ جب تک زندہ رہو اس حکم کی تعمیل کرتے رہو۔ اب اگر وہ زندہ مان لئے جاویں تو وہ زکوٰۃ کہاں اور کس کو دیتے ہونگے۔ اور نماز کہاں ادا کرتے ہونگے۔ اور نیز اگر وہ انہی ایام میں آسمان پر چلے گئے تھے تو ماں کو جدائی کا عذاب دے گئے کہاں خدا کے حکم کی تعمیل کی۔ اور بالفرض اگر مان لیں کہ وہ زندہ ہیں اور وہی آجائینگے تو وہ اُسی حکم کے بموجب جو خدا تعالیٰ سے اُن کو صادر ہو چکا ہے انجیلی نماز پڑھا کرینگے۔ کیونکہ تاحیات اُسی نماز کا حکم ہوا ہے۔ اور قرآنِ شریف سے خدا تعالیٰ کے اُس حکم کی تنسیخ یا ترمیم ثابت نہیں ہوتی۔ تو اب وہ اس شریعت میں کیونکر آسکتے ہیں۔ یا یہاں بھی وہ نمازِ اسلام سے مستثنےٰ رکھے گئے ہیں غور کرو سوچو فکر کرو۔ لہذا ہماری رائے میں حضرت مسیح فوت ہو چکے ہیں۔ اور جو جو حکم اُن کو ہوئے تھے وہ سب ادا کر گئے +

(۸) اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط (سورہ آلِ عمران۔ رکوع ۱) یعنے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور وہی زندہ اور قایم ہے تفسیر درالمنثور میں اس کا نزول شان یہ لکھا ہے کہ نجران کا ایک وفد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ اور کہا کہ حضرت عیسےٰ نے مُردوں کو زندہ کیا۔ بیماروں کو اچھا کیا۔ اور آسمان پر زندہ موجود ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی الٓمّٓ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط۔ اَیْ لَیْسَ مَعَہٗ غَیْرُہٗ شَرِیْکٌ فِیْ اَمْرِہٖ وَالْحَیُّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَقَدْ مَاتَ عِیْسٰی فِیْ زَعْمِھِمُ الْقَیُّوْمُ اَیْ قَائِمٌ عَلٰی سُلْطَانِہٖ لَا یَزَالُ وَقَدْ زَالَ عِیْسٰی یعنے اللہ وہ ذات ہے جس کا کوئی شریک نہیں وہ زندہ ہے جس کو موت نہیں۔ اور عیسیٰ تو بقول اُن کے مر چکا اور اللہ اپنے غلبہ کے ساتھ قائم ہے اُس کو کبھی بھی زوال نہیں۔ اور عیسےٰ تو زائل ہو چکا اور اُس کا جسم بوسیدہ ہو گیا۔ خدا کے سوا کون زندہ رہ سکتا ہے۔ اگر مسیح زندہ ہوتا تو خدا تعالیٰ کا استدلال بے معنے ہوتا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی اس آیت کو پیش کرنا نادرست اور ناواجب تھا

(۹) اِنْ اَرَادَ اَنْ یُّھْلِکَ الْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ وَاُمَّہٗ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا۔ (پارہ ۷ رکوع ۷) یعنے اللہ نے جب چاہا کہ مسیح اور اُس کی والدہ۔ اور جو اُس مُلک میں رہتے ہیں ہلاک کر دے سو ایسا کر دیا اب دیکھنا چاہیئے کہ اگر مسیح نہیں مرا تو اُس کی ماں اور اُس

ملک کے رہنے والے بھی اب تک زندہ ہیں۔ یہاں اِنْ ظرفیہ ہے۔ جیسے یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ میں اِنْ ظرفیہ ہے دیکھو تاج العروس جلد ۹ صفحہ ۱۲۹ +

(۱۰) اِنْ ھُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَیْہِ۔ دیکھو پارہ ۲۵۔ رکوع ۱۲۔ وہ ایک میرا بندہ تھا جس پر ہم نے انعام کیا تھا +

یعنے بشریت کے تمام لوازم اُس میں تھے صرف خلعتِ نبوت ایک امر زائد ہے +

(۱۱) لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِہٖ۔ دیکھو قرآن شریف پارہ اول رکوع ۱۶۔ یعنے ہم کسی نبی میں کسی قسم کا فرق نہیں کرتے +

یعنے کوئی نبی بھی قانون قدرت سے باہر نہیں اور کسی میں بھی سنتہ اللہ کے خلاف کوئی امر پایا نہیں جاتا۔ اور یہ ممکن نہیں کہ بعض میں تو سنت اللہ کے موافق کوئی بات پائی جائے اور بعض میں نہ پائی جائے اور یاد رہے کہ اس آیت کے معنوں میں تفرقہ فی الدرجات مراد نہیں کیونکہ آیت فَضَّلْنَا بَعْضَھُمْ عَلٰی بَعْضٍ اس کی مصدق ہے +

(۱۲) وَمَا قَتَلُوْہُ یَقِیْنًا بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ۔ سورہ نساء۔ رکوع ۲۲۔ یعنے یہود نے مسیح کو قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے طبعی موت سے مار کر اپنے قرب کے مقام پر پہنچا دیا یہاں رَفَعَہُ اللّٰہُ ایفائے وعدہ ہے اللہ تعالیٰ نے پیشتر ازیں حضرت عیسےٰ سے آیت یٰعِیْسٰٓی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ میں طبعی موت سے مارنے۔ اور ذلت۔ اور بعزتی کی موت سے بچا کر اٹھا لیجانے کا وعدہ کیا تھا۔ اس آیت میں اُسی وعدہ کو پورا کیا ہم اس رفع کی نسبت الگ فصل میں مفصل ذکر کرینگے +

(۱۳) وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ۔ سورہ نساء رکوع ۲۱ یعنے کوئی بھی اہل کتاب ایسا نہیں ہوگا جو اپنی موت سے پہلے مسیح کے قتل پر ایمان نہ رکھیگا اس آیت پر اکثر لوگوں نے غلطی کھائی ہے۔ اور اس کے معنے بگاڑ دیئے ہیں کہ ہر اہل کتاب مسیح پر مسیح کی موت سے پہلے یا اپنی موت سے پہلے ایمان لائیگا۔ یا یہ کہ مسیح کے نزول کے بعد جس قدر کفار ہونگے وہ سب کے سب مسیح کے مرنے سے پہلے پہلے ایمان لائینگے اور کوئی کافر نہیں رہیگا۔ مگر یہ سب باتیں فضول ہیں۔ ان میں سے اول دو باتوں کا کوئی بھی

ظہور نہیں ہوا۔ باقی رہی تیسری بات سو اگر مان لیں تو قرآن شریف میں مداخلت بے جا ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ الفاظ قرآن شریف سے ایسا ثابت نہیں ہوتا۔ بلکہ آیات وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ وَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ کے خلاف ہے اس کا مفصل ذکر دوسرے مقام پر ہوگا +

(۱۴) وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ۔ سورہ مریم رکوع ۲۔ یعنے مجھ کو اللہ تعالیٰ نے نبی بنایا۔ اور ساتھ ہی قرار دیا کہ جہاں کہیں میں ہونگا میں برکت کا باعث ہونگا +

اس آیت سے بھی ایسا نکلتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام صلیب کی موت سے نہیں مرینگے۔ بلکہ اُس کی وجہ سے اُن کو ہجرت کرنی پڑیگی۔ جیسے دیگر اولوالعزم انبیاء کو کرنی پڑی۔ اور نبوت اور برکت کو لازم ملزوم ٹھیرایا۔ یعنے جہاں ہونگے نبی ہو کر رہینگے کبھی بھی نبوت سے خالی نہیں رہینگے۔ اور زمانہ نبوت پورا کر کے اس جہان کو ترک کرینگے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور تمام تفاسیر میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مُبٰرَكًا کے معنے نَفَّاعًا لِّلْخَيْرِ یعنے بھلائی میں بہت ہی نفع پہنچانے والا لکھا ہے۔ اگر آسمان پر زندہ مان لیں تو اُس پر نَفَّاعًا لِّلْخَيْرِ کہاں ثابت ہوتے ہیں +

(۱۵) وَالسَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا۔ سورہ مریم رکوع ۲۔ یعنے میرے پیدا ہونے اور میرے فوت ہونے اور میرے قیامت کے روز جی اُٹھنے کے دنوں پر سلامتی ہے

یہاں تین واقعہ بیان کئے جو سب مخلوقات کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ اس سے زیادہ حضرت مسیح علیہ السلام نے بیان نہیں کیا۔ ورنہ صعود اور نزول کے واقعہ کا اگر کوئی وجود ہوتا تو ضرور ذکر ہوتا۔ اور اُن پر بھی سلامتی کی دعا ہوتی۔ اور اُس حالت میں یہ آیت یوں ہوتی وَسَلَامٌ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَصْعَدُ اِلَى السَّمَآءِ وَيَوْمَ اَنْزِلُ وَاَرْجِعُ اِلَى الْاَرْضِ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا۔ مگر خدا تعالیٰ نے ایسا بیان نہیں کیا۔ اِس لئے صاف ظاہر ہے کہ لوگوں کے اس باب میں اپنے مَن گھڑت خیالات میں جو اُنہوں نے خود بنا لئے ہیں +

(۱۶) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ سورہ فاتحہ

یعنے ہم کو وہ راہ دکھلا جس کو صراط مستقیم کہتے ہیں۔ یعنے وہ راہ جسپر چل کر انبیاء مورد انعامات ہوئے ہیں +

یہ دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۲۳ برس تک سات وقت کی نماز میں برابر مانگتے رہے۔ اگر صدیوں تک آسمان پر رکھنا کسی انعام میں داخل تھا تو کم از کم چند روز تک تو افضل الرسل وخاتم النبیین کو آسمان پر اللہ تعالیٰ رکھتا۔ کیونکہ نبی کی دعا تو کسی طرح رد نہیں ہو سکتی تھی۔ جب نہیں ہوا تو پھر حضرت عیسیٰ کا بھی آسمان پر جانا معلوم +

(۱۷) وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا۔ سورۃ النحل رکوع ۹۔ یعنے اللہ وہ ذات پاک ہے جس نے تم کو پیدا کیا۔ پھر تمہیں مارتا ہے۔ اور بعض ایسے ہیں کہ بدترین حصہ زندگی کو پہنچتے ہیں۔ تاکہ عالم ہونے کے بعد جاہل ہو جائیں۔ یہ آیت اللہ تعالیٰ کا اس دنیا میں بنی نوع انسان کے لئے ایک محکم اور قوی قانون ظاہر کرتی ہے کہ جو پیدا ہوتا ہے وہ مرتا بھی ہے۔ اور بعض ایسے بھی ہوتے ہیں کہ بچپن میں۔ اور بعض جوانی میں بعض ادھیڑ میں اور بعض بڑھاپے میں مر جاتے ہیں۔ لیکن بعض ایسے بھی ہوتے ہیں کہ اتنی دراز عمر کو پہنچکر محض چھوٹے چھوٹے نادان اور کم شعور بچوں کی طرح ہو جاتے ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ جب اس قانون کے نیچے تمام بنی آدم ہیں تو مسیح علیہ السلام اس قانون سے کیونکر باہر ہو سکتے ہیں۔ یا تو وہ مر چکے۔ اور اگر زندہ ہیں تو زمانہ کے اثر کے نیچے رہ کر وہ ایسے بیر فرتوت ہو گئے ہونگے کہ اب اُن کو اپنی جان دوبھر ہو گئی ہو گی +

(۱۸) وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا۔ پارہ ۱۷ سورۃ الحج۔ رکوع ۱۔ اس آیت کا مضمون بالکل آیت ماسبق کے موافق ہے +

(۱۹) وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ۔ سورہ یٰسین۔ رکوع ۵ یعنے جس کو ہم عمر دیتے ہیں تو اُس کی پیدائش کو گھٹا بھی دیتے ہیں۔ یعنے انسان ابتدا کے بعد ایک حد تک جا کر ترقی سے بند ہو جاتا ہے۔ اور پھر اُس کے قوائے میں فتور آنا شروع ہوتا ہے۔ اور آخر کو ایک بے برگ درخت کی طرح سوکھ کر اور کھجور کی شاخ کی طرح ٹھٹھرا ہو کر رہ جاتا ہے جسمانی

قوائے میں بصارت میں سماعت میں۔ غرض ہر قسم کے قوائے میں سخت خلل واقع ہوتا ہے۔ اور آخر یہانتک نوبت پہنچتی ہے کہ اُس کو بقیہ ایام زندگی دوبھر معلوم ہوتے ہیں۔ اب اگر مسیح علیہ السلام کو اس جسم خاکی کے ساتھ زندہ مانا جائے تو ساتھ ہی ماننا پڑیگا کہ اس کے تمام قوائے ظاہری و باطنی میں ضرور فرق آگیا ہوگا۔ لیکن خدا تعالیٰ کسی نبی کو ایسا کیوں ذلیل کرنے لگا۔ لہذا یقینی بات ہے کہ وہ مرچکے۔ بلکہ خود مولویوں اور خطیبوں کا بھی یہی ایمان ہوگیا ہے جمعہ کے خطبوں میں اسکا برابر ذکر کرتے ہیں چنانچہ خطبہ منظوم علمی میں لکھا ہے

دس برس عمر جس دن ہوگئی یا بیس کی	آدمی چاہیے کچھ قدر سمجھے زیست کی
تیس کے سن تک نشاطِ زندگی حاصل رہے	جب ہوا چالیس کا ہر کام میں کامل رہے
اور جب اس عمر کو نہ سے گئے پورے پچاس	فرق آتا ہے بصر میں جاتے ہیں ہوش و حواس
ساٹھویں میں ٹیکیہ دیوار کی حاجت پڑے	جب ہوا ستر کا ہر ایک کام میں دقت پڑے
جب ہوئی اسّی کی یا نوے کی عمرِ بے بقا	تن میں آئی ناتوانی جاں میں ہر رنج و عنا

جب علما کا یہ اعتقاد ہو تو پھر کیونکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس قانون سے باہر رہ سکتے ہیں لغت عرب میں لکھا ہے وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ اَیْ مَنْ اَطَلْنَا عُمْرَهٗ نَكَّسْنَا خَلْقَهٗ فَصَارَ بَعْدَ الْقُوَّةِ الضَّعْفُ وَبَعْدَ الشَّبَابِ الْهَرَمُ دیکھو تاج العروس جلد ۲ صفحہ ۲۶۳ یعنے جس کی عمر لمبی کرتے ہیں اُس کی خلق کو گھٹاتے ہیں چنانچہ قوت کے بعد ضعف اور جوانی کے بعد بڑھاپا آجاتا ہے +

(۲۰) اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَّشَیْبَةً سورۃ الروم۔ رکوع ۶۔ یعنے اللہ وہ ذات جامع کمالات ہے۔ جس نے تم کو ضعف سے پیدا کیا۔ پھر اُس کے بعد قوۃ بخشی۔ پھر قوت کے بعد کمزوری اور پیرانہ سالی کا محکوم بنا دیا +

یہ آیت بھی اللہ تعالیٰ کا اٹل قانون قدرت ظاہر کرتی ہے۔ اور بتاتی ہے کہ تمام نوع انسان پر یکساں اسکا اثر ہے۔ کوئی بھی اس کے قانون کے اثر سے باہر نہیں پس مسیح علیہ السلام کیونکر باہر رہ سکتے ہیں +

(۲۱) وَلَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ سورۃ البقرۃ۔ رکوع ۴۔ تمہارے

لئے زمین میں ٹھہرنا اور ایک میعاد تک اُس سے فائدہ اُٹھانا ہوگا +

یہ آیت کل بنی آدم کے لئے ایک اٹل اور ناخطا کرنے والا قانون ظاہر کرتی ہے جس سے کسی کو بھی مستثنےٰ نہیں رکھا گیا۔ پھر ایسی حالت میں حضرت مسیح کیونکر زمین سے باہر رہ سکتے ہیں

(۲۲) وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ۔ سورۃ الاعراف۔ رکوع ۲۔ یہ آیت آیتِ ماسبق کے عین مطابق ہے۔ اِس لئے اِس کی تفصیل کی الگ ضرورت نہیں +

(۲۳) قَالَ فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ۔ سورۃ الاعراف رکوع ۲ یعنے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے آدم اور اُس کی ذریت تمہارے لئے یہ قانون ناگزیر اور غیر متبدل قرار دیا گیا ہے۔ کہ اسی زمین میں تمہاری زندگی ہوگی۔ اور اسی میں تم مروگے۔ اور اسی سے قیامت کے روز نکالے جاؤ گے +

یہ کیسی صریح آیت ہے کہ کوئی بنی نوع انسان زمین کے بغیر زندگی بسر نہیں کر سکتا۔ تو کیونکر مسیح علیہ السلام کسی اور جگہ زندہ رہ سکتے ہیں +

(۲۴) وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ ۔ سورۃ الانبیاء۔ رکوع ۱۔ یعنے ہمنے کسی نبی کا ایسا جسم نہیں بنایا کہ بغیر کھانے کے زندہ رہ سکے یہ آیت صریح اِس بات کی دلیل ہے کہ کوئی جسم خاکی بغیر کھانا کھانے کے ہرگز زندہ نہیں رہ سکتا۔ پھر مسیح علیہ السلام کیونکر اب تک بغیر کھانا کھانے کے زندہ ہیں +

(۲۵) وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا إِنَّهُمْ لَيَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَيَمْشُونَ فِي الْأَسْوَاقِ۔ سورۃ الفرقان۔ رکوع ۲۔ یعنے تجھ سے پہلے جس قدر رسول ہم نے بھیجے وہ سب کے سب کھانا بھی کھایا کرتے تھے اور بازاروں میں بھی چلا کرتے تھے +

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام سابقہ رسولوں کو جو حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پہلے ہوئے ہیں کھانے پینے اور سودا سلف خریدنے کا محتاج قرار دیتا ہے۔ پس جب مسیح بھی مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ میں داخل ہے تو وہ کیونکر کہیں رہ کر بلا کھانا کھانے کے زندہ موجود ہو سکتا ہے +

(۲۶) اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا۔ سورہ مائدہ رکوع ۴ +

اس آیت سے بھی وفاتِ مسیح ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ جب اکمالِ دین ہوگیا تو کسی نبی کے آنے کی ضرورت نہ رہی۔ دوسرا یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ اپنی نعمت پوری کر چکا تو اگر مسیح واقعی آسمان پر زندہ نعمتہائے ربانی سے فیض ہو رہا تھا۔ تو پھر حضرت محمد رسول اللہ سے یہ کہنا کہ نعمت تم پر پوری کر دی گئی خلاف واقعہ ثابت ہوتا ہے معاذ اللہ منہ پس بلاشک مسیح مرچکا ورنہ ہمارے نبی علیہ السلام اُن سے بھی زیادہ عمر پانے کے حقدار تھے +

(۲۷) وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيلًا۔ پارہ ۲۲ سورۃ الفاطر۔ رکوع ۵۔ یعنی اے رسول تمہیں معلوم رہے سنت اللہ میں ہرگز تبدیلی نہیں ہوسکتی +

پس جو قانون اللہ تعالیٰ نے دیگر بنی آدم کے لئے مقرر فرمایا ہے وہی مسیح کے لئے ہے کوئی وجہ نہیں ہوسکتی کہ جو سنت دیگر انبیاء و رُسل و عامۃ الناس کے لئے جاری و ساری ہے اس سے مسیح علیہ السلام مستثنےٰ رکھے جائیں +

(۲۸) وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ اَفَاِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُوْنَ سورۃ الانبیاء رکوع ۳۔ ہم نے تجھ سے پہلے کسی بشر کو زندہ نہیں رکھا۔ اگر اے نبی تو مر جاوے تو کیا یہ لوگ خود تیری موت چاہتے ہیں زندہ رہ جائینگے +

اس آیت کا نزول شان یہ ہے کہ کفار مکہ چاہتے تھے کہ کسی طرح یہ رسول فوت ہو جائے تو ساتھ ہی ان کا کل کارخانہ تتر بتر ہو جائیگا۔ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتقاضا بشریت کسی قدر تردد دامنگیر ہوگیا تھا۔ اسپر اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اطمینان کے لئے یہ آیت نازل فرمائی کہ اے رسول تو دیکھ میرا قانون قدرت تو یہ ہے کہ نہ ہم نے اگلوں کو جو تجھ سے قبل ہو چکے ہیں چھوڑا ہے اور نہ تو رہیگا۔ اور نہ یہ لوگ رہینگے۔ غرضیکہ تینوں زمانوں کا حال بتا دیا کہ گذشتہ کا تو مشاہدہ کر چکا کہ اس قدر مخلوقات جو تجھ سے پہلے تھی وہ کہاں ہے۔ اور حال میں اگر تو فوت ہو جائے تو تیرے دشمنوں کا مدعا بھی پورا نہیں ہوسکتا۔ اُن کو کب چھوڑنے والے ہیں۔ جب اس آیت سے صریح معلوم ہوگیا کہ موت کی فکر سے رسول اللہ متردد تھے۔ تو اس آیت سے اس طرح اطمینان دلایا گیا کہ سب تجھ سے پہلے مر گئے ہیں تو کیوں فکر کرتا ہے۔ تو کیا مسیح مِنْ قَبْلِهٖ میں داخل نہیں ہیں؟ ضرور ہیں

اور وہ مر چکے ہیں ورنہ اللہ تعالیٰ کا استدلالی طور سے اس آیت کا نازل فرمانا بے سود اور بے معنے ہوتا ہے نعوذ باللہ من ذٰلک +

(۲۹) تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ - پارہ اوّل سورۃ البقر رکوع ۱۷۔ یعنے تمام معلم الخیر لوگ یعنے انبیاء و رسل اس دُنیا سے ہمیشہ کے لئے گذر گئے۔ یعنے مر گئے۔ اُن کے اعمال اُن کے ساتھ۔ اور تمہارے اعمال تمہارے ساتھ اور اُنکے اعمال سے تم نہیں پوچھے جاؤ گے +

یہ آیت بھی مسیح کی موت پر دال ہے کیونکہ ان میں مسیح بھی شامل ہے +

(۳۰) تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ - یہ آیت بھی اسی رکوع میں ہے جس میں ماسبق آیت ہے۔ اور مضمون دونوں کا ایک ہے +

(۳۱) وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِّتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ سورۃ البقر۔ رکوع ۱۷ یعنے ہم نے تم کو عمدہ معلم الخیر بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ +

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ معلم الخیر اب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہوگی۔ یہاں حضرت عیسےٰ کا کوئی ذکر نہیں۔ کیونکہ حضرت مسیح تو اس امّت میں سے نہیں ہیں۔ اس سے بھی ظاہر ہوا کہ اُن کا انتقال ہو چکا ہے۔ یہ آیت اُن کے آسمان پر زندہ ہونے کی تصدیق نہیں کرتی +

(۳۲) وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ أَفَإِن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ انقَلَبْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ - سورہ آل عمران۔ رکوع ۱۵۔ یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک رسول ہیں۔ اور رسول سے بڑھکر کوئی بات اُن میں نہیں ہے۔ اور یقیناً اُن سے جس قدر پہلے رسول ہوئے ہیں وہ سب فوت ہو چکے ہیں۔ اب یہ نبی مر جائے یا قتل ہو جائے تو کیا تم مرتد ہو جاؤ گے +

یہ آیت بھی مسیح علیہ السلام کی موت کی خوب ہی تشریح کرتی ہے۔ کیونکہ اس آیت کا نزول شان جنگِ اُحد کے موقع پر ہے۔ اُس وقت عین اثنا رجنگ میں کسی شیطان نے مشہور کر دیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے۔ یہ خبر سُنکر اکثر صحابہ مرتد ہو گئے

کہ اب کیا ہوگا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے اسی لئے یہ آیت نازل فرما کر بتا دیا کہ اگر یہ نبی مر جائے تو کیا حرج ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ سابقہ رسولوں میں سے کون زندہ رہا ہے۔ یہ نبی بھی تو ایک رسول ہی ہے۔ اور رسولوں کے ساتھ یہی ہوتا رہا کہ یا تو وہ اپنی موت مرے یا لوگوں کے ہاتھوں سے قتل ہوئے۔ اب اگر یہ نبی بھی فوت ہو جائے یا قتل ہو جائے تو کیا ہوا دین جو تمہیں دیا گیا ہے۔ وہ تو تمہارے پاس موجود ہے۔ تم اس پر قائم رہو۔ پس صاف ظاہر ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے رسل سابقہ کی سنت بتا دی کہ یا تو وہ طبعی موت سے مرے۔ یا قتل ہوئے اب مسیح کیونکر مستثنےٰ ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تو اُن کو مستثنےٰ نہیں فرمایا +

(۳۳) وَهُوَ الَّذِیْ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَهُوْنَ۔ پارہ ۷۔ رکوع ۱۸۔ یعنے خدا وہ ذات ہے جس نے تم کو ایک ہی نفس سے پیدا کیا۔ اور پھر تمہارے لئے ایک ہی مستقر اور ایک ہی مستودع بنایا تحقیق سمجھدار قوم کے لئے ہم نے آیات کھول کھول کر بیان کر دی ہیں +

اس سے صاف ظاہر ہے کہ زمین ہی سب کے لئے جائے قرار بنائی گئی۔ دیکھو تفسیر ابوسعود جلد ۴ صفحہ ۳۸۲ +

(۳۴) ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَیِّتُوْنَ۔ سورۃ المؤمنون۔ رکوع ۱۔ یعنے پھر اس کے بعد مر جاؤ گے +

اِس سے ماقبل آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنا قانون قدرت بتلایا ہے کہ کیونکر ہم انسان کی پیدائش کرتے۔ اور کیونکر اُس کی تکمیل کرتے ہیں۔ اور پھر آخر مار دیتے ہیں۔ جب کل بنی نوع انسان کے لئے یکساں قانون ٹھیرا تو پھر مسیح علیہ السلام اس قانون کے اثر سے کیونکر باہر رہ سکتے ہیں +

(۳۵) اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ۔ سورۃ الروم رکوع ۴۔ یعنے اللہ وہ ذات پاک ہے جس نے تم کو پیدا کیا۔ پھر تمہیں رزق دیا پھر تمہیں مارتا ہے۔ پھر تمہیں زندہ کریگا +

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ قانون قدرت بتا دیا کہ ہر انسان کے ساتھ چار حالتیں ہوتی ہیں یعنے اول خلق پھر تربیت پھر موت پھر زندگی۔ جب مسیح بھی ایک انسان ہی تو وہ

بھی انہی حالات کے تحت میں ہے۔ یہاں اُن کے لئے کوئی استثنا ثابت نہیں ہوتا کہ صرف مسیح علیہ السلام اس قانون سے باہر ہیں +

(۳۶) كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ۔ سورۃ الرحمٰن رکوع ۲۔ یعنے جو روئے زمین پر ہے وہ سب فانی ہے۔ اور خدائے ذوالجلال والاکرام کو بقا ہے +

یہ آیت بھی ایک مستحکم قانون بتاتی ہے کہ سب کو ہر آن میں فناطاری ہے۔ ہر چیز کا ذرہ جو روئے زمین پر ہے زوال پذیر ہے۔ خواہ وہ جاندار ہے یا غیر جاندار تو پھر کیونکر مسیح اس قانون سے باہر ہو سکتا ہے۔ اُس پر بھی اس قانونِ قدرت کا اثر ہونا چاہیئے۔ اور ضرور اثر ہوا۔ کیونکہ فانی جسم رکھتا تھا۔ غرض کچھ شک نہیں کہ اس فانی جسم نے اِن کو زندہ نہیں رہنے دیا

(۳۷) اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ط پارہ ۵ سورۃ النساء رکوع ۱۱۔ یعنے جہاں کہیں تم ہو موت تم کو پکڑ لیگی۔ خواہ تم کیسے ہی مضبوط قلعوں میں پناہ گزیں ہو جاؤ +

اِس آیت سے بھی یہی واضح ہے کہ موت کے لوازمات ہر جگہ اس جسم خاکی کے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ خواہ انسان کہیں چلا جائے۔ اس سے بھی مسیح علیہ السلام مستثنےٰ نہیں ہیں +

(۳۸) وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَاءٍ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ۔ پارہ ۱۴ سورۃ النحل۔ رکوع ۲۔ یعنے جن لوگوں کی عبادت اللہ کے سوا کی جاتی ہے وہ تو کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتے۔ اور خود مخلوق ہیں۔ مر چکے ہیں۔ زندہ بھی نہیں ہیں۔ اور یہ بھی نہیں جانتے کہ کب اُٹھائے جائینگے۔ یہ آیت بھی حضرت مسیح کی موت پر دلالت صریحہ ہے کیونکہ مسیح سے زیادہ آجکل کون ایسا ہے جس کی کل روئے زمین پر پرستش ہو رہی ہو +

(۳۹) وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ

یعنے ہم ان سب کو اُس دن اُٹھا کھڑا کریں گے پھر ہم شرک کرنے والوں کو کہیں گے۔ کہ تم اور تمہارے معبود اپنی اپنی جگہ پر کھڑے ہو جائیں اور پھر اُن کو الگ الگ کر دیا جائیگا تو اُس وقت

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ + پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ رکوع ۳ +

تمہارے معبود تمہاری طرف منہ کر کے کہینگے کہ تم تو ہماری پرستش نہیں کرتے تھے تمہارے اور ہمارے درمیان اس امر کے لئے خدا تعالیٰ ہی کافی گواہ ہے۔ کہ ہم تو تمہاری عبادت سے بالکل بے خبر تھے۔ یعنے ہم کو ذرہ بھی علم نہیں +

اس آیت سے صریح معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں۔ ورنہ اگر وہ زندہ تسلیم کر لئے جائیں تو اُن کو اس شرک کا بخوبی علم ہے۔ اور اگر اب علم نہ بھی ہو تو بھی اگر یہ مان لیا جائے کہ وہ زندہ ہیں اور وہی نازل ہونگے تو بعد نزول تو اُنکو علم یقینی ہو جائیگا۔ کہ اُن کی کس قدر پرستش ہوتی ہے۔ جب مر کر خدا کے حضور میں حاضر ہونگے بقول علماء زمان خلاف واقعہ بیان کرینگے۔ اور جھوٹ بولینگے کہ ہمیں تو کسی کی پرستش کی خبر نہیں۔ لیکن ایسا جھوٹ صریح نبیوں کی شان کے خلاف ہے۔ پس ضرور ماننا پڑتا ہے کہ حضرت عیسےٰ فوت ہو چکے ہیں +

(۴۰) اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وَارِدُوْنَ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خَالِدُوْنَ ۝ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ پارہ ۱۷۔ رکوع ۷ +

تم اور تمہارے معبود جہنم کے ایندھن ہیں اور تم بھی اُس میں پڑنے والے ہو۔ اگر یہ تمہارے معبود اللہ ہوتے تو جہنم میں نہ پڑتے۔ اور سب کے سب اُس میں رہینگے وہ چلاتے رہینگے۔ اور اُن کی چیخ کی کچھ شنوائی نہیں ہوگی۔ اور وہ لوگ جہنم سے دور رہینگے جن کی نیکیاں پہلے ہی سے ہمارے پاس پہنچ چکی ہیں +

اس آیت میں معبودوں کا ذکر ہے جن میں مسیح علیہ السلام بھی شامل ہیں۔ ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنتی لوگوں میں دیکھا ہے۔ لہذا اُن کی موت میں کیا شک ہو سکتا ہے +

(۴۱) اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِى السَّمَآءِ ؕ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ

یا تو تمہارا گھر زخرف ہو یا تو آسمان پر چڑھ جائے۔ اور ہم تیرے آسمان پر چڑھنے پر بھی

حَتّٰی تُنَزِّلَ عَلَیْنَا کِتٰبًا نَّقْرَؤُہٗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّیْ ھَلْ کُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۔
پارہ ۱۵۔ سورہ بنی اسرائیل۔ رکوع ۱۰ +

ایمان نہیں لائینگے۔ جبتک کہ تو ہمارے پاس کوئی کتاب نہ لائے۔ جس کو ہم پڑھیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ کو کہا ان لوگوں کو کہدے کہ میں تو بشر ہوں۔ جو رسول کر کے بھیجا گیا ہوں۔ یہ صفات تو اُس کی ہیں جو تمام بشری لوازمات سے پاک اور منزہ ہے۔ اس آیت سے ظاہر ہے کہ کفار نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے معجزہ مانگا کہ تو ہمارے سامنے آسمان پر چلا جا۔ اور کتاب لا۔ تو ہم ایمان لائینگے لیکن اُسے صاف جواب ملا کہ یہ تو عادت اللہ میں داخل نہیں کہ کوئی خاکی جسم کو آسمان پر لیجائے پس جب افضل الرسل جیسے رسول کو اللہ تعالیٰ آسمان پر نہیں لے گیا تو پھر مسیح جو اُن سے ہزار ہا درجہ مرتبہ میں کمتر تھا کیونکر آسمان پر جا سکتا تھا۔ پس ظاہر ہے کہ اُن کی روح بعد مرنے کے آسمان پر گئی +

(۴۲) اِنَّمَا مَثَلُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا کَمَآءٍ اَنْزَلْنٰہُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِہٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا یَاْکُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۔ پارہ ۱۱۔ سورہ یونس رکوع ۳ +

اِس دُنیا کی زندگی کی مثال اُس پانی کی سی ہے جس کو ہم آسمان سے اُتارتے ہیں پھر زمین کی روئیدگی اُس میں مل جاتی ہے پھر وہ روئیدگی بڑھ بڑھا کر کاٹی جاتی ہے اور وہ پھر انسانوں اور حیوانوں کی غذا بنتی ہے +

اس سے بھی اللہ تعالیٰ کا یہ قانونِ قدرت ثابت ہوتا ہے کہ جیسے دُنیا کی دیگر اشیاء کو زوال لگا ہوا ہے ایسا ہی نبی آدم کو تو پھر مسیح علیہ السلام کیونکر اس سے باہر رہ سکتے ہیں جبکہ اُن کے لئے کوئی استثناء قائم نہیں کیا گیا +

(۴۳) اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَکَہٗ یَنَابِیْعَ فِی الْاَرْضِ ثُمَّ یُخْرِجُ بِہٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُہٗ ثُمَّ یَھِیْجُ فَتَرٰىہُ مُصْفَرًّا ثُمَّ یَجْعَلُہٗ حُطَامًا اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَذِکْرٰی لِاُولِی الْاَلْبَابِ ۔ پارہ ۲۳ سورۃ الزمر رکوع ۲

کیا تو نہیں دیکھتا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اُتارا۔ اور پھر اُس کو چشمے بنا کر زمین پر چلایا۔ پھر اُس سے مختلف قسم کے رنگوں کی کھیتیاں نکلتی ہیں۔ پھر وہ بڑھتی اور پھولتی ہیں پھر پک کر زرد سی ہو جاتی ہیں۔ پھر اُن کو کاٹکر ریزہ ریزہ کر دیا جاتا ہے۔ اس میں عقلمندوں

کے لئے عبرت ہے +

اِس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بنی نوعِ انسان کو کھیتی کی مثال میں بیان کرکے یہ اشارہ کیا ہے کہ عقلمند سمجھ سکتے ہیں۔ کہ جب انسان بھی اسی طرح زمانہ کے اثر سے متاثر ہوکر ہمیشہ معرضِ زوال میں ہے تو پھر مسیح کیسے اس اثر سے باہر ہے +

(۴۴) اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّلَھْوٌ وَّزِیْنَۃٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَیْنَکُمْ وَتَکَاثُرٌ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ کَمَثَلِ غَیْثٍ اَعْجَبَ الْکُفَّارَ نَبَاتُہٗ ثُمَّ یَھِیْجُ فَتَرٰىہُ مُصْفَرًّا ثُمَّ یَکُوْنُ حُطَامًا ۔ پارہ ۲۷ سورۃ الحدید۔ رکوع ۳ +

جان لو کہ لہو و لعب اور زینت اور تفاخر اور مال اور اولاد کی کثرت یہ سب چیزیں تمہارے لئے حیاتِ دنیا ہے۔ اور اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک برسنے والے بادل سے روئیدگی پیدا ہوتی ہے۔ اور وہ کفار کو بھلی معلوم ہوتی ہے پھر بڑھتی ہے۔ پھر پک کر زرد ہو جاتی ہے پھر آخر کو بھوسہ ہو جاتی ہے +

اِس میں بھی انسانی زندگی کو عام قانون قدرت سے وابستہ کیا گیا ہے پھر مسیح اس سے کیسے باہر ہو سکتا ہے

(۴۵) مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ۔ پارہ ۲۲۔ سورۃ الاحزاب رکوع ۵

یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی آدمی کا باپ نہیں۔ لیکن وہ اللہ تعالیٰ کا رسول اور نبیوں کی مہر ہے +

اس سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کفار کے اس اعتراض کا کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اولاد نرینہ نہیں ہے جواب دیا ہے کہ بے شک اُن کی اولاد نرینہ تو نہیں ہے لیکن چونکہ وہ اللہ کے رسول اور نبیوں کی مُہر ہیں اس واسطے اُن کی روحانی اولاد جن سے مراد رسول و انبیا ہیں وہ ضرور اس کی امت میں سے ہوتے رہینگے اور جو غرض رسولوں اور نبیوں کے مبعوث کرنے کی ہوتی ہے وہ اس رسول کے بعد ہی اسی رسول کی مہر کے نیچے پُوری ہوتی رہیگی یعنے انبیا ہوا کرینگے اس رسول کی اطاعت اور تابعداری کے جوئے کو اپنی گردن پر اُٹھائے ہوئے ہونگے پھر ان معترضین کا اولاد نرینہ کا اعتراض کرنا فضول ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آنا اُن کو بُرا لگتا تھا اور اس امر سے اُن کو خوشی تھی کہ اب اُن کے بعد اولاد نرینہ نہیں تو اس سلسلہ کا خاتمہ ہو جائیگا۔ مگر خدا تعالیٰ نے اُن کو بھی یہ جواب دیکر شرمندہ اور لاجواب کیا اور اُن کی امیدوں پر پانی پھیر دیا

کہ اس کے بعد تو برابر قیامت تک نبی و رسول آئینگے اور اُسی غرض کو علی رغم دشمن پُورا کرتے رہینگے کیونکہ وہ اس رسول کی مہر کے ساتھ آئینگے +

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ رسول اللہ پر تشریعی نبوت ختم ہو چکی ہے اور اگر عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ تسلیم کریں تو نبیوں کا کہاں خاتمہ ہوا۔ ختم تو تب ہو جب پہلے نبیوں میں سے سب مر چکے ہوں اور کوئی تشریعی نبی اُن کے بعد آنے والا نہ ہو اگر مسیح ناصری آنیوالا ہے جو صاحب شریعت نبی تھا اور جسکو انجیل جیسی مقدس کتاب دی گئی تھی تو پھر قرآن شریف کی یہ آیت غلط ٹھہرتی ہے

(۴۶) وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَاسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔ پارہ ۱۷۔ سورۃ الانبیاء۔ رکوع ۱۔ اگر تم نہیں جانتے تو اہل کتاب سے پوچھ لو۔ اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس امر میں تم خود فیصلہ نہ کر سکو تو اس بارہ میں یہود و نصاریٰ کی کتابوں سے یا اُن لوگوں سے مشورہ کر لو۔ لہذا ہم توریت و انجیل کے رو سے دکھائینگے کہ حضرت عیسےٰ فوت ہو گئے ہیں اسلئے یہاں بھی اُنکی موت قبول کرنی چاہیئے +

(۴۷) يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ۔ پارہ ۳۰۔ سورہ فجر۔ رکوع ۱

یعنے اے نفس مطمئنہ اپنے رب کی طرف راضی خوشی چل اور میرے خاص بندگان میں داخل ہو جا اور میرے بہشت میں رہو +

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ جو بندہ اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ ہوتا ہے اور وہ خدا پر راضی اور خدا اُس سے راضی ہوتا ہے تو اس دنیا سے اُٹھا لیا جاتا ہے یعنے فوت کیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے خواص میں داخل ہو کر بہشتی زندگی کا وارث بنتا ہے۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مسیح کو حضرت یحییٰ کے ساتھ دیکھا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مر کر داخل ہوئے ورنہ حسب آیت قرآن حمیدہ وہ خواص موتے میں کیوں داخل ہوتا۔ پس صاف ظاہر ہے کہ وہ فوت ہو گئے اور داخل جنت ہوئے۔ جس کا ثبوت ہم نے پہلے مفصل دیا ہے +

(۴۸) اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ۔ پارہ ۲۷۔ سورۃ القمر رکوع ۳ یعنے متقی لوگ بعد فوت ہو جانے کے بہشت میں جاتے ہیں جن میں نہریں چلتی ہیں اور زبردست اور باعزت بادشاہ کے نزدیک صدق کے مقام پر رونق افروز

ہوتے ہیں۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو اللہ تعالیٰ کے پاس جاتا ہے وہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے جیسے کہ رَافِعُكَ اِلَیَّ میں اشارہ ہے +

(۴۹) اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنٰۤی اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۙ لَا یَسْمَعُوْنَ حَسِیْسَهَا ۚ وَهُمْ فِیْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ پارہ ۱۷ سورۃ الانبیاء رکوع ۷

یعنی جو لوگ جنتی ہیں اور ہماری طرف سے اُن کو جنتی قرار دیا جا چکا ہے۔ اُن کو دوزخ سے دور کیا گیا ہے اور وہ اُس کی آواز کو بھی سُن نہیں سکتے بلکہ وہ ایسی حالت میں ہیں کہ جو اُن کا جی چاہتا ہے وہ سب جنت سے اُن کو میسر ہو جاتا ہے اِس آیت سے بھی معلوم ہوا کہ جو جنت میں چلا جائے اُن کو اس جہان کی اشیاء کی حاجت نہیں رہتی۔ بلکہ جنت میں جو چاہتے ہیں کھاتے پیتے ہیں۔ پس جب مسیح جنت میں داخل ہوا تو وہ فوت بھی ہو چکا +

(۵۰) وَمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِیْنَ ۝ پارہ ۱۴۔ سورۃ الحجر رکوع ۴ یعنی جو جنت میں ایک دفعہ داخل ہو جائے وہ اُس سے نکالا نہیں جاتا۔ اِس آیت سے ظاہر ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام اب واپس بھی نہیں آسکتے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو شبِ معراج جنت میں دوسرے انبیاء کے ساتھ دیکھا ہے +

(۵۱) مَاۤ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ پارہ ۲۸ سورۃ الحشر رکوع ۱۔ یعنے جو کچھ رسول تم کو دے وہ لے لو اور جس سے روکے اُس سے باز آجاؤ۔ سو ہم پہلے دکھا چکے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسیح فوت ہو چکا ہے اب اُن کا کہنا نہ مانا جائے تو اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی خلاف ورزی ہوتی ہے +

(۵۲) اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۔ پارہ ۵ سورۃ النساء ۹ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی تابعداری کرو اور جو تم میں اولی الامر ہو اُس کا کہا بھی مانو سو ہم دیکھتے ہیں اور اس کا ثبوت بھی دیچکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے کلام پاک سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے حضرت مسیح کا فوت ہونا پایہ ثبوت کو پہنچتا ہے۔ اب جو تم میں اولی الامر یعنے اس زمانہ کا مجدد کہتا ہے وہ بھی مان لینا چاہئے وہ کہتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں +

(۵۳) اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا اَحْيَاءً وَّاَمْوَاتًا۔ پارہ ۳۰۔ سورۃ المرسلت رکوع ۲
کیا ہم نے زندوں اور مُردوں کے لئے زمین کو سمیٹنے والا یعنے جاذب نہیں بنایا۔ یہ کیسی صریح دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ زمین ہی زندوں کے رہنے کے لئے اور مُردوں کے آرام دینے کے لئے بنائی گئی ہے اور اس آیۃ سے صریح کشش ارض کا مسئلہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ زمین کو خدا نے بنایا ہی اسلئے ہے کہ ہر ایک چیز کو اپنے مرکز کی طرف تھامے رکھے اور اگر ایک سیارہ کی چیز دوسرے سیارہ میں چلی جائے تو اللہ تعالیٰ کا اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا اَحْيَاءً وَّاَمْوَاتًا فرمانا غلط ہو جاتا ہے پس ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر جسم عُنصری کے ساتھ نہیں گئے بلکہ مر کر اسی زمین کے اندر دفن ہوئے +

(۵۴) وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ۔ پارہ ۲۵۔ سورۃ الزخرف۔ رکوع ۶۔ یعنے قوموں کے زوال اور ترقی کی گھڑی کا علم خدا کے پاس ہے۔ کہ کب ایک قوم کو زوال اور ذلت کے گڑھے میں ڈالیگا اور کس قوم کو بلندی کے اعلیٰ چٹان پر کھڑا کریگا۔ اگر آیۃ کی ضمیر حضرت عیسےٰ کی طرف راجع کریں جیسے عوام علماء کا خیال ہے تو علم کی بجائے عِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ پڑھنا چاہئے اور پھر یہ معنے ہونگے کہ عیسےٰ قیامت کا نشان ہے مگر یہاں تو حضرت عیسےٰ علیہ السلام عِلْمُ السَّاعَةِ قرار پائے ہیں اور عِلْمُ السَّاعَةِ کی نسبت اللہ تعالیٰ اسی سورۃ میں فرماتا ہے عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ یعنے عِلْمِ ساعت خدا کے پاس ہے یعنے مرگیا ہے اور چونکہ مرے ہوئے تو واپس آتے نہیں اسپر اللہ تعالیٰ نے ساتھ ہی فرمادیا وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۔ حضرت عیسےٰ تو واپس نہیں آئینگے تم کو اُن کے پاس جانا ہوگا +

اس سورۃ کے اخیر ساتویں رکوع کے بموجب کہ جہاں ہے وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ یعنے قیامت کا علم خدا کے پاس ہے اور بموجب آیۃ اِرْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً کے خدا کے پاس ہوئے۔ اس سے صاف ثابت ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام بموجب اعتقاد مفسرین وعوام فوت ہو چکے ہیں اس پر اُن کو زندہ قرار دینا اپنی بات کو جھٹلانا ہے۔ اور جو لوگ قائل ہیں کہ حضرت عیسےٰ دوبارہ آئینگے اُنکو بھی اللہ تعالیٰ نے صاف صاف کہدیا ہے کہ وہ تو نہیں آئیگا بلکہ تم لوگ اُس کے پاس مر کر جاؤ گے جیسے کہ آیۃ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ سے ظاہر ہے +

(۵۵) يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ۔ قرآن شریف سورۃ بنی اسرائیل رکوع ۸

یعنی ہم اُس روز تمام لوگوں کو اپنے اپنے اماموں کے نام پر طلب کرینگے۔ اگر مسیح علیہ السلام فوت شدہ نہ مانے جائیں تو پھر ضروری ہے کہ وہی تشریف لائیں اور اُن کا تشریف لانا دو صورتوں پر ہو سکتا ہے یا تو مستقل طور سے نبی ہو کر یا اُمتی ہو کر۔ اور دونوں صورتوں میں اُن کا آنا محتمل برفساد ہے کیونکہ اگر وہ مستقل نبی ہو کر آئینگے تو قرآن شریف کی آیت خاتم النبیین منسوخ قرار پاتی ہے لیکن ہمارے نزدیک قرآن شریف کی ایک آیت بھی منسوخ نہیں لہذا اُن کا نبی ہو کر آنا بے اصل بات ہے۔ رہی دوسری صورت سو وہ بھی قایم نہیں رہ سکتی قیامت کے روز جب مسیح علیہ السلام کو اُن اماموں میں طلب کیا گیا جو اُمتِ محمدیہ میں داخل ہیں تو پھر اُن کی سابقہ اُمت کس نام سے پکاری جائیگی اور پھر خدا تعالیٰ کا یہ سوال کرنا اَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰھَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کس اُمت کے لئے ہوگا اگر سابقہ اُمت کے لئے سوال ہوگا تو پھر اس امت میں کیونکر داخل سمجھے جائینگے اور وہ اُس جھنڈے کے نیچے کیونکر ہونگے جو اُمتِ محمدیہ کے لئے نصب کیا جائیگا۔ اور اگر اُمتِ محمدیہ کی نسبت سوال ہوگا تو پھر خدا تعالیٰ کا سوال بیجا ثابت ہوتا ہے کیونکہ امت کیحالت میں تو بموجب اعتقادِ علماء کل روئے زمین کے کفارِ اہل کتاب اُن پر اُن کی موت سے پہلے ایمان لائینگے اور کوئی کافر نہیں رہیگا جس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام اُسی وقت فوت ہو گئے تھے جبکہ وہ رسول ہو کر بنی اسرائیل کی تبلیغ کے لئے مبعوث ہوئے تھے اور اپنا زمانہ تبلیغ رسالت پورا کر کے حسبِ سنتِ انبیا فوت ہو گئے ورنہ بڑا فساد لازم آتا ہے۔

(۵۶) وَلِکُلٍّ دَرَجَاتٌ مِمَّا عَمِلُوْا۔ سورۃ الانعام رکوع ۱۶۔ یعنے ہر ایک شخص کو عمل سے درجے ملتے ہیں۔ یہ آیت بھی مسیح کی وفات پر دال ہے کیونکہ اگر وہ زندہ ہوتے تو ضرور اُن کو بموجب نص قرآنی کوئی خدمت مقرر ہوتی اور اسی طرح بیکار رہکر بجا آوریِ خدمات سے محروم نہ رہتے۔ اگر مسیح علیہ السلام کو زندہ مان لیا جائے تو ایک طرف تو اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدس پر حرف آتا ہے کہ بلا وجہ برخلاف اپنی سُنتِ قدیمہ کے ایک انسان کو بیکار بٹھا رکھا اور دوسری طرف مسیح علیہ السلام کی توہین و ہتک لازم آتی ہے جبکہ بموجب آیۃ زیر بحث اُمتِ محمدیہ کے ہر ایک فرد حی کو عمل کا موقع دیا گیا ہے اور اُن کے مراتب میں روز بروز ترقی ہوتی ہے اور بیچارہ عیسیٰ علیہ السلام کو ہر ایک قسم کے عمل سے محروم رکھا گیا ہے۔ اس لئے شان

خداوندی پر ایسا گمان کرنا کفر ہے۔ پس لامحالہ عیسے علیہ السلام کا فوت ہو کر دُنیا سے رحلت فرمانا ہی صحیح و درست ہے +

(۵۷) وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ ... تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ - پارہ اول رکوع ۱۶

اس آیت سے بھی حضرت مسیح کی وفات ثابت ہوتی ہے کیونکہ حضرت موسیٰ و حضرت عیسے وغیرہ کو ملا کر کہدیا ہے کہ وہ اس دنیا سے گذر چکے +

(۵۸) وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ وَلَمْ يُفَرِّقُوا بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ أُولَٰئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ أُجُورَهُمْ - پارہ ۶ رکوع ۱۔ یعنے جو لوگ اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے اور اُن میں سے کسی ایک کو دوسرے رسولوں سے ترجیح نہ دی تو اجر کے مستحق ہونگے یہاں بھی تفرقہ درجات مراد نہیں ہے بلکہ یہ مراد ہے کہ انسانی صفات میں سب یکساں ہیں۔ اگر مسیح کی وفات تسلیم نہ کی جائے بلکہ اُن میں اور رسولوں سے بڑھکر اُن میں صفات مانی جائیں تو کوئی مسلمان اجر نہیں پا سکتا۔ لہذا یہ ضرور ماننا پڑتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے +

(۵۹) وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ - سورۃ الجمعہ رکوع ۱۔ اب یہ آیت بھی مسیح کی موت پر دال ہے۔ کیونکہ آخری زمانہ کے لوگوں کی جو اس امت میں سے ہیں فضیلت بیان کی گئی ہے۔ اگر مسیح زندہ ہوتے تو اُن کا کچھ ذکر ہوتا۔ اور اگر ذکر ہے تو اہل فارس کا جن کی نسبت فرمایا گیا ہے لَوْ كَانَ الْإِيمَانُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَنَالَهُ رَجُلٌ مِّنْ فَارِسَ +

(۶۰) إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ۝ جب کبھی اللہ تعالیٰ کسی امر کا ارادہ کرتا ہے کہ ایسا ہو تو ویسا ہو جاتا ہے چنانچہ اس زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ مسیح علیہ السلام کی وفات ظاہر کرے تو اس نے اُمت محمدیہ سے ایک مسیح کھڑا کر دیا دیکھو سورہ یٰسین ع ۵

پانچویں فصل

اس باب میں کہ مفسّرین نے آیات ذیل پر کیا آرائی ظاہر کی ہیں

اس فصل میں ہم آیات متذکرہ بالا پر بعض آیات کی نسبت ہم مفسرین کی آرائے ظاہر کرتے ہیں اور ہم مناسب نہیں سمجھتے کہ سب کی سب آیات پر جو شمار میں ۶۰ ہیں فرداً فرداً تفسیر بیان کی جائے کیونکہ اس سے کتاب بہت طویل ہو جاتی ہے عقلمند کو صرف چند آیات

ہی کافی ہوسکتی ہیں لہذا ہم نمبروار ہر ایک آیت پر الگ الگ مفسرین کی آرائے ظاہر کرینگے تاکہ معلوم ہوجائے کہ اُن لوگوں کے خیال میں کل رسولوں کی موت کی نسبت کیا خیال تھا۔

۱۔ تفسیر ابن جریر جلد ۴ صفحہ ۶۸ زیر آیۃ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ پر اس طرح لکھا ہے +

يَقُوْلُ جَلَّ ثَنَاؤُهٗ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا هُوَ بَعْضُ مَا اللّٰهُ بِهٖ صَانِعٌ مَنْ قَبَضَهٗ اِلَيْهِ عِنْدَ انْقِضَاءِ مُدَّةِ اٰجَالِهٖ كَسَائِرِ مُدَّةِ رُسُلِهٖ اِلٰى خَلْقِهِ الَّذِيْ مَضَوْا قَبْلَهٗ وَمَاتُوْا عِنْدَ انْقِضَاءِ مُدَّةِ اٰجَالِهِمْ

اللہ جل شانہ فرماتا ہے کہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بعد اختتام مدت عمر ویسا ہی کرونگا جس طرح تمام رسولوں کے ساتھ کیا جو اُس سے پہلے مخلوقات کے پاس بھیجے گئے اور جو اپنی مدت عمر پوری کر کے فوت ہوئے

۲۔ تفسیر بحر المحیط جلد ۳ صفحہ ۶۸ زیر آیۃ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ پر یوں لکھا ہے +

هٰذَا اِسْتِمْرَارٌ فِيْ عُنْصُرِهِمْ اِخْبَارٌ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلٌ كَمَنْ مَضٰى مِنَ الرُّسُلِ بَلَّغَ عَنِ اللّٰهِ كَمَا بَلَّغُوْا وَلَيْسَ بَقَاءُ الرُّسُلِ شَرْطًا فِيْ بَقَاءِ شَرَائِعِهِمْ بَلْ هُمْ يَمُوْتُوْنَ وَتَبْقٰى شَرَائِعُهُمْ يَلْتَزِمُهَا اَتْبَاعُهُمْ فَلَمَّا مَضَتِ الرُّسُلُ وَانْقَضَوْا فَكَذٰلِكَ حُكْمُهُمْ هُوَ فِيْ ذٰلِكَ وَاحِدٌ وَقَرَأَ الْجُمْهُوْرُ الرُّسُلُ بِالتَّعْرِيْفِ عَلٰى سَبِيْلِ التَّفْخِيْمِ لِلرُّسُلِ قَرَأَهُ التَّعْرِيْفَ اَرَادَ بِهٖ اِذْ تَدُلُّ عَلٰى تَسَاوِيْ كُلِّ فِي الْخَلْقِ وَالْمَوْتِ فَهٰذَا الرَّسُوْلُ هُوَ مِثْلُهُمْ فِيْ ذٰلِكَ +

یہ قاعدہ دائمی ہے اُن کے بعد آنے والے کے لئے یقیناً محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک رسول اُسی طرح کا ہے جس طرح رسول اُس سے پہلے گذرے ہیں اور اس نے اُسی طرح تبلیغ منجانب اللہ کی جس طرح اُن رسولوں نے کی تھی اور شریعتوں کے بقا کے لئے رسولوں کے بقا کی شرط لازمی نہیں کیونکہ رسول تو مرہی جاتے ہیں اور اُن کی شریعتیں قایم رہتی ہیں اُن کی اطاعت لازمی ہے اور دنیا سے گذرنے کا قاعدہ سب کا یکساں ہے اور جمہور علماء نے الرسل کو تعریف کے ساتھ پڑھا ہے جس سے مراد یہ ہے کہ تمام رسول پیدائش اور موت میں مساوی ہیں ایسا ہی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حال ہے +

اَفَاِنْ مَاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰی اَعْقَابِکُمْ اٰمَنْتُمْ بِہٖ مُدَّۃَ حَیَاتِہٖ فَاِنْ مَاتَ اِرْتَدَدْتُمْ ثُمَّ فَتَخَالَفُوْا سُنَنَ اَتْبَاعِ اَنْبِیَاءِ قَبْلَکُمْ فِیْ مَتَابِعِھِمْ عَلٰی مِلَلِ اَنْبِیَائِھِمْ بَعْدَ وَفَاتِھِمْ	کیا تم اُس کی مدت حیات پر ایمان لاتے ہو اور اگر وہ نبی فوت ہو جائے تو تم مرتد ہو جاؤ گے یہ بہ تو اُن انبیاء کے اتباع کی سُنت کے خلاف ہے جو تم سے پہلے گذرے ہیں کیونکہ وہ تو اپنے نبیوں کی وفات کے بعد اُنکے دین پر قائم رہے

آیۃ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِہِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰی اَعْقَابِکُمْ +

(۳) تفسیر ابوسعود جلد ۳ صفحہ ۸۵-۸۶ پر زیر آیۃ بالا یوں لکھا ہے +

(۱) کَاَنَّہٗ قِیْلَ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِہٖ اَمْثَالُہٗ فَسَیَخْلُوْ کَمَا خَلَوْا۔ اَفَاِنْ مَاتَ اَنْکَارُ الْاِرْتِدَادِ ھِمْ وَانْقِلَابِھِمْ عَنِ الدِّیْنِ یَخْلُوْہُ بِمَوْتٍ اَوْ قَتْلٍ بَعْدَ عِلْمِھِمْ بِخُلُوِّ الرُّسُلِ قَبْلَہٗ وَبَقَاءِ دِیْنِھِمْ مُتَمَسِّکًا بِہٖ	گویا کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم جنس یعنی انبیا اُن سے پہلے فوت ہو چکے پس یہ رسول بھی پہلے رسولوں کی طرح اس دنیا کو خالی کر دیگا۔ اگر یہ نبی مر گیا تو اس کا جواب یہ ہے کہ کیا یہ لوگ دین سے مرتد یا پھر سکتے ہیں جبکہ اُن کو اس بات کا علم ہو چکا ہے کہ اس

رسول سے پہلے جس قدر رسول ہوئے ہیں وہ سب یا تو موت کے ذریعہ یا قتل کے ذریعہ دُنیا کو چھوڑ گئے ہیں اور اُن کا دین قائم رہا ہے +

(۴) تفسیر کشاف جلد ۱ صفحہ ۲۳۹ پر اس طرح لکھا ہے +

فَسَیَخْلُوْ کَمَا خَلَوْا وَکَمَا اَنَّ اَتْبَاعَھُمْ بَقُوْا مُتَمَسِّکِیْنَ بِدِیْنِھِمْ بَعْدَ خُلُوِّھِمْ	یعنے جیسے اور سب رسول جو اس رسول سے پہلے دُنیا میں تھے دنیا کو خالی کر گئے اسی طرح یہ بھی خالی کریگا اور اُن کے اتباع اُن کے مرنے کے بعد اُس کے دین پر قایم رہے +

(۵) تفسیر مدارک جلد اوّل صفحہ ۳۴۲۔ فَسَیَخْلُوْ کَمَا خَلَوْا وَکَمَا اَنَّ اَتْبَاعَھُمْ بَقُوْا مُتَمَسِّکِیْنَ بِدِیْنِھِمْ بَعْدَ خُلُوِّھِمْ۔ یہ بھی اُسی طرح گذر جائینگے جیسے پہلے لوگ گذر چکے اور اُن کے اتباع جس طرح اُن کے بعد اُنکے دین پر قائم رہے اُسی طرح اب بھی ہوگا

(۶) تفسیر خازن جلد اوّل صفحہ ۳۴۳ وہی عبارت ہے جو تفسیر مدارک میں ہے +

(۷) حاشیہ للقنوی علی البیضاوی جلد ۳ صفحہ ۱۲۴۔ قَوْلُہٗ فَسَیَخْلُوْ کَمَا خَلَوْا بِالْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ ھٰذَا نَاظِرٌ بِالرُّسُلِ الْمُتَقَدِّمِیْنَ یعنے جیسے دوسرے رسول اپنی موت یا قتل سے دُنیا کو خالی کر گئے یہ بات سابق رسولوں کی نسبت ہے +

(۸) تفسیر تبصیر الرحمٰن وتیسیر المنان جلد اول صفحہ ۱۲۷ وَالرُّسُلُ مِنْھُمْ مَنْ مَاتَ وَمِنْھُمْ مَنْ قُتِلَ فَلَا مُنَافَاۃَ بَیْنَ الرِّسَالَۃِ وَالْقَتْلِ وَالْمَوْتِ۔ یعنی جس قدر رسول اِس رسول سے پہلے ہوئے ہیں اُن کی یہ حالت ہے کہ بعض اپنی موت سے مرے اور بعض قتل ہوئے پس یہ بات منافی رسالت نہیں ہے +

(۹) تفسیر ابن عرفہ وَقَالَ نَاسٌ مِنَ الْمُنَافِقِیْنَ لَوْ کَانَ نَبِیًّا مَا قُتِلَ فَاَخْبَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی بِاَنَّ الرُّسُلَ مِنْ قَبْلِہٖ قَدْ مَاتُوْا وَثَبَتَ اُمَمُھُمْ عَلٰی دِیْنِھِمْ وَلَمْ یَرْتَدُّوْا عَنْھُمْ بِوَجْہٍ + یعنے منافقوں نے کہا کہ اگر یہ نبی ہوتا تو مارا نہ جاتا۔ تو اللہ تعالیٰ نے خبر دے دی کہ اس سے پہلے تمام رسول یقیناً مر چکے اور اُن کی اُمتیں اُنکے دین پر قایم رہیں اور کسی طرح مرتد نہیں ہوئیں +

(۱۰) تفسیر سواطع الہام صفحہ ۱۰۳۔ وَھُوَ مَاحِلٌ لَمَا رَحَلُوْا مَالَہٗ دَوَامُ الْعُمُرِ یعنے یہ بھی اُن رسولوں کی طرح ہے جو اِس سے پہلے تھے یہ بھی ہمیشہ کے لئے کوچ کرنیوالا ہے +

(۱۱) تفسیر کمالین صفحہ ۵۹۔ اِس میں وہی مضمون ہے جو کشاف میں ہے +

(۱۲) تفسیر جامع البیان صفحہ ۶۱۔ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِہِ الرُّسُلُ بِالْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ فَیَخْلُوْ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیْضًا۔ یعنے اِس رسول سے پہلے سب رسول فوت ہوئے یا قتل ہوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوگا +

(۱۳) تفسیر مظہری جلد اول صفحہ ۴۵۸ قَدْ خَلَتْ مَضَتْ مَاتَتْ مِنْ قَبْلِہِ الرُّسُلُ فَسَیَمُوْتُ ھُوَ اَیْضًا۔ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰی اَعْقَابِکُمْ۔ اَیْ رَجَعْتُمْ اِلٰی دِیْنِکُمُ الْاُوْلٰی مِنَ الْکُفْرِ اِنْکَارٌ عَلٰی اِرْتِدَادِھِمْ بِمَوْتِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یعنے اس رسول سے پہلے سب رسول مر گئے ایسا ہی اگر یہ رسول بھی فوت ہو جائیگا تو کیا تم اپنے پہلے دین یعنے کفر پر عود کر دو گے اور جب تم کو علم ہے کہ اُس سے پہلے سب رسول مر چکے تو کیا تم اس رسول کے فوت ہونے پر مرتد ہو جاؤ گے +

بَعْدَ عِلْمِهِمْ بِمَوْتِ مَنْ سَبَقَهُ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَبَقَاءِ دِيْنِهِمْ +

(۱۴) تفسیر غرائب القرآن جلد اول صفحہ ۳۴۸۔ فَسَيَخْلُوْ كَمَا خَلَوْا وَكَمَا اَنَّ اَتْبَاعَهُمْ بَقَوْا مُتَمَسِّكِيْنَ بِدِيْنِهِمْ بَعْدَ خُلُوِّهِمْ ... وَسَبَبُ الْاِنْكَارِ مَا تَقَدَّمَ مِنَ الدَّلِيْلَيْنِ اَحَدُهُمَا اَنَّ الْمَاجَةَ اِلَى الرَّسُوْلِ هِيَ التَّبْلِيْغُ وَثَانِيْهِمَا الْقِيَاسُ عَلٰى مَوْتِ سَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ وَقَتْلِهِمْ +

یعنے یہ رسول بھی اُسی طرح گذر جائیگا جیسے پہلے رسول گذر گئے اور اُنکے متبعین اُن کے مرنے کے بعد اُن کے دین پر قایم رہے۔ اور اس انکار کا سبب جو اگلی آیت میں ہے ان دو وجہات سے ہے ایک تو یہ کہ رسول کا کام تبلیغ کرنا ہے اور دوسری دلیل اس بات کی ہے کہ اس رسول سے پہلے تمام انبیاء فوت ہو گئے ہیں +

(۱۵) تفسیر صافی جلد اول سورۂ آلِ عمران۔ فَسَيَخْلُوْ كَمَا خَلَوْا بِالْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ یعنے جیسے رسول موت یا قتل سے مرے ایسا ہی اس رسول کے ساتھ ہوگا +

(۱۶) درالاسرار۔ جلد ۵ صفحہ ۶۸۔ کَسَوَاءٍ۔ یعنے جیسے دوسرے انبیاء کا حال ہوا ویسا ہی ان کا ہوگا یعنے مرنے جینے میں سب مساوی ہیں +

(۱۷) تفسیر روح البیان جلد اول صفحہ ۳۴۷۔ وہی مضمون ہے جو تفسیر کشاف میں ہے +

(۱۸) تفسیر فتوحات الٰہیہ۔ جلد ۱ صفحہ ۳۴۶

... فَاَنَّهُمْ لَمَّا انْقَلَبُوْا كَاَنَّهُمْ اِعْتَقَدُوْا اَنَّهُ لَيْسَ لِسَائِرِ الرُّسُلِ فِيْ اَنَّهُ يَمُوْتُ كَمَا مَاتُوْا وَيَجِبُ التَّمَسُّكُ بِدِيْنِهِ بَعْدَهُ كَمَا يَجِبُ التَّمَسُّكُ بِاَدْيَانِهِمْ بَعْدَهُمْ +

پس جس وقت وہ پھر گئے گویا کہ اُنہوں نے یہ اعتقاد کر لیا کہ دوسرے تمام رسولوں کے برخلاف کہ جیسے وہ مر گئے یہ رسول نہیں مرےگا اور یہ نہ سمجھے کہ جیسے اور رسولوں کے پیرو اپنے رسولوں کے مرنے کے بعد اپنے دین پر قایم رہے ایسا ہی نہیں رہنا ہوگا۔ وَقَوْلُهُ اَفَاِنْ مَّاتَ۔ اَیْ فَلَا يَنْبَغِي الرُّجُوْعُ عَنْ دِيْنِهِ بَعْدَ مَوْتِهِ لِاَنَّهُ كَسَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ وَاُمَمُهُمْ لَمْ يَرْجِعُوْا عَنْ اَدْيَانِهِمْ بِمَوْتِهِمْ وَقَتْلِهِمْ یعنے اس رسول کی موت کے بعد اس دین سے پھرجانا مناسب نہیں کیونکہ سارے نبی اور رسول فوت ہو گئے اور اُن کی اُمتیں اُن کی موت اور

قتل پر اپنے دینوں سے نہیں پھرینگے +

(۱۹) حاشیہ شیخ احمد صادی مالکی بر جلالین جلد اول صفحہ ۱۸۳۔ اس میں وہ حدیث بیان کی گئی ہے جو حضرت ابوبکر صدیق نے بوقت وفات حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم پڑھی تھی جس سے وفاتِ کل انبیاء ثابت ہوتی ہے +

(۲۰) حاشیۃ الشہاب المسماۃ بعنایۃ القاضی وکفایۃ الراضی علی البیضاوی۔ جلد ۲ صفحہ ۶۵ اَنَّہٗ لَیْسَ مُبَرِّئًا عَنِ الْھَلَاکِ کَسَائِرِ الرُّسُلِ فِیْ اَنَّہٗ یَخْلُوْ کَمَا خَلَوْا۔ یعنے یہ رسول اور تمام رسولوں کی طرح موت سے بری نہیں ہوسکتا کیونکہ یہ بھی اُسی طرح جائیگا جیسے سب رسول گذر گئے +

(۲۱) تفسیر سراج المنیر جلد اوّل صفحہ ۲۳۳۔ فَسَیَخْلُوْ لَمَا خَلَوْا بِالْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ معنے اوپر بیان ہو چکے +

(۲۲) ترجمان القرآن جلد ۲ صفحہ ۱۳۵ (ف) حاصل یہ ٹھہرا کہ حضرت کا فرمایا ما راجانا موجبِ ضعف کا دین میں سبب رجوع کا اسلام سے نہیں ہوسکتا اس لئے کہ سارے انبیاء جو حضرت سے پہلے تھے مر چکے ہیں مگر اُن کے اتباع بعد اُن کی موت کے دینِ انبیاء سے نہیں پھرے +

(۲۳) تفسیر بحر مواج جلد اول صفحہ ۴۳۱۔ یعنے بدرستی پیش او پیغامبران گذشتہ اند و ہمہ از جہان رفتہ اند یعنے سب پیغمبر اس جہان سے گذر گئے +

(۲۴) تفسیر عمدۃ البیان۔ جلد ۱ صفحہ ۱۹۳۔ اور نہیں ہے محمدؐ مگر پیغمبر کہ آدمی ہے تحقیق کہ گذرے ہیں پہلے اُس سے پیغمبر کہ مر گئے ہیں یا قتل ہو گئے ہیں اور یہ بھی ایک روز مریگا +

(۲۵) تفسیر کبیر جلد ۳ صفحہ ۸۶۔ ۸۷۔ فَسَیَخْلُوْ کَمَا خَلَوْا۔ یعنے یہ رسول بھی باقی سب رسولوں کی طرح فوت ہو جائیگا وَحَاصِلُ الْکَلَامِ اَنَّہٗ تَعَالٰی بَیَّنَ اَنَّ قَتْلَہٗ لَا یُوْجِبُ ضُعْفًا فِیْ دِیْنِہٖ بِدَلِیْلَیْنِ۔ اَلْاَوَّلُ بِالْقِیَاسِ عَلٰی مَوْتِ سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ وَقَتْلِھِمْ یعنے حاصل کلام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کھول کر بتا دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قتل ہو جانا دینِ اسلام میں دو وجہات سے ضعف کا باعث نہیں ہوسکتا۔ ایک تو یہ کہ سب نبیوں کو موت سے پالا پڑا یا قتل سے +

(۲۶) تفسیر ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۲۹۰ - وَ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَحَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ خَرَجَ وَعُمَرُ يُكَلِّمُ النَّاسَ وَقَالَ اجْلِسْ يَا عُمَرُ قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَمَّا بَعْدُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَإِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَمَنْ يَعْبُدُ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ إِلَى قَوْلِهِ وَسَيَجْزِي اللَّهُ الشَّاكِرِينَ +

یعنے امام زہری کہتے ہیں کہ ابو سلمہ نے ابن عباس سے حدیث بیان کی کہ ابو بکر باہر آئے اور دیکھا کہ عمر لوگوں سے کلام کر رہا ہے۔ ابو بکر نے فرمایا کہ اے عمر بیٹھ جا۔ اس کے بعد کہا کہ جو شخص محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتا ہی اُس کو معلوم ہو کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم تو فوت ہو گئے اور جو شخص اللہ کی عبادت کرتا تھا سو اللہ تو زندہ ہے اور نہیں مریگا۔ اور پھر دلیل میں یہ آیت پڑھی کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم ایک رسول ہیں اور جس قدر رسول اُن سے پہلے ہوئے وہ سب مر چکے +

(۲۷) تفسیر فتح البیان جلد ۲ صفحہ ۱۱۶-۱۱۷ - زیر آیۃ

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ ط سَبَبُ نُزُولِ هٰذِهِ الْآيَةِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أُصِيبَ يَوْمَ أُحُدٍ صَاحَ الشَّيْطَانُ قَائِلًا قُتِلَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَفَشِلَ بَعْضُ الْمُسْلِمِينَ حَتَّى قَالَ قَائِلٌ قَدْ أُصِيبَ مُحَمَّدٌ فَاعْطُوا بِأَيْدِيكُمْ فَإِنَّمَا هُمْ إِخْوَانُكُمْ وَقَالَ آخَرُونَ لَوْ كَانَ رَسُولًا مَا قُتِلَ فَرَدَّ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ذٰلِكَ وَأَخْبَرَهُمْ بِأَنَّهُ رَسُولٌ (قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ) وَسَيَخْلُو كَمَا خَلَوْا +

یعنے اس آیت کا نزول شان یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب جنگ اُحد میں تکلیف پہنچی تو شیطان چلایا اور کہا کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم تو قتل ہو گئے اس پر بعض مسلمانوں کا پاؤں پھسل گیا یہاں تک کہ کسی کہنے والے نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جو صیبت پہنچی وہ پہنچ چکی اب تم اپنے بھائیوں کی مدد کرو۔ ایک دوسرے نے کہا کہ اگر وہ رسول ہوتے تو قتل نہ ہوتے اسپر اللہ تعالیٰ نے اس کا جواب دیا اور مطلع کیا کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم تو ایک رسول ہے اور اُس سے پہلے رسول گذر چکے ہیں۔ یہ بھی اُسی طرح اس دُنیا سے جائیگا۔ جس طرح وہ چلے گئے۔ آگے فرماتا ہے۔ أَيْ كَيْفَ تَرْتَدُّونَ وَتَكْفُرُونَ دِينَهُ إِذَا مَاتَ أَوْ قُتِلَ مَعَ عِلْمِكُمْ أَنَّ الرُّسُلَ تَخْلُوا وَيَتَمَسَّكُ أَتْبَاعُهُمْ بِدِينِهِمْ

وَاِنْ فَقَدُوْا بِمَوْتٍ اَوْ قَتْلٍ۔ یعنے تم کس طرح اُس کے دین سے مرتد ہوتے اور اُس کا انکار کرتے ہو یہ سُنکر کہ رسول تو مر گیا یا قتل کیا گیا باوجودیکہ تم کو علم ہے کہ کل رسول مر چکے یا قتل کئے گئے اور اُن کے تابعدار اُن کے دین پر قایم ہیں +

(۲۸) تاج التفاسیر میں یوں لکھا ہے۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ۔ بَشَرٌ اَرْسَلَهُ اللّٰهُ۔ قَدْ خَلَتْ۔ صِفَتٌ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ۔ فَمِنْهُمْ مَنْ مَاتَ وَمِنْهُمْ مَنْ قُتِلَ۔ نَزَلَتْ هٰذِهِ حِيْنَ قَالَ الْمُنَافِقُوْنَ لَوْ كَانَ نَبِيًّا مَا قُتِلَ اِرْجِعُوْا اِلٰى اِخْوَانِكُمْ وَدِيْنِكُمْ وَقَالَ بَعْضُ الصَّحَابَةِ يَا قَوْمِ اِنْ كَانَ قُتِلَ مُحَمَّدٌ فَاِنَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ +

یعنے نہیں ہے محمد مگر ایک بشر جسکو اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اُس سے پہلے کل رسول گذر چکے جن میں سے کچھ تو اپنی موت سے مرے اور بعض قتل کئے گئے اور یہ آیت اُس وقت نازل ہوئی جبکہ منافقوں نے کہا کہ اگر وہ نبی ہوتے تو قتل نہ ہوتے۔ تم اپنے بھائیوں اور اپنے آبائی دین میں عود کرو۔ اسپر بعض صحابہ نے کہا کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم قتل ہو گئے تو کیا ہوا محمد کا رب تو زندہ ہے جو نہیں مریگا۔ دیکھو صفحہ ۴۷ +

(۲۹) تفسیر فتح القدیر جلد اول قلمی زیر آیۂ مذکور یوں لکھا ہے وَسَيَخْلُوْ كَمَا خَلَوْا۔ یعنے یہ رسول بھی اُسی طرح دنیا سے گذر جائیگا جس طرح کل رسول گذر گئے آگے چلکر یوں لکھا ہے۔

اَیْ كَيْفَ تَرْتَدُّوْنَ وَتَتْرُكُوْنَ دِيْنَهٗ اِذَا مَاتَ اَوْ قُتِلَ مَعَ عِلْمِكُمْ اَنَّ الرُّسُلَ تَخْلُوْا وَيَتَمَسَّكُ اَتْبَاعُهُمْ بِدِيْنِهِمْ وَاِنْ فَقَدُوْا بِمَوْتٍ اَوْ بِقَتْلٍ +

یعنے تم کیوں مرتد ہوتے اور دین کو چھوڑتے ہو اس وجہ پر کہ وہ مر گیا یا قتل ہو گیا حالانکہ تم کو معلوم ہے کہ کل رسول گذر گئے اور اُن کے اتباع اُن کے دین پر قائم ہیں خواہ وہ رسول اپنی موت سے مرے یا قتل ہو گئے +

(۳۰) تفسیر جامع البیان۔ صفحہ ۶۱ زیر آیۂ بالا۔ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ بِالْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ فَيَخْلُوْ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْضًا۔ ترجمہ اوپر گذر چکا ہے +

(۳۱) تفسیر محمدی منزل اوّل صفحہ ۳۲۰ زیر آیۂ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ پر یوں لکھا ہے +

وفیست محمد مگر پیغمبر البتہ گذشتہ اند پیش ازوے پیغمبران۔ آیا اگر بمیرد یا کشتہ شود باز گردید بر پاشنہ ہائے خود +

نہیں ہے محمد مگر پیغمبر اُس سے پہلے رسول یقیناً گذر چکے اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی اُن کی طرح اپنی موت سے یا بذریعہ قتل مرجائے تو کیا تم اپنی ایڑیوں پر واپس ہو جاؤ گے +

نہیں محمد مگر نبی تس اگے بنی سدھارے جو موا یا مارا گیا تا فرسوا لئے پچھان دو بارے

محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک نبی ہیں اور اُس سے پہلے کل نبی دنیا سے کوچ کر گئے اگر یہ نبی بھی اپنی موت سے مرجائے یا دوسروں کے

یعنے جیویں پیغمبر گذرے زندہ رہیا نہ کوئی تویں محمدؐ رہے نہ دایم موت بندیاں سر ہوئی

ہاتھ سے مارا جائے تم دین چھوڑ دو گے۔ مراد یہ ہے کہ جس طرح سارے پیغمبر مر گئے کوئی بھی زندہ نہ رہا اسی طرح محمد صلی اللہ علیہ وسلم زندہ نہیں رہ سکتے بندوں پر موت کا آنا ضروری ہے +

اِن تمام تفاسیر سے صاف واضح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے نبی اور رسول ہوئے ہیں وہ سب کے سب فوت ہو چکے ہیں ایک بھی باقی نہیں رہا لیکن تعجب کی بات ہے کہ مفسرین تفسیر کرتے ہوئے کیوں مسیح کی موت کے وقت ہچکچائے حالانکہ یہی ایک ہی آیت مسیح کی وفات کے لئے کافی تھی۔ پھر نامعلوم کیوں حضرت مسیح کی نسبت دوسرے مقامات پر فیصلہ قطعی نہیں کر سکے بلکہ اُن کی وفات کی نسبت اسقدر اختلافات اُن سے وقوع میں آئے جیسا کہ ہم پہلے ظاہر کر چکے ہیں۔ اگر وہ بزرگوار قرآن شریف کی تفسیر کرتے وقت اس آیۃ کا خیال رکھ لیتے وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا اھ یعنی اگر قرآن شریف خدا کے سوا کسی اور کا کلام ہوتا تو تم اُس میں بڑا اختلاف پاتے۔ تو پھر اس قدر کیوں اس میں اختلاف کرتے بلکہ مسیح علیہ السلام کو بھی دیگر انبیاء کی طرح مرا ہوا یقین کرتے کیونکہ اس آیت نے صریح تمام رسولوں کی موت کا فیصلہ کر دیا ہے اس میں کسی طرح کی تاویل کی گنجایش نہیں ہے ہاں بعض نادان مولوی لفظ خلت پر بحث کر لیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کے معنے مرنے کے نہیں لیکن ہم نے متذکرہ بالا تفاسیر سے دکھلایا ہے کہ خلت کے معنے موت کے لئے گئے ہیں

فصل پنجم

شعبہ اوّل

لفظ خلت اور حدیث

جب ہم حدیث میں غور کرتے ہیں کہ خلت کن معنوں میں استعمال ہوا ہے تو وہاں بھی وفات ہی کے معنے ثابت ہوتے ہیں چنانچہ مستدرک حاکم و ترمذی و ابو یعلی و بیہقی میں حضرت انس سے روایت ہے +

(۱) كَانَ فِيمَا خَلَا مِنْ اِخْوَانِي مِنَ الْاَنْبِيَاءِ ثَمَانِيَةَ اٰلَافِ نَبِيٍّ ثُمَّ كَانَ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ ثُمَّ لُبِثْتُ اَنَا بَعْدَهٗ رَوَاهُ حَاكِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُو يَعْلٰى وَالْبَيْهَقِيُّ +

جس قدر میرے بھائی نبیوں میں سے جو پہلے ہو چکے ہیں آٹھ ہزار تھے پھر اُن کے بعد عیسےٰ بن مریم ہوئے پھر اُس کے بعد میں ہوا دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۲۱ +

اس حدیث میں لفظ خلا آیا ہے جسکے معنے فوت کے ہیں یعنے سب انبیا جو مجھسے پہلے تھے وہ سب فوت ہو چکے ہیں اگر موت کے معنے نہ لئے جائیں تو پھر سب کو زندہ ماننا پڑیگا۔ کیونکہ جوامع الکلم ذاتِ بابرکات نے سب انبیا کے لئے ایک ہی لفظ بولا ہے خلا۔ اور اگر اس کے معنے موت کے نہ لئے جائیں تو آن ذاتِ والاصفات صلی اللہ علیہ وسلم پر حرف آتا ہے ورنہ سب کو زندہ ماننا پڑیگا +

اگر علما اس کے معنے موت کے بھی نہ لیتے تو بھی کچھ ہرج نہیں تھا کیونکہ اس آیت میں جملہ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ خَلَتْ کی تفسیر واقع ہے اور ظاہر کرتا ہے کہ موت یا قتل صرف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات تک ہی محدود نہیں بلکہ اُس سے پہلے جس قدر رسول گذرے ہیں اُن کا بھی یہی حال ہوا ہے ورنہ اللہ تعالیٰ کا حضرت رسولِ خدا کی قتل کی نسبت اس آیت کو استدلالاً نازل کرنا بے معنے ہوتا۔ کیونکہ جنگِ اُحد میں کفار نے مشہور کر دیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے اور اصحابِ رسول اللہ اس خبر کو سُنکر سخت پریشان اور متردد ہوئے کہ اب کیا ہو گا تو بطور عتاب یہ آیت وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ نازل ہوئی۔

اگر خَلَتْ کے معنے موت یا قتل کے نہیں تھے تو پھر اسکو کیوں ایسے موقع پر نازل کیا جس سے صاف نکلتا ہے کہ اس کے معنے موت کے ہیں +

شعبہ دوم

اعتراض مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ پر

لفظ خلت کا استعمال قرآن کریم میں

یہاں پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی اور پھر اُن کے مقلدین مولوی ثناء اللہ امرتسری و مولوی ابراہیم سیالکوٹی نے اعتراض کیا ہے کہ آیت قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ میں مِنْ قَبْلِهِ لفظ خَلَتْ کے متعلق ہونا اَلرُّسُلُ کے اور اسی لئے یہاں تمام رسول مراد نہیں ہو سکتے اور اگر تمام رسول مراد لیں تو پھر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رسول نہیں قرار پا سکتے کیونکہ جب اُن سے پہلے کل رسول گذر گئے تو اب وہ کیسے رسول ہو سکتے ہیں۔ جسکہ کسی رسول کی جگہ ہی نہ رہی۔ یہ بڑا دھوکا ہے جو ایمان کے غارتگر انسانوں نے دیا ہے اپنی بات کے پورا کرنے کے لئے قرآن شریف کی آیات میں کیا کیا توجیہیں نکالتے ہیں خواہ قرآن کریم جھوٹا ہو جائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہو جائے مگر وہ حق کے قبول کرنے سے کوسوں دور بھاگینگے کیونکہ وہ اپنے مقابل کو خواہ وہ کیسا ہی راستباز اور خدا کا فرستادہ ہو ہرانے کی سعی کرینگے اور اُسکو نیچا دکھانے کے لئے اپنی ایڑیوں تک زور صرف کر دینگے مگر حق کو قبول نہیں کرینگے ان نادانوں کو اتنا بھی خیال نہ آیا کہ قرآن کریم کی تکذیب لازم آتی ہے تمام صحابہ کی تکذیب اور تمام آئمہ کی تکذیب ہوتی ہے اِتَّقُوا اللّٰهَ اِتَّقُوا اللّٰهَ يَا اُولِي الْاَلْبَابِ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تھی تو کس موقع پر نازل ہوئی ضرور معلوم ہے مگر غضب اور تعصب نے آنکھوں پر سخت پردہ ڈال دیا ہے اگر یہاں اس آیت میں سارے رسول مراد نہیں تھے تو پھر جنگ اُحد میں رسول اللہ کے قتل ہونے پر صحابہ کا پریشان و متردد ہونا اور پھر خدا تعالیٰ کا اُن پر تنبیہ کرنا چہ معنے دارد۔ اگر گذشتہ

رسولوں میں سے کوئی ایک رسول زندہ تھا تو پھر اللہ تعالیٰ کا قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ کہنا اور گذشتہ رسولوں کی موت یا قتل پر استدلال پیش کرنا عبث تھا کیونکہ اگر ایک رسول بھی زندہ ثابت ہو جائے تو پھر استدلال بالکل غلط ہو جاتا ہے ایسا خیال کرنا کفر ہے۔ مَعَاذَ اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ۔ پھر اگر گذشتہ رسولوں میں سے کوئی رسول زندہ تھا تو حضرت عمر کے مقابلہ میں حضرت ابوبکر صدیق کا خطبہ پڑھنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر اس آیت کو استدلالاً پیش کرنا اور حضرت عمر اور تمام صحابہ کا اس آیت کو سُنکر تسلی پانا فضول ہو جاتا ہے اور پھر سب سے بڑھکر یہ بات قابل غور ہے کہ اُسوقت کسی نے ایسا اعتراض نہیں کیا کہ عیسےٰ علیہ السلام تو زندہ ہی پھر ہمارا رسول زندہ کیوں نہیں

اب ہم اس اعتراض کی قلعی کھولتے ہیں۔ سو واضح ہو کہ یہ اعتراض ایک منٹ کے لئے بھی قایم نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ آیت قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ میں مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ کا حال واقعہ ہے نہ یہ کہ مِنْ قَبْلِهِ خَلَتْ کے متعلق ہے جیسا کہ پیر صاحب گولڑوی اور دیگر کہتے ہیں اور کتب علم بلاغت میں صاف لکھا ہے کہ حال قایم مقام صفت ہوتا ہے پس اس صورت میں آیت کے یہ معنے ہوئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جس قدر رسول ہوئے ہیں وہ سب کے سب مر چکے۔ اگر کسی کو ہمارے اس معنے اور اس بیان پر شک ہو تو کتاب اعراب ابو البقا کو ملاحظہ فرما کر اپنی تسلی کرے سراسر ہمارے مدعا کے مطابق پائیں گے کیونکہ علامہ مذکور نے اس طرح آیت قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ پر مفصل لکھا ہے جس کو دیکھنا منظور ہو اس آیت کے نیچے دیکھ لے +

ہم لفظ خَلَتْ پر کہ قرآن شریف میں جہاں جہاں وہ مختلف صیغوں میں آیا ہے۔ بحث کرتے ہیں اور دکھاتے ہیں کہ اس کے معنے ایسے گذرنے کے ہیں کہ پھر کبھی نہ آئے اور ہمیشہ کے لئے رخصت ہو جائے جس کی دوسری صورت میں بجز موت اور کوئی تعبیر نہیں ہو سکتی کیونکہ جو چیز ہمیشہ کے لئے گذر جائے اور اُس کے واپس آنے کی کوئی امید نہ ہو اسی کو موت کہتے ہیں +

(۱) تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ۔ پارہ اول رکوع ۱۶۔ یہ ایک اُمت ہے جو گذر گئی۔ کیا اس کے یہ معنے ہو سکتے ہیں کہ وہ ہمیشہ کے لئے نہیں گئی بلکہ اُس کے واپس آنے کی امید ہے۔ یا کیا یہ خیال ہو سکتا ہے کہ وہ ابتک زندہ ہے +

(۲) قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ - پارہ چہارم - سورۃ آل عمران رکوع ۱۴ تحقیق تم سے پہلے قومیں گذر گئیں - کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ جو قومیں کہ پہلے گذر چکی ہیں وہ واپس آئینگی +

(۳) مَا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ - پارہ ۶ - رکوع ۱۴ مسیح ابن مریم ایک رسول ہے اُس سے پہلے رسول گذر چکے ہیں اب تمام اُنمیں سے کسی کے واپس آنے کی امید ہے - اس آیت سے قطعی فیصلہ ہو جاتا ہے کیونکہ جو الفاظ مسیح کی آیت میں آئے ہیں وہی الفاظ رسول اللہ صلعم کی آیت میں ہیں جن معنے خَلَتْ کے مسیح کے پہلے رسولوں کے متعلق ہو سکتے ہیں وہی رسول صلعم کے پہلے رسولوں کے متعلق ہو سکتے ہیں جتنے انبیا حضرت مسیح علیہ السلام سے پہلے گذر چکے ہیں - اُن میں سے ایک بھی زندہ نہیں تا جانا اور پھر واپس آئیگا تو پھر کیا وجہ ہے کہ سب جگہ موت یا ایسے گذر جانے کے معنے لئے جاتے ہیں کہ ہمیشہ کیلئے اُنکی جگہ خالی کر دی جائے لیکن آیۃ زیر بحث میں اور معنے لئے جائیں یہ انصاف اور عقل کے خلاف ہے +

(۴) وَإِنْ مِنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ - سورہ فاطر رکوع ۳ - یعنے کوئی ایسی اُمت نہیں جس میں کوئی نذیر نہ گذرا ہو - کیا یہاں بھی تسلیم کر لیا جائے کہ جس قدر اُمتیں ابتدائے آفرینش سے اس وقت تک ہوئی ہیں اور اُن میں نذیر آتے رہے ہیں وہ سب کے سب زندہ موجود ہیں +

(۵) قَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ - پارہ ۱۴ - سورۃ الحجر - رکوع ۴ تحقیق اوّلین کی سنت گذر چکی کون نہیں مان سکتا کہ جو قدیم الایام میں لوگ تھے اُن کے طریق بھی اُن قوموں کے ساتھ ختم ہو گئے ہیں کون ہے جو کہے کہ وہ پھر زندہ ہو جائینگے +

(۶) قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَا أُمَمٌ - پارہ ۱۳ - سورۃ رعد - رکوع ۳ - یعنی اُن سے پہلے بہت اُمتیں گذر چکیں - کیا کوئی نشان دے سکتا ہے کہ وہ اُمتیں ابتک زندہ ہیں +

(۷) وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُونُ - پارہ ۲۶ - سورۃ الحجر رکوع ۱ - زمانہ گذر گئے کیا کوئی قبول کر سکتا ہے کہ جو زمانہ گذر چکے ہیں وہ واپس آئینگے فَتَدَبَّرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ

(۸) أُولَٰئِكَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ - ان اُمتوں کے بارے میں جو اُن سے پہلے جنوں اور انسانوں کی گذر چکی ہیں اُن پر فردِ جرم لگ چکا ہے کہ وہ ٹوٹا پانے والے تھے +

انہی امثلہ پر اکتفا کر کے اب ہم لغت سے اسکے معنے ظاہر کرتے ہیں +

شعبہ سوم

لفظ خَلَتْ کے معنی لغتِ عرب میں کیا ہیں

اگر لغتِ عرب کو مدنظر رکھتے تو بھی وہ اُنکو رہنمائی کرتی چنانچہ لغاتِ ذیل سے واضح ہے +

(۱) خَلَتِ الدَّارُ خَلَاءً۔ اَیْ لَمْ یَبْقَ فِیْھَا اَحَدٌ۔ کوئی اُس گھر میں باقی نہیں رہا سب مر گئے

(۲) خَلَا الشَّیْءُ۔ اِذَا مَضٰی۔ چیز گذر گئی اور اب واپس نہیں آئیگی +

(۳) قَالَ الْاَعْرَابِیُّ خَلَا فُلَانٌ اِذَا مَاتَ۔ اعرابی لوگ جب بولتے ہیں کہ خَلَا فُلَانٌ اُس کے یہی معنے ہوتے ہیں کہ فلاں آدمی مر گیا + دیکھو لسان العرب +

(۴) خَلَا مَکَانُہٗ۔ مَاتَ وَمَضٰی۔ یعنے اُس کا مکان مسمار ہو گیا اور نام و نشان اُس کا مٹ گیا۔ دیکھو القاموس +

(۵) خَلَا الرَّجُلُ۔ اَیْ مَاتَ الرَّجُلُ۔ یعنے آدمی مر گیا۔ دیکھو اقرب الموارد جلد ا صفحہ ۲۹۹

(۶) خَلَا فُلَانٌ۔ مَاتَ۔ یعنے فلاں مر گیا۔ دیکھو تاج العروس جلد ۱۰ صفحہ ۱۱۹ +

(۷) شعر سموئیل۔ دیکھو حماسہ صفحہ

اِذَا سَیِّدٌ مِنَّا خَلَا قَامَ سَیِّدٌ + قَؤُلٌ بِمَا قَالَ الْکِرَامُ فَعُوْلُ

جب ہم میں سے کوئی سردار مر جاتا ہے تو ایک اور سردار کھڑا ہو جاتا ہے وہ اُسی طرح باتیں کرتا ہے جس طرح شریف لوگ کرتے ہیں اور ویسا ہی کام کرتا ہے +

(ب) وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ اَفَاِئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُوْنَ

پارہ ۱۷ سورۃ الانبیاء رکوع ۳

یعنے ہم نے تجھ سے پہلے کسی بشر کو زندہ نہیں رکھا۔ اگر اے نبی تو مر جائے تو کیا یہ لوگ چھوڑ دئے جائینگے +

(۱) تفسیر ابن جریر جلد ۷ صفحہ ۱۶ زیر آیۃ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ اَفَاِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ پر یوں لکھا ہے +

يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى ذِكْرُهٗ لِنَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا خَلَّدْنَا اَحَدًا مِّنْ بَنِيْ اٰدَمَ يَا مُحَمَّدُ قَبْلَكَ فِي الدُّنْيَا فَنُخَلِّدَكَ فِيْهَا وَلَا بُدَّ لَكَ مِنْ اَنْ تَمُوْتَ كَمَا مَاتَ مَنْ قَبْلَكَ رُسُلُنَا اَفَاِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ يَقُوْلُ فَهٰؤُلَاءِ الْمُشْرِكُوْنَ بِرَبِّهِمْ هُمُ الْخٰلِدُوْنَ فِي الدُّنْيَا بَعْدَكَ لَا مَا ذٰلِكَ كَذٰلِكَ بَلْ هُمْ مَّيِّتُوْنَ +

اللہ تعالیٰ اپنے ذکر ہیں حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتا ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، ہم نے تو کسی آدمزاد کو تجھ سے پہلے اس دنیا میں زندہ نہیں رکھا اور نہ تجھے زندہ رہنے دینگے بلکہ لازمی ہے کہ تو بھی اُسی طرح مرجائیگا جس طرح تجھ سے پہلے میرے رسول مرچکے ہیں تو کیا یہ اپنے رب سے شرک کرنے والے لوگ دُنیا میں تیرے بعد زندہ رہجائینگے۔ ہرگز نہیں بلکہ وہ بھی اُسی طرح مرجائینگے +

(۲) تفسیر محمدی مصنفہ حافظ لکھوکے پنجابی منزل چہارم صفحہ ۱۹۳ زیر آیۃ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ اَفَاِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ +

ونہ دادیم ہیچ آدمی را پیش از تو ہمیشہ بودن آیا اگر تو بمیری ایشاں ہمیشہ باشندگان اند نہ دتا اساں بشر نوں اگے تیں تھیں رہن سدائیں بھلا جے توں مرجائیں اینہ رہن سدا ہیں کافر کہن جے مرے محمد پہنچے رنج بلاؤں اس آیت وچ جواب اونہاں دا الیا یا وحی خداؤں

اور ہم نے تجھ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشہ زندہ نہیں رکھا آیا اگر تو مرجائے تو اُنکو ہمیشہ رہنے دینگے ہم نے تجھ سے پہلے اے پیغمبر کسی کو زندہ نہیں رہنے دیا پھر اگر تو مرجائے تو کیا یہ نہیں مرینگے کافر کہتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوجائیں تو ہم بلاؤں سے نجات پائیں یہ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی اُسکا جواب دیا ہے +

(۳) تفسیر ابوسعود جلد ۶ صفحہ ۱۵۰-۱۵۱- اَیْ فِی الدُّنْیَا لِکَوْنِہٖ مُخَالِفًا لِلْحِکْمَۃِ التَّکْوِیْنِیَّۃِ وَالتَّشْرِیْعِیَّۃِ۔ یعنے ہم نے کسی بشر کو اس دُنیا میں زندہ نہیں رکھا وجہ یہ ہے کہ یہ بات پیدائش اور شریعت کی حکمت کے مخالف ہے +

(۴) تفسیر کشاف جلد ۱ صفحہ ۸۸۲- اَیْ قَضَی اللّٰہُ اَنْ لَا یُخَلِّدَ فِی الدُّنْیَا بَشَرًا اَفَلَا

اَنْتَ وَلَا هُمْ اِلَّا عَرَضْنٰهُ لِلْمَوْتِ فَاِذَا كَانَ كَذٰلِكَ فَاِنْ مِتَّ اَنْتَ اَيَبْقٰى هٰؤُلَاءِ
یعنے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نافذ کر دیا کہ دُنیا میں کوئی بشر زندہ نہ رہے۔ پس تو بھی اور وہ بھی سب
کے سب موت کے لقمہ بننے والے ہیں +

(۵) تفسیر الدر المنثور جلد ۴ صفحہ ۳۱۸

(۱) اَخْرَجَ ابْنُ الْمُنْذِرِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ
لَمَّا نَعٰى جِبْرِيْلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نَفْسَهُ قَالَ يَا رَبِّ فَمَنْ لِاُمَّتِيْ فَنَزَلَتْ
وَجَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ +

یعنے ابن المنذر ابن جریج سے بیان کرتا ہے
کہ اُس نے ذکر کیا جس وقت جبریل نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُسنے موت
کی خبر سنائی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ اے میرے رب میری اُمت کا کیا حال ہوگا
اور کون نگراں ہوگا تو یہ آیت نازل ہوئی کہ ہم نے تجھ سے پہلے کسی بشر کو زندہ و برقرار نہیں رکھا

(۲) اَخْرَجَ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَدِيْنَةِ فَجَاءَ فَدَخَلَ
عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَهُوَ مُسَجًّى فَوَضَعَ فَاهُ عَلٰى جَبِيْنِ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ يُقَبِّلُهُ
وَيَبْكِيْ وَيَقُوْلُ بِاَبِيْ وَاُمِّيْ طِبْتَ حَيًّا وَ
طِبْتَ مَيِّتًا فَلَمَّا خَرَجَ مَرَّ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ يَقُوْلُ مَا مَاتَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا
يَمُوْتُ حَتّٰى يَقْتُلَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِيْنَ وَحَتّٰى
يُخْزِيَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِيْنَ قَالَ وَكَانُوْا قَدِ
اسْتَبْشَرُوْا بِمَوْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَرَفَعُوْا رُءُوْسَهُمْ فَقَالَ اَيُّهَا الرَّجُلُ

یعنے ابن ابی شیبہ عمر کے بیٹے حضرت عبداللہ
سے روایت بیان کرتے ہیں کہ اُنہوں نے کہا
کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح
مبارک پرواز کر گئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ
مدینہ کے نواح میں گئے ہوئے تھے پھر جب آئے
تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے
اور اُن کو دیکھا کہ آرام میں لیٹے ہوئے ہیں
بے اختیار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جبین
ماہ جبیں پر اپنا منہ رکھا اور اُسکو بوسہ دیتے
اور زار زار روتے اور زبان مبارک سے کہتے
تھے آپ پر میرا ماں باپ قربان ہو زندگی میں
آپ خوبصورت تھے اور بعد وفات بھی خوبصورت
ہیں جب وہاں سے باہر تشریف لائے تو اُنکا
گذر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس
سے ہوا تو کیا دیکھتے ہیں حضرت عمر پکار پکار کر کہتے

اِرْبَعْ عَلٰی نَفْسِكَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَاتَ اَلَمْ تَسْمَعِ اللّٰهَ
يَقُوْلُ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ وَ
قَالَ مَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ اَفَاِنْ
مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ قَالَ ثُمَّ اَتَى الْمِنْبَرَ
فَصَعِدَهُ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ
قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كَانَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰهُكُمُ الَّذِيْ تَعْبُدُوْنَ
فَاِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَاِنْ كَانَ اِلٰهُكُمُ الَّذِيْ
فِي السَّمَآءِ فَاِنَّ اِلٰهَكُمْ لَمْ يَمُتْ ثُمَّ تَلَا
وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ
الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى
اَعْقَابِكُمْ حَتّٰى خَتَمَ الْاٰيَةَ ثُمَّ نَزَلَ وَقَالَ سَتَرَ
الْمُسْلِمِيْنَ بِذٰلِكَ وَاشْتَدَّ فَرَحُهُمْ وَاَخَذَ
الْمُنَافِقِيْنَ الْكَاٰبَةُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ
عُمَرَ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَكَاَنَّمَا عَلٰى
وُجُوْهِنَا اُعْطِيَةٌ فَكُشِفَتْ

تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ تو ابھی
فوت ہوئے اور نہ ہونگے جب تک اللہ تعالیٰ
منافقوں کو قتل اور رسوا اور ذلیل نہ کریگا کیونکہ
منافق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موت سے
خوش ہوتے اور اپنی گردنیں مارے خوشی کے
بلند کرتے تھے اسپر حضرت ابوبکر صدیق نے کہا
اے عمر سنو تم اپنے آپ کو سنبھالو اور جان لو کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور فوت ہوگئے
کیا تم نے نہیں سُنا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا تھا
تو بھی مرجائیگا اور یہ لوگ بھی مرجائینگے اور نیز
اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے ہم نے تجھ سے
پہلے کسی بشر کو زندہ نہیں رکھا اگر اے نبی تو
مرجائے تو کیا ہم تیرے دشمنوں کو چھوڑ دینگے
اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق منبر پر رونق افروز
ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنے کے بعد
تمام حاضرین کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ اے لوگو اگر
محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارا خدا تھا جس کی تم
عبادت کرتے تھے تو جان لو کہ وہ فوت ہوگیا ہے اور اگر تمہارا خدا وہ خدا ہے جو آسمانوں میں
ہے تو وہ نہیں مرا۔ پھر اس کے بعد یہ آیت پڑھی جس کے معنے یہ ہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم
ایک رسول ہیں اور رسول اُن سے پہلے بھی ہو چکے ہیں اور کل رسول یا تو اپنی موت
سے مرے یا قتل ہوئے اگر یہ بھی اپنی موت سے مرجائے یا قتل کیا جائے تو کیا تم
اپنے دین سے مرتد ہو جاؤ گے اور اس طرح ساری آیت کو ختم کیا پھر منبر پر سے اُتر آئے
تمام حاضرین اس وعظ سے بڑے خوش ہوئے حتّٰی کہ اُن کی خوشی کی کوئی حد ہی نہ تھی اور
منافقین کو اُن کی تقریر دلپذیر سے رنج اور درد ہوا۔ حضرت عبداللہ ابن عمر کہتے ہیں کہ مجھے

اُس ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ہماری حالت ایسی ہوگئی تھی کہ گویا ہمارے چہروں پر پردے تھے پھر اُس تقریر سے ہمارے چہرہ بشاش اور کشادہ ہو گئے تھے +

(۳) اَخْرَجَ ابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ وَابْنُ مَرْدُوْیَۃَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِی الدَّلَائِلِ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ دَخَلَ اَبُوْبَکْرٍ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ مَاتَ فَقَبَّلَہٗ وَقَالَ وَانَبِیَّاہُ وَاخَلِیْلَاہُ وَاصَفِیَّاہُ ثُمَّ تَلَا وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِنْ قَبْلِکَ الْخُلْدَ اَلْاٰیَۃَ وَقَوْلُہٗ اِنَّکَ مَیِّتٌ وَاِنَّہُمْ مَیِّتُوْنَ +

ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ اور بیہقی اپنی کتاب الدلائل میں حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا کہ حضرت ابوبکر صدیق اُسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوچکے تھے آتے ہی بوسہ دیا اور کہا کہ اے پیارے نبی اے خلیل اے صفی۔ پھر یہ آیت پڑھی جس کے معنے یہ ہیں ہم نے تجھ سے پہلے کسی بشر کو زندہ نہیں رکھا۔ آخیر آیت تک پڑھ کر پھر یہ آیت پڑھی تو بھی مرجائیگا اور یہ لوگ بھی مرجائینگے +

(۶) تفسیر تنویر المقیاس جلد ۳ صفحہ ۲۹ +

مَا خَلَقْنَا لِبَشَرٍ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ مِنْ قَبْلِکَ الْخُلْدَ فِی الدُّنْیَا اَفَاِنْ مِّتَّ فِی الدُّنْیَا یَا مُحَمَّدُ فَہُمُ الْخَالِدُوْنَ فِی الدُّنْیَا نَزَلَتْ ہٰذِہِ الْاٰیَۃُ فِیْ قَوْلِہِمْ نَتَرَبَّصُ بِمُحَمَّدٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ حَتّٰی یَمُوْتَ +

ہم نے تجھ سے پہلے کسی نبی کو اس دُنیا میں زندہ نہیں رکھا اگر تو بھی اس دنیا میں مرجائے تو کیا یہ لوگ چھوڑ دیے جائینگے۔ یہ آیت کفار کے اس قول پر نازل ہوئی کہ ہم محمد علیہ السلام کی موت کی انتظاری کریں +

(۷) تفسیر خازن جلد ۱ صفحہ ۳۴۳ حَاصِلُ الْکَلَامِ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی بَیَّنَ اَنَّ مَوْتَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْ قَتْلَہٗ لَا یُوْجِبُ ضُعْفًا فِیْ دِیْنِہٖ وَلَا الرُّجُوْعَ عَنْہُ بِدَلِیْلِ مَوْتِ سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ قَبْلَہٗ وَاَنَّ اَتْبَاعَہُمْ ثَبَتُوْا عَلٰی دِیْنِ اَنْبِیَائِہِمْ بَعْدَ مَوْتِہِمْ +

کوتاہ کلام یہ کہ اللہ تعالیٰ نے کھول کھول کر بیان کر دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موت یا قتل سے دین میں ضعف یا اُس سے مرتد ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ اس رسول سے پہلے کل انبیاء فوت ہو گئے اور اُن کے اتباع اپنے انبیاء کے دین پر اُن کی موت کے

بعد بھی ثابت قدم رہے +

(۸) تفسیر سواطع الہام صفحہ ۴۰۰ - وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ مُحَمَّدٍ الْخُلْدَ وَاِمُ الْعُمُرِ دَارُ الْاَعْمَالِ عُمُرٌ وَاسِرٌ مَدًّا - ہم نے تجھ سے پہلے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس دارالاعمال میں کسیکو ہمیشہ نہیں رکھا اور نہ ہمیشہ کی عمر دی +

(۹) تفسیر غایت البرہان جلد ۲ صفحہ ۴۹ - اور نہ کی ہم نے کسی بشر کے لئے تجھ سے پہلے ہمیشگی یہانتک کہ مسیح بھی مرکر زندہ ہوکر چالیس روز حواریوں پر ظاہر ہوکر اُٹھائے گئے اور ادریس والیاس وخضر بھی موت کا مزہ چکھکر زندگی دوسری بار پاچکے . . . . اور طبیعیہ سب کو لازم ہیں +

(۱۰) تفسیر جلالین صفحہ ۲۷۰ - اَیَ الْبَقَاءُ فِی الدُّنْیَا - دنیا میں کسی کو تجھ سے پہلے باقی نہیں رکھا

(۱۱) تفسیر عالم التنزیل صفحہ ۵۸ - اَلدَّوَامُ وَالْبَقَاءُ فِی الدُّنْیَا - اس دنیا میں نہ کسی کو ہمیشہ کے لئے رکھا اور نہ کسی کو بقا ہے +

(۱۲) تفسیر حسینی صفحہ ۵۴۲ - ومانداديم مر آدمی را مِنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ از پیش تو پائندگی در دنیا یعنے ہم نے کسی آدمی کو تجھ سے پہلے دُنیا میں قائم نہیں رکھا +

(۱۳) تفسیر عالمات الاسرار جلد ۴ صفحہ ۴۲ و نہ گردانیدیم برائے بشرے از قبل تو ہمیشگی کہ خود مسیح مرد - یعنے ہم نے تجھ سے پہلے کسی بشر کو ہمیشہ نہیں رکھا حتّٰے کہ مسیح علیہ السلام بھی فوت ہوئے

(۱۴) تبصرۃ المتذکر وتذکرۃ المتبصر جلد ۳ قلمی - اَیَ الْبَقَاءُ الدَّوَامِ الدُّنْیَا - یعنے دُنیا کے بقا کا دوام نہیں ہے +

(۱۵) تفسیر عباسی - وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ فِی الدُّنْیَا - ہم نے کسی کو دُنیا میں تجھ سے پہلے زندہ نہیں رکھا +

(۱۶) تفسیر روح البیان جلد ۲ صفحہ ۶۳۴ وَالْمَعْنٰی وَمَا جَعَلْنَا لِفَرْدٍ مِّنْ اَفْرَادِ الْاِنْسَانِ مِنْ قَبْلِكَ یَا مُحَمَّدُ وَاِمُ الْبَقَاءِ فِی الدُّنْیَا اَیْ لَیْسَ مِنْ سُنَّتِنَا اَنْ نُّخَلِّدَ اَحَدًا مِّنَّا فِی الدُّنْیَا وَاِنْ كُنَّا قَادِرِیْنَ عَلٰی تَخْلِیْدِهٖ خَلَا وَاحِدٌ اِلَّا وَهُوَ عُرْضَةٌ لِّلْمَوْتِ وَاسْتَدَلَّ بِالْاٰیَةِ

ہم نے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تجھ سے پہلے کسی فرد بشر کو دنیا میں ہمیشہ نہیں رکھا - یعنے یہ ہماری سنت میں داخل نہیں ہے کہ اس دنیا میں کسی کو ہمیشہ کے لئے رکھیں اگرچہ ہم ہمیشہ رکھنے پر قادر ہیں پس ایک بھی ایسا نہیں

مَنْ قَالَ بِاَنَّ الْخِضْرَ مَاتَ وَلَيْسَ بِحَيٍّ فِي الدُّنْيَا +

جو موت کا لقمہ نہ ہوا ہو۔ اور اسی آیت سے کسی نے یہ استدلال لیا ہے کہ خضر بھی مر چکا ہے اور وہ زندہ نہیں ہے +

(۱۷) تفسیر جمل جلد ۳ صفحہ ۱۳۴۔ اَیْ لِکَوْنِہٖ مُخَالِفًا لِلْحِکْمَۃِ التَّکْوِیْنِیَّۃِ وَالتَّشْرِیْعِیَّۃِ یہ تو اللہ تعالیٰ کی حکمت آفرینش اور شریعت کے خلاف ہے کہ کسی کو ہمیشہ کے لئے زندہ رکھے +

(۱۸) تفسیر سراج المنیر جلد ۲ صفحہ ۴۸۱۔ اَیَ الْبَقَاءُ فِی الدُّنْیَا۔ دنیا میں کسی کو باقی نہیں رکھا

(۱۹) العنایۃ القاضی حاشیہ علی البیضاوی۔ جلد ۵ صفحہ ۲۵۴۔ اِنَّہٗ یَلْزَمُ مِنْ عَدَمِ تَخْلِیْدِ اَحَدٍ مِنَ الْبَشَرِ اِنْکَارُ بَقَائِھِمْ۔ یعنے بشر کی عدم تخلید سے اُن کے بقاء کا انکار لازم ہے +

(۲۰) تفسیر توضیح مجید جلد ۴ صفحہ ۱۶۶۔ اور نہیں گردانا ہمنے واسطے آدمیوں کے پہلے تیرے سے ہمیشہ رہنے کو بیچ زمین کے +

(۲۱) تفسیر کبیر جلد ۶ صفحہ ۱۵۰۔ یُحْتَمَلُ اَنَّہٗ لَمَّا ظَھَرَ اَنَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ جَازَ اَنْ یُّقَدِّرَ مُقَدِّرٌ اَنَّہٗ یَمُوْتُ اِذْ لَوْ مَاتَ لَتَغَیَّرَ شَرْعُہٗ فَنَبَّہَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی اَنَّ حَالَہٗ کَحَالِ غَیْرِہٖ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ فِی الْمَوْتِ + ہے۔ جیسے وہ مر گئے یہ بھی مر جائیں گے +

احتمال ہے کہ جب یہ امر ظاہر ہوا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ہیں تو جائز ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن کی نسبت مقدر کر دے کہ وہ نہ مریں کیونکہ اگر یہ نبی مر جائے تو اُس کی شریعت میں تغیر آ جائیگا تو اسپر اللہ تعالیٰ نے یہ خبر دی کہ اس رسول کا حال دوسرے رسولوں کی طرح

(۲۲) تفسیر ابن کثیر جلد ۶ صفحہ ۲۷۷ و ۲۷۸۔ زیر آیۃ مذکورہ بالا +

یَقُوْلُ تَعَالٰی وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِکَ اَیْ مُحَمَّدٍ الْخُلْدَ فِی الدُّنْیَا بَلْ کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ وَیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَقَدِ اسْتَدَلَّ بِھٰذِہِ الْاٰیَۃِ الْکَرِیْمَۃِ مَنْ ذَھَبَ مِنَ الْعُلَمَاءِ اِلٰی اَنَّ

اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے تجھ سے پہلے دُنیا میں کسی کو زندہ نہیں رکھا بلکہ سب کے سب فانی ہیں اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات رہیگی۔ اور علماء نے آیت کریمہ سے یہ استدلال کیا ہے کہ خضر بھی

الْخِضْرَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَاتَ وَلَيْسَ بِحَيٍّ الْآنَ لِاَنَّهٗ بَشَرٌ سَوَاءٌ كَانَ وَلِيًّا اَوْ نَبِيًّا اَوْ رَسُوْلًا +	مرگیا ہے کیونکہ اور لوگوں کی طرح وہ بھی ایک بشر تھا۔ خواہ وہ ولی ہو یا نبی ہو یا رسول ہو +

(۲۳) تفسیر جامع البیان صفحہ ۲۸۴۔ زیر آیۃ بالا۔

نَزَلَتْ حِيْنَ قَالُوْا نَتَرَبَّصُ بِمُحَمَّدٍ رَيْبَ الْمَنُوْنِ اِسْتَدَلَّ بِهٖ بَعْضُهُمْ عَلٰى عَدَمِ بَقَاءِ الْخِضْرِ +	یہ اُس وقت نازل ہوئی کہ جب کفار نے کہا کہ ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تباہی کی امید کرتے ہیں اور اس آیت سے بعض نے استدلال کیا ہے کہ خضر بھی زندہ نہیں۔ تو عیسےٰ کیونکر زندہ ہو سکتے ہیں +

اِس آیت کی تفسیر جو مفسرین نے کی ہے اِس سے صاف ظاہر ہے کہ کل انبیا جس میں حضرت مسیح بھی شامل ہیں فوت ہو چکے ہیں اور بعض نے صاف مسیح اور خضر اور الیاس اور ادریس کا نام بھی لیا ہے کہ سب فوت ہو چکے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آیت ماسبق کی طرح یہ آیت بھی مسیح کی موت کیلئے کافی دلیل ہے دیگر آیات کی تفسیر کی ضرورت ہی نہیں لیکن ہم اس امر کو زیادہ واضح کرنے کے لئے چند دیگر آیات پر بھی تفاسیر کی آرائے دکھاتے ہیں لیکن مفسرین کی سمجھ پر حیرت آتی ہے کہ باوجودیکہ سب کے سب یہی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کل نبی اور رسول فوت ہو چکے ہیں تو پھر اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ کے موقع پر کیوں اسقدر پیچیدگی میں پڑے اور کیوں قرآن شریف کی آیات کو یکجائی طور پر مدنظر نہ رکھا اور کیوں آیت وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا کو نظر انداز کر دیا۔ جب اِس آیت سے صاف پایا جاتا ہے کہ سارے رسول فوت ہو گئے تو وہ کونسی وجہ اُن کے پاس ہے جس سے اُنہوں نے مسیح کو مستثنےٰ کر لیا +

لفظ خلود اور لغتِ عرب

علاوہ اس کے لغتِ عرب میں بھی خلود کے معنے جیسا کہ علما سمجھ رہے ہیں وہ نہیں ہیں دیکھو لسان العرب جلد ۴ صفحہ ۱۴۳ زیر آیۃ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى اَيَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ کے نیچے یہ معنے لکھے ہیں اَیْ يَعْمَلُ عَمَلًا لَا يَظُنُّ مَعَهٗ بِسَارِهٖ اَنَّهٗ يَمُوْتُ۔ یعنے انسان ایسا

عمل کرتا ہے کہ وہ گمان نہیں کرتا کہ میں مرجاؤنگا دیکھو نفی خلود کی موت سے تعبیر کی گئی ہے۔
پھر مسیح کی نسبت کیوں اور تعبیر کریجاتی ہے +

سورۃ انبیاء رکوع ۱

(ج) وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ

(۱) الف ابن جریر جلد ۱۷ صفحہ ۴۰۔ زیر آیۃ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ یوں لکھا ہے +

يَقُولُ تَعَالَى ذِكْرُهُ وَمَا جَعَلْنَا لِرُسُلِ الَّذِي أَرْسَلْنَاهُمْ مِنْ قَبْلِكَ يَا مُحَمَّدُ إِلَى الْأُمَمِ الْمَاضِيَةِ قَبْلَ أُمَّتِكَ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَلَكِنْ جَعَلْنَاهُمْ أَجْسَادًا مِثْلَكَ يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ +

اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے ہم نے اُن رسولوں کا جسم جن کو ہم نے اے محمد تجھ سے پہلے اُن گذشتہ امتوں کی طرف بھیجا جو تیری اُمت سے پہلے تھیں ایسا نہیں بنایا کہ کھانا نہ کھاتے ہوں لیکن ہم نے اُن کے جسم تیری طرح بنائے ہیں جو کھانا کھاتے ہیں +

(ب) ابن جریر جلد ۱۷ صفحہ ۵ زیر آیۃ مذکورہ بالا یوں آیا ہے +

وَقَالَ أَبُو جَعْفَرٍ وَقَالَ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا فَوَاحِدَ الْجَسَدِ وَجَعَلَهُ مَوَاحِدًا وَهُوَ مِنْ صِفَةِ الْجَمَاعَةِ وَإِنَّمَا جَازَ ذَلِكَ لِأَنَّ الْجَسَدَ بِمَعْنَى الْمَصْدَرِ كَمَا يُقَالُ فِي الْكَلَامِ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ خَلْقًا لَّا يَأْكُلُونَ وَقَوْلُهُ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ يَقُولُ وَلَا كَانُوا أَرْبَابًا لَا يَمُوتُونَ وَلَا يَفْنَوْنَ وَلَكِنَّهُمْ كَانُوا بَشَرًا أَجْسَادًا فَمَاتُوا +

اور ابو جعفر نے کہا کہ جسد یہاں واحد ہے اور بطور جمع کے ہے اور یہ اسواسطے جائز ہے کہ جسد مصدری معنے میں آیا ہے جیسے کہ علم کلام کا قاعدہ ہے اور ہم نے اُن کی خلقت ایسی نہیں بنائی کہ کھانے کی محتاج ہوئی اور مَا كَانُوا خَالِدِينَ کے معنے یہ ہیں۔ وہ ایسے لوگ نہیں تھے کہ مرتے نہ ہوں اور نہ فنا ہوتے ہوں لیکن وہ تو بشر ہوتے تھے بشری جسم لئے ہوئے ہوتے اور مرجاتے تھے +

(۲) تفسیر محمدی مسمّٰے بہ موضح فرقان مصنفہ حافظ محمد ساکن لکھو کے مطبوعہ مطبع قادری لاہور صفحہ ۱۸۶ منزل چہارم زیر آیۃ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ

وما جعلناهم جسدا لا یاکلون الطعام وما کانوا خالدین

نہیں ہوتے کہ ہمیشہ کے لئے قائم رہیں کیونکہ تحلل کا انجام بہرحال فنا ہے +

(۵) تفسیر الدر المنثور جلد ۴ صفحہ ۳۱۴ +

(۱) اَخْرَجَ ابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِهٖ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا یَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ یَقُوْلُ لَمْ نَجْعَلْهُمْ جَسَدًا لَیْسَ یَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ اِنَّمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا یَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ +

ابن ابی حاتم ابن عباس سے آیت متذکرہ کی تفسیر کی نسبت یوں روایت کرتا ہے کہ حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے رسولوں کا جسم ایسا نہیں بنایا تھا کہ کھانا نہ کھاتے ہوں بلکہ اُن کا جسم ایسا بنایا تھا کہ کھانا کھانے کے محتاج تھے

(۲) اَخْرَجَ ابْنُ الْمُنْذِرِ وَابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنْ قَتَادَةَ فِیْ قَوْلِهٖ وَمَا كَانُوْا خَالِدِیْنَ قَالَ لَا بُدَّ لَهُمْ مِنَ الْمَوْتِ اَنْ یَّمُوْتُوْا۔

ابن منذر اور ابن ابی حاتم قتادہ سے بیان کرتے ہیں کہ وَمَا كَانُوْا خَالِدِیْنَ کے معنے وہ یہ کرتے تھے کہ اُن کو موت سے چارہ نہیں وہ ضرور مرتے ہیں +

(۶) تفسیر تنویر المقیاس جلد ۳ صفحہ ۲۵۲ +

اِنَّ اللّٰهَ لَمْ یُرْسِلِ الرَّسُوْلَ اِلَّا مِنَ الْبَشَرِ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا اَلْاَنْبِیَاءَ لَا یَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَلَا یَشْرَبُوْنَ الشَّرَابَ وَمَا كَانُوْا خَالِدِیْنَ فِی الدُّنْیَا وَلٰكِنْ كَانُوْا یَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَیَشْرَبُوْنَ الشَّرَابَ وَیَمُوْتُوْنَ +

اللہ تعالیٰ نے جب کبھی کوئی رسول بھیجا تو وہ آدمی ہی ہوتا تھا اور ہم نے نبیوں کے جسم ایسے نہیں بنائے کہ نہ کھاتے ہوں اور نہ پیتے ہوں اور وہ زندہ رہتے ہوں بلکہ وہ کھانا کھاتے اور پانی پیتے اور مرتے تھے +

(۷) حاشیہ ابن تجدید علی البیضاوی جلد ۵ صفحہ ۲۰۵ - قَوْلُهٗ وَمَا كَانُوْا خَالِدِیْنَ فَاِنَّ التَّعَیُّشَ بِالطَّعَامِ مِنْ تَوَابِعِ التَّحْلِیْلِ الْمُؤَدِّیْ اِلَی الْفَنَاءِ +

یعنے طعام کے ساتھ زندگی بسر کرنا تحلیل کے تابع ہوتا ہے جو فنا کی طرف لے جاتی ہے +

(۸) تفسیر بحر الحقائق قلمی - یُشِیْرُ اِلٰی اَنَّ الْاَنْبِیَاءَ وَالْاَوْلِیَاءَ خُلِقُوْا مُحْتَاجِیْنَ

اس طرح اشارہ ہے انبیاء اور اولیاء کھانے کے محتاج بنائے گئے ہیں اور فرشتہ اور روح

إِلَى الطَّعَامِ بِخِلَافِ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوحِ وَذٰلِكَ لَا يَقْدَحُ فِي النُّبُوَّةِ وَالْوَلَايَةِ بَلْ هُوَ مِنْ لَوَازِمِ أَحْوَالِهِمْ وَتَوَابِعِ كَمَالِهِمْ +

کھانے کے محتاج نہیں پیدا کیے گئے۔ سو اُن کا کھانے کے لئے محتاج ہونا اُن کی نبوت اور ولایت کے منافی نہیں ہے بلکہ وہ تو اُن کے احوال کے لوازمات اور اُن کے کمال کی ضروریات میں سے ہے +

(۹) تفسیر سواطع الہام صفحہ ۳۹۸۔ وَمَا جَعَلْنَاهُمُ الرُّسُلَ جَسَدًا وَحْدَهُ لَمَّا لِلصَّرَعِ أَوْ لِمَا أَصْلُهُ الْمُصْدِرُ لَا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ كَمَا وَهُوَ أَرَادَهُ حُمْ أَكْلُ الطَّعَامِ لِمُحَمَّدٍ وَمَا كَانَ الرُّسُلُ خَالِدِينَ دَارَ الْأَعْمَالِ كَمَا هُوَ وَهُمْ +

ہم نے کسی رسول کا ایسا جسم نہیں بنایا کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں بلکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح کھانا کھاتے تھے اور اس دنیا میں جیسا وہ گمان کرتے ہیں زندہ نہیں رہے +

(۱۰) تفسیر غایۃ البرہان جلد ۲ صفحہ ۴۷۔ اور نہ کیا ہم نے انبیاء کو جسد کہ نہ کھایا کریں اور ہمیشہ رہیں +

(۱۱) تفسیر جلالین صفحہ ۲۶۸۔ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ۔ أَيِ الرُّسُلَ۔ جَسَدًا بِمَعْنَى أَجْسَادٍ لَا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ بَلْ يَأْكُلُونَهُ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ فِي الدُّنْيَا۔ ہم نے رسولوں کا جسم ایسا نہیں بنایا کہ کھانا نہ کھاتے ہوں بلکہ کھاتے تھے اور دُنیا میں زندہ نہیں رہتے تھے +

(۱۲) تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۵۸۵۔ وَمَا جَعَلْنَاهُمُ الرُّسُلَ جَسَدًا وَلَمْ يَقُلْ أَجْسَادًا لِأَنَّهُ اسْمُ الْجِنْسِ لَا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ۔ هٰذَا رَدٌّ لِقَوْلِهِمْ مَالِ هٰذَا الرَّسُولِ يَأْكُلُ الطَّعَامَ۔ يَقُولُ لَمْ نَجْعَلِ الرُّسُلَ مَلٰئِكَةً بَلْ جَعَلْنَاهُمْ بَشَرًا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ فِي الدُّنْيَا۔

ہم نے رسولوں کا جسم ایسا نہیں بنایا کہ کھانا نہ کھائیں (یہاں پر اجساد کا لفظ اس واسطے نہیں لایا گیا کہ جسد اسم جنس ہے) یہ اُن کے اس قول کا رد ہے کہ اس رسول کو کیا ہو گیا کہ کھانا کھاتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے رسولوں کو فرشتے تو نہیں بنایا بلکہ وہ آدمی ہیں جو کھانا کھاتے اور مر جاتے ہیں وہ باقی رہتے ہوں مرتے نہ ہوں۔ یہ اُس بات

(۱۳) تفسیر مجمع البیان جلد ۴ صفحہ ۱۔ أَيِ

بَاقِيْنَ لَا يَمُوْتُوْنَ - هٰذَا رَدٌّ لِقَوْلِهِمْ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ وَمَعْنَاهُ وَمَا جَعَلْنَا الْاَنْبِيَاءَ قَبْلَكَ اَجْسَادًا لَا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَلَا يَمُوْتُوْنَ حَتّٰى يَكُوْنَ اَكْلُكَ الطَّعَامَ وَشُرْبُكَ وَمَوْتُكَ فِيْ تَرْكِ الْاِيْمَانِ بِكَ فَاِنَّا لَمْ نُخْرِجْهُمْ عَنْ حَدِّ الْبَشَرِيَّةِ بِالْوَحْيِ

کارد ہے جو کہتے تھے یہ رسول کیسا ہے کھانا کھاتا اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ اور معنے یہ ہیں کہ ہم نے نبیوں کا جو تجھ سے پہلے ہوئے ہیں ایسا جسم نہیں بنایا تھا کہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ مرتے ہوں یہاں تک کہ اگر تیرے کھانا کھانے اور تیرے پانی پینے اور تیرے فوت ہونے پر ایمان نہ لائیں تو بے ایمان ہو کر ہم نے

لہذا ہم نے نبیوں کو وحی سے مشرف کر کے بشری حد سے تو نکال نہیں دیا +

(۱۴) تفسیر حسینی قلمی صفحہ ۵۴۰ - وما انسا ختیم پیغمبران را خدا وجسدے کہ آن نخورند خوردنی ونبوند باقی در دنیا کہ نمیرند +

ہم نے پیغمبروں کو خدا تو نہیں بنایا اور نہ ایسا جسم بنایا ہے کہ کھانا نہ کھائیں اور دنیا میں ہمیشہ نہ مریں +

(۱۵) تفسیر صافی جلد ۲ صفحہ ۲۶ نَفْيُ لِمَا اعْتَقَدُوْهُ اَنَّ الرِّسَالَةَ مِنْ خَوَاصِّ الْمَلَكِ

اُن کے اِس اعتقاد کی نفی ہے کہ رسالت فرشتہ کے خواص میں سے ہے +

(۱۶) تفسیر معالم الاسرار جلد ۲ صفحہ ۴۲ - ونگردانیدیم انبیاء را جسدے کہ نخورند طعام وباقی نباشند تا آنکہ عیسیٰ ہم مرد +

یعنے ہم نے نبیوں کا جسم ایسا نہیں بنایا کہ کھانا تو نہ کھائیں اور ہمیشہ رہیں حتّٰے کہ عیسیٰ بھی فوت ہو گیا +

(۱۷) تفسیر درالاسرار صفحہ ۲۶۶ - اَلْهَاءُ فِيْ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ لِلرُّسُلِ كُلِّهِمْ جَعَلْنَاهُمْ میں جو ضمیر ہے وہ کل رسولوں کی طرف ہے +

(۱۸) تفسیر کوشی جلد ۳ قلمی - اَلْمُرَادُ بِالْجَسَدِ هُنَا الْجِنْسُ - قَالَ مُجَاهِدٌ مَا جَعَلْنَا الْاَنْبِيَاءَ جَسَدًا لَيْسَ فِيْهِمْ رُوْحٌ - وَالْمَعْنٰى مَا جَعَلْنَا الْاَنْبِيَاءَ قَبْلَكَ اِلَّا اَجْسَامًا وَمَا جَعَلْنَاهُمْ لَا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا بَاقِيْنَ فِي الدُّنْيَا باقی رہے ہوں +

جسد سے مراد یہاں جنس سے ہے یعنے ہر ایک جسد - تفسیر مجاہد یہ ہے کہ ہم نے نبیوں کا جسم ایسا نہیں بنایا کہ اُن میں روح نہ ہو اور معنے یہ ہیں کہ ہم نے تجھ سے پہلے نبیوں کے جسم ایسے نہیں بنائے کہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور وہ دنیا میں

(۲۱) تفسیر عباسی۔ جَسَدًا جَسَدَ الْاَنْبِیَاءِ لَا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ وَلَا یَشْرَبُوْنَ الشَّرَابَ وَمَا کَانُوْا خَالِدِیْنَ فِی الدُّنْیَا وَلٰکِنْ کَانُوْا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ وَیَشْرَبُوْنَ الشَّرَابَ وَیَمُوْتُوْنَ +

جسد سے مراد نبیوں کے جسم ہیں جو ایسے نہیں بنائے گئے کہ نہ تو کھانا کھاتے ہوں اور نہ پانی پیتے ہوں اور وہ دنیا میں زندہ نہیں رہتے تھے بلکہ کھانا کھاتے تھے اور مر جاتے تھے

(۲۲) تفسیر مدارک جلد ۳ صفحہ ۱۰۱۔ وَجَدُ الْجَسَدِ لِاِرَادَةِ الْجِنْسِ لَا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ صِفَةُ الْجَسَدِ یَعْنِیْ وَمَا جَعَلْنَا الْاَنْبِیَاءَ قَبْلَهٗ ذَوِیْ جَسَدٍ غَیْرَ طَاعِمِیْنَ +

جسد صرف جنس کے ارادہ سے ہے کھانا نہ کھاتے تھے یہ جسم کی صفت واقع ہے معنے یہ ہیں ہم نے اس رسول سے پہلے نبیوں کا جسم ایسا نہیں بنایا کہ نہ کھانے والا جسم ہو +

(۲۳) تفسیر کشاف جلد ۲ صفحہ ۸۰۔ اَلْمَعْنٰی وَمَا جَعَلْنَا الْاَنْبِیَاءَ قَبْلَهٗ ذَوِیْ جَسَدٍ غَیْرَ طَاعِمِیْنَ +

اور معنے یہ ہیں کہ نبیوں کا جسم جو اس رسول سے پہلے گذرے ہیں ایسا نہیں بنایا تھا کہ کھاتے نہ تھے +

(۲۴) تفسیر خازن جلد ۳ صفحہ ۱۰۱۔ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ۔ اَیِ الرُّسُلَ جَسَدًا لَا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ هٰذَا رَدٌّ لِقَوْلِهِمْ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ یَاْکُلُ الطَّعَامَ وَالْمَعْنٰی لَمْ نَجْعَلْهُمْ مَلَائِکَةً بَلْ جَعَلْنَاهُمْ بَشَرًا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا کَانُوْا خَالِدِیْنَ اَیْ فِی الدُّنْیَا بَلْ یَمُوْتُوْنَ کَغَیْرِهِمْ +

ہم نے کسی رسول کا ایسا جسم نہیں بنایا جو کھانا نہ کھاتا ہو۔ یہ بات کفار کے اُس قول کا رد ہے کہ کیا ہو گیا کہ یہ رسول کھانا کھاتا ہے اور معنے یہ ہے کہ ہم نے اُن رسولوں کو فرشتہ نہیں بنایا بلکہ ہم نے اُن کو آدمی بنایا جو کھانا کھائیں اور مر جائیں۔ یعنے دنیا میں اور لوگوں کی طرح فوت ہو جائیں +

(۲۵) تفسیر روح البیان جلد ۲ صفحہ ۶۲۱۔ اَیْ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا مُسْتَغْنِیًا عَنِ الْاَکْلِ وَالشَّرَابِ بَلْ مُحْتَاجًا اِلٰی ذٰلِكَ لِتَحْصِیْلِ بَدَلِ مَا یَتَحَلَّلُ مِنْهُ۔ وَمَا کَانُوْا خَالِدِیْنَ لِاَنَّ مَالَ التَّحَلُّلِ وَالْفَنَاءُ

ہم نے اُن کا جسم کھانے اور پینے سے مستغنی نہیں بنایا بلکہ وہ کھانے اور پینے کے محتاج بنائے گئے ہیں تاکہ جو کچھ بدن سے تحلیل ہو اُس کا بدل اُن کو حاصل ہوتا رہے اور مَا کَانُوْا خَالِدِیْنَ کے معنے یہ ہیں کہ دیر تک نہیں

لَا مُحَالَةَ وَالْخُلُوْدُ تَبَرِّیْ الشَّیْءِ مِنْ اِعْتِرَاضِ الْفَسَادِ وَبَقَاؤُہٗ عَلَی الْحَالَةِ الَّتِیْ ھُوَ عَلَیْھَا۔ وَالْمُرَادُ اِمَّا الْمُکْثُ الْمَدِیْدُ کَمَا ھُوَ شَاْنُ الْمَلٰئِکَةِ اَوِ الْاَبَدِیُّ وَھُمْ مُعْتَقِدُوْنَ اَنَّھُمْ لَا یَمُوْتُوْنَ۔ وَالْمَعْنٰی جَعَلْنَاھُمْ اَجْسَادًا مُتَغَذِّیَةً صَائِرَةً اِلَی الْمَوْتِ بِالْاٰخِرَةِ عَلٰی حَسْبِ اٰجَالِھِمْ لَا مَلَائِکَةً وَلَا اَجْسَادًا مُسْتَغْنِیًا عَنِ الْاَغْذِیَةِ مَصُوْنَةً عَنِ التَّحَلُّلِ کَالْمَلٰئِکَةِ قَالَ فِی التَّاوِیْلَاتِ النَّجْمِیَّةِ یُشِیْرُ اِلٰی اَنَّ الْاَنْبِیَاءَ وَالْاَوْلِیَاءَ خُلِقُوْا مُحْتَاجِیْنَ اِلَی الطَّعَامِ بِخِلَافِ الْمَلٰئِکَةِ +

رہتے تھے وجہ یہ کہ کسی چیز کا تحلیل ہونا خود ہی فنا کی علامت ہے اور خلود کے معنے کسی چیز کا فساد کے اعتراض سے بری ہونا اور اسی حالت پر باقی رہنا جس پر وہ ابتدا سے ہے۔ لیکن مراد اس سے ایک زمانہ دراز تک ٹھیرنا جیسا کہ ملائکہ کی شان ہے یعنی یہ کہ وہ ابد تک رہینگے اور انکا اعتقاد ہے کہ وہ نہیں مرینگے۔ اور معنے یہ ہیں کہ ہم نے غذا کے محتاج اُن کے جسم بنائے ہیں جو موت کی طرف کھچے ہوئے جا رہے ہیں اور اپنی اپنی عمریں پُوری کرتے ہیں وہ فرشتے ہیں اور نہ فرشتوں کی طرح اُن کے جسم ہیں کہ کھانے سے مستغنی ہوں اور زوال سے محفوظ ہوں اور کتاب تاویلات النجمیہ میں لکھا ہے کہ اس آیت میں اس طرف اشارہ ہے کہ انبیاء اور اولیاء برخلاف فرشتوں کے کھانے پینے کے محتاج پیدا کئے گئے ہیں +

(۲۶) تفسیر جمل جلد ۳ صفحہ ۱۲۷۔ وَالْمَعْنٰی جَعَلْنَاھُمْ اَجْسَادًا تَتَغَذّٰی وَتَصِیْرُ اِلَی الْمَوْتِ بِالْاٰخِرَةِ اَجْسَادًا مُسْتَغْنِیَةً عَنِ الْاَغْذِیَةِ

یعنے ہم نے اُن کے جسم بنائے ہیں کہ جو کھانا کھائیں اور موت کا لقمہ ہوں ایسے جسم نہیں بنائے کہ کھانے پینے سے لاپرواہ ہوں +

(۲۷) حاشیہ شیخ احمد صاوی المالکی علی جلالین جلد ۳ صفحہ ۶۷ +

رَدٌّ لِقَوْلِھِمْ مَالِ ھٰذَا الرَّسُوْلِ یَاْکُلُ الطَّعَامَ وَالْمَعْنٰی لَمْ نَجْعَلْھُمْ مَلَائِکَةً بَلْ جَعَلْنَاھُمْ بَشَرًا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ +

یہ بات کفار کی اس بات کا رد ہے کہ اس رسول کو کیا ہے کہ کھانا کھاتا ہے یہ مطلب یہ کہ ہم نے رسولوں کو فرشتہ نہیں بنایا بلکہ ہم نے اُن کو آدمی بنایا کہ کھانا کھاتے ہیں۔ وَقَوْلُہٗ وَمَا کَانُوْا خَالِدِیْنَ۔ اَیْ مَاکِثِیْنَ عَلٰی سَبِیْلِ الْخُلُوْدِ فِی الدُّنْیَا بَلْ یَمُوْتُوْنَ کَغَیْرِھِمْ۔ یعنے دُنیا میں خلود کے طور پر رہتے ہیں بلکہ مثل دیگر

بنی نوع انسان کے مرجاتے ہیں +

(۲۸) تفسیر سراج المنیر جلد ۲ صفحہ ۴۷۴۔۴۷۵

اَیِ الَّذِیْنَ اَخْتَرْنَا اِعْثَتَہُمْ اِلَی النَّاسِ لِیَاْمُرُ
ھُمْ بِاَوَامِرِنَا۔ جَسَدًا۔ اَیْ ذَوِیْ
جَسَدٍ وَلَحْمٍ وَدَمٍ۔ لَا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ
بَلْ جَعَلْنَاھُمْ اَجْسَادًا یَاْکُلُوْنَ وَیَشْرَبُوْنَ
وَلَیْسَ ذٰلِکَ بِمَانِعٍ مِنْ اِرْسَالِھِمْ وَمَا
کَانُوْا خَالِدِیْنَ۔ اَیْ بِاَجْسَادِھِمْ بَلْ
مَاتُوْا کَمَا مَاتَ النَّاسُ قَبْلَھُمْ وَبَعْدَھُمْ

وہ لوگ کہ جنکو ہم نے لوگوں کو حکم پہنچانے کے لئے چنکر مقرر کیا ہے جَسَدًا کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ جسم والے گوشت والے اور خون والے ہوتے ہیں لَا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ کا یہ مطلب ہے کہ وہ ایسے نہیں بنائے گئے بلکہ اُن کے جسم ایسے پیدا کئے گئے ہیں کہ کھانا کھاتے اور پانی پیتے تھے یہ امور اُن کی رسالت کے حارج نہیں ہوسکتے تھے۔ وَمَا کَانُوْا خَالِدِیْنَ کا مطلب یہ ہے کہ اپنے جسموں سمیت زندہ نہیں رہتے تھے بلکہ وہ اُن لوگوں کی طرح جو اُن سے پہلے ہوئے یا پیچھے فوت ہوجاتے تھے +

(۲۹) تفسیر توضیح مجید۔ جلد ۴ صفحہ ۱۵۹۔ اور نہیں کیا ہم نے اُن کو صاحبانِ جسد ایسے کہ نہیں کھاتے ہیں وہ کھانے کو اور نہ تھے وہ پیغمبر بیچ اِس دُنیا کے ہمیشہ +

(۳۰) تفسیر ابن کثیر۔ جلد ۶۔ صفحہ ۲۷۰۔ زیر آیت بالا۔

اَیْ بَلْ کَانُوْا اَجْسَادًا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ
کَمَا قَالَ تَعَالٰی۔ وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَکَ مِنَ
الْمُرْسَلِیْنَ اِلَّا اِنَّھُمْ لَیَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ
وَیَمْشُوْنَ فِی الْاَسْوَاقِ اَیْ قَدْ کَانُوْا
بَشَرًا مِنَ الْبَشَرِ یَاْکُلُوْنَ وَیَشْرَبُوْنَ
مِثْلَ النَّاسِ وَیَدْخُلُوْنَ الْاَسْوَاقَ
لِلتَّکَسُّبِ التِّجَارَۃِ وَلَیْسَ ذٰلِکَ بِضَارِّھِمْ
وَلَا نَاقِصٌ مِنْھُمْ شَیْئًا مَا تَوَھَّمَہُ الْمُشْرِکُوْنَ
... بَلْ کَانُوْا یُبْعَثُوْنَ ثُمَّ یَمُوْتُوْنَ +

بلکہ وہ ایسے جسم تھے کہ کھانا کھایا کرتے تھے۔ جیساکہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ ہم نے تجھ سے پہلے کسی رسول کو نہیں بھیجا مگر اُسی حالت میں کہ وہ کھانا کھائیں اور بازاروں میں چلیں پھریں یعنی وہ رسول بشروں میں سے بشری ہوتے تھے جو دوسرے آدمیوں کی طرح کھاتے بھی تھے اور پیتے بھی تھے اور بازاروں میں بھی کاروبار کرتے اور تجارت کے لئے جاتے تھے اور اس سے اُن کو کوئی ضرر نہیں پہنچتا تھا اور نہ کوئی نقص جیسے مشرکوں کا خیال ہے۔ بلکہ زندگی بسر کرکے فوت ہوجاتے تھے +

(۳۱) تفسیر مظہری جلد ۳ قلمی زیر آیۃ بالا۔

وَمَا جَعَلْنَاهُمْ اَیْ اَوَّلِیْنَ مِنَ الرُّسُلِ جَسَدًا لَا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا کَانُوْا خَالِدِیْنَ۔ فَاِنَّ التَّعَیُّشَ بِالطَّعَامِ مِنْ لَوَازِمِ التَّحْلِیْلِ الْمُؤَدِّیْ اِلَی الْفَنَاءِ +

پہلے رسولوں کا ایسا جسم نہیں بنایا کہ کھانا نہ کھائے اور پھر زندہ رہے کیونکہ کھانے کے ساتھ زندگی بسر کرنا تحلیل کے لوازمات سے ہے جو فنا کی طرف لیجاتے ہیں +

اِن تمام تفاسیر سے آیت متذکرہ بالا کی تفسیر بجز اس کے اور نہیں ثابت ہوتی کہ تمام انبیا کا جسم کھانے اور پینے کا محتاج بنایا گیا اور جس قدر عوارضات جسمانی ہونے چاہئیں اُن میں موجود تھے تو پھر قرآن شریف کی ایسی آیت کی موجودگی میں کیونکر مان لیا جائے کہ حضرت مسیح بغیر کھانے اور پینے کے زندہ موجود ہیں۔ لہذا ایسا خیال کرنا گویا قرآن شریف کو جھٹلانا ہے

(د) وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ

سورۃ الفرقان پارہ ۱۸۔ رکوع ۲

(۱) تفسیر ابن جریر جلد ۱۸ صفحہ ۱۳۱ زیر آیۃ وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ یوں لکھا ہے +

وَجَوَابٌ لَهُمْ عَنْهُ يَقُوْلُ لَهُمْ جَلَّ ثَنَاءُهٗ وَمَا اَنْكَرْتَ يَا مُحَمَّدُ هٰؤُلَاءِ الْقَائِلُوْنَ مَا لِهٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ مِنْ اَكْلِكَ الطَّعَامَ وَمَشْيِكَ فِي الْاَسْوَاقِ وَاَنْتَ لِلّٰهِ رَسُوْلٌ فَقَدْ عَلِمُوْا اَنَّا مَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ كَالَّذِيْ تَاْكُلُ اَنْتَ وَتَمْشِيْ فَلَيْسَ لَهُمْ عَلَيْكَ بِمَا قَالُوْا مِنْ ذٰلِكَ حُجَّةٌ +

اللہ جلشانہ نے اُن کے اس قول کا جواب دیا ہے کہ اے محمد ان قائلوں نے جو یہ کہکر کہ اس رسول کو کیا ہوا کہ کھانا کھاتا اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے تیرے کھانا کھانے اور تیرے بازاروں میں چلنے سے انکار کیا ہے حالانکہ تو اللہ کا رسول ہے اور وہ لوگ یقیناً جانتے ہیں کہ جو رسول تجھ سے پہلے ہم نے بھیجے تھے وہ کھانا بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے بھی تھے جس طرح تو کھانا کھاتا اور چلتا

ہے۔ پس ان کہنے والوں کے پاس تیری نسبت اس بارہ میں جو وہ کہتے ہیں کوئی دلیل نہیں ہے +

(۲) تفسیر ابوسعود جلد ۶ صفحہ ۴۶۳۔ مَا اَرْسَلْنَا اَحَدًا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا اٰكِلِيْنَ وَمَاشِيْنَ۔ تجھ سے پہلے ایک بھی رسول ایسا نہیں تھا جو کھانا پیتا اور چلتا پھرتا نہ ہو +

(۳) تفسیر کشاف۔ جلد ۲ صفحہ ۹۷۰۔ وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اَحَدًا مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا اٰكِلِيْنَ وَمَاشِيْنَ معنے اوپر گذر چکے +

(۴) تفسیر درالمنثور جلد ۵ صفحہ ۶۵ اَخْرَجَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَابْنُ الْمُنْذِرِ وَابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ عَنْ قَتَادَةَ وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ۔ يَقُوْلُ اِنَّ الرُّسُلَ قَبْلَ مُحَمَّدٍ كَانُوْا بِهٰذِهِ الْمَنْزِلَةِ يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ۔ اِلٰى اٰخِرِهٖ

عبد بن حمید اور ابن المنذر و ابن ابی حاتم نے قتادہ سے روایت بیان کی ہے کہ وہ اس آیت کی نسبت یوں کہتا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جس قدر رسول پہلے گذرے ہیں وہ سب کے سب ایسے تھے کہ کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے +

(۵) تفسیر تنویر المقیاس جلد ۴ صفحہ ۵۳

وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ يَا مُحَمَّدُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ كَمَا تَاْكُلُ۔ جَوَابًا لِقَوْلِهِمْ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ۔ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ فِي الطُّرُقِ كَمَا تَمْشِيْ +

اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے تجھ سے پہلے کوئی بھی رسول ایسے نہیں بھیجے جو تمہاری طرح کھانے پینے نہ ہوں۔ یہ جواب اُن کی اس بات کا ہے کہ اس رسول کو کیا ہو گیا کہ کھانا کھاتا ہے اور وہ بازاروں میں چلتے پھرتے تھے جیسے تو چلتا پھرتا ہے +

(۶) حاشیہ ابن تمجید علی البیضاوی تکملہ جلد ۵۔ صفحہ ۱۵۵ +

اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ اَكْلُهُمْ وَمَشْيُهُمْ فِي الْاَسْوَاقِ مَعْلُوْمٌ لَهُمْ نَبِيِّيْنَ +

تمام سابقہ نبی باوجود نبی ہونے کے کھانے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے

(۷) تفسیر محرر المعانی قلمی۔ اِلَّا اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ

وہ اس طرح کھانا کھاتے تھے جیسے تم کھاتے

الطَّعَامَ كَمَا نَاكُلُ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ كَمَا نَمْشِيْ +	ہوا اور ایسا ہی بازاروں میں چلا کرتے تھے جیسے تم چلتے ہو +
(۸) تفسیر عرائس البیان جلد ۲ صفحہ ۹۲۔ هٰذَا سُنَّةُ اللّٰهِ فِي الْخَلْقِ وَالْاَنْبِيَاءُ وَالْاَوْلِيَاءُ شَارَكُوْهُمْ فِي الْبَشَرِيَّةِ +	آفرینش کے متعلق یہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہوا اور نبی اور ولی سب کے سب بشریت میں مساوی ہیں +
(۹) تفسیر سواطع الہام صفحہ ۴۴۳۔ وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مُحَمَّدُ اَحَدًا مِنَ الْمَلَاءِ الْمُرْسَلِيْنَ الْكُمَّلِ لِاِعْلَامِ صَلَاحِ الْعَالَمِ وَهُدَايَتِهِمْ اِلَّا اَنَّهُمْ مَكْسُوْرُ لِوُرُوْدِ اللَّامِ لِيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَالْحَاصِلُ اِلَّا اَكَالًا لِلطَّعَامِ وَيَمْشُوْنَ وُتَّادًا فِي الْاَسْوَاقِ مَرَاسِمَ الْعَوَامِ +	اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم تجھ سے پہلے ہم نے گروہ رسولوں میں سے کسی کو اصلاح عالم اور عام لوگوں کی ہدایت کے لئے نہیں بھیجا مگر کہ وہ کھانا کھاتے تھے۔ حاصل مطلب یہ ہے کہ وہ کھانا کھاتے اور بازاروں میں عوام کی طرح چلتے پھرتے تھے +
(۱۰) تفسیر غایۃ البرہان جلد ۲ صفحہ ۸۶۔ اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے کوئی رسول مگر بدرستی کہ وہ کھانا کھاتے تھے اور چلتے تھے بازاروں میں +	
(۱۱) تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۶۳۱۔ مَا اَنَا اِلَّا رَسُوْلٌ وَمَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ وَهُمْ كَانُوْا بَشَرًا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ وَقِيْلَ مَعْنَاهُ وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا قِيْلَ لَهُمْ مِثْلَ هٰذَا اِنَّهُمْ يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ۔	میں تو ایک رسول ہوں اور میں کوئی پہلا رسول نہیں ہوں حالانکہ جسقدر رسول تھے وہ سب کے سب بشر تھے کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے اور اس کے معنے یہ بیان کئے جاتے ہیں ہم نے تجھ سے پہلے کوئی رسول ایسا نہیں بھیجا جو اس رسول کی طرح باتیں نہ کرتے ہوں یعنے یہ کہ وہ تو کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے تھے +
(۱۲) تفسیر حسینی قلمی صفحہ ۶۰۶ وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ۔ نفرستادیم ما پیش از تو کسے را مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ از پیغمبران اِلَّا اِنَّهُمْ۔ مگر پیغمبرانیکہ ایشاں لَيَاْكُلُوْنَ	اور ہم نے تجھ سے پہلے کسی مرسل کو پیغمبر بنا کر ایسا نہیں بھیجا کہ وہ کھانا نہ کھاتا ہو ضرور وہ کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے

الطَّعَامَ ہر آئینہ بخورند و خوردنی وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ و بروند در بازارہا بجہت کفایت مہمات خود +

پھرتے تھے جسکی وجہ سے وہ اپنی ضروریات بشری کو پورا کرتے تھے +

(۱۳) تفسیر غرائب القرآن جلد ۳ اَنَّهٗ لَا وَجْهَ لِقَوْلِهِمْ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ لِاَنَّهٗ هٰذِهٖ عَادَةٌ مُسْتَمِرَّةٌ مِنَ اللّٰهِ فِيْ كُلِّ رُسُلِهٖ وَالْمَعْنٰى وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اَحَدًا مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا اٰكِلِيْنَ وَمَاشِيْنَ +

اُن کے اس قول کی کوئی وجہ نہیں کہ اس رسول کو کیا ہو گیا کہ کھانا کھاتا ہے کیونکہ یہ تمام رسولوں کی نسبت اللہ تعالیٰ کی عادت استمراری ہے اور معنے یہ ہیں کہ ہم نے تجھ سے پہلے کوئی بھی ایسا رسول نہیں بھیجا کہ جو کھانا نہ کھاتا ہو اور چلتا پھرتا نہ ہو

(۱۴) تفسیر صافی جلد ۲ صفحہ ۷۰ جواب لِقَوْلِهِمْ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ +

اُن کے اس قول کا جواب ہے کہ اس رسول کو کیا ہو گیا کہ کھانا کھاتا اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے +

(۱۵) تفسیر معالمات الاسرار جلد ۲ صفحہ ۷۲ و نہ فرستادیم از قبل تو رسولان مگر آنان بدرستی میخوردند طعام و مے رفتند در بازارہا +

اور ہم نے تجھ سے پہلے جن جن رسولوں کو بھیجا ہے وہ سب کے سب ضرور کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں آتے جاتے تھے +

(۱۶) تفسیر درالاسرار جلد ۲ صفحہ ۳۰۰ مطبوعہ شام +

وَحُكْمُكَ وَحُكْمُهُمْ وَاحِدٌ عَلٰى اَكْلِ الطَّعَامِ وَسَوَاءٌ +

یعنے تیرے اور اُن کے کھانے وغیرہ امور میں یکساں حالت ہے +

(۱۷) تفسیر عباسی جَوَابًا لِقَوْلِهِمْ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ كَمَا تَاْكُلُ وَتَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ فِي الطُّرُقِ كَمَا تَمْشِيْ +

یہ آیت جواب ہے اُس آیت کا کہ اس رسول کو کیا ہے کہ کھانا کھاتا اور بازاروں میں چلتا ہے۔ جیسے تو کھاتا ہے اور اُن کی طرح رستوں پر چلتا ہے +

(۱۸) تفسیر خازن جلد ۱ صفحہ ۴۱۰ وَالْمَعْنٰى اَنَّ هٰذِهٖ عَادَةٌ مُسْتَمِرَّةٌ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى رُسُلِهٖ فَلَا وَجْهَ لِهٰذَا الطَّعْنِ وَمَا اَنَا اِلَّا

اور معنے یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی تمام رسولوں کی نسبت یہی ہمیشہ کی عادت ہے اور طعن کی کوئی وجہ نہیں۔ میں بھی رسول کے سوا اور

مَرْسُوْلٌ وَمَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ وَهُمْ كَانُوْا بَشَرًا مِثْلِيْ يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ +	کچھ نہیں ہوں اور میں کوئی پہلا ہی رسول نہیں ہوں کیونکہ پہلے سارے رسول بھی آدمی ہی تھے اور میری طرح کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے +
(۱۹) تفسیر مدارک جلد ۳ صفحہ ۱۱۴ - وَالْمَعْنٰى وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اَحَدًا مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا اٰكِلِيْنَ وَمَاشِيْنَ +	اور معنے اِس کے یہ ہیں کہ ہم نے تجھ سے پہلے کوئی رسول ایسا نہیں بھیجا جو کھانا پیتا نہ ہو بلکہ کھانے اور پینے والے رسول بھیجے +
(۲۰) حاشیہ شیخ احمد صاوی علی جلالین - جلد ۳ صفحہ ۱۴۲ +	
وَالْمَعْنٰى مَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ فِيْ حَالٍ مِنْ اَحْوَالِ اِلَّا فِيْ حَالَةِ اَكْلِهِمُ الطَّعَامَ وَمَشْيِهِمْ فِي الْاَسْوَاقِ - اَيْ فَهٰذِهٖ عَادَتُهُمْ وَدَاْبُهُمْ فَاِنْ هَجَوْكَ بِذٰلِكَ فَقَدْ هَجَوْا جَمِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ فَلَا تَحْزَنْ +	اور معنے یہ ہیں کہ ہم نے کوئی رسول بھی تجھ سے پہلے کسی اور حالت میں بجز اس کے کہ کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے ہوں نہیں بھیجا - یعنے اُن کی عادت اور طریق یہی ہے - پس اگر یہ لوگ اس امر سے تیری ہجو کرتے ہیں تو کیا مضائقہ ہے اس میں کوئی رنج کی بات نہیں کیونکہ یہ تمام انبیاء کی بھی اسی طرح ہجو کرتے رہے ہیں +
(۲۱) تفسیر سراج منیر جلد ۲ صفحہ ۶۲۵ +	
اَيْ اَشْرَفُ الْخَلْقِ اَحَدًا مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا وَحَالُهُمْ اَنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ كَمَا تَاْكُلُ وَيَاْكُلُ غَيْرُكَ مِنَ الْاٰدَمِيِّيْنَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ لِمَا تَفْعَلُ فَهٰذِهٖ عَادَةٌ مُسْتَمِرَّةٌ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْ كُلِّ رُسُلِهٖ +	اشرف المخلوقات میں خواہ رسول ہی کیوں نہ ہو اُنکا حال یہ ہے کہ وہ کھانا ویسا ہی کھاتے ہیں جیسے تم کھاتے ہو اور دیگر عام آدمی کھاتے ہیں اور بازاروں میں اسی طرح چلتے ہیں جیسے تم چلتے ہو اور اللہ تعالیٰ کی یہ عادت ہمیشہ سے کل رسولوں کے ساتھ ہے +
(۲۲) عنایۃ القاضی حاشیہ علی البیضاوی جلد ۴ صفحہ ۴۰۴ +	
وَالْمَعْنٰى وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اَحَدًا مِنَ	اور معنے یہ ہیں کہ ہم نے تجھ سے پہلے کسی رسول

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ + | کو نہیں بھیجا مگر اُس حالت میں کہ وہ کھاتے اور چلتے پھرتے تھے +

(۲۳) تفسیر توضیح مجید جلد ۴ صفحہ ۲۸۱ - اور نہیں بھیجا ہم نے پہلے تیرے کسی رسول سے مگر وہ ہر آئینہ کھاتے تھے کھانا اور چلتے تھے وہ بیچ بازاروں کے +

(۲۴) تفسیر ابن کثیر جلد ۷ صفحہ ۱۳۰ - یَقُوْلُ تَعَالٰی مُخْبِرًا عَنْ جَمِيْعِ مَنْ بَعَثَهٗ مِنَ الرُّسُلِ الْمُتَقَدِّمِيْنَ اِنَّهُمْ كَانُوْا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَحْتَاجُوْنَ اِلَى التَّغَذِّيْ بِهٖ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ لِلتَّكَسُّبِ وَالتِّجَارَةِ وَلَيْسَ ذٰلِكَ بِمُنَافٍ لِحَالِهِمْ وَمَنْصِبِهِمْ + | یعنے اللہ تعالیٰ تمام اُن لوگوں کی نسبت خبر دیتا ہے جنکو زمانہ سابق میں اپنے رسول کرکے بھیجتا رہا ہے کہ وہ کھانا کھاتے تھے اور غذا کے محتاج تھے اور بازاروں میں کمانے اور تجارت کے لئے آتے جاتے تھے اور یہ اُمور اُن کے حال اور مرتبہ کے منافی نہیں تھے +

(۲۵) تفسیر فتح البیان جلد ۶ صفحہ ۳۶۲

وَالْمَعْنٰى مَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اَحَدًا مِنْهُمْ اِلَّا اٰكِلِيْنَ وَمَاشِيْنَ فَاَنْتَ مِثْلُهُمْ فِيْ ذٰلِكَ قَالَ قَتَادَةُ يَقُوْلُ اَنَّ الرُّسُلَ قَبْلَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوْا بِهٰذِهِ الْمَنْزِلَةِ يَاْكُلُوْنَ وَيَمْشُوْنَ + طرح کھاتے پیتے اور چلتے پھرتے تھے + | ہم نے اُن میں سے کسیکو جن کو تجھ سے پہلے رسول کرکے بھیجا ہے ایسا نہیں بھیجا جو کھانا نہ کھاتے اور گشت نہ کرتے تھے اور ان باتوں میں تو بھی اُن کی طرح ہے - قتادہ کہتا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جسقدر رسول ہوئے ہیں وہ اسی

(۲۶) تفسیر کبیر - جلد ۶ صفحہ ۴۶۱ هٰذَا جَوَابٌ عَنْ قَوْلِهِمْ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ بَيَّنَ اللّٰهُ اَنَّ هٰذَا عَادَةٌ مُسْتَمِرَّةٌ مِنَ اللّٰهِ فِيْ كُلِّ رُسُلِهٖ فَلَا وَجْهَ لِهٰذَا الطَّعْنِ | یہ کفار کے اس قول کا جواب ہے کہ اس رسول میں کیا کوئی عجیب بات ہے حالانکہ یہ کھانا پیتا اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے - اللہ تعالیٰ نے اسکو صاف بیان فرما دیا کہ یہ تو اللہ تعالیٰ کی تمام رسولوں کی نسبت دائمی عادت ہے اس میں طعن کی کیا وجہ ہے +

(۲۷) تفسیر محمدی - مطبوعہ مطبع محمدی جلد ۴ - صفحہ ۳۲۳ +

ونفرستادیم پیش از تو پیغمبران مگر بایں صفت کہ ایشاں مے خوردند طعام و میرفتند در بازارہائے +	انے نہیں بھیجا ایسا اساں اگے تجھ تھیں کوئی رسول انا مگر او ہ ٹردے وچ بازاراں ٹھیک تے کھاندے کھانا

یعنے ہم نے تجھ سے پہلے کوئی ربانی رسول نہیں بھیجا جو بازاروں میں چلتے پھرتے اور کھانا نہ کھاتے تو ں

(۲۸) تفسیر مظہری جلد ۴ قلمی - زیر آیۃ بالا -

وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا رُسُلًا اٰكِلِيْنَ الطَّعَامَ وَالْمَاشِيْنَ فِي الْاَسْوَاقِ	ہم نے تجھ سے پہلے کسی رسول کو نہیں بھیجا مگر رسول کر کے جو کھانے بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے تھے +

(۲۹) تاج التفاسیر صفحہ ۴۶ - زیر آیۃ بالا - یوں لکھا ہے +

وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْكَرِيْمُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ مِنْ اٰدَمَ اِلٰى عَهْدِكَ مِنَ الرُّسُلِ اِلَّا اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ لِحَاجَةِ الْبَشَرِ اِلَيْهِ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ لِقَضَاءِ حَوَائِجِهِمْ وَحَوَائِجِ النَّاسِ +	ہم نے تجھ سے پہلے اے نبی آدم سے تیرے زمانہ تک کوئی رسول ایسا نہیں بھیجا جو بشری حاجت کھانا کھانے کی نہ رکھتا ہو اور اپنی حوائج اور لوگوں کی حوائج کے لئے بازاروں میں نہ جاتا ہو +

اس آیت کی تفسیر میں جو کچھ مفسرین نے بیان کیا ہے اُس سے روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں کسی قسم کی خصوصیت بہ نسبت دیگر انبیاء کے نہ تھی بلکہ وہ کھانے پینے اور ضروریات نفسانی کا ایسا ہی محتاج تھا جیسے اور سب تھے تو پھر کیونکر برخلاف نص قرآنی کے مانا جاتا ہے کہ حضرت عیسیٰ بغیر غذا وغیرہ کے زندہ موجود ہے - اس سے قرآن شریف کی تکذیب لازم آتی ہے کیونکہ اس میں تو صاف لکھا ہے کہ وہ ضروریات کا محتاج تھا مگر اسکو خدا کی طرح غیر محتاج تسلیم کر لیا گیا ہے - اس کا نام تحریف نہیں تو اور کیا ہے - اس آیت سے صاف پایا جاتا ہے کہ وہ مر چکے ہیں +

(۵) وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ط

(۱) تفسیر ابن جریر جلد اول صفحہ ۱۸۵ زیر آیۃ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ

(۱) حَدَّثَنِي الْمُثَنّٰى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا اٰدَمُ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ عَنِ الرَّبِيْعِ

ابن جریر کہتے ہیں کہ میرے پاس مثنیٰ بن ابراہیم نے اُس کے پاس آدم عسقلانی نے اُس کے

عَنْ اَبِی الْعَالِیَۃِ فِیْ قَوْلِہٖ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ قَالَ ھُوَ قَوْلُہُ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا +

پاس ابوجعفر نے اُس کے پاس ربیع نے اُس کے پاس ابی العالیہ نے کہا کہ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ سے وہی مطلب ہے جو جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا سے ہے یعنے ہم نے زمین کو تمہارے لئے آرامگاہ بنایا ہے +

(۲) حَدَّثَنِیْ یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ قَالَ ابْنُ زَیْدٍ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ قَالَ مَقَامُھُمْ فِیْھَا وَالْمُسْتَقَرُّ فِیْ کَلَامِ الْعَرَبِ ھُوَ مَوْضِعُ الْاِسْتِقْرَارِ +

ابن جریر نے کہا کہ میرے پاس یونس نے حدیث بیان کی اُس کے پاس ابن وہب نے کہا کہ ابن زید نے بیان کیا کہ تمہارے لئے زمین میں جائے قرار ہے یعنے اُس میں اُن کا مقام ہے اور مُسْتَقَرٌّ کلام عرب میں ٹھیرنے کی جگہ کو کہتے ہیں + دیکھو ابن جریر جلد اول صفحہ ۱۸۵ +

(۳) تفسیر ابوسعود۔ جلد ۴ صفحہ ۲۸۶ مُسْتَقَرٌّ اَیْ اِسْتِقْرَارٌ وَمَوْضِعُ اِسْتِقْرَارٍ۔ وَمَتَاعٌ اَیْ تَمَتُّعٌ وَاِنْتِفَاعٌ۔ اِلٰی حِیْنٍ ھُوَ حِیْنُ الْقَضَائِ اٰجَالِکُمْ

یعنے تمہارے لئے زمین میں ایک مدت تک ٹھیرنا اور اُس سے فائدہ اُٹھانا ہے مستقر کے معنے ٹھیرنے کی جگہ اور متاع کے معنے فائدہ اُٹھانا اور حین کے معنے موت کے ہیں +

(۴) تفسیر تنویر المقیاس جلد اول صفحہ ۱۹۰۔ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ۔ اَیْ مَنْزِلٌ وَمَتَاعٌ اَیْ مَنْفَعَۃٌ وَمَعَاشٌ اِلٰی حِیْنٍ۔ اِلٰی حِیْنِ الْمَوْتِ۔ اور اسی کتاب کی جلد ۲ صفحہ ۸۶ پر ہے۔ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ۔ مَاوًی وَمَنْزِلٌ وَمَتَاعٌ وَمَعَاشٌ اِلٰی حِیْنٍ حِیْنِ الْمَوْتِ۔ یعنے تمہارے لئے موت تک زمین ہی تمہارا ماوی اور ملجا ہے اور اسی پر تمہاری وجہ معاش ہے +

(۴) تفسیر خازن جلد ۲ صفحہ ۴۵۔ وَھُوَ الَّذِیْ اَنْشَاَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ قَالَ مُجَاھِدٌ اَلْمُسْتَقَرُّ عَلٰی ظَھْرِ الْاَرْضِ فِی الدُّنْیَا لِقَوْلِہٖ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ وَالْمُسْتَوْدَعُ عِنْدَ اللّٰہِ فِی الْاٰخِرَۃِ وَقَالَ

اللہ وہ ذات ہے جس نے تم کو ایک ہی شخص سے پیدا کیا اور تمہارے لئے اِس دُنیا میں رہنے کی جگہ اور دوسری دنیا میں مقام کی جگہ مقرر کی ہے۔ مجاہد کہتے ہیں مستقر زمین پر اس دُنیا میں ہے بموجب قول اللہ تعالیٰ کے تمہارے لئے زمین میں ہی ٹھہرنا اور موت تک اُس سے فائدہ

الْحَسَنُ الْمُسْتَقَرُّ فِي الْقَبْرِ وَالْمُسْتَوْدَعُ فِي الدُّنْيَا +

اُٹھانا مقرر ہو چکا ہے اور حسن کہتے ہیں کہ مُستقر قبر میں ہے اور مُستودع دنیا میں ہے +

(۵) تفسیر محمدی - زیر آیۃ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ +

شمارا در زمین استقرار و بہرہ مندی باشد تا وقتی حین یعنے تا مرگ

تم کو زمین میں رہنا اور ایک مدت معین یعنے موت تک فائدہ اُٹھانا ہوگا +

تُسیں اِک دوجھیدے دشمن اُتر جاؤ رب فرمایا
تساں وچ زمین مکانا فائدہ مدت تائیں آیا

چونکہ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو یہاں سے چلے جاؤ اور زمین میں تمہارا ٹھکانا ایک مدت تک ہی

(۶) تفسیر مدارک جلد ۲ صفحہ ۴۵ - (۱) مُسْتَقَرٌّ فَوْقَ الْأَرْضِ مُسْتَوْدَعٌ تَحْتَهَا - زندگی میں زمین پر جائے قرار ہے اور موت کے بعد زمین کے نیچے بچھونا ہے +

(۲) تفسیر مدارک جلد ۲ صفحہ ۹۴-۹۵ - وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ - اِسْتَقْرَارٌ وَمَوْضِعُ اِسْتَقْرَارٍ وَمَتَاعُ اِنْتِفَاعٌ الْعَيْشِ إِلَىٰ حِينٍ - إِلَىٰ انْقِضَاءِ اٰجَالِكُمْ - تمہارے لئے زمین پر جائے قرار ہے اور تمہاری عمر کے پورے ہونے تک زمین پر ہی تمہاری وجہ معاش ہے +

(۷) حاشیہ مثنوی - جلد ۳ صفحہ ۱۶۴-۱۶۵ - اِنْ كَانَ الْخِطَابُ لِاٰدَمَ وَحَوَّا وَذُرِّيَّتِهِمَا فَالْعَدَاوَةُ بَيْنَ بَعْضِهِمْ بَعْضًا مُسْتَقَرًّا اِسْمُ مَكَانٍ وَبِمَعْنَىٰ كَوْنِهِ مَوْضِعَ اِسْتَقْرَارٍ وَمَتَاعٌ وَتَمَتُّعٌ اَىْ اَنَّهُ مَصْدَرٌ قَوْلُهُ تَقْتَضِي اٰجَالَكُمْ اَىِ الْمَوْتُ فَالْخِطَابُ لِكُلِّ الْاَفْرَادِ فَالْخِطَابُ الْمَجْمُوعِيُّ وَلَعَلَّهُ اَلْتَفَتَ بِاَوَّلِ هُنَا لِلتَّنْبِيهِ عَلَىٰ اَنَّ تَمَتُّعَكُمْ وَاسْتِقْرَارَكُمْ فِيهَا غَيْرُ دَائِمٍ بَلْ مُتَعَقِّبٌ لِلْفَنَاءِ +

اگرچہ خطاب آدم اور حوّا اور اُن کی ذریات کو ہے تو عداوت ایک دوسرے سے سرکشی کی ہی مُستقر مکان کا نام ہے یا موضع استقرار کو بھی کہتے ہیں اور وجہ معاش عمروں کے اختتام تک یعنے موت تک ہے پس خطاب ہر فرد یا کل مجموعہ بنی نوع سے ہے اور اس کی یہ وجہ ہے کہ یہ بات بطور تنبیہ کہے ہے کہ تمہارا زمین سے فائدہ اُٹھانا اور رہنا سہنا ناپائیدار ہے بلکہ فنا اُس کے پیچھے لگی ہوئی ہے +

(۸) تفسیر سواطع الہام صفحہ ۲۰۳ - قَالَ اهْبِطُوا قَالَ اللّٰهُ اهْبِطُوا وَالْمُرَادُ اٰدَمَ

اللہ تعالیٰ آدم اور حوّا اور اُس کی اولاد کو مخاطب کرتا ہے اور کہتا ہے کہ تمہارا ٹھکانا

وَحوّا اَوْ مَرَادَہٗ اِیَّاھُمَا الْاَوْلَادُ وَلَکُمْ فِیْ سَطْحِ الْاَرْضِ الْحَاسِرِ مُسْتَقَرٌّ حُلُوْلٌ وَرُکُوْدٌ اَوْ مَحَلٌّ وَمَرْکَدٌ وَمَتَاعٌ وَمَصَالِحُ اِلٰی حِیْنِ کَمَالِ اَعْمَارِکُمْ +

سطح زمین پر ہے۔ اور عمروں کے پورے ہونے تک اُسی سے فائدہ اُٹھانا ہوگا +

(۹) تفسیر جلالین صفحہ ۶۔ اَیْ اَنْتُمَا بِمَا اشْتَمَلْتُمَا عَلَیْہِ مِنْ ذُرِّیَّتِکُمَا لِبَعْضُکُمْ لِبَعْضِ الذُّرِّیَّۃِ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ مَوْضِعُ قَرَارٍ وَمَتَاعٌ اَیْ تَمَتَّعُوْنَ بِہٖ مِنْ نَبَاتِہَا اِلٰی حِیْنِ وَقْتِ انْقِضَاءِ اٰجَالِکُمْ +

آدم اور حوّا اور اُن کی اولاد کو خطاب ہے بعض ذریت بعض کے ساتھ عداوت وغیرہ کریگی۔ اور تمہارے لئے زمین پر ہی قیام ہے اور موت تک تم اُس کی سبزی وغیرہ سے فائدہ اُٹھاؤ گے

اور صفحہ ۱۲۹ پر یہ لکھا ہے۔ اَیْ اٰدَمَ وَحَوَّاءَ بِمَا اشْتَمَلْتُمَا عَلَیْہِ مِنْ ذُرِّیَّتِکُمَا بَعْضُکُمْ بَعْضُ الذُّرِّیَّۃِ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ مِنْ ظُلْمِ بَعْضِہِمْ بَعْضًا وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ تَمَتُّعٌ اِلٰی حِیْنٍ تَنْقَضِیْ فِیْہِ اٰجَالُکُمْ +

یعنے آدم اور حوّا مع اپنی اولاد۔ اور بعض ذریت بعض کے ساتھ بوجہ ایک دوسرے پر ظلم کرنے کے دشمن ہوگی اور تمہارے رہنے کا مکان اور عمر کے پورا کرنے کا سامان زمین پر ہی ہے +

(۱۰) جامع البیان صفحہ ۹۔ اِنْزِلُوْا اِلَی الْاَرْضِ بِجَمْعِ الضَّمِیْرِ لِاَنَّہُمَا اَصْلُ الْاِنْسِ فَکَاَنَّہُمَا الْجِنْسُ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ مَوْضِعُ قَرَارٍ وَمَتَاعٌ تَمَتُّعٌ اِلٰی حِیْنِ الْمَوْتِ

تم اُس زمین خاص کی طرف جاؤ۔ ضمیر جمع اس لئے آئی ہے کہ آدم اور حوّا کل نوع انسان کے اصل ہیں گویا وہ دونوں قائمقام جنس کے ہیں۔ اور یہ کہا گیا کہ تمہارے لئے زمین ہی ٹھہرنے اور تا موت فائدہ اُٹھانے کی جگہ ہے +

(۱۲) تفسیر مجمع البیان۔ جلد اول۔ اَنَّہٗ اَرَادَ اٰدَمَ وَحَوَّا وَذُرِّیَّتَہُمَا۔ اس میں آدم اور حوّا اور اُن کی اولاد سے مراد ہے +

وَقَوْلُہٗ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ۔ اَیْ مَقَرٌّ وَمَقَامٌ وَثُبُوْتٌ بِاَنْ جُعِلَ الْاَرْضُ قَرَارًا لَّکُمْ وَمَتَاعٌ اَیْ اِسْتِمْتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ

تمہارے لئے زمین میں ٹھکانہ اور مقام ہے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ زمین ہی تمہارے رہنے کے لئے اور تمہاری موت تک

اِلٰی وَقْتِ الْمَوْتِ وَقِیْلَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ وَقِیْلَ اِلٰی فَنَاءِ الْاٰجَالِ - اَیْ کُلُّ امْرِءٍ مُسْتَقَرُّہٗ اِلٰی فَنَاءِ اَجَلِہٖ وَقَالَ اَبُو السِّرَاجِ لَوْ قَالَ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ یَظُنُّ اَنَّہٗ غَیْرُ مُنْقَطِعٍ فَقَالَ اِلٰی حِیْنٍ - اَیْ حِیْنِ انْقِطَاعِہٖ فَاَمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ مِنِّیْ ھُدًی اَیْ بَیَانٌ وَدَلَالَةٌ - وَقِیْلَ اَنْبِیَاءٌ وَرُسُلٌ وَعَلٰی ھٰذَا الْقَوْلِ الْاَخِیْرِ یَکُوْنُ الْخِطَابُ فِیْ قَوْلِہٖ اھْبِطُوْا اٰدَمَ وَحَوَّا وَذُرِّیَّتَھُمَا +

وہ فائدے دینے کے لئے بنائی گئی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ وقتوں کے فنا ہونے تک مراد ہے۔ یعنے ہر ایک آدمی اپنی عمر کے پورے ہونے تک اُس پر ٹھہر سکتا ہے اور ابو السراج فرماتے ہیں کہ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ جو کہا گیا ہے تو اس لئے کہا گیا ہے کہ منقطع ہونے والی نہیں ہے اور اِلٰی حِیْنٍ سے اُس کے منقطع ہونے کے وقت تک مراد ہے اور فَاِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ مِنِّیْ ھُدًی میں جو ھُدًی آیا ہے اُس سے مراد بیان اور دلیل ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اُس سے مراد نبی اور رسول ہیں اور آخری بات پر اللہ تعالیٰ کے قول اِھْبِطُوْا میں خطاب حضرت آدم اور حوا اور اُنکی اولاد سے ہے +

(۱۲) تفسیر درالاسرار صفحہ ۸۰ - اَلْاَمْرُ لِاٰدَمَ وَحَوَّاءَ وَکُلِّ وُلْدِ حَوَّاءَ وَاٰدَمَ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ اَمْوَالٌ وَمَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ مُرُوْرِ الْاَیَّامِ وَوُرُوْدِ الْحِمَامِ اَوِ الْمَعَادِ +

یہاں اس آیت میں آدم اور حوا اور اُن کی کل اولاد کو حکم ہے اور تمہارے لئے زمین قیامگاہ اور مال و متاع تا عمر یا دخول قبر یا آخرت تک ہے +

(۱۳) تفسیر وجیز - وگفتیم ما آدم وحوا واولاد ایشانرا کہ در نسل ایشاں مقدر بود ند وشمار است در زمین استقرار ے وبہرہ مندیست بچیز ہائے زمین تا وقت معین کہ وقت مرگ است در حق ہر ہر فرد و وقت قیامت است در حق تمام نوع +

ہم نے آدم اور حوا اور اُن کی اولاد کو جو اُن کی نسل میں مقدر تھی کہا اور تمہارے لئے زمین پر ٹھیرنا اور زمینی چیزوں سے وقت مقرر یعنے موت تک ہر ہر جی کے لئے فائدہ اُٹھانا مقصود رکھا گیا ہے اور تمام نوع انسان کے لئے وقت قیامت مقرر ہے +

(۱۴) تفسیر فتح العزیز صفحہ ۱۶۲ - وگفتیم ما آدم وحوا وذریات ایشاں راکہ در نسل ایشاں مقدر بود ند معنے اوپر گذر چکے +

(۱۵) تفسیر بحر مواج زیر آیت قُلْنَا اهْبِطُوا۔ لکھا ہے اس خطاب بصیغہ جمع است و مخاطب بدیں آدم و حواست و بعضے خطاب مر آدم و حوا با ذریاتے کہ در پشت آدم بودہ اند دارند۔ یعنے یہ خطاب جمع کے صیغہ میں بیان ہوا ہے اور اس آیت میں آدم و حوا اور بعضے کہتے ہیں کہ آدم و حوا معہ اولاد کے جو اُن کی پشت میں تھی مخاطب ہیں +

(۱۶) تفسیر روح البیان جلد اول صفحہ ۷۰۹۔ خِطَابٌ لِآدَمَ وَحَوَّاءَ وَذُرِّيَّتِهِمَا۔ آدم و حوا اور اُن کی اولاد سے خطاب ہے مُسْتَقَرٌّ۔ قرار گاہ ہے آرام جائے۔ مَتَاعٌ۔ اَیْ تَمَتُّعٌ اِنْتِفَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ هُوَ حِیْنُ انْقِضَائِ اٰجَالِکُمْ۔ زمین تمہاری قرار گاہ اور آرام کی جگہ ہے اور عمروں کے اختتام تک اُس سے استفادہ حاصل کرتا ہے +

(۱۷) تفسیر فتوحات الٰہیہ۔ جلد اول صفحہ ۴۶۔ اَیْ اِنَّمَا تُصِحُّ بِضَمِیْرِ الْجَمْعِ اَنَّ الْمُخَاطَبَ اٰدَمُ وَحَوَّاءُ۔ جب مخاطب آدم اور حوا ہیں تو ضمیر جمع کی کیوں صحیح بھی گئی ہو وَقَوْلُهٗ بِمَا اشْتَمَلَا اَیْ مَعَ اشْتِمَالِهَا عَلَیْهِ جو کچھ تم دونوں کے ساتھ شامل ہے وَقَوْلُهٗ مِنْ ذُرِّیَّتِکُمَا اَیِ الَّتِیْ فِی الْاَصْلَابِ فَکَانَتْ فِیْ ظَهْرِ اٰدَمَ ذریت سے مراد وہ ذریت ہے جو پشت میں ہو اور وہ آدم کی پیٹھ میں تھی +

(۱۸) ایضاً صفحہ ۱۳۶۔ قَوْلُهٗ مَکَانُ اسْتِقْرَارٍ وَهُوَ الْمَکَانُ الَّذِیْ یَعِیْشُ فِیْهِ الْاِنْسَانُ وَالْقَبْرُ الَّذِیْ یُدْفَنُ فِیْهِ

مکان استقرار سے مراد وہ مکان ہے جس پر انسان اپنی زندگی بسر کرتا ہے اور قبر جس میں دفن ہوتا ہے +

(۱۸) حاشیہ شیخ احمد صادی جلد اول۔ صفحہ ۲۶ +

وَفِیْ اهْبِطُوْا۔ اَیِ الْجَمْعُ بِاعْتِبَارِ مَا اشْتَمَلَا عَلَیْهِ مِنَ الذُّرِّیَّةِ +

جمع اس اعتبار سے آئی کہ اُنمیں اُنکی ذریت بھی شامل ہو۔ باقی عبارت وہی ہو جو فتوحات الٰہیہ کی ہو

(۱۹) تفسیر سراج المنیر جلد اول صفحہ ۴۔ خِطَابٌ لِآدَمَ وَحَوَّاءَ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰی اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِیْعًا۔ وَجَمْعُ الضَّمِیْرِ لِاَنَّهُمَا اَصْلُ الْاِنْسِ فَکَاَنَّهُمَا الْاِنْسُ کُلُّهُمْ۔ خطاب آدم اور حوا کو ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے کہ تم سب یہاں سے اُتر جاؤ۔ اور جمع کی ضمیر اس لئے آئی ہے کہ آدم اور حوا کل انسان کی جڑ ہیں گویا کہ وہ کل انسان ہی ہیں۔ وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ۔ اَیْ مَوْضِعُ قَرَارٍ وَمَتَاعٌ مَا تَمَتَّعُوْنَ بِهٖ مِنْ نَبَاتِهَا اِلٰی حِیْنٍ اَیْ وَقْتِ انْقِضَاءِ اٰجَالِکُمْ تمہارا

ٹھکانہ زمین ہے اور اُس سے تم ایک وقت تک یعنی اپنی عمروں کے اختتام تک فائدہ سبزی وغیرہ کا اُٹھا سکتے ہو +

(۲۰) تفسیر روح المعانی جلد اول صفحہ ۱۹۰

وَالْحُكْمُ بِاعْتِبَارِ الذُّرِّيَّةِ وَالْمُسْتَقَرُّ بِمَعْنَى مَا اسْتَقَرَّ مَا سَكَنْتُمْ عَلَيْهِ وَتَصَرَّفْتُمْ فِيهِ وَالْمَتَاعُ الْمُرَادُ هُنَا إِلَى وَقْتِ الْمَوْتِ وَهُوَ الْقِيَامَةُ الصُّغْرَى وَقِيلَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْكُبْرَى +

یہاں حکم باعتبار اولاد کے ہے۔ اور مستقر وہ ہے جس پر قبضہ و تصرف تمہارا ہو اور متاع سے مراد یہاں موت کے وقت تک جو چھوٹی قیامت ہے اور قیامت کبریٰ کے دن تک بھی مراد ہے +

(۲۱) تفسیر صافی صفحہ ۳۰۔ اٰدَمُ وَحَوَّا وَوُلْدُهُمَا عَدُوٌّ لِّلْحَيَّةِ وَاِبْلِيْسَ۔ آدم اور حوا اور اُن کی اولاد سانپ اور ابلیس کی دشمن ہیں +

(۲۲) تفسیر توضیح مجید جلد ۲ صفحہ ۱۴۴۔ واسطے تمہارے بیچ زمین کے قرار ہے اور فائدہ مند ہونا ہے تا وقتِ حیات +

(۲۳) تفسیر لواسع التنزیل جلد ۱ صفحہ ۲۰۹۔

نیز بعضے خطاب بآدم و حوا و بذریات ایشان است چہ والدین دلیل بر ذریت و اصل اُنس است و مؤید آن آیۂ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ اَلْآيَةَ +

ایضاً۔ صفحہ ۲۰۵۔ زیر آیۂ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ۔ مر شما و ذریت را در زمین بعد از ایجاد شما جائے قرار و آرامگاہ و جائے نشو و نما و تمتع و انتفاع تا دم موت و آجال شما یا تا قیام باشد چہ زمین اصل مادر و اشفق و اشرف اوست زیرا کہ از ہمیں بنی آدم برآمدند و بر ہمیں قرار و اکرام و آرام دارند و ذریت می یابند و از ہمیں میخورند و بعد مردن بہمیں سپردہ میشوند اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ +

بعض کے نزدیک خطاب آدم و حوا سے اُن کی ذریت کے ہے کیونکہ والدین اپنی اولاد کی اصل ہیں ذریت اور انسانی جنس کی اصل ہے اور اسکی مؤید آیت بَعْضُكُمْ تمہاری پیدایش کے بعد تمہارے اور تمہاری اولاد کے لئے زمین رہنے اور آرام کرنے اور بڑھنے پھولنے اور موت تک اور عمر کے ایام پورے کرنے تک یا قیامت تک فائدہ اُٹھانے کی جگہ ہے کیونکہ زمین اصلی ماں اور بڑی شفیق اور بزرگ ہے کیونکہ اس سے ہی بنی آدم پیدا ہوئے اور اس پر قرار اور آرام پکڑتے اور تربیت پاتے اور اسی سے کھاتے اور بعد مرگ اسی میں قیامت تک دفن ہوتے ہیں

(۲۴) تفسیر تاج التفاسیر صفحہ ۱۵۴ - زیر آیۃ بالا - اَیْ مَوْضِعُ اِسْتِقْرَارٍ وَمَتَاعٌ یَتَمَتَّعُوْنَ فِی الدُّنْیَا اِلٰی حِیْنٍ اِلَی انْقِضَائِ اٰجَالِکُمْ یعنے ٹھہرنے اور دُنیا میں موت تک فائدہ اُٹھانے کی جگہ ہے +

(۲۵) جامع البیان صفحہ ۱۳۳ - زیر آیۃ بالا - وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ مَوْضِعُ قَرَارٍ وَمَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ - وَتَمَتُّعٌ اِلٰی اٰجَالٍ مَعْلُوْمَۃٍ اِس آیت سے بھی بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک قانون جو نہایت پختہ اور غیر متزلزل ہے سب بنی آدم کے لئے یکساں بنایا ہے اور بتایا ہے کہ کل انسان اسی زمین پر بود و باش کر سکتے ہیں - یہی زمین اُن کے رہنے سہنے اور آرام کرنے اور اُس سے فائدہ اُٹھا کر زندگی بسر کرنے اور تا قیامت اُس میں مر کر دفن ہونے کے لئے بنائی ہے - اِس سے ایک انسان بھی مستثنےٰ نہیں معلوم ہوتا - پھر حضرت عیسیٰ کیونکر بر خلاف قانون قدرت زمین کو چھوڑ کر کسی اور جگہ رہ سکتے ہیں اور اگر مان لیا جائے کہ وہ آسمان پر چلے گئے تو یہ وعدہ خلافی ہے جو آدم اور اُس کی ذریت کے لئے اللہ تعالیٰ نے کیا تھا حالانکہ یہ اُس کی شان کے خلاف ہے - کیونکہ وہ خود کلام اللہ میں فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ پس ظاہر ہے کہ حضرت عیسےٰ کسی صورت میں زمین سے باہر نہیں رہ سکتے - لہٰذا یہ خیال لوگوں کا سراسر غلط ہے کہ حضرت عیسیٰ آسمان پر ہیں +

(ذ) قَالَ فِیْہَا تَحْیَوْنَ وَفِیْہَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْہَا تُخْرَجُوْنَ

سورۃ الاعراف رکوع ۳ پارہ ۸

یہ دوسری آیت ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان کسی صورت میں کسی اور جگہ نہ جا سکتا ہے اور نہ زندہ رہ سکتا ہے - بلکہ اسی میں اُس کی موت مقدر ہے - یہی قانون قدرت کل بنی آدم کے لئے خدا تعالیٰ نے مقرر فرمایا ہے - پھر تعجب ہے کہ کس طرح اس قانون کو جو اللہ تعالیٰ نے ہر ایک آدم زاد کے لئے بنایا ہے توڑ کر مسیح علیہ السلام کو مستثنےٰ کیا جاتا ہے یہاں تک کہ خدا تعالیٰ قادر ہے جو چاہے کر سکتا ہے مگر جس قاعدہ اور قانون کو بطور وعدہ تجویز کرتا ہے اُسکو ہرگز نہیں توڑتا خدا کے لئے وعدہ خلافی کا الزام لگانا گویا اُس کے حق میں بڑے درجہ کی بیباکی اور گستاخی ہے - اب ہم ذیل میں مفسرین کی رائیں اس آیت کے متعلق دکھلاتے ہیں - جن سے ہمارے بیان کی تصدیق ہوتی ہے +

(۱) تفسیر تنویر المقیاس جلد ۲ صفحہ ۸۶ - قَالَ فِیْہَا | زمین ہی پر تمہاری زندگی ہے اور زمین ہی پر

فِی الْاَرْضِ تَحْیَوْنَ تَعِیْشُوْنَ وَفِیْهَا فِی الْاَرْضِ تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا مِنَ الْاَرْضِ تُخْرَجُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

تمہاری مرگ ہے اور زمین ہی سے تم قیامت کے دن اُٹھو گے +

(۲) تفسیر مدارک جلد ۲ صفحہ ۹۵ - قَالَ فِیْهَا تَحْیَوْنَ فِی الْاَرْضِ وَفِیْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ لِلثَّوَابِ وَالْعِقَابِ تُخْرَجُوْنَ

زمین میں ہی تمہاری زندگی اور اُسی میں تمہارا مرنا اور اُسی سے تم ثواب یا عذاب کے لئے نکالے جاؤ گے +

(۳) تفسیر خازن جلد ۲ صفحہ ۹۵ - قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِاٰدَمَ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاِبْلِیْسَ وَاَوْلَادِهٖ فِیْهَا تَحْیَوْنَ یَعْنِیْ فِی الْاَرْضِ تَعِیْشُوْنَ اَیَّامَ حَیَاتِکُمْ وَفِیْهَا تَمُوْتُوْنَ یَعْنِیْ فِی الْاَرْضِ تَکُوْنُ وَفَاتُکُمْ وَمَوْضِعُ قُبُوْرِکُمْ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ یَعْنِیْ وَمِنَ الْاَرْضِ یُخْرِجُکُمْ رَبُّکُمْ وَیَحْشُرُکُمْ لِلْحِسَابِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ +

اللہ تعالیٰ عزوجل نے آدم اور اُس کی اولاد اور ابلیس اور اُس کی اولاد کو کہا کہ تم اپنی زندگی کے دن زمین پر بسر کرو گے اور زمین میں تمہاری وفات اور تمہاری قبر ہوگی اور زمین سے ہی تمہارا رب تم کو قیامت کے دن حساب کے لئے اُٹھا کھڑا کریگا +

(۴) تفسیر روح البیان جلد ۳ صفحہ ۳۷ - قَالَ فِیْهَا تَحْیَوْنَ اَیْ فِی الْاَرْضِ تَعِیْشُوْنَ وَفِیْهَا تَمُوْتُوْنَ وَتُقْبَرُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ لِلْجَزَاءِ

کہا اسی زمین میں تمہاری زندگی ہے اور اسی میں تمہاری موت اور قبر ہے اور اسی سے جزا کے لئے تم نکالے جاؤ گے +

(۵) تفسیر سراج المنیر جلد ۱ صفحہ ۴۴۹ - قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْهَا اَیِ الْاَرْضِ تَحْیَوْنَ اَیْ تَعِیْشُوْنَ اَیَّامَ حَیَاتِکُمْ وَفِیْهَا تَمُوْتُوْنَ اَیْ وَفِیْهَا وَفَاتُکُمْ وَمَوْضِعُ قُبُوْرِکُمْ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ اَیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ تُخْرَجُوْنَ لِلْحَشْرِ وَالْجَزَاءِ +

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم زمین پر زندہ رہو گے یعنی زندگی بسر کرو گے اور دنیا کی حیاتی کے دن پورے کرو گے اور پھر تم اُسی میں مر کر قبر میں رکھے جاؤ گے اور پھر اُس سے قیامت کے دن جزا و سزا کے لئے اُٹھائے جاؤ گے +

(۶) تفسیر توضیح مجید - جلد ۲ صفحہ ۱۴۴ - کہا خدا نے بیچ زمین کے جلائے جاؤ گے تم اور بیچ زمین کے مرو گے تم اور بیچ اُس زمین کے پھر جلائے جاؤ گے تم +

(۷) تاج التفاسیر صفحہ ۱۵۴ - قَالَ فِیْهَا اَیْ فِی الْاَرْضِ تَحْیَوْنَ بِمَعَاشِکُمْ وَالسَّعْیِ لِمَعَادِکُمْ

وَفِيهَا تَمُوتُونَ تُدْفَنُونَ کہا کہ اس زمین میں تمہاری معاش اور عاقبت کیلئے تمہاری کوشش ہو اور اسی میں تم دفن ہوگے

(۸) جامع البیان صفحہ ۱۳۴ - زیر آیہ بالا فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ - وَهٰذَا حَالُ جَمِيعِ الْآبَاءِ وَالْأَوْلَادِ - یہ حال تمام آباؤ اولاد کا ہے اور اسی زمین میں انکا جینا اور مرنا اور اسی سے نکلنا ہے

(۹) تفسیر محمدی زیر آیہ فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَفِيهَا تُخْرَجُونَ یوں لکھا ہے

گفت خدا در زمین زندگانی خواہید کرد و در آنجا خواہید مرد و از آنجا بیرون آوردہ شوید +

خدا نے کہا کہ زمین پر تم زندگانی کرو گے اور اُسی جگہ مرو گے اور اُسی سے نکالے جاؤ گے +

رب کیہا زمین وچ جیون مرن تے تکلن قبرستانوں فر نیکال جنت ملسی اُسدن دوزخ جاہلاں نوں

رب نے فرمایا تمہارا جینا مرنا اور قبر سے نکالا جانا زمین سے ہوگا نیکوں کو جنت اور بدوں کو دوزخ ملیگا +

اس آیت کے بارہ میں ہم اسی قدر تفاسیر پر اکتفا کرتے ہیں کیونکہ یہ آیت بدیہہ ہے اس میں کسی قسم کی گنجلک نہیں یہ صاف اللہ تعالیٰ کا مستمرہ قاعدہ اور دائمی قانونِ قدرت بتلاتی ہے کہ کل بنی آدم کی زندگی اور موت اسی زمین پر ہے زمین ماں ہے کوئی اس سے جدا نہیں رہ سکتا - لہذا اُن لوگوں کا خیال بالکل فاسد خیال ہے کہ جو کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ آسمان پر زندگی بسر کرتے ہیں +

بعض مفسرین نے اس آیت اور اس سے ماسبق آیت میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ خطاب آدم اور حوا اور سانپ اور ابلیس کو ہے مگر یہ بات اُن کی قلتِ تدبر کی وجہ سے ہے ورنہ اگر وہ مابعد کی آیت - اَمَّا يَاتِيَنَّكُمْ مِنِّي هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ کو مدنظر رکھتے تو کبھی بھی غلطی نہ کھاتے - اگر آدم اور اُس کی ذریت کو یہ خطاب نہیں تو پھر ہدایت اور رسول کس کے پاس آئینگے آیا کوئی شخص ثابت کرسکتا ہے کہ سانپوں کے پاس بھی کوئی کتاب یا رسول آتا ہے یا ابلیس کے پاس بھی کوئی رسول جُدا جاتا ہے حالانکہ اُس نے اول ہی روز یہ اجازت مانگ لی ہے کہ فَأَنظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ - تو پھر کیونکر یہ مان لیا جاوے کہ اس خطاب میں سانپ اور ابلیس شامل ہیں - لہذا یہی ماننا پڑیگا کہ یہ کل خطاب آدم اور اُس کی اولاد کو ہے جن کے پاس متواتر حسب قولِ خداوندی ہدایت نامے اور رسول آئے اور جو لوگ اُن کے تابع ہوئے وہ وارثِ جنت ہوئے اور جو اُن سے روگرداں رہے وہ مستحقِ عذابِ دوزخ ہوئے + دیکھو سورہ اعراف ع ۲

چھٹی فصل

اِس باب میں کہ آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کے کیا معنے ہیں

گذشتہ فصلوں میں ہم بخوبی ثابت کر چکے ہیں کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام میں کوئی وصف ایسا زائد نہیں تھا جو نوعِ انسان یا کم از کم رسولوں اور نبیوں میں نہ پایا جاتا ہو اور یہ بھی ظاہر ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ایک رسول ہیں مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ۔ اِس کا شاہد ناطق ہے اور یہ بھی ظاہر کیا گیا ہے کہ وہ کھانے اور پینے کے ایسے ہی محتاج تھے جیسے دوسری مخلوقات خواہ وہ انبیا ہوں یا اولیا ہوں غوث ہوں یا قطب ہوں نجبا ہوں یا نقبا ہوں ابدال ہوں یا اوتاد ہوں سب کے سب لوگ عوارضاتِ جسمانی وضروریاتِ نفسانی کے ماتحت ہیں اور خود حضرت مسیح کے بارہ میں تو اللہ تعالیٰ نے کھول کھول بیان کیا ہے کہ وہ کل بنی آدم کی طرح تمام ضروریاتِ زندگی کا محتاج تھا چنانچہ وہ فرماتا ہے وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ یعنی وہ ایک رستباز عورت کے پیٹ سے پیدا ہوا اور جس طرح کل آدم کے بچے اپنے ماؤں کے پیٹ میں رہکر اُسی رستے سے پیدا ہوتے ہیں جو قدرت نے مقرر کیا ہے اسی طرح حضرت عیسےٰ علیہ السلام بھی اپنی ماں کے پیٹ میں عاجز اور ناتوان جنین کی صورت میں ۹ ماہ رہکر پھر اُسی رستہ سے پیدا ہوا جس سے دیگر تمام انسان خواہ وہ نبی ہوں یا رسول بادشاہ ہوں یا گدا امیر ہوں یا فقیر پیدا ہوتے ہیں۔ پھر وہ اپنی ماں کی گود میں مدتِ معین تک رہکر اُسی طرح پرورش پاتے رہے جس طرح عام انسان پاتے ہیں۔ اور کھانے پینے میں وہ ویسے ہی محتاج تھے۔ جیسے اُن کی ماں جس کی تصدیق خود اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ط یعنے وہ دونوں ماں بیٹا کھانا کھایا کرتے تھے جس میں یہ اشارہ ہے کہ وہ بگتے اور موتتے بھی تھے۔ غرض وہ ہر طرح انسانی احتیاج کے مقید و پابند تھے اور گذشتہ فصلات میں روز روشن کی طرح ظاہر کیا گیا ہے کہ حضرت مسیح فوت ہو چکے ہیں تو پھر کیونکر تسلیم کر لیا جاوے کہ وہ مرے نہیں۔ بلکہ آسمان پر جسم عنصری کے ساتھ چلے گئے ہیں

حالانکہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیّن اور صاف الفاظ میں اُن کے مرجانے کی تصدیق کرتے ہیں +

ہاں یہ بات ہم تسلیم کرتے ہیں کہ دو تین آیاتِ قرآنی سے اُن کو دھوکا ضرور لگا ہے اور وہ دھوکہ محض قلتِ تدبر و عدمِ توجہ کی وجہ سے ہے۔ ہم یہاں پر اُنہی آیات کو اوّل تفصیل وار بیان کرتے ہیں پھر اُسی ترتیب سے کھول کر بتائینگے کہ کس قدر اُن لوگوں نے مغالطہ کھایا ہے اور کس قدر وہ اصل حقیقت سے دور نکل گئے ہیں +

وہ آیات جن سے مغالطہ کھایا ہے۔

سب سے پہلی وہ آیت جس سے اُن کو مغالطہ لگا ہے وہ بَل رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ہے اور اس مغالطہ کی بھاری وجہ یہ ہے کہ اس آیت سے تھوڑا سا پہلے آیت وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ ہے۔ جس سے اُنہوں نے سمجھ لیا ہے کہ جب مسیح علیہ السلام کو کفار یہود نے نہ تو قتل کیا اور نہ صلیب پر لٹکایا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف اُٹھا لیا۔ تو یا یہ گیا کہ وہ آسمان پر زندہ چلے گئے۔ ہماری رائے میں یہ خیال قرآن شریف سے کامل آگاہی نہ ہونے اور نیز قوتِ متفکرہ سے کام نہ لینے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ ورنہ اگر تھوڑی دیر کے لئے بھی غور کرتے اور سوچتے کہ کیا انسان کی موت صرف قتل اور صلیب سے ہوا کرتی ہے اور اور کوئی ذریعہ دنیا میں انسان کی موت کا نہیں۔ کیا یہ نہیں دیکھتے کہ انسان ہزاروں بیماریوں سے گھروں کی چھتوں پر سے گرنے۔ پانی میں غرق ہونے آگ میں جل جانے مکانوں کے نیچے دب جانے۔ زہر کھانے۔ سانپ کے کاٹنے۔ درندوں کے دانتوں سے کچلے جانے خودکشی کرنے بھوک۔ پیاس سے غرض ہزارہا طریق ہیں جن سے انسان مرتا ہے۔ تو پھر کیونکر بلا سوچے سمجھے تسلیم کر لیا گیا کہ جب مسیح قتل یا صلیب کی موت سے نہیں مرا تو ضرور آسمان پر ہی زندہ چلا گیا ہے۔ ہاں اگر سُنت اللہ یوں ہی ہوتی۔ یا ہمیں بعض آدمیوں کی نسبت تجربہ ہوتا کہ آگے بھی فلاں فلاں بزرگ آسمان پر چلے گئے تھے تو پھر تسلیم کر لینے کے لئے کافی گنجائش ہوتی مگر یہاں تو کوئی بھی صورت نہیں تھی۔ پھر تعجب کہ کیونکر اُن کی عقل نے مان لیا۔ اور اگر عقل سے کام لینا مقصود نہیں تھا۔ تو نقل ہی پر چلتے اور تلاش کرتے کہ کیا اللہ تعالیٰ نے یا اُس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے کہیں فرمایا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نہیں مرینگے اور وہ مدت العمر آسمان پر اس جسمِ خاکی کے ساتھ بود و باش کرینگے لیکن جہانتک ہم نے

قرآن اور احادیث کو پڑھا اور تاریخ دنیا کی ورق گردانی کی اور کتاب فطرت کا مطالعہ کیا ہمیں تو کہیں بھی بجز وفات کے اور کچھ ثبوت نہیں ملا۔ اگر بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ہی نے آپ کو اُن کے زندہ ہونے کی طرف راہنمائی کی تھی تو سابقہ ہی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ کو بھی تو مدنظر رکھ لیا ہوتا۔ کیا اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح سے اس آیۃ میں وعدہ نہیں کیا تھا کہ میں تجھے مار کر اپنی طرف اُٹھا لونگا۔ تو پھر بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کو ایفائے وعدہ نہ سمجھنا کیسی نادانی ہے۔ جب پہلی آیت میں وعدہ تھا کہ میں تجھے طبعی موت سے ماروں گا اور تیری روح کو عزت کے ساتھ اُٹھا لونگا اور دوسری آیت میں ظاہر کر دیا کہ ہم نے حضرت مسیح سے جو وعدہ کیا تھا اُس کا ہم نے ایفا بھی کر دیا کہ کفار ناہنجار کے ہاتھوں سے قتل نہیں ہونے دیا بلکہ ہم نے ہی اپنے ہاتھ سے مارا اور اپنے پاس یعنی قرب کے مقام پر بلا لیا +

مسیح سے اُس کے بچانیکا وعدہ کب ہوا

ہاں یہ سوال ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کب اور کیوں حضرت مسیح سے ایسا وعدہ کیا تھا اور مسیح علیہ السلام کو کیا ضرورت پیش آئی تھی۔ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو اُن سے وعدہ کرنا پڑا حالانکہ تمام قرآن شریف میں اور کسی نبی کی نسبت ایسا وعدہ ثابت نہیں۔ سو واضح ہو کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام جب بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوئے تو حسب دستور قدیم وہ لوگ اُن کے دشمن جانی بن گئے اور اُنہوں نے یہ الزام لگائے کہ وہ توریت کی آیات کو تغیر و تبدل کرتا اور اُن کے معنوں میں تحریف کرتا ہے۔ اسی وجہ سے وہ اُس کے دشمن جان ہو گئے۔ لیکن چونکہ اُس وقت کی سلطنت رومی سلطنت تھی۔ جسکو مذہب یہود سے کچھ تعلق نہ تھا مگر قانون مروجہ گورنمنٹ کی سخت پابند تھی اس لئے وہ علانیہ یا خفیہ قتل کی کوئی تجویز نہیں کر سکتے تھے۔ گو علماء یہود نے قتل کے فتوے تو ضرور دیدئے تھے لیکن جب کوئی بس نہ چلا تو بالآخر سوچ سمجھ کر یہ بات پیدا کر لی کہ یوں ظاہر کیا جائے کہ یہ شخص گورنمنٹ کا دشمن ہے اور خود بادشاہ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور بادشاہ کے پاس اس مضمون کی رپورٹیں اور مخبریں کرنے لگے اور واقعی یہ بات اُنہوں نے اپنے مدعا کے پورا کرنے کے لئے خوب سوچی کیونکہ بغاوت کی سزا بجز موت اور کچھ نہیں ہوتی۔ غرض اس فریب اور دھوکہ بازی کی شہادتیں

بہم پہنچا کر اور اُس کو ملزم ٹھہرا کر حکام وقت کے ہاں ماخوذ کرا دیا تاکہ یہ صلیب پر مارا جائے صلیبی سزا سب سزاؤں سے سخت تھی کیونکہ بغاوت اور راہزنی سے بڑھکر اور کوئی جرم نہ تھا۔ اس لئے سزا بھی سخت ترین ہونی لازمی تھی اور ادھر اُن کے ہاں توریت میں لکھا تھا کہ جو صلیب پر مارا جائے وہ لعنتی ہوتا ہے اور جو جھوٹا ہوتا ہے وہ قتل کیا جاتا ہے اور جب اُن کو صلیبی موت مل جائیگی تو بموجب شریعت موسوی ہم بری الذمہ ہو جائینگے اور یہ شخص معمولی مومن بھی ثابت نہ ہوگا چہ جائیکہ ایک نبی ہو۔ جب ان لوگوں نے ایسے منصوبے اور سازشیں کر کے اُن کو ماخوذ کرا دیا اور مسیح کو ظن غالب ہو گیا کہ بغاوت کے جرم میں یہ سب لوگ میرے برخلاف شہادت دے دینگے اور ان لوگوں میں بڑے بڑے کاہن اور راہب بھی ہونگے جن کی گواہی سچی اور باوثوق سمجھی جائیگی۔ اور میں مجرم قرار پاکر دار پر کھینچا جاؤنگا جس سے میں بموجب ارشاد توریت شریف ملعون قرار پاؤنگا۔ تو اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں اضطراری حالت کی دعائیں شروع کیں حتّٰی کہ ساری رات دعا مانگتے کاٹی اور ذرہ بھی نہ سوئے اور دوسرے دن حاکم نے حکم بھی دیدیا اور پھر جب وہ صلیب پر کھینچے گئے۔ تو اِلٰی اِلٰی لِمَا سَبَقْتَنِیْ پکارتے رہے یعنی اے میرے خدا اے میرے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا۔ اور بڑے عجز سے دعائیں مانگیں۔ سو بموجب آیت قرآنیہ وَمَنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح علیہ السلام کو تسلی کے لئے یہ آیت یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ وحی کی کہ اے عیسےٰ تم فکر نہ کرو یہ دشمن کامیاب نہ ہونگے میں تجھے بچا لونگا اور وقت مقررہ پر تجھے طبعی موت سے ماروں گا۔ اور اپنے قرب میں تجھے جگہ دونگا۔ اور یہ ہرگز نہیں ہوگا کہ تجھے ایسی لعنتی موت سے ہلاک ہونے دیا جائے جو مغضوب علیہم کی موت ہے اور یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی خوشنودی کے اظہار اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی تسلی کے لئے یہود کے قول کو اپنے کلام پاک میں نقل فرمایا ہے +

وَقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ + ترجمہ یعنے ان کا یہ کہنا کہ تم نے مسیح عیسیٰ بن مریم کو جو اللہ کا رسول کہلاتا تھا قتل کر دیا حالانکہ نہ اُنہوں نے اُسے قتل کیا اور نہ صلیبی موت سے مارا لیکن وہ اُن کے لئے شبیہ کیا گیا۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کو قرآن شریف میں اس قول کے نقل کرنے کی کیا ضرورت پیش آئی تھی۔ کیا قتل کی موت کوئی بُری موت ہوتی ہے۔ حالانکہ

فخر المرسلین وخاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم قتل کی موت کی خواہش کرتے رہے اور بہت سے نبی قتل بھی ہوئے تھے۔ اگر موت قتل فی الحقیقت کوئی بُری چیز تھی تو کیوں دوسرے انبیاء کو اُس سے نہ بچایا گیا اور کیوں اُن کو آسمان پر نہ اُٹھایا گیا اور پھر اُن بزرگان دین کا کیا حال ہوگا جو قتل کئے گئے۔ کیا حضرت عمر۔ حضرت عثمان۔ حضرت علی۔ حضرت امام حسین و دیگر آئمہ اطہار رضی اللہ تعالیٰ عنہم قتل نہیں ہوئے۔ پس صاف ظاہر ہے کہ قتل کی موت تو ایک بڑی نعمت ہے جس کی خواہش بڑے بڑے مقدس لوگ کرتے گئے تو پھر مسیح کی موت قتل میں کیا عیب ہی ہرگز کوئی عیب نہیں تھا۔ پھر کیوں اُسکے انکارِ قتل پر زور دیا گیا ہاں اس میں ایک راز ہے اور وہ یہ ہے کہ توریت میں لکھا تھا کہ جو صلیب پر مارا جائے۔ وہ ملعون ہوتا ہے۔ غرض یہ ایک تنازعہ تھا جو ما بین نصاریٰ و یہود مدت سے چلا آتا تھا یہود کہتے تھے کہ جس شخص کو ہم نے صلیب پر مار دیا وہ تو بموجب منشاء توریت شریف ملعون ہے اور لعنت کا مفہوم یہ ہے کہ خدا تعالیٰ اُس سے بیزار اور وہ خدا تعالیٰ سے بیزار خدا اُس کا دشمن اور وہ خدا کا دشمن ہو جائے۔ اور ایسا ناپاک اور نجس ہو جائے کہ جس کی وجہ سے وہ ابدالآباد تک دوزخ میں رہے۔ تو ایسی حالت میں یسوع ایک منٹ کے لئے ایک معمولی بھلا مانس آدمی بھی قرار نہیں پا سکتا چہ جائیکہ وہ نبی یا رسول ہو۔ ادھر نصاریٰ کہتے تھے کہ اس میں تو شک نہیں کہ وہ صلیب پر مارا گیا اور شریعت کے رو سے وہ ملعون بھی ہوا۔ مگر وہ لعنت جو اُس نے اُٹھائی اُس نے ہمارے گناہوں کے لئے اُٹھائی تھی اور ہماری ہی خاطر صلیب پر جان دیدی۔ لیکن ان نادانوں کو اتنا معلوم نہ ہوا کہ لعنت کا مفہوم کیا لعنت ہے آیا ایسا مقدس نبی اُس کے مفہوم کے اندر آسکتا بھی ہے کہ نہیں اگر حقیقی طور سے وہ لعنت کے اندر آگیا تھا تو کوئی وجہ نہیں کہ عیسائیوں کو نجات نصیب ہو۔ کیونکہ وہ خود اللہ تعالیٰ سے بیزار اور اللہ تعالیٰ اُس سے بیزار رہے پھر کونسا وقت مسیح علیہ السلام کو میسر آیا کہ وہ پھر اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار اور راستباز ہو گیا ہو۔ اُس کو تو اپنی جان بچانی مشکل ہو گئی ہوگی۔ چہ جائیکہ اوروں کے لئے قربان ہوتا کیونکہ شریعت کا حکم تو کسی صورت میں ٹل نہیں سکتا جو لعنت کے حاصل کرنے کا مرتکب ہوگا خواہ وہ کیسا ہی بزرگ اور پاکباز ہی کیوں نہ ہو وہ تو لعنت کی سزا پوری بھگتیگا۔ کوئی رعایت نہیں ہو سکتی۔ دوم اگر مسیح پر حقیقی لعنت کا اصلی مفہوم وارد

نہیں ہوسکتا تو پھر کفارہ ثابت نہ ہوا۔ کیونکہ کفارہ کا دارومدار حقیقی لعنت پر ہے جو حقیقی لعنت ہی مسیح پر چسپاں نہیں تو پھر کفارہ کیسا غرض یہود و نصاریٰ میں اس قسم کا تنازعہ ہو رہا تھا اور ایک معصوم اور راستباز انسان کی اس قدر توہین کی جاتی تھی تو اپنے پیارے رسول کی بریت کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی شہادت دلا کر وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ کا ارشاد فرمایا یعنی نہ تو انہوں نے قتل کیا اور نہ صلیب پر مارا لیکن کالمصلوب اور کالمقتول ضرور ہوا۔

قتل کے لفظ کے ساتھ صلیب کے لفظ کو کیوں ظاہر کیا گیا

یہاں پر یہ احتمال ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ کے لفظ لانے کی کیا ضرورت پڑی خواہ کسی صورت میں انسان مارا جائے قتل کا ہی لفظ کافی ہوسکتا تھا کیونکہ قتل کے بعد لفظ صلیب کو بالتخصیص بیان کیا اور جب صَلَبُوْهُ آگیا تھا۔ تو پھر قَتَلُوْهُ کے تذکرہ کی کیا حاجت تھی کیونکہ صلیبی موت بھی تو ایک قتل کی موت ہے سو واضح ہو کہ اس میں ایک بڑا راز مخفی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے برخلاف عادت کے حضرت مسیح کی موت کی نسبت خصوصاً ذکر کیا ہے ورنہ کسی نبی کے قتل یا موت کی نسبت اس طرح ذکر کرنا اللہ تعالیٰ کی عادت میں داخل نہیں۔ اور نہ محض قتل کسی نبی کی ہتک کا باعث ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ توریت میں لکھا تھا۔ کہ جو صلیب پر مارا جائے۔ وہ لعنتی ہوتا ہے یعنی اُس کی موت لعنت کی موت ہوتی ہے۔ اور یہ تو ظاہر ہے کہ لعنت کی موت مرنے سے انسان خدا کے قرب سے ہمیشہ کے لئے بے نصیب ہو جاتا ہے۔ اور چونکہ مسیح علیہ السلام بظاہر صلیب پر چڑھائے گئے مگر یہودی اس اصل حقیقت سے ناواقف رہے کہ خدا تعالیٰ نے کیونکر اُن کی نجات اور مخلصی کی سبیل نکالی تھی اور کیونکر صلیب پر سے بچا لئے گئے تھے۔ اس کی مفصل کیفیت ہم الگ باب میں بیان کرینگے یہاں پر صرف اتنا ہی کہہ دینا کافی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام فی الحقیقت صلیب پر نہیں مرے ہاں کالمصلوب ہوئے۔ جسکی وجہ سے یہودیوں اور نصاریٰ کو ظن ہو گیا تھا۔ کہ وہ صلیب پر مر گئے تھے۔ اور یہی وجہ ہے کہ عیسائی بھی جو توریت کی شریعت

کے جوئے کے نیچے ہیں مسیح کی لعنتی موت سے انکار نہ کر سکے بلکہ تسلیم کر کے یہ توجیہ نکال لی کہ وہ لعنت اُن کی اپنی ذات کے لئے نہیں تھی بلکہ ہمارے گناہوں کے عوض میں صلیب پر جان دیکر لعنتی ہوئے کیونکہ اُن کا یہ خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ عادل ہے وہ کسی بنی نوع انسان کو دوزخ سے نجات نہیں دے سکتا تھا۔ اور چونکہ آدم اور حوا نے خدا کی نافرمانی کی تھی اس لئے اُن کی اولاد نے وراثتاً اُس گناہ میں خاص حصہ لیا ہے اِس لئے کوئی بھی انسان ایسا نہیں جو گناہوں سے پاک ہو لہذا تمام انسان مستحق دوزخ تھے۔ اِس لئے خدا نے ایک تجویز نکالی کہ جس سے عدل بھی قایم رہے اور کام بھی ہو جائے اور وہ یہ کہ اپنے بیٹے مسیح کو دنیا میں بھیجا اور پھر اُسکو صلیب پر کھینچا اور وہ لعنت کا بوجھ اُٹھا کر تین روز دوزخ میں رہا اور اس طرح خدا نے مسیح کے معتقدین کو ہمیشہ کے لئے نجات دیدی۔ اور اب وہ تمام گناہوں سے پاک وصاف ہو گئے اور کوئی گناہ اُنپر لگ نہیں سکتا۔ لیکن بقول حُبُّ الشَّیْءِ یُعْمِیْ یہ نادان اتنا بھی خیال نہ کر سکے کہ اگر خدا تعالیٰ عادل ہے تو ساتھ ہی رحیم بھی ہے۔ اگر وہ کسی صورت میں عدل کئے بغیر رُک نہیں سکتا تھا تو اُسی طرح وہ رحم کرنے سے بھی رُک نہیں سکتا تھا۔ اگر ہم تسلیم بھی کر لیں کہ اُس نے بوجہ عدل مسیح کو سب گنہگاروں کے لئے قربان کر دیا تو ساتھ ہی یہ بھی ماننا پڑا۔ کہ وہ صفتِ رحم سے بالکل عاری تھا۔ کیونکہ ایک بے قصور اور ناکردہ گناہ کو بٹھیے بٹھائے پکڑ کر پھانسی پر دیدیا خواہ وہ اُسکا بیٹا ہی سہی اور اگر کہیں کہ بیٹے نے بجوشی خود مخلوق پر رحم کر کے یہ بلا اپنے اوپر لی تو پھر یہ ماننا پڑیگا۔ بیٹے میں گو رحم تھا مگر عدل کی صفت سے محروم تھا پس باپ رحیم نہ ہوا اور بیٹا عادل نہ ہوا۔ دونوں باپ اور بیٹا عیب دار ہی ثابت ہوئے پھر نصاریٰ کے اپنے ہی مسلمات کے رو سے وہ خدا ہونے کے مستحق نہیں رہ سکتے کیونکہ جب وہ خود ہی نقصوں سے پاک وصاف نہ ہوئے تو دوسروں پر کیا خرچ قایم کر سکتے ہیں۔ سو یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُسی پاک نبی کی ایسی ناپاک اور لعنتی موت سے بریت کے لئے قتل صلیبی کا انکار کر دیا اور لفظ وَمَا قَتَلُوْهُ کو اس واسطے استعمال کیا کہ اُسی توریت میں لکھا تھا کہ جھوٹا نبی قتل کیا جاویگا۔ اور جب صلیب کا واقعہ پیش آیا۔ تو بظاہر اُن لوگوں کی نظروں میں وہ مقتول ہو گیا تھا اور اسی بنا پر یہودی اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِیْحَ عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ کہتے تھے اور بار بار اعتراض کرتے تھے کہ جب مسیح قتل ہو گیا تو وہ کیونکر سچا نبی ہو سکتا ہے اور یہی وجہ

ہے کہ اب تک وہ مسیح علیہ السلام اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے تسلیم کرنے سے بے نصیب اور بے بہرہ ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک بندے کی سچائی ظاہر کرنے اور اُس کو اُس ناپاک الزام سے بری کرنے کے لئے وَمَا قَتَلُوْهُ کا بھی ذکر فرما دیا ورنہ وَمَا قَتَلُوْهُ کے اظہار کی کچھ ضرورت نہ تھی +

بیان متذکرہ بالا سے صاف واضح ہو گیا کہ حضرت مسیح صلیبی موت سے نہیں مرے بلکہ آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ظاہر کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مسیح علیہ السلام سے جو وعدہ صلیب کے وقت اُس کی اضطراری دعاؤں پر آیت اِنِّیْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ میں کیا تھا پورا کیا۔ اور پھر کسی اور وقت میں طبعی موت سے مار کر اپنے پاس بلا لیا جیسے اپنے کل مقبولوں اور مومنوں کو اِن پیارے الفاظ اِرْجِعِیْ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً کے ذریعہ سے بُلایا کرتا ہے یعنے راضی خوشی اپنے رب کے پاس چلے آؤ +

مابین یہود و نصاریٰ رفع جسمانی کا کوئی جھگڑا نہیں تھا

یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ یہود اور نصاریٰ میں رفع جسمانی کا کوئی جھگڑا نہیں تھا اور نہ یہود کا یہ اعتقاد تھا کہ جس کا رفع جسمانی نہ ہو وہ مومن نہیں ہوتا۔ اور ملعون ہوتا ہے اور خدا کی طرف نہیں جاتا۔ بلکہ شیطان کی طرف جاتا ہے۔ خود یہود قائل ہیں کہ حضرت موسےٰ کا رفع جسمانی نہیں ہوا حالانکہ وہ حضرت موسیٰ کو تمام اسرائیلی نبیوں سے افضل اور صاحب الشریعت سمجھتے ہیں۔ ابتک یہود زندہ موجود ہیں کراچی اور بمبئی اور کلکتہ وغیرہ بنادر میں بنی اسرائیل اور یہودی لوگ بہ کثرت پائے جاتے ہیں اُن سے دریافت کر لو کہ اُنہوں نے حضرت مسیح کی مصلوبیت سے کیا نتیجہ نکالا ہوا ہے۔ ہم نے جہانتک دریافت کیا ہے وہ اس بات کے قائل ہیں کہ یسوع خدا کی طرف نہیں گیا بلکہ شیطان کی طرف گیا ہے اور آسمان پر جانے یا نہ جانے کا کوئی ذکر تک اُن میں نہیں کیونکہ رفع جسمانی کا تو کوئی تنازعہ ہی نہیں اور نہ کوئی ثابت کر سکتا ہے جب حقیقت حال یہ ہے تو پھر خدا تعالیٰ کا قرآن کریم میں بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ کہہ دینا بے فائدہ نہیں ہے چونکہ یہود مسیح کو ملعون کہتے یعنی عدم رفع روحانی کے قائل تھے اور شیطان کا ہمنشین مانتے تھے اسواسطے اللہ تعالیٰ

نے سرے سے صلیب کی نفی کر کے بنائے لعنت کو اُٹھا کر ساتھ ہی اُن کی عزت اور مرتبت کا بھی اظہار کر دیا۔ جو بَل رَّفَعَهُ اللّٰهُ سے ہویدا ہے +

شعبہ اوّل

فصل چھٹی

قرآن شریف اور لفظ رفع

اگر کسی کو یہ خیال ہو کہ قرآن شریف یا حدیث شریف میں کسی اور کی نسبت لفظ رفع نہیں آیا صرف حضرت مسیح علیہ السلام کے لئے آیا ہے۔ تو ایسا خیال محض ناواقفی کی وجہ سے ہوگا۔ ورنہ کلام اللہ اور احادیث نبویہ میں بہت لوگوں کی نسبت بلکہ کل مومنوں کے لئے لفظ رفع بکثرت آیا ہے +

چونکہ یہ لفظ رفع ہمیشہ ترقی درجات کے لئے آتا ہے۔ گو لغت عرب میں اس کے کچھ ہی معنی ہوں۔ لیکن کلام اللہ اور احادیث نبی اللہ میں مومنوں کے لئے جہاں اس لفظ کا استعمال ہوا ہے۔ وہاں بجز ترقی مدارج اور علوِّ مرتبت اور قرب الی اللہ کے اور کوئی معنے ثابت نہیں ہوتے۔ چنانچہ ہم ذیل میں اول قرآن شریف سے بعد ازاں احادیث اور پھر لغت عرب سے دکھائینگے۔ کہ اس کے کیا معنی ہیں +

(۱) نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَاءُ۔ یعنی ہم جن لوگوں کو مدارج دینا چاہتے ہیں۔ تو اُن کے لئے مدارج بلند کرتے ہیں۔ دیکھو سورہ یوسف رکوع ۹۔ اس آیت میں لفظ رفع کے ساتھ لفظ درجات کھلے کھلے طور پر آیا ہے۔ اس لئے زیادہ تشریح کی ضرورت نہیں ہے +

(۲) يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ + یعنی اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کے درجہ بلند کرتا ہے جو تم میں سے ایمان لائے اور جن کو آسمانی کتاب کا علم دیا گیا۔ دیکھو سورہ مجادلہ رکوع ۲ پارہ ۲۸۔ اس آیت میں بھی لفظ رفع کے ساتھ لفظ درجات آیا ہے اور صاف پایا جاتا ہے۔ کہ ایمان لانے اور آسمانی کتاب پر عمل کرنے سے انسان کے مدارجِ روحانی میں ترقی ہوتی ہے +

(۳) اِلَیْہِ یَصْعَدُ الْکَلِمُ الطَّیِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُہٗ	اللہ ہی کی طرف طیب کلمے چڑھتے ہیں اور نیک عمل ہی انسان کو بلند کرتا ہے دیکھو سورہ فاطر رکوع ۲ پارہ ۲۲۔ اس آیت میں لفظ رفع کے ساتھ کوئی دوسرا لفظ یعنے درجات وغیرہ نہیں آیا لیکن پھر بھی صاف معلوم ہوتا ہے کہ رفع روحانی ہی مراد ہے ورنہ ماننا پڑیگا کہ ہر صالح آدمی کا رفع مَعَ الْجَسَدِ الْعُنْصُرِیِّ ہوتا ہے۔ پھر مسیح کی کیا تخصیص ہے۔ پس جو لوگ قائل ہیں کہ بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ کے معنی یہی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح کو اس جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر اُٹھا لیا۔ تو آیت متذکرہ ظاہر کرتی ہے کہ ہر نیک عمل کرنے والے کا رفع ہوتا ہے۔ تو پھر بلاشک کروڑوں مسلمان آسمان پر زندہ اس جسم کے ساتھ موجود ہونگے۔ لیکن مشاہدہ ظاہر کرتا ہے کہ ہر صالح آدمی خواہ وہ ولی ہو یا غوث ابدال ہو یا قطب۔ رسول ہو یا نبی زمین میں دفن کیا جاتا ہے حتّٰی کہ خاتم المرسلین خاتم النبیین۔ فخر الاولین والآخرین بھی باوجود علوشان زمین ہی میں دبائے گئے تو پھر کیونکر مان لیا جائے کہ لفظ رفع کی وجہ سے حضرت عیسیٰ جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر اُڑ گئے۔ اِس آیت میں لفظ صَعُوْد بھی آیا ہے۔ جو ظاہر کرتا ہے۔ کہ کلمات آسمان پر جاتے ہیں اور اُن کی وجہ سے انسان کے مدارجِ روحانی کو ترقی ملتی ہے۔ نہ یہ کہ اُس کا جسم آسمان پر جاتا ہے +

بلعم باعور اور اُس کا رفع

(۴) وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰہُ بِھَا وَلٰکِنَّہٗ اَخْلَدَ اِلَی الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ ھَوَاہُ	یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اگر ہماری مشیت ہوتی۔ تو اُن نشانات کی وجہ سے جو بلعم باعور نے دیکھے تھے۔ ترقی مدارج عطا کرتے۔ لیکن وہ تو پستی کی طرف جھکتا گیا اور اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے لگ گیا۔ پارہ ۹۔ سورۃ الاعراف رکوع ۲۲۔ اس آیت سے بخوبی روشن ہے کہ بلعم کو اللہ تعالیٰ نے روحانی رفع دینا چاہا تھا۔ مگر وہ پست اور نفسانی خواہشوں کی زنجیروں میں جکڑا گیا۔ اور آسمان کی طرف نہ جا سکا بلکہ زمین کی طرف جھکتا گیا + اس کی تائید تفسیر الدر اللقیط من البحر المحیط لامام تاج الدین ابی محمد احمد عبد القادر بر حاشیہ

تفسیر بحر المحیط جلد ۵ صفحہ ۴۲۳ پر ابی محمد احمد عبد القادر حنفی نے زیر آیۃ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ لکھا ہے +

(۵) اَیْ وَلَوْ اَرَدْنَا اَنْ نُشَرِّفَهٗ وَنَرْفَعَ قَدْرَهٗ بِمَا اٰتَيْنٰهُ مِنَ الْاٰيَاتِ لَفَعَلْنَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ - اَیْ تَرَامٰى اِلٰى شَهَوَاتِ الدُّنْيَا وَرَغِبَ فِيْهَا

اگر ہم ارادہ کرتے تو اُس کو شرف دیتے اور اُس کی قدر و مرتبہ بلند کرتے بوجہ اُن آیات و نشانات کے جو ہم نے اُسکو عطا کئے تھے ہم ضرور ایسا کرتے ولیکن شہوات دنیاوی میں وہ پھنس گیا اور اُنہیں میں منجذب ہو گیا +

اس آیت میں اس امر کے خیال کرنے کی کافی دلیل تھی - کہ یہاں رفع کے معنے رفع جسمانی مراد ہے کیونکہ لفظ اِلَى الْاَرْضِ اس کی پوری تائید کرتا تھا - لیکن کسی مفسر یا عالم کا یہ ایمان نہیں کہ معلم الملکوت اللہ تعالیٰ نے جسد عنصری کے ساتھ آسمان پر لیجانا چاہا تھا - بلکہ سب یہی کہتے ہیں کہ روحانی ترقیوں سے مراد تھی جن سے قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے اور مدارج میں ترقی ہوتی ہے - تو پھر جہاں نہ تو آسمان کا لفظ آیا اور نہ کوئی دوسرا قرینہ موجود تھا - وہاں کیونکر رفع جسمانی تسلیم کر لیا گیا +

(۶) وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۘ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝

یعنی توریت شریف میں ادریس علیہ السلام کو یاد کرو کہ وہ ایک سچا نبی تھا - اور ہم نے اُسکو بلند مکان میں جگہ دی تھی - دیکھو سورۃ مریم رکوع ۴ - یہاں بھی لفظ رفع کے معنے ترقی درجات جس کی تصدیق تفسیر النہر الماد من البحر لابی حیان برحاشیہ بحر المحیط جلد ۶ صفحہ ۲۰۰ زیر آیۃ وَرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ط یوں لکھا ہے +

وَالْمَكَانُ الْعَلِيُّ شَرَفٌ لِلنُّبُوَّةِ وَالزُّلْفٰى عِنْدَ اللّٰهِ وَقَالَ جَمَاعَةٌ وَهُوَ رَفْعُ النُّبُوَّةِ وَالتَّشْرِيْفِ وَالْمَنْزِلَةِ فِي السَّمَاءِ لِسَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ

اور بلند مکان شرف نبوت اور قرب الی اللہ سے مراد ہے اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ وہ نبوت کا رفع ہے اور اُنکو آسمان پر بزرگی اور منزلت اسی طرح حاصل ہے جس طرح کل انبیا کو حاصل ہے

اور شرح اکمال اکمال المعلم صفحہ ۳۰۸ میں یوں لکھا ہے +

وَقَالَ جَمَاعَةٌ الْمُرَادُ بِالرَّفْعِ رَفْعُ الْمَنْزِلَةِ وَهُوَ فِي السَّمَاءِ كَغَيْرِهٖ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

یعنے ایک جماعت یہ کہتی ہے رفع سے مراد رفع منزلت و مرتبت ہے اور وہ رفع آسمانی ہے جو

اور انبیاء کو بھی حاصل ہے

اور جب ثابت ہو گیا کہ نبی کو رفع ہوتا اور اعلیٰ منصب و درجہ آسمان پر ملتا ہے تو پھر مسیح کے رفع سے اُن کی حیات کیوں نکالی جاتی ہے اب آیۃ متذکرہ سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت ادریس کو بھی رفع ہوا اگر رفع سے مراد ترقی درجات کا رفع نہیں تو لامحالہ ماننا پڑیگا کہ حضرت ادریس بھی کسی زمانہ میں زمین پر نازل ہونگے اور یہ امر بالاتفاق مسلم ہے کہ حضرت ادریس کے دوبارہ آنے کا کہیں بھی ذکر نہیں۔ بلکہ اکثر مفسرین اور علماء محققین نے صاف صاف لکھا ہے کہ وہ فوت ہو چکے ہیں۔ چنانچہ سید ذوالفقار احمد صاحب اپنی کتاب طے القراسخ الی منازل البرازخ میں لکھتے ہیں کہ ملک الموت نے کہا کہ مینے تیری حاجت جان لی تو ادریس کے باب میں مجھ سے کلام کریگا۔ حالانکہ اُس کا نام محو ہو چکا۔ اور اس کی اجل سے کچھ باقی نہیں رہا۔ مگر نصف طرفۃ العین میں ادریس علیہ السلام کا انتقال فرشتے کے دونوں بازوؤں کے درمیان ہوا۔ دیکھو کتاب مذکور +

(۷) فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ | یعنی اُن گھروں میں جن کی اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے۔ کہ بلند کئے جائیں۔ کیا اس سے یہ مراد ہے کہ وہ مکان یا گھر آسمان پر اُٹھائے گئے ہیں۔ پارہ ۱۸ سورۃ النور رکوع ۵ +

(۸) فِیْ صُحُفٍ مُّکَرَّمَۃٍ مَّرْفُوْعَۃٍ مُّطَہَّرَۃٍ قرآن شریف۔ سورۃ العبس | یعنے عزت والے اور بلند پائے اور پاک صحیفوں میں موجود ہے۔ کیا اس سے یہ مراد ہے کہ وہ صحیفے پہلے کہیں زمین پر تھے پھر آسمان پر اُٹھا لئے گئے +

(۹) خَافِضَۃٌ رَّافِعَۃٌ ط سورۃ الواقعہ۔ یعنی اُتارتی اور چڑھاتی ہے۔ کیا قیامت انسان کو آسمان پر معہ جسد عنصری چڑھا دیتی ہے +

(۱۰) وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَۃٍ۔ پارہ ۲۷۔ سورۃ الواقعہ رکوع ۱ عزت والے فرش کیا اس سے یہ مراد ہے کہ وہ پہلے کہیں گڑھوں میں پڑے ہوئے تھے پھر اُن کو آسمان پر اُٹھا کر لے گئے +

ہم قرآن شریف کی اسی قدر مثالوں پر کفایت کرتے اور اب ہم احادیث سے رفع کی مثالیں پیش کر کے ناظرین کو دکھلاتے ہیں۔ کہ نبیوں کا تو ذکر ہی چھوڑ دیا جائے کل صالحین کو اللہ تعالیٰ نے رفع کیا ہے +

شعبہ دوم

فصل ششم

احادیث اور لفظ رفع

(۱) اِنَّ مِنْ وَرَائِکُمْ اَیَّامًا یَنْزِلُ فِیْھَا الْجَھْلُ وَیُرْفَعُ فِیْھَا الْعِلْمُ وَیَکْثُرُ فِیْھَا الْھَرْجُ۔ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا الْھَرْجُ قَالَ الْقَتْلُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی +

تمہارے بعد ایسے دن آنیوالے ہیں۔ کہ اُن میں جہالت نازل ہوگی۔ اور علم اُٹھایا جائیگا اور ہرج کثرت سے ہوگا۔ پوچھا گیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہرج کیا ہے۔ فرمایا کہ قتل

اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲۹ +

اس حدیث میں رفع علم آیا ہے۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ کیا علم کوئی جسمانی چیز ہے جسکا رفع ہو جائیگا۔ بلکہ ایک روحانی کیفیت ہے۔ جس کا رفع ہونا ذکر کیا گیا ہے کیا کوئی یہ گمان کر سکتا ہے۔ کہ کتابیں سب کی سب آسمان پر چلی جائینگی۔ اور کوئی کتاب زمین پر باقی نہ رہیگی۔ کوئی آدمی ایسا خیال نہیں کر سکتا۔ تو پھر کیونکر رفع کے معنے حضرت مسیح کی نسبت رفع جسمانی لیتے ہیں +

(۲) اَلْاَسَدُ اَسَدُ اللّٰہِ فِی الْاَرْضِ یُرِیْدُ النَّاسُ اَنْ یَّضَعُوْھُمْ وَیَاْبَی اللّٰہُ اِلَّا اَنْ یَّرْفَعَھُمْ وَلَیَاْتِیَنَّ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ یَقُوْلُ الرَّجُلُ یَا لَیْتَ اُمِّیْ کَانَتْ اَزْدِیَّۃً رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ عَنْ اَنَسٍ +

امام ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ازد زمین پر اللہ تعالیٰ کا شیر ہے جس کو لوگ ذلیل کرنا چاہینگے۔ مگر اللہ تعالیٰ اُس کو ذلیل نہیں ہونے دیگا۔ بلکہ اُس کو رفع دیگا۔ اور لوگوں پر ایک زمانہ آنے والا ہے جبکہ آدمی کہیگا۔ کاش میری ماں ازدیہ ہوتی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲۰۶ +

یہاں پر بھی لفظ رفع کے روحانی معنے کے سوا اور کوئی معنے نہیں ورنہ ہر ازدی کا اللہ تعالیٰ رفع کرتا ہے تو کیا یہی سمجھ لیا جائے کہ کل ازدی آسمان پر اس جسم عنصری کے ساتھ موجود ہیں +

(۳) يَا أَيُّهَا النَّاسُ خُذُوا مِنَ الْعِلْمِ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ الْعِلْمُ وَقَبْلَ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ يُرْفَعُ الْعِلْمُ وَهٰذَا الْقُرْآنُ بَيْنَ أَظْهُرِنَا فَقَالَ أَيْ ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ وَهٰذِهِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى بَيْنَ أَظْهُرِهِمُ الْمَصَاحِفُ لَمْ يَصْبَحُوا يَتَعَلَّقُونَ بِالْحَرْفِ مِمَّا جَاءَتْ بِهِ الْأَنْبِيَاءُ هُمْ أَلَا وَإِنَّ ذَهَابَ الْعِلْمِ أَنْ يَذْهَبَ حَمَلَتُهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالطَّبْرَانِيُّ وَأَبُو الشَّيْخِ فِي تَفْسِيرِهِ وَابْنُ مَرْدُوَيَهْ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ +

احمد بن حنبل نے اپنی مسند میں اور دارمی اور طبرانی نے اپنی اپنی کتابوں میں اور ابوالشیخ نے اپنی تفسیر میں اور ابن مردویہ نے اپنی کتاب میں ابوامامہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو علم حاصل کرلو پیشتر اس کے کہ وہ اُٹھا یا جائے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم علم کیونکر چلا جائیگا حالانکہ یہ قرآن شریف ہمارے پاس موجود ہے۔ کہا کہ تیری ماں تجھ کو بیٹے دیکھتا نہیں کہ یہود اور نصاریٰ کے پاس آسمانی کتابیں موجود تھیں۔ مگر اُن کو انبیا کی پیش کردہ کتاب کے ایک حرف سے بھی تعلق نہیں رہا لہذا یاد رکھو کہ علم کے چلے جانے سے مُراد یہ ہے کہ اس کی پیروی چھوٹ جائیگی۔ یہ بات تین دفعہ دُہرائی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۵ صفحہ ۲۰۸۔ اس حدیث نے رفع علم کے معنے قبض العلم یا ذہاب العلم کے خود کر دیئے ہیں اور دوسرے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رفع کے معنے کو حل کر کے دکھلا دیا کہ رفع علم سے مراد یہ ہے۔ کہ لوگ نبیوں کی تعلیموں کو پس پشت ڈالیں گے۔ حالانکہ اُن کی کتابیں دنیا میں موجود رہینگی۔ پس رفع کے معنے روحانی رفع ہوا۔ اور علم کوئی خود جسم نہیں رکھتا جس سے سمجھا جائے کہ وہ آسمان پر پرواز کرتا ہوا چلا گیا +

(۴) پھر ابن عساکر میں حدیث ذیل آئی ہے +

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْعَبَّاسِ يَعُودُهُ فَدَخَلَ عَلَيْهِ وَالْعَبَّاسُ عَلَى سَرِيرٍ لَهُ فَأَخَذَ بِيَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقْعَدَهُ فِي مَكَانِهِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

ابن عباس روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عباس کی عیادت کے لئے گئے اور جب اُن کے پاس پہنچے تو کیا دیکھا کہ حضرت عباس اپنی چارپائی پر لیٹے ہوئے ہیں حضرت عباس نے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَكَ اللّٰهُ يَا عَمِّ | تو اُن کا ہاتھ پکڑ کر اپنی جگہ بٹھایا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے میرے چچا خدا آپ کو رفع دے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ ص ۶۵

اس حدیث سے واضح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس کے واسطے رفع روحانی کی دعا کی ہے نہ کہ یہ سمجھا جائے کہ رفع جسمانی کی دعا کی تھی۔ اگر رفع روحانی نہ تسلیم کریں۔ بلکہ رفع جسمانی مان لیں تو پھر خدانخواستہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا فضول ثابت ہوگی کیونکہ حضرت عباس تو اپنی زندگی کے دن زمین پر بسر کر کے فوت ہوئے اور پھر اسی زمین میں دفن کئے گئے۔ لہذا ضروری ماننا پڑیگا۔ کہ ہر مومن اور صالح آدمی کے لئے رسول بھی رفع کی دعا کرتے ہیں +

(۵) ابو سعید السمان اور امام رافعی حضرت انس سے روایت ذیل بیان کرتے ہیں +

اَنَّ مَلَكًا مُوَكَّلًا بِالْقُرْاٰنِ فَمَنْ قَرَأَ مِنْهُ شَيْئًا لَمْ يُقَوِّمْهُ قَوَّمَهُ الْمَلَكُ وَرَفَعَهُ + | قرآن پر ایک فرشتہ مقرر ہے۔ جو شخص قرآن شریف میں سے کچھ پڑھتا ہے۔ وہ اُس کے مُنہہ سے نکلنے نہیں پاتا کہ فرشتہ اُسکو اُٹھا کر لیجاتا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد اول صفحہ ۱۳۳ +

اب دیکھنا چاہیئے کہ صرف قرآن شریف کے الفاظ جو انسان کی زبان سے نکلتے ہیں اُٹھائے جاتے ہیں حالانکہ اُن کا کوئی جسم نہیں ہوتا +

(۶) امام مسلم اور ابن ماجہ حضرت عمر سے روایت کرتے ہیں کہ

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَرْفَعُ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ اَقْوَامًا وَيَضَعُ بِهٖ اٰخَرِيْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ عُمَرَ | اللہ تعالیٰ اس قرآن شریف کی برکت سے کئی قوموں کو ضرور بلند کریگا۔ اور اُن کے بالمقابل دوسروں کو ذلیل کریگا۔ دیکھو کنز العمال جلد اول صفحہ ۱۲۹۔ اب اس حدیث میں کیا رفع کے معنے یہی لئے جائیں کہ اُن کو آسمان پر اُٹھالیگا۔ اور جو لوگ اس امر کے قائل ہیں تو اُن کو ثبوت دینا چاہیئے کہ کوئی قوم اس جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر چلی گئی ہے +

(۷) اَلتَّوَاضُعُ لَا يَزِيْدُ الْعَبْدَ اِلَّا رِفْعَةً فَتَوَاضَعُوْا يَرْفَعْكُمُ اللّٰهُ وَالْعَفْوُ لَا يَزِيْدُ اِلَّا | ابن ابی الدنیا نے اپنی کتاب الغضب میں بروایت محمد بن عمیر العبدی یہ حدیث لکھی ہے

الْعَبْدَ اِلَّا عِزًّا فَاعْفُوْا يُعِزَّكُمُ اللّٰهُ وَالصَّدَقَةُ لَا تَزِيْدُ الْمَالَ اِلَّا كَثْرَةً فَتَصَدَّقُوْا يَرْحَمْكُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ۔ رَوَاهُ اَبِی الدُّنْیَا فِی الْعَفْوِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَیْرِ الْعَبْدِیِّ	کہ تواضع آدمی کے لئے ایسا ہی رفعت کا سبب ہوتی ہے اسی واسطے تم لوگ تواضع کیا کرو تاکہ خدا تم کو بلند کرے۔ اور عفو میں انسان کی عزت میں ترقی ہوتی ہے۔ اسواسطے تم عفو کی عادت ڈالو۔ تاکہ خدا تم کو عزت دے۔ اور صدقہ سے مال بڑھتا ہے۔ اسواسطے صدقہ دیا کرو۔ خدا تعالیٰ عزوجل تم پر رحم کریگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۵۔ اس حدیث سے بھی پایا جاتا ہے تواضع سے بلندی یعنے رفع ملتا ہے۔ کیا اس سے یہی سمجھ لیا جائے کہ جسد عنصری کے ساتھ انسان آسمان پر چلا جاتا ہے پھر تو ہزاروں تواضع اور عفو کرنیوالے اور صدقہ دینے والے آسمان پر موجود ہونگے +
(۸) اِذَا تَوَاضَعَ الْعَبْدُ رَفَعَهُ اللّٰهُ اِلَی السَّمَآءِ السَّابِعَةِ رَوَاهُ الْخَرَائِطِیُّ فِی مَکَارِمِ الْاَخْلَاقِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ +	خرائطی اپنی کتاب مکارم الاخلاق میں ابن عباس سے روایت کرتا ہے۔ جب بندہ تواضع کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کو ساتویں آسمان پر اُٹھا کر لیجاتا ہے اب اس میں کیسی صراحت ہے ایک تو لفظ رفع اور پھر صلہ بھی اِلیٰ واقعہ ہے اور پھر ساتواں آسمان بھی ہے۔ اور دوسری طرف حضرت مسیح کے ساتھ آسمان کا کوئی لفظ نہیں ہے۔ یہاں صرف متواضع آدمی کو اللہ تعالیٰ ساتویں آسمان پر لیجاتا ہے دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۵۔ مسیح علیہ السلام تو صرف دوسرے ہی آسمان پر بیان کئے جاتے ہیں۔ اب بتانا چاہیئے کہ حضرت مسیح کی کیا تخصیص رہی۔ ایک متواضع آدمی ساتویں آسمان پر اس جسم کے ساتھ جاتا ہے کیونکہ روح کا یہاں ذکر نہیں جیسا کہ مسیح کے قصہ میں بیان کیا جاتا ہے۔ پس نتیجہ یہ ہوا۔ کہ کروڑوں انسان صرف تواضع کی وجہ سے ساتویں آسمان پر زندہ تسلیم کرنے پڑینگے۔ ورنہ جو رفع ان لوگوں کے لئے مانوں گے۔ وہی مسیح علیہ السلام کی نسبت ماننا پڑیگا +
(۹) حلیہ ابونعیم میں حضرت ابوہریرہ سے یہ روایت آئی ہے +	
مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ رَوَاهُ اَبُوْنُعَیْمٍ فِی الْحِلْیَةِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ	جو شخص اللہ کے لئے تواضع کرتا ہے اللہ اُس کو بلند کرتا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۵ +

(۱۰) ابن مندہ اور ابونعیم اوس بن خولی سے حدیث بیان کرتے ہیں +

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ رَوَاهُ ابْنُ مَنْدَهْ وَاَبُوْنُعَيْمٍ عَنْ اَوْسِ بْنِ خَوْلِيٍّ +

کہ جو شخص اللہ کے لئے تواضع کرتا ہے اللہ اُس کو بلند کرتا ہے اور جو تکبر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کو ذلیل کرتا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶

(۱۱) ابن النجار حضرت ابوہریرہ سے یہ حدیث بیان کرتا ہے +

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ وَمَنِ اقْتَصَدَ اَغْنَاهُ اللّٰهُ وَمَنْ ذَكَرَ اللّٰهَ اَحَبَّهُ اللّٰهُ۔ رَوَاهُ ابْنُ النَّجَّارِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

کہ جو اللہ کے لئے تواضع کرتا ہے۔ اللہ اُس کو اُٹھا لیتا ہے اور جو میانہ روی کرتا ہے اللہ اُس کو غنی کرتا ہے اور جو اللہ کا ذکر کرتا ہے۔ اُس کو اللہ دوست رکھتا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶ +

(۱۲) ابونعیم حضرت ابن عمر سے حدیث ذیل بیان کرتے ہیں +

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِيْ نَفْسِهٖ ضَعِيْفٌ وَفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ عَظِيْمٌ وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ صَغِيْرٌ وَفِيْ نَفْسِهٖ كَبِيْرٌ حَتّٰى لَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِمْ مِنْ كَلْبٍ اَوْ خِنْزِيْرٍ رَوَاهُ اَبُوْنُعَيْمٍ عَنْ عُمَرَ +

جو شخص اللہ کے لئے تواضع کرتا ہے اللہ اُسکا رفع کرتا ہے۔ حالانکہ وہ فی الحقیقت ضعیف ہوتا ہے مگر لوگوں کی نظروں میں بڑا ہوتا ہے اور جو تکبر کرتا ہے اللہ اُس کو ذلیل کر دیتا ہے اور وہ لوگوں کی نظروں میں چھوٹا ہوتا ہے اور اپنی ذات میں وہ بڑا ہوتا ہے۔ اور اُس کی یہانتک نوبت پہنچتی ہے کہ لوگ اُس کو ایسی حالت میں کتے اور خنزیر سے بھی بدتر سمجھتے ہیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶ +

(۱۳) ابوالشیخ اپنی کتاب العظمۃ میں بروایت حضرت معاذ بن جبل بیان کرتے ہیں۔

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ تَخَشُّعًا لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ وَمَنْ تَطَاوَلَ تَعَظُّمًا وَضَعَهُ اللّٰهُ وَالنَّاسُ تَحْتَ كَنَفِ اللّٰهِ يَعْلَمُوْنَ اَعْمَالَهُمْ فَاِذَا اَرَادَ اللّٰهُ فَضِيْحَةَ عَبْدٍ اَخْرَجَهُ مِنْ تَحْتِ كَنَفِهٖ فَبَدَتْ ذُنُوْبُهٗ رَوَاهُ

جو شخص اللہ کے لئے اللہ کے خوف سے تواضع کرتا ہے اُس کو اللہ رفع دیتا ہے اور جو بڑائی کی وجہ سے زیادتی کرتا ہے اللہ اُس کو زمین پر بٹھا دیتا ہے۔ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی پناہ کے نیچے ہوتے ہیں وہ نیک عمل کرتے

ہیں اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ کی فضیحت کا ارادہ کرتا ہے۔ تو اُس کو اپنی پناہ کے نیچے سے نکال دیتا ہے۔ پھر اُس سے گناہ ظاہر ہوتے ہیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶ +

(۱۴) امام احمد بن حنبل اپنی مسند میں اور ابو یعلی اپنی مسند میں اور شاشی اپنی کتاب میں اور طبرانی اپنی کتاب المعجم الاوسط میں اور حافظ سعید بن منصور اپنی سنن میں بہ روایت حضرت عمر حدیث ذیل بیان کرتے ہیں +

یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ مَنْ تَوَاضَعَ لِیْ ھٰکَذَا رَفَعْتُہٗ ھٰکَذَا رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ یَعْلٰی وَالشَّاشِیُّ وَالطَّبْرَانِیُّ وَالْحَافِظُ سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ عُمَرَ +

اللہ جو شخص اللہ عزّ وجلّ کی اس طرح تواضع کرتا ہے اللہ بھی کہتا ہے کہ میں بھی اُس کی اُسی طرح بلندی مراتب کرتا ہوں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶ +

(۱۵) ابو نصر دیلمی اپنی کتاب مسند الفردوس میں حضرت انس سے روایت کرتے ہیں۔

اَلتَّوَاضُعُ لَا یَزِیْدُ الْعَبْدَ اِلَّا رِفْعَۃً فَتَوَاضَعُوْا یَرْفَعْکُمُ اللّٰہُ رَوَاہُ الدَّیْلَمِیُّ عَنْ اَنَسٍ +

کہ بندہ کی رفعت اور بلندی درجات تواضع ہی سے ہوتی ہے۔ لہذا تم لوگ تواضع کیا کرو تاکہ اللہ تعالیٰ تمہیں رفع کرے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶

(۱۶) ابو نعیم اپنی کتاب میں حضرت ابو ہریرہ سے یہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ

قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ مَنْ اَذَلَّ لِیْ وَتَوَاضَعَ لِیْ وَلَمْ یَتَکَبَّرْ فِیْ اَرْضِیْ رَفَعْتُہٗ حَتّٰی اَجْعَلَہٗ فِیْ عِلِّیِّیْنَ رَوَاہُ اَبُوْ نُعَیْمٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص میرے حق کی خاطر نرمی کرتا اور میرے لئے متواضع ہو جاتا اور زمین میں تکبر نہیں کرتا تو میں اُس کو یہاں تک رفع دیتا ہوں کہ علیین میں پہنچا دیتا ہوں۔

دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶ +

(۱۷) مَا مِنْ آدَمِیٍّ اِلَّا وَفِیْ رَأْسِہٖ حَلْقَۃٌ بِیَدِ مَلَکٍ فَاِذَا تَوَاضَعَ رَفَعَہٗ بِھَا وَقَالَ ارْتَفِعْ رَفَعَکَ اللّٰہُ وَاِذَا رَفَعَ رَأْسَہٗ جَذَبَہٗ اِلَی الْاَرْضِ وَقَالَ اخْفِضْ خَفَضَکَ اللّٰہُ رَوَاہُ اَبُوْ نُعَیْمٍ وَالدَّیْلَمِیُّ

ابو نعیم اور ابو نصر دیلمی حضرت انس سے روایت کرتے ہیں کہ کوئی بھی ایسا آدمی نہیں جس کے سر میں ڈوری نہ ہو اور وہ ڈور فرشتہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے جس وقت وہ تواضع کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کو اُس کے ذریعہ اُٹھا لیتا ہے اور

عَنْ اَنَسٍ +

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بلندی طلب کرتا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں رفع دے۔ اور جب انسان تکبر کرتا ہے تو اُس کو زمین کی طرف کھینچ لیتا ہے۔ اور کہتا ہے نیچے چلا جا اللہ تجھ کو ذلیل کرے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶

(۱۸) مَامِنْ عَبْدٍ اِلَّا وَفِیْ رَأْسِہٖ حَلْمَۃٌ بِیَدِ مَلَکٍ فَاِذَا تَوَاضَعَ رَفَعَ بِھَا وَقَالَ اِرْتَفَعَ رَفَعَکَ اللّٰہُ وَاِذَا رَفَعَ رَأْسَہٗ جَذَبَہٗ اِلَی الْاَرْضِ وَقَالَ اِنْخَفِضْ خَفَضَکَ اللّٰہُ رَوَاہُ ابْنُ صَھْرِیٍّ فِیْ اَمَالِیْہِ عَنْ اَنَسٍ +

ابن صہری اپنی کتاب امالی میں حضرت انس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی بھی بندہ نہیں جس کے سر میں ڈور نہ ہو اور وہ فرشتہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ جس وقت تواضع کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کو اُٹھا لیتا ہے اور کہتا ہے بلندی طلب کر خدا تجھ کو رفع دے۔ اور جب تکبر کرتا ہے تو اُس کو زمین کی طرف کھینچ لیتا ہے اور کہتا ہے نیچے جا خدا تجھ کو ذلیل اور خوار کرے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶ +

(۱۹) مَامِنْ آدَمِیٍّ اِلَّا وَفِیْ رَأْسِہٖ سِلْسِلَتَانِ سِلْسِلَۃٌ فِی السَّمَاءِ السَّابِعَۃِ وَسِلْسِلَۃٌ فِی الْاَرْضِ السَّابِعَۃِ فَاِذَا تَوَاضَعَ رَفَعَہُ اللّٰہُ بِالسِّلْسِلَۃِ اِلَی السَّمَاءِ السَّابِعَۃِ وَاِذَا تَجَبَّرَ وَضَعَہُ اللّٰہُ بِالسِّلْسِلَۃِ اِلَی الْاَرْضِ السَّابِعَۃِ رَوَاہُ الْخَرَاطِیُّ فِیْ مَسَاوِیِ الْاَخْلَاقِ وَالْحَسَنُ ابْنُ سُفْیَانَ وَابْنُ لَالٍ وَالدَّیْلَمِیُّ عَنْ اَنَسٍ

شیخ ابوبکر محمد خرائطی اپنی کتاب کے باب مساوی الاخلاق میں اور حسن بن سفیان اور ابن لال اور ابونصر دیلمی حضرت انس سے روایت کرتے ہیں کہ کوئی بھی آدمی نہیں کہ جس کے سر میں دو سلسلے نہ ہوں ایک سلسلہ تو ساتویں آسمان پر ہوتا ہے اور ایک سلسلہ ساتویں زمین پر۔ جس وقت کوئی شخص تواضع کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کو اُسی سلسلہ کیساتھ ساتویں آسمان پر اُٹھا لیتا ہے اور جب جبر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کو دوسرے سلسلہ کے ساتھ ساتویں زمین پر دے مارتا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۶

(۲۰) بخاری میں ہے رَفَعَ اِلَی السَّمَاءِ رَفْعَۃً ضِدُّ وَضْعَۃٍ وَمِنْہُ الدُّعَاءُ اَللّٰھُمَّ ارْفَعْنِیْ وَلَا تَضَعْنِیْ وَاللّٰہُ یَرْفَعُ مَنْ یَّشَاءُ وَیَخْفِضُ +

آسمان کی طرف جانے سے اور بلندی مراتب ہی رفع وضع کی ضد ہے اور اسی لئے یہ دعا کرتا ہے کہ اے اللہ مجھے بلند کر اور مجھے ذلیل نہ کر۔ اللہ جسکو چاہتا ہے ذلیل کرتا ہے اور جسکو چاہتا ہے بلند کرتا ہے۔ دیکھو صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۲۲

(۲۱) علاوہ ان احادیث کے ہم روزمرہ پانچ وقت کی نماز میں بین السجدتین یہ دعا مانگا کرتے ہیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَارْفَعْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ

یعنے اے اللہ مجھ پر رحم کر اور تمام مشکلات میں میری رہنمائی فرما اور روحانی اور جسمانی رزق سے مشرف فرما اور مجھے ذلت اور خذلان اور لعنت کی موت سے ہلاک نہ کیجیو بلکہ رفع دیجیو جو پاک اور مقدس بندوں کے لئے مخصوص ہے اور مجھے زمینی نہ بنائیو بلکہ آسمانی بنائیو۔ اور جس قدر قصور اور خطائیں مجھ سے سرزد ہوں اُن کی تلافی کی توفیق عطا کیجیو۔ اِس حدیث سے ظاہر ہے کہ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسی عمدہ دعا سکھلائی ہے اور ہر ایک کو رفع کی خواہش دلائی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ ہر مومن کو رفع کرتا ہے۔ تو پھر مسیح کی کیا خصوصیت ہے۔ دیکھو کشف الغمہ

سینکڑوں حدیثیں کتبِ احادیث میں ہیں جن میں لفظ رفع آیا ہے لیکن ہم بخوفِ طوالت انہیں پر اکتفا کرتے ہیں۔ اِن تمام احادیث سے جو بہت سے محدثین کے ذریعہ سے بیان کی گئی ہیں روزِ روشن کی طرح واضح ہے کہ متواضع آدمی کو اللہ رفع دیا کرتا ہے۔ اگر رفع کے معنے زندہ آسمان پر لیجانا مقصود ہے تو پھر لاکھوں بلکہ کروڑوں آدمی زندہ جسمِ عنصری کے ساتھ آسمان پر موجود ہونگے۔ کیونکہ ان تمام احادیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ہر آدمی کو جو صفت تواضع سے متصف ہو آسمان پر لیجانے کا وعدہ فرمایا گیا ہے۔ پہلے دوسرے آسمان پر نہیں بلکہ ساتویں آسمان پر لیجانے کا وعدہ کیا گیا ہے اور حضرت مسیح کا تو دوسرے آسمان پر جانا ذکر کیا جاتا ہے افسوس کہ مخالف علماء نے اپنے علم سے کام نہیں لیا اور صرف لفظ پرستی اور بے بنیاد افسانوں پر شیدا ہو گئے۔ اور وسیع معلومات بڑھانے اور کتبِ احادیث کے مطالعہ کرنے سے گریز کرتے۔ اور چند رسمی غیر معتبر کتابیں پڑھکر فضیلت کی پگڑی باندھکر منبروں کے اوپر چڑھ بیٹھتے ہیں۔ اور بغیر وسیع معلومات کے فتویٰ الکھمارتے ہیں اگر اُن کو معلوم ہوتا۔ کہ لفظ رفع کلامِ عرب میں خاصکر اللہ تعالیٰ کے کلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محاورہ میں کن کن معنوں میں آتا ہے۔ تو پھر اس قدر جرأت نہ کرتے اور کسی مامور من اللہ و محدث اللہ سے جو نبی کہلانے کا حقدار ہے اس طرح بے ادبی اور گستاخی سے پیش نہ آتے کیونکہ مسیح موعود کو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبی کہا ہے ۔

شعبہ سوم

فصل چھٹی

لفظ رفع ولغتِ عرب

اے نادانو! اگر تمہیں کلام الٰہی اور کتب احادیث میں پوری معلومات نہیں تھیں اور تم ان پاک کتابوں کے مطالعہ سے بے نصیب تھے تو تم کم از کم لغتِ عرب ہی کھول کر دیکھ لیتے کہ لفظ رفع کے کیا معنی ہیں۔ لہذا میں چند کتبِ لغت سے اس کے معانی ظاہر کرتا ہوں دیکھو اور غور کرو +

(۱) لسان العرب جلد ۹ صفحہ ۴۸۸-۴۸۹-۴۹۰ پر لفظ رفع کے یہ معنے لکھے ہیں +

اَلرَّفْعُ ضِدُّ الْوَضْعِ	یعنے رفع وضع کی ضد ہے +
وَفِی اَسْمَاءِ اللّٰہِ اَلرَّافِعُ ھُوَ الَّذِیْ یَرْفَعُ الْمُؤْمِنَ بِالْاِسْعَادِ وَاَوْلِیَاءَہٗ بِالتَّقَرُّبِ +	یعنے الرافع اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور وہ مومن کو سعادت اور اپنے اولیاء کو تقرب کے ساتھ بلند کرتا ہے +
قَالَ الزَّجَّاجُ اَلْمَعْنٰی اِنَّھَا تَخْصِیْصُ اَھْلِ الْمَعَاصِیْ وَتَرْفَعُ اَھْلَ الطَّاعَۃِ	زجاج جو ایک مشہور لغوی ہے کہتا ہے کہ وضع کے معنے یہ ہیں کہ گنہگاروں کو پست اور ذلیل کیا جاتا ہے اور رفع کے معنے یہ کہ فرمانبرداروں کو رفع ہوتا ہے +
وَالرَّفْعُ تَقْرِیْبُکَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ وَفِی التَّنْزِیْلِ وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَۃٍ اَیْ مُقَرَّبَۃٍ لَھُمْ وَمِنْ ذٰلِکَ رَفَعْتُہٗ اِلَی السُّلْطَانِ وَیُقَالُ نِسَاءٌ مَرْفُوْعَاتٌ اَیْ مُکَرَّمَاتٌ +	اور رفع ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مقرب کرنا اور قرآن کریم میں جو فرش مرفوعہ آیا ہے وہاں مرفوعہ سے مراد مقربہ کے ہیں اور اسی ذیل میں ہے رَفَعْتُہٗ اِلَی السُّلْطَانِ یعنے میں نے اسکو بادشاہ کا مقرب کر دیا۔ اور نساء مرفوعات سے مراد باعزت مستورات ہیں +

(۲) تاج العروس جلد ۵ صفحہ ۳۵۷

رَفْعٌ ضِدُّ وَضْعٍ وَمِنْهُ حَدِيْثُ الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ ارْفَعْنِیْ وَلَا تَضَعْنِیْ ۔

یعنی رفع ضد وضع ہے اور یہی معنی دعا والی حدیث میں ہیں کہ اے اللہ مجھے بلند کر اور مجھے ذلیل نہ کر۔ پھر صفحہ ۳۵۸ پر لکھا ہے ۔

رَفَعْتُهٗ اِلَی السُّلْطَانِ رُفْعَانًا ۔

مینے اُسکو سلطان کا مقرب بنا دیا ۔

رَفَعَهٗ اِلَی الْحَاکِمِ رَفْعًا - اَیْ قَرَّبَهٗ وَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی رَافِعَةٌ - قَالَ الزَّجَّاجُ تُرْفَعُ اَهْلُ الطَّاعَةِ ۔

میں نے اُس کو حاکم کا مقرب کر دیا یعنے بحسب قول خداوندی رفع کرنے والا زجاج کہتا ہے کہ اہل طاعت مقرب کئے جاتے ہیں ۔

وَقَوْلُهٗ تَعَالٰی فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ قَالَ زَجَّاجُ - قَالَ الْحَسَنُ تَاْوِیْلُهٗ اَنْ تُعَظَّمَ وَمِنْهُ فُرُشٌ مَّرْفُوْعَةٌ - اَیْ شَرِیْفَةٌ وَلَدَیَّ فِیْ صُحُفٍ مُّکَرَّمَةٍ مَّرْفُوْعَةٍ

یعنے جن گھروں کے بلند کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اذن دیا ہے ۔ زجاج اس آیت کے متعلق کہتا ہے کہ جس نے کہا کہ اس کے معنے یہ ہیں کہ عظمت والے بنا دئے جائیں ۔

اور یہی معنے فرش مرفوعہ کے ہیں یعنے شرف فرش اور ایسا ہی صحف مکرمۃ مرفوعۃ میں مرفوعۃ کے معنے معظم و مشرف ہیں ۔

(۳) صراح جلد ۲ ۔ رفع ۔ نزدیک گردانیدن کسے را بکسے صِلَۃُ بِاِلٰی یعنے جب صلہ الی رفع کے بعد واقع ہو تو ایک شے کا دوسری شے کے نزدیک کر دینے کے معنے ہوتے ہیں وَمِنْ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ رَفَعْتُهٗ اِلَی السُّلْطَانِ ۔ اور اسی ذیل میں ہے مینے اُسکو سلطان کا مقرب کر دیا ۔

(۴) قاموس ۔ رَجُلٌ رَفِیْعٌ - رَجُلٌ شَرِیْفٌ وَالرَّافِعُ مِنْ اَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰی هُوَ الَّذِیْ یَرْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ بِالْاِسْعَادِ وَاَوْلِیَاءَهٗ بِالتَّقَرُّبِ ۔

یعنے بلند پایہ کا آدمی شریف آدمی ۔ اور الرافع اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے یعنے خدا وہ ذات ہے ۔ جو مومنوں کو سعادت اور اولیاء کو تقرب سے بلند کرتا ہے ۔

(۵) اقرب الموارد جلد ۱ صفحہ ۴۱۸ ۔ رَفَعَهٗ اِلَی السُّلْطَانِ قَرَّبَهٗ

یعنے اُس نے سلطان کا مقرب کر دیا ۔

(۶) منتہی الارب جلد ۲ صفحہ ۱۷۰۔ رَفَعْتُکَ اِلَی السُّلْطَانِ رُفْعَانًا اَیْ قُرْبَۃً

یعنے میں نے اُسکو سلطان کا مقرب کر دیا۔ اَلرَّافِعُ قریب گرداننده۔ رافع کے معنے قریب کرنیوالا +

(۷) اساس البلاغت میں لکھا ہے رَفَعَ فَارْتَفَعَ وَرَفَعَہٗ وَرَافَعَ فَھُوَ رَفِیْعٌ وَفِیْہِ رِفْعَۃٌ

یعنی جب رفع کہا جائے۔ تو معنی یہ ہوتے ہیں کہ وہ رفع جس میں رفعت ہو یعنی بلندی درجات

(۸) صحاح جوھری۔ جلد ۱ صفحہ ۵۹۴ اَلرَّفْعُ تَقْرِیْبُکَ الشَّیْءَ وَقَوْلُہٗ تَعَالٰی وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَۃٍ قَالُوْا مُقَرَّبَۃٌ لَھُمْ وَمِنْ ذٰلِکَ رَفَعْتُہٗ اِلَی السُّلْطَانِ

یعنے رفع کے معنے تجھ کو کسی چیز سے قریب کرنا جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فرش شاندار ہونگے اور اس بناء پر رَفَعْتُہٗ اِلَی السُّلْطَانِ کے معنے میں نے اُسکو بادشاہ کا مقرب کر دیا +

اِن تمام لغت کی کتابوں سے ظاہر ہے کہ رفع میں بلندی مراتب مراد ہوتی ہے اور خاصکر جب لفظ رفع کے بعد الی کا صلہ آئے تو بجز تقرب کے اور کوئی معنے نہیں آتے جیسے نظائر بالا سے ظاہر ہے۔ جب تمام موقعوں پر قرآن شریف میں حضرت مسیح کی نسبت وَرَافِعُکَ اِلَیَّ اور بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ آیا ہے یعنی رفع کے بعد صلہ الی ہی استعمال کیا گیا ہے تو پھر یہاں لغت کے معانی سے باہر قدم رکھنا اور اپنے من گھڑت معنے لینا کہاں تک صحیح ہو سکتا ہے۔ لغت نے تو قاعدہ باندھ دیا۔ کہ جب رفع الی کے صلہ کے ساتھ آئے وہاں تقرب ہی کے معنے ہونگے۔ ایسی حالت میں علماء کی عقل اور فہم پر افسوس آتا کہ کیونکر وہ یہاں سے آسمان کے معنے لیتے ہیں کیا اللہ تعالیٰ دوسرے یا چوتھے آسمان پر بیٹھا ہے جیسے کہ مسیح علیہ السلام کا بعض روایات کے رو سے دوسرے آسمان پر اور بعض روایات کے رو سے چوتھے آسمان پر مسکن گزیں ہونا مذکور ہے۔ اللہ تعالیٰ تو مجسم اور صاحب مکان ہی نہیں تو پھر علماء کا ایسا خیال کرنا بجز نادانی اور کیا ہو سکتا ہے ورنہ آیات مذکورہ کے بجز تقرب الی اللہ اور کوئی معنی ثابت نہیں ہوتے +

مسیح کے آسمان پر ماننے سے بہت سے اعتراض ہوتے ہیں جنکا حل مشکل ہے

اگر ہم بفرض محال مان بھی لیں کہ مسیح آسمان پر چلا گیا تو اُس پر جسقدر اعتراضات

وارد ہوتے ہیں اُن کا کوئی جواب نہیں ہو سکتا +

(۱) اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ کے خلاف ہے کیونکہ جب یہ دنیا ہی آخرت کے لئے بمنزلہ مزرعہ قرار دی گئی ہے۔ تو مسیح علیہ السلام کا کس قدر نقصان ہے۔ کہ وہ بیکار اور معطل چھوڑ دئے گئے ہیں اور قیامت میں بمقابلہ دیگر انبیاء وہ کیا رتبہ پا سکتے ہیں +

(۲) انبیاء کا کام صرف تبلیغ احکام ہوتا ہے اور جب وہ تکمیل تبلیغ کر چکتے ہیں۔ تو زمین سے اُٹھائے جاتے ہیں۔ لیکن مسیح نے اپنے وقت میں تکمیل تبلیغ نہیں کی اور ابتک اس خدمت کے سرانجام دینے سے پہلوتہی کر رہے ہیں تو کیونکر عدم تعمیل تبلیغ کے الزام سے بچ سکتے ہیں +

(۳) اگر اُن یہودیوں کے خوف سے بچ کر چلے گئے ہیں جو اُن کے خون کے پیاسے تھے لیکن اب تو ۱۹۰۰ برس سے زائد ہو گئے اور اُن یہودیوں کا نام و نشان نہیں رہا اور جو اُن کی ذریت سے باقی ہیں وہ ضُرِبَتْ عَلَیْھِمُ الذِّلَّۃُ وَالْمَسْکَنَۃُ کے مصداق ہیں پھر کیا وجہ ہے کہ نہیں آتے +

(۴) اس آسمان پر جانے کے عقیدے نے دُنیا میں کس قدر فتور ڈالا ہے کہ کروڑوں مخلوقاتِ خدا شرک میں داخل ہو گئی اور اُن کو خدا یا خدا کا بیٹا مان بیٹھی یہ بالکل خدا کی منشا کے خلاف ہے +

(۵) مسیح علیہ السلام کا کہنا وَجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا اَیْنَ مَا کُنْتُ بھی غلط ثابت ہوا جاتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مبارکاً کے معنے نفّاعاً کے کئے ہیں اور مسیح کا آسمان پر نفع پہنچانا مفقود ہے +

جس کی تصدیق ذیل کی روایات سے ہوتی ہے +

(۱) ابن جریر طبری نے بھی زیر آیۃ وَجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا اَیْنَ مَا کُنْتُ کی نسبت فرمایا +

وَجَعَلَنِیْ نَفَّاعًا۔ وَقَالَ آخَرُوْنَ مَعْنٰی ذٰلِکَ مُعَلِّمُ الْخَیْرِ	اور مجھے بڑا نفع پہنچانے والا بنایا اور دیگر بزرگان کہتے ہیں کہ مبارکاً کے معنے نیکیوں کا تعلیم کرنیوالا + دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۱۶ صفحہ ۱۵

(۲) ایسا ہی تفسیر بحر محیط میں زیر آیۃ وَجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا لکھا ہے +

وَجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا قَالَ مُجَاھِدٌ نَفَّاعًا وَقَالَ سُفْیَانُ مُعَلِّمُ مُعَلِّمُ خَیْرٍ +

مجاہد نے مبارکا کے معنے نفاعا یعنے بڑا نفع پہنچانے والا اور سفیان نے اُس کے معنے معلم خیر یعنے نیکیوں کا سکھلانے والا کئے ہیں۔ دیکھو بحر محیط جلد ۶ صفحہ ۱۸۷ +

(۶) جیسا اُن کے آسمان پر جانے میں نقصان ہے ویسا ہی بلکہ اُس سے بڑھکر دوبارہ آنے میں نقصان ہے۔ کیونکہ اب وہ اُن زبانوں سے واقف نہیں۔ جو اس وقت دنیا میں رائج ہیں اور جب وہ گئے تھے تو اُن کی زبان مادری عبرانی تھی اور اب عبرانی مُردہ زبانوں میں داخل ہے۔ کیونکہ روئے زمین پر یہ زبان اب نہیں بولی جاتی۔ لہذا اُن کا آنا اور نہ آنا برابر ہے +

(۷) جب تک کوئی آدمی اپنی قوم میں رہکر اُن کے عادات اُن کے اخلاق اور اُن کے جمیع حالات سے آگاہ نہ ہو تب تک وہ اُن کی کسی قسم کی اصلاح نہیں کر سکتا۔ اب مسیح کو ۱۹۰۰ برس سے زائد ہو گئے دُنیا نے اس عرصہ میں اس قدر پلٹا کھایا ہے کہ گویا کایا ہی پلٹ ہو گئی ہے تو کیونکر اُن سے اس خدمت کا سرانجام ہو سکتا ہے +

(۸) جب وہ بقول علماء زمان فرشتہ خصلت ہو گئے اور شہوات نفسانیہ سے بالکل پاک و صاف ہو گئے اور وہ کھانے پینے کے محتاج نہیں رہے تو اب دوبارہ آنے میں اُن کو کس قدر مشکلات ہونگی۔ کیونکہ یہاں کی آب و ہوا کا خاصہ ہے کہ جب تک کھایا پیا نہ جائے انسان زندہ نہیں رہ سکتا تو پھر مسیح کس طرح زندہ رہینگے اور اگر کھانے کو کھانے بھی مل گئے تو بھی اُن کو مشکل پیش آئیگی کیونکہ جب وہ ۱۹ سو برس سے بالکل کھانے پینے کے عادی نہیں رہے تو اُنکے قوائے خاصکر معدہ تو بالکل بیکار ہو گیا ہوگا وہ کیونکر ہضم اشیاء کر سکینگے۔ ہر حالت میں اُن کو مصیبت ہی مصیبت ہے شاید اُن کے لئے آسمان سے کھانے پک کر آیا کرینگے۔ تو کوئی صورت زندگی نکل آئے۔ مگر وہ کھانے بھی یہاں کی آب و ہوا کے مناسب حال کیونکر ہو سکتے ہیں وہاں کی آب و ہوا اور یہاں کی آب و ہوا اور۔ غرض ہر طرح فساد ہی فساد ہے +

(۹) جس انسان کی بزدلی اظہر من الشمس ہو جائے وہ کبھی بھی دنیا میں عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھا جا سکتا۔ جب مسیح اپنے زمانہ تبلیغ میں ایسے بزدل ثابت ہوئے کہ زمین پر نہیں

بلکہ دوسرے یا چوتھے آسمان پر جا براجے اور اب تک ادھر رخ بھی نہیں کر سکتے تو اب آئندہ اُن سے کیا توقع ہو سکتی ہے +

(۱۰) آسمان پر جانے سے اُن کو کیا عزت ملی۔ نبوت بھی ہاتھ سے گئی کیونکہ اب بقول بعض علماء زمان اُمتی ہنکر آئینگا۔ اور وجہ اس قصور کی نامعلوم۔ ورنہ اتنی بڑی نعمت سے جو الوہیت سے دوسرے درجہ پر ہے۔ کیوں محروم کیا جاتا +

(۱۱) اگر کوئی یہ کہے کہ مسیح جب اُمتی ہو کر آئینگے تو اُن کی عزت میں کوئی فرق نہیں آسکتا کیونکہ امت محمدیہ کے افراد کامرتبہ نبیوں سے کم نہیں سو اُسکا جواب یہ ہے کہ یہ بالکل غلط ہے اور بے بنیاد بات ہے کیونکہ نبوت کے درجہ سے کوئی اور درجہ ممکن ہی نہیں جو بڑھکر ہو۔ اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ نبوت سے بڑھکر کوئی درجہ نہیں چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ذیل سے اِس کی تصدیق ہوتی ہے +

اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ خَيْرُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَخَيْرُ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَخَيْرُ اَهْلِ الْاَرْضِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ۔ رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْكُنٰى وَابْنُ عَدِيٍّ وَالْخَطِيْبُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ +

حاکم نے کنی میں اور ابن عدی اور خطیب نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ ابوبکر اور عمر سوائے نبیوں اور رسولوں کے تمام اولین اور آخرین اور اہل سماوات اور اہل ارض سے بہتر ہیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴۱

اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ اگر اُمتی کا درجہ نبوت سے بڑھکر ہوتا تو حضرت ابوبکر و عمر کو رسولوں اور نبیوں سے کم کیوں بتایا گیا +

دوسری روایت میں ہے +

اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ سَيِّدَا كُهُوْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ عَنْ عَلِيٍّ وَغَيْرِهٖ وَغَيْرِهٖ

احمد بن حنبل و ترمذی و ابن ماجہ و دیگر کثیر التعداد محدثین علی رضی اللہ عنہ و دیگر صحابہ سے روایت کرتے ہیں کہ ابوبکر اور عمر نبیوں اور رسولوں کے سوا کل اولین و آخرین میں جو ادھیڑ لوگ جنت میں ہیں اُن کے سردار ہونگے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴۲ +

اب اِن روایات سے بخوبی معلوم ہوگیا کہ نبیوں اور رسوں کا درجہ بڑھکر ہے جب حضرت عیسیٰ نبوت کے درجہ سے محروم کیے گئے تو ابوبکر اور عمر کے درجہ سے تو بہرحال گر گئے اور اور خدا جانے اور کتنے لوگوں سے کم ہونگے +

ایک تیسری روایت اس امر کی اور بھی وضاحت کرتی ہے +

خَيْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا اَبُوْبَكْرٍ وَ عُمَرُ رَوَاهُ اِبْنُ عَسَاكِرَ عَنْ عَلِيٍّ	ابن عساکر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اپنے نبی کے بعد اس امت میں ابوبکر اور عمر سے بڑھکر کوئی نہیں +

یا تو حضرت عیسےٰ ایک اولوالعزم نبی یا اب امت محمدیہ کے افراد سے بھی گرا دیا گیا یہ اُسکی کیسی بے عزتی ہے اور پھر بلا قصور نبوت چھین لی گئی حالانکہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسےٰ کے بارے میں فرمایا ہے

خِيَارُ وُلْدِ آدَمَ خَمْسَةٌ نُوْحٌ وَ اِبْرَاهِيْمُ وَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰى وَ مُحَمَّدٌ وَ خَيْرُهُمْ مُحَمَّدٌ رَوَاهُ اِبْنُ عَسَاكِرَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ	ابن عساکر حضرت ابوہریرہ سے بیان کرتے ہیں کہ آدم کی اولاد میں سے سب سے بڑھکر پانچ اولاد ہیں ایک نوح دوسرے ابراہیم تیسرے موسےٰ چوتھے عیسیٰ پانچویں محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین اور سب سے بہتر محمد ہی +

اب اس روایت سے صاف ظاہر ہوگیا نبوت سے خالی کرنا اُن کی سخت توہین اور حدیث اخراالذکر کے رو سے خلاف بیانی ہے

(۱۲) جب کوئی خدا کی طرف سے نبی ہوکر آتا ہے تو خدا کا خوف لوگوں کے دلوں میں مستولی ہوتا ہے کیونکہ خدا کے نبی کے ساتھ مقابلہ کرنا خطرناک امر ہوتا ہے لیکن مسیح سے اپنے زمانہ نبوت میں بھی لوگ نہیں ڈرے بلکہ بقول علماء زمان اُن کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے تھے اور اسی واسطے اُن کو دوسرے یا چوتھے آسمان پر بھاگنا پڑا اور تبلیغ کے کام کو پس پشت ڈال گئے اور اب زائد از ۱۹۰۰ سال ہو گئے اِدھر آنیکا رُخ بھی نہیں کرتے تو اب جبکہ وہ معمولی امتی بنکر آئیگا۔ تو اب اُس کی کون مانیگا +

(۱۳) اگر آسمان پر جانا کوئی فضیلت کی بات تھی تو کیوں سب نبیوں نے خواہش نہیں کی کیونکہ جس طرح حضرت عیسےٰ کو لوگوں نے ستایا اسی طرح تمام انبیاء کے ساتھ حال ہوا بلکہ

حضرت مسیح سے بھی زیادہ بُری طرح ستائے گئے +

(۱۴) اگر درجہ امت محمدیہ مرتبہ نبوت سے افضل تھا تو پھر کل انبیاء سابقین کا کیا تصور ہے کہ اُن کو امت محمدیہ میں داخل کرنے کے لئے دوبارہ نہیں بُلایا گیا۔ مسیح کو کیوں خصوصیت دیجاتی ہے فَتَدَبَّرُوا یَا اُولِی الْاَبْصَار +

(۱۵) کیا امتِ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی اصلاح بجز حضرت مسیح علیہ السلام کے نہیں ہوسکتی تھی۔ میرے خیال میں ایسا خیال کرنا خود فخر بنی آدم خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی سخت توہین ہے کہ آپ کی قوتِ قدسیہ اتنی بھی نہ تھی کہ اُسکی اُمت کی اصلاح کے لئے اُسکی امت میں سے کوئی قابلِ قدر انسان نہیں تھا اور اسی واسطے بنی اسرائیل کے خاندان سے ایک نبی کو اصلاحِ امتِ محمدیہ کیلئے ۱۹ سو برس کے بعد طلب کیا جانا ضروری سمجھا گیا حالانکہ قوتِ قدسیہ اُنکی اپنے زمانہ دعوت میں قریباً فیل ہو چکی تھی پھر ایسا نبی ہمیں کیا افاضہ کرسکتا ہے +

مسیح ناصری علیہ السلام اُمتی بنکر نہیں آسکتے

(۱) یہ بات بھی غلط ہے کہ مسیح ناصری علیہ السلام اُمتی بنکر آئینگے کسی حدیث سے ثابت نہیں بلکہ برخلاف اس کے میرے بیان کی تائید ذیل کے قول سے ہوتی ہے جو یواقیت والجواہر میں ہے +

وَقَالَ الشَّیْخُ کَمَالُ الدِّیْنِ بْنُ اَبِی شَرِیْفٍ فِیْ حَاشِیَتِہِ الَّذِیْ بِخَطِّہٖ اَنَّ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ لَا یُعَدُّ مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَنَّہٗ غَیْرُ دَاخِلٍ فِیْ دَعْوَتِہٖ فَلَمْ یَکُنْ مِنْ اُمَّۃِ الدَّعْوَۃِ وَلَا مِنْ اُمَّۃِ الْمِلَّۃِ

شیخ کمال الدین بن ابی شریف کے ایک حاشیہ سے جو اُنہوں نے لکھا ہے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام امتِ محمدیہ میں شمار نہیں ہوسکتے کیونکہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دعوت میں شامل نہیں ہوئے اور نہ وہ اس امت کی ملت میں داخل ہیں۔ دیکھو یواقیت والجواہر امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ صفحہ ۶۵۔ اب اس بزرگ کی کلام سے واضح ہے کہ مسیح اس امت میں کسی طرح بھی شمار نہیں ہوسکتے پھر علماء کس مُنہہ سے کہتے ہیں کہ امتی ہوکر آئیگا +

(۲) عقائد الاسلام میں لکھا ہے +

کوئی نبی اپنی نبوت سے معزول نہیں ہوا کیونکہ اللہ علیم وحکیم کو ہر چیز کا ابتدا اور انجام معلوم ہے پس وہ کسی ایسے شخص نالیاقت کو یہہ بڑا رتبہ کیوں دیگا کہ وہ آخر کسی امر ناملایم کا مرتکب ہوکر اُس مرتبہ عالیہ سے معزول کیا جاوے۔ دیکھو عقائد الاسلام مصنفہ ابو محمد عبدالحق دہلوی مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی +

(۳) حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی فرماتے ہیں +

اور معزول ہونا نبی کا نبوت سے محال ہے پھر خاتم النبیین کس طرح ہوتے۔ یعنے اگر مسیح علیہ السلام کی نسبت یہہ تسلیم کرلیں کہ وہ نبوت سے معزول ہوکر اُمتی بنکر آئیگا تو یہہ امر تو محال اور ناممکن ہے اور اگر وہ بحیثیت نبی آئیگا تو یہہ بھی محال ہے کیونکہ حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین نہیں ٹھہر سکتے۔ پس اِن تمام حالات سے واضح ہوگیا کہ حضرت مسیح کی نسبت جن نااہل علماء کا خیال ہے کہ وہ نبوت سے معزول ہوکر محض اُمتی بنکر آئیگا سراسر غلط ہے +

شعبہ چہارم لفظ رفع اور تفاسیر

رفع کے لفظ پر مفسرین نے بھی اتفاق نہیں کیا۔ اگر اُن کے پاس حضرت مسیح کے زندہ آسمان پر جانے کی کوئی پختہ اور یقینی دلیل ہوتی تو پھر وہ اور معنے کیوں کرتے چنانچہ ہم ذیل میں چند مفسرین کی آرا ئے بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ پر دکھاتے ہیں +

(۱) تفسیر بحر الحقائق میں شیخ نجم الدین رازی آیت مذکورہ بالا کے معنے اَنْعَمَ عَلَيْهِ بِالْاِفَاضَةِ مِمَّا لَدَيْهِ یعنے اپنے پاس سے اللہ تعالیٰ نے اُس پر فیض روحانی کا انعام کیا۔ اور زیر آیت رَافِعُكَ اِلَيَّ کے لکھا ہے جَذَبَاتِ الْعِنَايَةِ یعنے جذبات عنایت کی طرف لیجاوینگے +

(۲) تفسیر جامع البیان کے صفحہ ۵۲ پر زیر آیہ رَافِعُكَ اِلَيَّ سید معین صاحب لکھتے ہیں رَافِعُكَ اِلَى الْمَحَلِّ الْكَرَامَةِ یعنے میں اپنے بزرگی کے مقام پر تجھے اُٹھا نیوالا ہوں

(۳) تفسیر کشاف جلد ا صفحہ ۲۰۶۔ زیر آیہ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ صاحب کشاف لکھتے ہیں وَرَافِعُكَ اِلٰى سَمَائِيْ وَمَقَرِّ مَلَائِكَتِيْ یعنے اپنے سما اور اپنے فرشتوں کی مقام

پر تجھے لیجانے والا ہوں۔ اور یہ بعد طبعی موت کے ہوگا +

(۴) تفسیر مدارک میں بھی یہی الفاظ ہیں۔ یعنے طبعی موت کے بعد اللہ تعالیٰ کے قرب میں فرشتوں کے مقام پر اُٹھانے کا وعدہ ہے +

(۵) تفسیر مجمع البیان میں ابو جعفر محمد بن حسن طوسی زیر آیۃ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ لکھتے ہیں مَعْنَاهُ رَافِعُكَ إِلَى كَرَامَتِي كَمَا قَالَ حِكَايَةً عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَى رَبِّي سَيَهْدِينِ ط یعنے میں تجھے اپنے عزت اور بزرگی کے مقام پر اُٹھاؤنگا جیسے حکایتاً حضرت ابراہیمؑ کہتے ہیں میں اپنے رب کی طرف جاتا ہوں وہ میری رہنمائی کریگا

(۶) سید احمد خان صاحب اپنی تفسیر کی جلد ۲ میں بہ صفحہ ۴۷ زیر آیۃ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ إِلَيْهِ یوں لکھتے ہیں رفع کا لفظ یہاں آیا ہے جس سے حضرت عیسےٰ کی قدر و منزلت کا اظہار مقصود ہے۔ نہ یہ کہ اُن کے جسم کو اُٹھایا گیا +

(۷) تفسیر روح البیان جلد ۱ صفحہ ۳۳۱ میں شیخ اسمٰعیل زیر آیت وَرَافِعُكَ إِلَيَّ لکھتے ہیں وَرَافِعُكَ الْآنَ إِلَى مَحَلِّ كَرَامَتِي وَمَقَرِّ مَلَائِكَتِي وَجَعَلَ ذٰلِكَ رَفْعًا إِلَيْهِ لِلتَّعْظِيمِ یعنے میں اب تجھے بعد موت اپنی عزت کے مقام اور قرارگاہ فرشتگان اُٹھاؤنگا اور اپنی طرف بولنا تعظیم اور عظمت کے لئے ہے +

(۸) شیخ احمد صادی مالکی جلالین کے حاشیہ میں زیر آیۃ رَافِعُكَ إِلَيَّ کہتے ہیں أَيْ إِلَى كَرَامَتِي وَأَهْلِ قُرْبِي یعنے اپنے اہل قرب اور بزرگی کے مقام پر تجھ کو اُٹھانے والا ہوں +

اور پھر وہی بزرگ زیر آیۃ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ إِلَيْهِ لکھتے ہیں۔ أَيْ مَحَلَّ رِضَاهُ وَإِنْفَاذِ حُكْمِهِ یعنے اپنے رضا اور حکم کے نفوذ و مقام پر اُٹھا لیا +

(۹) تفسیر کبیر جلد ۲ صفحہ ۶۸۹ زیر آیۃ بالا یوں لکھا ہے +

قَالَ أَبُوبَكْرٍ الْوَاسِطِيُّ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَذٰلِكَ لِأَنَّ مَنْ لَّمْ يَصِرْ فَانِيًا عَمَّا سِوَى اللّٰهِ لَا يَكُونُ لَهُ وُصُولٌ إِلَى مُقَامِ مَعْرِفَةِ اللّٰهِ

ابوبکر واسطی کہتے ہیں کہ اسواسطے رَافِعُكَ إِلَيَّ کہا کہ جب تک انسان ماسوی اللہ سے فانی نہ ہوجائے تو اُس کو معرفت اللہ کے مقام تک پہنچنے کی توفیق نہیں مل سکتی +

(۱۰) پھر تفسیر کبیر صفحہ ۶۹ میں ہے +

وَرَافِعُكَ اِلَيَّ - اَیْ وَرَافِعُ عَمَلَكَ اِلَيَّ وَهُوَ كَقَوْلِهٖ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْمُرَادُ مِنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اَنَّهٗ تَعَالٰى بَشَّرَهٗ بِقَبُوْلِ طَاعَتِهٖ وَاَعْمَالِهٖ وَعَرَّفَهٗ اَنَّ مَا يَصِلُ اِلَيْهِ مِنَ الْمَتَاعِبِ وَالْمَشَاقِّ فِيْ تَمْشِيَةِ دِيْنِهٖ وَاِظْهَارِ شَرِيْعَتِهٖ مِنَ الْاَعْدَاءِ فَهُوَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَهٗ وَلَا يُعْدِمُ ثَوَابًا +

میں تیرے عملوں کو اُٹھا لونگا جیسے اللہ تعالےٰ کے قول سے ثابت ہے اللہ ہی کیطرف پاک کلمات بلند ہوتے ہیں۔ اور اس آیۃ کی مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسےٰ کو اُس کی عبادت اور اعمال کی قبولیت اور اس امر کی اطلاع دی کہ جو کچھ دین کے پہنچانے اور شریعت کے اظہار میں اُس کو تکلیفیں اور مشقتیں دشمنانِ دین کی طرف سے پہنچی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کا اجر ضائع نہیں کریگا اور نہ ثواب کو کالعدم کریگا +

(۱۱) تفسیر کبیر صفحہ ۶۹ - وَاعْلَمْ اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ تَدُلُّ عَلٰى اَنَّ رَفْعَهٗ فِيْ قَوْلِهٖ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ هُوَ الرِّفْعَةُ بِالدَّرَجَةِ وَالْمَنْقَبَةِ لَا بِالْمَكَانِ وَالْجِهَةِ +

اور معلوم رہے کہ یہہ آیت اِس بات پر دلالت کرتی ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا رفع جو رَافِعُكَ اِلَيَّ میں ہے اُس سے مراد رفعِ درجات اور منقبت ہے۔ مکان اور جہت کا رفع مراد نہیں ہے +

(۱۲) تفسیر ابوسعود میں صفحہ ۶۹ زیر آیۃ بالا لکھا ہے

رَافِعُكَ اِلٰى مَحَلِّ كَرَامَتِيْ وَمَقَرِّ مَلَائِكَتِيْ

یعنے میں تجھے عزت کے مقام اور فرشتوں کے جائے قرار پر لیجاؤنگا +

(۱۳) تفسیر لطائف القرآن قسطلی میں یوں لکھا ہے +

بَلْ رَفَعَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اِيْصَالَ رُوْحِهٖ عِنْدَ الْمُفَارَقَةِ عَنِ الْعَالَمِ السِّفْلِيِّ بِالْعَالَمِ الْعُلْوِيِّ وَكَوْنُهٗ فِي السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ اِشَارَةٌ اِلٰى اَنَّ مَصْدَرَ فَيَضَانِ رُوْحِهٖ رُوْحَانِيَّةُ كُلِّ الشَّمْسِ

بلکہ عیسیٰ علیہ السلام کے رفع سے مراد عالم سفلی سے عالم علوی کی طرف اُس کے روح کا مفارقت کرکے جانا ہے۔ اور اُس کا چوتھے آسمان پر ہونا اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اُس کی روح کے فیضان کا مقام

اَلَّذِیْ هُوَ بِمَثَابَةِ قَلْبِ الْعَالَمِ وَمَرْجَعُهٗ اِلَیْهِ وَتِلْكَ الرُّوْحَانِیَّةُ نُوْرٌ یُحَرِّكُ ذٰلِكَ الْفَلَكَ بِمَعْشُوْقِیَّةٍ وَاِشْرَاقِ اَشِعَّتِهٖ عَلٰی نَفْسِهِ الْمُبَاشِرَةِ لِتَحْرِیْكِهٖ وَلَمَّا كَانَ مَرْجَعُهٗ اِلٰی مَقَرِّهِ الْاَصْلِیِّ وَلَمْ یَصِلْ اِلَی الْكَمَالِ الْحَقِیْقِیِّ وَجَبَ نُزُوْلُهٗ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ مُتَعَلِّقَةً بِبَدَنٍ اٰخَرَ +	فلک الشمس کی روحانیت ہے جو عالم کے قلب کی بازگشت اور مرجع ہو اور وہ روحانیت ایک نور ہے جو اپنی معشوقیت سے اُس فلک کو تحریک دیتا ہے اور اُس کی شعاعوں کی چمک اُس کے نفس مباشر پر اُس کی تحریک کے لئے ہے اور جبکہ اُس کا مرجع اپنی اصلی جائے قرار کی طرف ہے اور وہ کمال حقیقی تک نہیں پہنچا۔ اِس لئے آخری زمانہ میں اُسکا

نزول دوسرے بدن کے ساتھ ہونا واجب ہے +

(۱۴) ایسا ہی تفسیر ابن عربی میں لکھا ہے۔ جو دوسرے مقام پر درج ہو چکا ہے +

(۱۵) مولوی ثناء اللہ امرتسری بھی مسیح علیہ السلام کے بجسدہ العنصری آسمان پر جانیکا قایل نہیں چنانچہ وہ لکھتا ہے + حضرت عیسیٰ کے آسمان پر جانے سے بھی یہی مراد ہے کہ وہ محفوظ جگہ جا پہنچے اس سے بھی خدا کا محدود المکان ہونا کیونکر لازم آیا۔ دیکھو ترک اسلام مطبوعہ مطبع اہلِ حدیث امرتسر ۱۹۰۳ء +

چونکہ رفع پر پہلے بہت بحث ہو چکی ہے لہذا ہم زیادہ تفاسیر کے حوالے موجب طوالت سمجھتے ہیں۔ اور ہم اسی پر اکتفا کر کے اتنا لکھنا ضروری خیال کرتے ہیں۔ کہ باوجود اسقدر اختلافات کے جو تفاسیر قرآن شریف میں ہیں ہم اِن تمام امور کو نظر انداز کر کے ناظرین کو توجہ دلاتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کی نسبت تمام اقوام کا یہی عقیدہ ہے کہ اُس کا نہ کوئی مکان ہے اور نہ اُس کے لئے کوئی جہت ہے۔ تو پھر معمولی سمجھ کا انسان بھی ذرہ سا فکر کرنے سے سمجھ سکتا ہے کہ رَافِعُكَ اِلَیَّ اور بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ میں کیوں آسمان جو ایک مکان ہے اور نیز ہندی جو ایک جہت ہے خدا تعالیٰ کے لئے تجویز کئے جاتے ہیں۔ یہاں اللہ تعالیٰ نے اِلَی السَّمَآءِ نہیں کہا اِلَیَّ کہا تو خدا تعالیٰ کو آسمان پر بیٹھا ہوا تسلیم کرنا کیا معنے رکھتا ہے۔ اے علماء وقت ذرہ خدا کا خوف کرو اور برائے خدا تھوڑی دیر کے لئے عقل کو تھام کر سوچو کہ اللہ تعالیٰ نے تو حضرت مسیح کی نسبت رَافِعُكَ اِلَیَّ کہا ہے یعنے اپنی طرف اُٹھانے والا ہوں اور رَافِعُكَ اِلَی

السّماءِ نہیں کہا۔ اب اس امر کا ثبوت آپ کے ذمہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمان پر اور بالخصوص دوسرے آسمان پر نشستگاہ رکھتا ہے کیونکہ اکثر مسلمانوں کا عقیدہ یہی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام دوسرے آسمان پر ہیں اور معراج کی حدیث بھی ایسا ہی تصدیق کرتی ہے لہٰذا ضروری ماننا پڑیگا کہ اللہ تعالیٰ بھی دوسرے آسمان پر رہتا ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یَصِفُوْنَ۔ اللہ تعالیٰ تو مکان اور جہت سے پاک ہے۔ یہ آپ لوگوں کا عقیدہ ہے جو سراسر غلط اور دور از قیاس ہے اور جو محض قلتِ تدبر کی وجہ سے گھڑ لیا گیا ہے۔ ورنہ یہ پیار کے الفاظ تو صریح قربُ الی اللہ کی خوشبو دے رہے ہیں کیونکہ یہ الفاظ لغت کی نفی کر رہے ہیں۔ اے عزیز و سوچو اور غور کرو۔ یہ تو ایک محاورہ ہے جو تکریم اور تعظیم کے موقع پر بولا جاتا ہے کیا تم اسی قسم کے محاورات قرآن شریف اور احادیث اور کلام فصحاءِ عرب میں نہیں دیکھتے۔ چنانچہ قرآن شریف شاہد ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تھا اِنِّیْ ذَاھِبٌ اِلٰی رَبِّیْ یعنے میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں تو کیا اس سے یہ مراد ہے کہ حضرت ابراہیم عین اُسی جگہ پر جہاں اللہ رہتا ہے چلے گئے تھے۔ کیا تم کوئی مکان جانتے ہو جہاں اللہ تعالیٰ رہتا ہے اور جہاں حضرت ابراہیم بحالانکہ حضرت ابراہیم عراق سے شام تک گئے تھے تو کیا اس سے یہی سمجھ لوگے کہ اللہ تعالیٰ اسوقت شام میں مقیم تھا فَاعْتَبِرُوْا یٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ۔ ایسا ہی کلام عرب میں آتا ہے وَقَدْ یَقُوْلُ السُّلْطَانُ اِرْفَعُوْا ھٰذَا الْاَمْرَ اِلَی الْقَاضِیْ یعنے بادشاہ کہا کرتا ہے کہ اس امر کو قاضی کے ہاں پیش کرو۔ کیا اس رفع سے یہی سمجھ لوگے کہ قاضی کسی آسمان پر ہے وہاں اُس کے پاس اس امر کو اُٹھا کر لیجاؤ کیا تم نہیں دیکھتے۔ حاجیوں کی نسبت یہ مثل مشہور ہے اَلْحُجَّاجُ زُوَّارُ اللّٰہِ یعنے حاجی لوگ اللہ تعالیٰ کی زیارت کرنے والے ہیں۔ اس سے تم یہی سمجھا کرتے ہو کہ اُنہوں نے اللہ تعالیٰ کو ان آنکھوں سے دیکھ لیا ہے جو اُن کو دی گئی ہیں اور جیسے دوست دوسرے دوست سے بوقت ملاقات بغل گیر ہوتے ہیں ایسا ہی حاجی بھی اللہ تعالیٰ سے بغل گیر ہوتے ہیں؟ اسی طرح یہ مثل عام مشہور ہے اَلْجِیْرَانُ جِیْرَانُ اللّٰہِ یعنے مجاور اللہ تعالیٰ کے ہمسایہ ہیں۔ کیا اس سے یہ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی مکان میں رہتا ہے اور اُس کے پڑوس میں اور لوگ رہتے ہیں جس کی وجہ سے وہ اللہ

تعالیٰ کے ہمسایہ کہلاتے ہیں۔ حاشا وکلّا۔ ایسا ہرگز نہیں اور نہ تم ایسا مانتے ہو تو پھر یہاں رَافِعُكَ اِلَیَّ اور بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ میں کیوں عقل سے کام نہیں لیتے مانا کہ تمہیں حضرت مسیح سے خاص اُنس ہے۔ مگر ذرہ خدا کے لئے تدبر تو کرو۔ ایسی محبت سے تو اللہ تعالیٰ کے کلام کی تکذیب۔ خود اللہ تعالیٰ کی توہین۔ خاتم النبیین کی اہانت۔ خود حضرت مسیح کی بے حرمتی ہوئی جاتی ہے۔ اِس عقیدہ میں تم میں اور عیسائیوں میں کیا فرق ہے۔ اے عزیز یہ عقیدہ تمہارا تو میرے خیال میں ایک بڑا تبر ہے جو اسلام کے درخت کی جڑ کاٹنا چاہتا ہے اس سے باز آؤ تا تم نجات اُخروی پاؤ۔ ورنہ اس گندے عقیدے کی موجودگی میں جو تم خدا کے حضور ساتھ لیجاؤ گے تم کو بجز دستِ تاسف ملنے اور دانت پیسنے کے اور کچھ حاصل نہ ہوگا

فصل سانویں

در بارہ معراج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اگر مان لیا جائے کہ رَفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ کے معنے قرب الٰہی اللہ کے ہیں اور یہ بھی تسلیم کر لیا جائے کہ عیسےٰ علیہ السلام آسمان پر نہیں گئے اور نہ جا سکتے تھے تو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا شبِ معراج کو جسم عنصری کے ساتھ آسمانوں پر جانا جو مشہور ہے اُس کے کیا معنے ہوئے۔ کون شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج سے انکار کر سکتا ہے جبکہ بالاجماع یہ امر مسلم ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلوات اللہ وسلامہ کو خدا تعالیٰ نے بذریعہ بُراق زمین و آسمان اور دوزخ اور بہشت کی سیر کرائی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء علیہم السلام سے ملاقات فرمائی۔ جب یہ امر واقعہ ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان پر جانا نہ مانا جائے۔

ہم ابھی ثابت کر چکے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان پر جانا بایں ثبوت کو نہیں پہنچتا اگر خدا تعالیٰ اپنی کتاب پاک میں فرما دیتا کہ ہم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اُٹھا لیا اور وہی آخری زمانہ میں آسمانوں سے اُتریگا تو کون ایسا مومن ہو سکتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے

اِس فرمان سے پہلوتہی کرے۔ میرے نزدیک تو ایسا شخص مومن نہیں بلکہ کافر اور مردود ہی جب خدا تعالیٰ کے کلام اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ سے حضرت مسیح کا آسمان پر جانا ثابت نہیں تو پھر ہم کیونکر بلا تحقیق عیسائیوں کی تقلید کر کے اُنکا آسمان پر ہونا مان لیں ۔

اگر اس امر سے استدلال لیتے ہیں کہ جب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آسمان پر گئے تھے تو یہ امر اُن کے لئے حجت نہیں ہو سکتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آسمان پر اس جسم عنصری کے ساتھ جانا ثابت نہیں اگر ثابت ہوتا تو پھر اس میں اختلاف کیوں ہوتا قرن اولیٰ ہی سے اختلاف پیدا ہو گیا ہے لیکن بیشتر اس کے کہ میں معراج آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بحث کروں سب سے پہلے میں لفظ معراج پر گفتگو کرتا ہوں کہ اسکے کیا معنے ہیں سو واضح ہو کہ معراج لفظ عروج سے نکلا ہے جسکے معنے ترقی مدارج و ترقی درجات کے ہیں اور معراج اسم ظرف کا صیغہ ہے جس کے معنے مقام عروج کے ہیں۔ یہ ترقی درجات ہر مومن نیکوکار کو حاصل ہوتی ہے چنانچہ (۱) عارف ربانی سید عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔

قَالَ الشَّيْخُ اِبْنُ الْعَرَبِيِّ فَلَمَّا اَطْلَعَنِي اللّٰهُ عَلٰى مَقَامَاتِ الْاَنْبِيَاءِ عَلِمْتُ اَنَّ لِلْاَوْلِيَاءِ مِعْرَاجَيْنِ اَحَدُهُمَا يَكُوْنُ فِيْهِ عَلٰى قُلُوْبِ الْاَنْبِيَاءِ مَا عَدَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لٰكِنْ مِنْ حَيْثُ هُمْ اَوْلِيَاءُ اَوْ مُلْهَمُوْنَ فَقَطْ وَلَيْسَ بِتَشْرِيْعٍ فِيْهِ۔ وَالْمِعْرَاجُ الثَّانِيْ يَكُوْنُ فِيْهِ عَلٰى اَقْدَامِ الْاَنْبِيَاءِ اَصْحَابِ التَّشْرِيْعِ فَيَاْخُذُوْنَ مَعَانِيْ شَرْعِهِمْ بِالتَّعْرِيْفِ مِنَ اللّٰهِ وَلٰكِنْ مِنْ مِشْكَاتِ نُوْرِ الْاَنْبِيَاءِ فَلَا يُخْلِصُ لَهُمُ الْاَخْذُ عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰى

شیخ ابن عربی نے فرمایا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے مجھے نبیوں کے مقامات پر مطلع فرمایا تو مجھے معلوم ہوا کہ اولیاء کے لئے دو معراج ہوتے ہیں۔ ایک معراج تو ایسا ہوتا ہے جو انبیاء کے قلوب پر ہوتا ہے جیسا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوا لیکن یہ معراج اُن کو اولیا یا ملہم کی حیثیت میں ہوتا ہے جس میں کوئی شریعت نہیں ہوتی اور دوسرا معراج ایسا ہوتا ہے جو صاحب شریعت انبیاء کے قدم پر چلنے سے حاصل ہوتا ہے اور جس میں وہ شریعت کے مطالب اللہ تعالیٰ سے بذریعہ

وَلَا عَنِ الرُّوحِ الْقُدُسِ وَمَا عَدَا ذٰلِكَ فَاِنَّهٗ يَخْلُصُ لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمِنَ الرُّوحِ الْقُدُسِ مِنْ طَرِيقِ الْاِلْهَامِ

معرفت حاصل کرتے ہیں لیکن وہ بھی نورِ انبیاء کے مشکوٰۃ سے حاصل کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور روح القدس سے براہ راست وہ معرفت اخذ نہیں کرتے بلکہ بطریق الہام اللہ تعالیٰ اور روح القدس سے کرتے ہیں +

دیکھو یواقیت والجواہر امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ جلد ۲ صفحہ ۷۹ +

(۲) اور امام الواصلین ومقدام الکاملین حضرت خواجہ محمد ناصر محمدی المتخلص بعندلیب فرماتے ہیں +

وآنکہ بعضے سالکان مغلوب الحال در وقت عروج باطن خود را فوق عرش یافتہ اند سرش آن است کہ بموہتہا و انموذجات ہمہ مراتب کونی والٰہی را در خلقتِ ظاہر و باطنِ بنی آدم مودع کردہ اند۔ پس چوں سالک را سیر انفسی بہ تفصیل تمام حاصل میگردد تماشائے ہمہ عالم آفاق و مرتبۂ الٰہیات در خود مے بیند و خود را فوق افلاک و کرسی و عرش مے یابد۔ لیکن حقیقت آن عروج باطن بر امثال و انموذجات آن اشیاء است نہ آنکہ بر خود آن چیزہائے علیا است +

اور وہ جو بعض مغلوب الحال سالکان نے بوقت اپنے عروج باطن اپنے آپ کو عرش کے اوپر دیکھا ہے اسکا یہ راز ہے کہ تمام مراتب کونی والٰہی کے نمونے اور امثال کو بنی آدم کے ظاہری و باطنی پیدائش میں ودیعت رکھا گیا ہے۔ پس جب سالک کو سیر انفسی بہ تفصیل تمام حاصل ہو جاتی ہے تو تمام عالم آفاق اور مراتب الٰہیات کا تماشہ دیکھتا ہے اور اپنے آپ کو آسمانوں اور کرسی اور عرش کے اوپر پاتا ہے۔ لیکن حقیقت میں وہ عروج باطن اُن اشیا کے نمونے اور امثال پر ہے نہ یہ کہ وہ خود اُن چیزوں کے اوپر ہے۔ دیکھو نالۂ عندلیب جلد ۲ صفحہ ۷۵۵ مطبوعہ مطبع بھوپال +

(۳) خواجہ معین الدین چشتی اجمیری فرماتے ہیں +

گہ چو احمد در شبِ معراج وصل
از حرم تا صوبِ اقصےٰ میروم
از زمیں تا سدرہ و از سدرہ بعرش

کبھی احمد مجتبےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرح وصل کی شب معراج میں حرم سے اقصےٰ کی طرف جاتا ہوں زمین سے سدرۃ المنتہیٰ تک اور سدرۃ المنتہیٰ

بر بُراقِ برق آسا میروم	سے عرش تک براق پر سوار ہو کر بجلی کی طرح
از فلک بگذشت و زانس و ملک	جاتا ہوں آسمانوں اور انسانوں اور ملائک
از دنے سوئے تدنی میروم	سے گذر کر دنی سے تدنی تک جاتا ہوں
قاب و قوسین ست واوادنے حجاب	قاب و قوسین ایک ادنی حجاب اُن کا ہے
بے حجب تا حق تعالیٰ میروم	اور میں تو بلا حجاب حق تعالیٰ تک جاتا ہوں +

دیکھو دیوانِ حضرت خواجہ معین الدین چشتی مطبوعہ مطبع نولکشور صفحہ ۶۲ +

پھر خواجہ صاحب موصوف دوسری جگہ فرماتے ہیں +

چوں قصدِ بارگہِ کبریا کند دلِ من	جب میرا دل بارگاہ کبریا کا قصد کرتا ہے
فراز عرش بود کمترینہ منزلِ من	تو میرا ادنے سے ادنی مقام عرش کے اوپر ہوتا ہے

دیکھو دیوان خواجہ معین الدین چشتی اجمیری صفحہ ۶۵ +

۴- اسرار الاولیاء مطبوعہ مطبع نولکشور بصفحہ ۶۹ شمس العارفین کا قول لکھا ہے +

معاج الفقرا اللیلۃ الفاقۃ - یعنے معراج	فقیروں کا معراج بھوک کی رات ہے +
درویشاں شب فاقہ است	

۵- حضرت شیخ اسمٰعیل بن محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں +

ہر گاہ کہ ترا آرزوئے این مقام باشد	جب تجھے اس مقام کی خواہش ہو تو نماز میں
بنماز اندر آئی کہ اگر ترا یک بار اینجا	لگ جاؤ کہ اگر تجھ کو ایک دفعہ اُس جگہ ہم لائے
آوردیم تا این مقام بدیدی ہر گاہ	ہیں جسکو تو نے دیکھا ہے اور جب تو نماز میں
بنماز اندر آئی ما حجب برداریم تا بدین مقام رسی	کھڑا ہو گا ہم پردے اُٹھا دینگے تاکہ تو اُس مقام پر پہنچ جائے دیکھو شرح تعرف جلد ثانی صفحہ ۲۹۲

۶- اس کی تائید حدیث شریف سے ہوتی ہے - جس میں لکھا ہے +

صلوۃ المؤمن - معراج المؤمن	مومن کی نماز مومن کا معراج ہے +

اِن تمام حوالہ جات سے بخوبی ظاہر ہے کہ ہر اولیاء کو معراج ہوتا ہے - اور معراج روحانی ہوتا ہے یعنے جوں جوں انسان خدا تعالیٰ کے ساتھ محبت اور عشق میں ترقی کرتا جاتا ہے اُسکے مدارج میں ترقی ہوتی جاتی ہے - یہانتک کہ وہ ترقی کے اعلیٰ معراج پر پہنچ جاتا ہے -

جب ایک معمولی ولی اس قدر ترقی کرسکتا ہے کہ عرشِ عظیم تک اُس کی رسائی ہوجاتی ہے تو افضل الرسل وخاتم المرسلین ومحبوبِ رب العالمین کی رسائی میں کس کو کلام ہوسکتا ہے اُن کو خدا تعالیٰ کی جناب سے وہ وہ مدارج ومنازل عالیہ عطا کئے گئے ہیں کہ کسی اور نبی نوعِ انسان کو نہیں دئے گئے۔ مگر اس بات پر زور دینا کہ جسمِ کثیف کے ساتھ آسمانوں تک گئے۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس میں کیا فضیلت ہے۔ یہ بالکل سچ ہے کہ آن ذاتِ بابرکات کو معراج ہوا بلکہ سینکڑوں معراج ہوئے اور اُن کے معراجوں سے کون انکار کرسکتا ہے جب انسانی کمالات کے تمام مدارج طے کرچکے ہیں تو اگر اُن کو ہر آن معراج ہوگیا تو کونسی بڑی بات ہے +

اے عزیزو اگر اس جسمِ کثیف کے ساتھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا آسمانوں پر جانا یقینی ہوتا تو پھر اس بارہ میں اختلاف کیوں ہوتا۔ اور تعجب کہ قرنِ اولیٰ ہی میں اختلاف ہوگیا تھا

اختلاف دربارہ معراج

ہم ذیل میں اول دکھلاتے ہیں کہ معراج کے متعلق کس قدر اختلاف واقع ہوا ہے +

اول اختلاف دربارہ اس امر کے کہ معراج بیداری میں ہوا یا خواب میں +

بعض کا قول ہے کہ معراج خواب میں ہوا ہے یعنے روحانی معراج تھا +

(۱) رُوِیَ عَنْ عَائِشَةَ وَمُعَاوِیَةَ اَنَّهٗ کَانَ مَنَامًا +

حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت معاویہ سے روایت ہے کہ فرماتے تھے کہ معراج خواب میں ہوا تھا

جس کی تائید حسن بصری کرتے ہیں۔ چنانچہ لکھا ہے۔ عَنِ الْحَسَنِ کَانَ فِی الْمَنَامِ رُؤْیَا رَاٰهَا۔ بعضے کہتے ہیں کہ معراج سے مراد صرف درجات مراتب ہیں +

(۲) حسن بصری سے روایت ہے کہ وہ ایک رویا تھی جو خواب میں دیکھی تھی +

چنانچہ روایت ذیل سے ثابت ہے:۔

وَقَالَ اَبُوالْقَاسِمِ سُلَیْمَانُ الْاَنْصَارِیُّ لَمَّا وَصَلَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی الدَّرَجَاتِ الْعَالِیَةِ وَالْمَرَاتِبِ الرَّفِیْعَةِ

اور ابوالقاسم سلیمان انصاری نے فرمایا ہے کہ جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم درجاتِ عالیہ ومراتبِ رفیعہ کے معراج تک پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے

فِی الْمَعَارِجِ اَوْحَی اللّٰہُ اِلَیْہِ یَا مُحَمَّدُ بِمَ اُشَرِّفُکَ +

اُن کی طرف وحی کی کہ اے محمد کس چیز سے میں تجھے شرف دوں +

(۳) بعض کہتے ہیں کہ معراج جسمانی ہوا چنانچہ ذیل کی روایت سے ظاہر ہے +

وَالظَّاھِرُ اَنَّ قَوْلَہٗ مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ھُوَ الْمَسْجِدُ الْمُحِیْطُ بِالْکَعْبَۃِ بِعَیْنِہٖ وَھُوَ قَوْلُ اَنَسٍ +

اور ظاہر یہ ہے کہ یہہ جو قول ہے کہ وہ مسجد حرام سے گئے یہ وہ مسجد ہی جو عین کعبہ کے محیط ہی اور وہ انس کا قول ہی + دیکھو بحر المحیط جلد ۶ صفحہ

دوم - اختلاف اس امر میں کہ معراج کس مقام سے ہوا

۱- معراج حجر سے ہوا

وَقِیْلَ مِنَ الْحِجْرِ

اور کہتے ہیں کہ حجر سے معراج ہوا - دیکھو کتاب مذکور

۲- بعض کہتے ہیں کہ زمزم اور مقام سے ہوا +

وَقِیْلَ مِنْ بَیْنِ زَمْزَمَ وَالْمَقَامِ

کہتے ہیں کہ زمزم اور مقام ابراہیم کے مابین معراج ہوا

۳- بعض کہتے ہیں کہ شعب ابوطالب سے ہوا

وَقِیْلَ مِنْ شِعْبِ اَبِیْ طَالِبٍ

کہتے ہیں کہ شعب ابی طالب سے معراج ہوا

۴- بعض کہتے ہیں ام ہانی کے گھر سے ہوا

وَقِیْلَ مِنْ بَیْتِ اُمِّ ھَانِیْ

کہتے ہیں کہ ام ہانی کے گھر سے ہوا +

۵- بعض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر کی چھت سے معراج میں گئے +

وَقِیْلَ مِنْ سَقْفِ بَیْتِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ

اور کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام اپنے گھر کی چھت سے معراج میں گئے + دیکھو کتاب مذکور

سوم - معراج کے دفعہ ہوا

۱- بعض کہتے ہیں کہ دو دفعہ ہوا ایک حالت نوم میں اور ایک حالت بقظہ میں +

۲- بعض کہتے ہیں کہ معراج پانچ دفعہ ہوا

۳- بعض کہتے ہیں کہ معراج بارہ دفعہ ہوا - چنانچہ صاحب غایت البرہان لکھتے ہیں - پھر واضح ہو کہ معراج حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارہ مشہور ہیں - اُن میں سے ایک بعد پیدائش ہوا جو ابر آپ کو لے گیا - اور دوسرا وہ جبکہ آپ اطفال میں حسب روایت مسلم جنگل میں کھیل رہے تھے

اُس وقت شق صدر ہوا۔ اور تیسرے قبل از فرضیتِ نماز کے جبکہ ملائک کو آپ کی خبر نہ تھی یعنے زمانہ نزول وحی جلی سے پہلے رویا میں نبوت تھی معراج خواب میں ہوا اور اس معراج میں خاص اُس عالم سے شبِ معراج کی سیر ہے کہ دم کی دم میں سارے عالم کے حالات کے نمونے اپنے میں حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشاہدہ فرمائے اور وہ سیر قیامت کے حالات کی دلیل ہے کہ باوجودیکہ بقول صدیقہ رضی اللہ عنہا اپنے بستر پر سے مفقود نہ ہوئے رویا میں بطورِ شہادت کے مشاہدہ کر لیا جو مثل ہماری رویت بصری کے متیقن ہے اور جو امور دنیا کی نسبت فرمائے تھے وہ ہم نے دیکھ لئے اور باقی نو معراج دوسرے ہیں۔ دیکھو مقدمہ غایت البرہان صفحہ ۳۳ و ۳۴ +

۶۔ بعض کہتے ہیں کہ معراج بیعت عقبہ سے پہلے ہوا۔ چنانچہ لکھا ہے +

وَالْمُتَحَقَّقُ اَنَّ ذٰلِكَ كَانَ بَعْدَ شَقِّ الصَّحِيْفَةِ وَقَبْلَ بَيْعَةِ الْعَقَبَةِ

اور متحقق بات یہ ہے کہ معراج صحیفہ کے شق ہونیکے بعد اور بیعتِ عقبہ سے پہلے ہوا +

۷۔ بعض کہتے ہیں کہ وحی آنے سے پہلے معراج ہوا جسکی تصدیق ذیل سے ہوتی ہے +

وَوَقَعَ شَرِيْكُ بْنُ اَبِيْ نَمِرٍ فِي الصَّحِيْحِ اَنَّ ذٰلِكَ كَانَ قَبْلَ اَنْ يُّوْحٰى اِلَيْهِ

اور شریک بن ابی نمر نے صحیح میں لکھا ہے کہ معراج وحی کے شروع ہونے سے پہلے ہوا

۸۔ بعض کہتے ہیں کہ بعثت سے ۱۸ ماہ پہلے معراج ہوا جس کی تصدیق روایت ذیل سے ہوتی ہے

وَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْقَاسِمِ الزَّيْنِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اُسْرِيَ بِهٖ مِنْ مَّكَّةَ اِلٰى بَيْتِ الْمُقَدَّسِ وَعَرَجَ بِهٖ اِلَى السَّمَاءِ قَبْلَ مَبْعَثِهٖ بِثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا

اور ابو بکر محمد بن علی بن قاسم زینی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے بیت المقدس کی طرف گئے اور وہاں سے آسمان پر ۱۸ ماہ بعثت سے پہلے معراج میں گئے +

۹۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ ام ہانی کے گھر سے معراج میں گئے۔ جسکی تائید روایت ذیل سے ہوتی ہے +

وَيُرْوٰى اَنَّهٗ كَانَ نَائِمًا فِيْ بَيْتِ اُمِّ هَانِئٍ بَعْدَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ فَاُسْرِيَ بِهٖ وَرَجَعَ

اور روایت کی گئی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ام ہانی کے گھر میں بعد نماز عشا سوئے

مِنْ لَيْلَةٍ وَقَصَّ الْقِصَّةَ عَلٰى اُمِّ هَانِئٍ ۔ | ہوئے تھے تو معراج ہوا اور اُسی رات کو مراجعت فرمائی اور ام ہانی سے سارا قصہ بیان فرمایا۔ دیکھو بحر المحیط جلد ۶ صفحہ ۵ ۔

چہارم۔ اُس رات کی نسبت اختلاف ہے ۔

(۱) بعض کہتے ہیں کہ وہی رات جو اُم ہانی کے ہاں بسر کی شب معراج ہے چنانچہ لکھا ہے

وَهٰذَا عَلٰى قَوْلِ مَنْ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ هِيَ لَيْلَةُ الْمِعْرَاجِ وَهُوَ قَوْلُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَمَاعَةٍ | اور یہ اُسی بات کی تائید ہے جس نے کہا کہ یہی رات جسنے ام ہانی کے ہاں رہنے کی رات شب معراج ہے یہ قول ابن مسعود اور ایک جماعت کا ہے ۔

(۲) بعض کہتے ہیں کہ شب معراج اور ہے اور شب اسرا اور ہے۔ جس کی تصدیق روایت ذیل سے ہوتی ہے ۔

وَ ذَهَبَ بَعْضُهُمْ اِلٰى اَنَّ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ هِيَ غَيْرُ لَيْلَةِ الْاِسْرَاءِ | اور بعض اس طرف گئے ہیں کہ شب معراج اور ہے اور شب اسراء اور ہے۔ دیکھو بحر المحیط جلد ۶ صفحہ ۵ ۔

اِن تمام حوالہ جات سے بخوبی ہویدا ہے کہ کس قدر اختلاف ہے۔ صرف نفس معراج میں نہیں بلکہ وقتِ معراج و زمانہ معراج و حالتِ معراج میں اسقدر اختلاف ہے کہ انسان کی عقل حیران رہجاتی ہے۔ اگر معراج جسم کثیف کے ساتھ وقوع میں آتا تو یہہ واقعہ اس قدر شہرت پاتا کہ ایک ایک فرد کی زبان سے بطور ورد نکلتا اور ذرہ بھی اختلاف نہ ہوتا۔ اور تعجب کہ جناب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ سے کیونکر بے خبر رہتیں کیونکہ وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی چاہتی زوجہ مبارکہ تھیں یہ بھی مان لیا جائے کہ وہ اُس وقت جبکہ معراج ہوا آپ ابھی زوجیت میں نہیں آئی تھیں اور وہ اُس وقت چھوٹی تھیں یا پیدا ہی نہیں ہوئی تھیں تو بھی وہ کیونکر بے خبر رہ سکتی تھیں۔ جبکہ وہ اس قدر زیرک اور دانا تھیں اور بکثرت احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُن کو نوکِ زبان تھیں ایسے شہرت یافتہ امر سے جو عجائباتِ دُنیا تھا کیونکر بے خبر رہتیں۔ کم از کم اپنے بزرگوں اور والدین سے ہی نہ سن پاتیں اور جبکہ آنحضرت کی چاہتی بیوی تھیں خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسے نادر عجوبہ کو کیوں ذکر نہ فرمایا ہوگا اگر اس جسم کثیف کے ساتھ معراج ہوتا تو ضرور ضرور اُن کو کسی نہ کسی طرح سے پتہ لگ جاتا اور وہ ضرور اس کو بیان فرماتیں مگر اگر اُنہوں نے کسی معراج کا وثوق کے

ساتھہ ذکر فرمایا تو صرف یہ کہ وہ معراج بحالتِ نوم تھا +

ہماری اپنی رائے تو یہ ہے کہ وہ ایک کشفِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھا جو بحالتِ یقیظہ ہوا تھا۔ اور اس حالت میں بھی ایک قسم کی ربودگی طاری ہو جاتی ہے مگر ایسی نہیں جیسے کہ نوم میں ہوا کرتی ہے جس میں جسمِ انسان بالکل بیکار ہوتا ہے مگر ایسی بیداری بھی نہیں جیسے انسان کو بحالت کاروبار دنیا ہوتی ہے بلکہ وہ ایک ایسی حالت ہوتی ہے جو مابین نوم و یقظہ ہوتی ہے۔ کیونکہ حالتِ کشف میں انسان حواسِ خمسہ سے معطل نہیں ہوتا۔ لوگوں کی آوازیں بھی ان کانوں سے سنتا اور اُن کو ظاہری آنکھوں سے دیکھتا بھی ہے مگر پھر بھی اُس پر ایسی حالت طاری ہوتی ہے کہ علاوہ ان حواس کے اُس کو اور حواس عطا ہوتے ہیں جن سے وہ ایک اور عالم کا مشاہدہ کرتا ہے راقم الحروف خود اس امر میں صاحبِ تجربہ ہے۔ اِس لئے علی وجہ البصیرت کہہ سکتا ہوں کہ یہ معراج بھی جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ہوا ایک اعلیٰ درجہ کا کشف تھا +

ایک سالک فرماتے ہیں کہ ملا میگوید محمد بفلک برشدہ من میگویم فلک باحمد در شد تنگ جا
ملا کہتا ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آسمان پر گئے مگر میں کہتا ہوں کہ فلک احمد کے اندر گھس گیا
دیکھو نالۂ عندلیب جلد ۲ صفحہ ۷۸۹ +

اِس سے بھی ہم انکار نہیں کرتے کہ کوئی معراج حالتِ نوم میں بھی ہوا ہو بلکہ میرا ایمان ہے کہ بہت دفعہ معراج ہوا حالتِ نوم میں بھی اور حالتِ یقظہ میں بھی اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ عالمِ رویا اور عالمِ کشف میں انسان کی روح بلا جسم نہیں ہوتی بلکہ ہر حالت میں اُس کو ایک لطیف جسم ملتا ہے اور جن کے باہم ملنے سے وہ عجائباتِ قدرت کا مشاہدہ کرتا ہے۔ کون ہے جو اس سے انکار کر سکتا ہے ہر مسلمان بلکہ اکثر کفار بھی کوئی نہ کوئی خواب ضرور دیکھتے ہیں اور بسا اوقات کفار کی خوابیں بھی صحیح ہو جاتی ہیں اور مومنوں کی خوابیں تو اکثر سچی ہوتی ہیں اور جو مومن متقی ہوتے ہیں اُن کی خوابیں عموماً سب صحیح یا زیادہ تر حصہ صحیح اور سچی ہوتی ہیں۔ کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ رویا میں اُس کا جسم ساتھہ نہیں ہوتا ضرور ہوتا ہے جو ظاہری جسم کے بالکل عین ہوتا ہے اور اُس جسم کے ساتھہ رویا میں وہ اُسی طرح کے فعل کرتا جس طرح وہ عالمِ بیداری میں کرتا ہے حالانکہ یہہ بات یقینی ہے کہ حالتِ نوم میں

انسان کا جسم بیکار ہوتا ہے۔ پس جب خواب میں ایک جسم دیکھتا ہے تو پھر اُس کو معراج کے سمجھنے میں کیوں دقت معلوم ہوتی ہے۔ تذکرۃ الاولیاء کو دیکھو اور بہت سے بزرگان کے حال پر غور کرو تو آپ کو واضح ہو جائیگا کہ اولیاء اللہ میں سے اکثر ایسے گذرے ہیں جن کی نسبت لوگوں نے گواہی دی ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں مختلف مقامات پر دیکھے گئے یہ جھوٹے قصے نہیں بالکل صحیح ہیں کیونکہ اولیاء اللہ کو ایک ایسا جسم لطیف ملتا ہے کہ وہ جہاں چاہیں اُسی لطیف جسم کے ساتھ جا سکتے ہیں اور اُن کا جسم کثیف اپنے ہی مقام پر ہوتا ہے یہ واقعات ہیں جن سے انکار نہیں ہو سکتا چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہیں +

وَاُسْرِیَ بِہٖ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی ثُمَّ اِلٰی سِدْرَۃِ الْمُنْتَھٰی وَاِلٰی مَاشَاءَ اللّٰہُ وَکُلُّ ذٰلِکَ بِجَسَدِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْیَقْظَۃِ وَلٰکِنْ ذٰلِکَ فِیْ مَوْطِنٍ ھُوَ بَرْزَخٌ بَیْنَ الْمِثَالِ وَالشَّھَادَۃِ جَامِعٌ لِاَحْکَامِھِمَا فَظَھَرَ عَلَی الْجَسَدِ اَحْکَامُ الرُّوْحِ وَتَمَثَّلَ الرُّوْحُ وَالْمَعَانِی الرُّوْحِیَّۃُ اَجْسَادًا وَلِذٰلِکَ بِاَنَّ لِکُلِّ وَاقِعَۃٍ مِنْ تِلْکَ الْوَقَائِعِ تَعْبِیْرٌ +

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد اقصےٰ تک پھر وہاں سے سدرۃ المنتہیٰ تک اور پھر وہاں سے جہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا سیر کرائی یہ سب کچھ جسم کے ساتھ بیداری میں تھا لیکن یہ ایک مقام ہے جو مثال اور شہادت کے درمیان برزخ ہے اور ہر دو عالم مذکورہ کے احکام کا جامع ہوتا ہے پس جسم پر روح کے احکام ظاہر ہوئے اور روح اور معانی نے تمثیلی جسم اختیار کیا +

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کے اِس بیان سے صاف ظاہر ہے کہ وہ ایک ایسی حالت تھی جو مابین نوم والیقظہ ہوا کرتی ہے اور وہ ایک مقام ہے جو عالم مثال اور عالم شہادت میں بطور ایک برزخ ہے۔ جس سے صاف پایا جاتا ہے کہ وہ ایک اعلیٰ درجہ کا کشف تھا +

اگر کسی کو پھر بھی اس معراج کشفی کا انکار ہو تو پھر امورات ذیل جن سے صاف ظاہر ہے کہ یہ کل نظارے کشفی تھے۔ قابل غور ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں +

(۱) شَقُّ الصَّدْرِ۔ اَمَّا شَقُّ الصَّدْرِ وَمَلْؤُہٗ اِیْمَانًا فَحَقِیْقَۃٌ لِغَلَبَۃِ اَنْوَارِ الْمَلَکِیَّۃِ وَانْطِفَاءِ لَھَبِ الطَّبِیْعَۃِ وَخُضُوْعِھَا لِمَا یَفِیْضُ

صدر شق و پُری ایمان ایک حقیقت ہے جس سے انوار ملکیہ کا غلبہ ہوتا اور شعلہ طبیعت بجھ جاتا اور جو کچھ کہ خطیرۂ قدس سے طبیعت

عَلَيْهَا مِنْ خَطِيْرَةِ الْقُدْسِ +

کو فیضان پہنچتا ہے وہ اس کا مطیع ہو جاتا ہے

(۲) وَاَمَّا رُكُوْبُهٗ عَلَى الْبُرَاقِ فَحَقِيْقَتُهٗ اِسْتِوَاءُ نَفْسِهِ النَّطْقِيَّةِ عَلَى السَّمَةِ الَّتِيْ هِيَ الْكَمَالُ الْحَيَوَانِيُّ فَاسْتَوٰى رَاكِبًا عَلَى الْبُرَاقِ كَمَا غَلَبَتْ اَحْكَامُ نَفْسِهِ النَّطْقِيَّةِ عَلَى الْبَهِيْمِيَّةِ وَتَسَلَّطَتْ عَلَيْهَا

بُراق پر سوار ہونے کی حقیقت یہ ہے کہ نفس ناطقہ اُس نشان پر جو کمال حیوانی ہے غالب ہو جائے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بُراق پر ٹھیک اُسی طرح پر سیدھا ہو کر بیٹھے جس طرح کہ آنحضرت کے نفس انسانی کے احکام قوت بہیمیہ پر غالب اور متسلط ہیں + دیکھو حجۃ البالغہ جلد ۱ صفحہ ۱۹

(۳) وَاَمَّا اِسْرَائُهٗ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى فَلِاَنَّهٗ مَحَلُّ ظُهُوْرِ شَعَائِرِ اللّٰهِ وَمُتَعَلَّقُ هِمَمِ الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى وَمَطْمَحُ اَنْظَارِ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فَكَاَنَّهٗ كُوَّةٌ اِلَى الْمَلَكُوْتِ

اور مسجد اقصےٰ تک سیر اس لیے ہے کہ وہ شعائر اللہ کے ظہور کا محل ہے جس سے ملاء اعلیٰ کی ہمتوں کا تعلق ہے اور جو انبیاء علیہم السلام کی نگاہوں کا نظرگاہ ہے گویا وہ ملکوت کا ایک قبہ ہے .....

(۴) وَاَمَّا مُلَاقَاتُهٗ مَعَ الْاَنْبِيَاءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَمُفَاخِرَتُهٗ مَعَهُمْ فَحَقِيْقَتُهَا اِجْتِمَاعُهُمْ مِنْ حَيْثُ اِرْتِبَاطُهُمْ بِخَطِيْرَةِ الْقُدْسِ وَظُهُوْرِ الْقُدْسِ وَظُهُوْرِ مَا اخْتَصَّ بِهٖ مِنْ بَيْنِهِمْ مِنْ وُجُوْهِ الْكَمَالِ

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا انبیا علیہم السلام کے ساتھ ملاقات کرنے اور مفاخرت کا اظہار کرنے کی حقیقت یہ ہے کہ اُس دلی لگاؤ کا ظہور مراد تھا۔ جو اُن کو آپس میں ہے جس کی وجہ سے وہ خطیرۃ القدس میں جمع ہوئے اور دوسرا یہ راز ہے کہ جو کمالات انبیاء رہیں مجموعی طور سے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو کمال حاصل ہے وہ اُن سب کے مقابل میں خاص خصوصیت رکھتا ہے +

(۵) وَاَمَّا رُقِيُّهٗ اِلَى السَّمٰوٰتِ سَمَاءً بَعْدَ سَمَاءٍ فَحَقِيْقَةُ الْاُنْسِ لَاحَ اِلٰى مُسْتَوَى الرَّحْمٰنِ مَنْزِلَةً بَعْدَ مَنْزِلَةٍ وَمَعْرِفَةِ حَالِ الْمَلَائِكَةِ الْمُوَكَّلَةِ بِهَا وَمَنْ لَحِقَ بِهِمْ مِنْ اَفَاضِلِ الْبَشَرِ وَالتَّدْبِيْرِ الَّذِيْ اَوْحَاهُ اللّٰهُ فِيْهَا وَالْاِخْتِصَامِ الَّذِيْ يَحْصُلُ فِيْ مَلَاِهَا

آسمانوں پر درجہ بدرجہ چڑھنے کی یہ حقیقت ہے کہ رفتہ رفتہ مستوی رحمٰن کی طرف ترقی کرتا چلا جائے اور تعلقات طبیعہ سے رہائی پاتا چلا جائے اور نیز اُن فرشتوں سے معرفت ہو جائے جو وہاں پر اور امت محمدیہ کے فضلاء کے پاس رہنے پر مامور ہیں اور نیز اُس تدبیر سے واقفیت

ہو جائے جس کے بارہ میں بذریعہ وحی مطلع کیا جاتا ہے اور اُن امور کی واقفیت ہو جائے جن کے لئے ملائکہ باہم سبقت لیجایا کرتے ہیں + دیکھو حجۃ البالغہ جلد ۲ صفحہ ۱۹۰

اِن وجوہات پر غور کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک کشف تھا۔ اور یہی عقیدہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کا ہے اور وہ ہرگز جسم کثیف کیساتھ معراج کے قائل نہیں +

قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی معراج جسمانی کے قائل ہیں چنانچہ وہ لکھتے ہیں:-

واضح ہو کہ عروجِ جسدی کا انکار آجکل کے فلسفہ خشک کی بنیاد پر مفصل ہے کیونکہ جس قدر قادرِ مطلق نے اجرامِ سماویہ کے بھاری بھرکم اجسام کو خلا میں تھام رکھا ہے وہ جسم انسانی کے صغیر حجم کو خلا میں لیجانے کی بھی قدرت رکھتا ہے آجکل اوسیجن کی طاقت سے ہوائی جہاز اور جہازوں کے اندر آدمی اُڑے ہیں اس لئے خداوند کریم کا اپنے نبی کریم کو سواری بُراق (جو برق سے مشتق اور الکٹریسٹی کی طاقت مخفیہ کی جانب اشارہ ہے) ملکوت السموات کی سیر کرانا کچھ بھی مستبعد نہیں۔ دیکھو کتاب رحمۃ اللعالمین جلد اول صفحہ ۶۱ +

مگر قاضی صاحب نے اپنی اس رائے کی تائید میں کوئی معقول وجہ موجہ نہیں دی صرف یہ کہدیا کہ آجکل آکسیجن کے ذریعہ ہوائی جہاز خلاء آسمان میں اُڑتے پھرتے ہیں اور اُن میں آدمی بھی ہوتے ہیں اگر نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو بُراق کے ذریعہ سے جو برق سے مشتق ہے ملکوت السموات کی سیر کرائی ہو تو کیا تعجب ہے۔ اول تو قاضی صاحب بھی اُن خشک فلسفیوں کو کوستے ہیں مگر پھر خود ہی اُن فلسفیوں کی تقلید پر اُتر آئے کہ براق جو برق سے مشتق ہے اس لئے خدا تعالیٰ نے کسی خفیہ الکٹریسٹی کے ذریعہ ملکوت کی سیر کرادی ہو تو کچھ مستبعد نہیں ہے مگر قاضی صاحب کو ایک بات بھول گئی ہوائی جہاز میں انسان اتنی بلندی پر نہیں جا سکتے کہ جہاں ہوا بہت رقیق ہے ورنہ اُسی وقت اُس کے لنگر پھٹ جائیں اور جان بحق تسلیم ہو جائیں۔ کیونکہ جو قوانین اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں اُن کی خلاف ورزی نہیں ہو سکتی۔ اگر قاضی صاحب کو ہماری بات کا انکار ہو تو مہربانی کر کے کسی ہوائی جہاز میں صرف ۱۰ میل کی بلندی پر چڑھ کر دکھلا دیں اور بے شک جسقدر ممکن ہو خود بھی دعا کرنے اور جس قدر مقدس لوگ اُس کی نظر میں ہوں اُن سے بھی دعا کراوے کہ بارِ خدایا ہمیں ۱۰ میل تک فضاءِ آسمان میں بذریعہ ہوائی جہاز لیجا۔ ہمیں کوئی ذاتی خواہش نہیں

بلکہ تیرے ایک پیارے رسول کی صداقت کے لئے کہ وہ ضرور یہودیوں کے خوف سے بھاگ کر آسمانوں میں گئے ہیں اور وہیں مقیم ہیں تاکہ اُن کے آسمان پر جانے سے انکار کرنے والوں پر حجت پوری ہو جائے۔ قاضی صاحب کو ہماری درخواست قبول کرنی چاہیئے ہوائی جہاز تو پیدا ہو ہی گئے ہیں۔ اگر مسیح علیہ السلام تک رسائی نہ ہو تو کم از کم ۱۰ میل تک تو جا کر واپس سلامت آجائیں ہم ضرور تسلیم کر لینگے کہ مسیح بھی آسمانوں پر گیا ہوگا۔ اور

پھر حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب اپنی کتاب تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں۔ بندے کو اتصالِ مکانی و قربِ جسمانی خدا تعالیٰ سے ممکن نہیں اور قرب جو بیان کیا جاتا ہے وہ درجہ اور منزلت اور رضامندی اور خوشنودی ہے اس سے زیادہ نہیں چنانچہ یہ مذہب اہل سنت کا ہے۔ دیکھو تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۹۲ +

ایسا ہی مولوی عبدالمجید خان صاحب کتاب ہدیہ مہد مجیدیہ میں بجنسہ لکھتے ہیں کہ بندے کو اتصالِ مکانی و قربِ جسمانی خدا تعالیٰ سے ممکن نہیں۔ اور اخبارِ صحیحہ میں جو عترت طاہرہ سے بروایاتِ شیعہ بیان کی گئی ہیں ثابت ہے کہ انہوں نے نفی مکان اور انصال کی کی ہے لیکن اکثر فرقے امامیہ کے قربِ مکانی اور ظاہری کے قائل ہیں اور معراج کو ایسا خیال کرتے ہیں جیسے کسی کی کسی سے ملاقاتِ جسمانی ہوتی ہے۔ دیکھو ہدیہ مہد مجیدیہ۔ باب پنجم۔ عقیدہ اکیسواں صفحہ ۲۹۲ +

مضمون بالا سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت شاہ عبدالعزیز اور مولوی عبدالمجید صاحب کے نزدیک بلکہ کل اہل سنت والجماعت کے نزدیک اِس جسم کے ساتھ خدا تعالیٰ سے ملاقات کرنا ناممکن ہے۔ پھر بتاؤ کہ شاہ صاحب اور دیگر علماء اہلِ سنت کا عقیدہ متعلق معراج بجز اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ وہ ایک کشف تھا۔ اور معراج سے مراد قرب الی اللہ و مدارج و مناصب ہیں اور کچھ نہیں +

اور صوفیائے کرام تو اس بات کے قایل ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج بلا عروج حاصل تھا۔ چنانچہ تفریح الاذکیا فی احوال الانبیاء مطبوعہ مطبع نولکشور مورخہ مارچ ۱۸۸۶ء مؤلفہ مولوی ابوالحسن حسن صاحب کاکوری میں لکھا ہے۔ صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ یہ شرف (معراج) بدون ارضا اور عروج فلکی کے حضرت نبی کریم کو حاصل ہے

قطعہ

ہر کوس حقیقتش باورشد — او پہن تراز سپہر نہا درشد
ملا گوید کہ رفت احمد بفلک — سرمد گوید کہ فلک باحمد درشد

دیکھو تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا صفحہ ۱۰۰ +

مولوی نجم الغنی خانصاحب رامپوری اپنی کتاب تذکرۃ السلوک میں فرماتے ہیں:۔
یہ یاد رکھو کہ عالم مثال میں عرش و کرسی اور آسمان موجود ہیں۔ پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عروج روحانی انہی معارج پر ہوا تھا اور وہ معراج آپ کا اُس بدن مثالی کے ساتھ تھا جو عالم مثال میں شخص کے لئے ہے اور اُس وقت آپ غیب کی حالت میں تھے جو برزخ ہے نوم اور صحو کے درمیان۔ ایک حدیث معراج میں جو واقع ہے کُنتُ بَیْنَ النَّائِمِ وَالْیَقْظَانَ۔ یعنے میں سونے والے اور جاگنے والے کے درمیان میں تھا وہ اسی مطلب کی طرف اشارہ ہے دیکھو تذکرۃ السلوک مولفہ حکیم مولوی نجم الغنی خانصاحب رامپوری شاگرد و خلیفہ مولوی ارشاد حسین صاحب رامپوری مطبوعہ مطبع العلوم ۱۳۱۱ھ صفحہ ۱۰۲

ان بزرگان کے کلام سے صاف ثابت ہے کہ یہ لوگ معراج جسمانی کے قائل نہیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج کو مسیح کے رفع جسمانی کی دلیل ٹھیرانا کیونکر ہوسکتا ہے۔ ہاں اگر اُن سے کچھ ثابت ہے تو یہی ہے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدارج و منازل قرب میں عروج حاصل تھا ایسا ہی حضرت مسیح کو حاصل ہوا نہ یہ کہ اس جسم کثیف کے ساتھ آسمان پر جا بیٹھے۔ پس معراج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسیح کے رفع جسمانی کی دلیل ٹھیرانا کسی طرح درست نہ ہوا۔ لہذا الاجرم ماننا پڑا کہ مسیح علیہ السلام کو رفع روحانی حاصل ہوا نہ کہ جسمانی +

محمد الف ثانی اپنی کتاب مبدا و معاد میں لکھتے ہیں۔ در اوائل حال می بینم کہ در مکانے طواف میکنم و جمعے دیگر نیز با من دراں طواف شریک اند اما بطوی۔ سیر آن جماعت بجدیست کہ من یک دور طواف را باتمام رسانم آن جماعت

اوایل حال میں میں کیا دیکھتا ہوں کہ میں ایک مکان میں طواف کر رہا ہوں اور ایک اور جماعت بھی میرے ساتھ طواف میں شامل ہے مگر اُن کا طواف آہستگی سے ہو رہا ہے اور اُس جماعت کی سیر اس حد تک ہے کہ جتنی دیر میں

در سہ قدم مسافت را قطع مے نمایند در آن اثنا معلوم میگردد کہ این مکان فوق العرش است و این جماعت طواف کنندگان ملائک کرام اند +	میں طواف کا ایک چکر پورا کرتا ہوں وہ جماعت اُسکی مسافت کو تین قدم میں طے کر لیتی ہے۔ اُسی اثنا میں معلوم ہوا کہ وہ مکان جسکا طواف کیا جا رہا ہے عرش سے بھی اوپر ہے اور یہ جماعت

جو طواف کر رہی ہے خدا تعالیٰ کے بزرگ فرشتے ہیں +

اب بتاؤ کہ حضرت مسیح کا تو آپ لوگ صرف دوسرے آسمان پر یا غایت چوتھے آسمان پر جانا مانتے ہیں اب حضرت مجدد صاحب عرش کے اوپر ایک مکان کے طواف کا دعویٰ کرتے ہیں۔ کیا مجدد صاحب بھی عرش کے اوپر اس جسم کثیف کے ساتھ تشریف لے گئے تھے۔ فَتَدَبَّرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارِ۔ دیکھو مبدا و معاد مصنفہ امام ربانی مجدد الف ثانی مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۱۱ھ ہجری +

پھر شیخ ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں۔ میں عرش پر چڑھا تاکہ اُس کا طواف کروں۔ چنانچہ ہزار مرتبہ طواف کیا اور عرش کے اُس پار ایک قوم کو میں نے دیکھا جو طمانینت کے ساتھ وہاں موجود تھی اُن کو میرے اتنے طواف کرنے سے تعجب ہوا۔ اور میں اُن کے طواف سے متعجب نہ ہوا۔ میں نے اُن سے دریافت کیا کہ تم کون ہو اور سردی طواف میں کیسی ہے۔ بولے کہ ہم ملائک ہیں اور ہم اجسام نُورانی ہیں اور یہ سردی ہماری سرشت ہے جس کو ہم نہیں چھوڑ سکتے پھر اُنہوں نے مجھ سے پوچھا کہ تو کون ہے اور طواف میں یہ سرعت تیری کیسی ہے۔ خرقانی کہتے ہیں میں نے جواب دیا کہ میں انسان ہوں اور مجھ میں نُور اور آتش جمع ہیں۔ یہ سرعت اُسی آتش اور نورِ عشق کی وجہ سے ہے۔ دیکھو تذکرۃ السلوک مؤلفہ حکیم مولوی نجم الغنی خانصاحب رامپوری مطبوعہ مطبع العلوم مراد آباد صفحہ ۸۹ +

تذکرہ غوثیہ میں لکھا ہے۔ جب حضرت بایزید بسطامی کو فقر میں عروج حاصل ہوا۔ تو عرش پر پہنچے اور عرشیوں سے سوال کیا کہ خدا کہاں ہے اُنہوں نے جواب دیا کہ واہ صاحب ہم تو سُنا کرتے ہیں کہ خدا زمین پر ہے تعجب ہے کہ آپ یہاں آئے۔ دیکھو تذکرہ غوثیہ مطبوعہ مطبع جوہر ہند دہلی ۱۳۰۱ھ +

وہ لوگ کہاں ہیں کہ معراجِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسیح کے رفعِ جسمانی کی دلیل

پکڑتے ہیں۔ یہاں توکل اولیاء اللہ آسمانوں کا تو ذکر ہی چھوڑو عرش تک بلکہ عرش سے بھی پرے تک جاتے ہیں۔ جب تم مسیح کے رفع جسمانی کے قائل ہو تو کیا ان بزرگوں کے رفع جسمانی کے قائل کیوں نہیں ہوتے۔ صرف مسیح کی انتظار کیوں کرتے ہو۔ لاکھوں اولیاء اللہ عرش پر ہیں اُن کی بھی انتظار کرو کہ وہ بھی ایک دن زمین پر آجائینگے ورنہ اگر اُن کے عرش پر جانے کو مدارج و منازل کی ترقیات قبول کرتے ہو تو پھر مسیح علیہ السلام کو اُن مدارج سے کیوں محروم رکھنا چاہتے ہو۔ خدا سے خوف کرو +

حدیثِ معراج کے کیا معنے ہیں

جب ثابت ہوگیا کہ معراج سے مراد علوِ مرتبت و مدارجِ روحانی ہیں تو پھر یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ یہ تو تسلیم کر لیا گیا کہ معراج سے مراد مدارج و مراتب ہیں تو پھر حدیثِ معراج میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا بیت المقدس میں جانے اور آسمانوں پر درجہ بدرجہ چڑھنے اور ہر آسمان پر مختلف انبیاء سے ملاقات کرنے کے کیا معنے ہیں۔ سو اول ہم ذیل میں حدیثِ معراج درج کرتے ہیں بعد ازاں اُن کے ہر لفظ کے معنے حقیقی ظاہر کئے جائینگے

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَبُوْ ذَرٍّ يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُرِجَ عَنِّيْ سَقْفُ بَيْتِيْ وَاَنَا بِمَكَّةَ فَنَزَلَ جِبْرَئِيْلُ فَفَرَجَ صَدْرِيْ ثُمَّ غَسَلَهٗ بِمَآءِ زَمْزَمَ ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مُمْتَلِئٍ حِكْمَةً وَّاِيْمَانًا فَاَفْرَغَهٗ فِيْ صَدْرِيْ ثُمَّ اَطْبَقَهٗ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِيْ فَعَرَجَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ فَلَمَّا جِئْتُ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا قَالَ جِبْرَئِيْلُ لِخَازِنِ السَّمَآءِ اِفْتَحْ قَالَ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا جِبْرَئِيْلُ قَالَ هَلْ مَعَكَ اَحَدٌ قَالَ نَعَمْ مَعِيَ مُحَمَّدٌ

ابن شہاب سے روایت ہے کہ اُس کے پاس انس نے روایت کی کہ ابو ذر حدیث بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر کی چھت میرے لئے کھولی گئی جبکہ میں مکہ میں تھا اور جبرئیل نازل ہوا اور اُس نے آکر میرا سینہ چاک کیا پھر اُس کو آب زمزم سے دھویا۔ پھر جبرئیل ایک سونے کی لگن حکمت اور ایمان سے بھری ہوئی لایا اور اُس کو میرے سینہ میں ڈالا پھر اُس کو ڈھانک دیا یعنے بند کر دیا۔ پھر میرا ہاتھ پکڑا اور آسمان کی طرف مجھے لے چڑھا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اُرْسِلَ اِلَيْهِ
قَالَ نَعَمْ فَلَمَّا فُتِحَ عَلَوْنَا السَّمَآءَ الدُّنْيَا
اِذَا رَجُلٌ قَاعِدٌ عَلٰى يَمِيْنِهٖ اَسْوِدَةٌ
وَعَلٰى يَسَارِهٖ اَسْوِدَةٌ اِذَا نَظَرَ قِبَلَ
يَمِيْنِهٖ ضَحِكَ وَاِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهٖ بَكٰى
فَقَالَ مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْاِبْنِ الصَّالِحِ
قُلْتُ لِجِبْرَئِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا اٰدَمُ
وَهٰذِهِ الْاَسْوِدَةُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ
شِمَالِهٖ نَسَمُ بَنِيْهِ فَاَهْلُ الْيَمِيْنِ مِنْهُمْ
اَهْلُ الْجَنَّةِ وَالْاَسْوِدَةُ الَّتِيْ عَنْ شِمَالِهٖ
اَهْلُ النَّارِ فَاِذَا نَظَرَ عَنْ يَمِيْنِهٖ ضَحِكَ
وَاِذَا قِبَلَ شِمَالِهٖ بَكٰى حَتّٰى عُرِجَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ
الثَّانِيَةِ فَقَالَ لِخَازِنِهَا افْتَحْ فَقَالَ لَهٗ
خَازِنُهَا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُ قَالَ اَنَسٌ
فَذَكَرَ اَنَّهٗ وَجَدَ فِي السَّمٰوٰتِ اٰدَمَ
وَاِدْرِيْسَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى وَاِبْرَاهِيْمَ
وَلَمْ يُثْبِتْ كَيْفَ مَنَازِلُهُمْ غَيْرَ اَنَّهٗ
ذَكَرَ اَنَّهٗ وَجَدَ اٰدَمَ فِي السَّمَآءِ الدُّنْيَا
وَاِبْرَاهِيْمَ فِي السَّمَآءِ السَّادِسَةِ قَالَ
ابْنُ شِهَابٍ فَاَخْبَرَنِيْ ابْنُ حَزْمٍ اَنَّ
ابْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا حَبَّةَ الْاَنْصَارِيَّ
كَانَا يَقُوْلَانِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
ثُمَّ عُرِجَ بِيْ حَتّٰى ظَهَرْتُ لِمُسْتَوٰى
اَسْمَعُ فِيْهِ صَرِيْفَ الْاَقْلَامِ وَقَالَ ابْنُ

جب میں نیچے کے آسمان تک پہنچا تو جبرئیل نے
آسمان کے خازن کو کہا کہ دروازہ کھولو۔ اُس
نے پوچھا کہ کون ہے تو جبرئیل نے کہا کہ میں
جبرئیل ہوں۔ داروغہ نے پھر پوچھا کہ کیا تمہارے
ساتھ کوئی آدمی ہے۔ جبرئیل نے جواب دیا
کہ ہاں میرے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں
اُس نے پھر پوچھا کہ کیا کوئی اُس کی طرف بھیجا
گیا تھا جبرئیل نے کہا کہ ہاں۔ جب اُس نے
دروازہ کھول دیا تو ہم آسمان دنیا کے اوپر چلے
گئے کیا دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی بیٹھا ہوا ہے
جس کے دائیں بھی کچھ لوگ ہیں اور اُس کے
بائیں بھی کچھ آدمی ہیں۔ جس وقت اُس نے
دائیں طرف دیکھا تو کیا دیکھتے ہیں کہ لوگ ہنستے
ہیں اور جب بائیں طرف اُس نے نظر کی تو دیکھا
کہ روتے ہیں۔ پھر آواز آئی کہ نبی صالح ابن
صالح کو مرحبا میں نے جبرئیل سے پوچھا کہ یہ کون ہیں
اُس نے کہا کہ آدم علیہ السلام ہیں اور یہ اشخاص
جو اُس کے دائیں اور بائیں ہیں یہ اُس کی
اولاد کی روحیں ہیں۔ جو دائیں جانب کے
لوگ ہیں وہ بہشتی ہیں اور یہ ارواحیں جو اُن
کے بائیں جانب ہیں یہ سب دوزخی ہیں جب
دائیں طرف دیکھا تو اُن کو ہنستے پایا اور جب
بائیں طرف دیکھا تو اُن کو روتے پایا پھر مجھے
دوسرے آسمان پر عروج دیا گیا جبرئیل نے

حَزْمٍ وَاَنَسٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَفَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى اُمَّتِيْ خَمْسِيْنَ صَلٰوةً
فَرَجَعْتُ بِذٰلِكَ حَتّٰى مَرَرْتُ عَلٰى مُوْسٰى
فَقَالَ مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَكَ عَلٰى اُمَّتِكَ قُلْتُ
فَرَضَ خَمْسِيْنَ صَلٰوةً قَالَ فَارْجِعْ اِلٰى
رَبِّكَ فَاِنَّ اُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ فَرَاجَعَنِيْ
فَوَضَعَ شَطْرَهَا فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقُلْتُ
وَضَعَ شَطْرَهَا فَقَالَ رَاجِعْ رَبَّكَ فَاِنَّ
اُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ ذٰلِكَ فَرَجَعْتُ فَرَاجَعْتُ
فَوَضَعَ شَطْرَهَا فَرَجَعْتُ اِلَيْهِ فَقَالَ
اِرْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَاِنَّ اُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ ذٰلِكَ
فَرَاجَعْتُهٗ فَقَالَ خَمْسٌ وَهِيَ خَمْسُوْنَ
لَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى
فَقَالَ رَاجِعْ رَبَّكَ فَقُلْتُ اِسْتَحْيَيْتُ
مِنْ رَبِّيْ ثُمَّ انْطَلَقَ بِيْ حَتّٰى انْتَهٰى بِيْ اِلٰى
سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى وَغَشِيَهَا اَلْوَانٌ لَا اَدْرِيْ
مَا هِيَ ثُمَّ اُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ فَاِذَا فِيْهَا جَنَابِذُ
اللُّؤْلُؤِ وَاِذَا تُرَابُهَا الْمِسْكُ مُتَّفَقٌ
عَلَيْهِ +

اُس کے داروغہ کو کہا کہ اُسے کھول دو۔ خازن نے اُس سے اُسی طرح کہا جس طرح پہلے خازن نے کہا تھا۔ انس کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر بیان کیا کہ میں نے آسمانوں میں آدم اور ادریس اور موسیٰ اور عیسیٰ اور ابراہیم کو دیکھا اور اُن کے منازل کی کیفیت بجز اس کے اور کچھ نہیں فرمائی کہ میں نے آدم کو آسمانِ دنیا پر اور ابراہیم کو چھٹے آسمان پر پایا۔ ابن شہاب نے بیان کیا ہے کہ مجھے ابن حزم نے کہا کہ ابن عباس اور ابا حبہ انصاری کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اور بھی عروج دیا گیا یہانتک کہ میں ایک ہموار مکان پر چڑھ گیا اور وہاں میں قلموں کے لکھنے کی آواز سُنتا تھا۔ ابن حزم اور انس کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے میری اُمت پر پچاس نمازیں فرض کر دی تھیں تو میں اُن کو لیکر واپس ہوا اور جب میں موسیٰ کے پاس سے گذرا تو اُس نے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تیری اُمت پر کیا فرض کیا میں نے کہا کہ پچاس نمازیں فرض کی ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ آپ اپنے رب کے حضور لوٹ کر جائیے کیونکہ تیری اُمت اتنی نمازوں کی طاقت نہیں رکھتی میں بموجب کہنے حضرت موسےٰ کے واپس گیا اور عرض کیا تو اللہ تعالیٰ نے ایک حصہ کم کر دیا پھر میں موسیٰ کی طرف لوٹا اور بیان کیا کہ ایک حصہ معاف ہوا۔ پھر موسیٰ نے کہا اپنے رب کے پاس واپس جاؤ کیونکہ تیری اُمت اتنی کی بھی طاقت نہیں رکھتی پس میں خدا کے حضور گیا اُس نے ایک حصہ

اور کم کر دیا۔ پھر موسیٰ کے پاس آیا۔ پھر موسیٰ نے کہا کہ اپنے رب کے حضور واپس جاؤ کیونکہ تیری اُمت اس کی بھی طاقت نہیں رکھتی۔ پھر بحضور خداوند تعالیٰ حاضر ہوا اور عرض معروض کی تو اُس نے فرمایا اچھا جاؤ پانچ نمازیں قایم کی گئیں جو پچاس کے برابر ہیں۔ پس میری بات نہیں بدل سکتی یہ سُنکر میں موسیٰ کے پاس آیا اور حال بیان کیا تو اُس نے پھر کہا کہ اپنے رب کی طرف لوٹو۔ اس پر میں نے کہا کہ اب تو مجھے اپنے رب سے حیا آتی ہے۔ پھر مجھے آگے لے گئے یہانتک کہ میں سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچ گیا جسکو بوقلموں رنگوں نے ڈھانکا ہوا تھا اور میں نہیں جانتا کہ وہ کیا ہے۔ پھر مجھے جنت میں داخل کیا گیا جہاں کیا دیکھتا ہوں کہ موتیوں کے گنبد ہیں اور اُن کی مٹی کستوری کی ہے۔ اِس حدیث کے اوپر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کا اتفاق ہے۔ دیکھو مشکوٰۃ المصابیح مترجم جلد چہارم مطبوعہ مطبع القرآن والسنہ امرتسر +

اس حدیث کے سوا اور بھی بہت سی احادیث معراج کے بارے میں آئی ہیں۔ جن میں کچھ نہ کچھ اختلاف ہے اور اسی اختلاف کی وجہ سے محدثین و متکلمین نے یہ قرار دیا ہے کہ معراج ایک دفعہ نہیں ہوا بلکہ کئی دفعہ ہوا ہے۔ بہرحال یہ ایک ایسی حدیث ہے جس کے صحیح ہونے پر دو اماموں کا جو نقادِ فنِ حدیث ہیں اتفاق ہے۔ اور اس حدیث میں بہت سے الفاظ ہیں جن سے لوگوں کو دھوکا لگا ہے کہ واقعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس جسم خاکی کے ساتھ آسمان پر گئے۔ مگر ہم ذیل میں ہر لفظ کے متعلق مفصل لکھتے ہیں کہ لغت کاشفات میں اُن کے کیا معنے ہیں کیونکہ جس علم کا ذکر ہو اُس کی لغت اُسی علم میں تلاش کرنی چاہیئے یہ نہیں ہو گا کہ ذکر تو ہو سائنس کا اور اُس کے معنے علمِ ادب کی لغت سے الفاظ کے معنے تلاش کئے جائیں ہر علم کی الگ لغت ہوتی ہے یہ حدیث جو زیر بحث ہے علم کاشفات سے تعلق رکھتی ہے اسلئے ہم اُسی علم کی لغت سے تلاش کرتے ہیں اور پھر ظاہر کرینگے کہ کیونکر یہ معنے صحیح ہیں اور جو لوگوں نے سمجھا کہانتک درست حقیقت معنے ہیں واضح ہو کہ اس حدیث میں اول الفاظ فُرِجَ عَنِّیْ سَقْفُ بَیْتِیْ وَاَنَا بِمَکَّۃَ ہیں لغت مکاشفات میں فرج کے معنے لکھے ہیں اَلتَّوَجُّہُ لِلسَّفَرِ وَعَقْدُ الشَّرِکَۃِ وَکَشْفُ الْاَسْرَارِ وَالْاِطِّلَاعُ عَلَی الْمَعَادِنِ۔ یعنے سفر کے لئے متوجہ ہونا اور شراکت میں عہد و پیمان کرنا اور بھیدوں کا ظاہر ہونا اور کانوں پر آگاہی پانا۔ اب بتاؤ یہ ساری باتیں رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم کو پیش آئیں کہ نہیں۔ کوئی ہے جو انکار کر سکتا ہے۔ دیکھو تعطیر الانام فی تعبیر المنام مولفہ امام عبد الغنی النابلسی جلد ۲ صفحہ ۱۲۷ +

اور لفظ اَنَا بِمَکَّۃَ کے معنے لکھے ہیں مَنْ رَاٰی مَکَّۃَ مَنْزِلًا نَالَ عِزًّا مِنَ السُّلْطَانِ وَمَلْجَاءَ النَّاسِ اِلَیْہِ لِعِلْمٍ یُعَلِّمُہُمْ یعنے جو شخص مکہ کو اپنی منزل دیکھے تو اُس سے مراد یہ ہے کہ وہ بادشاہ کے ہاں سے عزت پائے گا اور لوگ اُس کے ہاں پناہ لینگے تاکہ وہ اُس سے علم حاصل کریں۔ دیکھو تعطیر الانام جلد ۲ صفحہ ۲۳۳ +

اب اس کے بعد ہی منزل جبرئیل ہے جسکے معنے لغت مکاشفات میں یوں ہیں

مَنْ رَاٰی جِبْرَئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامَ فَاِنَّہٗ یُسَافِرُ فِیْ طَلَبِ عِلْمٍ وَرُؤْیَتُہٗ تَدُلُّ عَلَی التَّعَبُّدِ اَوِ الْعِلْمِ وَعَلٰی تَعْلِیْمِ الْاَسْرَارِ لِاَرْبَابِہَا وَرُبَّمَا دَلَّتْ رُؤْیَتُہٗ عَلَی النَّقْلِ وَالْحَرَکَاتِ وَالْجِہَادِ وَالنَّصْرِ عَلَی الْاَعْدَاءِ وَتَدُلُّ رُؤْیَتُہٗ عَلَی الْاِطِّلَاعِ عَلَی الْعُلُوْمِ الشَّرْعِیَّۃِ وَغَیْرِہَا +	یعنے جو شخص جبرائیل کو دیکھے تو وہ علم کی تلاش میں سفر کریگا۔ اور جبرائیل کا دیکھنا تعبد یا علم یا اُنکے اہل لوگوں کو اسرار کا سکھلانا مراد ہے اور گاہے جبرائیل کی رویت نقل مکان و حرکات اور جہاد اور دشمنوں پر نصرت حاصل کرنا اور علوم شرعیہ وغیرہ پر اطلاع پانا مراد ہے دیکھو تعطیر الانام جلد اول صفحہ ۹۳ +

پھر الفاظ فَفَرَجَ صَدْرِیْ۔ وَقَالَ ابْنُ سِیْرِیْنَ مَنْ رَاٰی اَنَّ صَدْرَہٗ مُنْشَرِحٌ فَاِنَّہٗ یَدُلُّ عَلٰی زِیَادَۃِ دِیْنِہٖ وَتَقْوَاہُ فرج صدر کے معنے میں ابن سیرین کہتا ہے کہ جو شخص دیکھے کہ اُس کا سینہ کھل گیا یہ اِس بات پر دال ہے کہ اُس کا دین اور تقوی زیادہ ہو گیا۔ دیکھو کتاب منتخب الکلام فی تفسیر الاحلام جلد ۲ +

وَمَنْ رَاٰی اَنَّہٗ صَعَدَ اِلَی السَّمَاءِ فَاِنَّہٗ یَنَالُ رِفْعَۃً	یعنے جو شخص دیکھے کہ وہ آسمان پر گیا ہے تو وہ بلندی حاصل کریگا +

فَلَمَّا حِئْتُ اِلَی السَّمَاءِ الدُّنْیَا اس کے متعلق یوں لکھا ہے +

فَاِنْ رَاٰی اَنَّہٗ فِی السَّمَاءِ الدُّنْیَا وَکَانَ لِلْوَزَارَۃِ اَھْلًا +	اگر دیکھے کہ وہ آسمان دنیا میں ہے تو وہ وزارت کا اہل ہے یعنے وزیر بنیگا۔ دیکھو تعطیر الانام جلد اول صفحہ ۲۶۲ +

قَالَ هٰذَا آدَمُ آدم کے متعلق لکھا ہے

مَنْ رَاٰی آدَمَ عَلٰی هَیْئَتِهٖ نَالَ وَلَایَةً اِنْ کَانَ لَهَا اَهْلًا

یعنے جو شخص آدم علیہ السلام کو اپنی ہیئت پر دیکھے تو وہ ولایت کا درجہ پائیگا اگر وہ اُسکا اہل ہوگا۔ دیکھو تعطیر الانام جلد اول صفحہ ۱۱ +

حَتّٰی عُرِجَ بِیْ اِلَی السَّمَآءِ الثَّانِیَةِ۔ آسمان دوم کی نسبت لکھا ہے :۔

وَاِنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِی السَّمَآءِ الثَّانِیَةِ فَاِنَّهٗ یَنَالُ اَدَبًا یَتَعَلَّمُ النَّاسُ مِنْهُ وَ فَطَنَةً وَکِتَابَةً وَرِیَاسَةً

یعنے اگر کوئی دیکھے کہ وہ دوسرے آسمان پر ہے تو وہ ادب حاصل کریگا جسے لوگ سیکھینگے اور دانائی اور کتابت اور ریاست اُسکو حاصل ہوگی +

اِنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِی السَّمَآءِ الثَّالِثَةِ فَاِنَّهٗ یَنَالُ نِعْمَةً وَجَوَارِیَ وَحُلِیًّا وَحَلَالًا وَ فَرَحًا وَسُرُوْرًا وَیُسْتَغْنٰی وَیُتَنَعَّمُ

یعنے جو دیکھے کہ وہ تیسرے آسمان پر ہے تو وہ نعمت اور لونڈیئیں اور لباس اور حلال مال اور خوشی اور راحت پائیگا اور صاحب غنا و نعمت ہوگا۔ دیکھو تعطیر الانام جلد اول صفحہ ۲۶۲ +

وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِی السَّمَآءِ الرَّابِعَةِ نَالَ مُلْکًا وَسَلْطَنَةً وَهَیْبَةً

یعنے جو شخص دیکھے کہ وہ چوتھے آسمان پر ہے تو اُس کو مُلک اور سلطنت اور ہیبت ملیگی۔ دیکھو تعطیر الانام جلد اول صفحہ ۲۶۲ +

وَاِنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِی السَّمَآءِ الْخَامِسَةِ نَالَ وَلَایَةَ الشُّرْطَةِ اَوْ قِتَالًا اَوْ تَلَصُّصًا اَوْ دِعَارَةً

اور اگر کوئی دیکھے کہ وہ پانچویں آسمان پر ہے تو اُس کو کوتوال کا عہدہ عطا ہوگا۔ دیکھو تعطیر الانام جلد اول صفحہ ۲۶۲ +

وَاِنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِی السَّمَآءِ السَّادِسَةِ فَاِنَّهٗ یُرْزَقُ فِقْهًا اَوْ قَضَاءً وَزُهْدًا وَعِبَادَةً وَیَکُوْنُ حَازِمًا فِی الْاُمُوْرِ مُدَبِّرًا اَوْ خَازِنَ الْمَلِکِ +

اور اگر دیکھے کہ وہ چھٹے آسمان پر ہے تو اُسکو فقہ کا علم اور قضا اور زہد و عبادت مرحمت ہوگی اور امورات میں بڑا دانا اور مدبر ہوگا اور بادشاہ کا خازن یعنے داروغہ ہوگا۔ دیکھو تعطیر الانام جلد اول صفحہ ۲۶۲ +

وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِی السَّمَآءِ السَّابِعَةِ فَاِنَّهٗ یَنَالُ عِقَارًا اَوْ اَرْضِیْنَ وَوُکَلَاءَ

اور جو شخص دیکھے کہ وہ ساتویں آسمان پر ہے تو وہ اور ملک اور وکیل اور کاشتکاران حاصل

وَفَلَاحِيْنَ فِيْ عَيْشٍ طَوِيْلٍ +

کریگا اور لمبی عمر پائیگا جو راحت کی زندگی ہوگی۔ دیکھو تعطیر الانام جلد اول صفحہ ۲۶۲ +

فَاِنْ رَاٰی اَنَّهٗ فَوْقَ السَّمَآءِ السَّابِعَةِ فَاِنَّهٗ يَنَالُ رَفْعَةً عَظِيْمَةً وَلٰكِنَّهٗ يَهْلِكُ

اور اگر دیکھے کہ وہ ساتویں آسمان کے اوپر ہے تو وہ عظیم الشان مدارج علو حاصل کریگا لیکن فوت ہو جائیگا +

آسمانوں کے علاوہ انبیاء علیہم السلام کے اسماء مبارک آئے ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی حالت میں دیکھا ہے آدم کے متعلق پہلے بھی لکھا گیا ہے اب ہم دیگر انبیاء کے متعلق بیان کرتے ہیں +

وَقَالَ جَعْفَرُ الصَّادِقُ مَنْ رَاٰی آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنْ كَانَ اَهْلًا لَهٗ يُصِيْبُ السِّيَادَةَ وَالْوِلَايَةَ الْعَظِيْمَةَ +

اور جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص آدم علیہ السلام کو دیکھے اگر وہ اسکا اہل ہو تو وہ سرداری اور بڑی ولایت پائیگا یعنے وہ بڑا سردار اور عظیم الشان والی ہوگا۔ دیکھو کتاب الاشارات فی علم العبارات ابن شاہین الظاہری رحمۃ اللہ علیہ جلد دوم صفحہ ۸۱ +

وَمَنْ رَاٰی اِدْرِيْسَ بِحُسْنِ اَمْرٍ وَتَكُوْنُ عَاقِبَتُهٗ مَحْمُوْدَةً وَقِيْلَ مَنْ رَاٰی اِدْرِيْسَ يَدُلُّ عَلٰی اِجْتِهَادٍ فِی الْعِبَادَةِ وَاِنْ يَكُوْنَ عِلْمًا بَصِيْرًا +

اور جو شخص ادریس علیہ السلام کو اپنے عمدہ کام میں دیکھے تو اُس کی عاقبت محمود ہوتی ہے اور یہ بھی کہتے ہیں کہ جو ادریس کو دیکھے تو انکا دیکھنا اس بات پر دال ہے کہ دیکھنے والے کو اجتہاد فی العبادت کا درجہ عطا ہوگا اگر اُسکو علم بصیر ہو۔ دیکھو کتاب الاشارات فی علم العبارات جلد دوم صفحہ ۱۸ +

وَمَنْ رَاٰی مُوْسٰی يَهْلِكُ فِیْ تِلْكَ الدِّيَارِ سُلْطَانٌ ظَالِمٌ +

اور جو شخص موسیٰ علیہ السلام کو دیکھے تو اُس سے مراد یہ ہے کہ اُس ملک کا ظالم بادشاہ ہلاک ہو جائیگا۔ دیکھو کتاب الاشارات جلد ۲۔ صفحہ ۱۹ +

وَمَنْ رَاٰی يَحْيٰی فَاِنَّهٗ يَدُلُّ عَلٰی حَيَاةٍ وَدَوْلَةٍ وَبُشْرٰی وَخَيْرٍ +

اور جو شخص کہ یحییٰ علیہ السلام کو دیکھے تو دیکھنے والا زندگی اور دولت اور بشارت اور نیکی حاصل

کریگا۔ دیکھو کتاب الاشارات جلد ۲ صفحہ ۱۹ +

وَمَنْ رَاٰی عِیْسٰی فَاِنَّهٗ یُحْیِیْ اَشْغَالَهٗ الْمَیِّتَةَ وَیَقْوٰی عَلَی الطَّاعَاتِ وَیُحْصَلُ لَهُ التَّوْفِیْقُ لِفِعْلِ الْخَیْرَاتِ وَقِیْلَ مَنْ رَاٰی عِیْسٰی یُرْزَقُ الْعِبَادَةَ وَالزُّهْدَ وَالتَّقْوٰی وَرُبَّمَا کَثُرَتْ سَفَارُهٗ وَیَنْجُوْ مِمَّا یَخَافُ

اور جو شخص عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھے تو وہ شخص اپنے مُردہ کاروبار کو تازہ کریگا اور طاعت پر قوی ہو جائیگا اور اُس کو نیک کاموں کی توفیق ملیگی اور یہ بھی کہتے ہیں کہ جو عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھے تو اُس کو عبادت اور زہد اور تقویٰ مرحمت ہوگا اور بعض اوقات اُسکو کثرت سفر پیش آئیگی اور جس چیز سے اُسکو خوف ہو اُس سے نجات پا جائیگا۔ دیکھو کتاب الاشارات جلد ۲ صفحہ ۱۹

وَمَنْ رَاٰی اِبْرَاهِیْمَ فَاِنَّهٗ یَحُجُّ وَیُرْزَقُ مَحَبَّةَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَیَذْهَبُ هَمُّهٗ وَغَمُّهٗ وَیُصِیْبُ خَیْرًا وَدُنْیَا وَاسِعَةً

اور جو ابراہیم علیہ السلام کو دیکھے تو وہ حج کریگا اور اللہ تعالیٰ کی محبت اُس کو حاصل ہوگی اور اُس کے تمام ہم و غم دُور ہو جائینگے اور اُس کو نیکی نصیب ہوگی اور وسیع دُنیا ملیگی۔ دیکھو کتاب الاشارات جلد ۲ صفحہ ۱۸ +

اور بعض احادیث میں بیت المقدس میں جانا بھی لکھا ہے۔ اِس لئے دکھاتے ہیں کہ بیت المقدس میں اپنے آپ کو دیکھنے سے کیا مراد ہے۔ چنانچہ لکھا ہے:۔

مَنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِی الْبَیْتِ الْمُقَدَّسِ فَاِنَّهٗ یَکُوْنُ صَاحِبُ دِیَانَةٍ وَاَمَانَةٍ

جو دیکھے کہ وہ بیت المقدس میں ہے تو وہ صاحب دیانت و امانت ہوگا۔ دیکھو کتاب الاشارات جلد ۲ صفحہ ۱۴۱ +

بُراق بھی بعض احادیث میں آیا ہے۔ اُس کی نسبت یوں لکھا ہے +

بُرَاقُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰهُ فِی الْمَنَامِ بَلَغَ رُتْبَةً عَالِیَةً وَسَافَرَ فِیْ عِزٍّ

بُراق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جو دیکھے تو وہ بلند مرتبے پر پہنچیگا اور عزت کے ساتھ سفر کریگا

اس حدیث میں طست کا بھی لفظ آیا ہے سو اُس کی نسبت یوں لکھا ہے +

اَلطَّسْتُ عِزٌّ وَرِفْعَةٌ وَرِزْقٌ وَمَالٌ

طست کے معنے عزت اور بلندی مرتبہ و رزق و مال ہے +

قلب کے نکالنے کا بھی بعض احادیث میں ذکر ہے اِس لئے اُس کے بارہ میں یُوں آیا ہے مَنْ رَآی اَنَّ قَلْبَہٗ خُرِجَ مِنْ بَطْنِہٖ حَسُنَ دِیْنُہٗ + جو دیکھے کہ اُس کا دل اُس کے بطن سے نکالا گیا تو اُس سے مراد یہ ہے کہ اُسکا دین عمدہ ہو گیا

غرضیکہ اِن تمام امور سے صاف ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے مدارج روحانی پر اطلاع بذریعہ کشف دی گئی اور اُن کو پیش از وقت تمام حالات جو اُن کی زندگی کے ساتھ وابستہ تھے اور جو اُن کو لازماً پیش آنے والے تھے سب ان آنکھوں سے دکھلا دئے گئے۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ خواہ مخواہ اس خاکی جسم کے ساتھ اُن کو آسمانوں پر چڑھانے کی کوشش کی جائے +

ساتویں فصل

اس بات میں کہ آیت اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ میں رَافِعُکَ مُقَدَّم ہے اور مُتَوَفِّیْکَ مُؤَخَّر ہے

یا کیا صورت ہے

بعض مفسرین اور بعض علماءِ زمان جب اُن کو لفظ توفی کے معنوں میں بجز موت اور کچھ ثابت نہیں ہوتا تو پھر مجبور ہو کر کہہ دیتے ہیں کہ اصل میں رَافِعُکَ اوّل ہے اور مُتَوَفِّیْکَ مابعد ہے۔ لیکن ایسی جرأت کرنے سے اُن کو یہ خوف نہ ہوا کہ اسمیں اللہ تعالیٰ کے کلام پاک میں تحریف ہے۔ یہود یوں پر جب خدا کی مار پڑی تو انہی وجوہات سے۔ کیونکہ وہ بھی توریت شریف کی آیات کو اسی طرح اپنی نفسانی خواہشوں کے تابع کرنے لگ گئے تھے یہ نہ سمجھا کہ اُس عزیز و حکیم کی عبارت کسی حکمت عظمیٰ پر مبنی ہو گی۔ اُس میں ہم اپنی طرف سے کیوں ایسی بات داخل کریں جس سے اللہ تعالیٰ کی شانِ عالیشان میں کسی قسم کا نقص ثابت ہو۔ کیا وہ علیم و خبیر خدا اس تقدیم و تاخیر کی نسبت نہیں جانتا تھا کہ آخری زمانہ میں اِن الفاظ پر

فتور پڑیگا اگر اُس کے علم میں فی الحقیقت یہی مقصود تھا کہ لفظ سَا اِفْعَلُ پہلے ہے تو کیوں اُس نے مُتَوَفِّیْکَ کو پیچھے نہ رکھا۔ کیا اِس کو ایسے کرنے میں کوئی تکلیف تھی یا کسرِ شان تھا۔ اے نادانو جس پاک ذات نے یہ الفاظ نازل فرمائے تھے کیا اِس لئے نازل فرمائے تھے کہ اُن سے فساد برپا ہو اور کیا یہہ مان لیں کہ اُس نے خود فساد ڈالنے کے لئے ایسا کیا تھا۔ ہرگز نہیں اُس نے جو کچھ کیا وہ سب ٹھیک ہے۔ جس ترتیب پر اُتارا وہ حرفاً حرفاً درست اور بانظام ہے اور اس میں کسی طرح کی تقدیم و تاخیر یا تبدیل و تغیر نہیں ہو سکتی۔ اگر ایسا کیا جائے تو اُس کی پُر حکمت ترتیب میں بڑا فتور لازم آئیگا۔ اور ہر انسان جو چاہیگا اپنی مرضی سے اسی محکم ترکیب کو توڑ کر الگ الگ کر دیگا اور جس طرح چاہیگا اپنے طبع زاد مضمونوں کے مطابق قرآن شریف کی آیات کو ڈھال لیگا۔ اے عقل کے دشمنوں اگر اس ترتیب خداوندی میں ایک بال کے برابر بھی فرق آگیا تو پھر حفاظتِ قرآن شریف کہاں رہی اور پھر وہ دشمنانِ دین کے دست بُرد سے کیونکر مامون و مصئون رہ سکتا ہے۔ کیا تم بلاغت کی کتابوں میں واؤ ترتیب نہیں پڑھتے بالفرض اگر علمِ بلاغت میں واؤ ترتیبی نہ بھی ہوتی تو بھی حرج نہیں تھا خود نفسِ مضمون اور مشاہداتِ اِس کے مشاہد ہیں۔ اس ترتیب سے آیت میں کونسا نقص واقع ہے۔ دیکھو اللہ تعالیٰ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کو جب کہ اُنہیں یقین کامل ہو گیا کہ اب یہ دشمن یعنے یہودی مجھے قتل کئے بغیر نہیں رہ سکتے تو خدا تعالیٰ کی درگاہ میں گریہ و زاری کرنا اور دعائیں مانگنے لگے اور اسی غم و فکر میں کئی دن رات برابر دعا مانگتے کاٹے اور آخری رات کو تو ایک منٹ بھی نہ سوئے اور آستانۂ خدا پر نہایت عجز و تذلل سے دعا مانگتے رہے اور شاگردوں کو بھی دعا کی تاکید کی اور پھر دوسرے روز اُن کے قتل کے لئے صلیب بھی تیار ہو گئی اور صلیب پر چڑھائے بھی گئے جہاں پر وہ اِیْلِیْ اِیْلِیْ لِمَا سَبَقْتَنِیْ پکارتے رہے ان حالات کی موجودگی میں وہ ارحم الراحمین خدا اپنے ایسے مقبول بندے اور پیارے نبی کی آواز کو سُنکر کیونکر خاموش رہ سکتا تھا۔ کیا اُن کی اضطراری دعائیں بالکل بے اثر چلی جاتیں اور اللہ تعالیٰ کے رحم کو جوش میں لانے کے لئے کچھ بھی کارگر نہ ہو سکتی تھیں کیا خدا تعالیٰ اپنا وہ وعدہ جو اُس نے حضرت مسیح علیہ السلام سے کیا تھا کہ میں تمکو ان دشمنانِ دین کے ہاتھوں سے نہیں مرنے دونگا فراموش

کر چکا تھا۔ ہرگز نہیں۔ اُس نے اُن کی گریہ وزاری کو سُنا۔ اور اُن کی دُعاؤں کو قبول کیا۔ اور اُن کی اطمینان کے لئے کیسے پیارے اور تسلی بخش الفاظ اور کیسی دلکش اور دلاویز آواز سے فرمایا +

يٰعِيْسٰى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	اے عیسیٰ تم غم اور فکر نہ کرو اس تھوڑی سی تکلیف کے بعد میں تمہیں ظالموں کے ہاتھ سے بچا لونگا بلکہ میں ہی تجھے طبعی موت سے مارونگا اور تجھے لعنت کی موت سے جو

خدا تعالیٰ کے حضور سے دوری و مہجوری کا باعث ہوتی ہے بچا کر تجھے عزت اور قرب کے مقام پر پہنچاؤنگا۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں تیری تطہیر کراؤنگا اور کفار کو روز روشن کی طرح ایسا دکھلاؤنگا کہ وہ کتنی بڑی غلطی میں ہیں۔ اور میں تجھے لعنت کے اتہام سے بری کرونگا۔ اور تیرے اللہ یا ابن اللہ یا ثالث ثلاثہ کہنے والوں کو ان جسمانی آنکھوں سے دکھادونگا۔ کہ وہ جس کو خدا یا خدا کا بیٹا کہتے تھے ایک عاجز ناتوان انسان تھا اور وہ انسانوں کی سی موت کا مزہ چکھ کر کشمیر جنت نظیر میں مدفون ہو کر سری نگر کے محلہ خانہ یار میں ایک قبر کے اندر خواب استراحت کرتا ہے اور تیرے تابعین کو تیرے منکروں پر تا قیامت غالب رکھونگا۔ ان آیات میں کیسی بے نظیر ترتیب ہے شروع سے لیکر قیامت تک کا فیصلہ کر دیا گیا ہے اور روزمرہ کا مشاہدہ بھی شہادت دیتا ہے۔ کہ مسیح علیہ السلام پر جو جو اتہامات لگائے جاتے تھے۔ اُن کی کیسی بیخ کنی ہوئی ہے۔ اور کس طرح اُن کی موت کی کیفیت اظہر من الشمس ہو کر اُن کی صفائی کی گئی ہے

دوسرا ہم دیکھتے ہیں کہ مسیح کے تابعین دُنیا میں دو قسم کے ہیں ایک بالواسطہ اور دوسرے بلاواسطہ سو روزمرہ مشاہدہ میں آرہا ہے کہ دونو گروہ مسیح کے منکروں پر جو وہ بھی بالواسطہ اور بلاواسطہ ہیں ہر طرح غالب ہیں۔ اور منکرین خواہ وہ بالواسطہ ہیں یا بلاواسطہ

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ	کے مصداق ہیں پھر کیونکر تسلیم کر لیا جاوے کہ یہ ترتیب ٹھیک نہیں +

بعض نادان یہ بھی کہتے ہیں کہ اس آیت میں واؤ ترتیبی نہیں بلکہ جمع کی واؤ ہے۔ اگر

بالفرض یہ بھی مان لیں تو بھی حضرت مسیح کی موت ہی ثابت ہوتی ہے۔ فرض کرو اگر رَافِعُكَ پہلے کر لیا جاوے اور مُتَوَفِّيكَ بعد تو بھی آسمان پر مرنا ثابت ہوا۔ کیونکہ تطہیر بھی ہو چکی اور تابعین بھی ابتک دشمنانِ مسیح پر غالب ہیں۔ اس میں ہمارا کچھ ہرج نہیں اگر زمین پر نہیں مرا تو آسمان پر تو مرا بہرحال مرہی گیا۔ اور مُتَوَفِّيكَ کو اگر دوسری جگہ نہیں تیسری یا چوتھی جگہ لگائیں تو پھر قیامت کے بعد اُس کا مرنا تسلیم کیا جاوے گا۔ پھر بہرحال اُنکا دوبارہ دُنیا میں آنا ثابت نہ ہوا۔ اس میں ہمارا کیا ہرج ہے کیونکہ قیامت کو تو ہم سب اُن کو جا کر ملیں گے۔ جب وہ قیامت سے پہلے ہمارے پاس نہ آئے تو اُن کا مرنا اور جینا برابر ہوا۔ اس صورت میں بھی اُن کی اسامی خالی ہی رہی اور گویا وہ تو وفات شدوں کی طرح موتے ہی میں داخل ہو گئے +

یہ بات بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ عطف میں جبتک جہت جامع نہ ہو تو وہ عطف لغو اور بیہودہ سمجھا جاتا ہے۔ دیکھو مطول علے التلخیص امام تفتازانی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۲۴۷ +

فَإِذَا أَنَّتْ جُمْلَةٌ بَعْدَ جُمْلَةٍ فَالْأُولَى إِمَّا أَنْ يَكُونَ لَهَا مَحَلٌّ مِنَ الْإِعْرَابِ أَوْ لَا وَعَلَى الْأَوَّلِ إِنْ قُصِدَ تَشْرِيكُ الثَّانِيَةِ لَهَا فِي حُكْمِهِ عُطِفَ عَلَيْهَا كَالْمُفْرَدِ فَشَرْطُ كَوْنِهِ مَقْبُولًا بِالْوَاوِ وَنَحْوِهَا أَنْ يَكُونَ بَيْنَهُمَا جِهَةٌ جَامِعَةٌ نَحْوُ زَيْدٌ يَكْتُبُ وَيَشْعُرُ أَوْ يُعْطِي وَيَمْنَعُ +	جب ایک جملہ کے بعد دوسرا جملہ آئے تو اوّل کے لئے یا تو اعراب کا محل ہو گا یا نہ ہو گا اور پہلی صورت میں عطف اُس وقت جائز ہو گا جبکہ دوسرے کو پہلے کیساتھ شریک کرنا مقصود ہو اور اُس میں جو عطف ہو گا وہ مفرد ہو گا اور وہ جب ہی قبول ہو گا کہ عطف واو یا اُس کی مثل کوئی اور عطف ہو اور اُن کے درمیان جہت

جامع ہو جیسے کہتے ہیں زید لکھتا ہے اور جانتا بھی ہے یا دیتا ہے اور روکتا ہے +

پس ضرور ہوا کہ اگر واؤ ترتیب نہ بھی تسلیم کریں تو بھی واؤ جمع میں جہت جامع کا ہونا ضروری ہے ورنہ خدا تعالیٰ حکیم و علیم کے اِس حکمت بھرے فصیح و بلیغ کلام میں نقص واقع ہوتا ہے اور پھر اُس کا وہ دعویٰ جو آیت وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَى عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ میں ہے غلط ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ قرآن شریف نے کوئی

خاص مثل نہیں بیان کی تمام باتوں میں جو ہو چکیں یا جو موجود ہیں اور یا آئندہ ہو سکتی ہیں اُن کو دعویٰ کمالیت ہے پھر اگر جہت جامعہ کا نقص رہا۔ تو بھی قرآن کامل معجزہ نہ ہوا۔ لہذا اِن آیات میں

اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۔ دس آیت میں	جب اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اے عیسیٰ میں تجھے وفات دینے والا اور اپنے پاس مقرب بنکر عزت دینے والا اور کافروں کے الزامات سے تجھے پاک کرنے والا اور تیرے تابعین کو کافروں پر قیامت تک غالب کرنے والا ہوں

جس قدر واؤ عطف آئی ہیں اِن سب میں جہت جامعہ کا ہونا لازمی ہے اور یہ تو معلوم ہے کہ اِن آیات میں واؤ تین دفعہ آئی ہے اُسنے چار الگ الگ مضامین کو ملایا ہے۔ اب یہاں پہلا امر ثابت کرنا ضروری ہے کہ اِن جملوں میں جہت جامعہ کیا ہے سو واضح ہو کہ اوّل لفظ اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ ہے اِس میں اِنّ کا حرف ہے جو تردد کے مقام پر مستعمل ہوتا ہے۔ اور اللہ نے یائے کو لگا کر اُس فعل کو اپنی طرف منسوب کر لیا ہے جس سے رفع تردد مقصود ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ حضرت مسیح کو کونسا تردد تھا جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اُن کی تسلّی اور طمانیت کے لئے ایک وعدہ دیا جب ہم اُس زمانہ کے یہودیوں پر نگاہ کرتے ہیں اور اناجیل مروجہ کو نظر غور سے دیکھتے ہیں تو ثابت ہوتا ہے کہ لوگوں نے مسیح علیہ السلام پر کفر کا فتویٰ لگایا تھا جیسے کہ انجیل متی باب ۲۶۔ آیت ۶۵ و ۶۶ سے ظاہر ہوتا ہے اور بالضرور وہ لوگ اُن کے قتل کے فکر میں لگے ہوئے اور اس ذریعہ کی تلاش میں تھے کہ جس طرح ہو سکے اُس کو مارا جائے۔ بظاہر تو اس کو مار نہیں سکتے تھے کیونکہ غیر قوم یعنے رومیوں کی سلطنت تھی اور قانون کی سخت پابندی بھی تھی۔ اس واسطے در پردہ اُن کے مار ڈالنے کی کوشش میں مصروف رہے۔ چنانچہ متی باب ۲۶ آیت ۵۹ میں لکھا ہے تب سردار کاہن اور بزرگ اور ساری مجلس یسوع پر جھوٹی گواہی ڈھونڈنے لگی تاکہ اُسے مار ڈالیں اور آخر بغاوت سلطنت کا الزام لگا کر صلیب کی موت کا مجرم ٹھہرایا۔ جب قوم یہود اس بات پر کامیاب ہوتی نظر آئی تو فطرتاً حضرت مسیح علیہ السلام کو چار فکر دامنگیر ہوئے ایک تو یہ کہ اگر یہود نے مجھے مار ڈالا تو میں بموجب توریت استثناء

باب ۱۳ آیت ۵۔ و استثنا باب ۱۸۔ آیت ۲۰۔ و یرمیاہ باب ۱۴۔ آیت ۱۵۔ و زکریا باب ۱۳ آیت ۷۔ کے جھوٹا نبی شمار ہونگا۔ اِس لئے وہ صلیب کی رات سے پہلے نہایت تذلل کے ساتھ دعا میں مصروف ہوئے چنانچہ انجیل متی باب ۲۶ آیت ۳۶ سے ۳۹ میں ہے اُور کچھ آگے بڑھ کے مُنہہ کے بل گرا اور دعا مانگتے ہوئے کہا کہ اے میرے باپ اگر ہو سکے تو یہ پیالہ مجھ سے گذر جائے"۔ اس پر اللہ تعالیٰ جلشانہٗ جو ہر شخص کی دعا خواہ وہ کسی مذہب کا ہو بموجب مین اضطرار کی حالت میں کی جائے تو کبھی رد نہیں کرتا بلکہ بموجب آیت قرآنی وَمَنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ صاف واضح ہے کہ وہ اضطراری دعا کو ضرور قبول فرماتا ہے حضرت عیسےٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم نبی کی اضطراری دُعا جو خالص دین کے لئے تھی کیونکر رد فرما سکتا تھا۔ لہذا اُس ارحم الراحمین خدا نے بجوش رحمت کریمانہ حضرت مسیح کی اس بیکسانہ اور مظلومانہ حالت کی دعا کو قبول فرما کر اُن کی تسلی اور طمانیت کے لئے یہ وعدہ فرمایا یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ اے عیسیٰ تم غم نہ کرو میں ہی تمہیں وفات دونگا یعنی تو طبعی موت سے مریگا اور میں اُن بے ایمانوں کی مجوزہ موت سے نجات دونگا یعنی تو لعنتی موت سے نہیں مریگا +

دوسرا جملہ رَافِعُکَ اِلَیَّ ہے۔ اِس کے لانے کی اللہ تعالیٰ کو یہ ضرورت پیش آئی کہ حضرت مسیح کو دوسرا تردد یہ دامنگیر ہوا تھا کہ معاندین نے اُن کو صلیبی موت سے مارنا چاہا تھا تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ بموجب حکم توریت صلیب پر مرنے والا خدا کا مقرب اور دوست نہیں ہوا کرتا بلکہ ملعون ہوتا ہے چنانچہ توریت کتاب استثناء باب ۲۱ آیت ۲۳ میں ہے وہ جو پھانسی دیا جاتا ہے خدا کا ملعون ہوتا ہے" لہذا حضرت مسیح علیہ السلام کو سخت فکر لگا کہ اگر صلیب پر میں مارا گیا تو مجھے ملعون قرار دیا جائیگا جس کا مفہوم بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ خدا کی رحمت سے ہمیشہ کے لئے محروم کیا گیا اور گویا خدا مجھ سے بیزار ہے میں خدا سے بیزار سمجھا جاؤنگا۔ لہذا عین صلیب پر چلا چلا کر کہتا رہا اِیْلِیْ اِیْلِیْ لِمَا سَبَقْتَنِیْ اے میرے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا دیکھو انجیل متی باب ۲۷ آیت ۴۶ جب اللہ تعالیٰ ادنےٰ سے ادنےٰ مومن حتیٰ کہ کافر کی عاجزانہ دعا بھی رد نہیں کرتا بلکہ قبول فرما کر غموم و ہموم سے نجات دیتا ہے تو اپنے مقرب اپنے مہتم بالشان نبی کو ایسی اضطراری

دُعا کو جو نہایت درد دل سے مانگی گئی اور مایوسی کی حد تک پہنچ گئی تھی کیوں قبول نہ فرماتا وہ ضرور ضرور قبول فرماتا ہے چنانچہ قرآن کریم سے اس کی تصدیق ہوتی ہے +

حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ +	یہاں تک کہ جب رسول ناامید ہو جاتے ہیں اور گمان کرنے لگتے ہیں کہ اُن کے ساتھ جو وعدے ہوئے تھے وہ جھوٹے نکلے اور وہ

جھٹلائے گئے جب اس طرح کی اضطراری نوبت پہنچ جاتی ہے تو خدا فرماتا ہے اُس وقت ہماری نصرت اور مدد آیا کرتی ہے اور جسکو ہم چاہتے ہیں ہیں اُن کو غموم اور ہموم سے نجات دیتے ہیں دیکھو سیپارہ ۱۳ رکوع ۶

اِس موقع پر اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسےٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک کیا اور اسی واسطے محبت بھرے الفاظ سے اپنے جان نثار غلام کو وحی کی کہ اے عیسیٰ تم فکر مت کرو۔ میں خود محافظ دین ہوں یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ میرے پیارے اور میرے بھیجے ہوئے ایسی موت سے مارے جائیں۔ جس کا نتیجہ لعنت اور خدا سے دُوری ہو۔ یاد رکھو کہ تم میری درگاہ میں مقرب اور محبوب ہو اور فرمایا اِنِّیْ رَافِعُكَ میں تجھے سچا لونگا اور اس لعنتی موت کی بجائے جو تیرے لئے تجویز کی گئی ہے ایسی موت عطا کرونگا کہ جس کا نتیجہ قُرب اِلی اللہ ہوتا ہے اور تیرے دشمن اپنے مجوزہ منصوبہ میں ہرگز کامیاب نہیں ہونگے۔ بلکہ خائب و خاسر ہونگے اور تو دیکھ کر خوش و خرم ہوگا +

تیسرا جملہ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ہے یہ اس واسطے فرمایا کہ مسیح علیہ السلام کو تیسرا تردد یہ دامنگیر ہوا تھا کہ پہلے ہی مجھے ولادت کے بارہ میں یہ لوگ مشکوک ٹھیراتے ہیں یعنے جسمانی طور سے پلید قرار دیتے ہیں اور اگر اب صلیبی موت واقع ہوگئی تو بموجب توریت شریف روحانی طور سے بھی ملعون قرار دیا جاؤنگا۔ ایسی حالت میں میرا تمام مشن اکارت جائیگا۔ اور میری ساری محنت رائیگاں جائیگی۔ اور کوئی شخص بھی میرے بعد ایماندار نہیں رہیگا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے جواب دیا کہ اے عیسیٰ تم اس امر کا بھی فکر اور تردد مت کرو۔ کیونکہ میں اپنے مرسلوں کی ایسی توہین اور ایسی بے عزتی کو گوارا نہیں کر سکتا۔ تم یاد رکھو کہ میں کفار کی ان تمام باتوں کا اثر ہی اُٹھا دونگا اور نبی آخر الزمان کے ذریعہ تیری ایسی تطہیر کرونگا کہ جس کی نظیر

زمانہ سابقہ میں نہیں پائی جائیگی اور بالآخر آخری زمانہ میں مسیح موعود کے وقت میں اُن تمام اتہامات اور بہتانات کا قلع و قمع کرونگا جو تیری ذات کی نسبت اور تیرے صلیب پر مرنے کی نسبت دنیا میں قائم ہونگے۔ اور پھر تو ایسا پاک وصاف ہوجائیگا کہ لوگ تجھ کو صلی ہیئت میں دیکھنے لگینگے۔ لہذا فرمایا وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا یعنے کفار کی طرف سے تیرا دامن بالکل پاک کر دیا جائیگا۔ اور تیرا سچا اور راستباز اور خدا کا پیارا ہونا دنیا پر روز روشن کی طرح کھل جائیگا +

چوتھا جملہ ہے وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ اِس کی ضرورت اِس واسطے پڑی کہ حضرت مسیح کو چوتھا تردد جو اُن کی جان کو لگا دیئے الاتھا یہ تھا کہ اگر میں صلیب پر اس طرح مارا گیا تو پھر میرے تابعدار جو ابھی بالکل کچے اور بیخبر ہیں اور نہ اُنہوں نے میری صحبت سے کما ینبغی استفادہ حاصل کیا ہے اور نہ وہ دین کی راہ میں پورے باخبر و تجربہ کار ہیں لہذا میری موت کے ساتھ ہی میری تبلیغ کا خاتمہ ہوجائیگا۔ اور پھر صرف اسکا اثر میری ذات تک ہی محدود نہیں رہیگا بلکہ جہان کے سردار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی سچا نبی تسلیم نہیں کریگا کیونکہ اُن کے پہلے میرا مُسلّم ہونا ضروری ہے جیسے میرے آنے سے پہلے ایلیا کا آنا ضروری تھا۔ لہذا لوگ قیامت تک ہدایت سے محروم رہینگے۔ اس جانکاہ اور دلگداز غم نے مسیح کو کھا لیا تھا اور اسی واسطے وہ مایوسانہ الفاظ منہہ پر لائے تھے اور قریب تھا کہ اسی غم سے اُس کی جان نکل جائے کہ رحمِ الٰہی نے جوش مارا اور ارحم الراحمین ذات نے اپنے مقدس رسول کے اطمینان کے لئے یہ بشارت دی جو آیت مذکورہ بالا میں ہے کہ اے عیسٰے تو اس بات کا کچھ اندیشہ نہ کر کہ تیری جماعت کمزور ہے میں تیری اس کمزور جماعت کو ایسا بڑھاؤنگا۔ اور اتنی قدرت اور طاقت دونگا کہ وہ اِن بے ایمان یہودیوں پر کامل طور سے مسلط ہوجائیگی۔ اور وہ قیامت تک کیا دین کے رو سے اور کیا دُنیا کے رو سے اُن پر غالب رہیگی +

اب ہم ذیل میں یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ اس ترتیب خداوندی کے بدلنے اور آگے پیچھے کرنے میں کیا فساد لازم آتا ہے یعنے آیات +

مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ وَمُطَهِّرُكَ وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا کی تقدیم و تاخیر میں کیا فساد لازم آتا ہے

اب اگر مُتَوَفِّي کے معنے مُمِیتُ کے نہ لیں بلکہ کوئی اَور معنے لیں تو پھر تَوَفّی اور رَفع میں جہت جامعہ نہیں رہ سکتی۔ کیونکہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ رَفع کے ساتھ جب اِلیٰ کا صلہ آتا ہے تو وہاں تقرب الی اللہ مراد ہوتی ہے اور روحانی درجات کے معنے لئے جاتے ہیں اور کوئی معنے نہیں ہو سکتے تو پھر اگر توفی کے معنے موت کے نہ لئے جائیں تو کسی صورت میں مابین ہر دو الفاظ مذکورہ جہتِ جامعہ قائم نہیں رہ سکتی اِس واسطے خدائے حکیم و علیم کی کلام میں نقص وارد ہوتا ہے جو تمام نقصوں سے مبرّا و منزّہ ہے لہٰذا بجز اس امر کے تسلیم کرنیکے چارہ نہیں کہ مسیح پر موت وارد ہوگی اور پھر اُس کا رفعِ روحانی ہوگا۔ اور دوسرا تردد اُس کو اپنی موت اور اپنے عدمِ رفعِ روح کا تھا۔ جیسے ہم توریت شریف و اناجیل کے حوالہ سے ثابت کر چکے ہیں۔ پھر اگر خدا تعالیٰ اس کے منشا کے خلاف کچھ اور جواب دیتا تو پھر وہ خدا کا کلام نہ سمجھا جاتا بلکہ ایک مجنون کا کلام متصور ہوتا۔ کیونکہ مسیح تو تڑپ تڑپ کر اور دل کی گدازش سے موتِ مجوزہ سے نجات کی دُعا مانگے اور خدا اُسکو یہ جواب دے کہ میں تجھے سُلا دونگا یا بھر لونگا یا اُٹھا لونگا۔ یا شہواتِ نفسانی سے تجھے محروم کر دونگا۔ اور پھر تجھے آسمان پر لیجاؤنگا۔ یہ کیسے غیر موزوں الفاظ ہیں انمیں لفظی مناسبت قائم نہیں رہ سکتی۔ کیونکہ سونے کو اُٹھانے کے ساتھ یا بھرنے کو اُٹھانے کے ساتھ یا شہواتِ نفسانی کے الگ کرنے کو رفع کے ساتھ یا اُٹھانے کو اُٹھانے کے ساتھ کیا نسبت ہے کوئی جہت جامع ثابت نہیں ہوتی اس سے اللہ تعالیٰ کے کلام معجز نظام میں حرف آتا ہے اور اس کا بےمثیل اور بےنظیر ہونا خاک میں مل جاتا ہے نَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ +

لہٰذا تَوَفّی کے معنے بجز موت اور رفع کے معنے بجز روحانی رفع یعنی تَقَرُّبٌ اِلَی اللّٰہِ

کے اور نہیں ہیں اور انہی معنوں میں تناسب بھی ہے اور جہت جامعہ بھی نہایت عمدہ ثابت ہوتی ہے کیونکہ موت کے بعد روح ہی کا رفع ہوا کرتا ہے +

اگر تَوَفّٰی کے معنے طبعی موت اور رافع کے معنی رافع روحانی نہ لیا جائے تو مُطَهِّرُكَ کا لانا بھی فضول ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ جب عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو کر آسمان پر مثل دیگر انبیاء نہ جائیں تو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں ظہور نہیں فرما سکتے کیونکہ خود مسیح علیہ السلام نے انجیل میں فرمایا ہے "لیکن میں تجھے سچ کہتا ہوں کہ تمہارے لئے میرا جانا ہی فائدہ مند ہے کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو تسلی دینے والا تم پاس نہ آویگا پس اگر میں جاؤں تو میں اُسے تم پاس بھیجونگا اور وہ آنکر دُنیا کو گُناہ سے اور راستی سے اور عدالت سے تقصیر وار ٹھہرائیگا۔ گناہ سے اِس لئے کہ وے مجھ پر ایمان نہیں لائے۔ راستی سے اِس لئے کہ میں اپنے باپ کے پاس جاتا ہوں اور تم مجھے پھر نہ دیکھو گے" دیکھو انجیل یوحنا باب ۱۶۔ آیات ۷ لغایت ۱۰۔ اور اُس کی تصدیق اللہ تعالیٰ اپنی کلام پاک میں یوں فرماتا ہے +

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ	جبکہ مریم کے بیٹے عیسے علیہ السلام نے کہا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف خدا کی طرف سے رسول ہو کر آیا ہوں اور جو تمہارے پاس توریت ہے میں اُس کا مصدق ہوں اور میں ایک رسول کے آنے کی بشارت دیتا ہوں جس کا نام احمد ہوگا۔ یا جس کا نشان یہ ہے کہ وہ بڑا حکومت کرنے والا اور آخری فیصلہ کرنے والا ہوگا۔ دیکھو سورۃ الصف رکوع ۱

اب اِن آیاتِ بیّنات سے صاف ظاہر ہے کہ مسیح علیہ السلام نے اپنے بعد ایک رسول کے آنے کی خبر دی ہے اور لفظ بعد یہاں زمانہ کے لئے آیا ہے۔ یعنے میرے زمانہ تبلیغ کے بعد اُن کا زمانہ تبلیغ ہوگا۔ اور انجیل کے الفاظ سے صاف صاف عیاں ہے کہ عیسےٰ کہتے ہیں کہ میں پھر نہیں آؤنگا کیونکہ مذکورہ بالا آیات میں اپنے حواریوں کو مخاطب ہو کر کہتا ہے کہ پھر تم مجھ کو نہیں دیکھو گے۔ لہذا بجز موت اور کچھ متصور نہیں ہو سکتا اور اگر موتِ مسیح علیہ السلام نہ مانی جائے تو پھر تطہیر کیونکہ ہو سکتی ہے جب تک کہ دوسرا رسول

دنیا میں ظہور فرمانا نہ ہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی یہی سنت اللہ ہے کہ جب سابقہ نبی کو اُٹھا لیتا ہے اور بعد میں جو اتہامات اُس کی ذات پر یا اُس کی تعلیم پر لوگوں نے لگائے ہوتے ہیں تو مابعد کے نبی کے ذریعہ اُس کی برأت کراتا ہے اور حق بات کو دُنیا پر ظاہر کرتا ہے غرض اسی طرح جب اللہ تعالیٰ نے مسیح سے بھی وعدہ کیا تھا کہ میں تیری تطہیر کرونگا تو پھر اور کون سی صورت تھی کہ جس سے اُن کی تطہیر ہوتی بجز اس کے کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دنیا میں آئیں۔ اور مسیح علیہ السلام پر جو جو ناپاک اور بُرے اور گندے الزام لگائے گئے وہ سب آنکر اُٹھائیں۔ اس کی تصدیق خود مسیح علیہ السلام بھی فرماتے ہیں "کہ جب وہ روح حق آویگی تو وہ تمہیں ساری سچائی کی راہ بتاویگی اس لئے کہ وہ اپنی نہ کہیگی لیکن جو کچھ وہ سنیگی سو کہیگی اور تمہیں آئندہ کی خبریں دیگی وہ میری بزرگی کریگی" دیکھو انجیل یوحنا باب ۱۶ آیات ۱۳ و ۱۴ جس سے عیاں ہے کہ حضرت نبی آخر الزمان ہی اُن کی بزرگی یعنے تطہیر کرینگے پس صاف ظاہر ہے کہ لفظ رَافِعُكَ وَمُطَهِّرُكَ میں جہت جامع تقرب الی اللہ تھی اگر رفع کے روحانی معنی نہ لئے جائیں تو پھر ان دونوں الفاظ میں کوئی مناسبت ثابت نہیں ہوتی کیونکہ تطہیر تو روح ہی کی ہے۔ جسم کی تطہیر کی ضرورت ہی کیا تھی خود مسیح غسل کر کے بدن پاک کر سکتے تھے اگر رَافِعُكَ میں جسمانی رفع لیا جائے اور مُطَهِّرُكَ میں روحانی تو ان میں ایک بیہودہ اور لغو تعلق ہوگا اور اللہ تعالیٰ کا کلام ایسے لغویات سے پاک ہے۔ لہذا ضروری ماننا پڑتا ہے کہ مسیح فوت ہو کر مثل دیگر انبیا کے رفع کئے گئے اور اُن کی تطہیر اُن کی وفات کے بعد حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کی +

پھر چوتھی آیت یعنے وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ہے۔ اگر اول الذکر آیات کے روحانی معنے نہ لئے جائیں تو اس آیت کا تعلق پہلی تین آیات سے کچھ بھی نہ ہوگا اور کوئی جہت جامعہ قایم نہ ہوگی اور جب تک مسیح کی موت اور رفع روحانی و تطہیر روحانی نہ مانی جائے تو کوئی صورت صحیح بن ہی نہیں سکتی کیونکہ اس آخری آیت میں قیامت تک کا فیصلہ اللہ تعالیٰ نے کر دیا ہے۔ اگر مسیح علیہ السلام واقعی زندہ ہوتے تو کیوں اُنکے تابعین کا نام لیا گیا اور خود مسیح کا نام کیوں نہ لیا گیا۔ جبکہ اُس نے دوبارہ دنیا میں آنا تھا تو اُسکو بشارت دینی چاہیئے تھی کہ اے عیسیٰ میں تجھے دوبارہ دنیا میں بھیجونگا

اور تو جا کر اُن اپنے دشمنوں کو رُسوا اور ہلاک کریگا اور سارے اہل کتاب تجھ پر ایمان لائینگے اور قیامت تک تیرا ہی دور دورہ رہے گا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ایسا نہیں کہا جس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ وہ مر چکے اور اسی واسطے اس آیت کا لانا از بس ضروری تھا۔ کیونکہ مسیح کو جیسے اپنی موت کا تردد اور اپنے عدم رفع روحانی کا تردد اور اپنے ناپاک الزامات کا تردد تھا۔ ویسا ہی اُس کو اپنے حواریوں کی کمزوری اور مشن کی ناکامی کا اندیشہ تھا جب اور سب باتوں کا جواب اللہ تعالیٰ نے بطور تسلی حضرت مسیح علیہ السلام کو دیدیا تھا تو کیا ضروری نہ تھا کہ جو تھے تردد کے دور کرنے کے لئے اُس کا جواب بھی تسلی بخش ہوتا اور چونکہ حضرت مسیح علیہ السلام کو قیامت تک تکذیب رسل کا اندیشہ تھا۔ اِس لئے اِس حکیم و علیم مالک نے قیامت تک کی خوشخبری سُنا کر اپنے پیارے غمزدہ رسول کے ہم و غم کو دور فرما دیا کہ تیری وفات کے بعد تیرے تابعین کو تا قیامت تیرے دشمنوں پر غالب رکھونگا اور یہی کمزور جماعت ایک طاقتور قوم بن جائیگی جسکا مقابلہ کوئی نہیں کر سکیگا +

بحث دربارہ بَلْ ابطالیہ و اضرابیہ

بعض کم عقل مولوی یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ۔ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا کے بعد آیا ہے۔ اور بل کا حرف جب نفی یا نہی کے بعد آجائے خواہ نفی لفظی ہو خواہ معنوی تو وہ ابطال کے لئے آتا ہے۔ لہذا یہاں بھی بل نفی قتل کے بعد آیا ہے لہذا اسی قتل کا ابطال کرتا ہے اور ظاہر کرتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام زندہ آسمان پر چلے گئے سو واضح ہو کہ ایسا خیال قلت تدبر کی وجہ سے ہے۔ اس میں شک نہیں کہ حرف بَلْ اِبْطَالِ مَاقَبْلَ کے لئے آتا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ یہودیوں کا کیا زعم تھا جس کا ابطال اللہ تعالیٰ کرنا چاہتا ہے۔ سو واضح ہو کہ یہودیوں کا زعم یہ تھا کہ مسیح مصلوب و مقتول ہو کر ملعون ہو گیا۔ اور حسب منشاء توریت ملعونیت کے لئے عدم رفع لازم تھا یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اُن کے اُس زعم کے ابطال کی ضرورت پیش آئی اور فرمایا وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ۔ اور یاد رہے کہ بل اضرابیہ اور ابطالیہ کا ماقبل اور مابعد باہم متضاد ہوتے ہیں قتل بالصلیب اور رفع جسمی کوئی متضاد نہیں برخلاف

اس کے مصلوبیت جس کا مفہوم لعنت ہے اور رفع روحانی جس کا مفہوم قرب الی اللہ ہے باہم متضاد ہیں چنانچہ قرآن کریم کی آیات ذیل سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ۝ اس آیت میں بل کے ماقبل ولد ہے اور مابعد عباد۔ اور ظاہر ہے کہ ولدیت اور عبودیت باہم منافی ہیں ایسا ہی اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَاۗءَهُمْ بِالْحَقِّ میں بل کے ماقبل جِنَّةٌ اور مابعد ایمان بالحق ہے جو باہم متضاد ہیں پس ظاہر ہے کہ آیت زیر بحث میں کلمہ بل کے تقاضا کے بموجب مقتولیت بالصلیب کو یہودیوں کے اعتقاد کے رو سے ملعونیت لازم ہے جس کے متضاد مرفوعیتِ روحانی ہے لیکن مرفوعیتِ جسمانی اور ملعونیت جو قتل بالصلیب کا لازمہ ہے۔ باہم متضاد نہیں کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ کفار اور مشرکین کے مکان مسلمانوں کے مکان سے بلند ہوتے ہیں یا بہت سے کفار قد و قامت میں بعض مسلمانوں سے بلند ہوتے ہیں یا بلند مکانات پر چلے جاتے ہیں جیسے پہاڑوں کی چوٹیوں پر یا بیلون یا ہوائی جہاز میں بیٹھکر کئی کئی میلوں تک اوپر چلے جاتے ہیں۔ جس سے وہ مرفوع الجسم تو ہوتے ہیں لیکن مرفوع الدرجات نہیں ہوتے بلکہ عند اللہ ملعون ہوتے ہیں۔ اور ہم پیشتر ازیں بخوبی ظاہر کر چکے ہیں کہ یہودیوں اور نصاریٰ کے مابین مسیح کی رفع جسمانی کا کوئی تکرار اور جھگڑا نہیں تھا۔ بلکہ وہ عدمِ رفع روحانی کے قائل تھے۔ اور اب بھی اسی کے قائل ہیں تو ایسی حالت میں بخلاف منشاء الٰہی و برخلاف واقعات اپنی نادانی اور حماقت سے رفع جسمانی کا جھگڑا پیش کرنا بجز رسوائی و ذلت اور کیا مقصود ہو سکتا ہے۔

اعتراض
جب قرآن کریم میں اور مقامات پر آیات مقدم و موخر ہیں تو یہاں کیوں نہیں ہو سکتیں

ہاں یہاں یہ اعتراض ضرور ہو سکتا ہے کہ جب قرآن کریم کے دیگر مقامات پر بعض آیات میں تقدم و موخر ثابت ہے تو آیاتِ زیر بحث میں کیوں مقدم و موخر نہ مانا جائے۔

سو واضح ہو کہ آیاتِ زیر بحث میں مفصل بیان ہو چکا ہے کہ ان کے مقدم و موخر کرنے میں سخت فتور اور فساد لازم آتا ہے رہا دیگر مقامات کا مقدم و موخر سو اس کی نسبت عرض ہے

کہ ظاہر اور باطن کے جاننے والے تمام صفاتِ حمیدہ سے موصوف اور تمام نقصانات سے منزّہ ذات نے قرآن کو اُتارا ہے۔ اگر اُس نے اپنے کلام پاک میں بعض واقعات کو مقدم و مؤخر رکھا ہے۔ تو ضرور اُن میں کوئی بڑی حکمت ہوگی۔ کیونکہ ہم اللہ تعالیٰ کے اس نیچر یعنے فطرت اللہ میں بھی ایک انتظام اور ترتیب دیکھتے ہیں اور اس کا فعل بدنظمی مجہول نہیں دیکھا جاتا تو پھر قولِ خداوندی میں کیونکر بے ترتیبی ہوسکتی ہے۔ ہاں اگر ایسا ہو تو اللہ تعالےٰ کے کلام میں اور مجنوں کی بڑ میں کیا فرق رہ جاتا ہے سُبْحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۝ اگر عمیق در عمیق اسرار و نکات کی تہ تک تمہاری عقل رسائی نہیں کرسکتی تھی تو بھی اتنا تو خیال کر لیتے کہ گو قرآن شریف میں آیات کی بے ترتیبی ہی سہی لیکن جن واقعات کو خود اللہ تعالیٰ نے مقدم و موخر کر دیا ہے اُن میں انسان بے بنیان کا کیا مقدور ہے کہ اپنی رائے کو دخل دے اور خدا کی ترتیب کو جو سِلکِ دُرَر کی طرح با نظام ہے بگاڑ کر تقدیم و تاخیر روا رکھے۔ جہاں خدا تعالےٰ نے خود واقعات کو اپنی حکمتِ کاملہ سے مقدم و موخر دکھلا دیا ہے۔ تو پھر کون ہے کہ اپنی طرف سے دیگر آیات میں تقدیم و تاخیر کرے۔ ایسا کرنا بجز تحریف اور کیا ہے۔ اگر ان نادانوں کو معلوم ہوتا کہ اللہ تعالیٰ کے کلام میں بڑی بڑی حکمتیں ہیں۔ تو پھر کبھی بھی خود دخل نہ دیتے۔ اب ہم چند مواقعات بطورِ نظیر پیش کرتے ہیں کہ وہاں پر تقدیم و تاخیر میں کیا کیا حکمت رکھی ہے +

سو واضح ہو کہ قرآن شریف کے بعض واقعات جو آیاتِ قرآنی میں مقدم و موخر معلوم ہوتے ہیں۔ علماءِ متقدمین نے اُن کو چند قسم پر بیان کیا ہے۔ ہم اُن کو نمبروار مع مثال بیان کرتے ہیں +

(۱) تبرک کے لئے۔ جیسے آیت ذیل میں ہے شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ۔ دیکھو قرآن شریف سورۃ آل عمران رکوع ۲ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کا نام مقدم آیا ہے۔ جو بطور تبرک کے ہے +

(ب) وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ الْاٰیَةَ اس میں تقدیم اسم اللہ ہے جو بطور تبرک کے ہے دیکھو قرآن شریف سورہ انفال رکوع ۵ +

(۲) تعظیم کے لئے جیسے (الف) وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ۔ سورۃ النساء رکوع ۹ +

(ب) اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ۔ سورۂ احزاب رکوع ۶ (ج) وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ۔ سورہ توبہ رکوع ۸ ان آیات میں فقط اللہ کی تقدیم محض اللہ کی عظمت کے لئے ہے +

(۳) شرف کی وجہ سے تقدیم ہوتی ہے (الف) اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ میں ذکور کو مونث پر مقدم کیا گیا ہے۔ دیکھو سورۃ الاحزاب رکوع ۵ (ب) وَالْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰی بِالْاُنْثٰی میں حر کو عبد پر ترجیح دی گئی ہے سورۃ البقر رکوع ۲۴ (ج) یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ میں زندہ کو مردہ پر مقدم رکھا گیا ہے آل عمران رکوع ۱۴ (د) وَالْخَیْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِیْرَ لِتَرْکَبُوْھَا میں خیل کو بغال اور حمیر پر مقدم رکھا گیا۔ دیکھو سورۃ النحل رکوع ۱ (ہ) وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰٓی اَبْصَارِھِمْ میں سمع کو ابصار سے پہلے بیان کیا گیا اور یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شان میں سمیع بصیر آتا ہے یہ کہیں نہیں آیا کہ بصیر سمیع۔ جس سے معلوم ہوا کہ سمع کو بصر پر شرف حاصل ہے دیکھو سورۃ البقر رکوع ۱ (ز) وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَھُمْ وَمِنْکَ وَمِنْ نُّوْحٍ۔ سورہ احزاب رکوع ۱ صاف ظاہر ہے کہ یہاں اس آیت میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو نوح سے مقدم رکھا گیا حالانکہ نوح علیہ السلام حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ہوئے ہیں لیکن چونکہ رسول اللہ کو تمام انبیاء پر شرف تھا اس لئے اُن کو نوح سے مقدم رکھا۔ نہ زمانہ کے لحاظ سے بلکہ مرتبہ کے لحاظ سے (ح) وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُھٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ میں مہاجرین کو انصار سے پہلے رکھا گیا ہے۔ وجہ یہی ہے کہ مہاجرین کو انصار پر شرف ہے کیونکہ انہوں نے دین کے لئے وطن مال۔ رشتہ داروں وغیرہ سب کو چھوڑا۔ دیکھو سورۃ التوبہ رکوع ۱۳

(۴) فاصلہ کی رعایت کے لئے بھی تقدیم ہوتی ہے جیسے آیت ذیل میں ہے (الف) قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ ھٰرُوْنَ وَمُوْسٰی اس سے صاف ظاہر ہے کہ فاصلہ کی غرض سے ہارون کو پہلے رکھا گیا ہے۔ سورہ طٰہٰ رکوع ۳ (ب) وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِیْھِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا میں قمر کو صرف فاصلہ کی وجہ سے شمس پر مقدم کیا گیا۔ سورۂ نوح رکوع ۱ (ج) یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی میں سِرّ کو اَخْفٰی سے فاصلہ کے لئے مقدم رکھا ہے ورنہ ظاہر ہے اخفی کا علم سِر سے افضل ہوتا ہے (ب) سورہ طٰہٰ رکوع ۱ +

(۵) سیاق کلام کی وجہ سے بھی تقدیم ہوتی ہے جیسے (۱) وَجَعَلْنَاهَا وَابْنَهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ۔ سورۃ الانبیاء رکوع ۶ یہاں مریم کو مقدم رکھا اس واسطے کہ اوّل ذکر ہی حضرت مریم کا تھا چنانچہ آیۃ وَالَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا سے آیۃ شروع تھی ورنہ اُس کو ابن پر فضیلت نہیں ہوسکتی تھی۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے دوسری جگہ ابن کو مریم پر مقدم رکھا ہے جیسے آیت وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ میں ابن پہلے ہے سورۃ المومنون رکوع ۳ (۲) آیت وَكُلًّا آتَيْنَا حُكْمًا وَعِلْمًا اس میں حکم کو علم پر مقدم اسواسطے رکھا ہے کہ سیاق کلام میں تھا۔ إِذْ يَحْكُمَانِ فِي الْحَرْثِ یعنے حکم ہی کا ذکر تھا۔ سورۃ الانبیاء رکوع ۵ +

(۶) مناسبت لفظی کی وجہ سے بھی تقدیم ہوتی ہے جیسے (۱) آیۃ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ میں ہے سورۃ الحدید رکوع ۱ (۲) وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِينَ۔ سورۃ الحجر ۱ (۳) لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ۔ سورۃ المدثر رکوع ۲ (۳) ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ سورہ الواقعہ رکوع ۲

(۷) ترغیب اور تاکید کے لئے بھی تقدیم ہوتی ہے جیسے (۱) آیت مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ ط وصیت کو دین پر مقدم رکھا گیا حالانکہ دین شرعاً مقدم ہے سورۃ النساء رکوع ۱۲

(۸) ایجاد یا خلق کے لحاظ سے بھی تقدیم ہوتی ہے جیسے آیات ذیل میں ہے (۱) وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ أَرَادَ أَن يَذَّكَّرَ أَوْ أَرَادَ شُكُورًا میں لیل مقدم ہے کیونکہ رات دن سے پہلے بنائی گئی ہے سورۃ الفرقان رکوع ۶ (۲) إِنَّ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ میں ابراہیم مقدم ہے اسمٰعیل سے اور اسی طرح اسمٰعیل اسحاق سے سورۃ البقر رکوع ۱۶۔ (۳) وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ میں موسیٰ عیسےٰ سے مقدم ہے۔ سورۃ البقر رکوع ۱۶۔ (۴) مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا وَمِنَ النَّاسِ میں ملائکہ آدمیوں پر مقدم ہیں کیونکہ فرشتے اول پیدا کئے گئے ہیں۔ دیکھو سورۃ الحج رکوع ۱۰ +

(۹) باعتبار انزال کے بھی تقدیم ہوتی ہے (۱) صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ میں صحیفہ ابراہیم پہلے ہے کیونکہ وہ پہلے نازل ہوا۔ سورۃ الاعلیٰ رکوع ۲ (۲) وَأَنزَلَ التَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ مِن قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَأَنزَلَ الْفُرْقَانَ۔ میں توریت انجیل پر مقدم ہے۔ سورہ آل عمران رکوع ۱ +

(۱۰) باعتبار وجوب کے بھی تقدیم آتی ہے جیسے (۱) فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ میں وَجُوْهَكُمْ کو اَيْدِيَكُمْ پر بہ وجہ واجب ہونے کے مقدم رکھا گیا ہے۔ سورۃ المائدہ رکوع ۲۔ (۲) اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ اول صفا ہی سے ہو کر مروہ میں جانا پڑتا ہے۔ سورۃ البقر رکوع ۱۹ +

(۱۱) باعتبار ذات کے بھی تقدیم ہوتی ہے۔ (۱) مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ سورۃ النساء رکوع ۱ (۲) مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ سورۃ المجادلہ رکوع ۱ ان میں تقدیم بوجہ ذات کے ہے +

(۱۲) باعتبار سبب کے بھی تقدیم ہوتی ہے (۱) وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ میں عزیز اول ہے بعد ازاں حکیم۔ کیونکہ حکم بوجہ عزت کے ہے۔ سورۃ الحشر رکوع ۱ (۲) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ میں علیم اس واسطے مقدم ہے کہ حکم علیم ہی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ سورۃ الممتحنہ رکوع ۲ (۳) اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ میں نَعْبُدُ اس واسطے اول آیا ہے کہ عبادت ہی استعانت کا سبب ہوتی ہے سورہ فاتحہ (۴) يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ میں تَوَّابِيْنَ اس واسطے مقدم آیا ہے کہ توبہ ہی سبب طہارت ہوتی ہے سورۃ البقر رکوع ۲۸ (۵) وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ۔ اَفَّاكٍ اس واسطے مقدم ہے کہ افک ہی اثم کا باعث ہوتا ہے۔ سورۃ الشعراء رکوع ۱۱ +

(۱۳) باعتبار کثرت کے تقدیم ہوتی ہے (۱) فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ میں کافر اس واسطے مقدم ہے کہ وہ کافر مومنوں سے زیادہ ہوتے ہیں۔ سورۃ التغابن رکوع ۱ +

(۱۴) باعتبار ترقی کے تقدیم ہوتی ہے جیسے آیت اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَا میں اَرْجُلٌ اَيْدٍ سے اس واسطے مقدم ہے کہ ادنےٰ سے اعلیٰ کی طرف ترقی ہوتی ہے سورۃ الاعراف رکوع ۲۲ +

(۱۵) اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف پھیرنے کے اعتبار سے بھی تقدیم ہوتی ہے جیسے وَلَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ۔ سورۃ البقر رکوع ۳۳ (۲) لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً میں ہے سورہ کہف رکوع ۱۲ +

(۱۶) باعتبار اظہار نعمت کے بھی تقدیم روا رکھی جاتی ہے۔ جیسے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ میں ہے + سورہ فاتحہ

اِن تمام حالات بالا سے ظاہر ہے کہ جہاں اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں تقدیم و تاخیر فرمائی ہے وہاں ضرور کوئی نہ کوئی حکمت رکھی ہے۔ اور پھر تو خود اللہ تعالیٰ نے ہی اپنے علمِ قدیم سے ان میں تقدیم و تاخیر کو روا رکھا ہے لیکن اب کون عالم یا ملا یا صوفی ہے کہ اُس حکیمِ مطلق کی نظم کو اپنی محدود عقل سے تغیر و تبدیل دے سکے اللہ کی افصح و ابلغ کلام میں ایسی بیجا مداخلت کرنا یہودیوں کی تحریف سے کم نہیں +

بعض عقل کے اندھے آیت وَاسْجُدِیْ وَارْکَعِیْ مَعَ الرّٰکِعِیْنَ کو استدلال میں پیش کیا کرتے ہیں کہ سجدہ اول ہے حالانکہ رکوع پہلے ہوا کرتا ہے اگر ان معترضین کو علم ہوتا کہ شریعتِ موسوی میں جو نماز مقرر ہے اُس میں سجدہ نہیں ہوتا تو کبھی بھی اعتراض نہ کرتے۔ اِن کے ہاں سجدہ الگ عبادت ہے جسکو اُن کی نماز سے تعلق ہی نہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم کو دو باتوں کا حکم دیا ہے کہ تم سجدہ بھی کرو۔ اور نمازیوں کے ساتھ نماز بھی پڑھ لیا کرو۔ جیسے کوئی کہے کہ میاں نماز اور نوافل پڑھ لیا کرو جس سے مراد ہے کہ نماز فریضہ بھی ادا کیا کرو اور نوافل کی نماز بھی حالانکہ نوافل خود نماز ہے مگر کون نہیں جانتا کہ نماز فریضہ اور ہے اور نماز نوافل اور یہی بات آیۃ متذکرہ بالا میں ہے فَتَدَبَّرْ وَا یَا اُولِی الْاَلْبَابِ +

آٹھویں فصل

اِس باب میں کہ وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتَابِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ کے کیا معنی ہیں

آیت بالا کی نسبت جہانتک تفسیروں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے یہی ثابت ہوتا ہے کہ علماء پر اس آیت کی اصل حقیقت منکشف نہیں ہوئی۔ اور اسی واسطے اُنہوں نے بڑے ہاتھ پاؤں مارے ہیں اور جتنا اُن بزرگوں نے اس کو صاف کرنا چاہا ہے وتنا ہی اختلاف بڑھتا چلا گیا ہے۔ اوّل ہم ذیل میں اُن کے معانی کا خلاصہ اپنی زبان میں بیان کر دیتے ہیں اور پھر ہم دکھائینگے کہ اس کے حقیقی معنے کیا ہیں +

واضح ہو کہ جس قدر علماء نے اِس آیت پر طبع آزمائی کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور اپنی قلم کے گھوڑے کو اس کے معانی کے میدان میں دوڑایا ہے۔ اُن کی انتہائی دوڑ کی حد یہاں تک پہنچی ہے جو ذیل میں دکھلائی جاتی ہے اور جس سے آگے وہ کچھ نہیں دکھلا سکی

(۱) ایک گروہ یہ معنے کرتا ہے کہ ہر ایک اہلِ کتاب اپنی موت سے پہلے حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان لاتا ہے +

(۲) ایک دوسرا گروہ ہے جو یہ معنے کرتا ہے کہ ہر اہلِ کتاب مسیح کی موت سے پہلے ایمان لاکر مرتا ہے +

(۳) تیسرا گروہ یوں کہتا ہے۔ کہ جب حضرت مسیح آخری زمانہ میں نازل ہونگے۔ اور اُس وقت جس قدر اہلِ کتاب روئے زمین پر ہونگے۔ وہ سب مسیح کی وفات سے پہلے ایمان لائینگے +

(۴) بعض یہ معنے کرتے ہیں کہ ہر اہلِ کتاب اپنی موت سے پہلے اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے

(۵) بعض یہ معنے کرتے ہیں کہ ہر اہلِ کتاب اپنی موت سے پہلے حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتا ہے +

(۶) اور بعض وہ لوگ ہیں جو یہ معنے بھی کرتے ہیں کہ جب کسی انسان کو اچانک درندہ پھاڑ کر کھا جاتا ہے۔ یا چھت پر سے گر کر مر جاتا ہے۔ یا آگ میں جل کر مر جاتا ہے۔ تو اُس کی روح نہیں نکلتی جب تک وہ مسیح پر ایمان نہیں لاتا +

یہ چھ قسم کے معانی علماء متقدمین و متاخرین نے کئے ہیں اور یہی معانی میری نظر سے گذرے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر علما و مفسرین کو یقینی معنے معلوم ہوتے۔ تو وہ کیونکر اس قدر چکر کھاتے اور کیوں دُور از قیاس آرائے ظاہر کرتے جب ہم غور سے ان معانی پر نظر کرتے ہیں تو سیاقِ کلام اور نیز مشاہدہ کے خلاف پاتے ہیں۔ چنانچہ جو لوگ کہ کہتے ہیں کہ ہر اہلِ کتاب اپنی موت سے پہلے مسیح پر ایمان لاتا ہے۔ یہ مشاہدہ کے رو سے سراسر غلط ہے۔ کیونکہ کوئی یہودی اپنی موت سے پہلے یا موت کے وقت مسیح علیہ السلام پر ایمان لاتے ہوئے نہیں سُنا گیا میں نے خود یہودیوں سے بمقام کراچی دریافت کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ بات بالکل بے بنیاد ہے۔ پھر ہم تفسیر کبیر میں بصفحہ ۵۰۴ دیکھتے ہیں کہ علامہ فخر الدین

رازی فرماتے ہیں۔ اِنَّا نَرٰی اَکْثَرَ الْیَھُوْدِ یَمُوْتُوْنَ وَلَا یُؤْمِنُوْنَ بِعِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ یعنے ہم اکثر یہودیوں کو مرتے ہوئے دیکھتے ہیں لیکن وہ مسیح علیہ السلام پر ایمان نہیں لاتے۔ پھر آگے چلکر وہ حجاج کا قول نقل کرتے ہیں جس میں لکھا ہے رُوِیَ عَنْ شَھْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ قَالَ الْحَجَّاجُ اِنِّیْ صَاقَرَاُتُھَا لَا وَفِیْ نَفْسِیْ مِنْھَا شَیْءٌ یَعْنِیْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃَ فَاِنِّیْ اَضْرِبُ عُنُقَ الْیَھُوْدِیِّ وَلَا اَسْمَعُ مِنْہُ ذٰلِکَ۔ یعنے شہر بن حوشب سے روایت بیان کرتے ہیں کہ حجاج نے کہا تھا کہ جب بھی میں اس آیت کو پڑھتا تو ہمیشہ میرے دل میں ایک خلجان سا رہتا۔ کیونکہ جب میں یہودی کی گردن مارتا ہوں تو میں اُس سے کوئی اس کی تصدیق نہیں پاتا۔ علاوہ ان کے مجھے آجتک ایسا کوئی مولوی یا کوئی اور آدمی نہیں ملا جس نے چشم دید گواہی دی ہو کہ اُس نے کسی یہودی کو عیسےٰ علیہ السلام پر ایمان لاتے دیکھا یا سنا ہے۔ اور میں دعوٰی سے کہتا ہوں کہ دُنیا میں ایک بھی آدمی نہیں جو اس امر کی تصدیق کرے۔ پس صاف ظاہر ہے کہ روزمرہ کا مشاہدہ تفسیر بالا کی سخت تکذیب کرتا ہے۔ ایسی حالت میں یہ معنے کیونکر قبول ہو سکتے ہیں ورنہ قرآن شریف کی تکذیب لازم آئیگی۔

رہے دوسرے معنے کہ ہر اہل کتاب مسیح علیہ السلام کی موت سے پہلے مسیح پر ایمان لاتا ہے سو اس کی نسبت واضح ہو کہ یہ معنے بھی سراسر لغو اور بیہودہ ہیں۔ کیونکہ جو لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ عیسےٰ علیہ السلام تا حال زندہ ہیں۔ تو اُن کو ثابت کرنا چاہیئے کہ آج سے لیکر ۱۹ سو برس اوپر تک یعنے اُس تاریخ تک کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے کل یہودی اپنی موت سے پہلے اُن پر ایمان لاتے رہے ہوں۔ اور ایک یہودی بھی اُن پر ایمان لانے سے باہر نہیں رہا ہو کوئی اس امر کا ثبوت ہرگز نہیں دے سکتا۔ تو پھر ایسے معنے کرنا سوائے قرآن کریم کے جھٹلانے کے اور کیا متصور ہو سکتا ہے۔ رہے یہ معنی کہ ہر اہل کتاب اللہ تعالیٰ پر ایمان لاکر مرتا ہے اول تو یہ بات بھی تصدیق طلب ہے اور اگر مان بھی لیں تو اس میں ہمیں کوئی اعتراض نہیں وہ اگر ایمان لائے اور ضرور لائے ہونگے تو ایسا ایمان بھی اُن کو کیا فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ جب وہ وقت کے نبی پر ایمان نہیں لائے رہے اور یہ معنے بھی سیاق کلام کے خلاف ہیں۔ ایسا ہی یہ معنی کہ ہر اہل کتاب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتا ہے۔ ثبوت طلب ہیں۔ یہ معنی بھی ایسے

ہی دور از قیاس ہیں۔ جیسے پہلے نمبر میں دکھلائے گئے ہیں۔ کیونکہ کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ کہ ہر یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر موت سے پہلے ایمان لاکر مرتا ہے۔ رہے یہ معنے کہ نزول کے بعد جس قدر اہلِ کتاب ہونگے۔ وہ سب کے سب مسیح پر ایمان لائینگے سو وہ بوجوہات ذیل درست نہیں +

(اوّل) آیت وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ کے خلاف ہے۔ یعنے تیرے تابعین کو کفار پر قیامت کے دن تک غالب رکھونگا۔ آلِ عمران رکوع ۶۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ تمام اہل یہود ایک مذہب پر نہیں رہ سکتے +

(دوم) آیت فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ کے خلاف ہے۔ یعنے ہم نے عیسائیوں اور یہودیوں میں قیامت تک عداوت اور بغض ڈال دیا ہے۔ سورۃ المائدہ رکوع ۳۔ بدستور وہی مضمون ہے جو آیت اوّل میں ہے۔ چنانچہ اس آیت کے متعلق تفسیر ابن جریر میں یوں لکھا ہے دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۶ صفحہ ۱۷۰ +

یعنے تعالیٰ ذِكْرُهٗ بِقَوْلِهٖ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ بَيْنَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى +

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے یہودیوں اور نصاریٰ کے درمیان عداوت اور بغض تا قیامت ڈالدیا ہے +

حَدَّثَنِي الْمُثَنّٰى قَالَ ثَنَا اَبُوْحُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا شِبْلٌ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ اَلْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى

مثنیٰ نے میرے پاس روایت کی کہ حذیفہ نے اُن کے پاس اور شبل نے اُن کے پاس اور اُن کے پاس ابن ابی نجیح نے اور اُنکے پاس مجاہد نے کہ آیۃ اَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ میں یہود اور نصاریٰ مراد ہیں +

(سوم) آیت وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ہم نے ان میں قیامت تک دشمنی اور کینہ قایم کر دیا ہے۔ سورۃ المائدہ رکوع ۹ +

(چہارم) آیت وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ کے خلاف ہے دیکھو سورۃ المائدہ رکوع ۷ +

اور اگر اللہ تعالیٰ کی مشیت ہوتی تو تم سب کو ایک ہی امت بناتا ولکن خدا تعالیٰ نے ایک امت

اسواسطے نہیں بنائی تاکہ تمہارا امتحان لے کہ جو کچھ ہم نے دیا ہے اُس میں کہاں تک عملدرآمد اور اطاعت کرتے ہیں۔ اس آیت سے بھی ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی منشا ہی نہیں کہ کبھی بھی لوگ ایک مذہب پر ہو جائیں پھر کیونکر تسلیم کر لیا جائے کہ آیت زیر بحث کے یہ معنے ہیں کہ مسیح کے نزول کے وقت جس قدر اہل کتاب ہونگے وہ سب کے سب ایمان لائینگے۔ اگر ایسا مان لیں تو قرآن کریم کی اس آیت کی تکذیب لازم آتی ہے +

اب ان آیات سے صاف ظاہر ہے کہ یہودیوں اور عیسائیوں میں تا قیامت عداوت رہیگی سب کے سب کیونکر ایمان لا سکتے ہیں۔ اگر وہ لوگ سب کے سب ایمان لائیں تو یہ آیات غلط ثابت ہوتی ہیں۔ لہذا وہ معنے جو علماء کرتے ہیں غلط ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کے کلام میں بطلان کو جگہ نہیں ہو سکتی۔ بہر حال علماء کی غلطی ہے۔ کہ وہ دور از قیاس معنے کرتے ہیں +

جس قدر ان آیات کی تاویلیں کی گئی ہیں۔ اصلی معنوں پر واقفیت نہ ہونے کی وجہ سے کی گئی ہیں لیکن یہ سب باتیں عقل اور فطرت اللہ کے خلاف ہیں۔ کیونکہ اس قسم کے خیالات عام جہلا میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ ہمارے ملک کے عام جہلا میں ہندوؤں اور عام کفار کی نسبت یہ خیال ہے کہ جب کوئی ہندو مرنے لگتا ہے تو فرشتے اُس کو آکر دُکھ دیتے اور طرح طرح کی ایذائیں پہنچاتے ہیں اور جب تک لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ زبان پر نہیں لاتا تو فرشتے برابر اُس کو مارتے رہتے ہیں۔ اور جب وہ کلمہ طیبہ پڑھتا ہے تو پھر اُس کی روح پرواز کرتی ہے۔ لیکن آجتک کوئی مسلمان مجھے ایسا نہیں ملا جس نے کسی ہندو کو مرتے ہوئے کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے دیکھا ہو۔ خود ہندو ہمارے ہمسایہ میں رہتے ہیں۔ اور کئی ایک ہندوؤں کو میں نے بچشم خود مرتے ہوئے بھی دیکھا ہے لیکن مجھے کبھی بھی ایک ہندو ایسا ثابت نہیں ہوا۔ جس نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا اظہار اپنی زبان سے کیا ہو۔ یا یہ کہ مرتے ہوئے کسی مسلمان کو اپنے پاس طلب کیا ہو۔ یا کسی ہندو نے اپنے کسی بزرگ کو کلمہ پڑھتے ہوئے سُنکر آئندہ مسلمانوں کے پاس جا کر ایمان کا اقرار کیا ہو کہ چونکہ ہمارے فلاں بزرگ نے مرتے ہوئے اس پاک کلمہ کو جو مسلمان پڑھا کرتے ہیں۔ پڑھا تھا جس کی وجہ سے نزع کے کرب اور قلق سے اُسکو نجات مل گئی تھی۔ یا یہ کہ اُس نے وصیت کی ہو کہ مسلمان نہ ہونے کی وجہ سے مجھے پر ایسے

ایسے دکھ وارد ہوئے ہیں۔ تم اسلام پر ایمان لائیو۔ ورنہ تم بھی سخت عذاب میں گرفتار ہوگے لیکن ہم نے کبھی بھی ایسا کوئی مشاہدہ نہیں کیا۔ یہ سب باتیں لغو اور بیہودہ ہیں جن کا کوئی ثبوت نہیں +

اب ہم متذکرہ بالا بیان کی تائید میں چند تفاسیر کے حوالہ ذیل میں دینے ضروری سمجھتے ہیں تاکہ یہ سمجھیں کہ ایسے معنے ہماری کسی کتاب میں نہیں ہیں یہ تم نے خود کر لئے ہیں۔ اور پھر خود ناظرین اُن اختلافات کو دیکھ کر نتیجہ صحیحہ پر پہنچ جائیں۔ ظاہر ہے کہ اگر علماء کو اس آیت کے کسی ایک معنے پر وثوق ہوتا تو پھر کیوں اسقدر اختلاف کرتے۔ دیکھو تفاسیر ذیل +

(۱) تفسیر ابن جریر طبری جلد ۶ صفحہ ۱۳ زیر آیۃ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ یوں لکھا ہے +

قَالَ حَدَّثَنِي الْمُثَنّٰى قَالَ ثَنَا اِسْحٰقُ قَالَ ثَنَا عَلِيٌّ عَنْ جُوَيْبِرٍ فِي قَوْلِهٖ لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ قَالَ فِي قِرَاءَةِ اُبَيٍّ قَبْلَ مَوْتِهِمْ وَقَالَ آخَرُوْنَ يَعْنِيْ ذٰلِكَ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِ الْكِتَابِيِّ +

ابن جریر کہتا ہے کہ میرے ہاں مثنےٰ نے اُن کے پاس اسحٰق نے اُن کے پاس علی نے جویبر سے روایت کی ہے کہ لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ کے متعلق اُس نے بیان کیا کہ ابی کی قرأۃ میں قَبْلَ مَوْتِهِمْ ہے اور دوسرے کہتے ہیں کہ کوئی بھی اہل کتاب نہیں جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اپنی موت سے پہلے ایمان نہ لاوے +

(۲) تفسیر کشاف جلد اول صفحہ ۳۳۵۔ زیر آیت وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ یوں لکھا ہے +

(۱) وَبِهٖ يَدُلُّ عَلَيْهِ قِرَاءَةُ اُبَيٍّ اِلَّا لَيُؤْمِنُنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهِمْ بِضَمِّ النُّوْنِ عَلٰى مَعْنٰى وَاِنْ مِّنْهُمْ اَحَدٌ اِلَّا لَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهِمْ اور معنے یہ ہیں کہ اُن میں سے ایک بھی ایسا نہیں جو اپنی موت سے پہلے اُس (یعنے مسیح) پر ایمان نہ لائیگا +

(۲) پھر صفحہ ۳۳۶ پر ہے وَقِيْلَ الضَّمِيْرُ فِيْ بِهٖ يَرْجِعُ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ضمیر بہ اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہے +

(۳) وَقِيْلَ اِلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یعنے یہ بھی کہتے ہیں کہ ضمیر محمد

صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پھرتی ہے +

(۳) تفسیر معالم التنزیل میں لکھا ہے +

(۱) وَرُوِیَ عَنْ عِکْرِمَۃَ اَنَّ الْھَاءَ فِیْ قَوْلِہٖ لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ کِنَایَۃٌ عَنْ مُحَمَّدٍ صَلَّعَمْ بِقَوْلِہٖ لَا یَمُوْتُ کِتَابِیٌّ حَتّٰی یُؤْمِنَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّعَمْ یعنے عکرمہ سے روایت بیان کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قول لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ میں ضمیر ہا سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہے۔ بدیں قول کہ اہل کتاب جب تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لائے نہیں مرتا +

(۲) وَقِیْلَ رَاجِعَۃٌ اِلَی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ یَقُوْلُ وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتَابِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِاللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ قَبْلَ مَوْتِہٖ عِنْدَ الْمُعَایَنَۃِ حِیْنَ لَا یَنْفَعُہٗ اِیْمَانُہٗ یعنے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ضمیر مذکور اللہ عزوجل کی طرف راجع ہے۔ بدیں معنے کہ کوئی بھی اہل کتاب نہیں مگر وہ اللہ عزوجل پر اپنی موت سے پہلے خدا تعالیٰ کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے بعد ایمان لائیگا۔ لیکن اُس وقت اُس کا ایمان اُس کو کچھ مفید نہ ہوگا۔ کیونکہ فرعون نے بھی اظہار ایمان کیا تھا۔ اُسکو کیا فائدہ ہوا +

(۴) تفسیر روح المعانی جلد اول صفحہ ۲۱۳۔ زیر آیت مذکورہ بالا یوں لکھا ہے۔ قِیْلَ الضَّمِیْرُ الْاَوَّلُ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَیْضًا اِنَّہٗ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ یعنے پہلی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف ہے اور نیز محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے +

(۵) تفسیر ابوسعود جلد ۳ صفحہ ۱۹۱ میں یوں لکھا ہے +

وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتَابِ اَیْ مِنَ الْیَھُوْدِ وَالنَّصَارٰی اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ جُمْلَۃٌ قَسَمِیَّۃٌ وَقَعَتْ صِفَۃً لِمَوْصُوْفٍ مَحْذُوْفٍ اِلَیْہِ یَرْجِعُ الضَّمِیْرُ الثَّانِیْ وَالْاَوَّلُ لِعِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ اَیْ وَمَا مِنْ اَھْلِ الْکِتَابِ اَحَدٌ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِعِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ تَزْھَقَ رُوْحُہٗ بِاَنَّہٗ عَبْدُ اللّٰہِ وَرَسُوْلُہٗ اِنَّہٗ قَرَءَ	یہود اور نصاریٰ اپنی موت سے پہلے اس پر ایمان لائینگے۔ یہاں ضمیر دوسری یعنے قبل موتہ کی ضمیر اہل کتاب کی طرف ہے۔ اور پہلی ضمیر یعنے بہ کی ضمیر عیسے علیہ السلام کی طرف راجع ہے۔ اور کہتے ہیں کہ جب اہل کتاب کی روح نکلتی ہے تو اس سے پہلے وہ ایمان لاتا ہے۔ اور قبل موتہم بھی قرارت آئی ہے اور ابن عباس بھی اسی طرح جمع کی ضمیر بیان کرتے

لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهِمْ بِضَمِّ النُّوْنِ لَوْ اَنَّ اَحَدًا فِيْ مَعْنَى الْجَمْعِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَرَاَهٗ كَذٰلِكَ وَعَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ لِيْ الْحَجَّاجُ اٰيَةٌ مَا قَرَاْتُهَا اِلَّا تَخَالَجَ فِيْ نَفْسِيْ شَيْءٌ مِنْهَا يَعْنِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَقَالَ اِنِّيْ اُوْتٰى بِالْاَسِيْرِ مِنَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى فَاَضْرِبُ عُنُقَهٗ فَلَا اَسْمَعُ مِنْهُ ذٰلِكَ فَقُلْتُ اِنَّ الْيَهُوْدَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ ضَرَبَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ دُبُرَهٗ وَوَجْهَهٗ وَقَالُوْا يَا عَدُوَّ اللّٰهِ اَتَاكَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ نَبِيًّا فَكَذَّبْتَ بِهٖ فَيَقُوْلُ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ عَبْدٌ نَبِيٌّ وَتَقُوْلُ لِلنَّصْرَانِيِّ اَتَاكَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ نَبِيًّا فَزَعَمْتَ اَنَّهُ اللّٰهُ اَوِ ابْنُ اللّٰهِ فَيُؤْمِنُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ حَيْثُ لَا يَنْفَعُهٗ اِيْمَانُهٗ - وَقِيْلَ كِلَا الضَّمِيْرَيْنِ لِعِيْسٰى وَالْمَعْنٰى وَمَا مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ الْمَوْجُوْدِيْنَ عِنْدَ نُزُوْلِ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اَحَدٌ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ +

ہیں - اور شہر بن حوشب سے روایت ہے کہ مجھے حجاج نے کہا کہ جب میں نے اس آیت کو پڑھا تو مجھے ہمیشہ اس کے بارہ میں خلجان رہا - کیونکہ جب میرے پاس یہود اور نصاریٰ کے قیدی لائے جاتے ہیں - اور میں اُن کی گردن مارتا ہوں - تو میں اُن سے ایسا کہتے ہوئے نہیں سُنتا - تو میں نے کہا کہ جب یہودی کو موت حاضر ہوتی ہے - تو فرشتے اُس کی پیٹھ اور منہ پر مارتے ہیں اور کہتے ہیں کہ خدا کے دشمن تیرے پاس عیسیٰ علیہ السلام نبی ہو کر آیا - اور تو نے اُس کی تکذیب کی - تو اُس وقت وہ کہتا ہے - کہ میں ایمان لایا - کہ وہ بندہ اور نبی ہے - اور نصرانی کو کہتا ہو کہ تیرے پاس عیسیٰ علیہ السلام نبی ہو کر آیا - لیکن تو نے گمان کیا کہ وہ اللہ یا اللہ کا بیٹا ہے - اس پر وہ کہتا ہے کہ میں ایمان لایا کہ وہ اللہ کا بندہ اور رسول ہے - مگر اُس وقت اُس کا ایمان کیا فائدہ دے سکتا ہے - اور یہ بھی کہا جاتا ہے - کہ دونو ضمیریں عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہیں - اور معنے یہ ہیں - جس قدر اہل کتاب اُس کے نزول کے وقت موجود ہونگے تو وہ سب اُس کے مرنے سے پہلے ایمان لائینگے +

یہ عبارت ہے جو ابو سعود میں لکھی ہے اس کے قریب قریب تفسیر کبیر اور دیگر اکثر تفاسیر میں ہے - لہذا ہم اسی پر اکتفا کر کے دیگر تفاسیر کا حوالہ دینا مناسب نہیں سمجھتے - اس تمام بیان سے صاف ظاہر ہے کہ مفسرین ضمیروں کو تحقیق سے نہیں کہہ سکتے کہ کدھر راجع ہیں - جو لوگ اس امر کے قائل ہیں کہ ہر ایک اہل کتاب کو مسیح پر ایمان لانا ضروری ہے - تو جو یہود ۱۹ سو برس

سے برابر مرتے چلے آئے ہیں۔ وہ کیونکر ایمان لائینگے۔ کیونکہ آیت میں کوئی تحدید نہیں کہ فلاں زمانہ کے لوگ ایمان دار ہونگے۔ اس آیت میں گذشتہ اور حال اور آئندہ زمانہ کے اہل کتاب شامل ہیں۔ پھر وہ کونسی وجہ قوی ہے۔ جس سے سمجھا جائے کہ صرف ایک ہی زمانہ کے لوگ ایمان لائینگے۔ جہاں تک دیکھا جاتا ہے ان علماء نے بلاتحقیق اس آیت میں قدم رکھا ہے اور جیسے اندھا کسی چیز کو تلاش کرتا ہے۔ تو وہ جا بجا ٹٹولتا پھرتا ہے ایسا ہی انکا حال ہے +

لام تاکید اور نون ثقیلہ کی بحث متعلق آیۃ لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ

آیت متذکرہ بالا میں بعض علماء نے صرف آئندہ کے زمانہ تک اس کے معنے محدود کئے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ علم نحو وغیرہ میں آیا ہے کہ جہاں نون ثقیلہ آئے وہاں قطعی طور سے ہمیشہ فعل مستقبل کے معنے آتے ہیں چونکہ لَیُؤْمِنَنَّ میں لام تاکید و نون ثقیلہ آئے ہیں۔ اس لئے اس کے یہی معنے ہوئے کہ آخری زمانہ میں لوگ ضرور مسیح پر ایمان لائینگے لیکن جب قرآن شریف پر غور کرتے ہیں تو اُن کے بیان کی تصدیق نہیں ہوتی بلکہ برخلاف اس کے تینوں زمانے یعنے ماضی اور حال اور مستقبل کے لئے بھی وہ آتے ہیں۔ چنانچہ ہم بطور نمونہ چند آیات پیش کرتے ہیں۔ جن سے ہمارے قول کی تصدیق ہوتی ہے۔ لیکن بیشتر اس کے کہ وہ آیات بیان کی جائیں ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ علم نحو وغیرہ کے رو سے اس پر کچھ بحث کی جائے۔ سو واضح ہو کہ نحویوں وغیرہ نے یہ قرار دیا ہے کہ جس صیغہ کے ساتھ لام تاکید آئے۔ وہاں فعل مضارع حال کے معنے دیتا ہے۔ اور نون ثقیلہ صرف استقبال کے لئے آتا ہے۔ لیکن جہاں لام تاکید اور نون ثقیلہ دونوں آئیں تو وہاں یہ لازمی نہیں کہ فعل مستقبل کے معنے دے۔ چنانچہ حضرت مولینا مولوی سید محمد احسن صاحب فاضل امروہی الحق جلد ۱ نمبر ۸ کے صفحہ ۱۲۳ میں فرماتے ہیں کہ قسم کے جواب کے واسطے صرف استقبال کا ہونا کچھ واجب اور لازم نہیں ہے بلکہ جواب قسم کبھی ماضی ہوتا ہے کبھی حال کبھی استقبال کبھی استمرار اور دوام تجددی۔ اور اگر قسم کا جواب صیغہ مستقبل موکد بلام تاکید و نون تاکید ہو تو علم نحو وغیرہ میں دوام تجددی یا حال یا استقبال دونوں ہوتے ہیں کوئی امتناع نہیں ہے۔ بلکہ بعض جگہ اشتراکی طور سے ماضی کے معنے بھی ایک سلسلہ متصلہ ممتدہ

کی طرح مراد لیے جاتے ہیں۔ چنانچہ ہم ذیل میں نمبر وار چند آیات بطور نظیر پیش کرتے ہیں +

الف۔ اول مثال فعل حال فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ پارہ ۲ رکوع ۱ جس کا ترجمہ یہ ہے۔ ہم تیرا منہ اُس قبلہ کی طرف پھیرتے ہیں۔ جو تیرا پسندیدہ ہے۔ لہذا مسجد حرام کی طرف رُخ کرے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ بحر د نازل ہونے آیت ہذا کے عین نماز میں منہ پھیر لیا گیا۔ اور کوئی توقف درمیان میں نہیں ہونے پایا +

مثال دوم۔ وَانْظُرْ إِلَىٰ إِلَٰهِكَ الَّذِي ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا لَنُحَرِّقَنَّهُ پارہ ۱۶۔ رکوع ۱۴۔ یعنے اپنے معبود کی طرف دیکھ جسپر تو معتکف تھا کہ اب اس کو جلاتے ہیں۔ اس جگہ بھی استقبال مراد نہیں کیونکہ استقبال اور حال میں کسی قدر زمانہ کا بعد ہونا ضروری ہے مثلاً اگر ایک آدمی کسی کو کہے کہ میں تجھے دس روپیہ دیتا ہوں۔ اس سے یہہ نہیں ثابت ہوتا کہ اس کا وعدہ زمانہ مستقبل کے لئے ہے بلکہ حال ہی کے زمانہ میں وعدہ اور ایفائے وعدہ ہوا

ب۔ مثال اول ماضی حال و استقبال۔ وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا جو لوگ ہماری راہ میں مجاہدہ کیا کرتے ہیں۔ ہم اُن کو اپنی راہ دکھلا دیتے ہیں۔ دیکھو پارہ ۲۱ رکوع ۳ اس سے صاف ظاہر ہے کہ اگر اس جگہ مجرد استقبال مراد لیا جاوے تو اس سے معنے فاسد ہو جاتے ہیں۔ اور یہ کہنا پڑیگا کہ یہ وعدہ صرف آئندہ کے لئے ہے۔ اور زمانہ گذشتہ اور زمانہ حال میں جو مجاہدہ کرتے رہے ہیں۔ وہ خدا تعالیٰ کی راہوں سے بے نصیب ہیں۔ لہذا ضرور ماننا پڑیگا کہ اس میں تینوں زمانوں کا ذکر ہے +

مثال دوم۔ كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي یعنے خدا تعالیٰ مقرر کر چکا ہے کہ میں اور میرے رسول ہمیشہ غالب ہوتے رہا کرینگے۔ یہ آیت بھی آیت ماسبق کی طرح ازمنہ ثلاثہ پر مشتمل ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ہمیشہ غالب ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہینگے + سورۃ

مثال سوم۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ۔ یعنے جو شخص عمل صالح بجا لایا کرتا ہے خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو مگر مومن ہو ہم اُس کو پاک زندگی کے ساتھ زندہ رکھا کرتے ہیں اور اُس کے عمل سے بہتر جزا دیا کرتے ہیں۔ دیکھو قرآن شریف پارہ ۱۴ سورۃ النحل رکوع ۱۳۔ اس آیت میں بھی تینوں زمانہ پائے جاتے ہیں۔ ورنہ لازم آئیگا کہ زمانہ گذشتہ اور زمانہ حال میں جو عمل

صالح بجالاتے تھے۔ اُن کو اللہ تعالیٰ اجر سے ہمیشہ محروم کرتا رہا۔ اور صرف زمانہ آئندہ میں جو لوگ عمل کرینگے۔ اُن کو اجر ملا کریگا +

مثال چہارم۔ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ یعنے وہ جو خدا تعالیٰ کی مدد کیا کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ اُس کی مدد کیا کرتا ہے۔ قرآن شریف پارہ ۱۷ رکوع ۱۳۔ اس میں بھی آیات ماسبق کی طرح لام تاکید اور نون تاکید آئے ہیں۔ کیا اس میں بھی زمانہ آئندہ ہی کے معنے لئے جائینگے۔ اور زمانہ گذشتہ اور زمانہ حال کو شامل نہیں کرینگے۔ کیا کوئی مسلمان مان سکتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد کرنے والے صرف زمانہ مستقبل میں پیدا ہونگے۔ زمانہ ماضی اور حال میں کوئی ناصر لدین اللہ نہیں ہے۔ ایسی حالت میں تو تمام انبیاء اور بالخصوص حضرت خاتم النبیین (صلوٰۃ اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ اجمعین) کی تمام دینی کوشش اکارت سمجھی جائے گی۔ نعوذ باللہ من ذلک۔ لہٰذا لازمی طور سے ماننا پڑتا ہے کہ اس آیت میں بھی تینوں زمانہ شامل ہیں +

پانچویں مثال۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۝ یعنے جو لوگ ایمان لاتے اور عمل صالح کرتے ہیں۔ ہم اُن کو صالحین میں داخل کر لیا کرتے ہیں۔ دیکھو قرآن شریف پارہ ۲۰ رکوع ۱۳۔ اس آیت میں بھی تینوں زمانے ہیں۔ ورنہ بڑے بڑے مفاسد لازم آئینگے +

ج۔ امثلہ فعل حال واستقبال +

(۱) وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ یعنے ہم تم کو کچھ تو خوف سے اور کچھ بھوک سے اور کچھ مالوں اور ثمرات میں نقصان وارد کرنے سے آزمائیں ہیں یا آزماویں گے۔ اس میں دونوں زمانہ پائے جاتے ہیں۔ بلکہ تینوں زمانہ بھی آسکتے ہیں۔ کیونکہ ہر زمانہ کے مومنوں کی اس قسم کے واقعات سے آزمایش ہوتی رہی ہے +

مثال دوم۔ لَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۛ یعنے تو اُن کو اس امر پر نہایت ہی حریص پاتا ہے کہ لمبی زندگی ہو۔ اس میں بھی دونوں زمانہ حال واستقبال شامل ہیں۔ کیونکہ یہ لازم نہیں آتا کہ اب تو تو اُن کو حیاتی کے لئے احرص پائے۔ اور آئندہ نہیں پائیگا +

ہم اسی قدر امثلہ پر اکتفا کر کے عرض کرتے ہیں۔ کہ آیات بالا سے بخوبی ہویدا ہے کہ یہ امر لازمی نہیں ہے کہ جہاں لام تاکید اور نون ثقیلہ آئے۔ بجز استقبال اور کوئی معنے متصور نہیں

ہونگے۔ کیونکہ ہم نے ابھی بیان کیا ہے کہ لام تاکید اور نون ثقیلہ تینوں زمانوں کے لئے بھی آتے ہیں۔ تو پھر کوئی وجہ نہیں ہے۔ کہ کوئی شخص اِس آیت وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ پر اس وجہ سے زور دے کہ اس میں لام تاکید اور نون ثقیلہ آئے ہیں۔ اس واسطے اس کا وقوعہ زمانہ آئندہ کے لئے ہے۔ اور اسی بنا پر کہیں کہ ضرور حضرت عیسےٰ علیہ السلام پر آئندہ زمانہ میں لوگ ایمان لائینگے۔ کیونکہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ صرف استقبال کے لئے نہیں۔ بلکہ زمانہ ماضی وحال کے لئے بھی لام تاکید اور نون ثقیلہ آتے ہیں۔ لہذا ایسی بات پر جو محتمل بہ چند زمانہ ہو یک طرفہ رائے قایم کرلینا تحکم اور خلافِ دانشمندی ہے +

اور بالفرض اگر ہم اس آیت میں یہ بھی مان لیں کہ ضرور یہاں پر فعل مستقبل کے معنے لگتے ہیں تو بھی کچھ حرج نہیں۔ کیونکہ اس آیت کے معنے اس صورت میں بھی بجز اس کے اور کیا ہو سکتے ہیں کہ ہر اہل کتاب مسیح پر اپنی موت سے پہلے ایمان لائیگا۔ اور ضمیر ثانی اسواسطے اہل کتاب کی طرف راجع ہے کہ اس آیت میں قرآن شریف کی ایک دوسری قرأت آئی ہے۔ یعنے قَبْلَ مَوْتِهِمْ اور ہم پہلے ثابت کر چکے ہیں کہ بہت سی تفاسیر میں یہ عبارت آئی ہے مَا مِنَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اَحَدٌ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِاَنَّ عِيْسٰى عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتَ وَيُؤَيِّدُ ذٰلِكَ اِنْ قُرِئَ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهِمْ۔ یعنے یہود اور نصاریٰ میں سے ایسا کوئی نہیں جو اپنی موت سے پہلے عیسیٰ پر ایمان لائے اور قَبْلَ مَوْتِهِمْ کی قرأت انہیں معنوں کی موید ہے۔ الغرض بیان مذکورہ بالا کی تائید میں حضرت ابن عباس اور حضرت عکرمہ اور علی بن طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم متفق ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ آیت مذکورہ بالا میں ضمیر اول حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی طرف ہے۔ اور ضمیر ثانی اہل کتاب کی طرف۔ اور قرآن شریف کی قرأت قَبْلَ مَوْتِهِمْ بھی اسی کی مصدق ہے۔ اور بہت سے مفسرین ومحدثین نے بھی اس کی تصدیق کی ہے۔ تو پھر کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ ضمیر ثانی مسیح ہی پر تھوپی جائے۔ انصاف کو کام میں لانا چاہیئے +

اگر بفرض محال ان امور متذکرہ بالا کو نظر انداز کر کے وہی معانی لے لئے جائیں جو بعض علماء کرنا چاہتے ہیں تو بھی مسیح کی حیات تو کسی صورت میں ثابت نہیں ہوتی۔ جیسے کہ ہم اوپر ظاہر کر آئے

ہیں۔ بلکہ بوجوہات چند در چند ثابت کر چکے ہیں۔ کہ وہ سب تاویلیں اُن علماء کی فاسد اور دور از قیاس ہیں +

اصلی اور حقیقی معنے آیۃ وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ کیا ہیں

اب یہاں پر یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے۔ کہ جب تفاسیر کی متعدد توجیہات کو مردود ٹھہرایا جاتا ہے۔ تو پھر اس کے اصلی اور حقیقی معنے کیا ہو سکتے ہیں۔ سو واضح ہو کہ اس کے اصلی معنے تب کھل سکتے ہیں جب آیت متذکرہ بالا کے ساتھ اس کے ماقبل کی آیات کو ملا لیا جائے تاکہ سیاقِ کلام سے مفہوم کلی بوضاحتِ تام منکشف ہو جائے۔ لہٰذا ہم اول اُن آیات کو جہاں سے اِس آیت کا تعلق ثابت ہوتا ہے لکھتے ہیں۔ وہو ہذا +

وَقَوْلِھِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِیْحَ عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ رَسُوْلَ اللّٰہِ ۚ وَمَا قَتَلُوْہُ وَمَا صَلَبُوْہُ وَلٰکِنْ شُبِّہَ لَھُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِیْنَ اخْتَلَفُوْا فِیْہِ لَفِیْ شَکٍّ مِّنْہُ ۭ مَا لَھُمْ بِہٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْہُ یَقِیْنًا ۞ بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ ۭ وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا ۝ وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ ۚ وَیَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَکُوْنُ عَلَیْھِمْ شَھِیْدًا ۝ قرآن شریف پارہ ۶۔ سورۃ النساء رکوع ۲۲ +

اِس آیت کے تین معنے ہمارے نزدیک ہو سکتے ہیں۔ اور ان تینوں سے حضرت مسیح علیہ السلام کی وفات طبعی ثابت ہوتی ہے۔ نہ کوئی موت۔ اول معنے آیت مذکورہ بالا اور یہود کی اس بات کو دیکھو کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے مریم کے بیٹے عیسےٰ مسیح کو قتل کر ڈالا جو اللہ کا رسول کہلاتا تھا حالانکہ نہ اُنہوں نے اُسکو قتل کیا اور نہ صلیبی موت سے مارا۔ لیکن یہ بات اُن کے دلوں میں شبہ کے طور پر ہے یقینی نہیں اور جو لوگ اس بات میں اختلاف کرتے ہیں یعنے کہتے ہیں کہ شاید ہی مصلوب ہو گیا ہو وہ شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ اُن کے پاس کوئی یقینی بات نہیں صرف ظن کی پیروی کر رہے ہیں۔ اور وہ خوب یقین رکھتے ہیں کہ مسیح قتل نہیں ہوا بلکہ اپنی موت سے مرا۔ اور اللہ تعالیٰ نے راستباز بندوں کی طرح اُس کو اُٹھا لیا۔ کیونکہ

اول معنے آیت مذکورہ بالا

خدا تعالیٰ عزیز ہے۔ وہ اُن لوگوں کو جو اُس کی طرف سے ہوتے ہیں ذلیل نہیں کیا کرتا۔ اور اُس کا فعل حکمت پر مبنی ہے۔ کیونکہ وہ حکیم ہے۔ ایک معنے تو یہ ہیں +

اِن معنوں کی تائید انجیل سے

اور اِن معنوں کی تائید انجیل سے یوں ہوتی ہے کہ چونکہ حضرت مسیح علیہ السلام نے کہا تھا کہ تیسرے روز مُردوں سے جی اُٹھونگا۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۰۔ ورس ۱۹۔ جسپر یہودیوں کو گمان ہو گیا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اُسکے حواریوں نے سازش کر کے کوئی ایسی کارروائی کی ہو کہ موت سے اُسکو بچا لیا ہو اور پھر وہ یہہ کہدیں کہ دیکھو وہ تیسرے روز مُردوں سے جی اُٹھا چنانچہ جب اُن کو وہ قبر میں نہ ملا تو اُن کو یقین ہو گیا کہ ضرور منصوبہ کیا گیا ہے تو اُس وقت رشوت دینے پر آمادہ ہو گئے۔ چنانچہ انجیل متی باب ۲۸۔ آیت ۱۲ و ۱۳ میں ہے "تب اُنہوں نے بزرگوں کے ساتھ اکٹھے ہو کر صلاح کی۔ اور اُن پہرے والوں کو بہت روپے دیئے اور کہا کہ تم کہو کہ رات کو جب ہم سوتے تھے۔ اُس کے شاگرد آ کے اُسے چُرا لے گئے" اس تمام واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ یہودیوں کے دلوں میں مسیح کے مفقود ہو جانے سے کیا کیا خیال پیدا ہوئے ہونگے۔ اور ضرور یہی خیال پیدا ہوا کہ مسیح زندہ کہیں چلا گیا۔ اور تیسرے روز پھر وہ ظاہر ہو جائیگا اور کہیگا کہ اب دوبارہ زندہ ہو گیا ہوں۔ اور اس طرح وہ اس کو اپنا معجزہ قرار دیکر لوگوں کو قائل کریگا۔ پس اس سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے کہ یہودیوں میں شکوک پیدا ہو گئے تھے۔ اور آیت میں جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ کا لفظ یہودیوں کی زبان سے نقل کیا ہے۔ اس سے مراد یہ نہیں کہ یہود حضرت مسیح علیہ السلام کو رسول اللہ سمجھتے تھے۔ کیونکہ اگر وہ فی الواقع رسول اللہ سمجھتے تو مخالفت ہی کیوں کرتے۔ یہ بات عیسائیوں کے بالمقابل اِن کو چڑھانے اور اِن کو منہ بنانے کے لئے کہا کرتے تھے کہ وہ رسول اللہ تھا جس کو ہم نے سولی پر دیدیا وہ تو توریت کے رو سے لعنتی ہوا ہاں وہ ضرور رسول اللہ ہے لہذا وہ بطور تمسخر ایسا کہا کرتے تھے

دوسرے معنے آیت مذکورہ۔ دوسرے معنے یہ ہیں اور یہودیوں کی بات پر غور کرو وہ کہتے ہیں کہ ہم نے یقیناً مریم کے بیٹے عیسیٰ مسیح کو قتل کر ڈالا جو اللہ کا رسول کہلاتا تھا۔ حال یہ ہے کہ نہ اُنہوں نے اُسکو قتل کیا اور نہ اُسکو صلیب پر مارا مگر یہ بات ضرور ہے کہ وہ کالمقتول اور

دوسرے معنے آیت مذکورہ بالا

کالمصلوب ہوا۔ اور جو لوگ قتل مسیح علیہ السلام پر اختلاف کرتے ہیں۔ وہ اس بارہ میں شک میں ہیں۔ اُن کو اس قتل کا یقینی علم نہیں ہے۔ بلکہ وہ صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں۔ یقیناً یقیناً یہودیوں نے اِس کو قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے طبعی موت سے مار کر اپنی طرف اُٹھا لیا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ عزیز اور حکیم ہے اور کوئی بھی اہل کتاب ایسا نہیں جو اپنی موت سے پہلے مسیح کے قتل پر ایمان نہ رکھتا ہوگا۔ اور قیامت کے روز مسیح ان پر گواہ ہوگا۔ اس طرح معنے کرنے سے یہ مقصود ہے کہ ناظرین کو معلوم ہو جائیگا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کا قول نقل کیا ہے اور وہ قول اُن کا اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ ہے۔ وہ یقیناً مسیح کی قتل کا اقرار کرتے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ اُن کے قتل اور صلیبی موت کی نفی کرتا ہے اب آگے قابل غور بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قتل اور صلیب کی نفی تو کی۔ لیکن واقعہ کی نفی نہیں کی۔ بلکہ کہا کہ اُنکو دھوکہ لگا ہے۔ کیونکہ کچھ بات قریب قریب ایسی ہوئی ہے۔ اب آگے اللہ تعالیٰ اضمار کا استعمال کرتا ہے۔ اور یہ ضروری امر ہے کہ ضمیروں کا مرجع خواہ ضمیر ظاہر ہو یا مستتر عبارت میں ہونا ضروری ہے اب دیکھنا یہ ہے وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ میں جو ضمیر لفظ فِيْهِ میں آئی ہے وہ کس کی طرف راجع ہے اور اُس کا مرجع کون ہے۔ سیاق کلام سے ظاہر ہے کہ قتل کے لفظ سے شروع کیا گیا ہے۔ اور قتل ہی کی نفی کی گئی ہے۔ آگے ضمیر مذکورہ کا مرجع بجز واقعہ قتل کے اور کہاں جا سکتا ہے۔ اسی طرح لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ میں بھی ضمیر غائب اُسی طرف جاتی ہے۔ اور پھر مَا لَهُمْ بِهٖ میں جو ضمیر ہے وہ بھی اسی قتل کی طرف راجع ہے۔ اتنے اضمار بولکر اللہ تعالیٰ پھر اسی لفظ یعنے قتل کو دُہراتا ہے۔ کیونکہ بُعد اور دوری واقع ہو گئی تھی۔ چنانچہ وہ فرماتا ہے وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا جس سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ قتل کے معاملہ کو برابر ذکر کرتا چلا آتا ہے پھر بعد کی آیت میں ضمیروں کو بطور سابق استعمال کیا ہے۔ اور فرمایا ہے۔ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ جس میں دو ضمیریں آئی ہیں۔ ایک بِهٖ اور دوسری قَبْلَ مَوْتِهٖ میں یہ تو ظاہر ہے کہ پیچھے برابر قتل کے واقعہ کا ذکر ہوتا چلا آتا ہے۔ تو یہاں ضمیر اوّل بھی واقعہ قتل کی طرف ہے۔ یعنے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ باوجود اس کے کہ ہم نے برملا شہادت دیدی کہ نہ تو اہل کتاب نے اِس کو قتل کیا۔ اور نہ صلیبی موت سے مارا۔ مگر پھر بھی یہ شریر النفس ایسے لوگ ہیں کہ وہ اسی بات پر ایمان رکھتے چلے جائینگے کہ مسیح مقتول ہوا اور

یہ بات صرف موت سے پہلے پہلے تک ہے۔ جب مرجائینگے تو پھر پتہ لگیگا کہ اصل واقع کیا تھا۔ کیونکہ یہ تو تمام مذاہب میں مسلم امر ہے کہ بعد مرنے کے اِن کو اپنی گذشتہ عمر کے اعمال کا نتیجہ ملنا شروع ہوجاتا ہے۔ نیک اعمال کا نیک نتیجہ اور بد اعمال کا بد۔ اِن معنوں میں کوئی دقت اور تکلیف نہیں صاف اور سیدھے معنے ہیں۔ ان معنوں میں ہم نے اپنی طرف سے نہ کوئی تاویل کی ہے اور نہ ہم نے کوئی کمی بیشی کی ہے۔ جو ترتیب قرآنی ہے اُسی کے مطابق صاف صاف معنے کردیئے ہیں بتاؤ ان معنوں پر کیا جرح ہوسکتی ہے۔ البتہ اس میں وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ قابلِ تشریح ہے۔ اور چونکہ یہ قرآن شریف سے پہلے کا واقعہ ہے۔ اِس لئے اس کی شہادت سابقہ کتب سے لینی ضروری ہے لہذا ہم الگ فصل میں اس کے متعلق مستقل اور مبسوط بیان کرینگے۔ جس سے معلوم ہوجائیگا کہ اصل واقعہ کیا ہے +

تیسرے معنے آیت مذکورہ بالا

تیسرے معنے آیت مذکورہ بالا۔ تیسرے معنے یہ ہیں اور اہل کتاب کی یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ ہم نے عیسیٰ مسیح ابن مریم کو جو مدعی رسالت تھا قتل کر ڈالا۔ حالانکہ اصل بات یہ ہے کہ نہ تو اُنہوں نے اُس کو قتل کیا اور نہ صلیب پر مارا۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ وہ شبیہ بالمقتول والمصلوب ہوا۔ اور اختلاف کرنے والے لوگوں کو کچھ شک پیدا ہوگیا کہ شاید نہ مرا ہو لیکن یہ بات بھی صرف ظن کی وجہ سے ہے۔ وہ یقینی علم سے نہیں کہتے تھے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ ہرگز اُن کے ہاتھ سے مقتول نہیں ہوا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُس کو لعنت کی موت سے بچا کر تقرب الی اللہ بخشا۔ کیوں نہ ہو جبکہ اللہ تعالیٰ عزیز اور حکیم ہے۔ اور ضرور ایک وقت آتا ہے کہ ہر اہل کتاب خواہ وہ یہودی ہو یا عیسائی خواہ مجوسی ہو یا مسلمان سب کے سب خدا کے اس فیصلہ پر ایمان لائینگے۔ کہ مسیح علیہ السلام نہ قتل ہوا اور نہ مصلوب ہوا۔ بلکہ وہ طبعی موت سے مر کر خدا تعالےٰ کے دیگر انبیا کے ساتھ جا ملا اور عزت کے مقام پر پہنچ گیا۔ یہ کب ہوگا جب آخری زمانہ میں مسیح علیہ السلام بروزی طور سے محمدی مسیح کی صورت میں نزول فرما کر اُسی کے منشاء کے مطابق اُس کے قایم مقام ہو کر کارروائی کرے گا اور پھر اُسی بروزی مسیح کی وفات سے پہلے اہل کتاب مان لیں گے۔ کہ واقعی مسیح علیہ السلام صلیب پر نہیں مرے تھے +

الفاظ آیات کے روسے یہ تین ہی معنے ہوسکتے تھے۔ جو ہم نے کر دئے۔ کیونکہ الفاظ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ تین ہی صورتیں

پیش کرتے ہیں۔ ایک تو واقعۂ قتل۔ دوسرے مسیح ابن مریم کا نام۔ تیسرے نفس صلیب و قتل سو ان تمام ضمیروں کا مرجع انہی کی طرف ہو سکتا تھا۔ انہی کے رو سے معنے کئے گئے اور سب معانی کا مآل ایک ہی ثابت ہوتا ہے کسی صورت میں ایک دوسرے کے مخالف نہیں پڑتے اور طرفہ یہ کہ نہ الفاظِ قرآن اور نہ سیاق و سباقِ کلام اللہ کے خلاف ہیں۔ اور نہ فطرت اللہ اور مشاہدہ کے خلاف۔ پھر کیونکر ان کو تسلیم نہ کیا جائے۔ اس کے سوا جس قدر معانی کئے جاتے ہیں وہ سب نصِ قرآنی کے خلاف ہیں مشاہدہ اُن کو جھٹلاتا ہے۔ قانونِ قدرت اُن کی تائید نہیں کرتا +

نویں فصل

اِس باب میں کہ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ کا نقلی و عقلی ثبوت کیا ہے

یہ امر قابلِ غور ہے کہ کسی امر کا دعوی کر دینا اور اُس کا کوئی کھلا کھلا ثبوت اور بیّن دلیل پیش نہ کرنا انصاف کے خلاف ہے۔ کیونکہ اس سے تو انسان جو مدِ مقابل ہو کیونکر تسلی پا سکتا ہے۔ اور کیونکر وہ حق کو قبول کر سکتا ہے۔ جب تک اس قسم کے واقعات اُس کے سامنے نہ رکھ دیے جائیں جن سے اُس کو کوئی چون و چرا کی گنجایش نہ رہے۔ سو واضح ہو کہ آیت مذکورہ بالا میں قتل اور صلیب کی نفی کی گئی ہے۔ اور جہاں تک ہم غور کرتے ہیں قتل محض کوئی بُری بات نہیں۔ اور نہ اس سے نبی کی شان میں کچھ فرق آ سکتا ہے۔ کیا وہ احادیث نہیں پڑھتے جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ دعا مانگنا ثابت ہوتا ہے کہ میں اس بات کو دوست رکھتا ہوں کہ خدا کی راہ میں قتل کیا جاؤں اور پھر زندہ کیا جاؤں اور پھر قتل کیا جاؤں جب خود فخرِ رسل سرتاجِ اولین و الآخرین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قتل کی خواہش کرتے ہوئے دُنیا سے رحلت فرما گئے تو پھر کیونکر ہم سمجھ لیں کہ حضرت مسیح کے لئے قتل کے الفاظ بولنے ہتک میں داخل ہیں کیا قرآن میں وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ نہیں پڑھتے

کیا یحییٰ حضرت مسیح کے زمانہ میں قتل نہیں کیا گیا۔ اگر قتل کوئی عیب کی بات ہے تو کیوں حضرت یحییٰ کو آسمان پر زندہ نہ اُٹھالیا گیا۔ کیا مسیح کے لئے خدا تعالیٰ کو غیرت آئی۔ اور حضرت یحییٰ کے لئے نہ آئی فَتَدَبَّرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارِ ؕ

اب ہم آیت زیر بحث پر غور کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ نفی قتل و صلیب کے بعد وَلٰکِنْ شُبِّہَ لَھُمْ کا جملہ آیا ہے۔ جس نے مخالفین کو ایک وہم اور تردد میں ضرور ڈالدیا ہے۔ کیونکہ حرف لکن استدراک کے لئے آتا ہے۔ جو ماسبق مضمون کی تصدیق کرتا ہے یعنے یہ سچ نہیں ہے کہ وہ قتل ہوا اور صلیب پر مرا لیکن اُن کی مثل کوئی واقعہ ہوا جس میں ایک طرح نفی بھی ہے اور ساتھ ہی اثبات بھی ہے۔ سو اس گتھلک کے کھولنے کے لئے اس امر کی طرف توجہ دلانا ضروری ہے کہ یہ واقعہ اہل کتاب یعنے یہود اور نصاریٰ میں پیش آیا۔ اور چونکہ مدت سے یہودیوں اور عیسائیوں میں باہم اس بات کا تنازعہ چلا آتا تھا جس کی حقیقت یہ ہے کہ یہودی محض شرارت اور ضد سے کہتے تھے کہ ہم نے مسیح کو جو رسالت کا مدعی تھا صلیب پر چڑھا کر قتل کر ڈالا اور وہ اس قتل صلیب سے ایک بھاری فائدہ اُٹھانا چاہتے تھے۔ اور وہ کیا کہ بموجب توریت کتاب استثناء باب ۲۱۔ ورس ۲۳۔ وہ ملعون ہے وہ نبی تو نبی ایک معمولی مومن بھی نہیں ہو سکتا۔ لیکن جو لوگ مسیح پر ایمان لا چکے تھے۔ اُن کو یہ بات شاق گذرتی تھی۔ اُن کو مدتوں تک یہ مصیبت برداشت کرنی پڑی۔ اور وہ خود تو اس امر کا کچھ فیصلہ نہیں کر سکتے تھے۔ کیونکہ جب واقعہ صلیب پیش آیا اُس وقت تمام معتقدین حتیٰ کہ حواری بھی مسیح علیہ السلام سے کنارہ کش ہو چکے تھے۔ اور سب کو اپنی اپنی جان کی فکر پڑ گئی تھی۔ چنانچہ یہودا اسقریوطی نے ذلیل سی رقم یعنے تیس روپیہ رشوت لیکر مسیح علیہ السلام کو پکڑوا دیا۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۶۔ آیت ۱۴۔ لغایت ۱۶ میں ہے "تب اُن بارہ میں سے ایک نے جس کا نام یہودا اسقریوطی تھا سردار کاہنوں کے پاس جا کر کہا کہ میں اُسے تمہیں پکڑوا دوں تو مجھے کیا دو گے۔ تب اُنہوں نے اُسے تیس روپے کا اقرار کیا اور وہ اُس وقت سے اُس کے پکڑوانیکے لئے قابو ڈھونڈھتا تھا" پھر آیت ۴۷ لغایت ۵۰ میں ہے "وہ یہ کہہ رہا تھا کہ دیکھو یہودا جو اُن بارھوں میں سے ایک تھا۔ آیا اور اُس کے ساتھ ایک بڑی بھیڑ تلواریں اور لاٹھیاں لئے سردار کاہنوں اور قوم کے بزرگوں کی طرف سے آئی۔ اُسکی اس کے پکڑوانے والے نے اُنہیں یہ کہہ کے پتا دیا تھا کہ جسے میں چوموں وہی ہے۔ اُسے

پکڑ لینا۔ اُس نے وہیں یسوع پاس آکر کہا اے ربی سلام اور چوم لیا۔ یسوع نے اُسے کہا اے میاں تو کا ہے کو آیا۔ تب اُنہوں نے پاس آکر یسوع پر ہاتھ ڈالے اور اُسے پکڑ لیا۔" اور دوسرے حواری کا حال سُنئے وہ اُس سے بھی بدتر ثابت ہوا اور اُس نے اپنی جان کے خوف سے مسیح سے اپنی بے تعلقی ظاہر کر کے لعنت بھی اُس پر کر دی۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۶ آیات ۶۹ لغایت ۷۵ جس میں لکھا ہے "جب پطرس باہر دالان میں بیٹھا تھا ایک لونڈی نے اُس کے پاس آکے کہا تو بھی یسوع ناصری کے ساتھ تھا۔ پر اُس نے سب کے سامنے انکار کر کے کہا میں نہیں جانتا کہ تو کیا کہتی ہے۔ پھر جب وہ اُسار کی طرف باہر چلا ایک دوسرے نے اُسے دیکھکر اُن سے جو وہاں تھے کہا کہ یہ بھی یسوع ناصری کے ساتھ تھا۔ تب اُس نے قسم کھا کر پھر انکار کیا کہ میں اُس شخص کو نہیں جانتا۔ تھوڑی دیر بعد اُنہوں نے جو وہاں کھڑے تھے پطرس کے پاس آکے کہا بے شک تو بھی اُن میں سے ہے کہ تیری بولی تجھے ظاہر کرتی ہے۔ تب اُس نے لعنت بھیجکر اور قسم کھا کر کہا میں اُس شخص کو نہیں جانتا۔" ایسا ہی باقی معتقدین کا حال تھا سب نے کنارہ کیا۔ اور کسی نے اپنے رسول کا ساتھ نہ دیا۔ جب یہ حالت تھی تو ان بیچاروں کو اصل حقیقت کیونکر معلوم ہو سکتی تھی۔ لہذا جو کچھ یہود نے مشہور کر دیا اُس کو اُنہوں نے بھی اپنی سادگی سے تسلیم کر لیا اور یہودیوں کے اس اعتراض سے بچنے کے لئے کہ وہ بموجب شریعت موسوی کاذب و ملعون ہے یہ تجویز نکالی کہ مسیح نے ہمارے گناہوں کا بوجھ اپنے ذمہ لے لیا۔ اور اپنی جان بہادروں کی طرح دیدی تاکہ خدا کی عدالت پوری ہو۔ حالانکہ ہم اوپر ذکر کر آئے ہیں کہ وہ رو رو کر دعائیں مانگتے رہے کہ کسی طرح یہ پیالہ ٹل جائے اور صلیب پر آخری وقت میں اِلٰی اِلٰی لِمَا سَبَقْتَنِی چلا چلا کر کہتے رہے اگر وہ خوشی سے اُن عیسائیوں کے گناہوں کا بوجھ اُٹھانے اور اُن کے عوض اپنی جان عزیز کو قربان کرنے آئے تھے تو پھر رونا اور دعائیں مانگنا کیسا۔ یہ تو عذر گناہ بدتر از گناہ ثابت ہوتا ہے۔ اب ہم دکھاتے ہیں کہ حضرت مسیح فی الحقیقت صلیب پر نہیں مرے۔ بلکہ بچکر گلیل میں پہنچے۔ اور پھر وہاں سے دیگر بلاد میں گئے جسکا ذکر بعد میں آئیگا

مسیح علیہ السلام کا عدالت میں پیش ہونا

اناجیل مروجہ سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کو جب یہودا اسقریوطی نے پکڑوا دیا

اور باقی سب معتقدین اپنی اپنی جان بچا کر بھاگ گئے۔ اور کسی نے اُس کا ساتھ نہ دیا۔ تب یہودی اُس کو پکڑ کر پلاطوس کے پاس لے گئے۔ پلاطوس نے مسیح علیہ السلام سے کچھ سوال و جواب کے طور پر پوچھا اور اسکو اطمینان ہو گیا کہ یہ شخص بالکل بے قصور ہے۔ چنانچہ اُس نے خود یہودیوں کے پاس اس خیال کا اظہار بھی کر دیا۔ جیسے انجیل یوحنا باب ۱۸ درس ۳۸ میں ہے "اور پلاطوس نے اُسے کہا کہ حق کیا ہے؟ یہ کہہ کے پھر یہودیوں کے پاس باہر گیا اور اُنہیں کہا میں اُس کا کچھ قصور نہیں پاتا"۔ اور انجیل متی باب ۲۷۔ درس ۱۰ میں ہے "کیونکہ وہ (یعنی پلاطوس) سمجھ گیا کہ اُنہوں نے (یعنی یہود نے) اسے (یسوع کو) ڈاہ (زبردستی) سے حوالہ کیا ہے"۔ اور انجیل لوقا باب ۲۳۔ درس ۴ میں ہے "تب پلاطوس نے سردار کاہنوں اور لوگوں سے کہا کہ میں اس شخص کا کچھ قصور نہیں پاتا"۔ اس سے بڑھکر انجیل لوقا باب ۲۳۔ آیت ۱۳۔ لغایت ۱۶ میں یوں آیا ہے "اور پلاطوس نے سردار کاہنوں اور سرداروں اور لوگوں کو پاس بلا کے اُن سے کہا کہ تم اس شخص کو میرے پاس یہ کہتے لائے کہ یہ لوگوں کو بہکاتا ہے۔ دیکھئے تمہارے آگے تحقیق کرنے پر اُن قصوروں میں سے جن کو تم اُس پر ٹھیراتے ہو میں نے اس شخص میں کچھ نہ پایا۔ اور نہ ہیرودیس نے کیونکہ میں نے تمہیں اُس کے پاس بھیجا اور دیکھو اُس کا کوئی ایسا کام نہ ٹھیرا جو قتل کے لائق ہے اِس لئے اُس کو تنبیہہ کر کے چھوڑ دونگا"۔ اس پر یہودی سخت بگڑے اور گورنر کو بھی دھمکیاں دیں۔ ان حوالجات سے عیاں ہے کہ پلاطوس کو مسیح کی بے قصوری کا کامل یقین بھی ہو چکا تھا۔ مگر وہ رومی گورنر تھا اور ملک کا انتظام یہودیوں کا خیال رکھنا خلاف ورزی کرنا اصول ملکی کے خلاف تھا۔ اس لئے مجبور تھا۔ اس نے درپردہ کیا کارروائی اُس کے بچانے کی کی ہوگی۔ اور اس طن کے لئے بہت سی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ جن کی وجہ سے وہ ضرور مسیح کا حامی ہو گیا تھا ہم سردار وجوہ کو پیش کر کے راز نہاں کا افشا کرتے ہیں۔

وجوہات و قرائن اس امر کے ثبوت میں کہ پلاطوس مسیح کا طرفدار تھا

وجہ اوّل۔ پلاطوس کا خود مسیح کے بے قصور ہونے کا اقرار کرنا جیسکہ ہم بھی ظاہر کر

ہیں اور غالباً یہی وجہ موجہ ہے کہ اُس نے یہودیوں کے آگے رائے پیش کی کہ کیا تم چاہتے ہو کہ میں یسوع کو چھوڑ دوں۔ چنانچہ انجیل متی باب ۲۷۔ آیت ۱۵۔ لغایت ۱۸ میں لکھا ہے "حاکم کا دستور تھا کہ ہر عید کو لوگوں کی خاطر ایک بندھوا جسے وے چاہتے چھوڑ دیتا تھا۔ اُس وقت اُنکا براباس نامی ایک مشہور بندھوا تھا۔ سو جب وے اکٹھے ہوئے پلاطوس نے اُن سے کہا تم کسے چاہتے ہو کہ میں تمہارے لئے چھوڑ دوں۔ براباس یا یسوع کو جو مسیح کہلاتا ہے۔ کیونکہ وہ سمجھ گیا کہ اُنہوں نے اُسے بر دستی حوالہ کیا" اس سے زیادہ صاف انجیل مرقس باب ۱۵۔ درس ۹ و ۱۰ میں ہے "پلاطوس نے اُنہیں جواب دیا اور کہا کیا تم چاہتے ہو کہ میں تمہارے لئے یہودیوں کے بادشاہ کو چھوڑ دوں کیونکہ وہ جانتا تھا کہ سردار کاہنوں نے حسد سے اُس کو حوالہ کیا تھا"+

وجہ دوم۔ دوسرا پلاطوس کی جورو کو خواب آیا جسکا مضمون حسب ذیل ہے "اور جب وہ (یعنے پلاطوس) مسند پر بیٹھا۔ اُس کی جورو نے اُسے کہلا بھیجا کہ تو اس راستباز سے کچھ کام نہ رکھ کیونکہ میں نے آج خواب میں اس کے سبب بہت تصدیع پائی"۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۷ درس ۱۹+

وجہ سوم۔ اس کو بہ حیثیت حاکم اپنی بات کی سچ بھی تھی جیسے انجیل متی باب ۲۷ درس ۲۳ میں ہے "حاکم نے کہا کہ اس نے کیا بدی کی ہے کہ میں اسکو صلیب دوں"۔ اور انجیل مرقس باب ۱۵ درس ۱۳ و ۱۴ میں لکھا ہے "وے پھر چلائے کہ اُسے صلیب دے۔ پلاطس نے پھر اُن سے کہا کیوں اُس نے کیا برائی کی ہے"۔ اور انجیل یوحنا باب ۱۹ درس ۵ و ۶ میں ہے "اور پلاطوس نے اُن سے کہا دیکھو اس شخص کو۔ سو جب سردار کاہن اور پیادوں نے اُسے دیکھا تو چلا کے کہا کہ صلیب دے صلیب دے۔ پلاطوس نے اُنہیں کہا کہ تمہیں اسے لو اور صلیب دو کیونکہ میں اس میں کچھ قصور نہیں پاتا"۔ اور انجیل لوقا باب ۲۳ درس ۲۰ لغایت ۲۲ میں ہے "پلاطوس نے بدیں خیال کہ یسوع کو چھوڑ دے۔ پھر اُنہیں سمجھایا۔ پر اُنہوں نے چلا کے کہا کہ اُس کو صلیب دے صلیب دے۔ تیسری بار اُس نے اُن سے کہا کیوں اُس نے کیا بدی کی ہے میں نے اُس میں قتل کے لائق کوئی قصور نہ پایا۔ اس لئے میں اُسے تنبیہ کر کے چھوڑ دونگا"+

وجہ چہارم۔ یہود کا گستاخی سے پیش آنا اور دھمکی دینا۔ چنانچہ یوحنا باب ۱۹ اور رس ۱۲ میں ہے اُس وقت پلاطوس نے چاہا کہ اُسے چھوڑ دے۔ پھر یہودیوں نے چلا کے کہا کہ اگر تو اس مرد کو چھوڑ دیتا ہے تو تو قیصر کا خیر خواہ نہیں +

وجہ پنجم۔ یہ کہ از روئے اعتقاد مذہبی کے پلاطوس دل میں ڈر گیا تھا۔ چنانچہ متی باب ۲۷۔ آیت ۲۴ میں ہے "جب پلاطوس نے دیکھا کہ کچھ بن نہیں پڑتا۔ بلکہ اور بھی ہلڑ ہوتا ہے تو پانی لیکے بھیڑ کے آگے اپنے ہاتھ دھوئے۔ اور کہا میں اس راستباز کے خون سے پاک ہوں تم جانو" +

اور پانی سے ہاتھ دھونا ایک قسم کی قسم بھی ہے۔ جس سے مفہوم ہوتا ہے کہ حاکم نے جتلا دیا کہ میں ہرگز اس کے خون سے اپنے ہاتھ آلودہ نہیں کرونگا۔ یعنے یہ کہ مسیح مارا جائے چنانچہ توریت کتاب استثنا باب ۲۱ رس ۶ و ۷ سے اس قسم کی قسم کا ثبوت ملتا ہے جس میں لکھا ہے "اپنے ہاتھ دھوئیں اور جواب دیکے کہیں کہ ہمارے ہاتھوں نے یہ خون نہیں کیا۔ نہ ہماری آنکھوں نے دیکھا" +

وجہ ششم۔ یہ کہ مسیح کی راستبازی نے حاکم کے دل میں رُعب ڈال دیا تھا چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱۹۔ آیت ۱۰ و ۱۱ میں ہے "تب پلاطوس نے اُسے کہا کہ تو مجھ سے نہیں بولتا۔ کیا تو نہیں جانتا کہ مجھے اختیار ہے چاہوں تو تجھے صلیب دوں۔ اور چاہوں تو تجھے چھوڑ دوں۔ یسوع نے جواب دیا کہ اگر یہ تجھے اُوپر سے دیا نہ جاتا تو مجھ پر تیرا کچھ اختیار نہ ہوتا (یعنے جو کچھ ہو رہا ہے وہ خدا تعالیٰ کے ارادہ سے ہو رہا ہے) +

وجہ ہفتم۔ یوسف آرمتیا کے ساتھ جو مسیح کا ایک بڑا معتقد آدمی تھا اور بوجہ دولتمند ہونے کے بڑا معتبر بھی تھا پلاطوس کی دوستی تھی۔ اور یوسف مسیح کے بچاؤ کے لئے سخت کوشاں تھا +

وجہ ہشتم۔ ممکن بلکہ اغلب ہے کہ یوسف آرمتیا نے ایک بھاری رقم بطور رشوت حاکم وقت کو دی ہو کیونکہ وہ مانا ہوا دولتمند تھا

وجہ نہم۔ بعد ازاں یوسف آرمتیا کا اس معاملہ میں گرفتار ہو جانا اس امر کی پوری تائید کرتا ہے کہ بادشاہ وقت کو یقین ہو گیا تھا کہ یوسف آرمتیا نے حاکم وقت سے کچھ سازباز کر لی تھی +

یہ وجوہات ہیں جن سے بخوبی پتہ چلتا ہے کہ حاکم وقت مسیح کا حامی اور مددگار ہو گیا تھا۔ اور چونکہ یہودیوں کا جوش دریائی موج کی طرح اُمنڈا ہوا تھا۔ اس لئے حاکم وقت نے حفاظت ملکی کا خیال کر کے عام جوش کے فرو کرنے کے لئے برملا مقابلہ کرنا نہ چاہا۔ بلکہ درپردہ اُس سے طلب تدبیر مسیح کے بچاؤ کی کریں جس کی تصدیق اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں بھی کرتا ہے۔ اور فرماتا ہے۔ وَمَكَرُوا وَمَكَرَ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ یعنے ان یہودیوں نے تو مسیح علیہ السلام کے قتل کے لئے باریک تدبیریں کیں مگر خدا تعالیٰ نے بھی اُس کے بچانے کے لئے خوب باریک در باریک تدبیریں کیں یہ تو ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ خود تو دنیا میں آکر ایسی کارروائی نہیں کیا کرتا بلکہ اُس کی عادت میں داخل ہے کہ جس کام کو وہ کرنا چاہتا ہے وہ اپنی مخلوقات میں سے کسی کو منتخب کر لیتا ہے۔ اور اُس کے ذریعہ سے اُس کام کا سرانجام کراتا ہے۔ چنانچہ اُس وقت اُس نے حاکم وقت کے دل میں مسیح کی ہمدردی ڈال دی۔ اور پھر اُس کی بیوی کو بھی فرشتہ کے ذریعہ سے آگاہ کر دیا۔ کہ خبردار اُس کو کوئی دُکھ نہ پہنچے ورنہ تم پر بَلا ہی آئیگی۔ اور اُدھر یوسف آریمتا کو جو ایک بڑا دولتمند آدمی تھا مسیح کے بچانے کے لئے آمادہ کر دیا +

تدابیر جو پلاطوس نے مسیح کے بچاؤ کیلئے اختیار کیں

منجملہ اُن تدابیر کے ایک تدبیر یہ ہے کہ اُس نے صلیب کے لئے وہ دن قرار دیا جو یہودیوں کی عید فسح کا روز تھا کیونکہ اُن کو اُس روز بہت کچھ رسوماتِ مذہبی ادا کرنی ہوتی تھیں اور اُن کو سخت مصروفیت رہتی تھی۔ چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱۹ ورس ۱۳ و ۱۴ میں لکھا ہے پلاطوس یہ بات سُنکر یسوع کو باہر لایا۔ اور اُس مقام میں جو چبوترہ اور عبرانی میں گبّاتا کہلاتا ہے مسند پر بیٹھا۔ اور فسح کی تیاری کا دن تھا۔ ایسا ہی انجیل متی باب ۷ سے تصدیق ہوتی ہے +

دوسری تدبیر یہ تھی کہ وہ جمعہ کا روز تھا اور شام سے سبت شروع ہوتی تھی۔ جیسے کہ یہود کے دن رات شام سے شروع ہوتی ہے جس میں وہ کوئی اس قسم کا کام موجب شریعت دسوی نہیں کر سکتے تھے دیکھو انجیل مرقس باب ۱۵۔ ورس ۴۲ جس میں مندرج ہے۔

اور جبکہ شام ہوئی۔ اس لئے کہ تیاری کا دن تھا جو سبت سے پہلے ہوتا ہے" +

تیسری تدبیر جو حاکم نے کی یہ تھی کہ اُس روز مسیح کے ساتھ دو اور چوروں کے صلیب کرنے کا حکم دیا تاکہ کارکنانِ صلیب کو اُس طرف بہت سا وقت صرف کرنا پڑے۔ اور مسیح کو بہت دیر صلیب پر نہ رہنا پڑے +

چوتھی تدبیر حاکم نے یہ کی کہ بظاہر مسیح کو لاٹھی ماری تاکہ یہودیوں کو گمان پیدا نہ ہو کہ وہ اُس کی طرفداری میں ہے۔ اور اس ترکیب سے اُن کو غافل کر دیا۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۷ آیت ۲۶۔ اور یسوع کو کوڑے مار کر حوالہ کیا کہ صلیب پر کھینچا جائے +

پانچویں تدبیر جو حاکم وقت کی طرف سے وقوع میں آئی تھی کہ جو افسر یعنے صوبہ دار مقرر کیا وہ در پردہ مسیح کا معتقد تھا۔ جیسے کہ اُس کی کارروائی سے ثابت ہوتا ہے۔ یا حاکم کی طرف سے۔ اُسکو ایسی ہی ہدایت تھی۔ جسکو ہم بعد میں دکھائینگے +

چھٹی تدبیر یہ تھی کہ اُس نے مسیح کی ہڈیاں نہیں توڑوائیں۔ حالانکہ چوروں کی ہڈیاں توڑی گئیں۔ چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱۹۔ درس ۳۲ و ۳۳ میں ہے۔ تب سپاہیوں نے آکے پہلے اور دوسرے کی ٹانگیں جو اُس کے ساتھ صلیب پر کھینچے گئے تھے توڑیں۔ لیکن جب اُنہوں نے یسوع کی طرف آکے دیکھا کہ وہ مر چکا ہے تو اُس کی ٹانگیں نہ توڑیں +

ساتویں تدبیر یہ تھی کہ جب مسیح کے مرنے کی رپورٹ ہوئی تو حاکم نے خود یا کسی معتبر آدمی کے ذریعہ موقع پر جاکر تحقیقات نہیں کی کہ آیا فی الحقیقت مر گیا ہے کہ نہیں۔ حالانکہ اُس کو رپورٹ پہنچنے پر بڑا تعجب بھی ہوا کہ اتنی جلدی فوت ہو گیا۔ دیکھو انجیل مرقس باب ۱۵۔ آیت ۴۴ جس میں لکھا ہے اور پلاطوس نے متعجب ہو کر شبہ کیا کہ وہ ایسا جلد مر گیا +

آٹھویں تدبیر یہ تھی کہ ایک دولتمند شخص یوسف نامی آرمتیا کا رہنے والا جو مسیح پر ایمان لایا تھا اور پلاطوس کا دوست تھا اور جو پہلے ہی سے آیا ہوا تھا اُس کو لاش حوالے کر دی گئی۔ چنانچہ انجیل متی باب ۲۷ درس ۵۷ و ۵۸ میں لکھا ہے۔ جب شام ہوئی تو یوسف نامی آرمتیا کا ایک دولتمند جو یسوع کا بھی شاگرد تھا آیا۔ اُس نے پلاطوس کے پاس جاکے یسوع کی لاش مانگی۔ تب پلاطوس نے حکم دیا کہ لاش اُسے دیدیں اور انجیل یوحنا باب ۱۹ درس ۳۸ میں اس سے بھی اور وضاحت ہے۔ جس سے حاکم کی سازش بخوبی معلوم ہوتی ہے

جہاں لکھا ہے۔ اور بعد اُس کے یوسف آرمیتا نے جو یسوع کا شاگرد تھا یہودیوں کے ڈر سے پوشیدہ جاکر پلاطوس سے اجازت چاہی کہ یسوع کی لاش اُسے دلائی جائے۔ اور پلاطوس نے اجازت دیدی۔ کیا تعجب ہو کہ یوسف نے کچھ رشوت بھی دیدی ہو۔ کیونکہ وہ بڑا دولتمند آدمی تھا +

نویں تدبیر یہ کہ جہاں قبر تجویز کی گئی۔ وہاں باغ تھا۔ جہاں کوئی شخص بھی مسیح کے نکل جانے کو دیکھ نہیں سکتا تھا۔ چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱۹۔ ورس ۴۱ میں ہے۔ اور وہاں جس جگہ کہ صلیب دیئے گئے تھے۔ ایک باغ تھا اور اُس باغ میں ایک نئی قبر تھی۔ جس میں کبھی کوئی نہیں دھرا گیا تھا +

دسویں تدبیر یہ کہ مسیح کی کوئی تجہیز و تکفین نہیں کی گئی۔ بلکہ سرسری طور سے ایک باریک کپڑا لپیٹا گیا دیکھو انجیل متی باب ۲۷۔ ورس ۵۹۔ جس میں لکھا ہے۔ یوسف نے لاش لیکر ستوتی صاف چادر میں لپیٹی اور انجیل لوقا باب ۲۳۔ ورس ۵۳ میں ہے۔ اور اُس کو اُتار کے کتان میں لپیٹا۔ اور ایسا ہی مرقس باب ۱۵ ورس ۴۶ میں ہے +

گیارھویں تدبیر یہ کہ قبر پر پتھر رکھا گیا۔ اور اُس کو حسب معمول مضبوط طور سے بند نہیں کیا گیا۔ چنانچہ انجیل متی باب ۲۷ ورس ۶۰ میں ہے اور اپنی نئی قبر میں جو چٹان میں کھودی ہوئی تھی۔ رکھی۔ اور ایک بھاری پتھر قبر کے منہہ پر ڈھلکا کے چلا گیا۔ ایسا ہی انجیل مرقس باب ۱۵۔ ورس ۴۶ میں ہے +

بارھویں تدبیر یہ تھی کہ قبر پر کوئی اچھی نگرانی نہیں کی گئی۔ چنانچہ انجیل مرقس باب ۱۶ آیت ۴ میں ہے۔ جب اُنہوں نے نگاہ کی تو اُس پتھر کو ڈھلکا یا ہوا پایا۔ ایسا ہی انجیل لوقا باب ۲۴۔ ورس ۲۔ اور متی باب ۲۸۔ ورس ۲۔ اور یوحنا باب ۲۰ ورس ۱ میں مضمون واحد ہے +

تیرھویں تدبیر یہ تھی کہ جب یہودیوں کو اس امر کی خبر ہوئی۔ اور اُنہوں نے شور مچایا کہ کوئی شاگرد اُس کو نکال کر لے گیا تو اس امر میں کوئی تحقیقات نہ کی گئی۔ اور نہ کوئی آدمی تلاش کرنے کے لئے متعین کئے گئے +

چودھویں تدبیر یہ کہ خود اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول کے بچانے کے لئے ایک ایسی تقریب کر دی کہ عظیم الشان طوفان آیا۔ جس سے تاریکی ہو گئی۔ ایک طرف یہ اندھیرا اور دوسری طرف باغ کے درختوں کی گنجانی جس سے دھواں دھار اور گھٹا ٹوپ اندھیرا

چھا گیا۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۷ آیت ۴۵ جس میں لکھا ہے۔ تب چھٹویں گھنٹے سے لیکے نویں گھنٹے تک ساری سرزمین پر اندھیرا چھا گیا۔ اور انجیل مرقس باب ۱۵ ورس ۳۳ میں ہے۔ اور جب چھٹا گھنٹا ہوا اُس ساری سرزمین پر اندھیرا چھا گیا۔ اور نویں گھنٹہ تک رہا۔ اور انجیل لوقا باب ۲۳ آیت ۴۴ میں ہے اور چھٹویں گھنٹے کے قریب تھا کہ ساری زمین پر اندھیرا چھا گیا اور نویں گھنٹے تک رہا۔ اور سورج تاریک ہو گیا اور ہیکل کا پردہ بیچ سے پھٹ گیا +

پندرھویں تدبیر یہ جو خود اللہ تعالیٰ نے مسیح کے بچاؤ کے لئے کی کہ اُس کے صلیب پر کھینچے جانے کے بعد سخت زلزلہ برپا کیا جس سے پہرہ والوں کے دل ہل گئے۔ اور وہ نہایت ہی خوف زدہ ہوئے دیکھو انجیل متی باب ۲۷۔ آیت ۵۱ جس میں صاف لکھا ہے۔ کہ دیکھو ہیکل کا پردہ اوپر سے نیچے تک پھٹ گیا۔ اور زمین کانپی اور پتھر سرک گئے اور قبریں کھل گئیں +

سولھویں تدبیر یہ ہے کہ صوبیدار اور دیگر پہرہ دار سب کے سب واقعاتِ بالا کو دیکھکر خوف زدہ ہو گئے اور اُن کو مارے خوف کے اپنی فکر پڑ گئی۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۷۔ آیت ۵۴۔ جہاں لکھا ہے۔ جب صوبیدار اور جو اُس کے ساتھ والوں نے جو یسوع کی نگہبانی کرتے تھے بھونچال اور سارا ماجرا دیکھا تو نہایت ڈر گئے +

الحمدللہ کہ جو تدابیر ہم نے اپنے ذہن سے نکالی تھیں کہ پلاطوس نے یوں اختیار کی ہونگی ان سب کی تصدیق کروسی فکشن کتاب سے بخوبی ہوتی ہے۔ جو ایک فرمیسن کا خط ہے جس میں مسیح کے متعلق چشم دید حالات لکھے ہیں اور جو حال میں امریکہ سے چھپکر آئی ہے +

یہ وہ واقعات ہیں جن کو ایک عقلمند مدِ نظر رکھکر اس نتیجہ تک پہنچ سکتا ہے۔ کہ حضرت مسیح علیہ السلام کس طرح اُس جانکاہ مصیبت سے بچ گئے۔ یہ تدابیر کوئی سرسری اور معمولی تدابیر نہیں۔ بلکہ باور کرنے کے لئے قوی اور یقینی دلائل ہیں کہ مسیح صلیبی موت سے بچا لیا گیا حاکم کی تدابیر الگ۔ خدا کی تدابیر الگ اور پھر اخیر کو صوبیدار اور پہرے والوں کا خوفناک واقعات کو دیکھکر ایمان لانا۔ اور اسی بنا پر مسیح کی وفات کی رپورٹ کرنا۔ اور لاش کو بلا تحقیق و بلا معائنہ کسی ڈاکٹر مرید کے سپرد کر دینا یہ ایسے راز ہیں جن پر معمولی سمجھ کا انسان بھی غور کرنے سے اس نتیجہ تک پہنچ جاتا ہے۔ کہ یہ ضرور اُس کے بچاؤ کے لئے عمدہ تدبیریں تھیں +

دسویں فصل

اس باب میں کہ واقعی مسیح علیہ السلام صلیب کی موت سے بچگئے تھے

اب ہم اس فصل میں دکھاتے ہیں کہ اس کے واقعی بچ جانے کے کیا ثبوت ہیں +

اوّل۔ وہ مرا ہی نہیں تھا۔ بلکہ غشی آگئی تھی۔ جس کی تصدیق انجیل یوحنا باب ۱۹ آیت ۳۴ سے ہوتی ہے۔ جس میں لکھا ہے "پھر سپاہیوں میں سے ایک نے بھالے سے اُس کی پسلی چھیدی اور فی الفور اس سے لہو اور پانی نکلا" اب دیکھنا ہے کہ کبھی مُردوں سے بھی خون اور پانی نکلتا ہے۔ حالانکہ اُن کے کہنے کے بموجب اُس کو مرے ہوئے بہت دیر ہو چکی تھی۔ کیونکہ اول دو چوروں کی ٹانگیں یکے بعد دیگرے توڑی گئیں۔ اور کس قدر وقت خرچ ہوا۔ اور پھر جب مسیح کو دیکھا تو بظاہر مرا ہوا دکھائی دیا۔ اُس وقت بھالا اُس کی پسلی میں مارا گیا۔ تو خون اور پانی نکلا۔ جس سے صریح معلوم ہوتا ہے کہ اُس پر غشی طاری تھی۔ مرے ہوئے نہیں تھے +

اور یہ بات دُور از قیاس بھی نہیں ہے۔ بلکہ قرین قیاس ہے۔ کیونکہ میخوں کا ہاتھ پاؤں میں لگنا اور ایک دو گھنٹہ تک صلیب پر لٹکا رہنا موت کا باعث نہیں ہو سکتا۔ ہم تاریخوں سے ثابت کرتے ہیں کہ بہت لوگ صلیب پر چڑھائے ہوئے مرے نہیں۔ بلکہ بچ گئے۔ چنانچہ ہیروڈوس ایک رومی مورخ لکھتا ہے کہ ایک شخص سندوکیسی نامی بادشاہ دارا کے حکم سے صلیب پر چڑھایا گیا۔ اور پھر کسی وجہ سے اُس کے بے قصور ثابت ہونے یا گناہ معاف کرنے کی وجہ سے دوبارہ اُسی کے حکم سے صلیب پر سے اُتارا گیا۔ اور وہ زندہ تھا۔ اُسی وقت رہا کر دیا گیا +

یوس بیس مورخ اپنی سوانح عمری میں لکھتا ہے۔ کہ ایک دفعہ طیطوس بادشاہ کے حکم سے بہت سے قیدی صلیب پر چڑھائے گئے۔ اُن میں سے تین آدمی اُس کے ملاقاتی تھے اُس نے بادشاہ سے اُن کی سفارش کی۔ اور وہ صلیب پر سے اُتارے گئے۔ وہ زندہ تھے۔ پھر

اُن کا ایک عرصہ تک علاج معالجہ کیا گیا۔ مگر بالآخر چند روز کے بعد دو آدمی مر گئے۔ اور ایک زندہ رہا اور وہ رہا کر دیا گیا +

بروئے حالات بالا پھر مسیح کی نسبت کیونکر گمان ہو سکتا ہے۔ کہ وہ اتنی جلدی مر گیا۔ حالانکہ اُن کا زیادہ سے زیادہ تین گھنٹہ تک صلیب پر رہنا ثابت ہوتا ہے۔ اور بعض انجیل کے رو سے صرف ایک یا دو گھنٹہ تک اور یہی وجہ ہے کہ پلاطوس جب اُس کو مسیح کے مرنے کی رپورٹ پہنچی۔ تو متعجب ہوا۔ دیکھو انجیل مرقس باب ۱۵۔ ورس ۴۴ جس میں لکھا ہے "اور پلاطوس نے متعجب ہو کر شبہ کیا کہ وہ ایسا جلد مر گیا" +

(۲) انجیل متی باب ۱۶۔ آیت ۲۸ میں ہے "میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اُن میں سے جو یہاں کھڑے ہیں۔ بعضے ہیں کہ جب تک ابنِ آدم کو اپنی بادشاہت میں آتے نہ دیکھ لیں موت کا مزہ نہ چکھینگے" +

(۳) انجیل مرقس باب ۹۔ آیت ۱ میں ہے "اُس نے اُنہیں کہا میں تم سے سچ کہتا ہوں۔ کہ اُن میں سے جو یہاں کھڑے ہیں بعضے ہیں کہ جب تک خدا کی بادشاہت قدرت سے آتی نہ دیکھ لیں موت کا مزہ نہ چکھینگے" +

(۴) انجیل لوقا باب ۹ ورس ۲۷ میں ہے "پھر میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ بعضے اُن میں سے یہاں کھڑے ہیں۔ جو نہ مرینگے۔ جب تک خدا کی بادشاہت نہ دیکھیں" +

اِن آیات میں خدا کی بادشاہت سے مراد اللہ تعالیٰ کی حکومت ہے۔ یعنے میری نسبت اللہ تعالیٰ کا ارادہ یہ ہے کہ میں دُکھ اُٹھاؤں جیسے انجیل متی باب ۱۶۔ آیت ۲۱ سے ظاہر ہے جس میں لکھا ہے اُس وقت سے یسوع اپنے شاگردوں کو خبر دینے لگا۔ کہ ضرور ہے کہ میں یروشلم کو جاؤں۔ اور بزرگوں اور سردار کاہنوں اور فقیہوں سے بہت دُکھ اُٹھاؤں۔ اور مارا جاؤں۔ اور تیسرے دن جی اُٹھوں" +

آیات متذکرہ بالا میں حضرت یسوع مسیح اپنے شاگردوں کو بتاتے ہیں کہ تم کو یقین رہے کہ یہ دُکھ مجھ کو ضرور اُٹھانا پڑیگا۔ لیکن خدا تعالیٰ مجھے اپنے ہی زورِ حکومت اور قدرت سے بچائیگا زمینی سلطنت بھی میرے لیے صلیب کا حکم دیدیگی اور یہودی بھی اپنی پوری اور مجموعی طاقت سے میرے قتل کر ڈالنے میں کوئی کسر نہیں اُٹھا رکھینگے اور جہاں تک انسانی دخل ممکن ہو سکتا ہے

میرے مار ڈالنے کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائیگا لیکن تم کو بطور پیشگوئی اطلاع کرتا ہوں کہ تم یہ نشانِ قدرتِ الٰہی ضرور دیکھو گے۔ اور تم اُس وقت تک زندہ رہو گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور جو مسیح علیہ السلام نے فرمایا تھا وہ سب پورا ہوا۔ اگر اس سے مرجانے کے بعد آنا مراد ہے تو یہ بات تو سراسر غلط ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ مسیح ابتک نہیں آیا اور یروشلم بھی تباہ و برباد ہو چکا۔ اور کوئی حواری بھی زندہ نہیں رہا۔ اس سے تو ایک نبی کی خلاف بیانی ماننی پڑیگی نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ خدا کا سچا نبی اور خدا کا مرسل ہرگز جھوٹ نہیں بول سکتا پس انجیل کے پڑھنے والے خوب جانتے ہیں کہ مسیح تمام حواریوں کو بعد وقوعۂ صلیب ملتا رہا اور اُن کی دعوتیں کھاتا رہا۔ لہٰذا اس سے مراد صرف یہی ہے کہ میں ضرور دُکھ اُٹھانے کے بعد زندہ ہی تم سے ملونگا۔ اور تم سب موجود ہو گے +

۵۔ انجیل متی باب ۲۷ آیت ۵۲ میں جو یہ عبارت ہے اور قبریں کھل گئیں۔ اور بہت لاشیں پاک لوگوں کی جو آرام میں تھیں اُٹھیں اور اُس کے اُٹھنے کے بعد قبروں سے نکل کر اور مقدس شہر میں جا کر بہتوں کو نظر آئیں۔ یہ ایک کشف ہے جو اُس وقت سے بعض بزرگوں کو ہوا ورنہ اس کا ثبوت کرنا عیسائیوں پر سخت مشکل ہے کہ فی الحقیقت مُردے قبروں سے نکل آئے تھے کیونکہ کوئی یہودی اس امر کی شہادت نہیں دیتا اور نہ یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ کوئی یہودی اپنے بزرگوں سے جو قبروں سے نکل کر اُن کے پاس آئے تھے پوچھکر ایمان لائے ہوں۔ اور نہ یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچتا ہے کہ ان حالات کو دیکھ کر اُن کے دل نرم ہوئے ہوں اور کہ وہ انجیل کی پیروی کرنے لگے ہوں جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک کشف تھا جو بعض لوگوں کو ہوا۔ اور چونکہ کشفی زبان کے لئے علمِ ادب کی لغت کام نہیں دے سکتی۔ بلکہ اُس کے لئے ایک اور لغت ہے جو تاویل الاحادیث کے نام سے موسوم ہے جس کی حقیقت مقدس لوگ کھول سکتے ہیں جو اُس زبان سے واقف ہوتے ہیں۔ لہٰذا ہم جب اُس کی تعبیر اُس فن کی لغت سے دیکھتے ہیں جو خاص کشوف و رؤیا کے لئے ہیں تو اس کا مقصد حسب ذیل معلوم ہوتا ہے۔

مَنْ رَاٰی اَنَّ الْمَوْتٰی وَثَبُوْا مِنْ قُبُوْرِھِمْ وَرَجَعُوْا اِلٰی دُوْرِھِمْ فَاِنَّہٗ یُطْلَقُ مَنْ فِی السِّجْنِ

یعنے جو شخص دیکھے کہ مُردے قبروں سے باہر نکل آئے ہیں اور اپنے گھروں کی طرف لوٹ گئے ہیں تو اسکا مطلب یہ ہے کہ کوئی قیدی قید خانہ سے نجات پائیگا دیکھو کتاب تعطیر الانام صفحہ ۱۰۰ الف

شیخ عبدالغنی صاحب نابلسی صفحہ ۲۸۹ پس اِس کشف سے جو انجیل مذکورہ بالا میں ہے صاف ظاہر ہے کہ مسیح یہودیوں کے ہاتھ سے نجات پائیگا۔ اور صلیب پر مارا نہیں جائیگا چنانچہ ایسا ہی ہوا +

دوم۔ دوسرا راتوں رات قبر سے نکل جانا اور لاش کا قبر کے اندر نہ رہنا اس بات کی کافی دلیل ہے کہ وہ مرا نہیں تھا۔ دیکھو انجیل لوقا باب ۲۴۔ آیت ۱۔ لغایت ۳ جس میں لکھا ہے "اور وے اتوار کے دن بڑے تڑکے اُن خوشبوؤں کو جو طیار کی تھیں لیکے قبر پر آئیں۔ اور اُن کے ساتھ کئی اور بھی تھیں۔ اور اُنہوں نے پتھر کو قبر پر سے ڈھلکا یا ہوا پایا۔ اور اندر جا کے خداوند یسوع کی لاش نہ پائی۔ ایسا ہی باقی سب انجیلوں سے تصدیق ہوتی ہے +

سوم۔ تیسرا خود انجیل لوقا سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مرا ہی نہیں تھا۔ دیکھو انجیل لوقا باب ۲۴ آیت ۵ جس میں صریح لکھا ہے "جب وے ڈرتی اور سر زمین پر جھکاتی تھیں۔ اُنہوں نے اُن سے کہا تم کیوں زندہ کو مُردوں میں ڈھونڈتی ہو وہ یہاں نہیں۔ بلکہ اُٹھا" اِس آیت سے صاف صاف معلوم ہو گیا کہ اُس پر مردہ کا اطلاق ہی نہیں کیا گیا۔ اور بتایا گیا کہ وہ زندہ ہے۔ مُردوں میں سے اس کو کیوں تلاش کیا جاتا ہے اور یہ بھی بتایا گیا کہ وہ یہاں سے چلا گیا ہے +

چہارم۔ چوتھا خود مسیح کا قول تھا کہ میری حالت یونس نبی کی طرح ہوگی جس طرح وہ تین روز زندہ مچھلی کے پیٹ کے اندر رہا ایسا ہی میں بھی تین روز تک سخت مصیبت میں گرفتار رہونگا جس کی تصدیق انجیل متی باب ۱۲۔ آیت ۳۸۔ لغایت ۴۰ سے ہوتی ہے جس میں لکھا ہے "تب بعضے فقیہوں اور فریسیوں نے جواب میں کہا کہ اے اُستاد ہم تجھ سے ایک نشان دیکھا چاہتے ہیں۔ اُس نے اُنہیں جواب دیا اور کہا کہ اس زمانہ کے بد اور حرامکار لوگ نشان ڈھونڈھتے ہیں پر یونس نبی کے نشان کے سوا کوئی نشان اُنہیں دکھایا نہ جائیگا۔ کیونکہ جیسا یونس تین رات دن مچھلی کے پیٹ میں رہا۔ ویسا ہی ابن آدم تین رات دن زمین کے اندر رہیگا" اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام زندہ ہی مچھلی کے پیٹ میں گئے تھے۔ اور زندہ ہی باہر آئے۔ پھر کیونکر یہ مانا جاتا ہے کہ مسیح تین روز مر کر قبر میں رہے اور پھر زندہ ہو گئے۔ اور مزید برآں مسیح نے اپنی نبوت اور صداقت کا ایک ہی نشان ٹھیرایا تھا۔ اور وہ یہ کہ وہ بھی تین روز

کی مصیبت جھیل کر پھر بچ جائیگا۔ اگر اُس نے فی الحقیقت مرنا تھا تو وہ نشان ہی کیا ہوا۔ بلکہ یہ مسیح کے لئے عذاب ہوا۔ اور اس سے اُس کی نبوت کی تکذیب ثابت ہوتی ہے۔ جب نبی ہی نہ رہا تو نشان کیسا فائدہ دے سکتا ہے۔ یہ عجب بات ہے کہ نبی اپنی صداقت میں نشان دکھلانے کا وعدہ کرے اور نشان دکھاتے دکھاتے خود ہی مرجائے۔ کچھ قیاس میں نہیں آسکتا۔ اصل بات یہ ہے کہ وہ زندہ ہی صلیب سے اُتارا گیا۔ اور زندہ ہی قبر میں رکھا گیا۔ اور زندہ ہی نکالا گیا +

پنجم۔ انجیل متی باب ۲۳۔ آیت ۳۵۔ ۳۶ میں حضرت مسیح فرماتے ہیں "تاکہ سب راستبازوں کا خون جو زمین پر بہایا گیا تم پر آوے۔ ہابل راستباز کے خون سے برخیاہ کے بیٹے ذکریاہ کے خون تک جسے تم نے ہیکل اور قربانگاہ کے درمیان قتل کیا۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ یہ سب کچھ اس زمانہ کے لوگوں پر آویگا" +

اِن آیات سے واضح ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے صاف تحدید کردی ہے کہ یہودیوں نے جس قدر نبیوں کے خون کئے اُن کا سلسلہ ذکریاہ نبی تک ختم ہوتا ہے۔ اور اس کے بعد یہودی کسی نبی کے قتل کی طاقت و قدرت نہیں پاسکینگے۔ اس سے صفائی کے ساتھ نکلا کہ مسیح صلیب پر ہرگز قتل نہیں ہوگا اور نہ ہوا +

ششم۔ چھٹا ثبوت اُس کے زندہ رہنے کا یہ ہے کہ خدا کے فرشتہ نے خبر دی کہ وہ جلیل کی طرف جاتا ہے۔ وہاں جاکر ملو۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۸۔ ورس ۷۔ جس میں لکھا ہے "اور جلد جاکے اُس کے شاگردوں سے کہو کہ وہ مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے۔ اور دیکھو وہ تمہارے آگے جلیل کو جاتا ہے۔ وہاں تم اُسے دیکھو گے"۔ اس آیت سے صریح ثابت ہوا کہ وہ آسمان پر نہیں گیا۔ بلکہ وہ اپنے اس جسم کے ساتھ جلیل کو جاتا ہے۔ تاکہ دشمن پھر پکڑ نہ لیں۔ اور انجیل مرقس باب ۱۶۔ ورس ۷ سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے +

ہفتم۔ ساتواں ثبوت اس کی زندگی کا یہ ہے کہ وہ مریم مگدلینی اور دوسری عورتوں کو اُسی پتہ پر جو فرشتہ نے بتایا تھا۔ مسیح مل گیا۔ چنانچہ دیکھو انجیل متی باب ۲۸۔ آیت ۹۔ جہاں لکھا ہے۔ جب وے اُس کے شاگردوں کو خبر دینے جاتی تھیں۔ دیکھو یسوع اُنہیں ملا اور کہا سلام" +

ہشتم۔ آٹھویں وجہ اُس کی حیات کی یہ ہے۔ کہ برسرِ موقع قبر دو شخصوں نے اُس کو قبر سے نکلتے ہوئے اور جلیل کی طرف جاتے ہوئے دیکھا۔ دیکھو انجیل لوقا باب ۲۴ ورس ۴ جس میں لکھا ہے "اور ایسا ہی ہوا۔ کہ جب وہ حیران تھیں دیکھو دو شخص چمکتی پوشاک پہنے ہوئے اُن کے پاس کھڑے تھے۔ جب وے ڈرتی اور اپنے سر زمین پر جھکاتی تھیں۔ اُنہوں نے اُن سے کہا تم کیوں زندہ کو مُردوں میں ڈھونڈتی ہو۔ وہ یہاں نہیں ہے۔ بلکہ اُٹھا ہے" +

نہم۔ نواں یہ کہ خود مسیح نے اس جسمِ عنصری کے ساتھ مریم مگدلینی وغیرہ سے کلام کی اور کلام بھی انسانی زبان جیسے انجیل متی باب ۲۸۔ ورس ۱۰ میں ہے "تب یسوع نے اُنہیں کہا مت ڈرو۔ پر جا کے میرے بھائیوں سے کہو کہ جلیل کو جاویں وہاں مجھے دیکھینگے"۔ اور انجیل مرقس باب ۱۶ ورس ۹۔ اور انجیل یوحنا باب ۲۱ ورس ۱۶ سے بھی اِس بیان بالا کی تصدیق ہوتی ہے +

دہم۔ دسواں۔ یہ کہ پہرہ والوں نے بھی گواہی دی کہ مسیح قبر سے چلا گیا۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۸۔ ورس ۱۱ جہاں لکھا ہے "جب وے چلی جاتی تھیں۔ دیکھو پہرے والوں میں سے کتنوں نے شہر میں آکر سب کچھ جو ہوا تھا سردار کاہنوں سے بیان کیا" +

یازدہم۔ گیارھواں یہ کہ مریم مگدلینی نے حواریوں کے پاس ذکر کیا کہ مسیح زندہ ہے مرا نہیں چنانچہ انجیل مرقس باب ۱۶۔ ورس ۱۱ میں لکھا ہے "وے یہ سُنکے کہ وہ جیتا ہے۔ اور اُسے دیکھائی دیا یقین نہ لائے" +

دوازدہم۔ بارھواں یہ کہ انجیل لوقا سے ظاہر ہے کہ اُسی روز جب مسیح قبر سے نکل کر جلیل کی طرف بھاگا۔ تو دو راہگیروں سے اُس کی ملاقات ہوئی۔ چنانچہ انجیل لوقا باب ۲۴ ورس ۱۳ و ۱۴ میں ہے "اور دیکھو اُسی دن اُن میں سے دو آدمی اُس بستی کی طرف جس کا نام اماوس ہے اور جو یروشلم سے پونے چار کوس کے فاصلہ پر ہے جاتے تھے اور اُن سب باتوں کی بابت جو واقع ہوئی تھیں آپس میں بات چیت کرتے تھے۔ اور ایسا ہوا کہ جب وے بات چیت اور پوچھ پاچھ کر رہے تھے۔ یسوع آپ ہی نزدیک آکے اُن کے ساتھ ہو لیا +

سیزدہم۔ تیرھواں۔ یہ کہ اُس دن اتوار کے روز شام کے وقت اپنے سارے شاگردوں سے ملا۔ دیکھو انجیل یوحنا باب ۲۰۔ ورس ۱۹ جس میں لکھا ہے "پھر اُسی دن جو ہفتہ کا پہلا دن تھا شام کے وقت جب اُس جگہ کے دروازہ جہاں سب شاگرد جمع ہوئے تھے یہودیوں

کے ڈر سے بند تھے۔ یسوع آیا اور بیچ میں کھڑا ہوا۔ اور اُنہیں کہا تم پر سلام"۔

چہار دہم۔ چودھواں۔ یہ کہ قلبوس نامی نے عورتوں کی زبانی معلوم کیا کہ مسیح زندہ ہی چنانچہ انجیل لوقا باب ۲۴۔ ورس ۲۲ و ۲۳ میں یوں لکھا ہے۔ اور ہم میں سے کئی عورتوں نے بھی ہم کو گھبرا رکھا ہے کہ تڑکے اُس کی قبر پر گئیں۔ اور اُس کی لاش کو نہ پاکر آئیں۔ اور بولیں کہ ہم نے فرشتوں کی رویت دیکھی۔ جنہوں نے کہا کہ وہ زندہ ہے"۔

پانزدہم۔ پندرھواں۔ یہ کہ یسوع نے روٹی کھائی۔ اگر وہ مع الجسد عنصری نہیں تھا۔ بلکہ صرف روح تھی تو روٹی کھانا کیا معنے۔ دیکھو انجیل لوقا باب ۲۴۔ ورس ۴۰ جس میں لکھا ہے"۔ اور ایسا ہوا کہ جب وہ اُن کے ساتھ کھانے بیٹھا تھا۔ روٹی لیکر اُسے متبرک کیا"

شانزدہم۔ سولھواں۔ یہ کہ مسیح نے خود اپنے سارے حواریوں کے ساتھ اقرار کیا کہ میں روح نہیں بلکہ میں تمہارا اُستاد ہوں۔ اور اپنے زخم اور جسم دکھا کر کہا دیکھو کبھی روح میں ہڈی اور جسم بھی ہوتا ہے۔ دیکھو انجیل لوقا باب ۲۴۔ ورس ۳۶ لغایت ۴۰۔ جن میں لکھا ہے"۔ اور وے یہ باتیں کہہ رہے تھے کہ یسوع آپ اُن کے بیچ میں کھڑا ہوا۔ اور اُن سے کہا تمہیں سلام۔ پھر اُنہوں نے گھبرا کے اور ڈر کے خیال کیا کہ کسی روح کو دیکھتے ہیں۔ مگر اُس نے اُن سے کہا کہ تم کیوں گھبراہٹ میں ہو۔ اور کاہیکو تمہارے دلوں میں اندیشہ پیدا ہوتا ہے۔ میرے ہاتھ پاؤں کو دیکھو کہ میں ہی ہوں اور مجھے چھوؤ اور دیکھو۔ کیونکہ روح کو جسم اور ہڈی نہیں جیسے مجھ میں دیکھتے ہو۔ اور یہ کہکے اُنہیں اپنے ہاتھ پاؤں دکھلائے"۔ اس بیان سے صاف ظاہر ہے کہ حواریوں کو بوجہ واقعہ صلیب مسیح علیہ السلام کی موت کا ظن غالب تھا اور اسی واسطے جب مسیح اُن کے سامنے آیا تو گمان کر لیا کہ یہ مسیح نہیں کوئی روح ہے مگر مسیح علیہ السلام نے اُن کو یقین دلا دیا کہ وہ ہرگز صلیب پر نہیں مرے تھے۔ ہاں صلیب پر چڑھائے گئے اور زخم کھائے۔ جو اُس نے شاگردوں کو دکھلائے اور وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ کی پوری تصدیق ہوگئی۔ کیونکہ وہ شبیہ بالمقتول و مصلوب ہوئے تھے

ہفتدہم۔ سترھواں۔ یہ کہ اُن کے اور شکوک رفع کرنے کے لئے خود مسیح نے کھانے کی چیز اُن سے طلب کی اور اُنہوں نے مچھلی بھونکر دی۔ جو مسیح نے اُن کے سامنے کھائی۔ دیکھو انجیل لوقا باب ۲۴۔ ورس ۴۱ لغایت ۴۳۔ جن میں لکھا ہے"۔ اور جب

دے مارے خوشی کے اعتبار نہیں کرتے تھے۔ اور متعجب تھے۔ اُس نے اُن سے کہا کہ کیا یہاں تمہارے پاس کچھ کھانے کو ہے۔ تب اُنہوں نے بھونی ہوئی مچھلی کا ایک ٹکڑا اور شہد کا ایک چھتا اُس کو دیا۔ اُس نے لیکے اُن کے سامنے کھایا۔" اور انجیل یوحنا باب ۲۱۔ درس ۱۳ سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے +

ہژدہم۔ اٹھارھواں۔ یہ کہ تھوما جو ایک حواری تھا وہ دوسرے حواریوں کی شہادت پر کہ مسیح زندہ ہے یقین نہیں لاتا تھا۔ اور کہتا تھا کہ جب تک میں آنکھوں سے کیلوں کے نشان دیکھ نہ لوں کبھی بھی تسلیم نہیں کرونگا۔ چنانچہ انجیل یوحنا باب ۲۰۔ درس ۲۶ لغایت ۲۷ میں لکھا ہے۔" آٹھ روز کے بعد جب اُس کے شاگرد پھر مکان کے اندر تھے۔ اور تھوما اُن کے ساتھ تھا تو دروازہ بند ہوتے ہوئے یسوع آیا۔ اور بیچ میں کھڑا ہو کے بولا تم پر سلام پھر اُس نے تھوما کو کہا کہ اپنی انگلی پاس لا اور میرے ہاتھوں کو دیکھ اور اپنا ہاتھ پاس لا۔ اور اُسے میرے پہلو میں ڈال اور بے ایمان مت ہو۔" اِس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت مسیح نے تھوما کو اس بات پر کہ وہ مسیح کو مقتول بالصلیب سمجھتا تھا کہا کہ دیکھ میں تو نہیں مرا پھر تو کیوں بے ایمان ہوتا ہے اور مجھے مقتول بالصلیب کیوں مانتا ہے +

نوزدہم۔ اُنیسواں۔ یہ کہ پھر اُس کے بعد یسوع کو اُس کے شاگردوں نے دریائے تبریاس کے کنارے پر دیکھا جبکہ وہ مچھلیاں پکڑ رہے تھے۔ دیکھو۔ انجیل یوحنا باب ۲۱۔ درس ۴ و ۵ جن میں لکھا ہے۔" اور جب صبح ہوئی تو یسوع کنارے پر کھڑا تھا۔ لیکن شاگردوں نے نہ مانا کہ وہ یسوع ہے۔ تب یسوع نے اُنہیں کہا کہ اے لڑکو تمہارے پاس کچھ کھانیکو ہے +

بستم۔ بیسواں۔ یہ کہ توریت میں پیشگوئی کی گئی تھی کہ یسوع صلیب پر نہیں مریگا۔ جس کی تصدیق پہلے باب ۳ درس ۲۲ سے ہوتی ہے۔" اور اُس کی بقائے عمر کی جو بات ہے سو کون سفر کرے جائیگا۔ کیونکہ وہ قبائل کی سرزمین (یعنے ارض مقدسہ) سے علیحدہ کیا گیا ہے۔" اس آیت سے دو باتیں نکلتی ہیں ایک تو یہ کہ وہ صلیب سے بچ جائیگا اور دوم یہ کہ وہ باقیماندہ عمر اُس ملک میں سفر نہیں کریگا بلکہ ایک دور دراز ملک میں جہاں سفر کئے بغیر اُس کا ملنا مشکل ہوگا +

بست ویکم۔ اکیسواں۔ یہ کہ مسیح صاحبِ اولاد ہوگا جس کی تصدیق توریت سے یوں ہوتی ہے جبکہ تو گناہ کے بدلے میں اُسکی جان کو دیگا (تو وہ بچ جائیگا) اور صاحبِ اولاد ہوگا۔ اُس کی

عمر لمبی کیجائیگی۔ وہ اپنی جان کی بہت سخت تکلیف دیکھیگا۔ دیکھو کتاب یسعیاہ باب ۵۳ درس ۱۔ جس سے صاف ظاہر ہے کہ کسی لغزش کی وجہ سے مسیح پر ایک گناہ وارد آئیگا بمطوق آتما اصابکم من مصیبۃ فبما کسبت ایدیکم مگر وہ بفضل خدا اُس مصیبت سے بچ جائیگا اور اس کی عمر دراز ہو جائیگی لیکن دوم یسعیاہ باب ۵۱ درس ۱۵ میں جو کچھ پایا ہوا بند ہوا یہاں سے آزاد کیا جائیگا۔ وہ غار میں نہ مریگا اور اسکی روٹی کم نہ ہوگی۔ چنانچہ احادیث ذیل سے ظاہر ہے کہ اس واقعہ صلیب کے بعد ۸۰ برس اور زندہ رہا۔ اور صاحب اولاد بھی ہوا چنانچہ افغانستان میں ابتک عیسیٰ خیل قوم موجود ہے۔

صلیب سے بچ جانیکا ثبوت آحادیث سے

علاوہ ثبوت انجیل احادیث سے بھی ثابت ہے۔ کہ مسیح علیہ السلام صلیب پر فوت نہیں ہوئے چنانچہ احادیث ذیل سے واضح ہے +

(۱) مَا تَوَفَّى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِيًّا قَطُّ حَتّٰى يَكُوْنَ يُقْبَضُ رُوْحُهٗ اِلَّا دُفِنَ حَيْثُ يُقْبَضُ رُوْحُهٗ رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْ مَلِيْكَةَ مُرْسَلًا

ابن سعد نے ابی ملیکہ سے مرسلا روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جب کسی نبی کو وفات دی تو وہ اُس جگہ دفن کیا گیا جہاں اُس کی روح قبض کی گئی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹ +

(۲) مَا قَبَضَ اللّٰهُ تَعَالٰى نَبِيًّا اِلَّا فِيْ مَوْضِعِ الَّذِيْ يُحِبُّ اَنْ يُّدْفَنَ فِيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ

ترمذی نے حضرت ابوبکر سے روایت کی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو قبض نہیں کیا مگر اُسی جگہ میں جہاں وہ دفن ہونا پسند کرتا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹ +

(۳) لَمْ يُقْبَرْ نَبِيًّا اِلَّا حَيْثُ يَمُوْتُ رَوَاهُ اَحْمَدُ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ

احمد بن حنبل حضرت ابوبکر سے روایت بیان کرتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا کہ کسی نبی کی قبر بجز اُس جگہ کے جہاں وہ فوت ہوا اور کہیں نہیں بنائی گئی۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹ +

اِن تمام احادیث سے واضح ہے کہ ہر نبی کی قبر اُسی جگہ بنائی جاتی ہے جہاں وہ فوت ہوتا ہے لیکن ظاہر ہے کہ حضرت مسیح اگر صلیب پر مر گئے تھے۔ تو اُن کی قبر اُسی صلیب کی جگہ بنائی جاتی لیکن انجیل و تواریخ کے واقعہ سے ظاہر ہے کہ اُسی جگہ اُن کی قبر نہیں بنائی گئی۔ بلکہ ایک اور جگہ پر پہلے ہی سے قبر موجود تھی قبر نہیں بلکہ ایک کھوہ پہاڑی میں تھی جو یوسف ارمتیا کے باغ کے اندر ایک چٹان

سے تھی جیسا کہ کتاب کروسی فکشن سے ظاہر ہے دیکھو کتاب مذکور جہاں وہ صرف چند گھنٹہ رکھے گئے تھے۔ جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مسیح صلیب پر مرے نہیں تھے بلکہ زندہ اُتارے گئے اور زندہ ہی قبر میں رکھے گئے جہاں وہ بچکر دوسرے ممالک میں چلے گئے +

علامہ ابوالعباس احمد بن یوسف دمشقی اپنی تاریخ اخبار الدول میں لکھتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے اپنی والدہ کی تجہیز و تکفین خود کی تھی۔ چنانچہ وہ عبارت حسب ذیل ہے +

وَ ذَکَرَ اَبُو اللَّیْثِ ثُمَّ قَنْدِیُّ فِیْ تَنْبِیْہِ الْغَافِلِیْنَ اَنَّ مَرْیَمَ مَاتَتْ قَبْلَ اَنْ یُّرْفَعَ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ اَنَّ عِیْسٰی تَوَلّٰی دَفْنَھَا بِنَفْسِہٖ یعنے ابواللیث ثم قندی نے تنبیہ الغافلین نام کتاب میں ذکر کیا ہے کہ مریم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع کے پہلے فوت ہوئیں۔ اور خود عیسےٰ علیہ السلام نے اُن کو دفن کیا۔ اب ظاہر ہے کہ اس امر پر یہود و نصاریٰ و اہل اسلام کا اتفاق ہے کہ واقعہ صلیب کے بعد حضرت مریم مدت تک زندہ رہیں۔ یعنے کامل سات سال تک۔ اور جب خود مسیح علیہ السلام نے اُن کی تجہیز و تکفین کی تو بوقت صلیب نہ صلیب پر مرے اور نہ آسمان پر گئے۔ دیکھو تاریخ مذکور جلد اول صفحہ ۱۶۰ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مریم واقعہ صلیب کے بعد حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے ساتھ ممالک مشرقیہ میں آئیں۔ کیونکہ اُن کی قبر بھی ارض مقدسہ میں نہیں بلکہ اس خیال سے بعض فرقہ عیسایان کہتے ہیں کہ مریم بھی آسمان پر زندہ چلی گئیں۔ سچ ہے کہ جو شخص اُن کی نظروں سے غائب ہوا تو اُنہوں نے سب سے آسان یہ بات نکال لی کہ جب قبر کا وجود نہیں تو پھر تو آسمان پر ہی چلی گئی ہونگی۔ مگر ان نادانوں کو معلوم نہیں تھا کہ ایسی بات کب تک مخفی رہ سکتی ہے۔ حضرت مریم کی قبر ابتک کاشغر میں موجود ہے جسکو شک ہو جاکر دیکھ لے +

اس شک کی تردید کے وجوہات کہ لاشِ مصلوب کسی دوسرے شخص کی تھی

اگر یہاں پر کوئی یہ اعتراض کرے کہ وہ قبر جو یوسف آرمیتا نے بظاہر مسیح کی لاش سمجھکر تجہیز کی تھی۔ وہ اصل میں مسیح کی لاش نہ تھی۔ بلکہ ایک دوسرے شخص کی لاش تھی۔ جو مسیح کی صورت

میں بدل گیا تھا بوجوہات ذیل درست نہیں +

(۱) اگر وہ مسیح نہیں تھا۔ بلکہ کوئی دوسرا شخص تھا تو پھر ایک امیر یوسف آرمیتا جو ایک دور دراز مقام سے آیا تھا۔ اور ایک بڑا مالدار آدمی تھا۔ کیوں اتنی تکلیف گوارا کرتا +

(۲) پھر مریم مگدلینی وغیرہ عورات جو مسیح کی وفات کی خبر سُنکر اُن کی لاش دیکھنے کے لئے آئی تھیں کیوں روتی تھیں +

(۳) اگر وہ مسیح نہیں تھا تو کیوں اپنے شاگردوں کو میخوں کے زخم دکھلائے +

(۴) اگر وہ مسیح نہیں تھا بلکہ دوسرا شخص تھا تو کیوں حاضرین کے سامنے صلیب پر چڑھنے والے شخص نے اصل حقیقت کا انکشاف نہ کیا۔ کیونکہ اگر وہ مسیح کا خیر خواہ اور حواری بھی تھا تو اُس کو اب کیا غم تھا۔ جبکہ وہ دیکھ چکا تھا کہ مسیح تو آسمان پر اُس کی آنکھوں کے سامنے اُڑ گیا۔ اور اگر وہ دشمن تھا۔ تو بھی اپنی بریت کے لئے فطرتاً چیختا اور چلاتا اور دوہائی دیتا کہ میں یسوع نہیں ہوں دیکھو وہ تو چھت پھاڑ کر آسمان پر چلا گیا۔ میں تو فلاں شخص ہوں۔ مگر اُس نے ہرگز اس بات کا اظہار تک نہیں کیا +

(۵) سب سے بڑھ کر یہ بات قابل غور ہے کہ جب وہ صلیب پر کھینچا گیا تو کیوں یہودیوں نے کہا کہ اگر تو یہودیوں کا بادشاہ ہے۔ تو تو ہمارے سامنے اُتر کر آجا اور اس طرح ہم کو معجزہ دکھلا۔ اور اگر یہ خیال ہو کہ یہودیوں کو دھوکا لگا وہ دوسرا شخص تھا۔ مسیح نہیں تھا۔ تو پھر اُس وقت اُس شخص کو کیا عذر تھا کہ نہ کہا کہ بھائیو میں تو مسیح نہیں ہوں کیونکہ مسیح تو اپنا معجزہ دکھلا کر آسمان پر چلا گیا۔ اور تم ایک ایسے شخص کو جو بالکل بے قصور ہے صلیب دے رہے ہو +

کتب انگریزی وغیرہ سے اس امر کا ثبوت کہ مسیح صلیب پر نہیں مرا بلکہ زندہ بچ گیا

ہم یہاں پر انگریزی وغیرہ کتابوں سے ثبوت دیتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام صلیب پر ہرگز نہیں مرے تھے بلکہ خدا تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اُن کو بچا لیا تھا۔ چنانچہ کتب ذیل سے اس کی تصدیق ہوتی ہے +

(۱) کتاب سوپرنیچرل ریلیجن کے صفحہ ۵۲۲ میں۔ جو انگریزی میں ہے یوں لکھا ہے :۔
پہلی تفسیر جو بعض لایق محققین نے کی ہے وہ یہ ہے کہ یسوع دراصل صلیب پر نہیں مرا بلکہ صلیب سے زندہ اُتارا گیا اور اُسکو اپنے دوستوں کے حوالہ کیا گیا۔ اور وہ آخر بچ نکلا۔ اسی عقیدہ کی تائید میں یہ دلائل ہیں کہ اناجیل کے بیان کے مطابق یسوع تین یا چھ گھنٹہ بعد فوت ہوگیا تھا۔ لیکن صلیب پر ایسی جلدی کی موت کبھی پہلے واقع نہیں ہوئی تھی۔ یہ بھی تسلیم کیا جاتا ہے۔ کہ صرف اُن کے ہاتھوں پر میخیں گاڑی گئیں تھیں اور پاؤں پر میخیں نہیں لگائی گئی تھیں۔ پس ظاہرا موت جو واقع ہوئی وہ ایک سخت بیہوشی تھی۔ جو کہ چھ گھنٹہ کے جسمانی اور دماغی صدموں کے بعد اُس کے جسم پر پڑی کیونکہ گذشتہ شب بھی متواتر تکلیف اور تھکاوٹ میں گذری تھی۔ جب اُسے کافی صحت پھر حاصل ہوگئی تو اپنے حواریوں کو پھر یقین دلانے کیواسطے کئی دفعہ ملا۔ لیکن یہودیوں کے سبب نہایت احتیاط کی جاتی تھی حواریوں نے اُس وقت یہ سمجھا کہ یہ مرکر زندہ ہوا ہے اور چونکہ موت کیسی بیہوشی تک پہنچکر وہ پھر بحال ہوا۔ اسواسطے ممکن ہے کہ اُس نے آپ بھی دراصل یہی سمجھا ہو کہ میں مرکر پھر زندہ ہوا ہوں اب جب اُستاد نے دیکھا کہ اس موت نے میرے کام کی تکمیل کردی ہے تو وہ پھر کسی ناقابل حصول اور نامعلوم تنہائی کی جگہ میں چلا گیا۔ اور مفقود الخبر ہوگیا۔ دیکھو کتاب مذکور +

(۲) اُسی کتاب میں ایک اور شخص گفرورر کا بیان ہے۔ جو حسب ذیل ہے :۔
گفرورر جس نے سینٹ وُڈ کے اس مسئلہ کی نہایت قابلیت کے ساتھ تائید کی ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ یہود کے حکام کے درمیان یسوع کے مرید تھے۔ جو اُس کو علانیہ مخالفت سے تو بچا نہیں سکتے تھے تاہم اُن کو امید تھی کہ ہم اس کو مرنے سے بچا لینگے۔ یوسف ایک دولتمند آدمی تھا اور اُسے مسیح کے بچانے کے وسائل بھی مل گئے تھے۔ نئی قبر بھی اس مقام صلیب کے قریب ہی اُس نے طیار کرائی تھی۔ اور مسیح کے جسم کو بھی پلاطوس سے مانگ لیا تھا +

(۳) کتاب ماڈرن ڈوٹ اینڈ کرسچن بیلیف کے صفحہ ۴۴۵-۴۵۰ پر انگریزی میں یوں لکھا ہے۔ جسکا ترجمہ حسب ذیل ہے :۔
شلیرمیچر اور نیز قدیم محققین کا یہ مذہب تھا کہ یسوع صلیب پر نہیں مرا۔ بلکہ اُس پر ایک ظاہرا موت کی سی حالت ہوگئی تھی اور قبر سے نکلنے کے بعد کچھ مدت تک اپنے حواریوں کے ساتھ پھرتا

رہا۔ اور پھر دوسری یعنے اصلی موت کے واسطے کسی علیحدگی کے مقام کی طرف روانہ ہو گیا دیکھو کتاب
(۴۷) ڈی ایف سٹراس صاحب کی نیو لائف آف جیزز جلد ۱ صفحہ ۴۱۰ میں یوں لکھا ہے۔
جس کا ترجمہ حسب ذیل ہے +

اگرچہ صلیب کے وقت ہاتھوں اور پاؤں دونوں پر میخیں ماری جائیں تو پھر بھی بہت تھوڑا
خون انسان کے بدن سے نکلتا ہے۔ اسواسطے صلیب پر لوگ رفتہ رفتہ اعضاء پر زور پڑنے
کے سبب تشنج میں گرفتار ہو کر یا بھوک سے تنگ آکر مر جاتے ہیں۔ پس اگر فرض بھی کر لیا جائے
کہ قریب ۶ گھنٹہ صلیب پر رہنے کے بعد یسوع جب اتارا گیا تو وہ مرا ہوا تھا۔ تب بھی نہایت ہی اغلب
بات یہ ہے کہ وہ صرف ایک موت کی سی بیہوشی تھی۔ اور جب شفا دینے والی مرہمیں اور نہایت
ہی خوشبودار دوائیں اُس پر ملکر اُسے غار کی ٹھنڈی جگہ میں رکھا گیا تو اُس کی بیہوشی دُور ہوئی
(۵) کروسی فکشن نام کتاب میں جو ۱۹۰۰ء میں امریکہ کے شہر شکاگو میں منجانب انڈو امریکن بک
کمپنی طبع ہوئی ہے اور جو دوسرا ایڈیشن ہے اور وہ اصل میں ایک چٹھی ہے جو مسیح علیہ السلام کے
ایک دوست ڈیمیٹرس نے ایک اسیریہ قوم کے ایک دوست کے نام جو اُس وقت سکندریہ میں رہتا تھا۔ مسیح
علیہ السلام کے واقعہ صلیب کے چشم دید حالات یوں لکھے ہیں +

کہ تم نے بہت سی ہوا ہیں مسیح علیہ السلام کی نسبت سُنی ہونگی مگر چونکہ اُن لوگوں کو اصل حالات
سے محض بے خبری ہے اِس لئے میں آپ کو صحیح صحیح حالات لکھتا ہوں۔ کیونکہ کل حالات میرے
سامنے واقع ہوئے اور جو کچھ میں لکھ رہا ہوں یہ سب میرا چشم دید ہے دیکھو صفحہ ۳۹ پھر صفحہ
۵۰ پر لکھا ہے کہ جب اُن عذابوں اور دُکھوں کا نقشہ میرے سامنے آتا ہے تو میرے دل کا زخم
از سرِ نو تازہ ہو جاتا ہے اور میری آنکھوں سے بے اختیار آنسو کا دریا اُمنڈ آتا ہے اور اسوقت
بھی میرا یہی حال ہے۔ مسیح خدا کا فرستادہ اور ہم سب کا محبوب تھا اور مسیح پر تعلیم الٰہی اور
کائنات اور اُس کے عناصر کا علم بذریعہ وحی نازل ہوتا تھا +

میرے بھائیو جو کچھ کہ یروشلم میں آج سے سات سال پیشتر واقع ہوا میں نے اپنی آنکھوں
سے دیکھا مگر میں نے اُس کو ابتک اسواسطے مخفی رکھا کہ یہودی سخت مخالفت پر تلے ہوئے تھے
پھر صفحہ ۵۶ و ۵۷ پر لکھا ہے کہ گو ہماری جماعت اس قابل تھی کہ ہم ہر طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام
کو برملا اُنکے دشمنوں سے بچا لیتے اور اُن کو کوئی تکلیف اُٹھانے نہ دیتے اگر جلدی سے کارروائی وقوع میں آتی

ذف لہ یہ کتاب دفتر ہذا انجمن سے لغایت ہے فی تنخول سکتی ہے +

اور اگر ہماری کمیٹی کے قواعد ہمیں نہ روکتے۔ مگر پھر بھی ہم نے مخفی طور سے اُس کو بچا لیا۔ ہمیں کوئی شک نہیں کہ مسیح نے اپنی دینی خدمات اور تبلیغ کو نہایت صدق اور استقلال سے بجا لاکر اپنی جانِ عزیز کو خطرے میں ڈال دیا تھا اور شہادت کا پیالہ پینے کے لئے ایک دم کے لئے بھی دریغ نہیں کیا تھا اور اس کارروائی سے اُس نے ثابت کر دیا تھا کہ اُس کو خدا کی عظمت خدا کے جلال کے ظاہر کرنے کے لئے اپنی جان قربان کر دینا ہرگز دریغ نہیں تھا +

پھر صفحہ ۵۸ پر لکھا ہے کہ وہ جلوس جس میں مسیح علیہ السلام اور دو چور بھی شامل تھے اُس دروازہ میں سے گذرا جو اُس وادی کی جانب ہے جو یروشلم سے گلگتہ کے مابین واقع ہے جہاں صلیب لگائی گئی تھی +

جب مسیح علیہ السلام صلیب کی تکلیف اور زخموں کے درد سے جو کوڑوں کی ضرب سے تھا اور جن سے خون بہ رہا تھا آدھ موا ہو رہا تھا اور عورتیں اُس دردناک منظر کو دیکھکر زور سے ڈاہیں مار کر روتی تھیں +

جب جلوس خشک پہاڑ میں جسکو گلیون کہتے ہیں اور جہاں سبزی اور درختوں کا نام و نشان نہیں جسکو موت کی گھاٹی کہہ سکتے ہیں پہنچے تو ضعف کے مارے حضرت مسیح علیہ السلام زمین پر گر پڑے دیکھو صفحہ مذکورہ بالا +

اِس دوران میں رومی سپاہی صلیب کے تیار کرنے میں مصروف ہوئے اور اُس کی حالتِ زار پر اُنہوں نے رحم کھا کر ایک شربت تیار کیا تاکہ صلیب پر چڑھانے سے پیشتر وہ بیہوش ہو جاوے یہ شربت ترش شراب اور چوب کرم کی آمیزش سے تیار ہوا تھا جس کو وہ ٹوسکہ کہتے ہیں مگر مسیح علیہ السلام نے بدیں خیال پینے سے انکار کر دیا کہ میں خدا کے حضور شرابی بنکر نہیں جانا چاہتا +

پھر صفحہ ۵۹ میں لکھا ہے مسیح کے کپڑے پھاڑ ڈالے گئے اور وہ لباس پہنایا گیا جو صلیب کے وقت پہنایا جاتا ہے۔ اور مسیح کی صلیب دو چوروں کے درمیان کھڑی کی گئی +

صفحہ ۶۰ پر لکھا ہے کہ مسیح کو اُٹھا کر اول اُس چھوٹی سی ٹیک پر جو سہارے کے لئے لگائی جاتی ہے بٹھایا پھر اُس کے بازوؤں کو مضبوط رسی سے اس زور سے باندھا کہ دورانِ خون رک گیا اور تنفس میں تنگی ہو گئی۔ اسی طرح اُنہوں نے اُن کے پاؤں کو بھی زور سے باندھ دیا۔ بعد ازاں اُن کے ہاتھوں میں حسب معمول میخیں گاڑ دیں لیکن اُن کے پاؤں میں میخیں نہیں لگائیں

تھیں اور دھوپ میں جو اُس روز نہایت ہی سخت تھی بھوکا پیاسا لٹکا دیا گیا اور سپاہی اُن کے کپڑے اُٹھا کر لے گئے +

صفحہ ۶۱ پر لکھا ہے۔ جب سہ پہر کو سورج ٹھنڈا ہو گیا تو لوگوں کے گروہ کے گروہ شہر سے آنے گئے اور اُن میں کئی ایک یہودی علماء بھی تھے جو اپنے گنہگار قیدی کو اس طرح لٹکا ہوا دیکھ کر خوب گھور کر اور آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھتے تھے۔ اور اُس کی تکلیف اور درد پر اُس سے ٹھٹھے اور تمسخر کرتے تھے۔ مگر مسیح علیہ السلام اُن کے اس تمسخر اور دل آزاری پر زبان سے کچھ نہیں کہتے تھے بلکہ خاموش آسمان کی طرف دیکھتے رہے اور صبر کے ساتھ سب کچھ برداشت کرتے رہے۔ جو عورتیں گلیل سے آئی ہوئی تھیں وہ کچھ فاصلہ پر کھڑی اس جان گداز منظر پر پیچ و تاب کھاتی اور اُن کی اس بوقت موت پر سخت تاسف کرتی تھیں +

ناگہاں سواروں کی ایک جماعت آئی جن میں ایک سوار سردار کاہن کائیفس نامی تھا جو معہ اپنے نوکروں کے وہاں آ کر خدا کے مصلوب فرزند پر تفرین اور تمسخر کرنے لگا اور غمزدوں کی دردناک آوازیں بند ہو گئیں۔ اور مصلوب چوروں میں سے ایک چور بھی اُن کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر تمسخر کرنے لگا کیونکہ اول اُس کو امید تھی کہ مسیح اپنے معجزہ سے اُنکو بھی بچائیگا بعد ازاں رومی سپاہیوں نے ایک تختی صلیب پر لگا دی جس پر لکھا ہوا تھا یہودیوں کا بادشاہ۔ پھر صفحہ ۶۲ پر لکھا ہے۔ حضرت مسیح نے رونے چلانے والی عورتوں میں سے جو گلیل سے آئی تھیں اپنی ماں کو پہچان لیا جو یوحنا (حضرت یحییٰ) کے پاس کھڑی تھیں اور بڑی درد اور دُکھ کی حالت میں چلا کر بائیسویں زبور پڑھکر دعا مانگتی تھیں کہ اے خدا مجھے ان مصائب سے نجات بخش +

صفحہ ۶۳ پر لکھا ہے جوں ہی شام قریب ہوئی زمین شدید زلزلہ سے ہلنے لگی اور رومی سنتری اس قدر مرعوب اور مخوف ہوا کہ وہ اپنے دیوتاؤں کو پکارنے لگا اور اُس کو اس وقت یقین ہو گیا تھا کہ مسیح دیوتاؤں کا پیارا تھا۔ بہت سے لوگ ڈر کے مارے وہاں سے بھاگ کر یروشلم کو چلے گئے۔ پھر صفحہ ۶۴ پر ہے سنتری ایک شریف اور رحمدل آدمی تھا اُس نے یوحنا کو اجازت دی کہ مسیح کی والدہ کو صلیب کے پاس لائیں +

حضرت مسیح پیاس کے مارے ماندہ ہو گئے تھے اُن کے لب خشک ہو گئے تھے اور بازو

سخت درد کرتے تھے۔ ایک سپاہی نے سپنج سرکہ میں بھگو کر اُن کے منہ تک پہنچایا اور اس طرح اُن کی پیاس کو بجھایا۔ حضرت عیسےٰ نے یوحنا کو تاکید فرمائی کہ میری والدہ ماجدہ کی نگرانی اور خبر گیری کرتے رہیں۔ اُسوقت اندھیرا ہو رہا تھا اور بحر مردار سے سرخ رنگ کا کہر اُٹھتا ہوا دکھلائی دیتا تھا اور تمام آس پاس کے پہاڑ زلزلہ سے ہل رہے تھے حضرت مسیح کا سر اُنکی چھاتی پر جھک کر لگ گیا تھا +

صفحہ ۶۵ پر ہے اگرچہ ہمارے تمام بھائی ایک راز کی وجہ سے اس امر کو افشا نہیں کر سکتے مگر سب کو معلوم ہے کہ جو جو خارق عادات وقوعات بموقع صلیب ظہور میں آئے وہ کیسے ہمارے ازدیادِ ایمان کا باعث ہوئے +

پھر صفحہ ۶۶ پر لکھا ہے کہ اگرچہ ہماری جماعت بوجہ اپنے قواعد وضوابط کے علانیہ پولیٹیکل امورات میں دخل نہیں دے سکتی تھی مگر پھر بھی دو ہمارے بھائی بہت با اثر اور تجربہ کار آدمی تھے جنہوں نے پلاطوس (حاکم وقت) اور یہودی کونسل پر اپنا اثر پیدا کر لیا تھا اور امید تھی کہ مسیح پر یہ سانحہ جانکاہ نہ ہونے پائیگا مگر اُن کی ساری کوشش رائیگاں گئی جبکہ مسیح علیہا السلام نے فرمادیا کہ مجھے خدا کی راہ میں اُس کے دین کے لئے موت قبول ہے۔ تاکہ نوشتہ پورا ہو +

ایک شخص یوسف آرمیتا کا رہنے والا ایک بڑا دولتمند اور ممبر کونسل تھا اور وہ لوگوں میں بڑی عزت کے ساتھ دیکھا جاتا تھا اور وہ بڑا ہوشیار آدمی تھا۔ وہ علانیہ تو نہیں درپردہ ہماری جماعت سے تعلق رکھتا تھا اُس کا ایک دوست نکوڈیمس نامی ایک بڑا عالم آدمی تھا جسکو ہمارے سلسلہ سے اعلیٰ درجہ کا تعلق تھا اور بڑا پیوٹ کے رازوں سے واقف تھا +

صفحہ ۶۷ پر لکھا ہے۔ جب عام طور سے مشہور ہو گیا کہ مسیح مر گیا۔ یوسف اور نکوڈیمس دونوں صلیب کے موقع پر آئے اور مسیح کی لاش کو خوب غور سے ملاحظہ کیا۔ نکوڈیمس نے یوسف کو الگ لیجا کر کہا کہ جس قدر مجھے علوم قانونِ قدرت سے آگاہی ہے اُن کے رو سے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ مسیح مرا نہیں ہے اور ہم اُس کو بچا سکتے ہیں مگر یہ ایک راز ہے جو کسی پر افشا نہ ہونے پائے +

صفحہ ۶۸ پر ہے نکوڈیمس۔ یوسف کو کہکر چلا گیا کہ میں پلاطوس کے پاس جاتا ہوں اور مجھے کہا

کہ آپ خبردار ہو کر یہاں رہیں اور خیال رکھیں کہ ہڈیاں کوئی توڑنے نہ پاوے +
چونکہ رات کو کوئی لاش صلیب پر نہیں رہ سکتی تھی کیونکہ دوسری صبح کو سبت تھا اس لئے یہودی کونسل نے پلاطوس سے حکم حاصل کیا تھا کہ سپاہیوں کو ہدایت کی جاوے کہ وہ مصلوبوں کی ہڈیاں توڑ دیں پھر اُن کو دفن کر دیں +

غرض یوسف اور نکوڈیمس اپنے اپنے کام میں لگ گئے اور یوسف سیدھا پلاطوس کے پاس گیا۔ کیونکہ وہ اکثر لاشوں کو اُن کے دوستوں کے پاس فروخت کر دیتا تھا تاکہ متوفی کے دوست ہی اُس کو دفن کر دیں۔ میں نے سنتری کو کہا کہ مسیح کی ہڈیاں نہ توڑی جائیں کیونکہ یہ معمولی انسان نہیں اور چونکہ وہ رحمدل بھی تھا اس واسطے اُس نے سپاہیوں کو کہا کہ اس شخص کی ہڈیاں نہ توڑیں کیونکہ یہ مر چکا ہے اور دوسرے دونوں چوروں کی ہڈیاں میرے سامنے توڑی گئیں +

ایک سپاہی نے مسیح کی پسلی میں بھالا چبھو دیا جس سے خون اور پانی نکلا جس پر یوحنا (یحییٰ) جن کا خیال غالب تھا کہ مسیح مر چکا ہے دیکھکر متعجب ہوا اور خود مجھے بھی مسیح کے زندہ ہونے کی امید بندھ گئی۔ کیونکہ مُردہ کے جسم سے سوائے چند قطرات غلیظ خون کے کچھ نہیں نکلتا مگر اس کے جسم سے تو خون اور پانی نکلا +

اتنے میں یوسف اور نکوڈیمس حکم لیکر آ گئے کیونکہ پلاطوس نے بلا معاوضہ لاش یوسف کے سپرد کر دی تھی کیونکہ پلاطوس یوسف کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔ نکوڈیمس تو زخم سے پانی اور خون بہتے دیکھ کر بڑا خوش ہوا کہ حالت اچھی ہے۔ اور آہستہ سے کہا کہ دوستو خوش ہو مسیح مرا نہیں زندہ ہے اور میں اب اُس کے لئے تدبیر کرتا ہوں وہ صرف کمزوری کی وجہ سے بیہوش ہے +

راقم خط لکھتا ہے کہ میں اُس وقت جبکہ یوسف پلاطوس کے پاس گیا ہوا تھا اپنی بستی میں جو قریب تھی دوڑ کر گیا اور وہ بُوٹیاں جو ایسے حالات میں کام آسکتی ہیں لایا۔ دیکھو صفحہ ۳، جب مسیح کو بڑی احتیاط سے صلیب پر سے اُتارا گیا تو نکوڈیمس نے خوشبوئیں اور ادویہ نیچے بچھا دیں جن سے خوب گرمی پیدا ہوئی اور وہ اچھی ادویات طاقت پیدا کرنے میں بےنظیر تھیں۔ دیکھو صفحہ ۴، پھر مسیح کے جسم کو ایک قبر میں جو چٹان کے اندر بنی ہوئی تھی اور وہ

قبر یوسف آرمیتا کے باغ کے اندر تھی اُس کہف میں قوی ادویات بچھائی گئیں اور مسیح کے جسم کو گھاس کے اوپر لٹا دیا گیا تھا۔ اور اوپر ایک بھاری پتھر رکھ دیا گیا تھا +

جب یہ کارروائی ہو چکی تو یوحنا بتھانیہ کی طرف مسیح کی والدہ کو تسلی دینے کے لئے روانہ ہو گیا۔ گو سبت کا دن تھا مگر کائیفس سردار کاہن نے پھر بھی خفیہ جاسوس وہاں بھیج دئے تھے تاکہ جا کر معلوم کریں کہ کون کون مسیح کے دوست ہیں۔ دیکھو صفحہ ۵۷ +

کائیفس کی بڑی کوشش یہ تھی کہ کسی طرح یوسف اور گلیلی لوگوں کو پھنسائے اور اس واسطے اُس نے بڑے بڑے الزام لگائے کہ اُن کو قید خانہ میں بھیجا جائے۔ حتّٰی کہ سردار کاہن نے پلاطوس کو بھی مضطر کیا۔ دیکھو صفحہ ۶۷ +

نکوڈیمس نے مجھے اور جماعت کے بوڑھوں اور داناؤں کو جمع کیا کہ کوئی ایسی تجاویز سوچی جائیں جس سے مسیح جلدی تندرست ہو جائے اور ایک محافظ قبر پر بھیجا گیا اور یوسف اور نکوڈیمس اپنی کارروائی کی تکمیل کے لئے شہر کو گئے دیکھو صفحہ مذکور +

آدھی رات کے بعد اور صبح کے قریب زمین بوجہ زلزلہ پھر کانپنے لگی اور ہوا بھی نہایت تیز ہو گئی۔ چٹانیں ہلنے اور چٹخارے لینے لگیں۔ واقعی وہ رات نہایت ہی خوفناک رات تھی جانور زلزلہ سے خوف زدہ ہو کر چاروں طرف چیختے چلاتے دوڑتے پھرتے تھے۔ اور سردار کاہن کے فرستادہ سخت خوف زدہ ہو گئے تھے دیکھو صفحہ مذکور +

اُسی رات کو ہماری جماعت نے ایک آدمی کو مخفی رستے سے سفید لباس پہنا کر قبر کی طرف بھیجا جو پہاڑوں میں سے ہو کر گذرتا تھا اور اُس راستہ سے سوائے ہماری جماعت کے اور کوئی واقف نہ تھا۔ جب بزدل ملازمان نے سردار کاہن کے ایک آدمی کو سفید لباس میں پہاڑ پر سے قبر کے پاس جاتے ہوئے دیکھا تو کہنے لگے کہ کوئی فرشتہ آسمان سے اترا ہے وہ ڈر کر بھاگ گئے۔ جب اسیریہ کا آدمی جو ہماری طرف سے بھیجا گیا تھا پتھر جو پڑا ہوا تھا تو ناگہاں ایک دفعہ پھر زلزلہ کا دھکا آیا تیس گھنٹے مسیح کو قبر کے اندر رکھے ہوئے گذر چکے تھے اُس آدمی کو کھوہ کے اندر ہلکی سی آواز سُنائی دی تو اُس کھوہ میں اُتر گیا اور دیکھکر بڑا ہی خوش ہوا کیونکہ مسیح کے لب ہلتے تھے اور وہ سانس لے رہا تھا۔ وہ اُس کی مدد کے لئے قریب ہوا اور اُس کی چھاتی سے آواز سُنی اور مسیح کا چہرہ ایک زندہ انسان کا سا دکھلائی دیتا تھا کہ ناگہاں مسیح

نے آنکھیں کھول دیں اور اپنے پاس ایک نومرید کو موجود پایا دیکھو صفحہ ۷۹ +

ہم بیس آدمی کونسل سے فارغ ہو کر اُس کھوہ کی طرف گئے وہاں جا کر دیکھا کہ ہمارا آدمی مسیح کے سر کو اپنی چھاتی کے ساتھ لگائے بیٹھا ہے۔ جب مسیح کی نظر ہماری جماعت پر پڑی تو اُس کی آنکھیں مارے خوشی کے چمکنے لگیں۔ یوسف سے نہ رہا گیا۔ بڑھکر اُن سے بغلگیر ہوا اور جو کچھ اُنپر گذرا تھا سارا حال اُن کو کہہ سُنایا۔ مسیح سارے واقعات کو سُنکر سخت متعجب ہوا اور خدا تعالیٰ کی حمد کر کے یوسف کی چھاتی پر سر رکھکر رویا۔ تب نکوڈیمس نے جو ایک لائق اور تجربہ کار طبیب تھا اپنے دوست کو کہا کہ کچھ نوش جان فرمائیں۔ چنانچہ اُنہوں نے کچھ کھجوریں اور کچھ روٹی شہد کے ساتھ کھائی۔ پھر مسیح کو وہاں سے نکال کر ایک مکان میں جو ہماری جماعت کا تھا لے گئے۔ پھر وہاں سے ایک آدمی پہلے آدمی کی مدد کے لئے قبر پر بھیجا گیا تا کہ دوائی اور ہر قسم کے نشانات کو وہاں سے معدوم کر دیں۔ دیکھو صفحہ ۸۲ +

پھر سب دوستوں نے مسیح کو مشورہ دیا کہ جہانتک ممکن ہو چھپے رہیں تا کہ بدن میں قوت بھی آجائے۔ پھر مسیح نے باغبان کیسی پوشاک پہنی اور اپنے بعض عزیز دوستوں سے ملا۔ تا کہ اُن کو یقین ہو جائے کہ میں مرا نہیں بلکہ زندہ ہوں اور خدا تعالیٰ نے مجھ کو بچا لیا ہے۔ قبر پر جو عورتیں آئیں تو اُن کو ہمارے آدمیوں نے کہدیا کہ وہ یہاں نہیں وہ یہاں سے گلیل کو چلا گیا ہے مگر عیسے علیہ السلام اُنکو باغبان کے لباس میں ملا چونکہ اُس کو اپنے دوستوں کے ملنے اور اپنے مشن کے سرانجام دینے کا از حد شوق تھا اس لئے ہماری جماعت کے لوگوں کی نصیحت پر بھی کہ وہ مخفی رہیں صبر پیرا نہ ہو سکا۔ اور مریم مگدلینی سے جس کے ساتھ اُسکو بہت محبت تھی اور جس سے مسیح کو خواہش نکاح بھی ہو گئی تھی دھیمی آواز سے کہا کہ میرا بدن ضعیف اور تحلیل ہو گیا ہے۔ اب میں زیادہ زندہ نہیں رہ سکتا۔ اب میں جلدی اپنے باپ کے پاس آسمان پر جانیوالا ہوں۔ دیکھو صفحہ ۸۶ +

چونکہ بہت سے معجزات اُن ایام میں ظاہر ہوئے تھے اس لئے سردار کاہن نے بدیں اندیشہ کہ مبادا وہ کہدیں کہ مسیح زندہ ہو گیا پہرہ داران کو روپے دئے کہ وہ رپورٹ کریں کہ اُس کے دوست اُس کی لاش چرا کر لے گئے ہیں +

اس اثنا میں مسیح کے زخم اچھے ہو گئے تھے اور بدن میں طاقت آگئی تھی تو وہ کہنے لگے

کہ میں اب کب تک کمین گاہ میں مخفی رہونگا۔ اُستاد کا فرض ہے کہ وہ لڑکوں کے اندر رہے اور بیٹا ماں کی گود میں۔ یوسف نے کہا کہ اب ہماری جماعت ہی آپ ہی کے ماں باپ ہیں اور یہ ہر وقت آپ کی حفاظت کرینگے +

مسیح نے کہا کہ میں موت سے نہیں ڈرتا اور میرے دشمنوں کو بھی تسلیم کرنا پڑیگا کہ خدا نے مجھے اپنے فضل سے بچا لیا ہے۔ آخر کو مشورہ ہوا کہ مسیح کہیں دور محفوظ جگہ پر جو مخفی ہو بود و باش رکھیں گو نکوڈیمس نہیں چاہتا تھا کہ وہ ایسی ضعف کی حالت میں سفر کریں۔ مگر مسیح نے جواب دیا کہ جو ہوتا ہے سو ہونے دو۔ دیکھو صفحہ ۹۲ +

آخر مسیح وہاں سے بوقت شب اکیلا سفر پر روانہ ہوا اور اُسکو ایک کپڑا دیا گیا تاکہ وہ منہ لپیٹ کر شہر کے باہر چلا جائے مبادا کوئی پہچان لے کہ یہ مسیح ہے۔ رستے میں دو آدمی ملے جن سے کچھ گفتگو ہوئی پیچھے کچھ حواری بھی اُس سے جا کر ملے۔ رستہ میں کئی جگہ کھانا کھایا پھر اُس نے حواریوں کو نصیحت کی کہ تم تبلیغ کے کام کو سرگرمی سے سرانجام دیتے رہنا آخر اُن کو برکت کی دعا دی۔ اور یہ بھی کہا کہ تم میری نسبت کہ میں کہاں جاتا ہوں ہرگز کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ دیکھو صفحہ ۹۷۔ آخر کئی منزل یروشلم سے باہر نکل گئے اور زیتون کے پہاڑ پر پہنچے۔ وہاں سے پھر مسیح علیہ السلام کو اشتیاق ہوا کہ ایک دفعہ پھر اپنے حواریوں سے ملے اور ٹامس حواری کو جو مسیح کے زندہ ہونے کا یقین نہیں رکھتا تھا یقین دلاوے کہ میں زندہ ہوں چنانچہ آٹھویں روز مسیح یروشلم میں پھر وارد ہوا اور ٹامس کو زخم دکھلائے اور یقین دلایا پھر تمام حواریوں کو وصیت کی کہ تم سب متفق ہو کر ایمان پر ثابت قدم رہو۔ شام کے وقت حواریوں سے جدا ہوا اور یوحنا اُن کے ہمراہ ہوا۔ جب بتھانیہ میں پہنچا تو اپنے گھر میں جا کر اپنی والدہ اور دوستوں سے ملا۔ خدا کا شکر ادا کیا کہ خدا نے ایک دفعہ پھر باہم ہم کو ملا دیا۔ پھر اُنہوں نے باہم مل کر کچھ کھانا کھایا۔ شام کے وقت مسیح نے کہا کہ اب میں گلیل کو جاتا ہوں تاکہ حواریوں کو کار تبلیغ میں تاکید کروں۔ مگر کائیفس سردار کاہن نے بڑا شور برپا کر دیا تھا اور یہ اُس نے مشہور کر دیا تھا کہ مسیح کی لاش کو اُس کے حواری لے گئے ہیں۔ مگر بعض لوگ ایسے بھی پیدا ہو گئے تھے جو کہتے تھے کہ مسیح خدا کی قدرت سے زندہ رہا ہے اور اس طرح باہم لوگوں میں اختلاف ہو گیا +

اس اثنا میں نکوڈیمس ہماری جماعت میں خبر لایا کہ یوسف آرمیتا گرفتار ہو گیا ہے اور یہ

بھی افواہ اُڑی کہ مسیح بھی اُس شام کے بعد دکھلائی نہیں دیا شاید وہ بھی ماخوذ ہو گیا ہے اس پر ہماری جماعت نے کونسل کر کے فیصلہ کیا کہ جہانتک ہو یوسف اور مسیح کو بچایا جائے چنانچہ کچھ آدمی تو تھانیہ کو مسیح کی خبر لانے کے لئے روانہ کئے گئے جو سفید لباس پہنکر نکلے اور شام کے وقت وہاں پہنچے تو بڑی احتیاط سے سراغ لگا کر لاذر کے مکان پر مسیح سے ملے اور یوسف کے گرفتار ہونے کی اطلاع دی۔ اس پر مسیح نے خدا کے حضور یوسف کی رہائی کے لئے دعا کی اور یروشلم میں حواریوں کو اطلاع دی کہ تم بھی خطرہ سے محفوظ نہیں ہوشیار رہو اور اُن کو کہلا بھیجا کہ تم مجھے یردن ندی کے کنارے پر ملو۔ چنانچہ وہ وہاں پہنچے اور چونکہ مسیح نے کوئی وقت مقرر نہیں کیا تھا۔ اِس لئے اُنہوں نے باہم مشورہ کیا کہ کیا ہم ناصرہ میں مسیح کی تلاش کے لئے جاویں یا کیپر نام گاؤں میں۔ لیکن پیٹر نے کہا کہ بہتر ہے کہ ہم کچھ کھانا تیار کریں اور بیکار نہ رہیں تاوقتیکہ ہمارا مالک ہمیں کسی بڑے کام کے لئے آنکر نہ لگا دیں چونکہ پیٹر ایک تجربہ کار ماہی گیر تھا۔ چند دیگر ہمراہیوں کو ساتھ لیکر سمندر پر شام کے وقت گیا۔ مسیح آہستہ آہستہ سفر کرتا تھا اور رستے میں اسپیرین دوستوں کے ہاں فروکش ہوتا آتا تھا اخیر کو یروشلم کے دوستوں کی معرفت خبر ملی کہ یوسف آرمیتا رہا ہو گیا ہے اور مسیح نے ایک تنہا اور مخفی جگہ پر اپنے حواریوں سے ملاقات کرنے کی تجویز کی +

آخر چلتے چلتے مسیح سمندر کے کنارے پہنچا جہاں پیٹر نے ایک جھونپڑی اپنے آرام کے لئے بنا رکھی تھی۔ اور جہاں پر وہ مچھلیاں پکڑ کر تجارت کیا کرتا تھا۔ وہاں پیٹر معہ یوحنا کے موجود تھا اور جب وہ مچھلیاں پکڑ رہے تھے تو وہاں مسیح نے اُن کے ساتھ مل کر مچھلیوں وغیرہ کی ضیافت کھائی۔ پھر مسیح نے دوسرے حواریوں کو کوہ کارمل پر طلب فرمایا اور دوسری شام کو مسیح اپنے سفر کا تہیہ کر لیا اور کوہ کارمل میں پہنچکر خوب آرام لیا اور وہاں حواری اور بہت سے مومن لوگ آنکر جمع ہوئے۔ مسیح کے دل میں ہمیشہ جوش اُٹھتا تھا کہ لوگوں میں جاکر تبلیغ کرے کہ تنہائی میں دن بسر کرنا مناسب نہیں چنانچہ لوگ وہاں جمع تھے اُن کو بہت کچھ سکھلایا کہ کس طرح تم کو دُنیا میں رہنا چاہئے اور کیونکر تبلیغ کرنی چاہئے +

پھر اُس نے ہماری جماعت اور حواریوں کو وصیت کی کہ تم سب خدا کے دین کی اشاعت کرو اور گورنمنٹ کی مخالفت نہ کرو اور اپنا کام خوش اسلوبی سے کئے جاؤ۔ چونکہ میرا یہاں

ٹھیرنا خالی از خطرہ و فساد نہیں اس لئے میں کسی تنہائی کی جگہ جاؤنگا اور چونکہ یہ بات عام مشہور ہو چکی تھی کہ مسیح دنیاوی سلطنت قائم کرنا چاہتا ہے اس لئے یروشلم میں بہت لوگ جمع ہو گئے تھے مگر مسیح نے اُن کو کہا کہ میں زمینی بادشاہت نہیں بلکہ آسمانی بادشاہت قائم کرنے کے لئے آیا ہوں +

اُس کی گرفتاری کے لئے بہت سے جاسوس تلاش میں پھرتے تھے مگر ہم اسیرین لوگوں کی طفیل سے وہ ہمیشہ گرفتاری سے محفوظ رہا۔ آخر کو اپنے کل حواریوں کو جمع کیا اور شہر میں سے اُس دروازہ سے گذرا جو وادی یوزآسف کو جاتی ہے۔ جب کدرون میں پہنچا تو انہوں نے وہاں تھوڑا قیام کیا اور یروشلم کو یاد کر کے رویا۔ وہاں سے وہ آگے چلا گیا اور کچھ حواری اُس کے ہمراہ تھے۔ پھر وہ مونٹ آف اولیو پر چڑھا جہاں سے کل فلسطین کا نظارہ بخوبی ہو سکتا تھا +

بعض خاص حواریوں کا خیال تھا کہ وہ ہیکل کی عمارت کو لیجائیگا۔ مگر ہماری جماعت کے آدمی جن کے ساتھ جانیکی نسبت پہلے سے طے ہو لیا تھا پہاڑ کے دامن میں موجود تھے +

تب اُس نے اپنے حواریوں کو تاکید کی کہ تم ایمان پر پکے رہنا جس وقت یہ آخری کلام کر رہا تھا تو مارے غم کے اُس کی آواز دھیمی ہو گئی تھی۔ جب جدا ہونے لگا تو اپنے دونوں ہاتھوں کے واسطے دعا کرنے کے لئے ہاتھ اُٹھائے اور اُنہیں برکت دی اُس وقت تمام پہاڑ کے گرداگرد کہر تھی اور وہ سورج کی کرنوں سے رنگین ہو رہی تھی۔ اُس وقت اسیرین برادر ہڈ کے سرداروں نے کہلا بھیجا کہ ہم اپنی اپنی فوجیں لئے کھڑے ہیں تو مسیح کو تیار دیکھکر حواری دوزانو ہوئے اور مسیح کھڑا ہو گیا اور جلدی جلدی اُس کہر میں سے ہوتا ہوا چلا گیا۔ جب حواری وہاں سے اُٹھے تو ہماری جماعت کے دو آدمی اُن کے سامنے موجود تھے جنہوں نے کہا کہ یہاں تم سب ٹھیرو مسیح تو یہاں سے روانہ ہو گیا ہے۔ چنانچہ حواری پہاڑ سے نیچے اُترے اور اپنا رستہ لیکر چل دیئے +

لیکن شہر میں یہ افواہ عام طور سے مشہور ہو گئی کہ مسیح بادلوں میں بیٹھکر آسمان پر چلا گیا۔ جان کو اصل حال معلوم تھا کیونکہ وہ وہاں موجود تھا۔ مگر اُس نے نہ کسی کو بتایا اور نہ وہ تحریر میں لایا اس سفر میں یوسف آرمیتا اور نکوڈیمس بھی مسیح کے ساتھ تھے۔ جب بحر مردار کے قریب پہنچے

تو مسیح نے اپنے بڑے بڑے طول طویل ارادے ظاہر کئے۔ اس واسطے وہ دونوں اصحاب اُن سے رخصت لیکر واپس چلے آئے اور اقرار کر آئے کہ یروشلم میں جو معاملات ہونگے اُن سے آپ کو آگاہ کیا جاویگا آخر ڈیڈسی کے پاس مسیح کا انتقال ہوگیا اور وہاں ہی اُن کو دفن کیا گیا ظاہر ہے کہ یہ آخری فقرہ مسیح کی ڈیڈسی کے پاس فوت ہونے کا کسی مصلحت کے لئے لکھا گیا ہے اور غالباً وہ روایت جو تاریخ طبری میں مسیح کی وفات کے متعلق آئی ہے وہ اسی قبر کے متعلق ہے کیونکہ ظن غالب ہے کہ روز بروز مسیح کی زندگی کی وجہ سے ملک میں سخت فتور برپا ہو رہا تھا کائیفس سردار کاہن عوام سے اور عوام یہودی بادشاہ کے ہاں مخبریاں کر رہے تھے کہ مسیح ایک جدید سلطنت قایم کرنا چاہتا ہے اور اسی بنا پر یوسف آرمیثا کو بھی گرفتار کر لیا گیا تھا اور تمام معتقدین مسیح علیہ السلام معرض خطر میں تھے نکوڈیمس اور یوسف جیسے عقلمندوں نے اس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد جب کہ مسیح یروشلم سے باہر بحر مردار کے متصل قیام پذیر تھا باہم مشورہ کر کے یہ مشہور کر دیا کہ مسیح تو مر گیا اور اُس کی ایک فرضی قبر بنا کر اور اُس پر کتبہ لکھ کر لگا دیا تاکہ ملک میں امن قایم ہو جائے اور بدظنی دور ہو جائے اور چونکہ مسیح علیہ السلام جو شب و روز تبلیغ کے لئے پریشان ہو رہے تھے اور وہ مخفی رہنا ہرگز پسند نہیں کر سکتے تھے باوجودیکہ تمام معتقدین اور فریسین لوگوں کی جماعت نے جنہوں نے اُن کے بچانے میں بڑا حصہ لیا تھا بار بار تاکید بھی کی تھی کہ باقیماندہ زندگی تنہائی میں خاموشی سے بسر کریں اسلئے معلوم ہوتا ہے کہ مسیح تو ممالک شرقیہ میں بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے لئے تشریف لے گئے اور معتقدین نے اپنے بچاؤ کے لئے ایک فرضی قبر بنا کر اُس پر کتبہ بھی لگا دیا۔

چنانچہ ابن جریر طبری نے بھی تاریخ طبری میں حسب ذیل روایت بیان کی ہے +

حَدَّثَنَا ابْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا سَلَمَةُ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ ابْنِ سُلَيْمٍ الْوَ نُصَارِيِّ ثُمَّ الزَّرَقِيِّ قَالَ كَانَ عَلٰى اِمْرَاةٍ مِنَّا نَذْرٌ لِتَظْهَرَنَّ عَلٰى رَأْسِ الْجَمَّاءِ جَبَلِ الثَّقِيفِ مِنْ نَاحِيَةِ الْمَدِينَةِ قَالَ فَظَهَرَتْ

ابن جریر لکھتا ہے کہ ابن حمید نے ہمارے پاس بیان کیا اُن کے پاس سلمہ نے اُن کے پاس ابن اسحاق نے اُن کے پاس عمر بن عبد اللہ بن عروۃ بن زبیر نے اُن کے پاس ابن سلیم انصاری ثم الزرقی نے بیان کیا کہ ہماری کنبہ کی ایک عورت نے منت مانی ہوئی تھی کہ پہاڑ کی چوٹی

مَعَهَا حَتّٰى إِذَا اسْتَوَيْنَا عَلٰى رَأْسِ الْجَبَلِ
إِذَا قَبْرٌ عَظِيمٌ عَلَيْهِ حَجَرَانِ عَظِيمَانِ حَجَرٌ
عِنْدَ رَأْسِهِ وَحَجَرٌ عِنْدَ رِجْلَيْهِ فِيهِمَا
كِتَابٌ بِالْمُسْنَدِ لَا أَدْرِي مَا هُوَ فَاحْتَمَلْتُ
الْحَجَرَ الَّذِي عِنْدَ رِجْلَيْهِ فَإِذَا أَنَا بِبَعْضِ الْجَبَلِ
مُنْهَبِطًا ثَقَلًا عَلَيَّ فَأَلْقَيْتُ أَحَدَهُمَا وَهَبَطْتُ
بِالْآخَرِ فَعَرَضْتُهُ عَلٰى أَهْلِ السُّرْيَانِيَّةِ
هَلْ يَعْرِفُونَ كِتَابَهُ فَلَمْ يَعْرِفُوهُ وَعَرَضْتُهُ
عَلٰى مَنْ يَكْتُبُ بِالزَّبُورِ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ
وَمَنْ يَكْتُبُ بِالْمُسْنَدِ فَلَمْ يَعْرِفُوهُ
قَالَ فَلَمَّا لَمْ أَجِدْ أَحَدًا مِمَّنْ يَعْرِفُهُ
أَلْقَيْتُهُ تَحْتَ تَابُوتٍ لَنَا فَمَكَثَ سِنِينَ
ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْنَا نَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَاهٍ
مِنَ الْفُرْسِ تَبْتَغُونَ الْخَيْرَ فَقُلْتُ لَهُمْ
هَلْ لَكُمْ مِنْ كِتَابٍ فَقَالُوا نَعَمْ فَأَخْرَجْتُ
إِلَيْهِمُ الْحَجَرَ فَإِذَا هُمْ يَقْرَءُونَهُ فَإِذَا هُوَ
بِكِتَابِهِمْ هٰذَا قَبْرُ رَسُولِ اللّٰهِ عِيسَى بْنِ
مَرْيَمَ عَمْ إِلٰى أَهْلِ هٰذِهِ الْبِلَادِ فَإِذَا هُمْ
كَانُوا أَهْلَهَا فِي ذٰلِكَ الزَّمَانِ مَاتَ عِنْدَهُمْ
فَدَفَنُوهُ عَلٰى رَأْسِ الْجَبَلِ +

پر جسے جمامہ کہتے تھے اور وہ عقیف میں ہے جو نواح مدینہ میں ہے اُس نے کہا کہ میں بھی اُس کے ساتھ گیا یہاں تک کہ ہم چوٹی پر چڑھ گئے۔ تو کیا دیکھتے ہیں کہ وہاں ایک بڑی قبر ہے جس پر دو بڑے بڑے پتھر تھے ایک پتھر سر کی طرف اور ایک پاؤں کی طرف اور اُن دونوں پتھروں پر کچھ لکھا ہوا تھا جسکو میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کیا لکھا ہوا ہے۔ میں نے دونوں پتھروں کو اُٹھا لیا۔ جب میں پہاڑ پر سے اُتر رہا تھا تو اُس کا بوجھ میرے لئے دوبھر ہو گیا اُن میں سے ایک پتھر کو میں نے پھینک دیا اور دوسرا لیکر نیچے اُتر آیا اور میں نے سریانی لوگوں کے آگے پیش کیا کہ کیا تم اُس کی تحریر کو جانتے ہو مگر وہ اُس کو پہچان نہ سکے پھر میں نے زبور لکھنے والوں کو دکھایا جو یمنی تھے اور خوب لکھ سکتے تھے مگر وہ بھی نہ پڑھ سکے جب میں نے دیکھا کہ کوئی اُس کو پڑھ نہیں سکتا تو میں نے اُس کو ایک تابوت کے نیچے رکھدیا۔ اور وہ کئی سال وہاں پڑا رہا پھر کچھ لوگ فارس سے آئے جو اہل ماہ کہلاتے تھے تو میں نے اُن کو کہا کیا لکھا پڑھا جانتے ہو اُنہوں نے کہا کہ ہاں ہم جانتے ہیں۔ میں نے پتھر نکالکر اُن کے آگے رکھا تو اُنہوں نے لکھا ہوا پڑھا کہ اس پر یہ لکھا ہوا ہے یہ عیسیٰ بن مریم رسول اللہ علیہ السلام کی قبر ہے اور اُس زمانہ کے لوگوں نے اُس کو پہاڑ کی چوٹی پر دفن کر دیا جب وہ مر گیا تھا۔ دیکھو تاریخ الرسل الملوک ابن جریر طبری صفحہ ۳۸۷ و ۳۹۷ +

گو یہ قبر فرضی ہے اور بلاشک فرضی ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات غلط نہیں ہوسکتی جنہوں نے فرمایا ہے کہ مسیح علیہ السلام ۱۲۰ برس کی عمر میں فوت ہوئے لیکن اس میں بھی کلام نہیں کہ مسیح علیہ السلام جب صلیب سے بچکر اُترے تو ضرور کسی دُور دراز ملک میں تشریف لے گئے جہاں وہ جاکر اپنی طبعی موت سے مرے۔ جو تحقیقات سے ثابت ہے کہ وہ کوہ ہمالیہ کے پہاڑوں میں شہر سری نگر دارالخلافہ کشمیر میں فوت ہوئے اور اب تک اُس کا مزار شریف محلہ خان یار میں موجود ہے۔ اور سب سے بڑھکر ابن جریر طبری نے جو دوسری صدی کے بزرگ مسلمان مورخ ہیں وہ اپنی تاریخ میں جو بڑے پایہ کی تاریخ ہے اس روایت کو درج کرتے ہیں اور اُس کے برخلاف ذرہ بھی کلام نہیں کرتے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اُن کی رائے میں مسیح علیہ السلام ضرور فوت ہوچکے تھے ورنہ وہ ضرور تردید کرتے اور کہتے کہ مسیح تو آسمان پر زندہ ہیں یہ غلط ہے اور جھوٹی ہے۔ مگر اُنہوں نے ایسا نہیں کہا۔ رہا یہ امر کہ یہ وہی واقعی قبر ہے یا کوئی اور قبر ہے اس سے اتنا تو ثابت ہوتا ہے کہ وہ طبعی موت سے مرے خواہ کہیں مرے ان تمام واقعات سے ثابت ہے کہ مسیح صلیب پر تو چڑھایا گیا لیکن وہ وہاں مرا نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُس کے بچاؤ کے بہت سے سامان مہیا کر دئے تھے۔ جن کا ذکر اوپر ہوچکا ہے۔ اور پھر وہ اس وقوعہ کے بعد زندہ رہے۔ اور اپنے شاگردوں سے ملتے اور اُن کے ساتھ کھانا کھاتے رہے۔ یہ تو وہ شہادتیں ہیں جو خود عیسائیوں کی مقدس اور معتمد علیہ کتابوں سے دی گئی ہیں جس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا +

گیارھویں فصل

اِس باب میں کہ وَلٰکِن شُبِّہَ لَھُم کا مصداق کون ہے

آیا مسیح علیہ السلام یا کوئی اور

واضح ہو کہ اکثر تفاسیر میں لکھا ہے کہ ایک شخص یہودا نامی حضرت مسیح کو پکڑوانے کے لئے یہودیوں

کو ہمراہ لیکر اُس مکان میں جس میں حضرت مسیح علیہ السلام تھے گیا۔ اور خود جب اندر داخل ہوا تو مسیح علیہ السلام تو چھت کے راستہ سے جو اُن کے لئے پھٹ گئی تھی۔ باہر نکل کر آسمان پر اُڑ گئے اور یہودا کی صورت بگڑ کر حضرت مسیح علیہ السلام کی صورت بن گئی۔ جب لوگ پکڑنے کے لئے داخل ہوئے تو اُسکو مسیح سمجھ کر پکڑ لیا۔ اور جا کر صلیب دیدی۔ یہ قصہ ہے جو اکثر تفاسیر میں پایا جاتا ہے۔ اور اکثر اسی روایت کی بنا پر بڑا زور دیا جاتا ہے اور ہر عقل کو کام میں نہیں لایا جاتا لیکن اس قصہ کی کوئی صحت ثابت نہیں ہوتی۔ جہاں تک تحقیقات کی گئی کہیں بھی ثبوت نہیں ملا کہ اس قصہ کی بنیاد کیا ہے۔ نہ تو کسی حدیث صحیحہ سے اس کا پتہ چلتا ہے۔ اور نہ کسی صحابی یا تابعین کی مستند روایت سے یہ ایک بالکل لغو اور بیہودہ قصہ ہے۔ جس کی تصدیق نہ عقلِ سلیم کر سکتی ہے۔ اور نہ نقلِ قدیم۔ یہود اور نصاریٰ جو باہم ایک دوسرے سے ایسے مخالف ہیں کہ جن کی دشمنی اور کینہ وری کی کوئی انتہا نہیں۔ وہ دونوں اس بات پر یکزبان متفق ہیں۔ کہ مسیح ناصری ہی پکڑا گیا اور اُسی کو صلیب پر چڑھایا گیا۔ اور اُسی کو زخم لگے اور وہی مجروح اپنے حواریوں سے ملتا رہا۔ اور تبلیغ کی سخت تاکیدیں کرتا رہا اب ان دو باہم مخالف قوموں کے تواتر کو کون توڑ سکتا ہے۔ اور تواریخی ثبوت کا کون انکار کر سکتا ہے اگر تواترِ قومی کا انکار کریں تو پھر تو دنیا بھر کے کل علوم سے امن اُٹھ جاتا ہے اور اُن سب سے دست برداری کرنی پڑیگی۔ اور پھر مسلمانوں کو سخت مشکل پیش آئیگی کیونکہ اگر قومی تواتر کوئی چیز نہیں تو پھر اسلام کی ایک بات بھی قابل اعتماد نہیں رہ سکتی۔ یہی قومی تواتر ہی تو ہے جس سے قرآن شریف اور احادیث اور اقوال آئمہ مجتہدین مانے اور واجب العمل قرار دیئے جاتے ہیں۔ اگر اس قومی تواتر کو نہ مانا جائے تو پھر ایک چیز بھی ہمارے ہاتھ میں اس قابل نہیں جسکو محفوظ اور مصؤن تسلیم کر سکیں۔ لہذا قومی تواتر ایک ایسا امر ہے جس کے ماننے میں کسی کو چارہ نہیں۔ اور ہم پچھلی فصلوں میں بخوبی ثابت کر چکے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام ہی پکڑے گئے اور وہی مصلوب ہوئے۔ مگر صلیب کی پوری شرائط اُن پر نافذ نہیں ہوئیں۔ کیونکہ وہ تین روز تک ہی صلیب پر لٹکے نہیں رہے۔ بلکہ تین گھنٹہ سے زیادہ ثبوت نہیں ملتا کہ وہ اُس پر رہے ہوں۔ اور نہ اُن کی ہڈیاں توڑی گئیں۔ اور نہ اُن کی ٹانگوں پر میخیں لگائی گئیں۔ چونکہ اکثر مسلمان خاصکر بعض علوی بھی نہیں جانتے کہ صلیب کیا چیز ہوتی ہے لہذا ہم

ضروری سمجھتے ہیں کہ بتادیں کہ صلیب کی کیا صورت ہوتی ہے۔ سو واضح ہو کہ وہ تین لکڑیوں سے بنتی ہے۔ ایک لکڑی تو آدم قد ہوتی ہے۔ اور دوسری لکڑی ہاتھوں کے پھیلاؤ کے برابر ہوتی ہے اور تیسری ایک چھوٹی ٹھپٹی ہوتی ہے جو سہارے کے لئے مقعد کے مقام پر لگا دی جاتی ہے دوسری لکڑی چھاتی کے متوازی اس پہلی لکڑی پر چسپاں کی جاتی ہے اور اس لکڑی کے دونوں ہاتھ بذریعہ میخ آہنی گاڑ دیئے جاتے اور اول الذکر لکڑی پر انسان کا قامت لٹکا دیا جاتا ہے۔ اور پاؤں میں میخیں لگا کر انسان کو اس پر چسپاں کر دیا جاتا ہے اور درمیان میں سہارے کے لئے ایک ٹیک ہوتی ہے تاکہ صلیب پر آسانی سے ٹھہر سکے۔ اور اس طرح مصلوب تین روز تک بھوکا پیاسا رکھا جاتا۔ اس کے بعد ہڈیاں توڑی جاتیں اور پھر اتار کر دفن کر دیا جاتا تھا۔ صلیب کی شکل یوں ہوتی ہے ؛ †

اس کارروائی سے صاف عیاں ہے کہ مسیح کے ساتھ اس قسم کا برتاؤ نہیں کیا گیا صلیب پر لٹکائے بھی گئے۔ اور میخیں صرف ہاتھوں کو لگائی گئیں۔ پاؤں کو نہیں۔ اور ایک دو گھنٹے سے زیادہ وہاں نہیں رکھا گیا۔ اور نہ ہی ہڈیاں توڑی گئیں جیسا کہ ہم مفصل فصل گذشتہ میں دکھا آئے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کالمصلوب ہوا مگر اصلی معنوں میں مصلوب نہیں ہوا۔ اور قرآن شریف سے بھی ایسا ظاہر ہے جبکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ یعنے صلیبی قتل واقعہ نہیں ہوئی۔ ہاں وہ مشابہ بالمصلوب ہوا۔ بعض مفسر اپنی قلتِ تدبر سے جملہ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ سے نکالتے ہیں کہ ایک اور آدمی مسیح علیہ السلام کی شبیہ بن گیا تھا۔ حالانکہ یہ امر بالبداہت غلط ہے۔ کیونکہ شُبِّهَ لَهُمْ میں مفعول بالم یسم فاعلہ کی ضمیر واحد غائب مستتر ہے۔ جو مسیح کی طرف راجع ہے۔ جو آیت اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ میں ہے۔ لیکن نحو کے کسی قاعدہ میں ایسا ثابت نہیں ہوتا کہ جس انسان کا نہ فاعل نہ مفعول اور نہ کسی اور صورت میں عبارت میں مذکور ہو اس کا ضمیر خود بخود پیدا ہو جائے۔ اگر یہ بات تسلیم کر لیجائے تو پھر اس طرح تو تمام قرآن شریف غیر محفوظ ہو سکتا ہے۔ کیونکہ ہر شخص مجاز ہو گا کہ جس طرح چاہے اپنی طرف سے ضمیریں فی ذہن میں رکھ کر اصل مقصد قرآن شریف سے منحرف کر دے۔ پس یہ خیال بالکل غلط ہے۔ دیکھنا تو یہ ہے کہ شُبِّهَ کے معنے کیا بنتے ہیں سو ہمارے نزدیک شُبِّهَ کے معنے یوں

حل ہو سکتے ہیں کہ سوال کیا جاوے کہ کون شبیہ کیا گیا۔ تو اس کا جواب بجز اس کے اور کیا ہے کہ وہی شبیہ کیا گیا۔ جس کا ذکر اوپر آیت میں ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اوپر کی آیت میں مسیح کا ذکر ہوتا چلا آتا ہے۔ دیکھو آیت وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ اللَّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمْ پس ظاہر ہے کہ مسیح اور اس کی قتل کا ذکر ہے اللہ تعالیٰ یہود کے جواب میں کہتا ہے کہ انہوں نے اسکو قتل نہیں کیا۔ اور نہ صلیب پر مارا۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ وہ شبیہ بالمصلوب ہوا۔ تم دیکھتے ہو جملہ متذکرہ بالا میں لفظ عیسیٰ مسیح موجود ہے۔ اور وہ اسم ذات ہے۔ اور پھر قتل اور صلیب کا بھی لفظ ہے جو بالکل قریب ہے۔ لہذا شبیہ ہونے والا مسیح ہے نہ کوئی اور شخص جسکا اس آیت میں کسی طرح پر بھی ذکر نہیں۔ اور دوسری بات کہ وہ کس چیز سے شبیہ ہوا سو واضح ہے کہ وہ قتل اور صلیب سے شبیہ ہوا۔ یعنے مقتول اور مصلوب تو اپنے حقیقی معنوں میں نہیں ہوا۔ ہاں کالمقتول اور کالمصلوب ضرور ہوا۔ لٰکِنْ کا حرف استدراک کے لئے آتا ہے جس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ جو وہم یا تردد کلام سابق میں ناظرین کو پیدا ہو جائے تو وہ اسکے دفعیہ کے لئے آتا ہے چنانچہ قاموس میں لکھا ہے۔ لٰكِنْ سَاكِنَةُ النُّونِ فِي حَرْفُ اِبْتِدَاءٍ أَلْمُجَرَّدِ إِفَادَةُ الْاِسْتِدْرَاكِ وَلَيْسَتْ عَاطِفَةً یعنے حرف لٰکِنْ جس کا نون ساکن ہوتا ہے۔ وہ ایک حرف ہے جو استدراک کا فائدہ دینے کے لئے ہی آتا ہے +

جب ہم کلام سابق میں غور کرتے ہیں۔ تو بجز اس کے اور کوئی وہم اور تردد ثابت نہیں ہوتا کہ حضرت مسیح ضرور صلیب پر قتل کئے گئے۔ اور دونوں یہود اور نصاریٰ کا اسی پر اتفاق ہے لہذا اس وہم کے دفعیہ کے لئے وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ کا جملہ نازل ہوا جس سے ایک وہم اور پیدا ہوا کہ جب قتل اور صلیب واقعہ نہیں ہوئی تو پھر کیا ہوا اس پر وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ میں جو لٰکِنْ آیا ہے اس نے اس وہم کا یوں دفعیہ کر دیا کہ وہ شبیہ یا مشابہ قتل بالصلیب ہوا تھا پھر کوئی وجہ نہیں کہ اصل مقصد سے پھیر کوئی اور معنے لئے جائیں۔ جب حرف لٰکِنْ نے اس تردد کو جو صلیب پر مرنے سے ہو سکتا تھا دور کر دیا تو پھر خدا کی منشاء کے برخلاف اپنی طرف سے خیالی معنے گھڑ لینا تقویٰ کے خلاف ہے +

حقیقۃ الصلیب

معلوم ہوتا ہے کہ بعض مفسرین نے وَمَا صَلَبُوْہُ کے مفہوم میں غلطی کھائی ہے۔ اُنہوں نے صلیب کے معنے صرف یہ سمجھ لئے کہ صلیب پر لٹکایا جانا ہی مراد ہوتی ہے +

حالانکہ صلیبی سزا سخت ترین سزا تھی یعنے یقیناً دُکھ کی موت

تھی۔ جس کی تصدیق ٹرائل آف دی جیزز نام کتاب سے بخوبی ہوتی ہے جس میں لکھا ہے کہ صلیب کی سزا تمام سزاؤں سے نہایت ہی سخت سمجھی جاتی تھی کیونکہ مجرم کو بہت دیر تک تکالیف اور مصائب جھیلنے پڑتے تھے اور یہ نہایت ہی ہتک اور بدنامی کی سزا ہوتی تھی۔ دیکھو کتاب دی ٹرائل آف جیزز صفحہ ۳۲۰ انگریزی +

اگر قرآن شریف کے دیگر مقامات پر ہی غور کرتے تو اُن کو اس کے معنے حل ہو جاتے اور کبھی بھی ایسی غلطی کے مرتکب نہ ہوتے۔ اب ہم قرآن شریف سے چند مثالیں بیان کرتے ہیں۔ جس سے واضح ہو جائیگا کہ صلیب پر چڑھا کر میخ لگانا۔ اور پھر ہڈی توڑ کر یا پیٹ چاک کرنا ان سے مراد ہوتی ہے فرعون کہتا ہے لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ۔ دیکھو قرآن شریف پارہ ۹۔ سورۃ الاعراف رکوع ۱۴ یعنے میں تم سب کو صلیب دونگا۔ اور یہی وجہ ہے کہ فرعون کو ذِی الْاَوْتَادِ کہا گیا ہے۔ کیونکہ وہ چار میخ کیا کرتا تھا۔ دیکھو تفسیر ابو سعود جلد ۸ صفحہ ۴۵۹۔ و تفسیر کبیر جلد ۷ صفحہ ۱۷۲ و تفسیر در المنثور جلد ۶ صفحہ ۳۴۸ جن میں لکھا ہے کہ فرعون اوتاد یعنے میخوں کے ذریعہ عذاب دیا کرتا تھا +

دوسری جگہ ہے اَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ سورہ یوسف رکوع ۵ یعنے دوسرا صلیب پر مارا جائیگا اور پرندے اُس کے سر میں سے کھائینگے۔ پھانسی والا تو اتنی دیر تک نہیں رکھا جاتا تھا کیونکہ مصلوب بہت دنوں تک یعنے جب تک مر نہ جائے صلیب پر لٹکا رہتا تھا۔ اور وہ بڑے دکھوں کے بعد بھوک پیاس سے مرجاتا۔ جس کی وجہ سے پرندے اُس کی کھوپڑی کو کھاتے۔ کیا مسیح کے ساتھ ایسا وقوعہ ہوا؟ پھر قرآن شریف کے اور موقعہ پر یہ آیت ہے لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَا اَشَدُّ عَذَابًا

وَ اَبْقٰی یعنے تم کو کھجور کے تنہ پر صلیبی موت سے ماروں گا اور تم جانو گے کہ کونسا عذاب سخت تر اور دیرپا ہے۔ اگر صرف پھانسی دینا مراد ہوتی ہو تو اشد و ابقی کیونکر صادق آتا ہے۔ دیکھو قرآن کریم سورہ طٰہٰ رکوع ۳ +

پھر ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں اللہ اور رسول کے مخالفوں کی نسبت کہتا ہے اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ وَ یَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا یعنے جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور مُلک میں فساد برپا کرتے ہیں اُن کا حال یہ ہوگا کہ یا تو وہ قتل کئے جائینگے۔ یا صلیب پر مارے جائینگے۔ دیکھو قرآن شریف سورۃ المائدہ رکوع ۵ +

اور اس آیت کی توضیح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے یوں کی ہے +

(۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ قَالَ ثَنِیْ عَمِّیْ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ اَبِیْہِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ اِلٰی قَوْلِہٖ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ قَالَ اِذَا حَارَبَ فَقَتَلَ فَعَلَیْہِ الْقَتْلُ اِذَا ظُھِرَ عَلَیْہِ قَبْلَ تَوْبَتِہٖ وَ اِذَا حَارَبَ وَ اَخَذَ الْمَالَ وَ قَتَلَ فَعَلَیْہِ الصَّلْبُ اِنْ ظُھِرَ عَلَیْہِ قَبْلَ تَوْبَتِہٖ وَ اِذَا حَارَبَ وَ اَخَذَ وَلَمْ یَقْتُلْ فَعَلَیْہِ قَطْعُ الْیَدِ وَ الرِّجْلِ مِنْ خِلَافٍ اِنْ ظُھِرَ عَلَیْہِ قَبْلَ تَوْبَتِہٖ۔ وَ اِذَا حَارَبَ وَ اَخَافَ السَّبِیْلَ فَاِنَّمَا عَلَیْہِ النَّفْیُ +

ہمارے پاس محمد بن سعد نے اُن کے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس اُن کے چچا نے اُنکے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس ابن عباس نے آیۃ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ الیٰ قَوْلِہٖ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ کی نسبت فرمایا کہ جس نے لڑائی اور قتل کیا تو اُس پر قتل واجب ہے جبکہ توبہ سے پہلے یہ امر ظاہر ہو جاوے۔ اور جب کسی نے لڑائی کی اور مال بھی لوٹ لیا اور قتل کا بھی مرتکب ہوا تو اُس کو صلیب دی جائے بشرطیکہ توبہ سے پہلے یہ امر ظاہر ہو جاوے اور اگر لڑائی کی اور مال بھی لے لیا اور قتل نہیں کیا تو اُس کا ہاتھ اور پاؤں بالمقابل کاٹے جائیں بشرطیکہ توبہ سے پہلے ظاہر ہو جاوے اور اگر لڑائی کرے اور شہر میں خوف پیدا کرے تو اُس کو جلاوطن کیا جاوے۔ دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۶ صفحہ ۱۲۲ +

(۲) اور پھر قتادہ نے صلیب کی تشریح و حقیقت یوں فرمائی ہے +

حَدَّثَنَا بِشْرٌ قَالَ ثَنَا يَزِيدُ قَالَ ثَنَا سَعِيدٌ
عَنْ قَتَادَةَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ قَوْلِهٖ اِنَّمَا
جَزَاءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
اِلٰى قَوْلِهٖ اَوْ يُنْفَوْا فِي الْاَرْضِ حُدُوْدٌ
اَرْبَعَةٌ اَنْزَلَهُ اللّٰهُ فَاَمَّا مَنْ اَصَابَ
الدَّمَ وَالْمَالَ جَمِيْعًا صُلِبَ وَاَمَّا مَنْ اَصَابَ
الدَّمَ وَكُفَّ عَنِ الْمَالِ قُتِلَ وَمَنْ
اَصَابَ الْمَالَ وَكَفَّ عَنِ الدَّمِ قُطِعَ
وَمَنْ لَّمْ يُصِبْ شَيْئًا مِنْ هٰذَا نُفِيَ

بشر نے ہمارے پاس اُن کے پاس یزید نے اُن کے پاس سعید نے اُن کے پاس قتادہ نے بیان کیا کہ وہ فرماتے تھے کہ اِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَ اِلٰى قَوْلِهٖ اَوْ يُنْفَوْا فِي الْاَرْضِ کے بارے میں چار حدیں ہیں جو اللہ نے نازل فرمائیں ایک تو یہ کہ جس نے خون گرایا اور مال لوٹ لیا اُن کو صلیب دی جاوے اور جس نے خون گرایا مگر مال نہیں لیا اُس کو قتل کیا جاوے اور جس نے مال لیا اور خون نہیں گرایا تو اُس کے ہاتھ پاؤں قطع کئے جاویں اور جس نے ان میں سے کوئی بات بھی نہیں کی تو اُس کے لئے جلاوطنی چاہیے + دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۶ صفحہ ۱۲۳ +

(۳) حضرت حسن بصری صلیب کے معنے یوں کرتے ہیں :-

حَدَّثَنَا هُنَّادٌ وَقَالَ ثَنَا حَفْصُ ابْنُ غِيَاثٍ
عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الْحَسَنِ اِنَّمَا يُحَارِبُوْنَ
اللّٰهَ اِلٰى اٰخِرِهٖ وَعِنْدَنَا تَاْوِيْلُ مَنْ
اَوْجَبَ عَلَى الْمُحَارِبِ مِنَ الْعُقُوْبَةِ عَلٰى قَدْرِ اِسْتِحْقَاقِهٖ
وَجَعَلَ الْحُكْمَ عَلَى الْمُحَارِبِيْنَ مُخْتَلِفًا بِاخْتِلَافِ اَفْعَالِهِمْ
فَاَوْجَبَ عَلَى الْمُخِيْفِ السَّبِيْلَ مِنْهُمْ اِذَا قَدَرَ عَلَيْهِ قَبْلَ التَّوْبَةِ
وَقَبْلَ اَخْذِ مَالٍ وَّقَتْلِ النَّفْسِ الْقَتْلَ بِالنَّفْسِ مِنَ
الْاَرْضِ وَاِذَا قُدِرَ عَلَيْهِ بَعْدَ اَخْذِ
الْمَالِ وَقَتْلِ النَّفْسِ الْمُحَرَّمِ قَتْلُهَا الصَّلْبَ

ابن جریر کہتے ہیں کہ ہمارے پاس ہناد نے اُن کے پاس حفص بن غیاث نے۔ اُن کے پاس عاصم نے حسن بصری سے روایت کی کہ اِنَّمَا يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ اِلٰى آخِرِهٖ کے متعلق فرمایا کہ ہمارے نزدیک اسکی حقیقت یہ ہے کہ لوگوں کو ہم چاہیے کہ محارب یعنی لڑائی کرنیوالے پر حسب استحقاق جرم عذاب قائم کیا جاوے یعنے جس طرح اُس کے افعال میں اختلاف ہے اُسی طرح سزا بھی مختلف ہونی چاہیے پس جو شخص کہ رستہ مارتا ہے اور لوگوں کو ہراسان کرتا ہے اُسکو توبہ سے پہلے اگر اُس نے مال نہ لیا ہو اور نہ قتل کیا ہو جلاوطنی چاہیے اور اگر مال لیا اور کسی جان کو قتل بھی کیا جس کا قتل کرنا واجب تھا تو اُسکو توبہ سے پہلے قتل صلیب کی سزا دیجاوے۔ دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۶ صفحہ ۱۲۴ +

سب سے بڑھکر خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سے صلیب کے معنے کیسے عمدہ اور واضح طور سے کھلتے ہیں۔ وہ حدیث وہ ہے جو انس بن مالک سے روایت کی گئی ہے +

(۴) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ أَنَّ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ كَتَبَ إِلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَسْأَلُهُ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ فَكَتَبَ إِلَيْهِ أَنَسٌ يُخْبِرُهُ أَنَّ هٰذِهِ الْآيَةَ نَزَلَتْ فِي أُولٰئِكَ النَّفَرِ الْعُرَنِيِّينَ وَهُمْ مِنْ بُجَيْلَةَ قَالَ أَنَسٌ فَارْتَدُّوا عَنِ الْإِسْلَامِ وَقَتَلُوا الرَّاعِيَ وَسَاقُوا الْإِبِلَ وَأَخَافُوا السَّبِيلَ وَأَصَابُوا الْفَرْجَ الْحَرَامَ قَالَ أَنَسٌ فَسَأَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الْقَضَاءِ فِيمَنْ حَارَبَ فَقَالَ مَنْ سَرَقَ وَأَخَافَ السَّبِيلَ فَاقْطَعْ يَدَهُ بِسَرِقَتِهِ وَرِجْلَهُ بِإِخَافَتِهِ وَمَنْ قَتَلَ فَاقْتُلْهُ وَمَنْ قَتَلَ فَأَخَافَ السَّبِيلَ وَاسْتَحَلَّ الْفَرْجَ الْحَرَامَ فَاصْلُبْهُ إِلَى آخِرِهِ +

ابن جریر بیان کرتا ہے کہ میرے پاس علی بن سہل نے اُس کے پاس ولید بن مسلم نے اُن کے پاس ابن لہیعہ نے اُن کے پاس یزید بن ابی حبیب نے بیان کیا کہ عبدالملک بن مروان نے انس بن مالک کو ایک خط لکھا اور اس آیت منذکرہ بالا کی نسبت پوچھ بھیجا کہ اسکا کیا مطلب ہے۔ اس پر انس بن مالک نے اُن کو لکھا کہ یہ آیت بجیلہ کے دو کس عربیوں کے بارہ میں نازل ہوئی کیونکہ وہ مرتد ہو گئے تھے اور ایک چرواہے کو قتل کر دیا تھا اور اونٹوں کو ہانک کر چلے گئے تھے اور راہزنی بھی کی اور زنا بھی کیا بھی ہے۔ انس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام سے اُس کے متعلق کہ جو لڑائی کرے فیصلہ پوچھا تو جبرئیل نے کہا کہ جو چوری کرے اور راہزنی کرے اُس کے ہاتھ اور پاؤں کاٹو۔ اور جو قتل کرے اُس کو قتل ہی کرو اور جو قتل کرے اور راہزنی اور زنا کرے اُس کو صلیب دو۔ دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۶ صفحہ ۱۲۵ +

(۵) صلیب کے معنے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں دیکھو حدیث ذیل :-

أَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ عَمْرِو الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ

امام نسائی نے روایت بیان کی ہے کہ اُن کے پاس عباس بن محمد الدوری نے اُن کے پاس ابو عامر عقدی نے اُن کے پاس ابراہیم بن

عُمَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاَحْدٰى ثَلَاثٍ خَتَّالٍ يَزْنِيْ مُحْصَنٌ يُرْجَمُ اَوْ رَجُلٌ قَتَلَ رَجُلًا مُتَعَمِّدًا فَيُقْتَلُ اَوْ رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنَ الْاِسْلَامِ يُحَارِبُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَرَسُوْلَهٗ فَيُقْتَلُ اَوْ يُصْلَبُ اَوْ يُنْفٰى مِنَ الْاَرْضِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ +

طہمان نے اُن سے پاس عبدالعزیز بن رفیع نے اُن کے پاس عبید بن عمیر نے اُن کے پاس عائشہ صدیقہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان آدمی کا خون بہانا حلال نہیں مگر تین صورتوں میں سے کسی ایک حالت سے۔ ایک تو زانی جو کسی بیاہی عورت سے زنا کرے۔ اُسکو رجم یعنے سنگسار کیا جائے اور ایک وہ شخص جو کسی کو جان بوجھ کر قتل کرے اُسکو قتل کیا جائے۔ اور ایک وہ شخص جو اسلام سے مرتد ہو جائے اور اور خدا اور رسول سے جنگ کرے اُس کو قتل کیا جائے یا صلیب کی موت مارا جائے یا ملک بدر کیا جائے دیکھو نسائی جلد ۲ صفحہ ۱۶۹ +

کنز وغیرہ میں ہے کہ اگر کوئی شخص راہزنی اور قتل دونوں جرموں کا مرتکب ہو۔ تو اسکو تین روز تک زندہ صلیب پر لٹکا کر اُسکا پیٹ نیزہ سے چاک کیا جاوے تاکہ مرجاوے۔ اور یہاں ظاہر ہے کہ مسیح کو قتل بھی نہیں کیا گیا۔ اور نہ صلیب پر حسب رواج چند روز تک بھوکا رکھا گیا تاکہ بھوک پیاس کی شدت سے مرجائے۔ اور نہ ہڈی توڑی گئی کہ جس سے صلیب کی جو اصل منشا اور غرض تھی پوری ہوتی

لغت عرب اور لفظ صلیب

احادیث اور آثار صحابہ و تابعین کے اقوال سے بخوبی ثابت ہو چکا ہے کہ صلیبی موت تمام دیگر سزاؤں سے سخت ترین سزا تھی جسکا لازمہ سخت ذلت اور دکھ کی موت تھی۔ اب ہم ذیل میں لغت عرب سے صلیب کے معنے دکھاتے ہیں

اَلصَّلْبُ۔ اَلْقَتْلَةُ الْمَعْرُوْفَةُ۔ صلب کے معنے قتل معروف ہے دیکھو لسان العرب و تاج العروس وغیرہ پھر کہنا کہ صلیب کے معنے لکڑی پر چڑھانے کے کرتے ہیں حالانکہ لغت عرب و احادیث و آثار صحابہ و اقوال تابعین و عملدرآمد قوم یہود سے صاف ظاہر ہے کہ وہ اُس قتل سے مراد لیتے ہیں جس میں سخت تکالیف ہوتی ہیں اور کہیں بھی ثابت نہیں کہ صرف لٹکا دینے کو صلیب

کہتے ہیں +

اور پھر جب تواریخ سے اور تواتر قومی و لغتِ عرب سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ یہود اور عیسائی صلیبی موت کو لعنتی موت کہتے ہیں اور اُس کا مفہوم بجز لعنت اور کچھ نہیں سمجھتے چنانچہ یہودی شریعت میں بموجب توریت کتاب استثنا باب ۲۴۔ ورس ۱۴ و کتاب استثنا باب ۱۳ ورس ۶۔ لغایت ۹ ملحد و مرتد و کافر کی سزا قتل اور سنگسار ہوتی ہے۔ اس لئے علماء یہود نے جو مسیح کو ملحد اور کافر سمجھتے تھے مستقل ارادہ کر لیا تھا کہ اسے قتل کیا جائے چنانچہ اسکی تصدیق انجیل یوحنا باب ۱۹ ورس ۶۵ سے ہوتی ہے لیکن چونکہ اُس وقت سلطنت رومیوں کی تھی اور وہ یہودی شریعت سے مرتد ہونے کے جرم میں کسی کو سنگسار نہیں کر سکتے تھے اس لئے یہودیوں نے مسیح پر بادشاہِ وقت سے باغی ہونے کی تہمت لگائی۔ اور پلاطوس سے کہا کہ وہ اپنے تئیں یہودیوں کا بادشاہ کہتا ہے۔ اور قیصر کے خراج دینے سے لوگوں کو منع کرتا ہے اور یہ اس لئے تجویز کی کہ جرمِ بغاوت کی سزا صلیب پر چڑھا کر مار ڈالنا تھی۔ اس لئے یہودیوں نے پلاطوس حاکمِ وقت کو درخواست کی کہ وہ اُسے صلیب پر چڑھائے اس بات کو خوب مدنظر رکھا جائے کہ صلیب پر چڑھانے سے انسان مر نہیں سکتا۔ بلکہ ہاتھ پاؤں کے چھیدوں اور بہت دنوں تک صلیب پر رہنے اور بھوک پیاس اور دھوپ کے صدمہ سے انسان مصلوب مرجاتا یا بالآخر ہڈی توڑے جانے سے مارا جاتا اس کی تصدیق طیطوس کی شہادت سے جو کتاب سطبری کان کے صفحہ ۱۱۱ میں مندرج ہے اور از جبیر کی شہادت سے جو تفسیر انجیل متی مطبوعہ گوسیگارڈن کے صفحہ ۶۳ میں ہے۔ اور از فسطریان کی کتاب کے صفحہ ۲۹۰ سے جو حضرت مسیح کے حالات میں لکھی گئی ہے۔ اور یوسی بیس کی تاریخ کلیسیا کے صفحہ ۲۹۱ سے بخوبی ہوتی ہے۔ ہم ابھی دکھا چکے ہیں۔ کہ وہ لکڑی پر لٹکا کر ہاتھوں میں میخیں لگاتے اور کئی روز تک بھوکا پیاسا چھوڑتے اور اگر اس طرح مرجاتا تو فبہا والا وہ ہڈی توڑ کر مار ڈالتے۔ چنانچہ تم نے پچھلی فصل میں دیکھ لیا ہے کہ دو چوروں کی ہڈیاں توڑی گئیں۔ مگر مسیح کو خدا تعالیٰ نے ان باتوں سے بچا لیا۔ وَمَا صَلَبُوْهُ سے صلیب پر چڑھانے کی نفی نہیں۔ ایسا سمجھنا قلتِ تدبر و عدمِ واقفیت پر مبنی ہے۔ ورنہ ہرگز کوئی اہلِ علم جس کو قومی رواج قومی رسومات کی خبر ہو وہ ہرگز ایسا زبان پر نہیں لا سکتا صلیب کی

نفی تب ہی ہو سکتی ہے۔ جب صلیبی کارروائی اپنے تمام پہلوؤں کے ساتھ عمل میں آئی ہو۔ جب مسیح صلیب کے مکمل مفہوم و منشار کے نیچے نہیں آئے۔ تو پھر کیونکر سمجھا سکتا کہ وہ صلیب دیئے گئے۔ اور خود قرآن شریف اِس کی تصدیق کرتا ہے چنانچہ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ میں قتل اور صلیبی موت کی نفی فرماتا ہے۔ اور پھر آخر میں جاکر فرماتا ہے وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا یعنے کسی صورت کی قتل واقع نہیں ہے اور صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اس جگہ صرف وَمَا قَتَلُوْهُ بولنا اور وَمَا صَلَبُوْهُ کا ذکر نہ کرنا اس امر پر دال ہے۔ کہ صلیب پر تو چڑھائے گئے مگر صلیبی قتل واقع نہیں ہوئی بلکہ ہم بخوبی دکھلا چکے ہیں کہ قتل سے سخت تر قتل صلیب کی سزا ہے کیونکہ علاوہ دیگر تکالیف کے قتل بھی ضرور واقع ہوتی ہے ورنہ صلیب کا مفہوم ہی غلط ہوتا ہے جو لوگ صلیب کے معنے صرف لکڑی پر چڑھنا لیتے ہیں وہ صلیب کے معنوں سے محض ناواقف ہیں۔ اور پھر واضح کرنے کے لئے بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ فرما دیا تاکہ ناظرین کو تسلی ہو جائے کہ وہ لعنتی موت سے نہیں مرا۔ بلکہ اُس موت سے مرا جس سے مومن اور اللہ کے پیارے مرنے کے بعد قرب کے مقام پر پہنچتے ہیں۔ جیسے قرآن شریف کی اس آیت سے واضح ہے۔ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ یعنے اے نفسِ مطمئنہ اپنے رب کی طرف آجا۔ اور تو اُس سے اور وہ تجھ سے راضی ہے اور میرے بندوں میں داخل ہو کر بہشتی زندگی بسر کر۔ اس آیت سے ظاہر ہے کہ ہر مومن کو اللہ تعالیٰ کی طرف جانے کا حکم ہے۔ اب مسیح بھی ایک اعلیٰ درجہ کا مومن ہے کیا وہ اس آیت سے باہر رہ سکتا ہے ہرگز نہیں۔ بلکہ وہ اولوالعزم پیغمبر ہے۔ وہ تو بدرجہ اولیٰ اسکا مصداق ہو سکتا ہے۔ اور تم پیچھے لغتِ عرب سے معلوم کر چکے ہو کہ جہاں لفظ رفع آتا ہے اور اُس کے ساتھ اِلیٰ کا صلہ ہوتا ہے تو معنے قرب کے ہوتے ہیں۔ پس صاف ظاہر ہے کہ صلیب پر چڑھانے کی نفی نہیں۔ بلکہ صلیب کے مفہوم کی نفی ہے پھر کس منہ سے علما کہدیتے ہیں کہ وَمَا صَلَبُوْهُ کے معنے صرف لکڑی پر لٹکانا ہے جسکی نہ لغتِ عرب اور نہ اُس قوم کا رواج تائید کرتا ہے۔ جس کے اندر صلیب کا دستور تھا +

بارھویں فصل

اِس بارہ میں کہ کیا مسیح کے سوا کسی اور شخص کا مشابہ بالمسیح ہونا ثابت ہے

اور یہ جو بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ ایک اور شخص مسیح کی صورت میں مشابہ ہو گیا تھا۔ وہی صلیب دیا گیا۔ تو یہ بات بدلایل ذیل غلط اور دور از قیاس ہے +

۱۔ اول اس کی نسبت اختلاف کثیر ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ اگر یقینی بات ہوتی تو کیوں اسقدر اختلاف ہوتا۔ چنانچہ تفسیر بحر محیط کی جلد ۳ صفحہ ۳۹۰ پر لکھا ہے +

وَقَدِ اخْتُلِفَ فِيمَنْ أُلْقِيَ عَلَيْهِ الشَّبَهُ اخْتِلَافًا كَثِيرًا فَقِيلَ الْيَهُودِيُّ الَّذِي دَلَّ عَلَيْهِ وَقِيلَ خَلِيفَةُ قَيْصَرَ الَّذِي كَانَ مَحْبُوسًا عِنْدَهُ - وَقِيلَ وَاحِدٌ مِنَ الْيَهُودِ وَقِيلَ رَجُلٌ دَخَلَ لِيَقْتُلَهُ وَقِيلَ نَقِيبٌ وَكَّلَتْهُ الْيَهُودُ وَقِيلَ أُلْقِيَ الشَّبَهُ عَلَى كُلِّ الْحَوَارِيِّينَ وَقِيلَ أُلْقِيَ الشَّبَهُ عَلَى الْوَجْهِ دُونَ الْبَدَنِ +

اور القا شبہ کی نسبت بہت ہی اختلاف ہے بعض کہتے ہیں وہ یہودی تھا جو اسکے پکڑوانے کے لئے گیا تھا بعض کہتے ہیں کہ وہ قیصر کا خلیفہ تھا جو اُس کے پاس قید تھا بعض کہتے ہیں کوئی ایک یہودی تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ ایک شخص تھا جو اُس کے قتل کے لئے اندر گیا تھا اور ایک شخص نقیب تھا جسکو یہودیوں نے مقرر کیا تھا اور بعض کہتے ہیں کہ تمام حواریوں پر القا شبہ ڈالا گیا تھا اور بعض کہتے ہیں کہ تمام بدن پر نہیں بلکہ صرف منہ پر شبیہ ڈالی گئی تھی +

(۲) قومی تواتر اس کے مخالف ہے۔ یعنے یہود اور نصاریٰ کی دو زبردست قومیں اس بات پر متفق ہیں کہ خود مسیح بن مریم ہی کو صلیب پر لٹکایا گیا تاکہ سخت ترین سزا یعنے دردناک موت کا مزہ چکھے

(۳) مریم عیسیٰ اس کی تکذیب کرتی ہے۔ اگر مسیح کو زخم نہیں آئے تھے تو پھر اس مرہم کا وجود کہاں سے آگیا۔ حالانکہ طب کی کوئی کتاب اس سے خالی نہیں۔ حتیٰ کہ یہودیوں۔ مجوسیوں۔

انگریزوں۔ یونانیوں اور عربوں اور فارسیوں اور ہندیوں کی کتابوں میں بھی اسکا تذکرہ ہے+
(۴) وہ شخص جو صلیب پر لٹکایا گیا۔ مدت تک زندہ پھرتا رہا۔ جیسے ہم پچھلی فصل میں دکھا چکے ہیں+
(۵) اگر وہ مسیح نہیں تھا تو پھر وہ اپنے حواریوں کو انجیل کی تبلیغ کی کیوں تاکید کرتا رہا۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۸۔ ورس ۱۹ جس میں لکھا ہے "اس لئے تم جاکر سب قوموں کو شاگرد کرو" اور انجیل مرقس باب ۱۶ ورس ۱۵ میں ہے "اور اُس نے اُنہیں کہا کہ تم تمام دُنیا میں جاکے ہر ایک مخلوق کے سامنے انجیل کی منادی کرو" اور انجیل یوحنا باب ۲۱ ورس ۱۵ میں ہے "اور جب وے کھانا کھا چکے تو یسوع نے شمعون پطرس کو کہا اے شمعون یونس کے بیٹے کیا تو مجھے ان سے زیادہ پیار کرتا ہے۔ اُس نے اُسے کہا کہ میرے برّے چرا" یعنے میری اُمت کو تبلیغ احکام الٰہی کر جسکی پوری تصدیق کتاب کرو سی فکشن سے ہوتی ہے کہ خود مسیح ہی پر ساری مصیبت آئی اور وہی حواریوں کو منادی کی وصیت بڑے دردمند دل سے کرتا رہا۔ چنانچہ پچھلی فصل میں لکھا گیا ہے۔ اگر وہ مسیح نہیں تھا تو اس قدر تاکید کیوں کرتا تھا+
(۶) اگر وہ مسیح نہیں تھا تو پھر کس طرح کہتا تھا کہ ضرور ہے کہ سب کچھ موسیٰ کی توریت اور نبیوں کے نوشتوں اور زبوروں میں جو میری بابت لکھا ہے وہ پورا ہو۔ دیکھو انجیل لوقا باب ۲۴ ورس ۴۴۔ اور اس پیشگوئی کی تصدیق انجیل متی باب ۱۶ ورس ۲۱۔ اور باب ۱۷ ورس ۲۳ اور باب ۲۰ ورس ۱۸ اور انجیل مرقس باب ۸ ورس ۳۱۔ اور انجیل لوقا باب ۹۔ ورس ۲۲۔ اور باب ۱۸ ورس ۳۱ سے ہوتی ہے۔ جن میں لکھا ہے کہ "ابن آدم بہت سا دکھ اُٹھاوے اور وہ بزرگوں اور سردار کاہنوں اور فقیہوں سے رد کیا جاوے۔ اور مارا جاوے۔ اور تین روز کے بعد جی اُٹھے" +

شبہ کہ انا جیل میں مارا جائے یا قتل کیا جائے لکھا ہے

اگر کوئی یہ شبہ پیش کرے کہ انجیلوں میں مارا جائے یا قتل کیا جائے لکھا ہے۔ اور ساتھ ہی جی اُٹھنا بھی مذکور ہے۔ اسلئے وہ مارا گیا اور قتل کیا گیا سو واضح ہو کہ اصل بات یہ ہے کہ جس

انسان پر قاتلانہ حملہ کا ارادہ مصمم کیا جائے تو اُسکی نسبت بھی کہا جاتا ہے۔ کہ اُنہوں نے اپنی طرف سے تو قتل کر دیا تھا۔ یہ عام محاورہ ہے جس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ عام بول چال میں ہے کہ کوئی سخت بیماری میں مبتلا ہو کر قریب المرگ ہو جائے۔ اور اُسکی زندگی سے لوگوں کو مایوسی ہو جائے اور وہ بالآخر بفضلِ خدا اچھا بھی ہو جائے تو سوال کے جواب پر وہ یہی کہیگا کہ مر کر پھر زندہ ہوا ہوں ایسا ہی مسیح نے کہا اور یہ بات صحیح بھی ہے کیونکہ یہودیوں نے تو اپنی دانست میں اُس کے مارنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا تھا۔ وہ تو مار ہی چکے تھے۔ اگر خدا کا پوشیدہ ہاتھ مسیح کے بچاؤ کے لئے کام نہ کرتا۔ تو وہ ضرور ہی مر چکا تھا۔ اور تم اُس کے بچاؤ کی صورتیں پچھلی فصل میں بخوبی پڑھ چکے ہو۔ یہاں پر اعادہ کرنے کی ضرورت نہیں +

اسلامی کتابوں سے ثبوت کہ مصلوب مسیح کے سوا کوئی دوسرا آدمی نہیں تھا

اگر کوئی اس بات پر اعتراض کرے کہ اناجیل تو محرف ہیں۔ ان کی تحریر کا کیا اعتبار ہے تو ہم اسلامی تحریریں پیش کرتے ہیں سنو اور خوب غور سے سنو +

(۱) تفسیر بحر المحیط جلد ۳ صفحہ ۳۹۰ زیر آیۃ وَلٰکِنْ شُبِّہَ لَھُمْ لکھا ہے +

اَمَّا اَنْ یُلْقٰی شِبْہُہٗ عَلٰی شَخْصٍ فَلَمْ یَصِحَّ ذٰلِکَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	لیکن یہ بات کہ اُس کی شبیہ دوسرے شخص پر ڈالی گئی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے اور اسی وجہ سے بعض نے
وَلِھٰذَا قَالَ بَعْضُھُمْ اِنْ جَازَ اَنْ یُّقَالَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یُلْقِیْ شِبْہَ اِنْسَانٍ عَلٰی اِنْسَانٍ اٰخَرَ فَھٰذَا یَفْتَحُ بَابَ السَّفْسَطَۃِ +	کہا ہے کہ اگر یہ کہنا جائز ہو کہ اللہ تعالیٰ ایک انسان کی شکل دوسرے انسان کی شکل پر بدل دیتا ہے تو سفسطہ کا دروازہ کھل جائیگا۔

دیکھو تفسیر بحر محیط جلد ۳ صفحہ ۳۹۰ +

(۲) تفسیر جمل جلد اول صفحہ ۵۳۲ میں لکھا ہے قَالَ اَبُوْحَیَّانَ لَمْ نَعْلَمْ کَیْفِیَّۃَ الْقَتْلِ وَلَا مَنْ اُلْقِیَ عَلَیْہِ الشِّبْہُ وَلَمْ یَصِحَّ بِذٰلِکَ مِنْ حَدِیْثٍ یعنے ابوحیان نے کہا کہ نہ تو ہمیں

قتل کی کیفیت معلوم ہے اور نہ اس بات کا علم ہے کہ کوئی شخص مسیح کی صورت بن گیا تھا یہ بات کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں +

(۳) امام ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ وَلٰکِنْ شُبِّہَ لَھُمْ کے متعلق لکھتے ہیں +

هٰذَا مَعْنٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ إِنَّمَا عَنَى اللّٰهُ تَعَالٰى إِنَّ أُولٰئِكَ الْفُسَّاقَ الَّذِيْنَ دَبَّرُوْا هٰذَا الْبَاطِلَ وَتَوَاطَئُوْا عَلَيْهِ هُمْ شَبَّهُوْا عَلٰى مَنْ قَلَّدَهُمْ فَأَخْبَرُوْهُمْ أَنَّهُمْ صَلَبُوْهُ وَقَتَلُوْهُ وَهُمْ كَاذِبُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ عَالِمُوْنَ أَنَّهُمْ كَذَبَةٌ وَلَوْ أَمْكَنَ أَنْ يُّشَبَّهَ ذٰلِكَ عَلٰى ذِيْ حَاسَّةٍ سَلِيْمَةٍ لَبَطَلَتِ النُّبُوَّاتُ كُلُّهَا إِذْ لَعَلَّهَا شُبِّهَتْ عَلَى الْحَوَاسِّ السَّلِيْمَةِ وَلَوْ أَمْكَنَ ذٰلِكَ لَبَطَلَتِ الْحَقَائِقُ كُلُّهَا +

خدا تعالیٰ کے قول وَلٰکِنْ شُبِّہَ لَھُمْ کے معنے یہ ہیں کہ وہ فاسق لوگ جنہوں نے یہ جھوٹ بنالیا اور وہ اُس پر جم بیٹھے اور جنہوں نے اپنے مقلدوں کو شبہ میں ڈالا اور اُن کو خبر دی کہ اُنہوں نے اُس کو صلیب دی اور مار ڈالا جھوٹے ہیں اور اُن کو علم بھی ہے کہ وہ جھوٹے ہیں اور اگر ممکن ہوتا کہ صاحب حس سلیم کسی کی شبیہ بن سکتا ہے تو پھر کل نبوتیں باطل ہو جائیں جبکہ حواس سلیمہ ہی بدل گئے۔ اور اگر یہ امر ممکن ہوتا تو کل حقائق ہی باطل ہو جاتے +

دیکھو کتاب الفصل فی الملل والاہواء والنحل لامام ابی محمد علی بن احمد بن حزم الظاہری جلد اوّل صفحہ ۵۹ +

(۴) اوّل۔ امام فخر الدین رازی اپنی تفسیر کبیر کے جلد ۲ صفحہ ۶۹۲ میں لکھتے ہیں :-

إِنَّ النَّصَارٰى عَلٰى كَثْرَتِهِمْ فِيْ مَشَارِقِ الْأَرْضِ وَمَغَارِبِهَا وَشِدَّةِ مَحَبَّتِهِمْ لِلْمَسِيْحِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَغُلُوِّهِمْ فِيْ أَمْرِهٖ أَخْبَرُوْا أَنَّهُمْ شَاهَدُوْهُ مَقْتُوْلًا مَصْلُوْبًا فَلَوْ أَنْكَرْنَا ذٰلِكَ كَانَ طَعْنًا فِيْمَا ثَبَتَ بِالتَّوَاتُرِ وَالطَّعْنُ فِي التَّوَاتُرِ يُوْجِبُ الطَّعْنَ فِيْ نُبُوَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنُبُوَّةِ عِيْسٰى بَلْ وَجُوْدِهِمَا وَوُجُوْدِ سَائِرِ الْأَنْبِيَاءِ

نصاریٰ اِس کثرت سے ہیں کہ وہ تمام مشرق اور مغرب میں پھیلے ہوئے ہیں۔ اور اُن کو مسیح سے اشد درجہ محبت اور غلو ہے۔ وہ خبر دیتے ہیں کہ اُنہوں نے اُس کو مقتول و مصلوب دیکھا۔ اور اگر ہم اس کا انکار کریں تو تواتر کا انکار ہے جو پایۂ ثبوت کو پہنچ چکا ہے اور تواتر میں طعن کرنے سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت میں

عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ | طعن لازم آتا ہے بلکہ ان دونوں مرسلوں اور
کل انبیاء علیہم السلام کے وجود باجود پر طعن واجب آتا ہے +

دوم - پھر امام موصوف اُسی صفحہ پر فرماتے ہیں +

اَنَّهٗ ثَبَتَ بِالتَّوَاتُرِ اَنَّ الْمَصْلُوْبَ بَقِيَ حَيًّا زَمَانًا طَوِيْلًا فَلَوْ لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ عِيْسٰى بَلْ كَانَ غَيْرَهٗ لَاَظْهَرَ الْجَزَعَ وَقَالَ اِنِّيْ لَسْتُ بِعِيْسٰى بَلْ اِنَّمَا اَنَا غَيْرُهٗ +

یعنے بتحقیق یہ بات تواتر سے ثابت ہو چکی ہے کہ مصلوب ایک دراز زمانہ تک زندہ رہا۔ اگر وہ عیسیٰ علیہ السلام نہیں تھے۔ بلکہ کوئی اور تھا تو ضرور وہ جزع فزع کرتا۔ اور کہتا کہ میں عیسیٰ نہیں ہوں بلکہ فلاں شخص ہوں +

سوم - پھر اس کتاب کے صفحہ ۶۹۱ میں لکھتے ہیں +

لَوْ جَوَّزْنَا اِلْقَاءَ شِبْهِ اِنْسَانٍ عَلٰى اِنْسَانٍ اٰخَرَ لَزِمَ السَّفْسَطَةُ فَاِنِّيْ اِذَا رَاَيْتُ وَلَدِيْ ثُمَّ رَاَيْتُ ثَانِيًا فَحِيْنَئِذٍ اُجَوِّزُ اَنْ يَّكُوْنَ هٰذَا الَّذِيْ رَاَيْتُهٗ ثَانِيًا لَيْسَ بِوَلَدِيْ بَلْ هُوَ اِنْسَانٌ اُلْقِيَ شِبْهُهٗ عَلَيْهِ وَحِيْنَئِذٍ يَرْتَفِعُ الْاَمَانُ عَنِ الْمَحْسُوْسَاتِ وَاَيْضًا فَالصَّحَابَةُ الَّذِيْنَ رَاَوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُهُمْ وَيَنْهَاهُمْ وَجَبَ اَنْ لَّا يَعْرِفُوْا اَنَّهٗ مُحَمَّدٌ لِاحْتِمَالِ اَنَّهٗ اُلْقِيَ شِبْهُهٗ عَلٰى غَيْرِهٖ وَذٰلِكَ يُفْضِيْ اِلٰى سُقُوْطِ الشَّرَائِعِ +

اگر ہم ایک انسان کا دوسرے انسان کے ساتھ تبدیلی صورت کا جواز اختیار کرلیں تو پھر سفسطہ لازم آتا ہے کیونکہ اگر میں ایک دفعہ اپنے بیٹے کو دیکھوں۔ اور پھر دوسری دفعہ کبھی دیکھوں۔ اور اُس وقت میں اس بات کے یقین کرنے کو گوارا کرلوں کہ جسکو میں نے دوسری دفعہ دیکھا ہے وہ میرا بیٹا نہیں بلکہ کوئی اور انسان ہے جو میرے بیٹے سے متشکل ہو گیا ہے۔ اگر میں ایسا کروں تو پھر محسوسات سے امان اُٹھ جائیگا۔ ایسا ہی اگر صحابہ جنہوں نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ انکو امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرتے ہیں۔ یہ سمجھ لیتے اور کہتے کہ یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہے۔ کیونکہ احتمال ہے کہ کوئی اور شخص ہے جو اُن کی شکل سے متشکل ہو گیا ہے۔ تو اس طرح تمام شریعتیں مفقود ہو جاتیں +

چہارم - وہی امام آگے فرماتے ہیں +

اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى كَانَ قَدْ اَمَرَ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِاَنْ يَّكُوْنَ مَعَهٗ فِيْ اَكْثَرِ الْاَحْوَالِ

اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام کو حکم دے رکھا تھا کہ وہ مسیح علیہ السلام کے ساتھ اکثر حالات

هٰكَذَا قَالَ الْمُفَسِّرُوْنَ فِيْ تَفْسِيْرِ قَوْلِهٖ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ثُمَّ اِنْ طَرَفَ جَنَاحٍ وَاحِدٍ مِنْ اَجْنِحَةِ جِبْرَائِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ يَكْفِي الْعَالَمَ مِنَ الْبَشَرِ فَكَيْفَ لَمْ يَكْفِ فِيْ مَنْعِ اُولٰئِكَ الْيَهُوْدِ عَنْهُ

میں ساتھ رہے۔ اور مفسرین نے اِذْ اَیَّدْتُّکَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ کی تفسیر میں ایسا ہی لکھا ہے۔ اور یہ تو ظاہر ہے کہ حضرت جبرئیل کا ایک بازو تمام عالم کے لئے مکتفی ہو سکتا ہے۔ تو پھر کس طرح مسیح علیہ السلام یہودیوں کے دست برد سے نہ بچا

پنجم۔ وہ فرماتے ہیں

اَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا كَانَ قَادِرًا عَلٰى اِحْيَاءِ الْمَوْتٰى وَاِبْرَاءِ الْاَكْمَهِ وَالْاَبْرَصِ فَكَيْفَ لَمْ يَقْدِرْ عَلٰى اِمَاتَةِ اُولٰئِكَ الْيَهُوْدِ الَّذِيْنَ قَصَدُوْهُ بِالسُّوْءِ وَعَلٰى اَسْقَامِهِمْ وَاِلْقَاءِ الزَّمَانَةِ وَالْفَلْجِ عَلَيْهِمْ حَتّٰى يَصِيْرُوْا عَاجِزِيْنَ عَنِ التَّعَرُّضِ لَهٗ

جب عیسےٰ علیہ السلام مردوں کے زندہ کرنے اور اندھوں اور مبروصوں کے اچھے کرنے پر قادر تھے تو کیوں اُن یہودیوں کے مارنے پر قادر نہ ہوئے جنہوں نے اُس سے بدی کرنے کا قصد کر لیا تھا۔ اور کیوں اُن پر بیماریاں اور فالج نہ گرا دیا۔ تاکہ وہ عاجز ہو کر اُس سے درگذر کرتے

ششم۔ اَنَّهٗ تَعَالٰى كَانَ قَادِرًا عَلٰى تَخْلِيْصِهٖ مِنْ اُولٰئِكَ الْاَعْدَاءِ بِاَنْ يَرْفَعَهٗ اِلَى السَّمَاءِ فَمَا الْفَائِدَةُ فِيْ اِلْقَاءِ شِبْهِهٖ عَلٰى غَيْرِهٖ وَهَلْ فِيْهِ اِلَّا اِلْقَاءُ يَكُوْنُ فِي الْقَتْلِ مِنْ غَيْرِ فَائِدَةٍ اِلَيْهِ

اسد تعالیٰ اُن دشمنوں سے بچانے کے لئے اس بات پر قادر تھا کہ اس کو آسمان پر اُٹھا لیتا لیکن ایک دوسرے شخص کو اُس کی صورت میں متشکل کر کے قتل کرانا اس کو کیا فائدہ دیتا تھا +

هفتم۔ اَنَّهٗ اِذَا اُلْقِيَ شِبْهُهٗ عَلٰى غَيْرِهٖ ثُمَّ اَنَّهٗ رُفِعَ بَعْدَ ذٰلِكَ اِلَى السَّمَاءِ فَالْقَوْمُ اعْتَقَدُوْا فِيْهِ اَنَّهٗ هُوَ عِيْسٰى مَعَ اَنَّهٗ مَا كَانَ عِيْسٰى فَهٰذَا كَانَ اِلْقَاءً لَهُمْ فِي الْجَهْلِ وَالتَّلْبِيْسِ وَهٰذَا لَا يَلِيْقُ بِحِكْمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى +

جب ایک غیر آدمی کو مسیح کی صورت میں متشکل کیا گیا۔ اور پھر مسیح اُس کے بعد آسمان پر اُٹھایا گیا۔ تو اُس قوم نے یہ اعتقاد کر لیا کہ وہی شخص عیسےٰ ہے حالانکہ وہ عیسیٰ نہیں تھا۔ اور اس القار کے حقیقی علم سے وہ جاہل اور بے خبر رہے۔ ایسی بات اللہ تعالیٰ کی کامل حکمت کے منافی ہے

مصلوب یقیناً مسیح علیہ السلام تھے

(۱) جب اتنا بڑا معاملہ ہوا تو ضرور چاہیئے تھا کہ اُس شخص کا نام تمام تواریخوں میں درج ہوتا کہ یہ کیسا عجیب معاملہ ہوا کہ ایک شخص کی صورت بالکل مسیح کی صورت ہوگئی تھی۔ مگر دنیا بھر کی تاریخیں ساکت ہیں +

(۲) ابتک کسی مولوی نے نہیں بتایا کہ وہ شخص فلاں خاندان اور فلاں عمر اور فلاں شہر کا رہنے والا تھا +

(۳) اگر وہ مسیح کے حواریوں میں سے تھا۔ تو اُس کے رشتہ دار تو ضرور حاکم وقت کے پاس جاکر فریاد کرتے کہ اسکو کیوں بے قصور سولی پر دیا جاتا ہے یہ مسیح نہیں بلکہ اور شخص ہے

(۴) اگر وہ مسیح نہیں تھا تو حضرت مریم صلیب کے نیچے کیوں آنکر روتی تھی۔ چنانچہ لکھا ہے اِنَّ مَرْیَمَ جَلَسَتْ تَحْتَ ذٰلِكَ الْمَصْلُوْبِ وَبَكَتْ یعنے حضرت مریم اُس مصلوب کے نیچے بیٹھکر روتی رہی دیکھو کروسی فکشن متذکرہ بالا +

(۵) اگر وہ حواری ایسا فدائی تھا کہ اپنی خوشی سے سولی قبول کرتا تھا۔ اور شاید لاوارث بھی ہوگا۔ لیکن جب حکام نے اُس مکان کی چھت کو پھٹا ہوا دیکھا ہوگا تو کیا اُنکو یہ گمان نہوا کہ مسیح تو آسمان پر چلا گیا ہے یہ کوئی اور شخص ہے +

(۶) بقول بعض مفسرین اگر پکڑوانے والا مشابہ بالمسیح ہوگیا تھا۔ تو اُن لوگونکو یہ خیال پیدا نہ ہوا کہ یہ شخص تو بطور خیر خواہی ہمارا حامی تھا۔ ہم اس کو کیوں سولی دیتے ہیں یہ تو ہمارے ساتھ ہی مکان میں داخل ہوا تھا یہ تو فلاں شخص ہے +

(۷) کیا یہ تعجب کی بات نہیں کہ جب اسقدر حواری موجود تھے۔ حتّٰی کہ گلیل سے آئی ہوئی بہت سی عورتیں بھی وہ جانکاہ واقعہ دیکھ رہی تھیں تو کسی نے بھی اس امر کو کہ اگر فی الاصل کوئی اور شخص مشابہ بالمسیح ہوگیا تھا۔ بیان نہیں کیا اور سب نے سکوت کر لیا +

(۸) جب حضرت مریم روتی تھیں۔ تو کسی حواری نے بھی اُن کو تسلی نہ دی۔ کہ آپ کا بیٹا تو آسمان پر چلا گیا ہے۔ یہ تو فلاں شخص ہے۔ آپ کیوں روتی ہیں +

(۹) خود عیسائیوں کی کتابوں سے ثابت ہے کہ وہ شخص جو صلیب پر دیا گیا تھا وہ مسیح علیہ السلام

ہی تھا۔ چنانچہ دی ٹرایل آف جیزز میں لکھا ہے کہ صلیب سے پہلے جب مسیح ایسی حالت میں جبکہ اُس کی پیشانی خون اور خاک سے آلودہ تھی ایک عورت ویرونہ نام کے دروازہ کے پاس سے گذرا تو اُس سے رہا نہ گیا اور وہ دوڑکر اُن کے پاس گئی اور اپنے دامن سے اُس کی پیشانی کو صاف کیا۔ مسیح نے اپنی والدہ کو بھی فوری نگاہ سے دیکھا مگر دوسری عورتوں کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ تم میرے واسطے کیوں روتی ہو اپنے واسطے روؤ کیونکہ ایک وقت آنے والا ہے کہ وہ کہینگی کہ مبارک وہ ہیں جو ویرانوں میں ہیں اور مبارک وہ رحم ہے جو نہیں جنتا اور مبارک ہیں وہ چھاتیاں جو دودھ نہیں دیتیں۔ پہاڑوں کو کہینگی کہ ہم پر ٹوٹ پڑو اور ہمیں ڈھانپ لو۔ دیکھو کتاب مذکور صفحہ ۳۱۷ +

(۱۰) اگر وہ مسیح نہیں تھا تو کیوں یہودی تمسخر کرتے تھے اور کہتے تھے اگر تو یہودیوں کا بادشاہ ہے تو کیوں اپنے آپ کو بچا نہیں سکتا۔ تو تو کہتا تھا کہ میں تین دن میں ہیکل بنا سکتا ہوں تو اپنی جان ہی کو بچالے اور نیچے اُتر آ۔ دیکھو کتاب دی ٹرایل آف جیزز صفحہ ۳۱۷ +

(۱۱) اگر وہ مسیح نہیں تھا تو ایسی پاک کلام کسی دوسرے کے منہ سے کیونکر نکل سکتی تھی سب سے پہلے جو مسیح کی زبان سے الفاظ نکلے یہ تھے۔ اے باپ ان لوگوں کی مغفرت فرما جو مجھے تمسخر کر رہے ہیں وہ مجھے نہیں جانتے کہ میں کون ہوں دیکھو کتاب مذکور صفحہ ۳۱۸ +

(۱۲) اگر وہ مسیح نہ تھا تو وہ یہ دردناک دعا کیوں کرتا "میں لوگوں میں نفرت اور عار کی جگہ ہوں میری خبر لے تو ہی میری پشت پناہ ہے میری مدد کیلئے دوڑ" دیکھو کتاب مذکور صفحہ ۳۱۹ +

غرض اگر مصلوب کو مسیح تسلیم نہ کیا جائے تو قرآن کریم اور احادیث نبویہ اور توریت اور انجیل جھوٹی ثابت ہوتی ہیں۔ خدا پر ظلم اور بزدلی کا الزام عاید ہوتا ہے معاذ اللہ من ذلک اور پھر عقل کے رو سے بڑے بڑے اعتراض واقع ہوتے ہیں۔ لہذا ضروری ماننا پڑتا ہے کہ مصلوب خود مسیح علیہ السلام ہی تھے۔ جنکو اللہ تعالیٰ نے اپنی کامل قدرت سے بچالیا تھا۔ جس کی اصل حقیقت کا انکشاف کرسی فکشن سے ہوتا ہے +

تیرھویں فصل

اِس باب میں کہ تُکَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَھْدِ وَکَھْلًا کے کیا معنے ہیں

اکثر علماءِ زمان اور بعض مفسرین اِس بات کے قائل ہیں کہ آیت مذکورہ بالا سے مسیح کا زندہ ہونا ثابت ہے۔ کیونکہ جب وہ آسمان پر اُٹھائے گئے تھے اُسوقت اُن کی عمر صرف ۳۳ برس کی تھی۔ اور زمانہ کہولت اُن پر صادر نہیں ہوا تھا۔ اور زمانہ کہولت اُن کی لئے ہیں ۴۰ برس کے بعد ہوتا ہے۔ لہذا وہ بالیقین مانتے ہیں کہ وہ کہولت کی حالت میں آنکر گفتگو کرینگے۔ اور یہ بھی اُن کا ایک معجزہ ہوگا۔ کیونکہ جیسے بچپن میں اُنہوں نے گفتگو کی تھی ایسا ہی بعد نزول کہولت میں گفتگو کرینگے۔ ورنہ کہولت کا ذکر کرنا کوئی جدت نہیں اور نہ کوئی عجیب بات ہے۔ لہذا وہ زندہ بجسدہ العنصری آسمان پر ہیں اور وہی تشریف لائیں گے یہ اُن کا دعوی مع دلائل ہے۔ لیکن اگر اُن کو وسعت علم ہوتی یا وہ علم لغت میں کچھ مہارت رکھتے تو اُن کو اس قدر تکلیف گوارا کرنے کی ضرورت نہ ہوتی اور ایسی لایعنی بات منہ پر نہ لاتے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ مسیح کی ہر بات کو خارق عادت ہی دیکھنا پسند کرتے ہیں اور جبتک انسانی عقل و فکر سے بڑھکر کوئی بات نہ ہو۔ تو اُن کی فطرت گوارا ہی نہیں کرسکتی۔ یہ اُن کی سراسر کم عقلی ہے۔ لہذا ہم اِن لوگوں کی بصیرت کے لئے پوری تحقیقات سے اس کے اصلی اور حقیقی معنے دکھلاتے ہیں۔

لفظ کہل اور لغتِ عرب

(۱) تاج العروس جو لغتِ عرب میں ایک بہت بڑی اور مشہور کتاب لغت ہے۔ اُسکی جلد ۸ صفحہ ۵۰۱ میں لکھا ہے۔ اَلْکَھْلُ مِنَ الرِّجَالِ مَنْ وَخَطَهُ الشَّیْبُ اَیْ خَالَطَهُ شَیْبٌ اَوْ مَنْ جَاوَزَ الثَّلَاثِیْنَ آدمیوں میں سے وہ شخص کھل کہلائیگا۔ جس کو بڑھاپا دامنگیر ہو جائے یا جو تیس سال سے متجاوز ہو جائے۔ وَقَالَ ابْنُ الْاَنْبَارِیِّ اَلْکَھْلُ مِنَ

الرِّجَالِ مَنْ زَادَ ثَلَاثِيْنَ سَنَةً اِلَى الْاَرْبَعِيْنَ۔ ابن اثیر کہتا ہے۔ کہل اُس وقت کہلاتا ہے۔ جب تیس سے گذر کر چالیس تک نوبت پہنچے۔ وَقِيْلَ هُوَ مِنْ ثَلَاثٍ وَثَلَاثِيْنَ اِلٰى تَمَامِ الْخَمْسِيْنَ۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے۔ کہ کہل ۳۳۔ برس کا ہوتا ہے۔ اور اُس کا خاتمہ پچاس تک ہوتا ہے۔ وَفِي الْمُحْكَمِ اَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ اِلٰى اِحْدٰى وَخَمْسِيْنَ۔ اور محکم میں ہے ۳۴ سال سے ۵۱ سال تک +

(۲) صحاح جوہری جلد ۲ صفحہ ۲۳۷۔ اَلْكَهْلُ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِيْ جَاوَزَ الثَّلَاثِيْنَ یعنے کہل آدمیوں میں سے وہ ہے جو تیس سال سے متجاوز ہو۔ وَقَالَ ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ يُقَالُ لِلْغُلَامِ مَرَاهِقٌ ثُمَّ مُحْتَلِمٌ ثُمَّ يُقَالُ تَخْرُجُ وَجْهَهُ ثُمَّ اتَّصَلَتْ لِحْيَتُهُ ثُمَّ مُجْتَمِعٌ ثُمَّ كَهْلٌ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَثَلَاثِيْنَ یعنے ابن اعرابی کہتا ہے کہ غلام کو مراہق اور اُس کے بعد وہ محتلم کہلاتا ہے۔ پھر اُس کا منہہ بھرتا ہے۔ پھر اُس کی ڈاڑھی نکلتی ہے۔ پھر اُس کے بعد اُس کو مجتمع کہتے ہیں۔ اس کے بعد وہ کہل کی حالت پر پہنچتا ہے۔ اِس وقت وہ ۳۳ برس کا ہوتا ہے۔ گو اس میں بہت کچھ لکھا ہے مگر اسی پر اکتفا کر کے تفاسیر سے بھی دکھاتے ہیں کہ صرف لغت والوں ہی نے اس کے معنے نہیں کئے۔ بلکہ دیگر علماء کبار نے بھی کہولت ۳۳ سال تک قرار دی ہے +

تفاسیر و کہل

(۱) تفسیر ابن جریر جلد اوّل صفحہ ۱۷۰ پر یوں لکھا ہے +

حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ قَالَ ثَنَا الْحُسَيْنُ قَالَ ثَنِيْ حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ كَلَّمَهُمْ صَغِيْرًا وَكَبِيْرًا وَكَهْلًا وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْكَهْلُ الْحَلِيْمُ +

ابن جریر کہتے ہیں کہ قاسم نے ہمارے پاس اُس کے پاس حسین نے اُس کے پاس حجاج نے اُس کے پاس ابن جریج نے کہا کہ مسیح نے اُن لوگوں سے کلام کیا جو پنگھوڑے میں بھی پڑے ہو کر بھی اور ادھیڑ پن میں بھی اور کہا کہ ابن جریج اور مجاہد نے کہل کے معنے حلیم بتائے ہیں جس سے یہ مراد ہے کہ جب انسان کو خوب جوانی حاصل ہوتی ہے +

(۲) تفسیر تنویر المقیاس جلد اول صفحہ ۴۷ میں زیر آیت وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا

لکھا ہے۔ کَھْلًا۔ بَعْدَ ثَلَاثِیْنَ سَنَۃٍ بِالنُّبُوَّۃِ یعنے تیس سال کی عمر کے بعد جب وہ نبی ہوئے تھے۔ تو اُس وقت وہ کہل تھے

(۳) حاشیہ للقنوی علی البیضاوی جلد ۳ صفحہ ۵۷ زیر آیت یُکَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَھْدِ وَکَھْلًا۔ اَوَّلُ سِنِّ الْکُھُوْلَۃِ ثَلٰثُوْنَ سَنَۃً اَوْ اِثْنَانِ وَثَلٰثُوْنَ اَوْ ثَلٰثٌ وَثَلٰثُوْنَ یعنے کہولت کا پہلا سال تیسواں سال یا بتیسواں یا تیتیسواں سال کہلاتا ہے +

(۴) تفسیر غایۃ البرہان جلد اول زیر آیت بالا لکھا ہے۔ تو کلام کرنے لگا مہد مادر میں قوم مجوس سے اور حالت کہولت میں جو تیس سال سے مابعد سن کی حالت کو کہتے ہیں + کہ جب تیس سال کے ہوئے۔ اور اس کی تائید میں ہے۔ وَاِذْ عَلَّمْتُکَ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ وَالتَّوْرٰیۃَ وَالْاِنْجِیْلَ +

(۵) تفسیر کمالین برحاشیہ جلالین صفحہ ۱۰۸۔ زیر آیت بالا لکھا ہے کَھْلًا۔ اَیْ ثَلٰثٍ وَثَلٰثِیْنَ یعنے ۳۳ سال +

(۶) تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۱۵۹۔ زیر آیت بالا قِیْلَ وَکَھْلًا نَبِیًّا بَشَّرَھَا بِنُبُوَّۃِ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَکَلَامُہٗ فِی الْمَھْدِ مُعْجِزَۃٌ۔ وَفِی الْکُھُوْلَۃِ دَعْوَۃٌ وَقَالَ مُجَاھِدٌ وَکَھْلًا اَیْ حَلِیْمًا کہتے ہیں کہلا کے معنے یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اُس وقت عیسیٰ علیہ السلام کو نبوت کی خوشخبری دی۔ اور اُن کی کلام مہد میں بطور معجزہ تھی۔ اور کہولت میں دعوت بنی اسرائیل۔ اور مجاہد کہتا ہے کہ کہل کے معنے بالغ کے ہیں +

(۷) تفسیر جامع البیان صفحہ ۹ میں زیر آیت وَکَھْلًا بِالنُّبُوَّۃِ یعنے کہولت میں بات کرنا نبوت کے زمانہ سے مراد ہے +

(۸) تفسیر غرائب القرآن جلد ۱ صفحہ ۳۲۲ زیر آیت یُکَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَھْدِ وَکَھْلًا وَالْکَھْلُ فِی اللُّغَۃِ الَّذِیْ اِجْتَمَعَ قُوَّتُہٗ وَکَمُلَ شَبَابُہٗ۔ رُوِیَ اَنَّ عُمُرَہٗ بَلَغَ ثَلٰثًا وَثَلٰثِیْنَ وَلَا رَیْبَ اَنَّ اَکْمَلَ اَحْوَالِ الْاِنْسَانِ مَا بَیْنَ الثَّلٰثِیْنَ وَالْاَرْبَعِیْنَ فَیَکُوْنُ عِیْسٰی قَدْ بَلَغَ سِنَّ الْکُھُوْلَۃِ وَقِیْلَ الْمُرَادُ اَنَّہٗ یُکَلِّمُ النَّاسَ مَرَّۃً وَاحِدَۃً فِی الْمَھْدِ لِاِظْھَارِ طَھَارَۃِ اُمِّہٖ ثُمَّ عِنْدَ الْکُھُوْلَۃِ یَتَکَلَّمُ بِالْوَحْیِ وَبِالنُّبُوَّۃِ۔ یعنے کہل لغت میں اُس شخص پر بولا جاتا ہے۔ جس کی قوت مجتمع اور جس کی جوانی کمال کو

پہنچ جائے۔ روایت کی گئی ہے۔ کہ حضرت مسیح کی عمر ۳۳ برس کو پہنچ گئی تھی۔ اور کچھ شک نہیں کہ انسان کی کمالیت تیس اور چالیس کے درمیان ہوتی ہے۔ پس ہوسکتا ہے کہ حضرت عیسے علیہ السلام ضرور سن کہولت کو پہنچ گئے ہوں۔ اور یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ اس سے یہ مراد ہے کہ انہوں نے ایک دفعہ مہد میں ماں کی بریت کے لئے کلام کی تھی۔ اور پھر وحی اور نبوت کے ساتھ زمانہ کہولت میں تبلیغ احکام کی تھی +

(۹) تفسیر الوجیز صفحہ ۵۳۶ زیر آیت بالا مرویست کہ چوں حضرت عیسے علیہ السلام بعمر سی سال رسید مامور شد برسالت بہ بنی اسرائیل سہ سال دعوت خلق مے فرمود یا وحی رسید بایشاں بعمر سی سالہ و دعوت نمود نہ سہ سال وچند ماہ۔ و زمانہ کہولت از سی سال تا چہل سال است +

روایت ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام تیس سال کی عمر کے ہوئے تو وہ بنی اسرائیل کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے۔ اور تین سال تک خلق خدا کو دعوت کرتے رہے۔ یا یہ کہ تیس سال کی عمر میں اُن کو خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی۔ اور تین سال اور کچھ مہینے لوگوں کو دعوت کرتے رہے۔ اور زمانہ کہولت ۳۰ سے ۴۰ تک ہے +

(۱۰) تفسیر عباسی زیر آیت یُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَبَعْدَ ثَلَاثِينَ سَنَةً بِالنُّبُوَّةِ یعنے کہولت تیس سال کے بعد یعنے زمانہ نبوت میں تھی +

(۱۱) تفسیر روح البیان جلد اول صفحہ ۶۰۷ زیر آیت بالا يُكَلِّمُ كَهْلًا بِالْوَحْيِ وَالنُّبُوَّةِ اور وحی اور نبوت کے ساتھ جب دعوت کرتا تھا۔ اس حالت کو کہولت کہتے ہیں وَالْكَهْلُ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِي جَاوَزَ الثَّلَاثِينَ یعنے آدمیوں میں سے وہ شخص کہل کہلاتا ہے جو تیس سال سے متجاوز ہو +

(۱۲) حاشیہ شیخ احمد صادی مالکی علی جلالین۔ جلد ۱۔ جلد ۱۵۶۔ كَهْلًا۔ اَیْ بَیْنَ الثَّلَاثِیْنَ وَالْاَرْبَعِیْنَ یعنے کہل اُس کو کہتے ہیں جب وہ تیس اور چالیس کے مابین ہو +

(۱۳) تفسیر سراج المنیر۔ جلد اول صفحہ ۲۱۰ زیر آیت فَاَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَيْهِ عَلٰى رَأْسِ ثَلَاثِيْنَ سَنَةً وَكَانَتْ نُبُوَّتُهٗ ثَلٰثَ سِنِيْنَ یعنے کہل کی حالت میں اللہ تعالیٰ نے مسیح کی طرف وحی کی اور اُس وقت تیس سال کے تھے۔ اور اُن کی نبوت کا زمانہ تین سال تھا

(۱۴) تفسیر سراج مواج جلد ۱ صفحہ ۳۵۳ و ۳۵۴ زیر آیت بالا۔ بعد سی سالگی عیسیٰ راوی تبلیغ شرائع شدہ و معنی آیت این است۔ سخن خواہد گفت در زمان طفولیت و سخن گوید باہر دمان در ہنگام کہولت یعنے در حالت کہ کہل شود و در تبلیغ شریعت سخن گوید +

تیس سال کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کو شریعت کے قایم کرنے کے لیئے وحی آئی۔ اور آیت کے معنے یہ ہیں کہ زمانہ بچپن میں وہ گفتگو کریگا اور کہولت کی حالت میں وہ تبلیغ شریعت کے لیئے لوگوں سے کلام کریگا +

(۱۵) تفسیر اکسیر اعظم جلد ۲ صفحہ ۱۴۶۔ زیر آیت بالا مہد میں باتیں کرنا حضرت عیسیٰ کا معجزہ تھا۔ اور چونکہ حضرت عیسیٰ کا کام اُسوقت بھی ہدایت حق تھا۔ اور ہمیشہ کے لیئے اُن کا کلام ہدایت رہا۔ پس بچپن سے بڑھاپے تک باتیں کرتا رہا معنے یہ ہیں کہ ہم نے تجھ کو ایسا ہادی بنایا کہ بچپن سے بڑھاپے تک تو نے ایک سی ہدایت کی۔ پھر آگے چل کر صاحب تفسیر لکھتے ہیں بعض مفسرین نے لفظ (وکہلا) میں تشبیہہ کے معنے سمجھے ہیں۔ اور اُس کو بمعنے کالکھل کہتے ہیں۔ یعنے باتیں کرنا مہد میں۔ اور باتیں کرنے میں تو مثل بوڑھوں کے تھا۔ یعنے بچپن میں تو بچوں کی سی باتیں نہیں کرتا تھا۔ بلکہ ایسی حکمت اور دانائی کی باتیں کرتا تھا جیسے بوڑھے کرتے ہیں +

ہم اسی قدر تفاسیر پر اکتفا کر کے کہتے ہیں۔ کہ لغت عرب و تفاسیر سے صاف صاف عیاں ہے کہ کہولت ۳۰ سال سے شروع ہوتی ہے بلکہ جب انسان بالغ ہو جائے اُس وقت اس کو کہل کہہ سکتے ہیں۔ تو مسیح جب نبی ہوئے تو وہ تیس سال کے ہی تھے۔ اکثر مفسرین اس پر متفق ہیں کہ جب مسیح علیہ السلام تیس سال کے ہوئے تھے۔ اُس وقت اُن کو نبوت عطا ہوئی تھی۔ پس کوئی وجہ نہیں کہ یہ کہیں کہ چونکہ وہ کہل نہیں ہوئے تھے۔ اسواسطے اُنکا دوبارہ آنا ضروری ہے

اس امر کی وجوہات کہ مسیح کا دوبارہ آنا قریباً ناممکن ہے

اگر ہم یہ تسلیم بھی کرلیں کہ مسیح علیہ السلام آسمان پر چلے گئے تو بھی اُنکا دوبارہ آنا بدلائل ذیل قایم نہیں رہ سکتا

(اول) جب اُن کا فوت ہونا قرآن سے اور احادیث سے اور دیگر ذرائع سے ثابت ہوگیا۔ تو پھر آنا کیسا +

(دوم) اگر بالفرض مان لیں کہ وہ نہیں مرے تھے۔ اور بغیر کہولت آسمان پر اُٹھائے گئے

تو پھر زمانہ کے اثر سے وہ اُس عمر کو پہنچ چکے ہونگے جو ارذل العمر سے بھی بدتر ہوگی۔ پھر کہولت کا زمانہ کہاں +

(سوم) اگر زمانہ کا اثر اُن پر نہیں ہوا تو جب وہ تینتیس سال میں جو بزعم علماء ابھی زمانہ کہولت اُن پر نہیں آیا تھا۔ بلکہ زمانہ کہولت چالیس سال سے شروع ہوتا ہے۔ تو پھر وہ ۳۳ ہی سال کے ہوئے اور جب وہ آسمان سے نازل ہونگے تو اُس وقت بھی کہل نہ ہوئے۔ کیونکہ اب تک وہ ۳۳ سال کی عمر کے ہیں تو کیا وہ سات سال تک یعنے چالیس سال یعنے زمانہ کہولت تک پہنچنے کے لئے شیعوں کے مہدی کی طرح کسی غار میں جاکر چھپ رہینگے یا گونگے ہوکر بیٹھ رہینگے۔ تاکہ زمانہ کہولت آجائے۔ کیونکہ بموجب شہادت قرآنی وہ آدمیوں سے کلام نہیں کرسکتے۔ جب تک وہ کہل نہ ہولیں۔ پس اُن کا آسمان سے آنا ہی لاحاصل ہوا +

(چہارم) تمام احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ وہ نازل ہوتے ہی تبلیغ شروع کریں گے اور جب وہ کہل نہیں تو کیونکر تبلیغ کرسکتے ہیں۔ لہذا ماننا پڑیگا۔ کہ یا تو تمام احادیث غلط ہیں یا خود اُن علماء کا خیال فاسد ہے +

(پنجم) قرآن سے ثابت ہے کہ مسیح علیہ السلام دو وقت لوگوں سے کلام کرینگے۔ ایک مہد میں اور دوسرے کہولت میں۔ اور علماء کی رائے میں مسیح علیہ السلام عمر کہولت تک نہیں پہنچے تو ضرور اُنہوں نے زمانہ نبوت میں لوگوں سے کوئی گفتگو نہیں کی ہوگی۔ ورنہ قرآن شریف کی شہادت غلط ٹھہرے گی +

(ششم) تاریخ اور اناجیل مروجہ اور خود قرآن شریف سے ثابت ہے۔ کہ اُنہوں نے لوگوں سے کلام کی۔ تو سا تھ ہی ماننا پڑیگا۔ کہ کہولت کا وہی زمانہ تھا +

(ہفتم) جب یہ ثابت ہوگیا کہ زمانہ کہولت زمانہ نبوت تھا۔ تو پھر اُن علماء کا خیال غلط اور فضول ثابت ہوا۔ جو اب تک قائل ہیں کہ کہل نہیں ہوئے تھے پس یہی صحیح ہے کہ مسیح مرچکا اور اُنکا زمانہ کہولت بھی گذر چکا۔ اب انتظار کرنا بیفائدہ ہے +

(ہشتم) سب سے بڑھکر جب لغت عرب سے ثابت ہے کہ ۳۰ سال سے کہولت شروع ہوتی ہے اور یہ بھی ثابت ہے۔ کہ جب مسیح علیہ السلام مامور ہوئے تھے۔ تو اُس وقت وہ ۳۰ ہی سال کے تھے۔ تو پھر کہولت ہی کے زمانہ میں اُنہوں نے کلام کی۔ پھر کیوں لایعنی حیلے تراشے جاتے ہیں +

باوجود ان تمام وجوہات کے اگر پھر بھی کوئی عالم اپنی بات پر جمارہے تو بجز کوتہ مغزی اور حماقت کے اور کچھ متصور نہیں ہوگا +

چودھویں فصل

اِس باب میں کہ آیت اِنَّہٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَۃِ سے کیا مراد ہے

بعض علماء و بعض مفسرین یہ بھی کہتے ہیں کہ آیت وَاِنَّہٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَۃِ مسیح کے حق میں ہے۔ اور وہ اس کا مفہوم یہ بتاتے ہیں کہ مسیح قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشان ہے۔ بنا بریں وہ مانتے ہیں کہ اُن کا نزول قیامت کے قریب ہوگا۔ لیکن ہمارے نزدیک یہ بات بالکل قابلِ تسلیم نہیں۔ کیونکہ اول تو علم کے معنے نشان کے نہیں۔ اور قرآن شریف میں لفظ علم آیا ہے جسکا فاکلہ کسر سے ہے اور اُس کے معنے جاننے کے ہیں نہ نشان کے۔ اور ضمیر اِنَّہٗ کی جب مسیح کی طرف پھیری جاوے۔ تو مسیح قیامت کا علم قرار پاتا ہے۔ اور آیت وَعِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ظاہر کرتی ہے کہ قیامت کا علم خدا کے ہاں ہے تو پھر مسیح خدا کے پاس ہوئے اور خدا کے پاس وہی ہوتا ہے جو دنیا سے بالکل قطع تعلق کرکے اس بشری لوازمات سے پاک ہوتا ہے جس کا نام موت ہے۔ اور خدا کے پاس صرف مسیح ہی نہیں بلکہ تمام انبیاء اور اولیاء اور صالحین اور کل مومنین بھی ہیں دیکھو آیت اِرْجِعِیْ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبَادِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ پس اس آیت سے علماء مسیح کی حیات مع الجسم عنصری کا کیونکر استدلال لے سکتے ہیں +

پھر ہم جب سورہ زخرف میں نظرِ عمیق سے دیکھتے ہیں تو ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے شروع سورۃ سے قرآن شریف کا منجانب اللہ ہونا ذکر فرمایا ہے۔ اور پھر درمیان میں اور اور نظائر اور قصص بیان کرکے اضمار کو استعمال کیا ہے۔ اور پھر قرآن شریف کا ذکر از سرِ نو کر دیا ہے پس جب اور جگہ ضمیریں قرآن کریم کی طرف پھیری جاتی ہیں تو یہاں اِنَّہٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَۃِ میں بھی قرآن مجید کی طرف کیوں نہ پھیری جائے +

ہمارے پاس اس امر کا ثبوت کہ اِنَّہٗ کی ضمیر کا مرجع قرآن کریم ہے۔ بوجوہات ذیل ہے:۔
سورہ زخرف کے شروع میں اللہ تعالیٰ یوں فرماتا ہے حٰمٓ وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ اِنَّا جَعَلْنٰہُ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ پھر آگے چل کر فرماتا ہے۔ وَاِنَّہٗ فِیْ اُمِّ الْکِتٰبِ لَدَیْنَا لَعَلِیٌّ حَکِیْمٌ۔ صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ قرآن شریف کا ذکر شروع کر کے اُسکی صداقت اور اُس کے منجانب اللہ ہونے کے لئے بہت سے انبیا اور اُنکی کتابوں کے جھٹلانے والوں کی نظیریں پیش کرتا ہے اور کبھی قرآن شریف کو بارش سے نسبت دیکر لوگوں پر ظاہر کرتا ہے۔ کہ جیسے جسمانی بارش سے بڑے بڑے فائدے ہوتے ہیں۔ اسی طرح اب یہ روحانی بارش یعنے قرآن شریف بھی اپنا اثر دُنیا پر ظاہر کرنے کے لئے اُترا ہے۔ یہ بھی فائدہ دئے بغیر نہیں رہیگا اب اس امر کی طرف غور کرنا چاہیئے۔ کہ اول قرآن شریف کا صریح لفظ بول کر دوسری آیت میں ضمیر اِنَّہٗ کی جو آیت وَاِنَّہٗ فِیْ اُمِّ الْکِتٰبِ لَدَیْنَا میں ہے استعمال کی ہے پھر آگے دلائل و نظائر پیش کئے ہیں۔ پھر آیت اَمْ اٰتَیْنٰھُمْ کِتٰبًا مِّنْ قَبْلِہٖ پیش کر کے کفار کو ملزم ٹھہرایا ہے پھر عام منذرین کا ذکر کر کے اُن کے انجام اور اُن کے مخالفوں کے انجام کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اور پھر حضرت ابراہیم کا بالخصوص ذکر فرمایا ہے۔ پھر لیکچر دیتے دیتے اصل بات کی طرف رجوع ہو کر فرمایا ہے۔ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ ھٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْیَتَیْنِ عَظِیْمٍ جس سے صاف صاف نکلتا ہے کہ جس طرح ابتدا ہی سے بنا مضمون قرآن شریف پر اُٹھائی ہے آیت متذکرہ تک اسی سلسلہ کو نبھاتا چلا آیا ہے۔ اور جیسے کوئی فصیح بلیغ لکچرار مضمون کو شروع کر کے اپنی بلاغت تامہ و معلومات وسیعہ کی بنا پر بہت دور دور تک چلا جاتا۔ اور پھر اپنے اصلی مقصد کی طرف آجاتا ہے۔ اِسی طرح قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے سلسلہ جاری رکھا ہے۔ جیسے کہ نفس سورۃ ظاہر کرتی ہے۔ اسکے بعد پھر چلتے چلتے فرماتا ہے وَمَنْ یَّعْشُ عَنْ ذِکْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَیِّضْ لَہٗ شَیْطٰنًا فَھُوَ لَہٗ قَرِیْنٌ۔ پھر درمیان میں اور وعظ شروع کر کے چلتے چلتے فرماتا ہے۔ فَاسْتَمْسِکْ بِالَّذِیْ اُوْحِیَ اِلَیْکَ اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ پھر فرماتا ہے وَاِنَّہٗ لَذِکْرٌ لَّکَ وَلِقَوْمِکَ یعنے قرآن کریم تجھ کو اور تیری قوم کو عظیم الشان انسان بنانے والا ہے۔ پھر اور رسولوں کا ذکر کر کے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خاص کر لیا۔ اور پھر جناب موسیٰ علیہ السلام کی کامیابی اور اُن کے دشمن فرعون کی ناکامی کا ذکر کر کے پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ذکر کو چھوڑ دیا

ہے۔ اور پھر وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ کہکر اُن کے ذکر کو بند کر دیا ہے چلتے چلتے پھر شروع کیا ہے۔ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِی الْاَرْضِ یَخْلُفُوْنَ۔ اور یہاں پر فاصلہ دیکر فرماتا ہے۔ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ۔ یہاں صاف ظاہر ہے کہ اِنَّهٗ کی ضمیر قرآن شریف کی طرف ہے مسیح کا یہاں کوئی ذکر نہیں۔ کیونکہ اُس کے ذکر اور اس آیت کے درمیان فاصلہ ہے۔ اور کوئی تعلق نہیں۔ اور پیچھے ہم دکھاتے آئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ شریف میں یہ روش اختیار کی ہے کہ قرآن کی صداقت اور اُسکی عظمت ثابت کرنے کے لئے قرآن ہی کے لفظ سے شروع کیا ہے۔ اور پھر دیگر انبیا اور اُن کی قوموں کے نتائج کو پیش کر کے قرآن حمید کے منوانے کی کوشش کی ہے اور پھر صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ایک ایسا قرینہ ہے جس سے ضمیر اِنَّهٗ کی قرآن کی طرف راجع ہوتی ہے۔ کیونکہ آیت فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِیْٓ اُوْحِیَ اِلَیْكَ اِنَّكَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ میں صراط مستقیم بیان کیا ہے۔ اور اس آیت زیر بحث میں بھی لفظ صراط مستقیم آیا ہے جس سے بخوبی یہ امر ذہن نشین ہو سکتا ہے کہ جب پہلی آیت میں یہ لفظ قرآن شریف کی طرف ہے تو یہاں بھی اسکا تعلق قرآن شریف ہی سے ہوگا پھر مسیح علیہ السلام سے اسکا کیا تعلق ہو سکتا ہے۔

دوسرے معنے اس کے یہ ہو سکتے ہیں کہ ضمیر اِنَّهٗ کی حضرت عیسےٰ ہی کی طرف پھیری جائے تو موجب قرأت ثانی بجائے زبر کے زبر سے پڑھا جاوے یعنے عَلَمٌ جسکے معنے نشان کے ہوتے ہیں اس صورت میں بھی اُس سے مسیح کی حیات ثابت نہیں ہوتی۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ یہود یوں کے بارہ قبیلے تھے۔ ایک کا نام صدوقی تھا۔ وہ حشر کا قایل نہیں تھا۔ دیکھو انجیل مرقس باب ۱۲ درس ۱۸۔ جب مسیح علیہ السلام آئے تو اللہ تعالیٰ نے اُن کو ملزم کرنے کے لئے بطور حجت پیش کیا کہ اے کمبختو تم تو قیامت کے منکر ہو۔ حالانکہ تم میں ایک قیامت کا نشان موجود ہے۔ وہ کیا وہ یہی عیسیٰ علیہ السلام جو برخلاف عام سنت اللہ کے خارق عادت طور پر بغیر باپ کے پیدا ہوا جس سے صاف مترشح ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قیامت کے منوانے کی ایک دلیل قوم یہود کو پیش کی ہے کہ جب ہم نے بلا باپ مسیح کو تم میں پیدا کیا ہے۔ تو پھر کیا ہم حشر اجساد نہیں کر سکتے۔ ورنہ یہ خیال کرنا کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کو کہا تھا کہ وہ قیامت کے نزدیک پھر آئیگا۔ اس لئے یہ قیامت کا نشان ہے کیسی فضول اور لغو دلیل ہو سکتی ہے۔ جب وہ لوگ اُسوقت موجود ہی

نہیں ہونگے۔ تو ان کو مسیح کا قیامت کے قریب ظاہر ہونا کیا فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ یہ تو ایک ایسی مثال ہے جیسے کہ ایک شخص ایک شخص سے لڑ پڑے۔ اور وہ اپنی کمزوری کی وجہ سے اُس سے روبراہ نہ ہو سکے تو پھر یہ دھمکی دے کہ اچھا دو سو برس کے بعد میرا ایک پرپوتا ہوگا وہ تمہاری خوب ہی خبر لیگا۔ اِس بات کو سُنکر کیا اِس کا حریف ہنسی نہیں اُڑائیگا۔ ضرور اُڑائیگا۔ بلکہ اُسکو پاگل اور مخبوط الحواس قرار دیگا۔ ایسا ہی خدائے تعالیٰ کی اس بات پر اگر اس کے واقعی ایسے ہی معنی سمجھے جائیں جیسے علماء زمان و بعض مفسرین کرتے ہیں۔ تو ضرور اُس زمانہ کے یہود ہنسی اُڑاتے ہونگے کیونکہ ظاہر ہے کہ وہ یہود کیونکر اتنی مدت تک زندہ رہ سکتے تھے وہ تو مر کر خاک ہو چکے ہونگے جب مسیح دوبارہ ظاہر ہوگا تو اُن کی ذات کو اُس سے کیا فائدہ دُنیا و یسے کے ویسے منکر کر مر گئے پس اصل بات یہ ہے کہ یہودیوں کو قیامت کے قایل کرانے کے لئے مسیح کی پیدائش خارق عادت کو پیش کیا گیا تھا اور کوئی غرض نہ تھی

تیسرے معنے اس کے یہ ہیں کہ حضرت مسیح کو دقیق در دقیق علم دیگر یہودیوں کے پاس بھیجا اور اُنہوں نے بڑے بڑے عمدہ پیرائے میں قیامت کے ثبوت دیئے اور اسی واسطے وہ گویا علم قیامت ہو گئے یعنے اُنکو قیامت کا بہت بڑا علم دیا گیا تھا تاکہ یہودیوں پر اتمام حجت کریں +

علماء کا اتفاق نہیں کہ اِنَّہٗ کی ضمیر صرف مسیح علیہ السلام کی نسبت ہے

جب خود مفسرین کا اتفاق نہیں کہ مسیح علیہ السلام کی طرف اِنَّہٗ کی ضمیر راجع ہے تو پھر اس زمانہ کے علماء کس برتے پر زور دیتے ہیں کہ ضمیر مسیح کی طرف راجع ہے۔ چنانچہ ہم ذیل میں دکھاتے ہیں۔ کہ وہ خود شک میں ہیں۔ اور نہیں جانتے کہ اس کا ٹھیک مطلب کیا ہے +

(۱) حاشیہ قنوی علی البیضاوی تکملہ جلد ۶ صفحہ ۱۳۵۔ زیر آیت وَاِنَّہٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَۃِ۔

قَوْلُہٗ لِاَنَّ حُدُوْثَہٗ اَوْ نُزُوْلَہٗ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَۃِ حُدُوْثُہٗ اَیْ خَلْقُہٗ عَلٰی وَجْہٍ بَدِیْعٍ وَھُوَ الظَّاھِرُ +	کیونکہ اُس کی پیدائش یا اُس کا نزول قیامت کی اشراط سے ہے اور وہ یہ ہے۔ کہ مفسرین کو یقین نہیں ہے کہ آیا اُس کی پیدائش ہی قیامت کا نشان ہے۔ یا اُس کا نزول۔ اور میں پیشتر ازیں ظاہر کر چکا ہوں کہ نزول ان لوگوں کے لئے جو اُس کے دشمن تھے کیونکر مفید ہو سکتا تھا خود دلیل ہی جب سخت کمزور ہے تو وہ اس

سے کیونکر فائدہ اُٹھا سکتے تھے۔ البتہ صدوقیوں کے لیے جو قیامت کے منکر تھے۔ اس کی پیدائش کا واقعہ مفید ہو سکتا تھا۔ گو ہمارے نزدیک یہ بات بھی کمزور ہے کیونکہ وہ تو اُسکی پیدائش کی نسبت بھی حرف رکھتے تھے +

(۲) تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۸۰۱۔ یعنے حسن اور ایک بڑی جماعت کہتی ہے کہ اِنَّہٗ کی ضمیر

وَقَالَ الْحَسَنُ وَجَمَاعَةٌ۔ وَاِنَّهٗ یَعْنِیْ وَاِنَّ الْقُرْاٰنَ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ یُعْلَمُكُمْ قِیَامُهَا وَیُخْبِرُكُمْ بِاَحْوَالِهَا وَاَهْوَالِهَا +	قرآن شریف کی طرف راجع ہے یعنے قرآن شریف قیامت کا علم ہے۔ کیونکہ وہ تم کو اس کے آنے اور اس کے حالات اور خطرات کی نسبت جو واقع ہونے والے ہیں۔ پوری خبر دیتا ہے۔ یہ دلیل واقعی قوی ہے +

(۳) تفسیر جامع البیان صفحہ ۴۲۲ زیر آیت بالا۔ وَقِیْلَ الضَّمِیْرُ لِلْقُرْاٰنِ فَاِنَّ فِیْهِ لَدَلَالَةً عَلَیْهَا۔ یعنے وہ کہتے ہیں کہ ضمیر قرآن شریف کی طرف راجع ہے۔ کیونکہ اس میں قیامت کے دلائل ہیں +

(۴) تفسیر غرایب القرآن جلد ۳ زیر آیت وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ قِیْلَ الضَّمِیْرُ فِیْ وَاِنَّهٗ لِلْقُرْاٰنِ یَعْلَمُ مِنْهُ وَفِیْهِ ثُبُوْتُ السَّاعَةِ کہتے ہیں کہ ضمیر وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ میں قرآن کریم کے لئے ہے جس میں قیامت کا علم اور ثبوت ہے +

(۵) تفسیر بیضاوی جلد ۲ صفحہ ۴۴۹۔ یعنے عیسیٰ علیہ السلام علم ساعۃ ہیں۔ کیونکہ انکا پیدا

(۱) (وَاِنَّهٗ) وَاِنَّ عِیْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ (لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ) لِاَنَّ حُدُوْثَهٗ اَوْ نُزُوْلَهٗ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ +	ہونا یا نازل ہونا قیامت کے اشراط سے ہے +
(۲) وَقِیْلَ الضَّمِیْرُ لِلْقُرْاٰنِ فَاِنَّ فِیْهِ الْاِعْلَامَ بِالسَّاعَةِ وَالدَّلَالَةَ عَلَیْهَا +	اور یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ ضمیر قرآن شریف کے لئے ہے۔ کیونکہ اس میں قیامت کے نشانات اور اُس کے واقعہ ہونے کے دلائل ہیں +

(۶) عنایت القاضی حاشیہ علی البیضاوی جلد ۷ صفحہ ۴۴۹۔ حدوثہ کے معنے اُس کا پیدا

وَقَوْلُهٗ لِاَنَّ حُدُوْثَهٗ اَیْ خَلْقَهٗ اَوْ ظُهُوْرُ اِرْسَالِهٖ وَاَشْرَاطُ السَّاعَةِ بِمَعْنَی الْعَلَامَةِ	ہونا یا اُس کا رسول ہو کر آنا۔ اور شراط الساعۃ کے معنے علاماتِ قیامت ہیں تاکہ وہ قیامت کا علم ہو

فَيَكُوْنُ عِلْمُ السَّاعَةِ مَجَازًا عَمَّا تُعْلَمُ بِهٖ وَالتَّعْبِيْرُ بِهٖ كَالْاِطْلَاقِ الَّذِيْ ذُكِرَ عَلَيْهِ وَعَلَى الْقُرْاٰنِ الْمَعْلُوْمِ بِهٖ قُرْبُهَا +

ہو یعنے مجازاً اس سے قیامت کی واقفیت ہو اور تعبیر اس کی یہ ہے کہ گویا قیامت کے ذکر کا اطلاق اس پر اور قرآن شریف پر ہو کہ اُس سے قیامت کے قریب ہونے کا علم حاصل ہوتا ہے

(۷) تفسیر روح المعانی جلد ۲۵ صفحہ ۲۶۔ زیر آیت ہالا یعنے عیسیٰ علیہ السلام قیامت کا علم ہے۔ یعنے اُن کا نازل ہونا قیامت کی شرطوں میں سے ایک شرط ہے۔ یا اُس کا پیدا ہونا بغیر باپ کے قیامت کی علامت ہے۔ اور حسن اور قتادہ اور ابن جبیر کے نزدیک اِنَّهٗ کی ضمیر قرآن شریف کی طرف ہے کیونکہ اس میں قیامت کے نشانات ہیں +

اَیْ عِیْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ اَلْعِلْمُ السَّاعَةِ۔ اَیْ اِنَّهٗ بِنُزُوْلِهٖ شَرْطٌ مِنْ اَشْرَاطِهَا اَوْ لِحُدُوْثِهٖ بِغَیْرِ اَبٍ وَعَنِ الْحَسَنِ وَقَتَادَةَ وَابْنِ جُبَیْرٍ اَنَّ ضَمِیْرَ اِنَّهٗ لِلْقُرْاٰنِ لِمَا اَنَّ فِیْهِ الْاِعْلَامَ بِالسَّاعَةِ +

(۸) تفسیر مجمع البیان جلد ۲ زیر آیت وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ۔ حسن سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آیت اِنَّهٗ میں جو ہائے ہے وہ قرآن شریف کی طرف پھرتی ہے اور معنے یہ ہیں کہ قرآن شریف قیامت کے قیام اور بعثت کی دلیل ہے۔ کیونکہ قرآن ہی سے اس کا علم حاصل ہوتا ہے اور ابو مسلم کہتے ہیں کہ اس کے معنے یہ ہیں کہ قرآن شریف قیامت کی دلیل ہے۔ کیونکہ وہ آخری کتاب ہے۔ جو نبی آخر الزمان پر نازل ہوئی ہے +

قِیْلَ اَنَّ الْهَاءَ فِیْ قَوْلِهٖ وَاِنَّهٗ یَعُوْدُ اِلَی الْقُرْاٰنِ وَمَعْنَاهُ اَنَّ الْقُرْاٰنَ لَدَلَالَةٌ عَلٰی قِیَامِ السَّاعَةِ وَالْبَعْثِ یُعْلَمُ بِهٖ ذٰلِكَ عَنِ الْحَسَنِ وَقِیْلَ مَعْنَاهُ اَنَّ الْقُرْاٰنَ لَدَلِیْلٌ لِلسَّاعَةِ لِاَنَّهٗ اٰخِرُ الْكُتُبِ اُنْزِلَ عَلٰی اٰخِرِ الْاَنْبِیَاءِ عَنْ اَبِیْ مُسْلِمٍ

ان تمام تفاسیر وغیرہ سے واضح ہے۔ کہ اِنَّهٗ کی ضمیر زیادہ تر قرآن شریف کی طرف پھیری گئی ہے۔ اور حسن اور قتادہ اور ابو مسلم جیسے بزرگ اسی بات کے قائل ہیں۔ اور یہ بات قرآن شریف کے سیاق و سباق سے بھی ثابت ہے۔ اور یہی بات زیادہ تر قابل وثوق ہے جیسے ہم پیشتر ازیں ظاہر کر چکے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ بعض نے اپنے خیال سے مسیح کے نزول کو بھی قیامت کی شرط قرار دیا ہے۔ لیکن جب بوجوہات کثیرہ ثابت کیا گیا ہے۔ کہ مسیح فوت ہو چکا ہے اور اُن کا آسمان پر جانا بجسدہ العنصری کسی حدیث صحیح سے ثابت نہیں ہوتا۔ تو نزول

کیسے ہوسکتا ہے۔ اور ہم نزول کی بحث عنقریب شروع کرکے دکھائینگے۔ کہ لوگوں نے جس طرح نزول مانا ہے۔ وہ سراسر غلط ہے واقعی اس کے یہی معنے ہوسکتے ہیں کہ اللہ کی ضمیر قرآن شریف کی طرف ہے۔ یا اگر مسیح کی طرف ہو۔ تو اسکی تین ہی صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ وہ فوت ہوگئے ہیں وعِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ سے ہویدا ہے۔ جو خدا کے پاس چلا جائے۔ وہ مرے بغیر نہیں جاسکتا۔ دوسرے یہ کہ چونکہ مسیح علیہ السلام نے قیامت اور حشر کی وجوہات کثیر بیان کی ہیں۔ اور مختلف مثالوں اور پیراؤں میں اُس کی تفصیل و تشریح کی ہے۔ اِس لئے اِس کو عِلْمُ السَّاعَةِ کہا گیا۔ تیسرے یہ معنے کہ صدوقی فرقہ چونکہ حشر و نشر کا قائل نہیں تھا۔ اُس کے قایل کرنے کے لئے یہ دلیل پیش کی گئی ہو۔ کہ مسیح خود حشر اجساد کی ایک مثال تم میں موجود ہے۔ جبکہ وہ بغیر باپ کے پیدا ہوا ہے۔ یہ آخری بات بھی تفاسیر کے مفسروں اور آجکل کے علماء کے مذاق کے موافق ہے۔ ورنہ میرے نزدیک یہ دلیل بھی ضعیف سی ہے +

چوتھی دلیل ہم بیان کرتے ہیں۔ جو بہت قوی اور صحیح بھی ہے۔ اور اُس سے تسلی بھی پوری ہوسکتی ہے کہ السَّاعَةِ سے مراد صرف قیامتِ کبریٰ ہی نہیں ہوا کرتی۔ بلکہ کسی اہم عظیم الشان کے وقوعہ کو بھی السَّاعَةُ کہتے ہیں۔ جیسے قرآن کی آیات ذیل اس پر شاہد ہیں (اوّل) اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ۔ یعنے وہ عظیم الشان گھڑی آگئی۔ جس میں انشقاقِ قمر کا وعدہ تھا۔ سو وہ وعدہ پورا ہوگیا اور اُسی کے موافق چاند پھٹ گیا۔ سورۃ القمر رکوع ۱ دوسری آیت میں ہے اَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنتَصِرٌ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری بڑی قوی جماعت ہے۔ سو کوئی دن آتا ہے کہ یہ گروہ شکست کھائیگا۔ اور پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیگا۔ بلکہ ایک وقت عظیم الشان آتا ہے جبکہ وہ ہلاک ہونگے۔ سورۃ القمر رکوع ۳۔ یہاں ساعت سے مراد جنگِ بدر ہے +

ایسے ہی قرآن کے بہت سے مقامات پر ساعت سے مراد کوئی عظیم الشان واقعہ ہوتا ہے لہذا آیت وَاِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ سے یہ مراد ہے کہ قرآن کریم میں اُس ساعت کا علم ہے جو کسی قوم کے زوال اور تباہی اور دوسری قوم کے عروج اور ترقی کے لئے مفید ہے اب بنی اسرائیل کے گھرانے کا خاتمہ ہے۔ گویا ان پر اب قیامت آگئی ہے کیونکہ مسیح علیہ السلام اُن کے قدیم نوشتوں کے مطابق خاتم خاندانِ بنی اسرائیل تھے اور اب بنی اسمٰعیل کے

گھرانے کے لئے نئی دنیا پیدا ہونے والی ہے۔ گویا اب حشرِ اجساد از سرِ نو ہونا ہے۔ اور اول الذکر خاندان یعنے بنی اسرائیل کے لئے مقولہ مَنْ مَاتَ فَقَدْ قَامَتْ قِيَامَتُهُ صادق آتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ہر موت کے بعد ایک زندگی بھی ملتی ہے۔ اِس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بھی ایک قیامت ہوں۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں۔ کہ میں وہ قیامت ہوں کہ میرے قدموں پر لوگ اُٹھائے جائینگے پس جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام خاندانِ

أَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي +

بنی اسرائیل کے خاتمہ کی قیامت کا نشان تھے ایسا ہی فخرِ بنی آدم حضرت محمد رسول اللہ ایک نئی اور جدید حیات دلانے والی قیامت کے نشان تھے۔ اور یہ بات قرینِ قیاس بھی ہے۔ جو فی الحقیقت واقعہ بھی ہو چکی۔ پس کوئی اور معنے لینا سراسر غلطی ہے +

اور اگر بفرضِ محال اس آیت وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ کے یوں معنے کریں جیسے عوام علماء کا عقیدہ ہے کہ وہ یعنے عیسیٰ علیہ السلام علمِ ساعت ہیں تو اس سورۃ میں تھوڑا آگے چل کر لکھا ہے کہ وَعِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ یعنے علمِ ساعت خدا تعالیٰ کے پاس ہے تو گویا حضرت عیسے علیہ السلام بزعم علماء خدا تعالیٰ کے پاس ہوئے۔ اب دیکھنا یہ باقی رہا کہ وہ واپس بھی آئینگا کہ نہیں سو تمام قرآن کریم کو کھولو اور ورق اُلٹا ڈالو تمہیں کہیں بھی ثابت نہ ہوگا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا کے پاس سے واپس آجائینگے بلکہ اگر ثابت ہوتا ہے تو یہی کہ سب مومن نیکوکار خدا کے حضور میں جائینگے کیا تم نہیں پڑھتے ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً اے نفس اپنے رب کی طرف راضی خوشی لوٹ کر آجا لیکن یہاں تو خدا تعالیٰ نے فیصلہ ہی کر دیا ہے اور فیصلہ بھی غضب کا فیصلہ ہے۔ اس آیت کے ساتھ ہی فرما دیا وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ مسیح علیہ السلام تو تمہارے پاس نہیں آنے لگا خواہ تم ساری عمر ناک رگڑتے مر جاؤ۔ بلکہ تم ہی کو اُس کے پاس جانا ہے۔ اس سے بھی صاف فیصلہ ہو گیا کہ خدا کے پاس جو جاتا ہے وہ مر کر جاتا ہے زندہ کوئی نہیں جاتا ورنہ جب تم سب کو مخاطب کر کے اللہ تعالیٰ نے فرما دیا ہے کہ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ تم ہی لوٹ کر اُس کے حضور جاؤ گے تو ذرہ کوئی زندہ جا کر دکھا تو دے ہرگز کوئی دکھا نہیں سکتا کیونکہ خدا کے پاس بجز شربتِ موت چکھنے کوئی نہیں جا سکتا۔ پس اگر مان بھی لیا جائے کہ مسیح علیہ السلام خدا کے پاس ہیں تو یقیناً یہ بھی مان لو کہ وہ مر گئے ہیں۔ زندہ

نہیں گئے۔ اور معراج کی حدیث اس کی تصدیق بھی کرتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو دیگر تمام انبیا کے ساتھ دیکھا جو سب مر چکے ہیں +

پندرھویں فصل

اِس بارہ میں کہ مسیح کا آسمان پر جانا ناممکن ہے

جہاں تک اِس مسئلہ میں ہم غور اور فکر کرتے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ علما کا یہ خیال کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ چلے گئے۔ سراسر دور از قیاس ہے۔ اور یہی سمجھا جاتا ہے۔ کہ ان لوگوں نے محض اپنی سادگی اور قلتِ تدبر کی وجہ سے ایسا مان لیا ہے۔ ورنہ اگر وہ معمولی عقل سے بھی کام لیتے۔ تو کبھی اُن کو اس قدر دقت نہ اُٹھانی پڑتی۔ اور نہ خلافِ عقل اور خلافِ فطرتُ اللہ بات کو اپنے دل میں جگہ دیتے۔ ہم نے کتبِ سابقہ یعنے توریت اور اناجیل کو بھی نظرِ تدبر سے پڑھا۔ اور قرآن شریف کو بھی نہایت غور سے دیکھا۔ اور احادیثِ رسول اللہ کا بھی بکثرت مطالعہ کیا۔ مگر ہمیں کہیں بھی پتہ نہ چلا کہ کوئی بشر زندہ بجسم عنصری آسمان پر چلا گیا ہو۔ اور ہم بوجوہات ذیل آسمان پر جانا غلط بلکہ ناممکن سمجھتے ہیں +

(۱) قرآن شریف سے کہیں بھی ثابت نہیں ہوتا۔ کہ اللہ تعالیٰ کی عادت میں یہ بات داخل ہو کہ وہ کسی آدمی کو آسمان پر اس جسم عنصری کے ساتھ لیجاتا ہو +

(۲) خود مسیح کی نسبت کوئی آیت قرآن شریف میں صراحتاً یا کنایتاً ایسی نہیں ملتی جس سے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا بجسدہ العنصری جانا ثابت ہوتا ہے +

(۳) کھلی کھلی آیات سے ثابت ہے۔ کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام اور انبیا کی طرح اپنا زمانہ نبوت پورا کر کے دار فانی کو الوداع کہہ گئے +

(۴) خود قرآن شریف سے آسمان پر جانا انسان کے لئے ناممکن قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ آیت ذیل اس کی شاہد ناطق ہے۔ کیونکہ خاتم النبیین وفخر المرسلین صلوٰۃ اللہ وسلامہ

(۱) اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ	جیسے نبی آسمان پر جانے سے یہ اقرار کریں

حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا پارہ ۱۵ ع

کہ میں تو ایک بشر ہوں بہ صفت اللہ تعالیٰ کی ذات خاص سے ہے۔ میں تو آسمان پر نہیں جا سکتا۔ حالانکہ ایک عظیم الشان گروہ صرف اسی وجہ سے اسلام قبول کرنے پر آمادہ تھا کہ ہمارے سامنے آپ آسمان پر تشریف لیجائیں۔ اور وہاں سے ایک کتاب لیکر آجائیں تو ہم سب کے سب مسلمان ہو جائینگے۔ اور یہ بات کس سے پوشیدہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قوم اور دیگر اقوام کے مسلمان کرنے کے لئے کیسے حریص تھے۔ بلکہ وہ اس فکر میں شب و روز گھلتے جاتے تھے کہ کہیں یہ لوگ حق پر آجائیں۔ چنانچہ اُن کے اس غم و حزن کی شہادت خود اللہ تعالیٰ دیتا ہے + دیکھو آیت لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ۔ پارہ ۱۹ سورۃ الشعراء رکوع اوّل۔ جب افضل الرسل آسمان پر جانے سے اپنی عاجزی اور ناتوانی کا اقرار کرتے ہیں تو پھر حضرت مسیح علیہ السلام بمقابلہ ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کیا حقیقت رکھتے ہیں جب معجزہ طلب کرنے پر حضرت فخر المرسلین آسمان پر جانے سے قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا۔ کہیں۔ تو بلا کسی معجزہ طلب کرنے کے مسیح کیونکر آسمان پر جا سکتے ہیں +

اگر کوئی یہ کہے کہ آیت وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ سے ظاہر ہوتا ہے کہ کفار نے آسمان پر جانے کو ممکن الوقوع مانا ہے اس لئے لَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ کی شرط لگا دی ہے۔ لیکن ایسا اعتراض کرنا معترض کا لغو ہو جاتا ہے جبکہ اُن کے دوسرے مطالبات جو اس مطالبہ کے ساتھ ہیں وہ سب کے سب ممکن الوقوع ہیں۔ چنانچہ اُن کے مطالبات حسب ذیل ہیں +

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ۝ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۝ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ۝ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى

اور اُن کفار نے کہا کہ ہم ہرگز تجھ پر ایمان نہیں لائینگے جب تک کہ تو ہمارے لئے زمین میں سے چشمہ بہا نہ نکالے۔ یا تیرے لئے کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ پیدا نہ ہو جائے اور اُس کے بیچوں بیچ نہریں جاری نہ ہو جائیں یا جیسا تیرا گمان ہے آسمان کا ٹکڑا ہی ہمارے

فِي السَّمَآءِ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۔	پر نہ گرائے یا خدا اور فرشتوں کو ہمارے سامنے نہ لائے یا تیرا گھر ہی سونے کا نہ ہو جائے۔ یا

آسمان پر چلا نہ جائے اور تیرے آسمان پر چلے جانے کو نہیں مانینگے جب تک کہ آسمان پر سے ایک کتاب نہ لائے جسکو ہم پڑھیں ۔

اب ظاہر ہے کہ باقی جس قدر مطالبات ہیں وہ سب ممکن الوقوع ہیں مثلاً چشمہ کا ہونا کیا چاہ زمزم اسی میں بطور چشمہ پیدا نہیں ہوا تھا۔ یا باغ کھجور و انگور کا ہونا کیا ناممکن تھا۔ کیا نہر کا ناممکن تھا۔ کیا نہر زبیدہ جاری نہیں ہوئی ہے یا آسمان کا ٹکڑا گرنا کچھ ناممکن تھا۔ ہزارہا پتھر بڑے بڑے آسمان سے گرتے ہیں۔ یا خدا کا آنا یا فرشتوں کا آنا ناممکن تھا۔ جبکہ جبرائیل وحیہ کلبی کی صورت میں بہت سے صحابہ کو بھی دکھلائی دیتا تھا اور کئی ایک غزوات میں فرشتوں کا لشکر دیکھا گیا اور کیا سونے کا گھر بنانا مشکل تھا۔ کیا سنہری مسجدیں دنیا میں موجود نہیں۔ پھر کس طرح معترض کہہ سکتا ہے کہ آسمان پر جانا تو کفار ممکن الوقوع مانتے تھے تو کیا کتاب کا لانا ناممکن تھا۔ ہرگز نہیں

(رکوع ۱) يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۔	آسمان سے زمین تک کل باتوں کا انتظام اسی کرتا ہے پھر اتنے وقت میں اسکی طرف عروج کرتا ہے جتنا کہ تم اپنی گنتی کے

مطابق ایک ہزار سال گنتے ہو۔ دیکھو سورۃ سجدہ رکوع اوّل ۔

اس آیت سے ثابت ہے کہ آسمان تک جانے میں ایک ہزار سال صرف ہوتا ہے تو کیونکر مان لیا جائے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام اتنی دور کی مسافت میں جا سکتے ہیں۔ اور یہ تو ثابت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے حضرت مسیح قریباً ۶۰۰ برس قبل ہوئے ہیں۔ اس حساب سے بھی مسیح نے بزمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابھی نصف سفر کے قریب طے کیا ہوگا اور ابھی رستہ میں ہونگے مگر معراج کی شب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو آسمان پر بمعیت یحییٰ علیہ السلام کے دیکھا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مر گئے ورنہ اس جسم کے ساتھ جانا بجز ہزار سال کا سفر پورا کرنے کے آسمان پر پہنچنا ناممکن ہے ۔

دوم۔ احادیث سے ثبوت کہ مسیح آسمان پر نہیں جا سکتے تھے

احادیث سے بھی ثابت ہے کہ حضرت عیسےٰ تو ہوا پر نہیں جا سکتے تھے۔ چہ جائیکہ وہ آسمان پر چلے جائیں۔ وہ احادیث حسب ذیل ہیں:۔

(۱) اِنَّ عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ کَانَ یَمْشِیْ عَلَی الْمَاءِ وَلَوْ زَادَ یَقِیْنًا یَمْشِیْ فِی الْھَوَاءِ رَوَاہُ الْحَکِیْمُ عَنْ زَافِرِ ابْنِ سُلَیْمٍ +

امام حکیم زافر ابن سلیم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ عیسیٰ مریم کا بیٹا پانی پر چل سکتا تھا۔ اور اگر وہ یقین میں زیادہ ترقی کرتا تو ہوا میں بھی چل سکتا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۹ دوسری حدیث

(۲) لَوْ اَنَّ اَخِیْ عِیْسٰی کَانَ اَحْسَنَ یَقِیْنًا مِمَّا کَانَ یَمْشِیْ فِی الْھَوَاءِ وَصَلّٰی عَلَی الْمَاءِ رَدَّاہُ الدَّیْلَمِیُّ عَنْ مُعَاذٍ +

یعنے دیلمی اپنی کتاب میں بروایت معاذ بن جبل یہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میرے بھائی عیسےٰ کو اس سے زیادہ یقین ہوتا جس قدر اُن کو حاصل تھا تو ہوا پر چلتے۔ اور پانی پر نماز پڑھتے دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۹۰ +

اِن ہر دو حدیثوں سے صاف ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شہادت دی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام میں ہوا پر اُڑنے کی طاقت نہیں تھی۔ اور جب ہوا پر نہیں جا سکتے تھے تو پھر آسمان پر کیونکر جا سکتے تھے۔ کیونکہ زمین سے آسمان تک تمام ہوا ہی ہوا ہے۔ اور کچھ نہیں ہوا کے اوپر ایک طبقہ ایسا ہے جہاں پر انتہر ہے جو ایک نہایت رقیق سیالی مادہ ہتا ہے۔ اور وہ بھی ایک قسم کی ہوا کے مشابہ ہے۔ جب ہوا پر اُڑنا ثابت نہیں تو آسمان پر جانا کیونکر ممکن ہو سکتا ہے

سوم۔ بزرگانِ دین سے بھی ثابت ہے کہ کوئی انسان آسمان پر نہیں جا سکتا

بزرگان دین کی کلام سے بھی ظاہر ہے۔ کہ وہ بھی بلا موت آسمان پر جانا تسلیم نہیں کرتے۔ چنانچہ امام الحافظ ابن قیم اپنی کتاب زاد المعاد جلد اوّل صفحہ ۳۰۱ و ۳۰۲ میں لکھتے ہیں کہ کوئی انسان خواہ نبی ہی کیوں نہ ہو جسم کثیف و خاکی کے ساتھ بجز مرگ آسمان پر نہیں جا سکتا دیکھو کتاب مذکور +

کہ جو لوگ کہتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام آسمان پر اُٹھائے گئے بالکل بے بنیاد بات ہے اسکا کوئی ثبوت نہیں چنانچہ وہ لکھتے ہیں +

وَاَمَّا مَا یُذْکَرُ عَنِ الْمَسِیْحِ اَنَّہٗ رُفِعَ اِلَی السَّمَآءِ وَلَہٗ ثَلَاثَۃٌ وَثَلٰثُوْنَ سَنَۃً فَھٰذَا لَا یُعْرَفُ لَہٗ اَثَرٌ مُتَّصِلٌ یَجِبُ الْمَصِیْرُ اِلَیْہِ	اور یہ جو مسیح کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ وہ آسمان کی طرف رفع کئے گئے جبکہ وہ ۳۳ برس کی عمر کے تھے اسکا کوئی وجود کسی متصل حدیث میں نہیں ملتا جس سے آسمان کیطرف جانا تسلیم کیا جائے دیکھو زاد المعاد امام ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ +

چہارم۔ قانون قدرت بھی آسمان پر جانیکا قطعی مانع ہے

جب ہم قانون قدرت میں غور کرتے ہیں۔ تو بھی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ کہ انسان ضعیف البنیان آسمان پر جاسکے۔ کیونکہ ہم روزمرہ مشاہدہ کرتے ہیں کہ ایک دو میل تک اوپر جانے سے دم گھٹنے لگتا ہے۔ جیسے کہ غبارہ بازوں کی شہادت سے ظاہر ہے۔ بلکہ جو لوگ کسی اونچے پہاڑ پر چڑھنا چاہتے ہیں۔ تو وہاں بھی انسان کا دم گھٹنے لگتا ہے۔ چہ جائیکہ کوئی آسمان پر جاسکتا ہو۔ کیونکہ زمین پر ہوا ثقیل ہے۔ اور جوں جوں اوپر جائیں ہوا ہلکی ہوتی جاتی ہے اور وہ انسانی مزاج کے ہرگز مناسب حال نہیں رہتی بلکہ انسان کی حالت ایک پھوکنی کیسی ہوجاتی ہے۔ اور اخیر کو اُس کے تمام احشا وغیرہ پھول کر پھٹنے لگتے ہیں۔ اور تین میل تک اوپر جانا انسان کے لئے بجز موت کچھ حاصل نہیں۔ اگر اس امر کو تسلیم بھی کرلیں کہ مسیح آسمان پر چلے گئے۔ تو بھی پھر ماننا پڑیگا کہ حضرت مسیح فوت ہوگئے ہیں کیونکہ اُن کا جسم آسمانی آب وہوا کے مناسب حال پیدا نہیں کیا گیا تھا جیسا کہ آیت وَجَعَلْنٰھُمْ جَسَدًا لَّا یَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ سے واضح ہے +

پنجم۔ خدا تعالیٰ کی شان پر حرف آتا ہے

اگر مسیح کو صرف یہودیوں کے خوف سے آسمان پر لیجانا تسلیم کریں۔ تو اس میں اللہ تعالیٰ کی شان پر حرف آتا ہے کہ کیا وہ بغیر آسمان پر لیجانے کے اُن کی جان کو نہیں بچا سکتا تھا۔ جبکہ تمام دیگر انبیا واولیا وعباد اللہ کو سخت سے سخت مصیبت کے وقت بھی اسی زمین پر ہی بچاتا رہا ہے +

ششم۔ آسمان پر جانا سنت اللہ کے خلاف ہے

آسمان پر جانا سنت اللہ کے خلاف ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عادت نہیں ہے کہ

کبھی کسی کو اس جسم خاکی کے ساتھ آسمان پر لے گیا ہو۔ اور اس بارہ میں گذشتہ فصل میں ہم بخوبی بیان کر چکے ہیں +

ہفتم۔ مسیح کا آسمان پر چلا جانا تسلیم کرنا اہانت رسول اللہ صلعم ہے

کیونکہ جب کفار نے اُن کو قتل کرنا چاہا۔ تو اُن کی خدا نے کوئی حمایت نہ کی۔ اور آسمان پر نہ اُٹھا لیا بلکہ اُن کو اپنی حالت پر چھوڑ دیا اور وہ مارے مارے پہاڑوں کی غاروں میں چھپتے پھرے۔ حالانکہ وَارْفَعْنِیْ کی دعا بھی ہر نماز میں مانگتے رہے مگر خدا نے اُنکی ۲۳ سال کی مدت کی دعا جو ہر دن میں سینکڑوں دفعہ پڑھی جاتی تھی قبول نہ فرمائی اور حضرت مسیح نے تو ایک منٹ میں بھی آسمان پر جانے کی دعا نہیں مانگی اُس کو بلا طلب بلا لیا اور جو ساری عمر خواہش کرتے رہے اُنکو ہرگز نہ اُٹھایا یہ ذلت نہیں تو اور کیا ہے +

اے مسلمانوں افضل الرسل فخر بنی آدم کی ایسی ذلت گوارا کرنا اور مسیح کو وہ عزت دینا کہ قریب قریب خدا بنا دینا۔ تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ ضِيزَىٰ فَتَدَبَّرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ +

سولھویں فصل

مسیح کی وفات پر دیگر اشخاص کی شہادت

ہم گذشتہ فصلوں میں بوضاحت بیان کر چکے ہیں۔ کہ نقل و عقل سے بخوبی ثابت ہو کہ مسیح علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں۔ اب ہم بکمالی طور سے دیگر اشخاص کی شہادتیں پیش کرتے ہیں جنہوں نے مسیح علیہ السلام کی وفات کی نسبت اپنی آرائے یا اقوال ظاہر کئے۔ یا یقین ظاہر کیا ہے +

(۱) امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت بوجوہات ذیل:۔

(الف) اُنہوں نے صحیح بخاری میں مُتَوَفِّيكَ کے معنے مُمِيتُكَ لکھے ہیں۔ جیسے ہم فصل سوم میں بیان کر چکے ہیں اور اسکے خلاف کچھ نہیں کہا +

(ب) فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي کے وہی معنے ظاہر کئے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اپنی ذات پر لگائے ہیں اور اُسکے خلاف اور کچھ بیان نہیں کیا +

(ج) حُلیے الگ الگ بیان کئے ہیں۔ یعنے حضرت مسیح ناصری کا حلیہ الگ اور حضرت مسیح موعود کا حلیہ الگ۔ جیسے کہ ذیل کی احادیث سے ظاہر ہے +

(اول) وہ حدیث جو انبیا کے ذیل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حلیہ کے متعلق ہے۔ یعنے

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ ثَنَا إِسْرَائِيلُ أَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ عِيسَى وَمُوسَى وَإِبْرَاهِيمَ فَأَمَّا عِيسَى فَأَحْمَرُ جَعْدٌ عَرِيضُ الصَّدْرِ وَأَمَّا مُوسَى فَآدَمُ جَسِيمٌ سَبْطٌ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ الزَّطِّ

محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی۔ اُس نے اسرائیل سے اُس نے عثمان بن مغیرہ سے اُس نے مجاہد سے۔ اُس نے ابن عمر کو کہتے ہوئے سُنا۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میں نے عیسیٰ اور موسیٰ اور ابراہیم کو دیکھا عیسیٰ تو سُرخ رنگ گھونگر والے بال اور فراخ چھاتی لئے ہوئے تھا اور موسیٰ گندمی رنگ بھاری جسم والا۔ گویا کہ زط کے قبیلے میں سے ہے۔ دیکھو بخاری جلد ۱ مطبوعہ مطبع احمدی صفحہ ۴۸۱ +

(دوم) وہ حدیث جو مسیح الدجال کے ساتھ بیان کی ہے۔ یعنے امام بخاری نے روایت

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَكِّيُّ قَالَ سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ ابْنَ سَعْدٍ يُحَدِّثُ الزُّهْرِيَّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعِيسَى أَحْمَرُ وَلَكِنْ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ أَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ سَبْطُ الشَّعْرِ يُهَادَى بَيْنَ رَجُلَيْنِ يَنْطِفُ رَأْسُهُ مَاءً أَوْ يُهَرَاقُ رَأْسُهُ مَاءً فَقُلْتُ مَنْ هَذَا قَالُوا ابْنُ مَرْيَمَ فَذَهَبْتُ أَلْتَفِتُ فَإِذَا رَجُلٌ أَحْمَرُ جَسِيمٌ جَعْدُ الرَّأْسِ أَعْوَرُ عَيْنِهِ الْيُمْنَى كَأَنَّ عِنَبَةً طَافِيَةً فَقُلْتُ مَنْ هَذَا فَقَالُوا هَذَا الدَّجَّالُ وَأَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا ابْنُ قَطَنٍ قَالَ

بیان کی ہے کہ سالم نے اپنے باپ سے سُنا ہے کہ اللہ کی قسم ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرگز نہیں کہا کہ عیسےٰ سرخ رنگ ہے لیکن فرمایا کہ میں سویا ہوا تھا۔ اور میں خواب میں کیا دیکھتا ہوں۔ کہ میں خانہ کعبہ کا طواف کر رہا ہوں اُس وقت ایک گندم گون آدمی پر نظر پڑی جس کے بال کندھوں تک لٹکے ہوئے تھے اور دو آدمیوں کے درمیان چلتا تھا۔ اُس کے سر سے پانی ٹپکتا تھا۔ یا اُس کے سر سے پانی کے قطرات گرتے تھے۔ میں نے پوچھا یہ کون ہے تو جواب ملا کہ ابن مریم ہے۔ پھر میں آگے چلا

الزُّهْرِیُّ رَجُلٌ مِنْ خُزَاعَةَ هَلَكَ فِی الْجَاهِلِیَّةِ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ

گیا۔ تو پھر میری نظر ایک سُرخ رنگ بھاری جسم والے پر پڑی۔ جس کے بال گھونگر والے ہیں۔ اس کی دائیں آنکھ کانی ہے۔ گویا ٹینٹ نکلا ہوا ہے۔ میں نے پوچھا کہ وہ کون ہے تو جواب ملا کہ یہ دجال ہے اور اس کی شکل ابن قطن سے بہت ملتی جلتی تھی الیٰ آخرہ۔ دیکھو بخاری جلد ۱ صفحہ ۴۸۱

علاوہ ان کے اور بھی حدیثیں مختلف طرق سے بخاری میں آئی ہیں لیکن ہم نے بوجہ خوفِ طوالت دو ہی پر اکتفا کیا ہے۔ اور ان سب احادیث سے ظاہر ہے کہ جب انبیاء سابقین کی ذیل میں مسیح علیہ السلام کا ذکر کیا گیا ہے۔ تو اُن کا حلیہ یوں ذکر کیا ہے۔ کہ وہ سرخ رنگ گھونگر والے بال اور فراخ صدر ہیں۔ اور جب کبھی مسیح کو دجال کے ساتھ بیان کیا ہے۔ تو اُس کا حلیہ الگ ظاہر کیا ہے۔ یعنے وہ گندم گون ہے۔ بال سیدھے لٹکے ہوئے اور میانہ قد ہیں جس سے صاف عیاں ہے کہ بخاری کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خیال میں دو الگ شخصوں سے مراد ہے۔ جو ایک ہی نام سے موسوم کئے گئے ہیں۔ اور ایک نام کا آنا کوئی مستبعد امر بھی نہیں۔ ہزارہا نام ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔ تو جب دو عظیم الشان آدمیوں کے نام باہم مل جائیں تو کونسی آفت آجاتی ہے +

(د) نزول کے متعلق صرف وہ حدیث لکھی ہے جس سے مسیح موعود کا اسی امت میں سے ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اور جس قدر رطب و یابس احادیث دیگر کتبِ احادیث میں پائی جاتی ہیں۔ اُن میں سے ایک بھی امام بخاری نے اپنی صحیح میں درج نہیں کی۔ جس سے اُن کی توجہ کا رجحان اسی طرف ثابت ہوتا ہے کہ وہ مسیح نبی ناصری کی وفات پر پختہ اعتماد رکھتے تھے چنانچہ وہ حدیث یہ ہے۔ یعنے ابن بکیر نے لیث سے اُس نے یونس سے اُس نے ابن شہاب سے اُس نے نافع ابو قتادہ انصاری کے غلام سے سُنا کہ ابو ہریرہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب ابن مریم تم میں نازل ہونگے۔ تو تمہارا کیا ہی حال ہوگا۔ اور تم جانتے ہو کہ وہ کون ہے سُنو کہ وہ تم ہی میں سے ایک امام ہے دیکھو بخاری جلد اوّل صفحہ ۴۷۲ مطبوعہ

حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى أَبِي قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيكُمْ وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ +

(۲) شہادت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ کما جاء فی الاحادیث۔ لما قبض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان ابوبکر فی ناحیۃ المدینۃ فجاء فلما خرج مر بہم وھو یقول ما مات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا یموت حتی یقتل اللہ المنافقین فقال ایھا الرجل ارفع علی نفسک فان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد مات الم تسمع انک میت وانھم میتون ۝ وقال وما جعلنا لبشر من قبلک الخلد افان مت فھم الخالدون ۝ ثم تلا وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل افان مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم

جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا تو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ کی نواح میں کہیں گئے ہوئے تھے جب وہ آئے تو حال سے واقف ہوئے۔ پھر جب وہ باہر نکلے تو عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گذرے جو کہہ رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوت نہیں ہوئے اور جب تک منافقوں کو اللہ تعالیٰ قتل نہیں کریگا تب تک وہ فوت نہیں ہونگے یہ سُنکر ابوبکر صدیق نے فرمایا اے فلانے خاموش ہو کر سنو۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تو ضرور فوت ہو گئے ہیں کیا تم نے نہیں سُنا کہ اللہ نے فرمایا ہے تو بھی مرنے والا ہے اور یہ سب لوگ بھی مرنے والے ہیں۔ اور کیا اللہ نے نہیں فرمایا ہم نے تجھ سے پہلے کسی بشر کو زندہ نہیں رکھا اور اگر تو مر گیا تو کیا یہ لوگ زندہ رہ جائینگے۔ بعد ازاں ابوبکر صدیق نے یہ آیت پڑھی اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم نہیں ہے مگر ایک رسول۔ اُس سے پہلے جتنے رسول تھے سب مر گئے۔ کیا یہ نبی بھی اگر مر جائے یا قتل کیا جائے تو تم اپنی ایڑیوں پر واپس ہو جاؤ گے اور دین کو چھوڑ دو گے۔ دیکھو تفسیر در المنثور جلد ۴ صفحہ ۱۱۸ و ۱۱۹ +

(۳) کسی صحابی کا حضرت ابوبکر کی مخالفت نہ کرنا اور سب کا اُن کے ساتھ اتفاق ہو جانا صاف ظاہر کرتا ہے کہ سب صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا یہی مذہب ہے کہ سب انبیاء جس میں مسیح بھی شامل ہیں فوت ہو چکے ہیں۔ ورنہ حضرت عمر جیسے غیور اور غلیظ القلب کیونکر خاموش رہ سکتے تھے اگر مسیح علیہ السلام اُن کے نزدیک زندہ ہوتے اور اگر وہ زندہ مانتے تھے تو پھر اُس وقت اُنہوں نے کیوں نہ کہا۔ کہ جب مسیح علیہ السلام زندہ آسمان پر ہیں تو ہمارا رسول کیوں زندہ نہیں۔ لیکن اُنہوں نے حضرت ابوبکر کے استدلال کو تسلیم کر لیا اور گردن

جھکادی۔ پس صاف ظاہر ہے کہ کل صحابہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مسیح مرچکا ہے۔ اور آجتک کہیں بھی ثابت نہیں کہ کسی صحابی نے اُس وقت یا بعد میں اسکو جھٹلایا ہو اور یہ کہا ہو۔ کہ حضرت ابوبکر کا یہ استدلال غلط تھا کیونکہ ہم نے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت مسیح کا زندہ بجسم العنصری آسمان پر جانا سُنا ہے +

(۴) (الف) امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کہ وہ کہتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوچکے ہیں۔ چنانچہ مجمع البحار جلد ا صفحہ ۲۸۶ میں امام محمد طاہر گجراتی لکھتے ہیں۔ یعنے اکثر کا خیال ہے۔ کہ عیسیٰ علیہ السلام نہیں مرے۔ لیکن مالک کہتے ہیں کہ وہ فوت ہوگئے ہیں

وَالْاَکْثَرُ اَنَّ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ لَمْ یَمُتْ وَقَالَ مَالِکٌ مَاتَ | دیکھو مجمع البحار جلد اول مطبوعہ مطبع نولکشور

(ب) اور جواہر الحسان فی تفسیر القرآن شیخ عبدالرحمٰن ثعالبی مطبوعہ مطبع الجزائر کے جلد اوّل صفحہ ۲۷۰ میں حضرت امام مالک کے قول کی نسبت زیر آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ لکھا ہے +

وَقَالَ اِبْنُ عَبَّاسٍ ھِیَ وَفَاۃُ مَوْتٍ وَنَحْوُہٗ لِمَالِکٍ فِی الْعُتْبِیَّۃِ | اور ابن عباس نے کہا ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام حقیقی موت سے وفات پاگئے ہیں اور ایسا ہی امام مالک رحمۃ اللہ نے اپنی کتاب عتبیہ نام میں فرمایا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوگئے ہیں

(ج) اور اکمال اکمال المعلم میں جو شرح مسلم ابی عبداللہ محمد بن خلفۃ الوشتانی المالکی کی ہے اور مطبوعہ مطبع السعادۃ مصر میں ہے اور جسکو سلطان عبدالحفیظ سلطان مغرب نے اپنے مصارف خاص سے طبع کرایا ہے +۔ امام مالک علیہ الرحمۃ کے قول کی یوں تصدیق کی ہے۔ دیکھو شرح مذکور صفحہ ۲۶۵

وَفِی الْعُتْبِیَّۃِ قَالَ مَالِکٌ مَاتَ عِیْسٰی ابْنُ مَرْیَمَ + | عتبیہ نام کتاب میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام فوت ہوچکے ہیں

(د) اور مکمل اکمال الاکمال شرح صحیح مسلم میں امام ابی عبداللہ محمد بن محمد بن یوسف السنوسی الحسنی نے امام مالک کے قول کی تصدیق کی ہے۔ دیکھو صفحہ ۲۶۵ برحاشیہ کتاب مذکورۃ الصدر

وَفِی الْعُتْبِیَّۃِ قَالَ مَالِکٌ مَاتَ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ + | اور عتبیہ میں امام مالک نے لکھا ہے کہ عیسےٰ علیہ السلام فوت ہوگئے ہیں +

اِن حوالہ جات سے جو مالکی مذہب کے آئمہ کی مشہور و مستند کتب میں سے ہیں صاف ظاہر ہوتا ہے کہ امام مالک نے اپنی کتاب عتبیہ میں شائع کیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ناصری وفات پاچکے

ہیں اور کسی آئمہ مجتہدین نے امام مالک کے قول کی تردید نہیں کی +

(۵) امام ابوحنیفہ کی شہادت کہ مسیح علیہ السلام فوت ہو گئے ہیں۔ اس کا ثبوت یوں ہے کہ حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ و حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ ہمعصر ہیں۔ صرف دس برس عمر میں فرق ہے۔ حضرت امام اعظم ۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور حضرت امام مالک ۹۰ھ ہجری میں اور جہاں تک دیکھا جاتا ہے۔ اکثر مسائل میں ان ہر دو بزرگان کا بڑا اختلاف ہے حتّٰی کہ حرام و حلال تک نوبت پہنچی ہوئی ہے۔ مگر اس مسئلہ میں امام مالک برملا مسیح کی موت کے قائل ہیں۔ اور حضرت ابوحنیفہ وغیرہ خاموش ہیں۔ اور یہ بات تمام اہل اسلام میں مسلم ہے۔ کہ جس امر پر کوئی پیشوا مجتہد سکوت اختیار کرے تو اسکے نزدیک وہ امر مسلم ہوتا ہے۔ ورنہ مہمات دین میں سکوت کرنا معصیت میں داخل ہے پس ظاہر ہے کہ حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا جو تقویٰ میں سب سے بڑھے ہوئے تھے سکوت کرنا اس بات پر مہر لگاتا ہے کہ مسیح علیہ السلام فوت ہو گئے ہیں۔ بلکہ معلوم ہوتا ہے کہ صرف امام مالک کے قول وفات حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اکتفا کر کے خاموش نہیں ہوئے بلکہ وہ اس خطبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یقیناً وفات حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے قائل تھے جو انہوں نے بروز وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی میں برخلاف جوش حضرت عمر و دیگر صحابہ پڑھا تھا اور جس خطبہ کو حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب مسند امام اعظم میں درج فرمایا ہے۔ چنانچہ مسند مذکور میں خطبہ ابوبکر رضی اللہ عنہ حسب ذیل ہے۔ دیکھو مسند امام اعظم صفحہ ۸۸ +

رَوَى اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ رَاٰى مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِفَّةً فَاسْتَاْذَنَهٗ اِلٰى اِمْرَاَتِهٖ اِبْنَةِ خَارِجَةَ وَكَانَتْ فِيْ حَوَائِطِ الْاَنْصَارِ وَكَانَ ذٰلِكَ رَاحَةُ الْمَوْتِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ فَاَذِنَ لَهٗ ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ

امام ابوحنیفہ نے یزید بن عبدالرحمٰن سے روایت کی انہوں نے انس بن مالک سے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیماری سے کچھ افاقہ کی صورت ظاہر ہوئی تو آپ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی کہ میں اپنی زوجہ کی طرف جو خارجہ کی بیٹی ہے جانا چاہتا ہوں اور وہ انصار کے محلوں میں رہتی تھی۔ مگر وہ آرام بیماری سے آرام نہیں تھا بلکہ وہ

اللَّيْلَةِ فَاَصْبَحَ فَجَعَلَ يَرِي النَّاسَ يَتَرَا
مَسُونَ فَاَمَرَ اَبُوْبَكْرٍ غُلَامًا مَا يَسْمَعُ
ثُمَّ مُخْبِرُهُ فَقَالَ اَسْمَعُهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَاتَ
مُحَمَّدٌ صَلَّعَمْ فَيَشْتَدُّ اَبُوْبَكْرٍ وَهُوَ يَقُوْلُ
وَاقَطْعَ ظَهْرَاهُ فَمَا بَلَغَ اَبُوْبَكْرٍ الْمَسْجِدَ
حَتّٰى ظَنُّوْا اَنَّهٗ لَا يَبْلُغُ وَاَرْجَفَ الْمُنَافِقُوْنَ
فَقَالُوْا لَوْ كَانَ مُحَمَّدٌ نَبِيًّا لَمْ يَمُتْ فَقَالَ عُمَرُ
لَا اَسْمَعُ رَجُلًا يَقُوْلُ مَاتَ مُحَمَّدٌ اِلَّا
ضَرَبْتُهٗ بِالسَّيْفِ فَلَمَّوْا لِذٰلِكَ فَلَمَّا جَاءَ
اَبُوْبَكْرٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مُسَجًّى كَشَفَ الثَّوْبَ ثُمَّ جَعَلَ يَلْثِمُهٗ وَيَقُوْلُ
مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُذِيْقَكَ الْمَوْتَ مَرَّتَيْنِ اِنَّكَ
اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ ثُمَّ خَرَجَ اَبُوْبَكْرٍ
فَقَالَ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَاِنَّ مُحَمَّدًا
قَدْ مَاتَ وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ رَبَّ مُحَمَّدٍ
فَاِنَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ لَا يَمُوْتُ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا
رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ
اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ
وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ
شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ۝ قَالَ عُمَرُ
وَاللّٰهِ كَاَنَّهٗ لَمْ نَقْرَاْ اٰيَةً قَطُّ فَقَالَ
النَّاسُ مِثْلَ مَقَالَةِ اَبِيْ بَكْرٍ مِنْ كَلَامِهٖ وَقِرَاْتِهٖ
قَالَ وَمَاتَ لَيْلَةَ الْاِثْنَيْنِ وَمَكَثَ
لَيْلَةً وَيَوْمًا وَلَيْلَةَ الثُّلٰثَاءِ وَدُفِنَ

موت کا آرام تھا اور ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو
اُس کی پہچان نہ تھی۔ حضرت ابوبکر کو اجازت
دی گئی۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اُسی
شب کو وفات پا گئے۔ جب صبح ہوئی تو لوگوں
کو کچھ منوحش خبریں اُڑاتے سُنا۔ اس پر ابوبکر
رضی اللہ عنہ نے ایک غلام کو حکم دیا کہ جا کر خبر لائے
کہ کیا ماجرا ہے۔ اُس نے کہا کہ میں نے لوگوں کو یہ کہتے
سُنا ہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہو گئے ہیں
اِس بات کے سُننے سے ابوبکر دوڑ کر چلنے لگے اور
زبان مبارک سے فرماتے تھے ہائے افسوس
میری کمر ٹوٹ گئی۔ اور اسی شدتِ غم میں ابوبکر
رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد تک نہ پہنچے کہ لوگوں نے
گمان کیا کہ وہ نہیں پہنچ سکیں گے۔ اور منافق
بدخبریں اُڑاتے اور یہ بکواس کرنے لگ گئے تھے کہ
اگر محمد صلے اللہ علیہ وسلم نبی ہوتا تو نہ مرتا۔ اُس وقت
عمر رضی اللہ عنہ کہتے تھے جس شخص کو میں کہتے سنونگا
کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہو گئے تو میں تلوار سے
اُس کی گردن اُڑا دونگا تو لوگ اس کے اظہار سے
رُک گئے۔ جب ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے تو کیا دیکھا
کہ وہ کپڑے میں لپٹے ہوئے ہیں۔ کپڑا سر کو اُٹھایا
اور پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بوسہ دیتے تھے
اور فرماتے تھے کہ اللہ تجھے دو دفعہ موت کا ذائقہ
نہیں چکھائیگا کیونکہ اللہ کے نزدیک تیرا شان اس
سے بالاتر ہے۔ پھر ابوبکر وہاں سے باہر تشریف لائے

يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ وَكَانَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَاَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ يُصَبَّانِ الْمَاءَ وَعَلِيٌّ وَالْفَضْلُ يُغَسِّلَانِهٖ +	اور فرمایا کہ جو شخص محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی پرستش کرتا تھا اُس کو معلوم رہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم تو فوت ہو گئے اور جو شخص محمد صلے اللہ علیہ وسلم

کے رب کی عبادت کرتا تھا سو اُس کا رب نہیں مریگا یعنے وہ زندہ ہے اور زندہ رہیگا کیا تم نے نہیں پڑھا کہ نہیں ہے محمد صلے اللہ علیہ وسلم مگر ایک رسول اور اُس سے پہلے تمام رسول مر چکے اگر یہ رسول بھی اپنی موت سے مرجائے یا کسی کے ہاتھ سے قتل ہو جائے تو کیا تم اپنے آبائی مذہب پر عود کر جاؤ گے اور جو مرتد ہو جاویگا تو اُس سے اللہ کے دین کو کوئی ضرر نہیں اور قدر دانوں کو اللہ جزائے خیر دیگا۔ یہ سُنکر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم بخدا ایسا معلوم ہوا کہ گویا یہ آیت پہلے کبھی پڑھی نہیں گئی اور اور لوگوں نے بھی حضرت ابوبکر کی تقریر کی تائید کر کے کہا کہ ایسا ہی ہے۔ حضرت ابوحنیفہ فرماتے ہیں۔ کہ انس بن مالک نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پیر کے روز فوت ہوئے اور ایک

(۶) امام محمدؒ کی شہادت مسیح کی وفات پر۔ جس کا ذکر یوں ہے۔ کہ یہ بزرگ امام حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ و حضرت مالک رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد ہیں۔ ان کے مجتہدات سے ظاہر ہے۔ کہ بعض مسائل میں اُنہوں نے اپنے ہر دو اُستادوں سے اختلاف کیا ہے۔ مگر اس مسئلہ میں وہ بھی سکوت کرتے ہیں۔ لہذا یہ مسئلہ بھی اُنکے نزدیک مسلم ہے۔ جب وہ دونوں وفات کے قائل ہیں تو اُن کا ثبوت کافی ثبوت ہے کہ یہ بھی وفاتِ عیسیٰ علیہ السلام کے قائل ہیں ورنہ ضرور مخالفت کرتے +

(۷) امام ابو یوسف کا بھی حسب بیان بالا امام محمد کی طرح سکوت ہے۔ یہ دونوں شاگرد حضرت حسین کے نام سے مشہور ہیں۔ جن کا فتویٰ بعض مسائل میں برخلاف حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ چلتا ہے لیکن اس مسئلہ میں وہ بھی ساکت ہیں +

(۸) امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بھی مثل امام مالک ابوحنیفہ وغیرہ آئمہ کے قائل وفات ہیں کیونکہ یہ امام محمدؒ و امام مالک کے شاگرد ہیں۔ اور انہوں نے امام ابوحنیفہؒ امام مالکؒ۔ امام محمدؒ۔ امام ابو یوسف کے مجتہدات کے برخلاف بہت سے مسائل لکھے ہیں۔ اور بڑا ہی اختلاف کیا ہے لیکن اس مسئلہ میں اُنہوں نے امام مالکؒ و امام ابوحنیفہ کی مخالفت نہیں کی جس سے اُنکا اتفاق ثابت ہوتا ہے +

(۹) امام احمد بن حنبل جو ان سب کے بعد ہوئے ہیں۔ اور جو امام شافعی کے شاگرد بھی ہیں۔

اُنہوں نے سب مذکرہ بالا اماموں کے اجتہادات میں بڑا ہی اختلاف کیا ہے۔ لیکن اس مسئلہ میں وہ بھی سکوت کرتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ بھی اس مسئلہ میں امام مالک سے متفق ہیں بلکہ یہ امام ضرور وفات کے قائل ہیں کیونکہ اُنہوں نے بھی وہ خطبہ جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے وفاتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روز مسجدِ نبوی میں پڑھا تھا حضرت ابوحنیفہ کی طرح اپنی کتاب میں درج کیا ہے نہ صرف ایک بار بلکہ کئی بار مختلف طرق سے درج کیا ہے اور کوئی اعتراض نہیں کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ یقیناً وفاتِ مسیح علیہ السلام کے قائل تھے اور ظاہر ہے کہ ایک محدث مجتہد کبھی خاموش نہیں رہ سکتا تھا۔ چنانچہ وہ حدیث حسب ذیل ہے جس میں تمام انبیاء کی وفات کا ذکر ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ قَالَ
ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ عِمْرَانَ
الْجَوْنِیُّ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ بَابَنُوْسَ قَالَ دَخَلْتُ
اَنَا وَصَاحِبٌ لِّیْ اِلٰی عَائِشَۃَ فَاسْتَاْذَنَّا عَلَیْھَا
فَاَلْفَتْ لَنَا وِسَادَۃً وَجَدَبَتْ اِلَیْھَا الْحِجَابَ
فَقَالَ صَاحِبِیْ یَا اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ مَا تَقُوْلِیْنَ
فِی الْعِرَاكِ قَالَتْ اَمَّا الْعِرَاكُ فَعَرَكْتُ
مَنْكِبَ صَاحِبِیْ فَقَالَتْ لِمَ اٰذَیْتَ اَخَاكَ
ثُمَّ قَالَتْ مَا الْعِرَاكُ الْحَیْضُ قُوْلُوْا مَا قَالَ
اللّٰہُ الْمَحِیْضُ ثُمَّ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَوَسَّدُنِیْ وَیُنَاوِلُ مِنْ
رَاْسِیْ وَبَیْنِیْ وَبَیْنَہٗ ثَوْبٌ وَاَنَا حَائِضٌ
ثُمَّ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
اِذَا مَرَّ بِاَبِیْ مِنَّا یُلْقِی الْكَلِمَۃَ یَنْفَعُ اللّٰہُ عَزَّ
وَجَلَّ بِھَا فَمَرَّ ذَاتَ یَوْمٍ فَلَمْ یَقُلْ شَیْئًا
ثُمَّ مَرَّ اَیْضًا فَلَمْ یَقُلْ شَیْئًا مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلَاثٍ

امام احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں کہ میرے پاس عبداللہ نے اُس کے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس نہر نے اُن کے پاس حماد بن سلمہ نے اُن کے پاس ابوعمران الجونی نے اُن کے پاس یزید بن بانبوس نے بیان کیا کہ میں اور ایک میرا صاحب حضرت عائشہ صدیقہ کے پاس گئے اور اندر جانے کی اجازت چاہی اُنہوں نے ہمارے لئے ایک تکیہ بچھایا اور اپنے لئے پردہ کر لیا۔ پھر میرے ساتھی نے کہا اے ام المومنین آپ عراک کے بارہ میں کیا فرماتی ہیں تو فرمایا عراک اور ایک ہاتھ میرے ساتھی کے کندھے پر مارا اور کہا کہ تم نے اپنے بھائی کو کیوں دُکھ دیا پھر فرمایا کہ عراک حیض ہے وہی کہو جو اللہ تعالیٰ نے کہا ہے یعنی المحیض پھر بیان کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ لیٹ رہتے تھے اور میرے سر کے ساتھ لگا سر لگتا تھا اور میرے اور اُن کے درمیان کپڑا ہوتا

قُلْتُ يَا جَارِيَةُ ضَعِي لِي وِسَادَةً عَلَى الْبَابِ
أَعْصِبُ رَأْسِي فَمَرَّ بِي فَقَالَ يَا عَائِشَةُ
مَا شَأْنُكِ أَشْتَكِي رَأْسِي أَنَا وَارَأْسَاهُ فَذَهَبَ
فَلَمْ يَلْبَثْ إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى جِيءَ بِهِ مَحْمُولًا
فِي كِسَاءٍ فَدَخَلَ عَلَيَّ وَلَعَتْ إِلَى النِّسَاءِ فَقَالَ
إِنِّي قَدِ اشْتَكَيْتُ وَإِنِّي لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ
أَدُورَ بَيْنَكُنَّ فَأْذَنْ لِي فَلْأَكُنْ عِنْدَ عَائِشَةَ
أَوْ صَفِيَّةَ وَلَمْ أَمْرَضْ أَحَدًا قَبْلَهُ قَدِيمًا
رَأْسُهُ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى مَنْكِبِي أَوْ قَالَ رَأْسُهُ
نَحْوَ رَأْسِي فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يُرِيدُ مِنْ رَأْسِي
حَاجَةً فَخَرَجَتْ مِنْ فِيهِ نُطْفَةٌ بَارِدَةٌ
فَوَقَعَتْ عَلَى ثُغْرَةِ نَحْرِي فَاقْشَعَرَّ لَهَا
جِلْدِي فَظَنَنْتُ أَنَّهُ غُشِيَ عَلَيْهِ فَسَجَّيْتُهُ
ثَوْبًا فَجَاءَ عُمَرُ وَالْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ فَاسْتَأْذَنَا
فَأَذِنْتُ لَهُمَا وَجَذَبْتُ إِلَى الْحِجَابِ فَنَظَرَ
عُمَرُ إِلَيْهِ فَقَالَ وَاغَشْيَاهُ مَا شَهِدَ غَشْيَ
رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَا
فَلَمَّا أَنْ وَلَّوْا مِنَ الْبَابِ قَالَ الْمُغِيرَةُ يَا عُمَرُ
مَاتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ كَذِبْتَ بَلْ أَنْتَ رَجُلٌ تَحْوِسُكَ فِتْنَةٌ
أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمُوتُ
حَتَّى يُفْنِيَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ الْمُنَافِقِينَ ثُمَّ جَاءَ
أَبُو بَكْرٍ فَرَفَعْتُ الْحِجَابَ فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَقَالَ
إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ مَاتَ رَسُولُ اللَّهِ

تھا اور میں حائضہ ہوتی پھر فرمایا کہ جب رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم میرے دروازہ پر گذر فرماتے
تو کوئی ایسی بات کہتے جس سے اللہ تعالیٰ نفع
دیتا۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ ایک مرتبہ دروازہ پر
سے گذرے اور زبان مبارک سے کچھ ارشاد نہ
فرمایا پھر گذرے اور کچھ نہ فرمایا غرض دو دفعہ یا تین
دفعہ ایسا ہوا میں نے لونڈی کو کہا کہ تم مکیہ میرے
لئے دروازہ پر رکھو اور میں نے سر جھکایا۔ تو آپ
تشریف لائے اور فرمایا اے عائشہ تمہارا کیا حال
ہے میرے سر میں شکایت ہے میں گھر بھول گیا
ہوں پھر تشریف لے گئے اور بہت دیر نہ گذری
کہ اُن کو کپڑے میں اُٹھا کر لائے اور میرے ہاں
فروکش ہوئے اور دوسری ازواج مطہرات کو کہلا بھیجا
اور فرمایا کہ آج مجھے شکایت ہے اور مجھ میں پھرنے
کی طاقت نہیں پس تم مجھے اجازت دو تاکہ میں عائشہ
کے پاس ٹھہروں یا صفیہ کے پاس۔ اور اس سے
پہلے کسی کے پاس جانے آپنے ناغہ نہیں کیا اور جب
اُن کا سر مبارک اس روز میرے کندھے پر تھا یا یہ
کہا کہ اُن کا سر اُن کے سر کی طرف تھا۔ میں نے خیال
کیا کہ آپ کو میرے سر سے کچھ حاجت ہے پھر آپ
کے منہ سے ٹھنڈا کھنکار نکلا وہ میرے سینہ پر گرا۔
پھر میں نے گمان کیا کہ آپ پر غشی طاری ہو گئی ہے
میں نے اُن پر کپڑا ڈال دیا پھر حضرت عمر اور مغیرہ
بن شعبہ آئے اور اندر آنے کی اجازت طلب کی میں نے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَتَاهُ مِنْ قِبَلِ
رَاْسِهٖ فَحَدَرَ فَاهُ وَقَبَّلَ جَبْهَتَهٗ ثُمَّ قَالَ
وَانَبِيَّاهُ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ ثُمَّ حَدَرَ فَاهُ وَقَبَّلَ
جَبْهَتَهٗ وَقَالَ وَاخَلِيْلَاهُ مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ وَ
عُمَرُ يَخْطُبُ النَّاسَ وَيَتَكَلَّمُ وَيَقُوْلُ اَنَّ
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا مَاتَ
حَتّٰى يُفْنِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْمُنَافِقِيْنَ فَتَكَلَّمَ
اَبُوْبَكْرٍ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ
اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ
مَيِّتُوْنَ حَتّٰى فَرَغَ مِنَ الْاٰيَةِ وَمَا مُحَمَّدٌ
اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ
اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ
حَتّٰى فَرَغَ مِنَ الْاٰيَةِ فَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ
عَزَّ وَجَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ حَيٌّ وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ
مُحَمَّدًا فَاِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ - فَقَالَ
عُمَرُ وَاِنَّهَا لَفِيْ كِتَابِ اللّٰهِ مَا شَعَرْتُ اَنَّهَا
فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ - ثُمَّ قَالَ عُمَرُ يَا اَيُّهَا النَّاسُ
هٰذَا اَبُوْبَكْرٍ وَهُوَ ذُوْ شَيْبَةِ الْمُسْلِمِيْنَ
فَبَايِعُوْهُ فَبَايَعُوْهُ رَوَاهُ اَحْمَدُ +

اجازت دیدی اور میں نے پردہ لے لیا۔ عمر نے
آپ کی طرف دیکھا اور فرمایا ہائے افسوس غشی
آگئی ہے۔ اور انہوں نے کبھی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو غشی میں نہیں دیکھا تھا پھر وہ دونوں کھڑے
ہو گئے اور جب دروازہ کے قریب گئے تو مغیرہ نے
کہا کہ اے عمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو فوت
ہو گئے۔ حضرت عمر نے کہا تو جھوٹ کہتا ہے بلکہ تو
تو ایسا آدمی ہے جو فساد ڈالنا چاہتا ہے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم جب تک منافقوں کا استیصال
اور بیخ کنی نہ کر لینگے تب تک نہیں مرینگے پھر حضرت
ابوبکر تشریف لائے تو میں نے حجاب اٹھا دیا۔
انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا
اور کہا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم تو فوت ہو گئے پھر سر کے سامنے
سے آئے اور آپ کا منہ اور ماتھے پر بوسہ دیا اور
کہا آہ نبی پھر سر اٹھایا پھر منہ اور پیشانی پر
بوسہ دیا پھر بولے آہ اللہ کے برگزیدے پھر
اپنا سر اٹھایا پھر منہ اور پیشانی پر بوسہ دیا اور
کہا آہ خلیل۔ رسول اللہ تو فوت ہو گئے پھر
نکل کر مسجد کو گئے اس وقت حضرت عمر لوگوں سے
مخاطب تھا اور باتیں کرتا اور کہتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تک منافقوں کا قلع قمع
نہیں کر لینگے نہیں فوت ہونگے۔ پھر ابوبکر بولے اول اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی پھر کہا اللہ تعالیٰ
قرآن کریم میں فرماتا ہے تو بھی مرنے والا اور وہ بھی مرنے والے ہیں اس آیۃ سے فارغ ہونیکے
بعد فرمایا نہیں ہے محمد مگر ایک رسول اس سے پہلے سب رسول مر چکے اگر یہ رسول بھی اپنی موت یا

بذریعہ قتل مرجائے تو کیا تم اپنی ایڑیوں پر واپس لوٹ جاؤ گے اس کے بعد فرمایا جو شخص اللہ کی عبادت کرتا تھا اللہ تو زندہ ہے اور وہ نہیں مریگا اور جو شخص محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پرستش کرتا تھا سو محمد تو مرگیا۔ یہ سنکر عمر نے کہا کیا یہ آیات قرآن کریم میں ہیں۔ مجھے معلوم نہیں تھا کہ یہ آیات کتاب اللہ میں ہیں۔ پھر کہا اے لوگو ابوبکر کی بیعت کرو اور انہوں نے بیعت کرلی۔ دیکھو مسند احمد بن حنبل جلد ۶ صفحہ ۲۱۹ و ۲۲۰ +

(۱۰) حافظ ابن قیم رئیس المحدثین اپنی کتاب زاد المعاد کے صفحہ ۱۹ مطبوعہ مطبع نظامی میں لکھتے ہیں +

(الف) وَاَمَّا مَا يُذْكَرُ عَنِ الْمَسِيْحِ اَنَّهُ رُفِعَ اِلَى السَّمَآءِ وَلَهُ ثَلٰثٌ وَثَلٰثُوْنَ سَنَةً فَهٰذَا لَا يُعْرَفُ لَهُ اَثَرٌ مُتَّصِلٌ يَجِبُ الْمَصِيْرُ اِلَيْهِ۔ یعنے مسیح کی نسبت جو یہہ ذکر کیا جاتا ہے کہ وہ آسمان میں تنتیس برس کی عمر میں اٹھائے گئے۔ اس باب میں کوئی نشان متصل پایا نہیں جاتا۔ کہ مسیح آسمان کی طرف چلا گیا ہو اس سے صاف ظاہر ہے کہ امام ابن قیم اس بات کے قایل ہیں کہ حضرت عیسےٰ آسمان پر نہیں گئے۔ اور نہ اس کا ثبوت کہیں ملتا ہے۔ پس وہ زمین پر ہی رہے اور فوت ہوئے +

(۲) (ب) دوسری جگہ وہ لکھتے ہیں۔ لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جگہ پر نہ تھے تو کشف میں دیکھا کہ خلاف عادت لوٹا ہوں یہانتک کہ اُن کا شکم بھی شق کیا گیا۔ اور وہ زندہ ہی رہے اور کوئی درد بھی محسوس نہیں ہوا۔ اُنکی روح پاک

لٰكِنْ لَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَقَامِهٖ خَرَقَ الْعَوَائِدَ حَتّٰى شُقَّ بَطْنُهٗ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَتَاَلَّمُ بِذٰلِكَ عَرَجَ بِذَاتِ رُوْحِهِ الْمُقَدَّسَةِ حَقِيْقَةً مِنْ غَيْرِ اِمَاتَةٍ وَمَنْ سِوَاهُ لَا يَنَالُ بِذَاتِ رُوْحِهِ الصُّعُوْدُ اِلَى السَّمَآءِ اِلَّا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْمُفَارَقَةِ فَالْاَنْبِيَاءُ اِنَّمَا اسْتَقَرَّتْ اَرْوَاحُهُمْ هُنَاكَ بَعْدَ مُفَارَقَةِ الْاَبْدَانِ

فی الحقیقت معراج میں گئی۔ اور موت وارد نہیں ہوئی تھی۔ اور اُن کے سوائے کسی شخص کی روح آسمان پر موت سے پہلے نہیں جاسکتی اور تمام انبیاء کی روحیں بھی آسمان پر بعد موت و مفارقت بدن رہتی ہیں۔ دیکھو زاد المعاد جلد اول صفحہ ۳۰۱ و ۳۰۲۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ کی روح بھی بعد موت آسمان پر گئی +

(۱۱) شہادت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ جنہوں نے ابن عباس کے قول مُمِيْتُكَ کو تحریر فرما کر اپنی

رائے رقم فرمائی ہے دیکھو عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری جلد ۸ صفحہ ۵۹۳

(۱۱) امام ابن رشد وفات مسیح علیہ السلام کے متعلق لکھتے ہیں +

قَالَ وَيُحْتَمَلُ اَنَّهٗ مَاتَ حَقِيْقَةً وَيُحْيَاىَ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ

اور احتمال ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حقیقی موت سے مر گئے ہیں اور شاید آخری زمانہ میں زندہ کیے جائیں گے +

دیکھو اکمال اکمال المعلم شرح صحیح مسلم و مکمل اکمال الاکمال شرح صحیح مسلم صفحہ ۲۶۵ +

(۱۲) (۱ شہادت ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ جو حاشیہ جلالین معہ کمالین صفحہ ۱۰۹ مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی میں ہے وَتَمَسَّكَ ابْنُ حَزْمٍ بِظَاهِرِ الْاٰيَةِ وَقَالَ بِمَوْتِهٖ۔ یعنے ابن حزم نے ظاہر آیت پر تمسک پکڑا ہے یعنے مسیح کی موت پر پس صاف معلوم ہوا کہ حضرت ابن حزم صاحب بھی مسیح کی موت کے قائل ہیں بلکہ یقین رکھتے ہیں +

(۲) ایسا ہی اکمال اکمال المعلم و مکمل اکمال الاکمال کے صفحہ ۲۶۵ میں قول ابن حزم درج ہے کہ مسیح علیہ السلام فوت ہو گئے ہیں +

(۳) خود امام ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب الفصل فی الملل والاہواء والنحل میں جلد اول بصفحہ ۸۹ یوں لکھا ہے +

فَاِنَّ خَبَرَ الْاِسْرَاءِ الَّذِيْ ذَكَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجَلَّ فِي الْقُرْاٰنِ وَهُوَ مَنْقُوْلٌ نَقْلَ التَّوَاتُرِ وَاَحَدُ اَعْلَامِ النُّبُوَّةِ ذِكْرُ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ رَاٰى الْاَنْبِيَاءَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فِيْ سَمَاءٍ سَمَاءٍ فَهَلْ رَاٰى اِلَّا اَرْوَاحَهُمُ الَّتِيْ هِيَ اَقْسَامُهُمْ وَمَنْ كَذَّبَ بِهٰذَا اَوْ بَعْضِهٖ فَقَدْ اِنْسَلَخَ عَنِ الْاِسْلَامِ بِلَا شَكٍّ +

تحقیق معراج کی خبر جس کا ذکر اسرا کی صورت میں قرآن کریم میں کیا ہے وہ تواتر کے طور پر منقول ہے جو نبوۃ کا ایک بڑا نشان ہے کیونکہ اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے انبیاء علیہم السلام کو مختلف آسمانوں میں دیکھا اور وہ دیکھنا کیا تھا یہی کہ ان کے ارواح جو وہی انکے انفس تھے اور جو اسکو جھٹلائیگا یا اسکے بعض حصہ کو جھٹلائیگا تو بلاشک وہ اسلام سے

دور جا پڑیگا یعنے خارج ہو جائیگا +

(۴) پھر کتاب الفصل کے جلد ۲ صفحہ ۱۰۲ پر یوں فرمایا ہے +

وَقَدْ صَحَّ الْاِجْمَاعُ وَالنَّصُّ عَلٰی اَنَّ اَرْوَاحَ الْاَنْبِیَاءِ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ فِی الْجَنَّۃِ وَکَذٰلِکَ اَرْوَاحُ الشُّھَدَاءِ فِی الْجَنَّۃِ وَاَخْبَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ رَاٰھُمْ لَیْلَۃَ اُسْرِیَ بِہٖ فِی السَّمٰوٰتِ سَمَاءَ سَمَاءَ آدَمَ فِیْ سَمَاءِ الدُّنْیَا وَعِیْسٰی وَیَحْیٰی فِی الثَّانِیَۃِ وَیُوْسُفَ فِی الثَّالِثَۃِ وَاِدْرِیْسَ فِی الرَّابِعَۃِ وَھَارُوْنَ فِی الْخَامِسَۃِ وَمُوْسٰی وَاِبْرَاھِیْمَ فِی السَّادِسَۃِ وَالسَّابِعَۃِ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی جَمِیْعِھِمْ فَصَحَّ ضَرُوْرَۃً اَنَّ السَّمٰوٰتِ ھِیَ الْجَنَّاتُ ۔

اور اجماع اور نص قرآنی سے یقیناً ثابت ہے کہ ارواح انبیاء صلوات اللہ علیہم اجمعین جنت میں ہیں اور ایسا ہی شہداء کی ارواح بھی جنت میں ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے کہ انہوں نے ان کو شب معراج میں آسمانوں پر درجہ بدرجہ دیکھا آدم کو آسمان دنیا میں اور عیسیٰ اور یحییٰ کو دوسرے آسمان پر اور یوسف کو تیسرے اور ادریس کو چوتھے پر اور ہارون کو پانچویں پر اور موسیٰ اور ابراہیم کو چھٹے اور ساتویں پر دیکھا۔ خدا کی رحمت ان سب انبیاء پر ہو اور ثابت ہوا کہ ضرورۃً آسمان جنات ہیں۔ پس بخوبی روشن ہو گیا کہ حضرت امام ابن حزم وفات مسیح کے قائل تھے کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ملاقات ارواح انبیاء سے ہوئی تھی

(۱۴) شہادت عبد الحق محدث دہلوی۔ یہ بزرگ اپنی کتاب مَا ثَبَتَ بِالسُّنَّۃِ فِیْ اَیَّامِ السَّنَۃِ کے صفحہ ۴۹ میں لکھتے ہیں۔ وَعَاشَ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ خَمْسٌ وَعِشْرِیْنَ سَنَۃً وَمِائَۃً یعنے حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۱۲۵ برس تک زندہ رہے دیکھو کتاب مذکور ۔

(۱۵) شہادت محمد بن جعفر بن زبیر۔ چنانچہ تفسیر ابن جریر جلد ۳ صفحہ ۱۰۱ میں ابن جریر نے روایت ذیل بیان کی ہے :۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ حُمَیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَسْلَمَۃُ ابْنُ الْفَضْلِ قَالَ ثَنِیْ مُحَمَّدُ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَیْرِ اَلْحَیُّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَقَدْ مَاتَ عِیْسٰی وَصُلِبَ فِیْ قَوْلِھِمْ

ابن جریر طبری روایت کرتے ہیں کہ ہمارے پاس محمد بن حمید ان کے پاس مسلمہ بن الفضل نے ان کے پاس محمد بن اسحٰق نے ان کے پاس محمد بن جعفر بن زبیر نے بیان کیا کہ خدا تعالیٰ وہ ایک ذات ہے جو ہمیشہ سے زندہ ہے اور جس پر کبھی موت نہیں لیکن عیسیٰ تو مر گیا اور بقول ان کے صلیب پر مرا۔ دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۳ صفحہ ۱۰۱۔ زیر آیۃ اَلْحَیُّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ۔

(۱۶) شہادت ابن جریر طبری۔ چنانچہ وہ اپنی کتاب تاریخ الرسل والملوک مطبوعہ الہند کے صفحہ ۲۸۸

۳۹۰ پر لکھتے ہیں +

حَدَّثَنَا ابْنُ حُمَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُسْلِمَةُ
عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ ابْنِ سَلِيْمٍ الْأَنْصَارِيِّ
ثُمَّ الزُّرَقِيِّ قَالَ كَانَ عَلٰى امْرَأَةٍ مِنَّا نَذْرٌ
لَتَظْهَرَنَّ عَلٰى رَأْسِ الْجُمَّاءِ جَبَلٌ بِالْعَقِيْقِ
مِنْ نَاحِيَةِ الْمَدِيْنَةِ قَالَ فَظَهَرْتُ مَعَهَا
حَتّٰى إِذَا اسْتَوَيْنَا عَلٰى رَأْسِ الْجَبَلِ إِذَا
قَبْرٌ عَظِيْمٌ عَلَيْهِ حَجَرَانِ عَظِيْمَانِ حَجَرٌ عِنْدَ رَأْسِهِ
وَحَجَرٌ عِنْدَ رِجْلَيْهِ فِيْهِمَا كِتَابٌ بِالْمُسْنَدِ
لَا أَدْرِيْ مَا هُوَ فَاحْتَمَلْتُ الْحَجَرَيْنِ مَعِيْ حَتّٰى
إِذَا كُنْتُ بِبَعْضِ الْجَبَلِ مُنْهَبِطًا ثَقُلَا عَلَيَّ فَأَلْقَيْتُ
أَحَدَهُمَا وَهَبَطْتُ بِالْآخَرِ فَعَرَضْتُهُ عَلٰى
أَهْلِ السُّرْيَانِيَّةِ هَلْ يَعْرِفُوْنَ كِتَابَهُ فَلَمْ
يَعْرِفُوْهُ وَعَرَضْتُهُ عَلٰى مَنْ يَكْتُبُ بِالزَّبُوْرِ
مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ وَمَنْ يَكْتُبُ بِالْمُسْنَدِ فَلَمْ
يَعْرِفُوْهُ قَالَ فَلَمَّا لَمْ أَجِدْ أَحَدًا مِمَّنْ
يُعْرِفُهُ أَلْقَيْتُهُ تَحْتَ ثَابُوْتٍ لَنَا فَمَكَثَ
سِنِيْنَ ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْنَا نَاسٌ مِنْ أَهْلِ
مَاهٍ مِنَ الْفُرْسِ يَبْتَغُوْنَ الْخَيْرَ فَقُلْتُ
لَهُمْ هَلْ لَكُمْ مِنْ كِتَابٍ فَقَالُوْا نَعَمْ فَأَخْرَجْتُ
إِلَيْهِمُ الْحَجَرَ فَإِذَا هُمْ يَقْرَءُوْنَهُ فَإِذَا هُوَ
بِكِتَابِ هٰذَا أَخْبَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عِيْسَى ابْنُ
مَرْيَمَ عَمَّنْ أَهْلِ هٰذِهِ الْبِلَادِ فَإِذَا هُمْ

ہمارے پاس ابن حمید نے اُن کے پاس مسلمہ نے ابن
اسحاق سے اُن کے پاس عمر بن عبد اللہ بن عروہ
بن زبیر نے اُن کے پاس ابن سلیم انصاری زرقی
نے بیان کیا کہ ہم میں سے ایک عورت نے منت
مانی تھی کہ راس الجماء پر جو مدینہ کے نواحی میں
ایک پہاڑ عقیف میں ہے جا کر نذر ادا کریگی۔ راوی کہتا ہے
کہ میں بھی اُس عورت کے ساتھ گیا۔ جب ہم پہاڑ
کی چوٹی پر پہنچ گئے تو کیا دیکھا کہ ایک بڑی قبر ہے
جس پر دو بھاری پتھر پڑے ہیں ایک پتھر تو سرہانے
ہے اور ایک پتھر اُس کی پائینتی کی طرف ہے جن پر
کچھ لکھا ہوا ہے۔ لیکن میں نہیں جانتا کہ وہ کیا لکھا
ہوا ہے میں نے دونوں پتھروں کو اپنے ہمراہ اُٹھا لیا
جب میں بعض حصہ پہاڑ پر سے نیچے اُترنے لگا تو
بوجھ سنگین کی وجہ سے ایک پتھر کو میں نے پھینکدیا
اور دوسرے کو لیکر نیچے اُترا اور پھر میں نے سرمانی
لوگوں کے آگے اُسکو پیش کیا کہ کیا وہ اُس کو پڑھ
سکتے ہیں مگر وہ اُس کی تحریر کو نہ سمجھ سکے۔ پھر
میں نے زبور کے زبان والوں کے آگے اُس کو
پیش کیا جو یمن میں رہتے تھے اور جو لکھنا جانتے
تھے مگر وہ بھی اس کی تحریر کو نہ پہچان سکے۔ تو جب
مجھے کوئی شخص بھی اُس کے پہچاننے والا نہ ملا تو
میں نے اُس کو ایک صندوق کے نیچے رکھ دیا
اور کئی سال تک وہ وہاں پڑا رہا پھر کچھ مدت کے

كَانُوْا اَهْلُهَا فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ مَاتَ عِنْدَهُمْ فَدَفَنُوْهُ عَلٰى رَأْسِ الْجَبَلِ +

بعد فارسیوں میں سے اہل ماہ ہمارے ہاں آئے جو موتی خریدنے آئے تھے۔ میں نے اُن سے کہا کہ تمہارے ہاں بھی کوئی لکھائی ہوتی ہے اُنہوں نے کہا ہاں ہوتی ہے۔ تو میں نے وہ پتھر نکالا اُن کے آگے پیش کیا تو اُس کو دیکھ کر پڑھنے لگے اور اُس پر لکھا ہوا تھا رسول اللہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کی یہ قبر ہے جو اُن بلاد کے لوگوں کی طرف بھیجا گیا تھا اور جب وہ لوگ اُس زمانہ میں اُس کے پیرو ہو گئے تو اُن میں رہتا رہا اور اُن کے ہاں فوت ہو گیا اور اُس کی وفات پر اُنہوں نے اُسکو پہاڑ کی چوٹی پر دفن کر دیا۔ اس روایت سے صرف اس قدر ثابت ہوتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام مر گیا۔ خواہ وہ کہیں مرا

(۱۷) شہادت نواب صدیق حسن خان صاحب بھوپالوی کہ سارے انبیاء جو حضرت سے پہلے تھے مر چکے ہیں۔ دیکھو ترجمان القرآن جلد ۲ صفحہ ۵۱۳ +

(۱۸) شہادت حافظ محمد لکھوکے والے۔ تفسیر محمدی جلد اول صفحہ ۳۲۰ میں زیر آیت وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ لکھتے ہیں۔ یعنے جو بیں پیغمبر گذرے زندہ رہا نہ کوئی

تفسیر محمدی منزل ۱ اول صفحہ ۲۴۷ پر وفاتِ حضرت عیسےٰ بزبان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوقت بحث علماء نجران جو یہودے تال مثابہ ہوا شک نہ کوئی وہ بھی زندہ رہے بیش مرسی موت علیٰ دیکھو اس شعر میں حافظ محمد صاحب تسلیم کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہود نجران کے ساتھ مباحثہ کے وقت فرمایا اگر عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہوتا تو بلا شک اپنے باپ کے مشابہ ہوتا اور وہ ہمیشہ اپنے باپ کی طرح زندہ رہتا اور نہ مرتا مگر عیسیٰ علیہ السلام تو مر گئے پھر باپ سے کیونکر مشابہ ہو سکتا ہے +

(۱۹) شہادت جبائی جو اہل تشیعہ میں ایک مشہور علامہ گذرے ہیں چنانچہ وہ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ کے متعلق کہتے ہیں۔ یعنے اس آیت میں یہ بات ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو وفات دی۔ اور

وَفِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ دَلَالَةٌ عَلٰى اَنَّهُ اَمَاتَ عِيْسٰى وَتَوَفَّاهُ ثُمَّ رَفَعَهُ اِلَيْهِ +

روح کو اپنی طرف بلا لیا۔ دیکھو تفسیر مجمع البیان جلد اول زیر آیہ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ +

(۲۰) شہادت محی الدین ابن عربی کہ وہ کہتے ہیں کہ مسیح فوت ہو گئے۔ اور ان کا نزول بروزی طور سے ہو گا۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں عیسیٰ علیہ السلام کا رفع ہوا۔ جبکہ عالم سفلی سے مفارقت

مُرْفِعِ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اِتِّصَالُ رُوْحِهٖ

کر کے عالم علوی کی طرف چلا گیا۔ اور اُن کا جو تھے

عِنْدَ الْمُفَارَقَةِ عَنِ الْعَالَمِ السُّفْلِيِّ إِلَى الْعَالَمِ الْعُلْوِيِّ وَكَوْنِهٖ فِيْ سَمَاءِ الرَّابِعَةِ إِشَارَةٌ إِلٰى اَنَّ مَصْدَرَ فَيَضَانِ رُوْحِهٖ رُوْحَانِيَّةُ فَلَكِ الشَّمْسِ الَّذِيْ هُوَ بِمُشَابَةِ قَلْبِ الْعَالَمِ وَمَرْجِعُهٗ اِلَيْهِ وَتِلْكَ الرُّوْحَانِيَّةُ مُؤَثِّرَةٌ بِتَحْرِيْكِ ذٰلِكَ الْفَلَكِ بِمَعْشُوْقِيَّةٍ وَاَشْرَاقِ اَشِعَّتِهٖ عَلٰى نَفْسِهٖ اَيْ مُبَاشَرَةً لِتَحْرِيْكِهٖ وَلَمَّا كَانَ مَرْجِعُهٗ اِلٰى مَقَرِّهِ الْاَصْلِيِّ وَلَمْ يَصِلْ اِلَى الْكَمَالِ الْحَقِيْقِيِّ وَجَبَ نُزُوْلُهٗ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ بِتَعَلُّقِهٖ بِبَدَنٍ آخَرَ +

آسمان پر ہونا اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اُس کے روح کے فیضان کا جائے صدور فلک الشمس کی روحانیت ہے جو جہان کے قلب کے مشابہ ہے اور اس کا مرجع بھی اُسی کی طرف ہے اور وہ روحانیت ایک نور ہے۔ جو اِس فلک کو اپنے عشق سے منور کرتا ہے۔ اور اُس کے نفس پر شعاعوں کا چمکنا اُسی کی تحریک سے ہے۔ اور جب اس کا مرجع اُسکی اصلی جائے قرار کی طرف ہو اور اپنے کمال حقیقی کو نہیں پہنچ سکتا تو اس لئے وہ آخری زمانہ میں دوسرے بدن کے ساتھ تعلق پیدا کر کے نزول کریگا دیکھو تفسیر مذکور جلد ا صفحہ ۲۶۲ +

(۲۱) شہادت صاحب اقتباس الانوار بصفحہ ۵۲ جس میں لکھا ہے۔ اکثر صوفیا کا مذہب ہے کہ مسیح موعود کا بروزی طور سے نزول ہوگا۔ پس صاف ظاہر ہے کہ وہ خود وفات پا چکے ہیں

(۲۲) شہادت نواب صدیق حسن خان بحوالہ طہرانی وحاکم جنہوں نے اس حدیث کو بیان کر کے کوئی جرح نہیں کی۔ اور حدیث یوں ہے۔ کہ ہر نبی اپنے ماسبق نبی سے نصف عمر پاتا رہا ہے۔ پس حضرت عیسیٰ ابن مریم ایک سو بیس برس تک زندہ رہے۔ دیکھو حجج الکرامۃ صفحہ ۴۲۸ +

(۲۳) شہادت حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ المعروف بداتا گنج بخش صاحب لاہوری چنانچہ وہ اپنی کتاب کشف المحجوب صفحہ ۱۵۹ مطبوعہ مطبع پنجابی لاہور میں لکھتے ہیں۔

پیغمبر گفت اندر شب معراج آدم صفی و یوسف صدیق و موسیٰ کلیم اللہ و ہارون حلیم و عیسےٰ روح اللہ و ابراہیم خلیل اللہ صلوات اللہ علیٰ نبینا و علیہم اندر آسمانہا دیدم۔ لامحالہ آن ارواح ایشاں بود و اگر روح عرضی بودے بخود قایم نبودے ضرور وہ اُن کی ارواح تھیں اور اگر روح عرض ہوتی تو اپنے آپ قائم نہ رہتی +

اور کشف المحجوب مترجم کے صفحہ ۲۸۱ میں یوں لکھا ہے۔ اور پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا میں نے معراج کی رات میں آدم صفی کو اور یوسف صدیق کو اور موسیٰ کلیم اللہ اور ہارون حلیم اور عیسیٰ روح اللہ اور ابراہیم خلیل اللہ کو آسمانوں میں دیکھا۔

(۲۴) شہادت امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ۔ وہ اپنی کتاب طبقات جلد ثانی صفحہ ۴ لکھتے ہیں

وَكَانَ يَقُوْلُ اِنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رُفِعَ كَمَا رُفِعَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَيَنْزِلُ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ ۔

وہ کہتے تھے کہ علی بن ابی طالب بھی اُسی طرح اُٹھائے گئے جس طرح عیسیٰ علیہ السلام اُٹھائے گئے۔ اِس سے ظاہر ہے کہ جیسے حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس دنیا سے وفات پاکر اُٹھائے گئے ہیں اِسی طرح حضرت عیسیٰ بھی نعنت کی موت سے بچکر طبعی موت کے بعد آسمان پر گئے ۔

(۲۵) شہادت صاحب لطائف القرآن جو قلمی ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ وَجَبَ نُزُوْلُهٗ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ مُتَعَلِّقَةً بِبَدَنٍ آخَرَ یعنی آخری زمانہ میں اُن کی روح دوسرے بدن کے ساتھ نزول کریگی ۔

(۲۶) شہادت علامہ قسطلانی جنہوں نے مواہب لدنیہ جلد اوّل کے صفحہ ۴۲ میں لکھا ہے

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ لِفَاطِمَةَ اِنَّ جِبْرَائِيْلَ كَانَ يُعَارِضُنِيْ بِالْقُرْاٰنِ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَرَّةً وَاَنَّهٗ عَارَضَنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ وَاَخْبَرَنِيْ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ اِلَّا عَاشَ نِصْفَ الَّذِيْ قَبْلَهٗ وَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ عِيْسٰى بْنَ مَرْيَمَ عَاشَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةَ سَنَةٍ وَلَا اَرَانِيْ اِلَّا ذَاهِبًا عَلٰى رَأْسِ السِّتِّيْنَ اِنْتَهٰى مُلَخَّصًا وَرَوٰى اَبُوْ يَعْلٰى عَنْ فَاطِمَةَ مَرْفُوْعًا اَنَّ عِيْسٰى بْنَ مَرْيَمَ مَكَثَ فِيْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً فَهٰذَا مِمَّا يُؤَيِّدُ ذَاكَ وَلَا يَرُدُّ عَلَيْهِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى فِيْ حَقِّ عِيْسٰى وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا لِاَنَّ مَعْنَاهُ جَعَلَنِيْ مُبَارَكًا لَفَّاعًا لِلْخَيْرِ ۔

یعنے عائشہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس مرض میں جس میں وہ بالآخر فوت ہوئے۔ فاطمہ کو فرمایا کہ جبرائیل ہر سال قرآن شریف کا ایک دفعہ میرے ساتھ مقابلہ کرتا تھا۔ اور اس سال دو دفعہ کیا ہے۔ اور جبرائیل نے مجھے خبر دی ہے۔ کہ جس قدر پہلے نبی ہوئے ہیں۔ ہر ایک اپنے ماقبل سے نصف عمر پاتا رہا ہے اور یہ بھی مجھے خبر دی کہ عیسیٰ بن مریم ایک سو بیس برس زندہ رہے۔ اور میں خیال کرتا ہوں کہ ساٹھ سال کے سر پر میں بھی جانے والا ہوں اور ابو یعلیٰ نے فاطمہ سے مرفوعاً روایت کی ہے۔ کہ عیسیٰ ابن مریم بنی اسرائیل میں چالیس سال رہے۔ اور یہ بات اِس بات کی تائید ہے اور جو اللہ تعالیٰ کے قول سے جو حضرت عیسےٰ کے حق میں ہے مطابق ہے وہ قول کیا ہے۔ وَجَعَلَنِيْ

مُبٰرَکًا اَیْنَمَا کُنْتُ جس کے معنے یہ ہیں کہ جہاں کہیں میں ہونگا لوگوں کو نفع پہنچایا کرونگا +

(۲۷) شہادت زرقانی رحمۃ اللہ علیہ

اَمَّا عِیْسٰی رُفِعَ وَھُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَثَلٰثِیْنَ ھُوَ قَوْلُ النَّصَارٰی وَاَمَّا حَدِیْثُ النَّبِیِّ عَاشَ عِیْسٰی عِشْرِیْنَ وَمِائَۃَ سَنَۃٍ

یہ عیسائیوں کا قول ہے جو کہتے ہیں کہ عیسےٰ ۳۳ برس کی عمر میں آسمان پر اُٹھایا گیا بلکہ حدیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں ہے کہ عیسےٰ علیہ السلام ۱۲۰ برس زندہ رہے۔ دیکھو زرقانی جلد ۵ صفحہ ۴۲۱ +

(۲۸) شہادت مستدرک بہ حاشیہ جلالین معہ کمالین مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی صفحہ ۵۰ جس میں لکھا ہے عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عِیْسٰی عَاشَ مِائَۃً وَعِشْرِیْنَ سَنَۃً کَذَا فِی الْاِصَابَۃِ یعنے ابن عمر سے روایت ہے۔ کہ عیسیٰ ایک سو بیس برس تک زندہ رہے +

(۲۹) شہادت حضرت عائشہ صدیقہ جنہوں نے گواہی دی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو فرمایا کہ حضرت عیسےٰ کی ایک سو بیس برس عمر تھی۔ جیسے نمبر ۲۴ سے واضح ہے

(۳۰) شہادت امام شعرانی جنہوں نے حدیث لَوْ کَانَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی حَیَّیْنِ اِلٰی آخِرِہٖ بیان کی ہے

(۳۱) شہادت ابن کثیر جنہوں نے حدیث مذکور کو اپنی تفسیر میں لکھا ہے +

(۳۲) شہادت شیخ احمد صادی مالکی جنہوں نے کہا ہے اَلتَّوَفِّی اَخْذُ الشَّیْءِ وَافِیًا اَیْ کَامِلًا وَالْمَوْتُ نَوْعٌ مِنْہُ توفی کے معنے کسی چیز کا کامل طور سے لینا اور موت بھی اُسکی ایک نوع ہے +

(۳۳) صاحب تفسیر توضیح مجید جنہوں نے شہادت دی ہے کہ تَوَفِّی کے معنے موت کے ہیں

(۳۴) شہادت خواجہ محمد پارسا جنہوں نے حدیث لَوْ کَانَ عِیْسٰی وَمُوْسٰی حَیَّیْنِ اِلَخ سے مُحَمَّدٌ الْاَنْبِیَاءِ کی تصدیق اپنی کتاب میں کی ہے +

(۳۵) شہادت سید علی حایری متعلق حدیث بالا +

(۳۶) شہادت ابو نعیم جنہوں نے کہا ہے کہ ہر نبی کی عمر اپنے ماقبل نبی سے نصف ہے +

(۳۷) شہادت حضرت فاطمہ جنہوں نے مسیح کی حیات ۱۲۰ سالہ بیان کی ہے۔ دیکھو طبرانی +

(۳۸) شہادت طبرانی جنہوں نے متذکرہ بالا حدیث سے حضرت فاطمۃ الزہرا کی تصدیق کی ہے +

(۳۹) شہادت خاقانی جنہوں نے تمام انبیا کی موت کا ذکر کرتے کرتے فرمایا +

کجا شد عیسیٰ مریم کہ مردہ زندہ می کردے
سلیمان خود کجا رفتہ کجا تخت سلیمانی

چو ختم الانبیا ہم رفت گو آخر کہ میماند
بجز ذاتِ مقدس قادرِ قیوم صمدانی

(۴۰) شہادت علامہ زرقانی مالکی جنہوں نے شرح مواہب لدنیہ میں لکھا ہے۔ کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی عمر ۱۲۰ برس ہوئی۔ دیکھو جلد ۱ صفحہ ۴۲۔ شرح مواہب لدنیہ

(۴۱) شہادت میبدی۔ میبدی در شرح دیوان آوردہ کہ روح عیسیٰ علیہ السلام در مہدی موعود علیہ السلام بروز کند و نزول عیسیٰ ازیں بروز است۔ دیکھو غایت القصوٰی صفحہ ۲۱

(۴۲) شہادت علامہ احمد مقری مغربی مالکی۔ چنانچہ علامہ مذکور اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں

فِیْ قَوْلِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ یُوْشِکُ اَنْ یَّنْزِلَ اِبْنُ مَرْیَمَ فِیْکُمْ وَاِمَامُکُمْ مِنْکُمْ اِنَّمَا کَانَ الْاِمَامُ مِنَّا لِئَلَّا یَبْتَدِسَ بِغُبَارِ الشُّبْھَۃِ وَجْہَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ	یعنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول پر کہ یقیناً ابن مریم تم میں نزول کریگا۔ اور وہ تم ہی میں سے ایک امام ہوگا یہ اس واسطے فرمایا کہ امام ہم میں سے ہوگا۔ کہ مبادا لانبی بعدی کے چہرہ پر کسی قسم کے شبہ کا غبار نہ پڑے۔ اور خوب روشن ہو جائے کہ میرے بعد کسی نبی نے نہیں آنا۔ دیکھو تفسیر نفح الطیب جلد ۳ صفحہ ۱۵۶ +

(۴۳) علامہ ابو العباس احمد بن یوسف بن احمد دمشقی کی شہادت چنانچہ وہ اپنی تاریخ مسمیٰ باخبار الدول میں لکھتے ہیں:۔

تَوَفَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عِیْسٰی ثَلَاثَ سَاعَاتٍ ثُمَّ رَفَعَہٗ اِلَی السَّمَآءِ وَھُوَ قَوْلُہٗ تَعَالٰی یَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ اَلْاٰیَۃُ	یعنے اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ کو تین ساعت ما دیا اور پھر اس کو آسمان پر اٹھا لیا۔ حسب قول خداوندی کہ اے عیسےٰ میں تجھے مارونگا اور پھر اٹھالونگا۔ دیکھو اخبار الدول بحاشیہ تاریخ کامل ابن اثیر جلد اول صفحہ ۱۵۹ +

(۴۴) شہادت فقیہہ ابو اللیث سمرقندی۔ دیکھو بستان ابو اللیث صفحہ ۳۴۸ جس میں حضرت مسیح کی عمر ۳۳ برس لکھی ہے +

(۴۵) شہادت صاحب پکی روٹی کلاں جو پنجابی میں ہے۔ حضرت عیسیٰ کی عمر ۱۲۰ برس کی لکھی ہے اس بزرگ کا نام برخوردار ہے +

(۴۶) شہادت سید مظہر حسن سہارنپوری کہ رسول اللہ صلعم نے معراج میں ارواح انبیاء سے ملاقات کی دیکھو تہذیب المتین جلد ۱ صفحہ ۴۳ +

(۴۷) شہادت علمی۔ جسکا شعر ہے آدم کہاں حوا کہاں مریم کہاں عیسیٰ کہاں ہارون اور موسیٰ کہاں اس بات کا ذکر سورہ مریم میں ہے

(۴۸) شہادت عبدالرزاق کاشفی جو کہتے ہیں کہ مسیح کا بروزی نزول ہوگا +

(۴۹) شہادت صاحب لطائف القرآن - جو بروز کے قایل ہیں +

(۵۰) شہادت مولوی غلام حیدر جنہوں نے اشعار میں جو ابتدا میں چھپ چکے ہیں اپنا عقیدہ لکھا ہے اور اُن کے اشعار مجموعہ خطب میں داخل ہو کر عام قبولیت پا چکے ہیں +

آدم کہاں حوّا کہاں مریم کہاں عیسیٰ کہاں + ہاروں کہاں موسیٰ کہاں اس بات کا ہی سب کو غم

(۵۱) شہادت مولوی فیروز الدین صاحب ڈسکوی جنہوں نے اپنے مجموعہ خطب میں اپنا اعتقاد یوں ظاہر کیا ہے - یوسف کہاں موسیٰ کہاں ایوب اور یحییٰ کہاں +

مریم کہاں عیسیٰ کہاں آخر فنا آخر فنا +

(۵۲) شہادت مولوی جان محمد جنہوں نے اپنے مجموعہ خطب میں یوں اپنا عقیدہ دکھلایا ہے

سنوں یار وجیں اگلے سدھائے	سنو یارو جس طرح تمام گذشتہ لوگ دنیا سے چل بسے
نہ مُڑ کے پھیر ساڈی ول آئے	اور وہ ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئے - اسی طرح
توں ساڈا ہوسی ہکدن چلانا	ایک دن آئیگا کہ ہم بھی یہاں سے چلینگے اور پھر واپس نہیں آئینگے
کروا وہ چیز جس نے ساتھ جانا	اب وقت ہے کہ ایسے عمل کرو جو قیامت کے روز کام آئیں

(۵۳) شہادت مولوی غلام رسول قلعیاں والا - جنہوں نے یوں اپنا عقیدہ ظاہر فرمایا ہے

کہاں وہ ماہ کنعانی کہاں تختِ سلیمانی + گئے سب چھوڑ یہ فانی اگر نادان و دانا ہے

پھر دوسری جگہ مولوی غلام رسول صاحب نے صاف الفاظ میں مسیح کی وفات کا اقرار یوں کیا ہے آدم سے تا احمد نبی سب نے یہ دنیا چھوڑ دی + گذرے جہاں سے سب فنا سیموں بقا نور البصر

پھر دوسری جگہ اور بھی واضح کرتے ہیں +

جب پاک احمد مصطفےٰ فانی جہاں سے چل دیئے + پھر کون ہے جو بچ رہا سب ایک دن مر جائیں گے

(۵۴) شہادت مولوی فقیر احمد صاحب اہل حدیث جنہوں نے اپنا عقیدہ وفاتِ مسیح کے متعلق یوں بیان کیا ہے +

تا یاد کن از رفتگاں ہذا نہا نا ندہ یک نشاں + نے پیر ماند و نے جواں اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

از اولیاء و انبیاء و از اصفیاء و اتقیا + رفتند زیں دار الفنا اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

(۵۵) شہادت آنریبل سید احمد خان صاحب کے سی - ایس - آئی جنہوں نے اپنے لکچروں

اور تفسیر میں برملا کہا ہے کہ حضرت عیسےٰ فوت ہو چکے ہیں +

(۵۶) شہادت مولوی قاضی غلام محی الدین امام مسجد بٹالہ جنہوں نے رسالہ العزیز بٹالہ مورخہ ماہ دسمبر ۱۹۱۱ء جلد ۵ نمبر ۷ میں بصفحہ ۸ بذیل عمرہائے انبیاء لکھا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی عمر ۱۳۰ برس کی تھی +

(۵۷) خطبات الحنفیہ صفحہ ۱۹۲ خطبہ بستم سطر ۴ پر لکھا ہے ؎

آدم سے اب تک جسقدر پیدا ہوئے دخت و پسر + جب کر چکے عمریں بسر ہو کر فنا جاتے رہے

ان کے سوا ہزاروں لوگ ہیں جو وفات کے قائل ہیں اور یہ تو تمہارے روزمرہ کے خطبوں میں درج ہے جو تم ہر جمعہ کے روز سُنا کرتے ہو اور کتاب پکی روٹی جو پنجابی میں ایک مسائل فقیہ کی کتاب ہے اور پنجاب میں عام رواج پذیر ہے اور بوڑھی خواندہ عورت ایک بھی ایسی نہیں جس نے پکی روٹی نہ پڑھی ہو اور وہ اُس کی وردِ زبان نہ ہو۔ یہ پکی روٹی بڑی کے نام سے مشہور ہے اور حافظ برخوردار چٹی والے کی تصنیف ہے اُس میں بھی حضرت عیسیٰ کی عمر ۱۳۰ سال درج ہے۔ کیونکہ اُس میں حضرت آدم سے لیکر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک کے تمام نبیوں کی عمریں بتائی گئی ہیں۔ اب محض ضد کی وجہ سے خطبے بھی جمعوں میں نہیں سُنائے جاتے تاکہ عام اعتراض نہ کریں کہ ادھر تو ہم کو یوں سُناتے اور اُدھر مرزا صاحب کے مقابل میں حضرت عیسیٰ کی حیات پیش کرتے ہو۔ تمہارا کیا اعتبار رہا۔ اے علماء وقت خدا سے ڈرو اور سیدھے ہو جائے۔ آخر خدا تعالیٰ کو کیا جواب دو گے۔ اسی دنیا میں رسوا ہو جاؤ گے اب وہ وقت نہیں رہا کہ لوگ تمہارے کہے پر چلیں گے اب تو ضرور سب کو وفات ماننی پڑیگی کون انکار کر سکتا ہے۔ تم ہی دستِ تاسف ملتے رہ جاؤ گے +

(۵۸) مولوی انشاء اللہ خان صاحب ایڈیٹر اخبار وطن اپنی تفسیر القرآن میں زیر آیہ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ لکھتے ہیں۔ آٹھویں یہ کہ توفی سے حقیقت موت مراد ہے۔ یہ مسلک ہے ابن عباس کا۔ چنانچہ اُن کا قول ہے اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ کے معنے ہیں اِنِّیْ مُمِیْتُكَ یعنے میں تجھے موت دونگا اور اُٹھاؤنگا۔ ابن عباس کے اس مسلک سے تو یہ ظاہر ہے کہ وہ رفع بعد از موت کے قائل ہیں۔ لیکن یہ معلوم نہیں ہوتا کہ بعد موت صرف رفع روحانی کے قائل ہیں یا جسمانی کے بھی۔ تاہم اغلب یہی ہے کہ آپ ضرور رفع روحانی ہی کے قائل ہونگے

ورنہ صرف اِنِّیْ مُمِیْتُکَ کہنے پر اکتفا نہ کرتے اگر ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہی مسلک ہے تو یہ وہی پہلا مسلک ہوگیا جسکو علامہ رازی نے نقل کر کے حسن کہا ہے اور زمخشری نے اختیار کیا ہے۔ اسی مسلک کو صاحب المنار نے بہترین قرار دیا ہے اور یہی تحقیق علامہ شیخ محمد عبدہ کی ہے۔ دیکھو تفسیر القرآن جلد ۳ نمبر ۱۲ بابت ماہ جون ۱۹۰۹ء مطبوعہ مطبع حمیدیہ +

(۵۹) علامہ سید رشید رضا ایڈیٹر اخبار المنار بھی مسیح کی وفات کے قائل ہیں۔ چنانچہ وہ المنار میں لکھتے ہیں کہ تَوَفِّیْ کے لغوی معنے ہیں پورا پورا لینا۔ چونکہ موت کے وقت بھی عمر پوری ہو چکتی ہے اس لئے تَوَفِّیْ کا لفظ اماتت (موت سے مارنے) کے لئے بھی آنے لگا حَیْثُ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا قُلْ یَتَوَفّٰکُمْ مَّلَکُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُکِّلَ بِکُمْ۔ بنابرین متبادر فی الذہن معنے آیت کے یہی ہیں کہ میں تجھے موت دونگا اور بعد موت اپنے پاس بلند رتبہ جیسا کہ ادریس علیہ السلام کے حق میں ہے وَرَفَعْنٰہُ مَکَانًا عَلِیًّا۔ یعنے وَرَافِعُکَ اِلَیَّ میں اللہ تعالیٰ نے وہی امر عیسےٰ علیہ السلام کی طرف منسوب کیا ہے جو ابرار کو عالم غیب بعث کے قبل و بعد حاصل ہوتا ہے جیسے کہ شہدا اور اتقیا کے حق میں ہے۔ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ اور اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّنَھَرٍ فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْکٍ مُّقْتَدِرٍ۔ اسی طرح تطہیر سے مراد ہے۔ منکروں کے شر سے بچانا اور اُن تہمتوں سے پاک وصاف کرنا جو یہود آپ پر لگاتے تھے۔ آیت کے یہی معنے ہیں جو خارجی اقوال و روایات سے خالی الذہن کے دل میں آیت کو پڑھ کر پیدا ہوتے ہیں اور نصوص قرآنی سے ان کی تائید و توفیق بھی ہوتی ہے لیکن عموماً مفسرین نے آیت کو اُن روایات پر منطبق کرنے کے لئے جن سے عیسیٰ علیہ السلام کا بجسم اُٹھایا جانا پایا جاتا ہے آیت کے ایسے معنے بیان کئے ہیں اور کرنے کی کوشش کی ہے جو ظاہر آیت سے گویا کوئی واسطہ نہیں رکھتے۔ دیکھو تفسیر القرآن مولوی انشاء اللہ جلد ۱ نمبر ۱۲ بابت ماہ جون ۱۹۰۹ء

(۶۰) علامہ شیخ محمد عبدہ امام و قاضی مصر مرحوم جو ایک بڑے جلیل القدر علامہ زمان تھے۔ وہ بھی مسیح کی وفات کے قایل ہیں۔ چنانچہ علامہ رشید رضا ایڈیٹر المنار لکھتے ہیں وَھٰکَذَا مَا قَالَ اُسْتَاذُنَا الْاِمَامُ الشَّیْخُ مُحَمَّدٌ عَبْدُہٗ۔ اور ایسا ہی ہمارے اُستاد امام شیخ محمد عبدہ نے مسیح کی وفات کی نسبت کہا ہے۔ دیکھو تفسیر القرآن مذکور۔

(۶۱) مولوی ظفر علی صاحب بی۔ اے ایڈیٹر اخبار زمیندار بھی مسیح علیہ السلام کی وفات کے قائل ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں مسیحیت کا حشر بھی کچھ کم حسرت انگیز نہیں ہوا جناب مسیح علیہ السلام نے اپنے وصال کے بعد اخلاق اور روحانیت کا جو ترکہ بنی اسرائیل کے ہاں چھوڑا تو اُس کا جب جائیزہ لیتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس ترکہ سے صرف وہی لوگ متمع ہو سکتے تھے جو حجروں اور خانقاہوں میں راہبانہ زندگی بسر کرنے پر قانع ہوں۔ دیکھو پنجاب ریویو مرتبہ مولوی ظفر علی خانصاحب بی۔ اے علیگ جلد اول ۱ مورخہ اگست سنہ ۱۹۰۱ء مطبوعہ رفاہ عام سٹیم پریس لاہور صفحہ ۳۷ +

پھر دوسری جگہ اُسی ریویو کے صفحہ ۳۸ پر کھلے الفاظ پر لکھتے ہیں +

اور وہ پاک مذہب جس کی سچائیوں کی تلقین میں حضور مسیح علیہ السلام نے جام شہادت نوش کیا شرک و جس کا ایک ناپاک مجموعہ رہگیا +

(۶۲) مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی شہادت بر وفات مسیح علیہ السلام چنانچہ لکھا ہے اب دیکھئے آسمان پر جانے سے پہلے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تمام ارواح کل انبیاء کی بیت المقدس میں ملی تھیں اور نماز حضرت کے پیچھے پڑھی تھی۔ اب یہ ارواح انبیاء آسمان پر ملیں۔ یہ کس قدر حرکت ہوئی ہر آسمان اس قدر موٹا ہے جس قدر پانسو برس کا رستہ ہووے اور زمین سے آسمان تک اور ہر آسمان سے دوسرے آسمان تک پانسو برس کا رستہ ہو پس اس تحقیق کے موافق ایک ذرہ عرصہ میں آدم علیہ السلام کی روح ایک ہزار برس کا رستہ اور عیسیٰ و یحییٰ علیہما السلام کی روحیں دو ہزار برس کا رستہ علیٰ ہذا القیاس ابراہیم کی روح سات ہزار برس کا رستہ طے کر گئی۔ دیکھو الانوار الساطعہ مصنفہ مولوی محمد عبد السمیع رامپوری جو البراہین القاطعہ کے ساتھ شامل ہے جسکو مولوی خلیل احمد صاحب انبہٹوی نے بحکم حضرت بقیۃ السلف حجۃ الخلف راس الفقہاء والمحدثین تاج العلماء الکاملین جناب مولانا مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی مطبوعہ مطبع بلالی سٹیم پریس سہارنپور صفحہ ۲۰۱ +

(۶۳) مولوی خلیل احمد صاحب انبہٹوی مدرس مدرسہ دینیہ سہارنپور کی شہادت بر وفات مسیح۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔ اقول۔ ان روایات معراج سے ارواح کا بیت المقدس میں جمع ہونا اور آسمانوں پر جانا باذنہ تعالیٰ ثابت ہے۔ دیکھو البراہین القاطعہ مولفہ خلیل احمد صفحہ

(۶۴) صاحب التاویل المحکم فی متشابہ نصوص الحکم بصفحہ ۹۱ سے کتاب مذکور لکھتے ہیں +

وفات آنجناب نیز و در قبر ماندن و استخوان ناشکستہ شدن آنجناب ہم نوشتہ شدہ است و مسیح علیہ السلام حسب مجموعہ توریت چنانکہ تصدیق از آیۃ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَآیۃ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ و روایت ابن عباس و طلحۃ بن علی و حسب آیۃ مَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ وفات یافت +

اُس جناب کی وفات کا اور اُن کے قبر میں رہنے اور اُن کی ہڈیوں کے نہ ٹوٹنے کا ذکر پہلے لکھا جا چکا ہے مسیح علیہ السلام بموجب مجموعہ توریت جس کی تصدیق آیت اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ اور آیت فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ اور روایت ابن عباس و طلحہ بن علی اور آیت وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ سے ہوتی ہے وفات پا چکے ہیں

(۶۵) فتاوی سراجیہ باب مسائل متفرقہ میں لکھا ہے +

اِمَامَۃُ النَّبِیِّ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَیْلَۃَ الْمِعْرَاجِ لِاَرْوَاحِ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ کَانَتْ فِی النَّافِلَۃِ

شب معراج کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارواح انبیا علیہم السلام کی امامت کرنا نوافل میں تھی۔ دیکھو انوار ساطعہ مصنفہ مولوی عبد السمیع رامپوری صفحہ ۲۰۰ +

(۶۶) مولوی عبد السمیع رامپوری بھی وفات مسیح کے قایل ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں ان روایات فقہ و حدیث سے ثابت ہوا کہ سب پیغمبروں کی روحیں اپنے اپنے مقامات سے سمٹ کر بیت المقدس میں حاضر ہو گئیں اور نماز یہاں آکر پڑھی۔ دیکھو انوار الساطعہ مصنفہ مولوی عبد السمیع رامپوری صفحہ ۲۰۰ +

(۶۷) مولوی غلام حسین صاحب ایڈیٹر اخبار المنیر کی شہادت وفات مسیح پر۔ چنانچہ وہ اپنے اخبار المنیر مورخہ یکم نومبر ۱۹۱۲ء میں بصفحہ ۳ زیر سرخی ریاستہائے بلقان کی موجودہ شورش کی نسبت اظہار رائے کرتے ہوئے مسلمان بھائیوں کو حضرت ابوبکر صدیق کا خطبہ جو بر وفات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا تھا نقل کر کے غیرت دلاتا ہے اور لکھتا ہے۔ پھر قرآن کی آیت سنائی جس کے ذریعہ خدائے بزرگ و اعلیٰ نے اپنے محبوب کو بتایا تھا کہ تجھ سے پہلے سب نبی فوت ہو چکے ہیں اور تو بھی فوت ہوگا +

(۶۸) ایسا ہی مولوی شجاع اللہ نے نمبر ۳ اخبار ملت میں کلمہ نقل کر کے لکھا ہے

اور وفات کل انبیا کی تصدیق کی ہے۔ دیکھو اخبار الحق ۶ر دسمبر ۱۹۱۲ء صفحہ ۸ ✦
د ۶۹، مولانا ابوالکلام آزاد بھی وفات کے قایل ہیں۔ چنانچہ مولوی کبیر الدین احمدی لکھنوی کو وفات

سترھویں فصل

اس بارہ میں کہ جو مرجاتا ہے وہ دُنیا میں پھر نہیں آسکتا

بعض علماء اپنی نادانی اور بیوقوفی سے کہدیا کرتے ہیں۔ کہ اگر ہم مان بھی لیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں۔ تو کیا خدا کو قدرت نہیں ہے۔ کہ انکو دوبارہ زندہ کرکے دنیا میں بھیج دے۔ اگر ان لوگوں کو یہ معلوم ہوتا کہ مُردوں کو دوبارہ زندہ کرکے دنیا میں بھیجنا اللہ تعالیٰ کی عادت میں داخل نہیں تو ایسے کلمات منہ پر نہ لاتے۔ یہ ہم مانتے ہیں بلکہ ہم اللہ تعالیٰ کی وسیع قدرتوں اور طاقتوں پر ایمان رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قادر ہے اُسکے نزدیک کوئی چیز ان ہونی اور غیر ممکن نہیں ہے انسان بے بنیان اپنی کمزور اور محدود عقل سے جس چیز کو ناممکن یقین کرتا ہے وہ خدا کے ہاں سب ممکنات میں داخل ہیں۔ ہمارا تو یہ ایمان ہے کہ اگر ساری دنیا کو ہلاک بھی کردے۔ یا ساری دنیا کو سوئی کے ناکہ سے نکال دے تو اُس کے ہاں کوئی مشکل بات نہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے کلام سے ثابت ہے کہ جو عہد وہ ایک دفعہ کرلیتا ہے۔ اُس کی خلاف ورزی کرنا اُس کی عادت میں نہیں ہے۔ چنانچہ خود اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ اللہ اپنے وعدہ کا خلاف نہیں کرتا۔ اور اس کی تائید اس آیت سے بھی ہوتی ہے وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ اور اگر قیامت کا وعدہ پہلے سے نہ ہوا ہوتا تو اُسی وقت اُن کا اُس بارہ میں جن میں اختلاف کر رہے ہیں فیصلہ ہی کردیا جاتا۔ دیکھو سورہ یونس رکوع ۴۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آیا موت کے بارہ میں اللہ تعالیٰ کا کیا قانون ہے۔ سو واضح ہو۔ کہ جہاں تک قرآن شریف میں غور کیجاتی ہے۔ یہی ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرے ہوئے لوگوں کو دوبارہ دنیا میں نہیں بھیجا کرتا۔ چنانچہ آیات ذیل ہمارے اِس بیان کی مصدق ہیں ✦

اول ثبوت از آیات قرآن کہ مُردے دنیا میں واپس نہیں آتے

(۱) وَحَرٰمٌ عَلٰی قَرْیَةٍ اَهْلَكْنٰهَا اَنَّهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ پارہ ۱۷ رکوع ۷، یعنے جس قریہ کے لوگوں کو ہم ہلاک کر دیتے ہیں پھر اُن کا لوٹنا ہم نے اپنے اوپر حرام کر لیا ہے۔ پس صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ موتے کے متعلق موکد بقسم ہے۔ جس سے ہویدا ہے کہ وہ مُردوں کو دوبارہ زندہ نہیں کیا کرتا۔ پھر کیسے مان لیں کہ مسیح زندہ ہو کر دوبارہ آسکتا ہے ✦

(۲) اَلَمْ یَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَیْهِمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ پارہ ۲۳ رکوع اوّل۔ کیا اُن لوگوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اُن سے پہلے کے بہت سے زمانے کے لوگوں کو مار ڈالا ہے۔ اور پھر وہ دنیا میں اِن لوگوں کے پاس واپس نہیں آئے ✦

(۳) فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ تَوْصِیَةً وَّلَا اِلٰٓی اَهْلِهِمْ یَرْجِعُوْنَ ۝ پارہ ۲۳ رکوع ۲۔ یہ لوگ جن کو ہم ہلاک کرتے ہیں وصیت کی توفیق بھی نہیں پا سکتے۔ اور نہ مرنے کے بعد اپنے اہل کے پاس واپس آسکتے ہیں ✦

(۴) حَتّٰٓی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ۝ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ۝ پارہ ۱۸ رکوع ۶۔ یہانتک کہ جب اِن میں سے کسی کو موت آگئی تو کہتا ہے کہ اے میرے رب مجھے واپس کر دو تاکہ میں اُس دُنیا میں جسکو میں چھوڑ آیا ہوں اب جاکر نیک عمل کروں۔ یہ تو ہرگز نہیں ہو سکتا یہ تو کہنے کی باتیں ہیں۔ اب تو ان لوگوں کو برزخ میں ہی رہنا ہوگا۔ جہاں سے وہ قیامت تک کہیں نہیں جا سکتے ✦

(۵) ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَیِّتُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝ پارہ ۱۸ رکوع ۱۔ پھر تم اس کے بعد مر جاؤ گے۔ پھر تم قیامت کے دِن کو زندہ کیے جاؤ گے خدا نے قانون بنا دیا کہ جو ایکدفعہ مر جاتے ہیں تو وہ پھر قیامت کو زندہ ہوتے ہیں ✦

(۶) وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدَانِنِیْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِیْ ۔ پارہ ۲۶۔ رکوع ۲۔ وہ شخص جس نے اپنے والدین کو کہا کہ تمہارے پر اُف ہے کہ تم مجھے کہتے ہو کہ میں دوبارہ زندہ کیا جاؤنگا۔ حالانکہ مجھ سے پہلے بہت قرن گذر چکے۔ اس آیت میں اس وجہ سے قیامت کا انکار کیا گیا ہے کہ دنیا میں مردہ زندہ نہیں ہوتے۔ اور اللہ تعالیٰ نے قیامت کے متعلق جواب دیکر مُردوں کے زندہ کرنے کے بارہ میں سکوت فرمایا +

(۷) وَالسَّلَامُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ۔ پارہ ۱۶۔ رکوع ۴۔ میرے پیدا ہونے اور مرنے اور میرے جی اُٹھنے کے دن پر سلام ہے۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت مسیح نے اپنی اُنہیں تین حالتوں کا بیان کیا ہے۔ جو کل نوعِ انسان کیلئے مقرر ہیں۔ اسمیں اُنہیں آسمان پر جانے اور وہاں سے نزول فرمانے اور پھر دنیا میں رہنے اور اپنی نبوت سے محروم ہونیکا کوئی ذکر نہیں فرمایا بلکہ جیسی تین حالتیں مسیح کی بیان ہوئی ہیں ویسی ہی تین حالتیں حضرت یحییٰ کی نسبت بیان کی گئی ہیں چنانچہ حضرت یحییٰ کی نسبت قرآن شریف میں یوں آیا ہے وَسَلَامٌ عَلَیْهِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا ۔ فرق ہے تو صرف صیغوں کا ہے یہاں غائب کے صیغے ہیں اور وہاں متکلم کے صیغے ہیں۔ لیکن الفاظ برابر ہیں۔ پس کوئی خصوصیت مسیح نے نہیں فرمائی جس سے سمجھا جائے کہ وہ دوبارہ زندہ ہو کر آسکیگا۔ اور یہی تین حالتیں کل بنی آدم کے لئے ہیں مسیح کی کوئی خصوصیت نہیں +

(۸) بموجب آیۃ اِرْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً ۝ فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ ۔ جب مر کر دوسرے عالم میں چلے گئے اور اللہ تعالیٰ کے انبیاء میں مِل گئے۔ اور جنت میں داخل ہو گئے تو کیونکر باہر آسکتے ہیں پارہ ۳۰ رکوع اسوۃ الفجر +

(۹) جو شخص جنت میں چلا گیا اللہ تعالیٰ اُس کی نسبت فرماتا ہے لَا یَمَسُّهُمْ فِیْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِیْنَ یعنے جو جنت میں داخل ہوتے ہیں اُن کو نہ وہاں کوئی تکلیف پہنچتی ہے اور نہ وہ اُس سے نکالے جاتے ہیں اور احادیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مسیح کو معہ جملہ انبیاء بہشت میں دیکھا۔ پھر لوگوں کا یہ خیال کہ مسیح علیہ السلام اگر مر چکے ہیں تو دوبارہ آسکتے ہیں سراسر غلط ٹھہرا۔ دیکھو سورۃ الحجر۔ رکوع ۴ +

(۱۰) اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ پارہ ۱۳ رکوع ۸ اللہ تعالیٰ

کسی قوم کی حالت کو متغیر نہیں کرتا جب تک وہ اپنی حالت کو تغیر نہ دے۔ اب مسیح نے جنت میں کونسا قصور کیا ہے کہ اُس کو دوبارہ دارالابتلا میں لایا جاتا ہے +

(۱۱) مَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ پارہ ۲۵۔ رکوع ۵۔ جو دکھ تم کو پہنچتا ہے وہ تمہارے اپنے ہاتھوں کی کرتوتوں سے پہنچتا ہے۔ پس دنیا میں حضرت مسیح کو نبوت سے معطل قرار دیکر دنیا میں دوبارہ لانا کس گناہ کے باعث ہے جس کی سزا میں وہ دوبارہ اس دارالابتلا میں موت کی تلخی آکر چکھینگے +

(۱۲) مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ پارہ ۵ رکوع ۱۸ یعنے اگر تم خدا تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر کرو۔ اور اُس پر اور اُس کے رسولوں پر اور اُس کی کتابوں پر اور فرشتوں اور حشر و نشر پر ایمان لاؤ۔ تو پھر اللہ تعالیٰ کو تمہارے عذاب دینے سے کیا فائدہ ہے اس آیت سے صریح مترشح ہوتا ہے کہ شاکرین و ایمان لانیوالوں پر اللہ عذاب نہیں لایا کرتا۔ اب یہ اظہر من الشمس ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام ایک اولوالعزم پیغمبر اور نبی تھے۔ وہ خدا تعالیٰ کی نعمتوں کے بڑے شکر گذار تھے اور خدا تعالیٰ کی منشاء کے مطابق بصیرت سے ایمان رکھتے تھے۔ تو ایسی حالت میں دُنیا کے ابتلا اور نزع کی خطرناک گھڑی کے دکھ اُٹھانے کے لئے اللہ تعالیٰ اُن کو کیوں دوبارہ بھیجنے لگا +

(۱۳) فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰى پارہ ۲۴ رکوع ۲۔ یعنے جس پر موت کا حکم صادر ہوتا ہے۔ اُس کی روح کو روک رکھا جاتا ہے۔ اور جس پر موت کا حکم صادر نہیں ہوتا اُس کی روح کو واپس کیا جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حقیقی موتی دنیا میں نہیں آسکتے۔ پھر مسیح جو حقیقی موت سے مرچکا ہے۔ وہ کیونکر آسکتا ہے۔

(۱۴) وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ۝ یعنے دوزخی لوگ درخواست کرینگے کہ ایک دفعہ پھر ہم دنیا میں جائیں۔ تاکہ ہم اپنے باطل معبودوں سے ایسے بیزار ہو جائیں جیسے وہ ہم سے بیزار ہیں لیکن وہ اپنے اعمال کا نتیجہ بھگتتے رہینگے۔ اور اُن کو دوزخ سے نہیں نکالا جائیگا۔ پارہ ۲ رکوع ۴ +

(۱۵) وَمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ یعنے جو لوگ کہ دوزخ میں جا چکے ہیں وہ اب دوزخ

سے نہیں نکل سکیں گے پارہ ۱۴ رکوع ۴ +

(۱۶) یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ مِنْهَا وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِیْمٌ ۝ پارہ ۶ رکوع ۱۰۔ وہ ارادہ کرینگے کہ آگ سے نکلیں لیکن وہ اُس سے نہیں نکلیں گے بلکہ وہ ایک دائمی عذاب میں رہینگے +

(۱۷) اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ۔ پارہ ۱۔ رکوع ۹ یہ لوگ تو جنتی ہیں۔ اور وہ جنت میں ہمیشہ رہینگے اِس سے صاف ظاہر ہے کہ جو ایک دفعہ بہشت میں داخل ہو گیا وہ پھر نہیں نکالا جاتا +

(۱۸) اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا۔ سورۃ الکہف رکوع ۱۲۔ جو لوگ ایمان لائے اور پھر نیک عمل کرتے رہے اُنکو فردوس بریں بطور ضیافت کے ملتا ہے۔ جن میں وہ ہمیشہ رہینگے اور وہاں سے نکلنا نہیں چاہینگے۔ اِس آیت سے بھی ظاہر ہے۔ کہ جو جنت میں داخل ہو گیا وہ اُس سے ہرگز نکلنا پسند نہیں کرتا۔ پس کوئی وجہ نہیں کہ مسیح علیہ السلام کو برخلاف نصِ قرآنی دوبارہ لانے کی تجویز کی جائے +

(دوم) ثبوت از احادیث کہ مُردے دُنیا میں نہیں آتے

اب ہم وہ احادیث لکھتے ہیں جن سے منع رجوع الی الدنیا ثابت ہے +

(۱) امام احمد بن حنبل اور عبد بن حمید اور ابو یعلی اور شاشی اور طبرانی اپنی اپنی کتابوں میں جو اُن کے نام سے موسوم ہیں۔ اور حافظ سعید بن منصور سنن سعید بن منصور میں حدیث ذیل جابر بن عبد اللہ سے بیان کرتے ہیں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۸۱

یَا جَابِرُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اَحْیَا اَبَاكَ فَقَالَ لَهٗ تَمَنَّ عَلَی اللّٰهِ مَا اَحْبَبْتَ فَقَالَ رُدَّنِیْ اِلَی الدُّنْیَا فَاُقْتَلُ مَرَّةً اُخْرٰی فَقَالَ اِنِّیْ قَضَیْتُ اَنَّهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ +	جابر بن عبد اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے جابر کیا تجھ کو علم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کو زندہ کیا۔ اور اُسکو کہا کہ اے عبد اللہ جو خواہش تمہیں محبوب ترین ہو اُسکو میرے سامنے پیش کر۔ تو اُس نے کہا کہ اے مولا مجھے دنیا کی طرف واپس کر تاکہ میں پھر

ایک دفعہ قتل کیا جاؤں تب اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ تو میرا قطعی حکم ہو چکا ہے کہ مُوتے دوبارہ دنیا میں نہیں بھیجے جاتے +

(۲) ابوالقاسم سلیمان بن احمد طبرانی اپنے معجم طبرانی میں یہ حدیث لائے ہیں جس کے راوی جابر ہی ہیں دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۱۸۲ +

یَاجَابِرُ اَلَا اُبَشِّرُکَ بِبِشَارَۃٍ مِنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اَحْیَا اَبَاکَ وَعَمَّکَ فَعَرَضَ عَلَیْہِمَا وَسَاَلَہُمَا اَنْ یَّرُدَّھُمَا اِلَی الدُّنْیَا فَقَالَ اِنِّیْ قَضَیْتُ فِی الْکِتَابِ اَنَّھُمْ اِلَیْھَا لَا یَرْجِعُوْنَ ○

یعنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جابر کیا میں تمہیں اللہ اور اُس کے رسول کی طرف سے ایک بشارت نہ سُناؤں۔ اور وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ اور تیرے چچا کو زندہ کر کے کہا کہ تم مجھ سے کچھ مانگو انہوں نے اپنے رب سے یہ مانگا کہ ہم کو دُنیا میں واپس بھیجدے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے کہا کہ میں قرآن شریف میں قطعی حکم صادر کر چکا ہوں کہ مُردے پھر نہیں لوٹائے جائینگے +

(۳) حاکم اپنی کتاب مستدرک میں حضرت جابر سے یہ حدیث یوں بیان کرتے ہیں۔ کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۱۸۲۔ رسول اللہ نے جابر سے کہا کہ

یَاجَابِرُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اَحْیَا اَبَاکَ وَکَلَّمَہٗ فَقَالَ لَہٗ تَمَنَّ تَمَنَّ فَقَالَ اَتَمَنّٰی اَنْ تَرُدَّ رُوْحِیْ وَتُنْشِرَ خَلْقِیْ کَمَا کَانَ وَتَرُدَّنِیْ اِلٰی نَبِیِّکَ فَاُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِکَ مَرَّۃً اُخْرٰی فَقَالَ اِنِّیْ قَضَیْتُ اَنَّھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ○

اے جابر اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کو زندہ کر کے اُس سے کلام کی۔ اور کہا کہ کوئی خواہش ظاہر کر اُس نے کہا میں یہ خواہش کرتا ہوں کہ میری رُوح کو واپس کر اور مجھے ویسا بنا دے جیسے میں پہلے تھا۔ اور مجھے اپنے نبی کے پاس واپس کر دے تاکہ میں تیری راہ میں دوبارہ جہاد کروں۔ تو اسپر اللہ تعالیٰ نے کہا کہ یہ تو عہد ہو چکا ہے کہ مُردے دوبارہ نہیں جا سکتے +

(۴) ابونعیم اصبہانی اپنی کتاب حلیہ ابونعیم میں حضرت عائشہ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جابر سے فرمایا کہ میں تمہیں ایک خوشخبری سُناتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کو زندہ کر کے اپنے سامنے بٹھا کر کہا کہ اے میرے بندے

یَاجَابِرُ اَلَا اُبَشِّرُکَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اَحْیَا اَبَاکَ فَاَقْعَدَہٗ بَیْنَ یَدَیْہِ فَقَالَ تَمَنَّ عَلَیَّ عَبْدِیْ

تو جو چاہے مجھ سے مانگ میں تجھے دونگا۔ اُس نے کہا اے میرے رب میں نے تیری عبادت کی

مَا شِئْتَ أُعْطِكَهُ قَالَ يَا رَبِّ مَا عَبَدْتُكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ أَتَمَنَّى عَلَيْكَ أَنْ تَرُدَّنِي إِلَى الدُّنْيَا فَأُقَاتِلَ مَعَ نَبِيِّكَ فَأُقْتَلَ فِيكَ مَرَّةً قَالَ إِنَّهُ قَدْ سَلَفَ مِنِّي إِنَّكَ إِلَيْهَا لَا تَرْجِعُ ۔

جو جیسے چاہیے تھا ادا نہیں کیا۔ اس لئے میں تیرے حضور میں یہ خواہش کرتا ہوں کہ مجھے دنیا میں پھر بھیجدے تاکہ میں تیرے نبی کے ساتھ ہو کر جہاد کروں۔ اور تیرے ہی لئے ایک دفعہ پھر مارا جاؤں۔ اس پر اللہ نے کہا یہ بات تو نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ مجھ سے پہلے فیصلہ ہو چکا ہے کہ تو دنیا واپس نہیں جا سکتا

دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۸۱ ۔

(۵) شرح مواہب لدنیہ زرقانی جلد ۲ صفحہ ۶۳ میں لکھا ہے ۔

رَوَى أَبُو بَكْرِ بْنُ مَرْدُوَيْهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا جَابِرُ أَلَا أُخْبِرُكَ مَا كَلَّمَ اللَّهُ تَعَالَى أَحَدًا قَطُّ إِلَّا مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ وَأَنَّهُ كَلَّمَ أَبَاكَ فَقَالَ سَلْنِي أُعْطِكَ قَالَ أَسْأَلُكَ أَنْ تَرُدَّنِي إِلَى الدُّنْيَا فَأُقْتَلَ فِيكَ ثَانِيَةً فَقَالَ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّهُ سَبَقَ مِنِّي أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ إِلَى الدُّنْيَا قَالَ يَا رَبِّ مَا بَلَّغَ مَنْ وَرَائِي ۔

ابو بکر بن مردویہ نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے جابر کیا تجھے ایک خبر سناؤں کہ اللہ تعالیٰ نے کبھی کسی سے بغیر حجاب کے ہرگز گفتگو نہیں کی لیکن تیرے باپ سے اللہ تعالیٰ نے بالمواجہ کلام کیا ہے اور کہا ہے مانگ میں تجھے دونگا جو کچھ تو مانگیگا تیرے باپ نے عرض کیا کہ میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ مجھے دنیا میں واپس بھیجدے تاکہ میں دوبارہ جہاد کر کے تیری ہی خاطر شہید ہو جاؤں اس پر اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ یہ تو پہلے ہی سے عہد کر چکا ہوں کہ جو مر جاتے ہیں ان کو دوبارہ واپس دنیا میں نہیں بھیجا جائیگا تو تیرے باپ نے کہا کہ اے میرے رب یہ خبر تو میرے پیچھے کسی کو نہیں پہنچی۔ دیکھو شرح مواہب لدنیہ علامہ زرقانی

(۶) امام محمد علی ترمذی اپنی کتاب صحیح ترمذی میں یہ حدیث بیان کرتے ہیں۔ دیکھو کتاب سنن ترمذی

عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَقِيَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا جَابِرُ مَا لِي أَرَاكَ مُنْكَسِرًا قُلْتُ اسْتُشْهِدَ أَبِي وَتَرَكَ عِيَالًا وَدَيْنًا قَالَ أَفَلَا أُبَشِّرُكَ لَمَا لَقِيَ اللَّهُ

حضرت جابر سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ملے اور فرمایا کہ اے جابر کیا وجہ ہے کہ میں تجھ کو منکسر دیکھتا ہوں میں نے کہا کہ میرا باپ شہید ہو گیا اور کنبہ اور قرض چھوڑ گیا

بِهٖ اَبَاكَ قُلْتُ اِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا كَلَّمَ اللّٰهُ اَحَدًا قَطُّ اِلَّا مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ وَاَحْیٰی اَبَاكَ فَكَلَّمَهٗ كِفَاحًا قَالَ یَا عَبْدِیْ تَمَنَّ عَلَیَّ اُعْطِكَ قَالَ تُحْیِیْنِیْ فَاُقْتَلُ فِیْكَ ثَانِیَةً قَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی اَنَّهٗ قَدْ سَبَقَ مِنِّیْ اَنَّهُمْ اِلَیْهَا لَا یُرْجَعُوْنَ ۔

ہے۔ رسول اللہ نے فرمایا کہ میں تجھے ایک خوشخبری نہ سناؤں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ سے سلوک کیا۔ میں نے کہا کہ ہاں یا رسول اللہ مجھے سنائے تو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کبھی کسی سے بغیر حجاب کے گفتگو نہیں کی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کو زندہ کر کے آمنے سامنے کلام کیا اور فرمایا کہ اے میرے بندے تو کوئی خواہش میرے آگے بیان کر میں پوری کروں گا۔ اس نے کہا کہ مجھے دنیا کی زندگی عطا کر تاکہ میں دوبارہ تیری راہ میں جا کر شہید ہوں۔ رب تبارک وتعالےٰ نے کہا کہ یہ تو نہیں ہو سکتا کیونکہ میں پہلے حکم دے چکا ہوں۔ کہ مرے ہوئے واپس نہیں کئے جاتے اس حدیث کو مشکوٰۃ میں بھی درج کیا گیا ہے۔ دیکھو مشکوٰۃ صفحہ وترمذی صفحہ

(۷) بخاری مصری جلد ۲ صفحہ ۱۰۱

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَحَدٌ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ یُحِبُّ اَنْ یَّرْجِعَ اِلَی الدُّنْیَا وَلَهٗ عَلَی الْاَرْضِ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا الشَّهِیْدُ یَتَمَنّٰی اَنْ یَّرْجِعَ اِلَی الدُّنْیَا فَیُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا یَرٰی مِنَ الْكَرَامَةِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ کہ کوئی آدمی ایسا نہیں کہ جو جنت میں داخل ہو جائے۔ پھر وہ اس بات کو پسند کرے کہ دنیا میں واپس لوٹایا جاوے کیونکہ زمین جنت سے بڑھکر کوئی ایسی چیز نہیں ہے۔ جسکو وہ ترجیح دیتا ہو۔ مگر شہید ہی ایک انسان ہے جو دنیا میں واپس جانے کی خواہش کرتا ہے تاکہ وہ دس مرتبہ خدا کے رستہ میں قتل کیا جائے۔ اور یہ اسواسطے کہ وہ شہادت کی بزرگی کو بچشم خود دیکھ چکا ہے ۔

(۸) امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر دُرِّ المنثور میں حدیث بیان کرتے ہیں ۔

وَاَخْرَجَ ابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ فِیْ قَوْلِهٖ وَیَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِیْنَ لَمْ یَلْحَقُوْا بِهِمْ قَالَ لَمَّا دَخَلُوا الْجَنَّةَ وَرَاَوْا مَا فِیْهَا مِنَ الْكَرَامَةِ الشُّهَدَاءِ

ابن ابی حاتم نے سعید بن جبیر سے آیت وَیَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِیْنَ لَمْ یَلْحَقُوْا بِهِمْ کی نسبت روایت بیان کی ہے کہ اس نے کہا کہ جس وقت شہید جنت میں داخل ہوئے اور جو اکرام وعزت انکو حاصل

قَالُوا يَا لَيْتَ إِخْوَانَنَا الَّذِينَ فِي الدُّنْيَا يَعْلَمُونَ
مَا صِرْنَا فِيهِ مِنَ الْكَرَامَةِ فَإِذَا شَهِدُوا
الْقِتَالَ بَاشَرُوهَا بِأَنْفُسِهِمْ حَتَّى يُسْتَشْهَدُوا
فَيُصِيبُونَ مَا أَصَبْنَا مِنَ الْخَيْرِ إِلَى
آخِرِهِ +

ہوئی تو دیکھ کر کہنے لگے ہائے افسوس ہمارے بھائی بھی جو دنیا میں ہیں اس کو جانتے کہ ہمیں کس قدر عزت اور درجہ ملا ہے اور جب لڑائی میں جاتے تو خوشی خوشی اپنی جانوں کو لڑاتے۔ یہاں تک کہ شہید ہو جاتے۔ اور جو چیز ہم کو عطا ہوئی ہے اُن کو بھی نصیب ہوتی۔ دیکھو در المنثور جلد ۲ صفحہ ۹۶ و ۹۷ +

(۹) الدر المنثور جلد ۲ صفحہ ۹۷۔ احمد اور مسلم اور نسائی اور حاکم نے حضرت انس سے روایت
أَخْرَجَ أَحْمَدُ وَمُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ
عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ مِنْ أَهْلِ
الْجَنَّةِ فَيَقُولُ اللَّهُ لَهُ يَا ابْنَ آدَمَ كَيْفَ
وَجَدْتَ مَنْزِلَكَ فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ خَيْرَ
مَنْزِلٍ فَيَقُولُ سَلْ وَتَمَنَّ فَيَقُولُ مَا أَسْأَلُكَ
وَأَتَمَنَّى أَسْأَلُكَ أَنْ تَرُدَّنِي إِلَى الدُّنْيَا فَأُقْتَلَ
فِي سَبِيلِكَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا رَأَى مِنْ
فَضْلِ الشَّهَادَةِ قَالَ وَيُؤْتَى بِالرَّجُلِ
مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَيَقُولُ اللَّهُ يَا ابْنَ آدَمَ
كَيْفَ وَجَدْتَ مَنْزِلَكَ فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ
شَرَّ مَنْزِلٍ فَيَقُولُ فَتَفْتَدِي مِنْهُ بِطِلَاعِ
الْأَرْضِ ذَهَبًا فَيَقُولُ نَعَمْ فَيَقُولُ كَذَبْتَ
قَدْ سَأَلْتُكَ دُونَ ذَلِكَ فَلَمْ تَفْعَلْ +

بیان کی ہے۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی اہل جنت میں سے اللہ تعالیٰ کے سامنے لایا جائیگا۔ اُس سے اللہ کہیگا اے آدم زاد تو نے اپنے مقام کو کیسا پایا۔ وہ شخص کہیگا اے رب میں نے اپنے مقام کو بہت اچھا پایا۔ پھر اللہ کہیگا کہ کچھ مانگ اور خواہش ظاہر کر وہ آدمی کہیگا۔ میں بجز اسکے اور کوئی خواہش نہیں رکھتا۔ اور نہ کچھ اور مانگتا ہوں۔ کہ تو مجھ کو دنیا میں واپس کرے تاکہ میں تیری راہ میں دس دفعہ مارا جاؤں۔ یہ خواہش اس واسطے ہے کہ شہادت کی فضیلت کو بچشم خود ملاحظہ کر لیا ہے۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر ایک دوزخی حاضر کیا جائیگا اور اللہ اُس سے کہیگا اے بنی آدم کہو تو نے اپنی جگہ کو کیسا پایا۔ وہ کہیگا اے میرے رب نہایت بُری جگہ ہے پھر اللہ کہیگا کیا اس کے عوض زمین کے برابر سونا فدیہ دیگا۔ اُس نے کہا ہاں اللہ تعالیٰ کہیگا تو جھوٹ کہتا ہے میں نے اُس سے بھی کم تمہیں کہا تھا اور تو نے نہ کیا +

(۱۰) درالمنثور جلد ۲ صفحہ ۹۰ میں احمد اور نسائی نے عبادہ بن صامت سے روایت بیان

وَاَخْرَجَ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا عَلَى الْاَرْضِ مِنْ نَفْسٍ تَمُوْتُ وَلَهَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ تُحِبُّ اَنْ تَرْجِعَ اِلَيْكُمْ اِلَّا الْقَتِيْلَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ يُحِبُّ اَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ مَرَّةً اُخْرٰى +

کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ صفحۂ دنیا پر ہیں جب وہ مرجاتے ہیں اور خدا کے ہاں اُن کو اچھی جگہ ملتی ہے۔ تو وہ ہمارے پاس واپس آنا پسند نہیں کرتے۔ مگر شہید جو اللہ کے راستہ میں مارا جائے وہ واپس آنے کو اس واسطے دوست رکھتا ہے کہ وہ ایک دفعہ پھر شہید ہو جائے +

(۱۱) احمد اور عبد بن حمید اور بخاری اور مسلم اور ترمذی اور بیہقی شعب میں انس سے روایت

وَاَخْرَجَ اَحْمَدُ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَالْبُخَارِیُّ وَالْمُسْلِمُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالْبَيْهَقِیُّ فِی الشُّعَبِ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَحَدٌ يَسُرُّهٗ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا وَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا اِلَّا الشَّهِيْدُ فَاِنَّهٗ لَوْ رُدَّ اِلَى الدُّنْيَا عَشْرَ مَرَّاتٍ فَاسْتُشْهِدَ لِمَا يَرٰى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ +

کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بھی جنتی ایسا نہیں کہ جو دنیا میں واپس آنے کو پسند کرتا ہو۔ حالانکہ اُس کو اس قسم کے دس جنت مل سکتے ہیں۔ مگر شہید پسند کرتا ہے کہ اگر دس مرتبہ دنیا میں واپس جاؤں تو وہاں جاکر شہید ہی ہوں۔ کیونکہ اُس نے شہادت کی فضیلت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے دیکھو درالمنثور صفحہ ۹۰ +

(۱۲) احمد اور نسائی نے ابن ابی عمیرہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وَاَخْرَجَ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ عَنِ ابْنِ اَبِیْ عَمِيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ نَفْسِ مُسْلِمَةٍ يَقْبِضُهَا رَبُّهَا تُحِبُّ اَنْ تَرْجِعَ اِلَيْكُمْ وَاَنَّ لَهَا الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا غَيْرَ الشَّهِيْدِ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ

نے کہا کوئی مسلمان ایسا نہیں کہ جس کی روح قبض کی گئی ہو اس بات کو پسند کرے کہ وہ تمہارے پاس لوٹ کر آوے۔ حالانکہ دنیا اور مافیہا سب اُس کے لئے ہو مگر شہید پسند کرتا ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے راستہ میں مارے جانے کو زیادہ پسند کرتا ہوں

اُقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ یَّکُوْنَ لِیْ اَھْلُ الْوَبَرِ وَالْمَدَرِ +	بجائے اس کے دنیا میں مکان والے وخیمے والے میرے غلام ہوں دیکھو درالمنثور جلد ۲ صفحہ ۹۹

(۱۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اُس ذات کی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے میں اللہ تعالیٰ کے راستہ میں قتل ہونے پھر زندہ ہونے پھر قتل ہونے پھر زندہ ہونے پھر قتل ہونے پھر زندہ ہونے پھر قتل ہونے کو دوست رکھتا ہوں دیکھو بخاری جلد ۱ صفحہ ۹۹ +

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوَدِدْتُّ اَنِّیْ اُقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ اُحْیَا ثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْیَا ثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْیَا ثُمَّ اُقْتَلُ +	

اِن تمام احادیث سے واضح ہے کہ مرتے دنیا میں نہیں بھیجے جاتے بلکہ جو جنت میں داخل ہو کر راحت کی زندگی بسر کرتے ہیں وہ کب اس دارالابتلا میں آنا پسند کرتے ہیں۔ اور جو دوزخ میں ہیں وہ اس واسطے نہیں بھیجے جاسکتے کہ اُنکے لئے یہ دنیا جنت ہے جو مجرم ہو گیا وہ کب جانکاہ عذاب سے نجات پاسکتا ہے۔ اور یہ بھی واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ جو وعدہ کسی سے کرے اُس کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ آپ نے احادیث متعددہ میں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے بلاتحدید عبداللہ سے جو جابر کے باپ ہیں بڑے رحم اور فضل سے کہا کہ تو جو کچھ چاہتا ہے مانگ میں تمہیں دونگا۔ اور جب اُس نے مانگا تو فرمایا کہ یہ منظور نہیں ہوسکتا۔ آپ خیال کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں کہا تھا کہ سوائے اِس بات کے اور جو تو مانگیگا تجھے دونگا۔ اُس نے کوئی حد مقرر نہیں کی تھی۔ پھر اُس کے دینے سے انکار کر دیا۔ حالانکہ وہ خود فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اللہ اپنے وعدہ کا خلاف نہیں کیا کرتا۔ کیا یہاں تخلّف وعدہ نہیں ہوتا ظاہر بین انسان کہہ سکتا ہے کہ اللہ نے عبداللہ سے تخلفِ وعدہ کیا۔ لیکن جب انسان غور کرے تو اُسکو ایک سیکنڈ کے لئے بھی تخلفِ وعدہ کا گمان پیدا نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے سابقہ وعدہ کو یاد دلاتا ہے۔ کہ میں پہلے ہی عہد کر چکا ہوں کہ مرے ہوئے لوگوں کو دنیا میں کبھی نہیں بھیجا جائیگا اور عبداللہ بھی اِس قانون کے اندر تھے۔ اور وہ جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں فرمادیا ہے۔ حَرٰمٌ عَلٰی قَرْیَۃٍ اَھْلَکْنٰھَا اَنَّھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ پھر کیونکر اللہ تعالیٰ اُن کی درخواست کو منظور کرسکتا تھا۔ یہ سوال ہی قابل پذیرائی نہیں تھا۔ اس سے واضح ہوا کہ اللہ ایسی اشد محبت اور رحمت کی حالت میں بھی کسی کو دوبارہ دنیا میں نہیں بھیجتا تو مسیح کی

نسبت خدا کو کیا ضرورت پڑی ہے کہ اُسکو دوبارہ بھیجے ۔

یہاں سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ قرآن شریف میں جن احیاء موتے کا ذکر ہے اُس کے معنے حقیقی احیاء نہیں ہے ۔ ورنہ یہ سب آیات اور احادیث غلط ٹھہرینگی ۔ معاذ اللہ من ذلک ۔ لہذا ضروری ہے کہ وہاں احیاء موتے کے کچھ اور معنے ہوں ۔ یا تو مجازی معنے لئے جائیں جیسے کہ ذیل کی آیت میں پائے جاتے ہیں ۔

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ سورہ الانعام رکوع ۱۵ کیا ایک شخص جس کو ہم نے کفر کی موت سے نجات دیکر اسلام کی حیات بخشی اور ہم نے اُسکو اسلام میں داخل ہونے کی وجہ سے ایک نور بخشا ہے جسکو ساتھ لیکر وہ لوگوں میں چلتا پھرتا ہے ۔

دیکھو اس آیت میں مجازی معنے موت اور حیات کے لئے گئے ہیں کیونکہ کفر کی حالت کو اللہ تعالیٰ موت سے تعبیر کرتا ہے اور حالتِ اسلام کو حیات سے ۔ اور کہتا ہے کہ کفر کی حالت میں انسان گویا مرا ہوا ہوتا ہے اور جب اسلام میں آتا ہے تو اُسکو ایک زندگی ملتی ہے اور ایک نور ملتا ہے جسکی وجہ سے ایک ممتاز زندگی پاتا ہے ۔ دیکھو قرآن کریم سورۃ الانعام رکوع ۱۵ ۔ یا اس قسم کی حیات تسلیم کیجائیگی ۔ جو انبیاء کے سلسلہ میں ہوتی ہے ۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت فرمایا ہے یَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ پارہ ۹ ۔ رکوع ۷ ۔ یعنے اے لوگو اللہ اور رسول کی تابعداری میں جب رسول تم کو بلاوے تو دوڑ کر جاؤ تاکہ تمہیں زندگی عطا کرے ۔ اِس آیت سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ مُردہ دلوں کو مردہ کہتا ہے ۔ اور جب اُن کو ایمان حاصل ہو جاتا ہے تو پھر اُنکو زندہ کے لقب سے یاد کرتا ہے اور دوسری جگہ کفار کو مُردہ کہا ہے ۔ چنانچہ وہ فرماتا ہے اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى یعنے یہ قرآن شریف تو مُردوں کو سُنا نہیں سکتا یعنے یہ کفار مُردہ ہیں یہ اس قرآن شریف کو سُنکر مستفید نہیں ہو سکتے ۔ پس اللہ تعالیٰ کے کلام پاک سے ثابت ہے کہ انبیاء جن مُردوں کو زندہ کرتے تھے وہ کافر ہوتے تھے ۔ اور اُن کا زندہ ہونا اُن کا ایمان لانا تھا ۔ اور یہ جو مسیح کے بارہ میں ہے کہ وہ مُردوں کو زندہ کرتا تھا ۔ وہ مُردے اِسی قسم کے تھے جس قسم کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ کرتے تھے ۔ اور قرآن و حدیث صحیحہ سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ مسیح کا احیاء اموات کا احیاءِ اللہ تھا ۔ مسیح جب ایک نبی تھا خدا نہیں تھا تو

جہاں تک نبوت کا مُردے سے تعلق ہے اُسی قدر حیات سے تعلق ہونا چاہیئے نہ یہ کہ خدا کیسی زندگی عطا کرنے والا سمجھا جائے۔ اس میں تو شرک لازم آتا ہے۔ اور خدا کہتا ہے کہ میں ہی خالق کل شئی ہوں۔ پھر کیونکر یہ تسلیم کر لیا جائے۔ کہ خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح کو برخلاف دیگر انبیاء حتّٰی کہ خاتم النبیین وافضل المرسلین کے برخلاف ہی اپنی خدائی سے کچھ دیدیا تھا۔ اور سب نبیوں کو اُس سے محروم رکھا۔ یہ خیال علماء کا سراسر باطل ہے حقیقی موتی کو کوئی حقیقی زندگی بجز اللہ تعالیٰ کے عطا نہیں کر سکتا +

اقوالِ علماء دین سے بھی رجعت موتی ثابت نہیں

(۱) ہدیہ مہد مجدیہ میں لکھا ہے +

عقیدہ ششم - مُردوں کو قیامت سے پہلے دنیا کا لوٹنا رجوع ہونا نہیں ہے لیکن کل امامیہ اور بعض فریق اور بھی روافض سے بعض مُردوں کے لوٹنے کے قایل ہیں اور کہتے ہیں پیغمبر اور وصی اور امام حسن حسین اور اُن کے دشمن یعنے خلفائے ثلثہ اور معاویہ اور یزید اور مروان اور اور آئمہ اور آئمہ کے قاتل بعد ظہور مہدی کے سب زندہ ہونگے اور حادثہ دجال سے پہلے ان سب تقصیر واروں کو سزا واقع ہوگی اور قصاص لینگے پھر مر جائینگے اور قیامت میں دوبارہ زندہ ہونگے۔ یہ عقیدہ صریح مخالف کتاب کے ہے کہ بہت سی آیتوں میں لوٹنے کو باطل کہا ہے۔ دیکھو ہدیہ مہد مجدیہ ترجمہ تحفہ اثنا عشریہ مولوی عبد المجید خان مطبوعہ مطبع مصطفائی باب پنجم صفحہ ۲۹۲ +

(۲) جواب السائلین میں لکھا ہے۔ **سوال** - بعضے لوگ کہتے ہیں کہ آدمی دنیا میں مر کر پھر زندہ ہوتا ہے یہ سچ ہے یا جھوٹ۔ **جواب** جھوٹ ہے۔ مرا ہوا قیامت تک نہ اُٹھیگا اور نہ زندہ ہوگا جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ۱۸ ویں سیپارہ سورہ مومنون کے آخر رکوع میں حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ۙ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ۭ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ۭ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ دیکھو کتاب جواب السائلین مؤلفہ لال محمد مطبوعہ مطبع نولکشور ۱۸۸۴ء صفحہ ۵۱ +

(۳) تحفہ اثنا عشریہ میں شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی لکھتے ہیں عقیدۂ رجعت

کتاب اللہ کے مخالف ہے۔ قرآن کریم نے رجعت کو آیاتِ کثیرہ سے باطل ٹھہرایا ہے شیعہ کو یہ بات کہنے کی بھی جگہ نہیں کہ عمل صالح کے لئے تو رجعت محال ہے مگر قصاص اور اجرائے حد و تقدیر کے لئے محال نہیں کیونکہ آیت مطلق ہے نہ اس طرح مردہ زندہ ہو کر آسکتا ہے نہ اُس طرح۔ دیکھو تحفہ اثنا عشریہ باب ہشتم عقیدہ ششم +

(۴) امام ربانی مجدد الف ثانی بھی احیاء موتیٰ حقیقی کے قائل نہیں ہیں۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں

بدانکہ گفتہ اند اَلشَّیْخُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ احیاء اماتت از لوازم مقام شیخ ست مراد از احیا احیائے روحی ست نہ جسمی و ہمچنیں مراد از اماتت روحی ست نہ جسمی و مراد از حیات و موت فنا و بقا است کہ بمقام ولایت و کمال میرساند و شیخ مقید باذن اللہ سُبْحَانَہٗ متکفل این ہر دو امر ست۔ پس شیخ را ازیں احیا و اماتت چارہ نباشد معنے یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ یُبْقِیْ وَیُفْنِیْ احیا و اماتت جسمی را منصب شیخے نازے نیست

معلوم رہے کہ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ شیخ زندہ بھی کرتا ہے اور مار بھی ڈالتا ہے اس لئے مارنا اور جلانا شیخ کے مقام کے لوازمات سے ہے احیا سے مراد احیائے روحی ہے یعنے روح کو زندہ کرتا ہے نہ جسم کو اور حیات اور موت سے مراد فنا و بقا سے ہے جو ولایت اور کمال کے مقام پر پہنچا دیتا ہے اور شیخ اللہ تعالیٰ کے اذن کے ماتحت ان ہر دو باتوں کا ذمہ وار ہے۔ پس شیخ کو اس قسم کے احیاء و اماتت سے چارہ نہیں یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ کے معنے باقی رکھنا اور فنا کرنا ہے۔ جسمی احیا و اماتت کیلئے شیخ کو کوئی منصب حاصل نہیں ہے۔ دیکھو مکتوبات امام ربانی جلد اول مکتوب ۲۹۲ +

(۵) ابو محمد عبد الحق دہلوی لکھتے ہیں۔ وَمِنْ وَّرَآئِہِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ یعنے قیامت تک مُردوں میں ایک حجاب رکھا ہوا ہے کہ اُس کے سبب پھر کے نہیں آتے وَحَرَامٌ عَلٰی قَرْیَۃٍ اَھْلَکْنٰھَا اَنَّھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ۔ یعنے جس قریہ کو ہم نے ہلاک کر دیا ہو اُس پر پھر آنا حرام ہے اس امر میں احادیث بھی بکثرت وارد ہیں اور اہل اسلام میں سے کوئی فرقہ اس کا قائل بھی نہیں ہے۔ دیکھو عقائد الاسلام مصنفہ مولوی ابو محمد عبد الحق دہلوی مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی صفحہ ۱۷۹ +

اٹھارھویں فصل

اِس بارہ میں کہ کہیں بھی ثبوت نہیں کہ مُردہ دوبارہ کبھی عالمِ برزخ سے دارالفنا میں آئے ہوں

جب ہم قرآن شریف پر نظرِ عمیق سے دیکھتے ہیں تو ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جملہ اہم امور جو انسانی ضروریات کے لئے اشد ضروری تھے سب کے سب اپنی کلام پاک میں مفصل و مشرح بیان کر دیئے ہیں۔ حتّٰی کہ انسان کے مرنے کے وقت کی کیفیت اور اُس کے مرنے کے بعد اُس کے متروکہ کی تقسیم کی پوری ہدایت کر دی ہے کہ اس طرح تقسیم ہوا کرے اور نیز یہ بتا دیا کہ اُس کی جورو کب تک اُس کے مرنے کے بعد عدت میں رہے الغرض موتی کے متعلق جس قدر تمدنی زندگی کے لئے انسان کو حاجت تھی اور جن میں بصورت نہ ہونے ایسی ہدایات کے فساد کا احتمال تھا بہت کچھ بیان کر دیا ہے لیکن اگر سنت اللہ میں مُردوں کا کسی پیغمبر یا ولی کی دعا سے بطور معجزہ یا کرامت زندہ ہونا مسلم و متعین تھا تو جہاں متوفی کی وراثت کی تقسیم اور اُس کی بیوہ کے نکاح کا ذکر کیا ہے۔ وہاں یہ بھی قاعدہ بیان فرما دیتا کہ اگر کوئی مرا ہوا کسی بزرگ کی دعا سے زندہ ہو جائے تو پھر اُس کا تقسیم شدہ مال یوں واپس کیا جائے۔ اور اس کی جورو جو عدتِ مقررہ کے بعد کسی اور شخص سے نکاح کر چکی ہو۔ تو اُس کو کس طرح واپس ہونا چاہیئے جب خدا نے ضروری مسائل بیان کر دیئے تھے تو یہ مسئلہ تو ایک مشکل اور پیچیدہ تھا۔ اللہ تعالیٰ اُس کو کیونکر بغیر تصفیہ چھوڑ سکتا تھا۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ خدا تعالیٰ اس امر کا بیان کرنا بھول گیا مَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۔ خدا تو ہرگز بھولا نہیں کرتا۔ یوں لوگوں کی اپنی نافہمی اور بے عقلی ہے۔ کہ اُنہوں نے خلافِ قانونِ قدرت اپنے وہم سے یہ بات پیدا کر لی ہے کہ مُردے بھی زندہ ہوتے ہیں اگر یہ بات یقینی ہوتی کہ مُردے زندہ ہو کر آجایا کرتے ہیں تو خدا تعالیٰ کو ازبس ضروری تھا کہ اس مسئلہ کو قرآنِ شریف میں بیان فرماتا۔ جب اُس نے

اُس کا ذرہ بھی ذکر نہیں کیا تو پھر یہی ماننا پڑا کہ کوئی مردہ زندہ ہو کر نہیں آتا +

(۲) بفرضِ محال اس مسئلہ کو بوجہ نادر ہونے کے عام قاعدہ میں اللہ تعالیٰ نے بیان نہیں کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تو فرض تھا کہ اُس مسئلہ کو کھول کر بیان فرما دیتے۔ لیکن جہانتک احادیثِ صحیحہ نبویہ (علیہ الف الف سلام) کا مطالعہ کیا گیا تو کہیں بھی اس امر کا اشارہ تک نہیں بلکہ مُردہ زندہ ہو کر آجایا کرتا ہے تو پھر کیونکر مان لیں کہ آئندہ بھی مُردے زندہ ہوا کرینگے۔ چونکہ وہ تو افضل الرسل تھے۔ اور تمام انبیاء کے صفاتِ مختلفہ کے جامع تھے تو چاہیئے تھا کہ جیسے اور انبیاء کی نسبت مردہ زندہ کرنے کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ اِن سے بھی کوئی مُردہ زندہ ہوتا۔ اور جب وہ بذاتِ خود اس امر کے دیکھنے والے ہوتے تو ضروریہ قاعدہ بھی مقرر کرتے کہ جب کوئی آدمی مرجائے اور وہ مال اور جوروئیں چھوڑ جائے تو اس کا تقسیم شدہ ورثہ اور اس کی دوسرے شخص کے نکاح میں آئی ہوئی عورتیں کیونکر واپس ہوں۔ لیکن دنیا بھر کی کتب احادیث سے ایک حدیث بھی ایسی نہیں ملتی کہ جس میں اس قاعدہ کو بیان فرمایا گیا ہو۔ لہذا ماننا پڑیگا کہ کوئی مُردہ زندہ ہو کر نہیں آتا۔ یہ لوگوں نے جھوٹے قصّے اور افسانے بنا رکھے ہیں۔ جو یہودیوں اور عیسائیوں وغیرہ سے لئے گئے ہیں +

(۳) آثارِ صحابہ سے بھی کوئی تصدیق اس امر کی نہیں ہوتی۔ حالانکہ بہت سے خوارق اُن سے ظہور میں آئے۔ اور نہ خلفاء اربعہ کو اس قسم کا کوئی مقدمہ پیش آیا کہ فلاں شخص مر گیا تھا۔ اور اُس کے مرنے کے بعد اُس کے ورثا میں اُس کا متروکہ مال تقسیم ہو چکا ہے۔ اور اُسکی جورو عدت کے بعد فلاں شخص سے نکاح کر چکی ہے۔ مگر اب وہ دوبارہ زندہ ہو کر آگیا ہے۔ اُسکے مال اور اُس کی جورو کے متعلق کیا کارروائی ہونی چاہیئے۔ جہاں تک کتابوں کی ورق گردانی کی گئی اور صحابہ کے آثار پر غور کیا گیا کہیں بھی ایک ذرہ بھر اس امر کا اشارہ نہیں پایا جاتا کہ کسی مُردہ کے ورثاء کا مقدمہ پیش ہوا ہو کہ فلاں مردہ زندہ ہو کر آگیا ہے اب مقسوم مال، منکوحہ عورتوں کا کیا بندوبست ہو۔ جب ایسا کوئی ثبوت نہیں تو ضرور اے علماء وقت خدارا اِس بات کو تسلیم کر لو کہ مُردوں کا زندہ ہونا ایک بے بنیاد بات ہے۔ ورنہ حضرت عمر وغیرہ جیسے بزرگ مدبّر و منتظم ایسے اہم امر سے کیونکر فروگذاشت کرنے والے تھے۔ جبکہ اُنہوں نے بیسیوں ایسے انتظام کئے جو زمانہ سابق میں نہیں تھے۔ تو پھر ماننا پڑیگا کہ مُردے زندہ نہیں ہوا کرتے

(۴) اب ہم مجتہدوں کے زمانہ پر غور کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ کیا اُن کے مجتہدات میں اس قسم کا کوئی مسئلہ ہے اور کیا اُن کو اپنے زمانہ حیات میں اس قسم کا کوئی مقدمہ پیش آیا تو ہمیں اُن کی کتب سے بھی کوئی ثبوت نہیں ملا۔ اب ہم تفصیل وار ہر ایک مجتہد کا حال لکھتے ہیں دیکھو اور غور کرو۔ کتاب مبسوط میں جو شمس الدین سرخی نے لکھی ہے اور جس میں کل مجتہدوں کے اقوال جمع کئے ہیں کوئی قول یا مقدمہ متوفی کے زندہ ہونے اور اُس کے متروکہ مال و ازواج کے متعلق جبکہ وہ دیگر ورثاء کے قبضہ میں جا چکے ہوں درج نہیں ہے

ایسا ہی مُدَوَّنَۃُ الکُبریٰ جو مالکیوں کی ایک بڑی ضخیم کتاب ہے جس میں امام مالک کے کل اقوال و مجتہداتِ درج ہیں کہیں بھی اس قسم کا ثبوت نہیں ملتا +

ایسا ہی اُم شافعی میں جو شافعیوں کی ایک بہت بڑی فقہ کی کتاب ہے اور جس میں کل اقوال و مجتہدات امام شافعی درج ہیں اس قسم کا کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ کوئی مردہ زندہ ہوا ہو اور اُس کے متروکہ وغیرہ کا کیونکر تصفیہ کیا گیا ہو +

(۵) علماء حنفیہ نے جنہوں نے ہزارہا کتب فقہ بڑی بڑی ضخیم مجلدات میں لکھی ہیں اور جنہوں نے کوئی خفیف سے خفیف امر بھی نہیں چھوڑا حتیٰ کہ پیشاب اور پاخانہ اور اُن کے ایک ایک قطرہ تک پر بحث کی ہے۔ تو کیا وجہ ہے کہ اُنہوں نے اپنی کتابوں میں مُردوں کے زندہ ہو جانے کے بعد اُس کی وراثت و ازواج کے متعلق کوئی باب نہیں باندھا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن بزرگان دین کے نزدیک کوئی مُردہ زندہ نہیں ہوا کرتا۔ اگر اسکا کوئی وقوعہ بھی ہوتا تو کبھی بھی یہ بزرگ ایک لمحہ کے لئے نہ چوکتے۔ اور ضرور ایک باب باندھتے۔ خواہ یہ بات نادر ہی کیوں نہ ہوتی لیکن جب اُنہوں نے ایسا نہیں کیا تو ثابت ہوا کہ کوئی مُردہ زندہ ہو کر اپنے گھر نہیں آیا کرتا +

(۶) اگر علماء حنفیہ سے اس بارہ میں چوک ہو گئی تھی یا اُن کے اپنے اعتقاد میں مُردہ زندہ ہو کر نہ آتے ہوں اور اسی وجہ سے اُنہوں نے اپنی کتابوں میں اس مسئلہ پر بحث نہ کی ہو لیکن علماء مالکیہ جو حنفیہ کے مسایل میں بہت بڑا اختلاف کرتے ہیں۔ اس مسئلہ کو ضرور بیان فرماتے۔ اور علماء حنفیہ کو متہم کرتے کہ ایسے ضروری اور اہم مسئلہ کو اُنہوں نے کیوں ترک کر دیا۔ مگر ہم دیکھتے ہیں کہ علماء مالکی نے اس بارہ میں کوئی ذکر نہیں کیا اور نہ کوئی اُس کے متعلق باب باندھا جس

سے صریح پایا جاتا ہے کہ مالکیوں کے نزدیک بھی مُردہ زندہ ہو کر نہیں آیا کرتے +

(۷) اگر علماء مالکیہ بھی خواہ بروئے اعتقاد خواہ بوجہ سہو یا خطا اس مسئلہ میں ساکت رہے تو علماء و فقہا شافعیہ جنہوں نے ہر دو مذاہب بالا کے مجتہدات کے خلاف بہت کچھ بیان کیا ہے اور اُن کے حلال کردہ کو حرام۔ اور حرام کردہ کو حلال قرار دیا ہے۔ لیکن اس مسئلہ میں اُنہوں نے بھی کوئی گفتگو نہیں کی اور نہ اپنی فقہ کی کتابوں میں اس کے متعلق کوئی باب درج کیا جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس مذہب کے نزدیک بھی مردہ زندہ ہو کر نہیں آیا کرتے۔ ورنہ وہ ضرور اس مسئلہ پر قلم فرسائی کرتے اور کوئی قطعی فیصلہ لکھتے۔ مگر ایسا نہیں کیا۔ لہٰذا ماننا پڑا کہ اُن کے نزدیک بھی مُردہ زندہ نہیں ہوا کرتے +

(۸) اگر یہ بھی مان لیں کہ علماء حنفیہ و علماء مالکیہ و علماء شافعیہ اس مسئلہ میں بھول گئے یا یہ کہ اعتقاداً وہ اس کو جائز نہیں سمجھتے تھے۔ تو فقہائے حنبلیہ تو ضرور اس مسئلہ پر بحث کرتے۔ کیونکہ یہ فرقہ اپنا عملدرآمد زیادہ تر حدیث کو قرار دیتا ہے لیکن جہاں تک تحقیقات کی گئی یہی ثابت ہوا کہ اس مسئلہ میں وہ بھی ساکت ہیں۔ تو ایسی حالت میں بجز اس کے اور کیا تصور ہو سکتا ہے کہ اُن کے نزدیک بھی کوئی مُردہ زندہ نہیں ہوا کرتا اگر زندہ ہونا عادت اللہ میں داخل ہوتا تو ضرور اس مسئلہ کے متعلق کوئی نہ کوئی فقیہہ ضرور بحث کرتا۔ جب نہیں کی تو ثابت ہوا کہ مُردہ زندہ نہیں ہوا کرتا +

(۹) اگر قرآن اور حدیث اور آئمہ مجتہدین اس بارہ میں خاموش تھے۔ تو ایک غوث جسکو غوث الاعظم کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اور جن کے نام سے ہزارہا مُردوں کا زندہ کرنا منسوب کیا جاتا ہے۔ یعنے حضرت سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ جو واقعی ایک بہت بڑے کامل اولیاء اللہ میں سے ہیں۔ وہ بقول عوام لوگوں کے خیال اور اعتقاد کے اس معاملہ میں چونکہ صاحب تجربہ تھے وہ تو اس مسئلہ پر بحث کرتے۔ کیونکہ اُنہوں نے بھی چند کتابیں مسائل دینی پر لکھی ہیں۔ اور ضرور اُن کو اپنے زمانہ میں اس قسم کا مقدمہ پیش آیا ہوگا۔ کیونکہ جب خود اُنہوں نے ہزارہا روحوں کو زنبیل ملک الموت سے نکال لیا تھا۔ اور بارہ برس کی غرق شدہ برات کو زندہ کیا تھا۔ تو اُن کے پس ماندگان کو اُن کی وراثت کے متعلق ضرور تنازع ہوا ہوگا اور اُنکی جورویں دوسرے خاوندوں سے اولاد بھی لے چکی ہونگی۔ اور اُن کے مال خورد برد

بھی ہو گئے ہونگے۔ تو ایسی حالت میں کیونکر ایک جمِ غفیر خاموش ہو گیا ہوگا۔ اور ظن غالب ہے کہ وہ لوگ ضرور اُن کی خدمت میں حاضر ہوئے ہونگے کیونکہ ۱۲ سال کے بعد زندہ ہوئے تھے اور جب وہ گھر پر جاتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ نہ اُن کو رہنے کو مکان اور نہ معاشرت کے لئے اُن کی جوروئیں ہیں کیونکہ وہ تو دوسروں کے نکاح میں آچکی تھیں اور صاحب اولاد ہو چکیں تھیں اور جائداد بھی خورد برد کر چکی تھیں تو انہوں نے ضرور برضرور پیران پیر کے پاس جاکر واویلا کیا ہوگا اور زور ڈالا ہوگا کہ جب آپ نے ہم کو زندہ کیا ہے تو بتاؤ اب ہم کہاں جائیں اور کیا کریں ہمارے مال و منال اور ازواج تو دوسروں کے قبضہ میں چلے گئے یا تو ہمیں واپس دلاؤ ورنہ ہم تو نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے۔ ہمارا جینا موت سے بدتر ہو گیا کیونکہ ہمارے سامنے لوگ ہماری جائیدادوں اور ہماری جوروؤں پر قابض ہیں اور وہ ناجائز طور سے نہیں بلکہ شریعت کے رو سے اور ہمارا فیصلہ نہ قرآن کریم میں ہے اور نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام میں اور نہ علماء مجتہدین نے کچھ لکھا ہے۔ اب ہماری کون سُنتا ہے آپ ہی کوئی تدبیر بتائیں مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ باوجود اس قدر شہرت کے ہمیں ایک نظیر بھی اُن کی زندگی میں پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتی کہ کبھی کسی نے ایسا مقدمہ اُنکی خدمت میں یا اُن کے جانشین کی خدمت میں پیش کیا اور فیصلہ کرایا ہو پس جب ثابت ہوا کہ اس قسم کے مقدمہ کا تاریخ میں کوئی وجود نہیں تو ساتھ ہی یہ بھی ماننا پڑا کہ سید عبدالقادر جیلانی کی نسبت جس قدر احیاء موتے کے متعلق قصے اور افسانے مشہور کئے جاتے ہیں سب افترا اور یاوہ گو لوگوں کی بناوٹیں ہیں۔ جو جاہل لوگوں کے سُنانے اور اُن کی جیبیں خالی کرنے کے لئے اختراع کئے گئے ہیں۔ ورنہ حضرت عبدالقادر جیلانی جیسے بزرگ اور عالم کب ایسے ضروری مسئلہ سے خاموشی اختیار کرتے۔ لہٰذا یہ ماننا پڑا کہ کوئی مُردہ زندہ ہو کر نہیں آیا کرتا +

(۱۰) علاوہ ان کے لاکھوں اولیاء اللہ اس امت مرحومہ میں ہوئے ہیں۔ اور لاکھوں علماء اُن کے معتقد بھی تھے لیکن آجتک کسی عالم ثقہ نے گواہی نہیں دی کہ فلاں بزرگ کی برکتِ دعا سے فلاں مردہ زندہ ہو کر اپنے گھر میں آباد ہو گیا تھا۔ اور اُس کی جورو یا اُس کے مال کا انتظام یوں ہوا تھا۔ ایک نظیر بھی اس قسم کی نہیں ملتی۔ تو پھر کیونکر مان لیں کہ کوئی

مُردہ زندہ ہوکر دوبارہ آجایا کرتا ہے +

(۱۱) علماء کے سوا ہزارہا صوفیا بھی ہوئے ہیں جن کی نسبت بیان کیا گیا تھا کہ وہ اس قسم کے احیاء موتے کیا کرتے تھے۔ مگر اُن میں سے ایک کی بھی شہادت صحیحہ نہیں ملتی کہ اُنہوں نے کسی حقیقی مُردہ کو جسے خدا نے مار دیا تھا۔ اپنی تدبیر یا دُعا سے جلا دیا۔ اور پھر وہ اپنے گھر میں آنکر آباد ہوگیا۔ جب کوئی شہادت نہیں ملتی تو ثابت ہوا کہ احیاء موتی کے متعلق سب قصے جھوٹے اور بے بنیاد ہیں +

چنانچہ حضرت سعدی شیرازی گلستان میں فرماتے ہیں +

قطعہ

دہ کہ گر مُردہ باز گردید ہے — بسرائے قبیلہ و پیوند
رد میراث سخت نزدوے — وارثان راز مرگ خویشاں خند

اگر مُردہ کنبے میں پھر آسکتا تو اُس کے ورثاء کو اُس کے مال میراث کا لوٹا دینا اُس کی موت سے سخت تر محسوس ہوتا۔ دیکھو گلستان باب سوم حکایت مالدارے راشنیدم۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت سعدی علیہ الرحمۃ بھی احیاء موتی کے قائل نہیں تھے +

اُنیسویں فصل

اِس بارہ میں کہ قرآن شریف میں جن موتی کے احیاء کا ذکر ہے اُسکے کیا معنے ہیں

ہاں یہاں پر ایک سوال پیدا ہوسکتا ہے۔ کہ اگر کوئی مُردہ زندہ نہیں ہوسکتا تو پھر قرآن شریف کی آیاتِ ذیل سے کیا مراد ہے جو تعداد میں پانچ ہیں +

(۱) وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ پارہ سوم سورۃ البقرۃ رکوع ۶ +

(۲) وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰی نَرَی اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ - پارہ اول سورۃ البقرۃ - رکوع ۶ +

(۳) اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ پارہ سوم سورۃ البقرۃ رکوع ۳۵ +

(۴) اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْیَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ

پارہ دوم سورۃ البقرۃ رکوع ۳۲ +

(۵) وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ یُحْیِ اللّٰهُ الْمَوْتٰی ۙ وَیُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ - سورۃ البقرۃ رکوع ۹

قرآن شریف میں یہ پانچ آیات ہیں جن سے لوگ استدلال پکڑتے ہیں کہ مردہ زندہ ہوجاتے ہیں مگر ہم دکھانا چاہتے ہیں کہ یہ خیال لوگوں کا بوجوہات ذیل غلط ہے +

اوّل - قرآن کریم کے دیگر مقامات پر ہم ثابت کرچکے ہیں کہ مُردہ زندہ ہوکر نہیں آیا کرتے چنانچہ آیت حَرَامٌ عَلٰی قَرْیَةٍ اَهْلَكْنٰهَا اَنَّهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ وغیرہ سے بخوبی ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ موتی کو زندہ نہیں کیا کرتا - اور اس کی تائید میں کثیر التعداد احادیث بھی بیان کی گئی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بڑے پیاروں کو اس امر کا وعدہ دیکر کہ مانگو تم کو سب کچھ تمہاری خواہش کے مطابق دیا جاویگا - مگر جب اُنہوں نے دُنیا میں واپس آنا چاہا تو قَدْ سَبَقَتْ مِنِّیْ اَنَّهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ جواب دیکر کہا کہ یہ میرے وعدہ کے خلاف ہے یہ منظور نہیں ہوسکتا جب قرآن اور حدیث سے مُردوں کے آنے یا زندہ ہونے کا انکار ثابت ہوتا ہے - تو پھر کیونکر ان آیات میں اُن کے خلاف معنے لئے جاسکتے ہیں +

دوم - اگر موتی کے زندہ کرنے کے معنے لئے جائیں تو پھر اللہ تعالیٰ کا فرمانا اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ یعنے اللہ اپنے وعدہ کا خلاف نہیں کیا کرتا خلاف ہوجاتا ہے اور آیت متذکرہ

بالا میں تو یہاں موکد بقسم وعدہ کیا ہے کہ میں مُردوں کو دُنیا میں دوبارہ زندہ کرنے کو حرام کر دیا ہے۔ جب قسمیہ طور سے وعدہ کر چکا ہے تو پھر کیونکر اپنے وعدہ کی خلاف ورزی کو پسند کر سکتا ہے +

سوم۔ اگر یہ مان لیں کہ ہاں عام طور سے مُردہ زندہ کرنے کی عادت اللہ تو نہیں۔ مگر خاص خاص موقع پر معجزہ یا کرامت نمائی کے لئے اللہ تعالیٰ مُردوں کو زندہ کر دیا کرتا ہے اگر اسکو مان لیں تو پھر اُس کا یہ قانون بموجب آیۃ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا یعنے اگر قرآن شریف خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور کا کلام ہوتا تو اُس میں بڑا اختلاف پایا جاتا ٹوٹ جاتا ہے اور سخت اختلاف پیدا ہوتا ہے بلکہ ایک بڑا فتور پیدا ہوتا ہے ایک جگہ تو کہے کہ ہم ہرگز مرے ہوؤں کو زندہ نہیں کرتے۔ اور دوسری جگہ کہدے کہ فلاں فلاں موقع پر ہم نے مُردے زندہ کر دئے۔ پھر تو خود اللہ تعالیٰ ہی کے کلام پاک پر کیا اعتبار رہ سکتا ہے بلکہ انسانی کلام سے بھی اُس کا درجہ کم رہتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ پاک اور قدوس ان سب نقصانات سے پاک و منزہ ہے وہ ایسا ہرگز نہیں کرتا۔ اس کی باتیں سب پختہ اور پُر حکمت ہیں اور اُن میں ہرگز اختلاف نہیں۔ یہ انسان ضعیف البنیان کی اپنی سمجھ کا گھاٹا ہے کہ وہ اپنی بے سمجھی سے ایسا خیال کر لیتا ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کے محکم نظام میں کوئی بھی بات ایسی نہیں جو حرف گیری کے لائق ہو۔ لہٰذا اس اختلاف کے دور کرنے کے لئے جب ہم قرآن شریف اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر غور کرتے ہیں تو واضح ہو جاتا ہے کہ لفظ موت کے معنے صرف وفات حقیقی کے نہیں بلکہ اور معانی بھی ہیں۔ چنانچہ ہم ذیل میں اُنکی فہرست دکھاتے ہیں:۔

لفظ موت کے معانی مختلف ہیں

(۱) موت بمعنے نوم۔ جیسے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا۔ اَیْ اَنَامَنَا۔ یعنے اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں بعد سُلانے کے زندہ کیا +

(۲) موت بمعنے سکون کَمَا تَتِ الرِّیْحُ یعنے عرب میں موت کے دوسرے معنے سکون کے ہیں۔ جیسے ہوا ٹھہر گئی +

(۳) موت بمعنے فقدانِ قوتِ نامیہ کیجئے الارض بعض موتہا۔ جیسے زمین کو اُس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے۔ یہاں موت کے معنے قوتِ نمو کے نہ ہونے کو موت کہتے ہیں +

(۴) موت بمعنے زوالِ قوتِ حسیہ جیسے یالیتنی متُّ قبل ھذا یعنے کاش میں اس سے پہلے بے حس ہو جاتی +

(۵) موت بمعنے زوالِ قوتِ عقلیہ وھی الجھل جیسے ومن کان میتاً فاحییناہ یعنے جو جاہل تھا اسکو عقل عطا کی +

(۶) بمعنے حزن اور خوف۔ جیسے یاتیہ الموت من کلِّ مکانٍ یعنے ہر مکان سے اُس کو خوف اور حزن طاری ہوتا ہے +

(۷) بمعنے منام یعنے نیند۔ جیسے التی لم تمت فی منامہا یعنے جو اپنی نیند نہ مرا اور کہتے ہیں کہ المنام الموت الخفیف۔ منام ہلکی موت کو کہتے ہیں +

(۸) احوالِ شاقہ پر بھی موت کا اطلاق ہوتا ہے۔ جیسے اوّل من مات ابلیس لانہ اوّل من عصے۔ سب سے پہلے جس پر سخت مصیبت آئی وہ ابلیس تھا۔ کیونکہ سب سے پہلے نافرمانی کا مرتکب ہوا +

(۹) فقر پر بھی موت کا لفظ مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے فقال اما تعلم ان من افقرتہ فقد امتّہ کیا تو نہیں جانتا جسکو میں نے فقیر کر دیا اُس کو میں نے محتاجی میں گرفتار کر لیا +

(۱۰) ذلت پر بھی آتا ہے۔ جیسے کانت الواقعۃ موتٌ لہ۔ یہ واقعہ اُسکے لئے ذلت کی موت تھی +

(۱۱) سوال پر بھی آتا ہے +

(۱۲) بڑھاپے پر بھی آتا ہے +

(۱۳) معصیت کے واسطے بھی موت کا لفظ آتا ہے +

(۱۴) جنون اور صرع پر اس کا اطلاق آتا ہے۔ دیکھو مجمع البحار جلد دوم مصنفہ امام محمد طاہر گجراتی صفحہ ۳۲۰-۳۲۱ +

جب لغت عرب سے موت کے لفظ سے ۱۴ معانی ثابت ہوتے ہیں۔ تو پھر کیونکر قرآن شریف میں موت کے معنے صرف مرگ یعنے وفات کے لئے جائیں۔ جب ہمیں دیگر نصوصِ صریحہ سے

ثابت ہوگیا کہ مرے ہوئے دوبارہ زندہ نہیں ہوسکتے۔ تو پھر دیکھنا چاہئے کہ ان پانچ مقامات پر سوائے موتِ متعارف کے کوئی اور معنے بھی بن سکتے ہیں تاکہ دیگر آیات قرآنی کے مخالف نہ ہوں بلکہ مطابق ہوں +

اب ہم اس بنا پر آیاتِ زیر بحث پر گفتگو کرتے ہیں اور دکھاتے ہیں کہ یہاں موت بمعنے مرگ ثابت نہیں ہوتی بلکہ اُن کے اور معنے ثابت ہوتے ہیں۔ لہٰذا ہم ایک ایک آیت پر الگ الگ بحث کرتے ہیں +

(۱) آیت اول یہ ہے۔ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ۔ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ۭ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

ترجمہ اسکا یوں ہے۔ جب ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ اے میرے رب مجھے دکھا کہ تو کس طرح مردوں کو زندہ کریگا۔ اللہ تعالیٰ نے بجواب کہا کہ کیا تو ں ایمان نہیں رکھتا۔ کہا کہ ہاں ایمان تو رکھتا ہوں لیکن میں دل کا اطمینان چاہتا ہوں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اچھا چار پرندے لو۔ اور اُن کو اپنے ساتھ ہلا لو۔ پھر جب ہل جائیں تو ہر ایک کو اُن میں سے ایک ایک پہاڑ پر بٹھاؤ۔ پھر تم اُن کو بلاؤ۔ وہ تمہاری طرف دوڑتے ہوئے آئینگے۔ اور پھر اسوقت جان لیجیو کہ اللہ عزیز و حکیم ہے یعنے سب پر اپنی ربوبیت عامہ کی وجہ سے غالب اور ممتاز ہے۔ اور وہ حکمت والا ہے۔ اس آیت سے ظاہر ہے کہ حضرت ابراہیم جو ایک عظیم الشان نبی ہیں وہ عالمِ ارواح کے متعلق سوال کرکے اپنا اطمینان چاہتے ہیں۔ اور خود عالم کون و فساد میں ہیں۔ اگر اس کے معنے یہ لئے جائیں کہ مُردوں کو اپنی آنکھوں سے زندہ ہونا دیکھنا چاہتے تھے تو یہ امر تو قرینِ قیاس نہیں کیونکہ نبی کی شان سے جو نہایت ہی باریک اور دور بین عقل رکھتے تھے ایسا سوال کرنا بعید ہے۔ ہاں اللہ تعالیٰ سے کسی صورت میں اپنی تسلی چاہتے تھے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اُن کو حکم دیا کہ اے ابراہیم تو چار پرندوں کو لیکر اُن کو دانہ روزمرہ ڈالکر اپنے اوپر ہلا لے جیسے لوگ پرندوں کو ہلاتے ہیں۔ اور جب وہ ہل جائیں تو ہر ایک کو الگ الگ پہاڑ پر بٹھا کر آواز دیکر بلا وہ سب تیری طرف دوڑتے ہوئے چلے آئینگے اس مثال سے یہ سمجھانا مراد تھا کہ دیکھو اے ابراہیم دانہ کا تو خالق نہیں۔ اور نہ پرندوں کا خالق ہے۔ دونوں چیزیں میری ہی مخلوق ہیں۔ مگر تو نے انکو

میری ہی پیدا کردہ چیزیں کھلا کر ایسا احسان کا گرویدہ بنا لیا ہے کہ جب تم اُن کو بلاتے ہو تو وہ تیری آواز سُنکر دہ تیری طرف فوراً دوڑے چلے آتے ہیں اور میں جو رب العالمین ہوں اور ہر ایک ذرہ ذرہ کو میں نے پیدا کیا ہے اور ہر ایک چیز کی ربوبیت میں ہی کرتا ہوں اور ہر ایک چیز کے ذرہ ذرہ پر میرا تصرف و احسان ہے تو پھر جب میں بلاؤنگا تو وہ کیونکر میرے پاس نہ آئینگے۔ جب تیرے عارضی احسان سے تیری نافرمانی نہیں کرتے تو میرے ابدی اور لازوال احسان سے کیونکر روگردانی کر سکتے ہیں۔ اس مثال سے حشرِ اجساد کا ثبوت حضرت ابراہیمؑ کو دیا گیا ہے +

اگر کسی کو یہ خیال ہو کہ تفاسیر میں صُرْهُنَّ اِلَيْكَ کے معنے کوٹنے اور قیمہ قیمہ کرنے کے آئے ہیں یہاں آپ نے ہلانے کے معنے کہاں سے نکال لئے۔ سو واضح ہو کہ اس میں کلام نہیں کہ لُغت عرب میں صُرْ کے معنے کوٹنے کے بھی ہیں اور ہلانے کے بھی ہیں اور یہاں تو صُرْهُنَّ اِلَيْكَ ہے جسکے معنے اُنکو اپنی طرف ہلا لو اور اگر یہاں کوٹنے کے معنے ہوتے تو صُرْهُنَّ ہی کافی تھا اِلَيْكَ کے کچھ معنے نہیں بنتے۔ اِس لئے صحیح معنے یہی ہیں کہ ہلا لو۔ اور یہ صرف میرا ہی خیال نہیں بلکہ اور بزرگان کا بھی یہی خیال ہے۔ چنانچہ ہم بطور نمونہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی سند پیش کرتے ہیں جو حبر الامہ و رئیس المفسرین ہیں +

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ ثَنِي أَبِي قَالَ ثَنِي عَمِّي قَالَ ثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ صُرْهُنَّ أَوْ قَطِّعْهُنَّ رَوَاهُ ابْنُ جَرِيرٍ طَبَرِيٌّ فِي التَّفْسِيرِ +

ابن جریر طبری اپنی تفسیر میں روایت کرتے ہیں کہ میرے پاس محمد بن سعد نے اُن کے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس اُن کے چچا نے اُن کے پاس اُن کے باپ نے اُن کے پاس ابن عباس نے صُرْهُنَّ اِلَيْكَ کے معنے بتائے کہ ہلا لو۔ پکا کر لو دیکھو تفسیر ابن جریر جلد ۳ ص ۳۵

دوسرا امر اس آیت میں یہ ہے کہ لفظ جزو آیا ہے اور جزو کے معنے ٹکڑے ٹکڑے کے ہیں جس سے وہم ہو سکتا ہے کہ حضرت ابراہیم کو حکم ہوا تھا کہ انکو ٹکڑے ٹکڑے کر کے کچھ ایک پہاڑ پر اور کچھ ایک پہاڑ پر رکھ دو وہ زندہ ہو کر تمہارے بلانے پر آجائینگے۔ مگر یہ معنے سراسر غلط ہیں یا نا کہ کسی ہوئی چیز کے اجزا کو بھی جُز کہتے ہیں مگر غیر کسی ہوئی اور سالم چیز اور جاندار پر بھی جز کا اطلاق ہوتا ہے چنانچہ خود قرآن کریم سے اسکی تصدیق ہوتی ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَجَعَلُوا

لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اور ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے بعض کو اُسکا جز قرار دے رکھا ہے (مراد یہ کہ فرشتوں کو خدا تعالیٰ کی اولاد قرار دے رکھی ہے) اب بتاؤ یہاں جُزْءًا پر بولا گیا ہے اور یہاں عباد فرشتوں سے مراد ہیں تو کیا جُزْ کی وجہ سے یہ سمجھ لیں کہ اُن کو ٹکڑے ٹکڑے کیا جاتا اور پیسا جاتا ہے اس جگہ یہ معنے ہرگز نہیں بلکہ جُزْ سالم چیزوں کی تقسیم پر ہی بولا جاتا ہے +

ایسا ہی دوزخیوں کے بارہ میں آیا ہے لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ دوزخ کے سات دروازے ہیں اور ہر دروازہ کے لئے اُن دوزخیوں میں سے علیحدہ علیحدہ گروہ ہیں دیکھو سورۃ الحجر رکوع ۳ کیا یہاں بھی تو جُزْءٌ یہ معنے کئے جاتے ہیں کہ دوزخیوں کو کاٹ کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینگے ہرگز نہیں بلکہ یہ اعتقاد ہی کسی کا نہیں تو پھر جب سالم چیز پر بھی لفظ جُزْءٌ آتا ہے تو آیۃ زیر بحث میں کیوں وہ معنے نہیں کرتے جُزْءٌ کا لفظ ہی تم کو خلجان میں ڈالتا تھا سو اب تو خلجان جاتا رہا اب ایسے معنے کرو کہ جس سے ایک دوسری آیت کے خلاف نہ پڑے۔ اور تفسیر ابن جریر میں ہے +

اَلْجُزْءُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ هُوَ الْبَعْضُ مِنْهُ كَانَ مُنْقَسِمًا جَمِيْعُهٗ اَوْ غَيْرَ مُنْقَسِمٍ +

ہر ایک چیز کی جز سے مراد ہے کہ اُس کا کچھ حصہ خواہ سب کا سب تقسیم شدہ ہو یا غیر تقسیم شدہ +

دوسری جگہ ابن جریر نے لکھا ہے :-

وَقِيْلَ تَفْرِيْقُ اَجْزَائِهِنَّ عَلَى الْجِبَالِ الْمَيِّتَةِ اَحْيَاءً يُطِرْنَ +

اور کہتے ہیں کہ زندہ جانوروں کو الگ الگ پہاڑوں پر بٹھا دو وہ اُڑتے ہوئے آئینگے +

اب تو صاف معلوم ہو گیا کہ جز زندہ اشیاء کے حصہ کو بھی کہتے ہیں۔ اور دیکھو اس معنے کے کرنے میں ہم فرد نہیں بلکہ پہلے بزرگوں نے بھی یہی معنے کئے ہیں +

(۲) اب ہم دوسری آیت کے معنے کرتے ہیں وہ آیت یہ ہے +

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

اور جب تم نے کہا کہ اے موسیٰ ہم تم پر ایمان نہیں لائینگے جب تک کہ ہم اللہ تعالیٰ کو برملا نہ دیکھ لیں تو پھر تم پر بجلی پڑی اور تم دیکھتے کے دیکھتے رہ گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ تمہیں غشی سے ہوش میں لایا تو کہ تم شکر گذار بن جاؤ۔ اس آیت سے یہ

ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے قوم موسیٰ پر بجلی نازل کی۔ اور بجلی کا خاصہ ہے کہ جس انسان پر پڑتی ہے۔ وہ بیہوش ہو جاتا ہے اور مصروع کی سی حالت ہو جاتی ہے اور اگر اُن کی جلدی خبر گیری کی جائے تو بہت جلد ہوش میں آجاتے ہیں۔ آجکل کی تحقیقات سے بھی جو نہایت ہی پختہ اور قابلِ وثوق ہے۔ یہ ثابت ہوا ہے کہ بجلی کا مارا ہوا دو گھنٹہ بعد اچھا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا اِس آیت میں حقیقی موت کے معنے لینا بجز تحکم اور کچھ متصور نہیں۔ اور ساتھ ہی وہ لوگ جو ایسے معنے کرتے ہیں۔ وہ قرآن شریف کی اُن آیات کی مخالفت کرتے ہیں جن میں احیاء موتیٰ کی نفی ہے اور گویا وہ قرآن شریف کو اختلافات کا مجموعہ ثابت کرتے ہیں جو آیت وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا کے خلاف ہے۔ لہٰذا اس کے یہی تحقیقی معنے ہیں کہ اُن پر بجلی کی وجہ سے غشی طاری ہو گئی تھی۔ جو ایک قسم کی موت ہے۔ اور لغتِ عرب میں بھی یہ معنے ثابت ہیں۔ تو پھر کیونکر اس سے روگردانی کی جاتی ہے۔ اور پھر خود قرآن کریم سے اس کی تصدیق ہوتی ہے کیونکہ حضرت موسیٰ کی نسبت فرمایا ہے وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا۔ صَعِقًا اور صَاعِقَة ایک ہی مادہ سے نکلے ہیں جب یہاں موسیٰ کی نسبت تو برملا بیہوشی معنے کرتے ہیں مگر اُنکو بجلی کے اثر سے بیہوشی نہیں قبول کرتے حالانکہ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ خود زندگی کا قرینہ موجود ہے پھر سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کا قول نقل فرمایا کہ جب موسیٰ نے قوم پر سخت غشی طاری دیکھی تو کہا اَفَتُهْلِكُنَا کیا تو ہم کو ہلاک کر دیگا جس سے ثابت ہے کہ قوم حقیقی موت سے مری نہیں تھی ورنہ اَفَتُهْلِكُنَا کے بجائے فرماتے اَهْلَكْتَنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا یعنے کیا تو نے ہم کو اس وجہ سے ہلاک کر دیا کہ ہمارے سفہاء نے شرارت کی پس صاف ظاہر ہے کہ حقیقی موت نہیں تھی ورنہ حضرت موسیٰ اپنی ذات کو کیوں شامل کرتے اور کیوں کہتے اَفَتُهْلِكُنَا۔ ہم کو ہلاک کرتا ہے +

(۳) تیسری آیت جس میں احیاء موت حقیقی سمجھی جاتی ہے۔ وہ یہ ہے۔

اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ۔ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى	مثل اس شخص کے جو ایک اجڑے ہوئے گاؤں کے پاس سے گذرا اور جس نے کہا کہ اس تباہ اور برباد شدہ گاؤں کو اللہ کب آباد کریگا اس پر اللہ تعالیٰ نے اُس پر سو برس کی نیند طاری کی۔ پھر اُس کو اُٹھایا اور پوچھا کہ بتا تو کب تک

لِطَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ج وَانْظُرْ
اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ
اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا
فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ سورۃ البقرۃ رکوع ۳۵ +

تم اُس حالت میں رہے اُس نے جواب دیا کہ ایک دن یا دن کا کچھ حصّہ ایسی حالت میں رہا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو سو سال تک اُس حالت میں رہا۔ پھر فرمایا اپنے کھانے اور پینے کی طرف دیکھ اُس پر برس نہیں گذرے اور گدھے کو بھی دیکھ۔ اور ہم تیرے لئے لوگوں کی نظر میں ایک نشان قائم کرنا چاہتے ہیں۔ اور اُن ہڈیوں کی طرف نگاہ کر کہ ہم کس طرح اُن کے اوپر گوشت چڑھاتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے خواب ظاہر کر کے اُس کو بتلا دیا تو اُس نے کہا اے اللہ میں جانتا ہوں کہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔ یہ معنے ہم نے اپنی طرف سے نہیں کئے بلکہ اکثر تفاسیر میں فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ کے معنے یہی لکھے ہیں فَاَنَامَهُ اللّٰهُ یعنے اللہ نے اُس کو سلا دیا دیکھو معالم وغیرہ۔ اور لغت عرب میں بھی موت کے معنے نوم کے ہیں۔ تو پھر کیوں اور معنے لئے جاتے ہیں۔ حالانکہ آیت کا سیاق و سباق ظاہر کرتا ہے کہ یہ ایک خواب تھی جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو دکھلائی۔ جس میں سو سال گذرے نظر آئے جس کی تائید توریت شریف میں کتاب حزقیئل نبی سے ہوتی ہے۔ چنانچہ کتاب حزقیئل باب ۳۷ آیت ۱ میں لکھا ہے "خداوند کا ہاتھ مجھ پر تھا اور اُس نے مجھے خداوند کی روح میں اُٹھا لیا اور اُس وادی میں جو ہڈیوں سے بھرپور تھی مجھے اُتار دیا"۔ اور باب ۱۱۔ آیت ۲۴۔ سے اس کی اور بھی وضاحت ہوتی ہے چنانچہ لکھا ہے۔ انجام کار روح نے مجھے اُٹھایا۔ اور خدا کی روح نے رویا میں مجھے پھر کسدیوں کے ملک میں اسیروں پاس پہنچا دیا۔ سو وہ رویا جو میں نے دیکھی مجھ سے اوپر اُٹھ گئی۔ پس جب یہ خواب ثابت ہوئی تو اب اِن آیات کی حقیقت بیان کرتے ہیں۔ خوب غور سے سنو۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ اس آیت میں جس شخص کے گذرنے کا ذکر ہے۔ وہ حزقیئل نبی تھے۔ جو ایک غیر آباد قریہ یعنے بیت المقدس کے پاس سے گذرے۔ اور اُس کے آس پاس بہت سی ہڈیاں پڑی ہوئی دیکھیں۔ مراد یہ کہ بنی اسرائیل کے لوگ شریعت کے عاری ہو گئے تھے اور مغز شریعت اُن سے مفقود ہو گیا تھا اور وہ محض استخوان ہی رہ گئے تھے اور پراگندہ مارے مارے پھرتے تھے تو اُنکی حالت زار اور بیت المقدس کی بربادی کو دیکھا تو اُن

کے دل میں جوش پیدا ہوا کہ اس غیر آباد قبر پر کوکب آباد اور ان لوگوں کو جو روحانیت سے خالی ہونے کی وجہ سے مر چکے ہیں اللہ کب اُن کو آباد کریگا اور پھر اُنہوں نے دعا کی تب اللہ تعالےٰ نے اُن کی تسلی کے لئے اُن پر نیند طاری کی۔ اور ایک رویا دکھلایا گیا جس میں اُن ہڈیوں وغیرہ اور غیر آباد زمین کو سو سال کے اندر آباد ہوتے ہوئے دیکھا۔ پھر جب وہ خواب سے بیدار ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی سے پوچھا کہ تم اس حالت میں کتنی دیر تک رہے اُنہوں نے بظاہر عالمِ کون و فساد کا سوال سمجھ کر جواب دیا کہ ایک دن یا اُس کا کچھ حصہ اُس حالت میں رہا۔ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ تو تو سو سال تک اس نظارہ کو دیکھتا رہا۔ اور یہ بات عالم مثال کے متعلق تھی۔ پھر جب حزقیل نبی کو تردد پیدا ہوا کہ کیا میں سو سال تک سویا رہا۔ تو پھر اللہ تعالےٰ نے اُن کے رفع شک کے لئے فرمایا کہ وہ بات تو خواب کی تھی یعنے عالم مثال کے سو سال تھے۔ اس دنیا کے سال تو نہیں تھے۔ کیونکہ تم اپنے کھانے اور پینے کی چیزوں کو دیکھو۔ ان پر کوئی سال نہیں گذرے اپنے گدھے ہی کو دیکھو وہ صحیح تندرست کھڑا ہے۔ وہ مرا نہیں اور نہ دُبلا ہوا۔ ہم نے تو تمہارے لئے لوگوں میں ایک نشان دکھانا چاہا ہے۔ وہ نشان یہ ہے۔ کہ تو ان ہڈیوں کی طرف دیکھ ان پر ہم کیسے گوشت پوست چڑھاتے ہیں یعنے ان خانہ برباد بنی اسرائیل کو از سرِ نو کس طرح آباد کرتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو یہ امر خوب ہی ذہن نشین کرا دیا۔ تو بے اختیار بول اُٹھا۔ میں جانتا ہوں کہ تو ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ یعنے اب مجھ پر خوب واضح ہو گیا کہ اس طرح غیر آباد ملک کو آباد اور سرسبز کر سکتا ہے۔ غرض یہ اُس نبی کی طرف سے ایک پیشگوئی کرائی گئی۔ کہ یروشلم ایک سو سال کے اندر آباد ہو جائیگا۔ چنانچہ اس کی پیشگوئی کرنے کی صداقت حزقیل کی کتاب باب ۳۷ ورس ۱۲ سے ہوتی ہے۔ جس میں لکھا ہے اِس لئے تو نبوت کر یعنے پیشگوئی سنا دے۔ اور اُن سے کہو کہ خداوند یہوواہ یوں کہتا ہے۔ کہ دیکھ اے میرے لوگو میں تمہاری قبروں کو کھولوں گا اور تمہیں تمہاری قبروں سے باہر نکالونگا اور اسرائیل کی سرزمین میں لاؤنگا۔ اس پیشگوئی کا ظہور قبل مسیح ۵۳۶ء میں کورس کیمطابق ہوا جسکو قرآن شریف میں ذوالقرنین کے لقب سے ملقب فرمایا گیا ہے۔ دیکھو کتاب یرمیاہ نبی باب ۱۲۔ ورس ۲۵۔ اس کا مفصل حال تلخیص التواریخ مصنفہ مولوی محمد حسن صاحب امروہی میں لکھا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ بخت نصر نے یروشلم کو تباہ

کر دیا تھا۔ اور قوم بنی اسرائیل جنگلوں اور بیابانوں میں ماری ماری پھرتی رہی جس کی وجہ سے وہ بالکل تباہ ہو گئی تھی۔ اور قرآن شریف میں اُن کو ہڈیوں سے نامزد کیا گیا ہے۔ یعنے اُن کے گوشت و پوست بالکل نہیں رہے تھے۔ اور صرف ہڈیاں رہ گئی تھیں۔ یعنے وہ شریعت حقہ سے سراسر محروم اور تمدنی زندگی سے بالکل عاری تھے۔ آخر کیقباد بادشاہ نے یروشلم کو از سر نو آباد کیا اور اُن کو انسان بنایا۔ دیکھو تلخیص التواریخ +

(۴) چوتھی آیت یہ ہے اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ + سورۃ البقر رکوع ۳۲

کیا تو نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے ہزاروں ہزار اکٹھے موت کے خوف سے نکلے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اُن کو کہدیا کہ جاؤ تم جہالت کی موت مر جاؤ۔ پھر اُن کو زندہ کیا۔ یعنے اُن کو شریعت سکھلائی اور وہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل ہی کرنے والا ہے۔ لیکن بہت لوگ ناشکری کرتے ہیں۔ تم لغت عرب میں دیکھ چکے ہو کہ موت کے معنے جہالت کے بھی ہیں۔ یہاں اس آیت میں وہی معنے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ آیت بنی اسرائیل کی نسبت ہے۔ اور جن کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک قوم کے مقابل میں لڑائی کے لئے حکم دیا تھا۔ تو اُنہوں نے انکار کر دیا تھا جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اُن کے حق میں بددعا کی تھی جس کی وجہ سے خداوند تعالیٰ نے اُن کو جنگلوں میں نکال دیا تھا اور وہ مدتوں تک حیران اور سرگردان مارے مارے پھرتے رہے۔ وہ ایک موت سے بھاگے تھے۔ مگر جہالت کی موت میں جا پڑے۔ کیونکہ شریعت سے وہ ناواقف ہو گئے۔ جنگلوں میں کہاں علم اور کون اُن کو سنانے والا تھا۔ اس کا مفصل حال سورہ مائدہ رکوع ۳ میں ہے۔ لہذا ہم اُس رکوع کو یہاں لکھتے ہیں تاکہ خوب واضح ہو جائے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کو کہا کہ اے میری قوم تم اُن نعمتوں کو یاد کرو۔ جو اللہ نے تمہارے حال پر کی ہیں۔ کیا یہ تھوڑی نعمت ہے کہ تم میں نبی بنائے گئے۔ اور تم میں بادشاہ کھڑے

الَّتِیْ کَتَبَ اللّٰہُ لَکُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓی
اَدْبَارِکُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ ۝ قَالُوْا یٰمُوْسٰٓی
اِنَّ فِیْھَا قَوْمًا جَبَّارِیْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَھَا
حَتّٰی یَخْرُجُوْا مِنْھَا ۚ فَاِنْ یَّخْرُجُوْا مِنْھَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ
قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ
عَلَیْھِمَا ادْخُلُوْا عَلَیْھِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا
دَخَلْتُمُوْہُ فَاِنَّکُمْ غٰلِبُوْنَ ۝ وَعَلَی اللّٰہِ فَتَوَکَّلُوْٓا
اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ قَالُوْا یٰمُوْسٰٓی اِنَّا لَنْ
نَّدْخُلَھَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِیْھَا فَاذْھَبْ اَنْتَ
وَرَبُّکَ فَقَاتِلَآ اِنَّا ھٰھُنَا قٰعِدُوْنَ ۝ قَالَ
رَبِّ اِنِّیْ لَآ اَمْلِکُ اِلَّا نَفْسِیْ وَاَخِیْ فَافْرُقْ
بَیْنَنَا وَبَیْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ ۝ قَالَ فَاِنَّھَا
مُحَرَّمَۃٌ عَلَیْھِمْ اَرْبَعِیْنَ سَنَۃً ۚ یَتِیْھُوْنَ فِی
الْاَرْضِ ۗ فَلَا تَاْسَ عَلَی الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ ۝

کئے گئے۔ اور تم کو وہ کچھ دیا گیا کہ آجتک جہان میں کسی کو نہیں دیا گیا۔ اے میری قوم اب تم ارض مقدسہ یعنے شام میں چلو۔ جس کے دینے کا اللہ تعالیٰ نے تم سے وعدہ کیا ہے اور تم اس امر کے بجالانے سے پیٹھ نہ دکھاؤ۔ ورنہ تم ٹوٹا پاؤ گے۔ اُنہوں نے جواب دیا کہ اے موسیٰ وہاں تو ایک ظالم قوم رہتی ہے۔ جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں ہم نہیں جائیں گے اگر وہ نکل جائیں تو بیشک ہم داخل ہونگے۔ ان خائفین میں سے دو آدمیوں نے جن پر اللہ تعالیٰ کا انعام تھا کہا کہ اے لوگو تم دروازہ میں داخل ہو جاؤ اور جب تم داخل ہو جاؤ گے تو تم ہی غالب ہو جاؤ گے۔ اور جب تم ایماندار ہو تو اللہ تعالیٰ پر توکل کرو۔ اُنہوں نے صاف صاف کہدیا کہ اے موسیٰ جب تک وہ لوگ اُس ملک میں ہیں ہم تو کبھی بھی نہیں جائینگے تو اور تیرا رب ہی جائے۔ اور لڑائی کرتا پھرے۔ ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔ تب موسیٰ نے کہا کہ اے میرے رب میں اپنے اور اپنے بھائی کے سوا کسی کا مالک نہیں۔ اس فاسق قوم میں اور ہم میں جُدائی ڈالدے۔ تب اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اب اس قوم پر چالیس سال تک اس مقدس زمین کو حرام کر دیا گیا ہے یہ مارے مارے پھرینگے۔ اور تو اس فاسق قوم سے ناامید مت ہو۔ ان آیات سے صاف واضح ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور پیغمبر کی عدول حکمی سے وہ مقہور ہوئے اور اُن کو چالیس سال کے لئے جلاوطنی کی گئی۔ اور وہ مارے مارے جنگلوں اور بیابانوں میں پھرتے رہے۔ اُن میں نہ علم رہا اور نہ دینی معلومات رہیں ایک وحشیانہ اور جاہلانہ زندگی بسر کرتے رہے۔ اس زندگی کو جس میں وہ اس حالت میں رہے اللہ تعالیٰ نے لفظ مُوتُوا سے تعبیر کیا ہے۔ چالیس برس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اُن پر رحم کیا۔

اور یوشع بن نون کو اُن میں رسول مقرر کر کے اُن کو اس گندی اور وحشیانہ زندگی سے نکالا۔ اور شریعت کے احکام سکھلا کر از سرِ نو زندہ کیا۔ دیکھو توریت کتاب یشوع نبی باب اوّل لغایت ۷۔ یہ کوئی انوکھی بات نہیں تمام انبیا حتی کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بھی مومنوں کو جو جہالت اور کفر کی ظلمت میں گرفتار تھے۔ نورِ شریعت سے منور کر کے ایک نئی پاک اور مطہر زندگی عطا کرتے تھے۔ چنانچہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ اس کی یوں تصدیق فرماتا ہے یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاکُمْ لِمَا یُحْیِیْکُمْ۔ پارہ ۹ یعنے اے ایماندارو اللہ اور اُس کے رسول کی بات کو جب وہ تمہیں تمہارے زندہ کرنے کے لئے طلب کرے۔ مان لیا کرو۔ اب دیکھنا یہ ہے۔ کہ کیا وہ مومن مرے ہوئے تھے۔ جن کو بلا کر زندہ کیا جاتا تھا۔ نہیں نہیں اُن کا جسم تو نہیں مرا ہوا تھا۔ بلکہ اُن کی روح شریعتِ حقہ کی عدم موجودگی سے مرچکی ہوئی تھی حالانکہ صرف شریعت کے احکام کو سُننا اور اُن پر عملدرآمد کرنا اُن کی روح کی زندگی کا موجب تھا۔ قرآن شریف کی آیت زیر بحث میں بھی اسی قسم کی موت اور اسی قسم کی حیات کی طرف اشارہ ہے۔ کیونکہ وہ قوم خدا تعالیٰ کے قہر میں آگئی تھی۔ اور اُن کو ایک بہت دور دراز عرصہ تک آبادی سے دور رکھا گیا تھا۔ اور وہ اخلاقی زندگی سے بالکل محروم ہو چکے اور بے نصیب تھے۔ جس سے اُن کی روح پر موت واقع ہو گئی تھی۔ بالآخر یوشع بن نون کے ذریعہ ہدایت پاکر از سرِ نو زندگی میں داخل ہوئے +

(۵) پانچویں آیت جس سے مردہ زندہ ہونے کا استدلال کیا جاتا ہے حسب ذیل ہے:-

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْھَا وَاللّٰہُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْہُ بِبَعْضِھَا کَذٰلِکَ یُحْیِ اللّٰہُ الْمَوْتٰی وَیُرِیْکُمْ اٰیٰتِہٖ لَعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ سورۃ البقرۃ رکوع ۹	اور جب تم نے ایک نفس کو قتل کر ڈالا پھر تم اُس کے بارہ میں اختلاف اور جھگڑا کرنے لگے اور اللہ تو ظاہر کر دیگا اُن تمام شرارتوں کو جو تم چھپاتے ہو۔ پھر ہم نے حکم دیا کہ اُس قاتل کو بعض اُن شرارتوں کی وجہ سے جو اُس نے نفسِ مقتول کے متعلق کی ہیں مارو۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ موتے یعنے جن پر موت وارد ہونے والی ہوتی ہے زندہ رکھ لیتا ہے اور اللہ تو تمہیں اپنے بہت سے نشاناتِ قدرت دکھلائیگا تو کہ تم سمجھ جاؤ۔ دیکھو سورہ بقر رکوع ۹

یہ آیات ہیں جن پر بڑا اختلاف کیا گیا ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ پچھلے رکوع میں ایک گائی کے ذبح کا ذکر ہے اور اس رکوع میں ایک آدمی کے قتل کا بیان ہے اور چونکہ قاتل کا پتہ نہیں چلتا تھا کہ جس نے اُس مقتول کو قتل کیا تھا اِس لئے خدا نے اُن لوگوں کو یہ طریق بتایا کہ اُسی گائے کا کچھ ٹکڑا لیکر مقتول پر مارو تو وہ زندہ ہو جائیگا اور اپنے قاتل کا پتہ دیگا۔ یہ ایک قصہ ہے جو تفاسیر میں لکھا ہے اور بطور بھیڑ چال بعد ازاں کے مفسر نقل پر نقل کرتے چلے آتے ہیں مگر کسی نے اصل حقیقت پر توجہ نہیں کی کہ قرآن کریم میں جس قدر قصص ہیں وہ سب عبرت کے لئے ہیں کیونکہ ایسے افعال اس امت سے بھی سرزد ہونیوالے تھے اور اسی لئے اُن کو بھی یہودی کہا گیا ہے کہ آخری زمانہ میں یہ یہودیوں کی کامل مشابہت پیدا کرینگے۔ پھر چاہیئے تھا کہ غور کرتے کہ قرآن شریف قصہ کہانیوں کی کتاب تو ہے نہیں تو پھر یہ قصہ جس سے کچھ نتیجہ نہیں نکلتا کیوں درج قرآن ہوا۔ اور اس امت کو اس قصہ سے کیا واسطہ اور تعلق ہے اگر اس قصہ کی بات مان لیں تو کیا اس سے یہ بات ثابت ہو جائیگی کہ جب کبھی کسی مقتول کا پتہ نہ چلے تو تم بھی اسی طرح ویسی ہی گائے ذبح کر کے اُس کے ایک ٹکڑے کو مقتول کی لاش سے مار دیا کرو تو وہ مُردہ زندہ ہو کر قاتل کا پتہ دیگا۔ اگر ایسا ہو تو پھر حکام اور بادشاہوں کو پولیس کے رکھنے اور ایک بڑے خرچ کے زیر بار ہونے کی ضرورت نہیں رہتی چشم ما روشن دل ما شاد اگر ایسا ہو تو اس سے بہتر اور کیا ہو سکتا ہے مگر اے علماء وقت افسوس کہ تم ایسی سنت نہیں دکھا سکتے تو ایسے معنے کیوں کرتے ہو جو کہ نہ دین کا فائدہ اُس سے ہے اور نہ دُنیا کا +

اصل بات یہ ہے کہ ایک واقعہ ہے کہ بزمانہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پیش آیا۔ اور وہ اس طرح ہے کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لیگئے تو آپنے یہود سے جو اُس وقت بکثرت مدینہ منورہ میں رہتے تھے باہم امن قایم رکھنے کا معاہدہ کر لیا تاکہ اندرونی خدشہ نہ رہے مگر اہل مکہ چاروں طرف ریشہ دوانی کرتے تھے۔ اور اُن کی ساری کوشش اسطرف لگی ہوئی تھی کہ یہود اور قبائل عرب کو جماعتِ اسلام کے برخلاف اُکسا کر حملہ کر دیں اور اس طرح اُن کا نام و نشان مٹا دیں۔ مگر چونکہ یہود پہلے ہی معاہدہ کر چکے تھے اس لئے علانیہ وہ مخالفت نہیں کر سکتے تھے مگر مخفی مخفی شرارتیں کرتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ کا ذکر

ہے کہ ایک مسلمان عورت بازار میں تکلا سیدھا کرانے کے لئے لوہار کی دوکان پر گئی۔ لوہار یہودی تھا۔ اُس نے بطورِ تمسخر اُس مسلمان بیوی سے کہا کہ تم منہ سے کپڑے کو کیوں جدا نہیں کرتی اُس صحابیہ نے جواب دیا کہ میں مسلمان عورت ہوں اور ہماری شریعت میں عورت کو حکم ہے کہ بلا حجاب نہ رہے اِس لئے میں نے حجاب لیا ہوا ہے مگر اُس شریر نے پوشیدہ طور سے اُس کی چادر کے دامن میں آہنی میخ زمین پر گاڑ دی اور اُس پاک دامن بی بی کو خبر نہ ہوئی جب وہ تکلا سیدھا کرا کر اُٹھی تو کپڑا اُس کے سر پر سے بوجہ میخ نیچے گر گیا اور وہ بے حجاب ہو گئی اِس پر اُس نے چلا کر کہا کہ کوئی مسلمان ہے کہ میری امداد کو پہنچے ایک مسلمان پاس سے جا رہا تھا جب اُس نے اُس عورت کی آواز سُنی اور حال مشاہدہ کیا تو اُس سے رہا نہ گیا۔ وہ یہود کے ساتھ لڑنے لگا۔ مگر یہود بہت سے تھے۔ ایک نے ایک ایسی کاری ضرب لگائی کہ وہ مسلمان شہید ہو گیا۔ اسپر جب دیگر مسلمانوں کو خبر ہوئی۔ تو وہ مرنے مارنے پر جمع ہو گئے اور قریب تھا کہ بھاری گشت و خون ہو اور بہت سے لوگ موتے کی صف میں آجائیں۔ مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ہو گئی اور مقدمہ پیش ہوا تو اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی ساری خبر کر دی۔ اخیر کو بحکم خداوند تعالیٰ یہودیوں سے کہا گیا کہ تم قاتل کو حوالہ کر دو مگر وہ حیلے حوالے کرنے لگے بالآخر وہ قاتل کے سپرد کرنے پر راضی ہوئے۔ اور وہ اُن شرارتوں کی وجہ سے جو اُس نے نفسِ مقتول کے قتل کرنے کی وجہ سے کی تھیں قتل کیا گیا اور اِس طرح اُس بھاری قتلِ عام سے مخلوقات بچ گئی اِس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰى۔ کیونکہ ان لوگوں کے موتے ہونے میں کچھ شک نہیں رہا تھا مگر خدا نے ایک ہی شخص قاتل کے مروا ڈالنے سے باقی سب کو زندہ رکھ لیا۔ اور یہ جو فرمایا کہ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۔ اس پیشگوئی کا اظہار واقعۂ احزاب میں ہو گیا چنانچہ کفارِ مکہ معہ دیگر قبائلِ عرب کے چڑھ آئے اور جب مسلمان تمام شہر کے باہر اُن کے مقابلہ کے لئے چلے گئے تو یہود نے حسبِ منصوبہ مخفی مسلمانوں کی بیوی بچوں کو قتل کرنے کا ارادہ ٹھان لیا تھا جس نقشہ کو اللہ تعالیٰ یوں بیان فرماتا ہے۔

اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ	جبکہ دشمن تمہارے اوپر کی طرف سے اور نیچے کی طرف سے تم پر ٹوٹ پڑے اور یہ دیکھکر تمہاری

الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا	آنکھیں پتھرا گئیں اور کلیجے منہ کو آنے لگے اور تم اللہ تعالیٰ پر بدگمانی کرنے لگے۔ یہ ایک موقع تھا جہاں مومنوں کا امتحان لیا گیا اور خوب ہی اُن پر مصائب کا ہجوم نچال آیا۔ مگر آخر کو خدا کی رحمت نے جوش مارا۔ تمام لشکر خود بخود ہی بھاگ گیا اور یہود اپنے منصوبے میں کامیاب نہ ہو سکے اس منصوبہ کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔ الغرض اس آیت سے کسی مُردہ کا زندہ ہونا ہرگز ثابت نہیں بلکہ جو اُس کشت وخون سے ڈرنے والے تھے اُن کے بچ جانے کا ذکر ہے

صوفیاء کرام کے کلام میں موت وحیات کے روحانی معنے

بزرگانِ دین کی کلام میں بھی احیاء موتیٰ کا ذکر ہے چنانچہ حضرت سید فریدالدین المعروف بہ سپہ سالار اپنے رسالہ سپہ سالار نام میں تحریر فرماتے ہیں ؎

روانِ جہانیاں را بحیاتِ تازہ و رحمتِ بے اندازہ مستغرق گردان و مُردگانِ عالمِ صورت را بمعنی و عشقِ خود زندہ کن ؎	جہان کے لوگوں کی جانوں کو تازہ حیات اور بے اندازہ رحمت سے مستغرق کر اور صورت عالم کے مُردوں کو اپنی حقیقت اور اپنے عشق میں زندہ کر ؎

دیکھو یہاں حیات سے وہ حیات مراد نہیں ہے جو عرف عام میں ہے بلکہ اُس حیات سے مراد ہے جو خدا کے قرب میں حاصل ہوتی ہے۔ اور مردگان سے بھی وہ مُردے مراد نہیں جو عوام کے خیال میں ہیں بلکہ یہاں اُن مُردوں سے مراد ہے جو خدا کی بارگاہ سے دور و مہجور ہیں ؎

بیسویں فصل

اس بارہ میں کہ بعد صلیب کیا انجام ہوا

جب قرآن اور احادیث اور اناجیل سے ثابت ہو چکا کہ مسیح علیہ السلام صلیب کی موت سے نہیں مرے بلکہ صلیب سے صرف زخمی ہو کر بچ گئے تو اب یہ دکھانا ضروری ہے کہ صلیب سے

بچکر کہاں گئے اور آخر اُنکا انجام کیا ہوا۔ سو واضح ہو کہ اول تو کسی شخص کی موت کی خبر کسی کو نا معلوم بھی ہو تو بھی ایک عقلمند نتیجہ نکال سکتا ہے کہ زمانے کے لحاظ سے عمر طبعی انسان کی فلاں حد تک ہوتی ہے اور جب اُس حد تک وہ مفقود الخبر رہے اور اُس کا کوئی پتہ نہ چلے تو سب لوگ یہی کہینگے کہ وہ ضرور مر چکا ہے کیونکہ ہر ایک شخص اپنے مشاہدۂ روزمرہ کی بنا پر اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے۔ اور اگر کسی کو بالکل کسی آدمی کی موت کی وجہ یا مقام معلوم نہ ہو تو بھی یہ کوئی ضروری امر نہیں اور نہ یہ امر کسی مومن کی جزو ایمان ہے اور نہ انسان اس امر کے لئے مکلف ہے کہ اس کی وجہ موت یا مقام کے متعلق پتہ لگائے بنا بر علیہ ہمارے لئے کچھ ضروری نہیں کہ ہم مسیح کی وفات کا کھوج نکالیں کہ وہ کہاں اور کس طرح مرا لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ ایک طرف تو ایک ایسی قوم پیدا ہو گئی ہے کہ اُس کی مفقود الخبری کی وجہ سے اُسکو خدا یا خدا کا بیٹا بنا بیٹھی ہے۔ اور دوسری طرف خود مسلمانوں میں کثیر التعداد لوگ موجود ہو گئے ہیں جو اُسکو خدا تو نہیں مانتے لیکن اُنہوں نے عیسائیوں کی روایات کو جو تفسیروں میں داخل ہو چکی ہیں پڑھ کر مسیح علیہ السلام میں خدائی کے صفات ضرور تسلیم کر لئے ہیں۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ وہ آسمان پر اُٹھائے گئے اور ابتک آسمان پر سیر کرتے پھرتے ہیں نہ وہ کھانے کے محتاج ہیں اور نہ پینے کے اور نہ ہگنے کے اور نہ موتنے کے۔ نہ سونے کے اور نہ اُٹھنے کے اور وہ برخلاف سنت اللہ صرف وہی بگانہ ہیں جو زندہ ہیں اور سب مر چکے ہیں۔ اور وہی آسمان سے اُترنے کے بعد وہی آنکر امت محمدیہ کی اصلاح کرینگے کیونکہ سوائے اُن کے کوئی فرد بشر ایسا نہیں جو اُن کی اصلاح کر سکے اور برخلاف سنت اللہ کل روئے زمین کے لوگوں کو وہ مسلمان کر کے ایک ہی مذہب پر قایم کر دینگے اور کوئی کافر روئے زمین پر نظر نہیں آئیگا اور اس قدر دولت لوگوں کو دیکر ایسا مالدار کر دینگے کہ کوئی زکوٰۃ لینے والا بھی صفحۂ دنیا پر نہیں رہیگا تو ایسی حالت میں ہم کیونکر خاموش رہ سکتے ہیں۔ جبکہ ایک طرف تو خدا تعالیٰ کی توہین اور دوسری طرف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہتک ہو رہی ہو۔

بعض نادان جھوٹی کہانیوں سے جو بازاری لوگ بنا لیا کرتے ہیں متاثر ہو کر کہتے ہیں کہ حضرت ادریس بھی زندہ آسمانوں پر بیٹھے ہیں لیکن اُن کی شامت سے علم جغرافیہ نے اُن کی پردہ دری کر دی ہے اور عالمان علم جغرافیہ و سیاحان دنیا نے پتہ بتا دیا ہے کہ شہر عدن سے

۱۲ کوس کے فاصلہ پر حضرت ادریسؑ کی قبر موجود ہے۔ اور اکثر تفاسیر میں اُن کی وفات کا ذکر مندرج ہے۔ ماسوائے اُن کے دو اور نبیوں یعنے حضرت الیاس اور حضرت خضر علیہما السلام کا نام بھی لیا جاتا ہے کہ وہ بھی ابتک زندہ ہیں لیکن اُن احادیث کے رُو سے جو صحیح مسلم وغیرہ میں ہیں جنکا مضمون یہ ہے کہ آج سے سو برس تک کوئی جاندار سطح زمین پر زندہ نہیں رہیگا وہ سب فوت ہو چکے ہیں اور حضرت الیاس کی موت کی خبر خود حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے دیدی ہے جبکہ اُنہوں نے یہودیوں کے جواب میں جو اُن کی آمد کے منتظر تھے کہدیا کہ وہ تو مر چکے اور وہ نہیں آئینگے جو آنیوالا تھا اُس سے مراد اُس کے مثیل سے تھی۔ سو وہ مثیل حضرت یحییٰ بن زکریا ہیں جس کے کان سننے کے ہوں سُنے اور جس کے دل قبول کرنیکے ہوں قبول کرے۔ رہے خضر علیہ السلام سو اُن کی وفات میں اختلاف بیان کیا جاتا ہے لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے کہہ دیا کہ آج سے سو سال تک کوئی شخص زندہ نہیں رہیگا۔ اگر ہم اُس وقت تک اُسکو زندہ بھی تسلیم کرلیں تو بھی بموجب فرمانِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خضر کیونکر موت سے باہر رہ سکتے تھے۔ یہ محض مسلمانوں کا توہم ہے۔ ہاں اس میں شک نہیں کہ بہت سے بزرگان و اولیا اللہ نے شہادت دی ہے کہ خضر علیہ السلام اُن کو ملے سو ہم کہہ سکتے ہیں کہ اُن کی کشفی حالت ہے۔ کشف میں دکھلائی دیا تو کچھ تعجب نہیں اور میرے نزدیک تو خضر علیہ السلام ایک فرشتہ ہیں جو جنگلوں بیابانوں یا دریاؤں پر کسی خدا کے مقبول بندے کو مصیبت یا دُکھ میں گرفتار دیکھ کر بحکم خداوندی امداد کے لئے آتا ہے وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب۔ اور بعض بزرگان نے میری اس رائے کی تائید کی ہے +

جب عیسائیوں کا وہ حال اور مسلمانوں کا یہ حال ہے تو ازبس ضروری ہوا کہ اُن کی صلیب سے نجات پانے کے بعد کی زندگی کا کھوج نکالا جائے تاکہ مسیح موعود کے لئے سڑک صاف ہو جائے اور کوئی مزاحمت درمیان میں نہ رہے اور ساتھ ہی عیسائیوں کا اعتقادی کفارہ دنیا سے اُٹھے جس نے ایک عالم میں فتور برپا کر رکھا ہے اگر مسیح علیہ السلام کی بابعد زندگی کا مکمل حال مل جائے اور پھر اُن کی موت اور اُن کی قبر کا سراغ بھی معلوم ہو جائے تو عیسائیوں اور مسلمانوں کے سب بُت ٹوٹ جاتے ہیں۔ لہذا ہم سلسلہ وار مختصر حال بیان کرتے ہیں

کیونکہ مفصل حال تو ہمارے مولا و ہمارے پیشوا حضرت مرزا صاحب مسیح موعود و مہدی معہود اُس کتاب میں جو مسیح ہندوستان میں کے نام کی ہے لکھ رہے ہیں جس نے تفصیل وار دیکھنا ہو اُسکو دیکھے لیکن ہم بھی کسی قدر مختصر سا حال لکھتے ہیں افسوس کہ وہ مکمل نہیں فرما سکے ۔

پیشتر اس کے کہ ہم مسیح کی سوانح لکھیں اس بات کا ظاہر کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ جس وقت مسیح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور ہوئے اُس وقت بنی اسرائیل کے تین گروہ بھاری تھے جو الگ ناموں سے معروف تھے۔ ایک تو یہودی کہلاتے تھے جس فرقہ میں سے یسوع بھی تھے۔ اور ایک گروہ سامری کہلاتا تھا اور ایک بنی اسرائیل۔ ان تینوں گروہوں میں باہم مذہبی اختلاف تھا۔ حتیٰ کہ ان سب لوگوں نے توریت شریف میں اپنے تصرف سے بہت کچھ تغیر تبدل کر لیا تھا اور بنی اسرائیل نے یہودیوں کے بزرگوں کی نسبت اپنی کتاب میں بہت کچھ بُرا بھلا لکھدیا تھا حتیٰ کہ حضرت سلیمانؑ و حضرت داؤدؑ وغیرہ کی نسبت بہت سے بے بنیاد افسانے اور مفتریات داخل توریت کر دیئے۔ جس کی وجہ سے توریت شریف میں تحریف واقع ہوئی۔ ایسا ہی یہودیوں نے اُس توریت میں جو اُن کے پاس تھی بنی اسرائیل کے بزرگوں اور نبیوں کو بُرے بُرے پیرایوں میں بیان کیا اور سامری فرقہ نے الگ اپنی توریت بنالی اور اُس میں بہت کچھ گھٹاؤ بڑھاؤ کر لیا۔ یہ تینوں قسم کی توریت دنیا میں موجود ہے یہ توریت جو عہد عتیق کے نام سے مشہور ہے اور جو عیسائیوں کے قبضہ میں بھی ہے وہ وہ ہے جو بنی اسرائیل نام فرقہ کے پاس تھی یہ گروہ بہت ہی عظیم الشان تھا کیونکہ بنی اسرائیل کے ۱۲ از بردست قبیلے تھے جن میں سے ۱۰ قبائل نے تو بنی اسرائیل ہی نام قایم رکھا اور وہ اُس نام سے موسوم رہے لیکن باقی دو گروہوں میں سے ایک یہودی دوسرے سامری کہلاتے تھے اور وہ اُسی نام سے مشہور رہے۔ حضرت مسیح سے چھ سو برس پہلے بخت نصر نے ارض مقدسہ کو فتح کر کے بیت المقدس کو تباہ کر دیا اور بنی اسرائیل کے دس گروہوں کو جلاوطن کر دیا باقی یہودی اور سامری پھر آنے پھرانے ۵۳۶ برس قبل مسیح ارض مقدسہ میں آباد ہوئے لیکن اُن جلاوطن شدہ دس قبائل بنی اسرائیل کا مدت تک پتہ نہ چلا کہ اُن کو کیا ہوا اور وہ کہاں گئے مگر بعد ازاں کی تحقیقات سے جو چند صدیوں سے ہوتی چلی آتی ہے یہ ثابت ہوا ہے کہ وہ دس گروہ افغانستان و تبت و کشمیر و ہندوستان کے شمال مغربی حصہ میں آباد ہوئے تھے اور ابتک

اُن کی اولاد وہاں موجود ہے۔ اور اکثر اقرار بھی کرتے ہیں کہ ہم بنی اسرائیل ہیں اور بعض کی قومی رسومات اور عادات وطرزِ معاشرت وطرزِ لباس وشکل وبناوٹ چہرہ ظاہر کرتی ہیں کہ وہ ضرور بنی اسرائیل ہیں اور زیادہ تر یہ ثبوت بھی ہے کہ اُن کے پیغمبروں کی یادگاریں ابتک کشمیر کے نواح میں قایم ہیں اور اکثر اس نواح میں اُن شہروں کے نام بھی ملتے ہیں جو ملک شام کے شہروں کے ہیں جس کی کیفیت کتاب مسیح ہندوستان میں دیکھ سکتے ہو۔ مگر جو تحقیقات ہم نے بذاتِ خود کشمیر میں اور مختلف اطرافِ کشمیر میں پھر کر کی ہے۔ اُس سے کامل یقین ہوگیا ہے کہ اکثر قبائل کشمیر میں اسرائیلی ہیں۔ اور جیسے کہ ہم نے لکھا ہے علاوہ شکل وشباہت وعادات کے اُن کی بستیوں کے نام بھی اُن شہروں اور بستیوں کے نام پر ہیں جو یروشلم اور اُس کے مضافات میں تھیں۔ اور جہاں بنی اسرائیل صدیوں سے رہتے رہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرور یہ لوگ بنی اسرائیل ہیں ورنہ عبرانی نام کے دیہات کیونکر کشمیر میں پیدا ہوگئے یقیناً بنی اسرائیل ان ممالک میں آباد ہوئے۔ اور اُنہوں نے اپنی متروکہ بستیوں کی یادگار میں اُنہی ناموں سے اِن ممالکِ شرقیہ میں جدید بستیاں آباد کیں۔ چنانچہ یہ بستیاں ایک نہیں دو نہیں بیسیوں بستیاں ہیں جو بنی اسرائیل کی بستیوں کے ہمنام ہیں جو ارضِ مقدسہ میں تھیں چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اگر یہاں کشمیر میں گلگتہ ہے تو ارضِ مقدسہ میں بھی اُسی نام کا گلگتہ ہے۔ اگر یہاں بابل ہے تو وہاں بھی بابل ہے۔ اگر یہاں طور ہے تو وہاں بھی طور ہے۔ اگر یہاں نینوہ ہے تو وہاں بھی نینوہ ہے۔ یہاں تختِ سلیمان ہے تو وہاں بھی تختِ سلیمان ہے۔ اگر یہاں صور ہے تو وہاں بھی صور ہے۔ اگر یہاں صیدا ہے تو وہاں بھی صیدا ہے۔ اگر یہاں حمص ہے تو وہاں بھی حمص ہے۔ اگر یہاں لاسہ ہے۔ تو وہاں بھی لاسہ ہے۔ اگر یہاں کابل ہے۔ تو وہاں بھی کابل ہے۔ اگر یہاں چاہِ بابل ہے تو وہاں بھی چاہِ بابل ہے۔ غرضیکہ بکثرت ہمنام دیہات ہیں جن میں سے اکثر میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں اور چونکہ ملک شام ایک سرسبز زرخیز ملک ہے جہاں میوہ جات بکثرت ہوتے ہیں اِس لیئے ظنِ غالب ہے کہ اُن قبایل نے جن کو بخت نصر نے مسیح سے ۶۰۶ برس پہلے جلاوطن کر دیا تھا ان ممالک میں آنکر اُن قطعات کو پسند کیا۔ جو اُن کے متروکہ وطن کی مانند زرخیز اور سرسبز اور شاداب اور میووں سے لدے ہوئے تھے۔ اور ایسے ہی قطعات میں بنی اسرائیل کے قبایل کے نشانات پائے جاتے ہیں۔

مزید براں قرآن کریم سے بھی پتہ چلتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام اور اُس کی والدہ کو بعد واقعہ صلیب ایسی جگہ پر خدا نے لیا جو خوب شاداب اور سرسبز تھی اور جہاں چشمے جاری تھے چنانچہ وہ آیۃ حسب ذیل ہے:-

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ آيَةً وَآوَيْنَاهُمَا إِلَىٰ رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَمَعِينٍ - سورۃ المومنون رکوع ۱۴	اور ہم نے ابن مریم اور اُس کی والدہ کو ایک نشان بنایا اور وہ نشان یہ ہے کہ ہم نے اُن کو دشمنوں کے ہاتھ سے مخلصی دیکر بلند قطع زمین پر جو سرسبز و شاداب تھی اور ساتھ ہی رہنے سہنے کے قابل بھی تھی اور وہاں پانی اور ضروریات پورا کرنے کے لئے چشمے بھی جاری تھے۔ دیکھو سورہ مومن رکوع ۳۔ سیپارہ ۱۸ +

خدا تعالیٰ کی اس گواہی سے صاف واضح ہو گیا کہ اُنکو کسی بڑی آفت کے ہاتھ سے بچا کر ایسی وادی میں لے گیا جو دشمنوں سے پناہ کی جگہ بھی تھی اور ساتھ ہی شاداب و سیراب اور قابل رہائش بھی تھی اور وہاں چشمے بھی جاری تھے اب بتاؤ سوائے وادی کشمیر کے اور کونسی جگہ ہے جس میں یہ صفات پائے جاتے ہوں کیا یہ روز روشن کی طرح صاف نہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مع اپنی والدہ کے کشمیر کی طرف تشریف لائے +

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جب مسیح علیہ السلام یہودیوں میں پیدا ہوئے تو وہ تیس سال کی عمر میں اُن قوموں کی تبلیغ کے لئے مامور ہوئے تھے تو گروہ یہود نے اُن کی سخت مخالفت کی اور اُن پر کفر کا فتویٰ لگا کر اُنکے قتل کے درپے ہوئے اور اپنے زعم میں اُن کو قتل بھی کر ڈالا مگر اللہ تعالیٰ نے اُن کو اپنی حکمت کاملہ سے بچا لیا۔ جیسے تم گذشتہ فصلوں میں پڑھ چکے ہو اناجیل سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کل قبائل بنی اسرائیل کے لئے مبعوث ہوئے تھے بعض یہودی اور بعض سامری تو اُن پر ایمان لائے لیکن اکثر اُن میں سے مخالف رہے لیکن بنی اسرائیل کے دس قبیلے اُس وقت سے غائب تھے جن کا اُسوقت تک کسی کو پتہ نہیں تھا۔ اس لئے بحکم خدا اُن کی تبلیغ حضرت مسیح پر فرض ہو چکی تھی اسی لئے وہ بسا اوقات کہتے تھے کہ میں بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے لئے بھیجا گیا ہوں۔ چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱۱ آیت ۵۲ میں ہے "وہ خدا کے فرزندوں کو جو پراگندہ تھے باہم جمع کریگا" پھر یسعیاہ باب ۵۶ آیت ۸ میں لکھا ہے "خداوند یہوواہ جو بنی اسرائیل کے منتشر کئے ہوؤں کا

جمع کرنے والا ہے" پھر یوحنا باب ۱۰ اور س ۱۶ میں ہے "اور میری اور بھی بھیڑیں ہیں" جن سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ خود مسیح علیہ السلام اقرار کرتے ہیں کہ یہودیوں اور سامریوں کے سوا میرے اور لوگ بھی ہیں جو پراگندہ مختلف ملکوں میں ہیں اُن کا جمع کرنا اور اُن کو تبلیغ کرنا میرا فرض ہے۔ اِس لیئے وہ صلیب سے بچکر بوحی الٰہی بیت المقدس سے بھاگ کر جلیل کو آئے اور وہاں مریم سلیخہ جسکو مریم عیسےٰ و مریم رسل و مریم حواریین بھی کہتے ہیں ۴۰ روز تک استعمال کرتے رہے جب زخم مندمل ہو گیا تو وہاں سے رخصت ہو کر ڈیڈسی یعنے بحر مردار کے پاس ایک پہاڑ پر چڑھے اور اُس وقت بادل آسمان پر چھایا ہوا تھا۔ حواریوں کو یہ معلوم ہوا کہ وہ بادل کی طرف جا رہے ہیں اور یہ کچھ تعجب کی بات بھی نہیں جن لوگوں کو کبھی پہاڑ پر جانے کا اتفاق ہوا ہوگا اُن کو بارہا یہ نظارہ پیش آیا ہوگا کہ آدمی پہاڑ پر اونچا کھڑا ہوا ہو تو بادل اُس کے نیچے ہوتے ہیں اور اُن سے پانی برستا ہے اور وہ آدمی بالکل محفوظ ہوتا ہے۔ ایسا ہی جب حضرت مسیح پہاڑ پر چڑھ گئے تو بوجہ بادل مسیح حواریوں کی نظروں سے غائب ہو گیا وہ سمجھے کہ بادلوں پر سوار ہو کر آسمان پر چلے گئے کیونکہ کچھ دیر کے بعد جب بادل کھل گیا ہوگا اور مطلع صاف ہو گیا ہوگا اور وہاں مسیح نظر نہیں آئے ہونگے تو اُن بھولے بچھوؤں نے جو علم طبعی سے بالکل ناواقف اور قانون نیچر سے محض ناآشنا تھے اپنی سادگی اور بھولا پنی سے یہ یقین کر لیا کہ ضرور بادل پر سوار ہو کر آسمان پر چلے گئے۔ اور یا اس وجہ سے کہ حضرت مسیح نے اُن کو منع کر دیا تھا کہ میرے جانے کی خبر یہودیوں کو نہ کرنا مبادا وہ اُنکا پیچھا کر کے پھر ماخوذ کر لیں۔ اِس بات کو گردسنی فکشن نام کتاب سے ہم بخوبی ثابت کر آئے ہیں اور انہوں نے یہ بات بطور توریہ بنالی کہ وہ آسمان پر چلے گئے اور ایسا کرنا قرین قیاس بھی ہے کیونکہ واقعہ صلیب سے ۴۰ روز تک تو وہ حواریوں سے ملتا بھی رہا لیکن خفیہ دروازہ بند کر کے ملا کرتا تھا جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حواریوں کو افشاء راز سے ممانعت کی گئی تھی۔ اسی واسطے اُن کو مصنوعی بات بنانی پڑی کہ وہ آسمان پر چلا گیا اور بعض نے محض یہودیوں کے خیال کو پھیرنے کے لئے کہ وہ تعاقب نہ کریں مصنوعی قبریں بنالیں تاکہ یہودیوں کو یقین ہو جائے کہ مسیح مر گیا۔ حالانکہ مسیح علیہ السلام اُس پہاڑ سے اُتر کر دوسری سمت کو چلے اور کئی سو میل کی مسافت طے کر کے نصیبین میں پہنچے چنانچہ کتاب تاریخ روضۃ الصفا جلد اول صفحہ ۱۳۳ میں لکھا ہے

ملک را حدیث شمعون مستحسن اُفتاد باحضارِ روح اللہ فرمان داد عیسےٰ آمد +	یعنے بادشاہ کو شمعون کی بات اچھی لگی حضرت روح اللہ کے ذاتِ خود تشریف لانے کا حکم دیا اور سُرخی میں یہہ لکھا ہے +
در ذکرِ رفتنِ عیسےٰ صلوٰۃ اللہ علیہ ناحیۂ نصیبین	یعنے عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جانے کا ذکر نواحِ نصیبین میں +

پھر اُسی کتاب کے صفحہ ۳۲ پر لکھا ہے

ارباب اخبار گفتہ اند کہ در زمان عیسیٰ بادشاہے بود در ولایتِ نصیبین بغایت متکبر و جبار حضرت نبوی بدعوتِ او مامور شدہ متوجہ نصیبین گشتہ	مورخین نے لکھا ہے کہ عیسیٰ کے زمانہ میں ملکِ نصیبین میں ایک نہایت متکبر اور جابر بادشاہ تھا حضرت عیسےٰ علیہ السلام اُسکی دعوت کے لئے مامور ہوئے اور اسی لئے نصیبین کی طرف تشریف لے گئے +

اس تمام عبارت سے ظاہر ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام ضرور نصیبین میں گئے۔ گو اس قصہ میں بہت سی باتیں لغو اور بیہودہ اور دور از عقل و فکر لکھی ہیں لیکن اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ نصیبین میں نبی موصوف گئے اور اسکی تائید ایک انگریزی خط سے جو سی جے ہسلم لار ششم نے اگزیٹر کے لاٹ پادری کو لکھا ہے ہوتی ہے جس میں صاحب موصوف نے دو چٹھیوں بھی نقل کی ہیں ایک چٹھی تو ٹوپارچ ایقاری بادشاہ ایڈیسہ کی طرف سے حضرت مسیح علیہ السلام کے نام پر ہے اور دوسری چٹھی حضرت مسیح علیہ السلام کی طرف سے بادشاہ موصوف کے نام بجواب اُس کے خط کے ہے پہلی چٹھی کا مضمون یہ ہے کہ میں آپ کی شہرت سُنکر کہ آپ بغیر دوا کے بیماروں کا علاج کرتے ہیں اور بیمار شفایاب ہو جاتے ہیں آپکی خدمت میں یہ نیاز نامہ ارسال کرکے ملتمس ہوں کہ آپ یہاں تشریف لائیے اور میرا علاج کیجئے اور مینے سُنا ہے کہ یہودی لوگ آپ کو سخت ایذائیں اور دُکھ دیتے ہیں اور آپ کے برخلاف نقصان رسانی کی سازشیں کرتے ہیں میرے پاس بڑا مصفا شہر ہے جو ہم دونوں کے لئے کافی ہوگا آپ یہاں آجائیں۔ اور جو چٹھی مسیح نے بجواب اس خط کے لکھی ہے اُسکا مضمون حسب ذیل ہے مگر اس میں معلوم ہوتا ہے کہ ان عیسائیوں نے اپنی عادتِ مستمرہ کے موافق یہاں بھی بہت کچھ دخل دیا ہے اور بالکل تحریف کر ڈالی ہے جو نفسِ مضمون سے ظاہر ہے

چنانچہ وہ چٹھی یہ ہے۔ اے ایفاری تو بڑا ہی خوش قسمت ہے کہ تو اتنا دور رہتا ہے اور تو نے مجھے دیکھا نہیں سُنکر ایمان لایا ہے اور یہاں جنہوں نے مجھے دیکھا ہے وہ ایمان نہیں لائے اور تو نے جو میرے آنے کے لئے لکھا ہے۔ اُس کی نسبت یہ جواب ہے کہ میرا آنا چنداں ضروری نہیں کیونکہ جو میں وہاں آنکر کر سکتا تھا وہ یہاں بیٹھے ہی کر سکتا ہوں اور میں عنقریب آسمان پر جانیوالا ہوں جب میں آسمان پر چلا جاؤنگا تو پھر میں اپنے کسی حواری کو تمہارے پاس بھیجدونگا۔ یہ مضمون اُس چٹھی کا ہے۔ ناظرین خود قیاس کر سکتے ہیں کہ اس میں کہاں تک خیانت سے کام لیا گیا ہے اور صاحب روضۃ الصفا لکھتا ہے کہ مسیح وہاں گیا اور وہاں جاکر معجزے دکھائے اور بادشاہ معہ اپنی رعایا کے اُس پر ایمان لایا۔ اور کتاب کروسی فکشن سے بھی آسمان پر جانے کے الفاظ پائے جاتے ہیں مگر یہ الفاظ مسیح علیہ السلام کی زبان سے اُس وقت نکلے تھے جب واقعہ صلیب کے بعد یہودا کے قریب ایک محفوظ مقام میں تھے اور وہاں مریم مگدلینی جو مسیح پر جان سے عاشق تھی اور مسیح کو بھی اُس سے بیحد محبت تھی حضرت مسیح کے پیچھے پہنچ گئی۔ مسیح علیہ السلام نے اپنی ناتوانی اور بدحالی کو محسوس کر کے مریم سے کہا کہ اب تو میں تم سے جدا ہونے والا ہوں۔ میں زیادہ زندہ نہیں رہ سکتا۔ اب اپنے باپ کے حضور جانیوالا ہوں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسیح نے اپنے موجودہ حالات پر نگاہ کر کے کہدیا کہ اب میں عنقریب مرجاؤنگا اور مر کر تو ہر ایک نیک آدمی خدا کے پاس جاتا ہے۔ مگر ظالموں نے اس سے مسیح کا زندہ آسمان پر جانا مان لیا حالانکہ اُس کے بعد ایک مدت تک مسیح زندہ رہے اور پھر دیگر ممالک میں چلے گئے۔ اور اناجیل اور قرآن شریف اور دیگر کتب گواہی دیتی ہیں کہ مسیح نہیں مرا اور بیت المقدس سے بچکر گلیل کی سڑک پر چلتے ہوئے اور اپنے معتقدین کے گھروں سے گوشت روٹیاں کھاتے ہوئے جلیل کے اندر داخل ہوئے اور بہت روز تک بود و باش کر کے اور اپنے حواریوں کو خوب تبلیغ احکام کی فرمایش کر کے کچھ حواریوں کو ہمراہ لیکر ایک پہاڑ کیطرف جاتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں پھر وہاں سے بوجہ بادل و پہاڑ نظر سے غائب ہو جاتے ہیں۔ اس تمام بیان سے انسان جس کو تھوڑی سی بھی عقل خداداد مگر انصاف پسند دی گئی ہو خیال کر سکتا ہے کہ جب یہودیوں نے اس قدر ستایا کہ پھانسی تک نوبت پہنچائی اور اب آئندہ اُن کیلئے کوئی امن

کی صورت دکھلائی نہیں دیتی تھی جیسا کہ کروسی فکشن میں لکھا ہے کہ کائیفس سردار کاہن کو معلوم ہو گیا کہ مسیح صلیب پر نہیں مرا تو اُس نے قیصر کے پاس مخبری کی کہ مسیح کے حواریوں نے خاکم یوسف آرمیتا نے پلاطوس حاکم یہودیہ سے ساز باز کر کے اُس کو بچا لیا ہے اور اب اور سلطنت کے قایم کرنے کی فکر میں لگے ہوئے ہیں جس پر یوسف آرمیتا کو گرفتار کیا گیا اور پلاطوس پر بھی عتاب ہوا۔ اور مسیح علیہ السلام کے کھوج لگانے کے لئے بکثرت جاسوس مقرر کئے گئے اور چونکہ مسیح کو ساتھ ہی اللہ تعالیٰ کا حکم تھا کہ بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کو تلاش کر کے اُنکو جمع کرے اور احکام شریعت پہنچائے۔ اسلئے جانا ضروری تھا اور ہم بیشتر ازیں لکھا چکے ہیں کہ انجیل میں خود حضرت مسیح علیہ السلام فرما چکے ہیں کہ میں خدا کے فرزندوں کو جو پراگندہ ہیں جمع کرنے کے لئے بھیجا گیا ہوں دیکھو انجیل یوحنا باب ۱۱ ورس ۵۲ جس سے صاف نکلتا ہے کہ اُن کو یہی حکم تھا کہ بنی اسرائیل کی گم شدہ قوموں کو تلاش کر کے تبلیغ کرے۔ اس لئے اُن کا ضروری فرض تھا کہ صلیب سے نجات پا کر اُن کی تلاش میں نکلیں چنانچہ کتاب کروسی فکشن وغیرہ سے تو بخوبی روشن ہو چکا ہے کہ وہ صلیب سے نجات پا کر ایک امن کی جگہ چلے گئے۔ یہ تو عیسائیوں کی کتابوں کا بیان ہے۔ مگر ہم تو اسلامی کتابوں میں بھی اس کا ثبوت پاتے ہیں۔ کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام ضرور ملک کشمیر میں تشریف لائے اور وہیں فوت ہو گئے اور وہیں اُن کا مدفن ہوا۔ چنانچہ کتاب اکمال الدین واتمام النعمۃ میں جو شیخ سعید ابن جعفر بن علی کی تصنیف ہے اور اہل تشیعہ کے نزدیک ایک مستند مانی جاتی ہے یوں لکھا ہے:۔

فَلَمَّا سَمِعَ يُوذَاسَفُ كَلَامَ الْمَلَكِ خَرَّ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ جَاثِيًا لَهُ سَاجِدًا وَقَالَ إِنِّي لِأَمْرِ اللّٰهِ مُطِيعٌ إِلَى وَصِيَّتِهِ مُنْتَهٍ فَمُرْنِي بِأَمْرِكَ فَإِنِّي لَكَ حَامِدٌ وَلِمَنْ بَعَثَ إِلَيَّ شَاكِرٌ فَإِنَّهُ رَحْمَتِي وَرَأْفَتِي وَلَمْ يَرَ قَضَى بَيْنَ الْأَعْدَاءِ بِأَنِّي كُنْتُ بِالَّذِي أَتَيْتَنِي بِهِ فَمَا... فَوَلَّى يُوذَاسَفُ

جب یوذاسف نے فرشتہ کا کلام سنا تو خدا تعالیٰ کی جناب میں سجدے میں گر پڑا اور کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کے حکم کا مطیع اور ہر وصیت پر کمربستہ ہوں۔ اے میرے خدا مجھے حکم دو میں تیری ہی حمد کرتا ہوں اور جس حکم کو تو نے میری طرف بھیجا ہے اُس کا شکر گذار ہوں وہ تو میرے لئے رحمت اور راحت ہے اور مجھے دشمنوں میں

نَفْسَهٗ عَلَى الْخُرُوْجِ وَجَعَلَ هِمَّتَهٗ كُلَّهٗ فِيْهِ
وَلَمْ يَطَّلِعْ عَلٰى ذٰلِكَ اَحَدٌ حَتّٰى اِذَا جَاءَ
وَقْتُ خُرُوْجِهٖ اَتَاهُ الْمَلَكُ فِيْ جَوْفِ
اللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ فَقَالَ قُمْ وَاْتِ اَخْرِ ذٰلِكَ
فَسَلَكَ فَقَامَ وَلَمْ يُفْشِ سِرَّهٗ اِلٰى اَحَدٍ
مِنَ النَّاسِ غَيْرَ وَزِيْرِهٖ وَقَدْ كَانَ رَجُلٌ
شَابٌّ جَمِيْلٌ۔ وَقَالَ اَيْنَ تَذْهَبُ يَا بْنَ
الْمَلِكِ وَقَدْ اَصَابَنَا الْعُسْرُ اَيُّهَا الْعَالِمُ
الْحَكِيْمُ الْكَامِلُ وَتَتْرُكُنَا وَتَتْرُكُ مُلْكَكَ
وَبِلَادَكَ اَقِمْ عِنْدَنَا فَاِنَّا لَمْ نُمْنَ وُلِدْتَ
فِيْ رَجَاءٍ وَكَرَامَةٍ۔ فَسَلَكَ يُوْزَاسِفُ
وَقَالَ لَهٗ اَمْلِكْ اَنْتَ فِيْ بِلَادِكَ وَ
ذَكِّرْ اَهْلَ مُلْكِكَ فَاَمَّا اَنَا ذَاهِبٌ
حَيْثُ لُعِبْتُ وَعَامِلٌ مَا اُمِرْتُ بِهٖ
ثُمَّ اَنَّهٗ رَكِبَ فَسَارَ مَا قُضِيَ لَهٗ
وَتَقَدَّمَ يُوْزَاسِفُ اَمَامَهٗ حَتّٰى بَلَغَ
فَضَاءً وَاسِعًا فَرَاٰى شَجَرَةً عَظِيْمَةً
عَلٰى عَيْنِ مَاءٍ اَحْسَنَ مَا يَكُوْنُ مِنَ الشَّجَرِ
وَاَكْثَرِهَا فَرْعًا وَغُصْنًا وَاَحْلَاهَا ثَمَرًا
وَقَدِ اجْتَمَعَ اِلَيْهِ مِنَ الطَّيْرِ مَا لَا يُعَدُّ
كَثْرَةً فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمَنْظَرِ وَفَرِحَ بِهٖ
وَتَقَدَّمَ اِلَيْهِ حَتّٰى دَنٰى مِنْهُ وَجَعَلَ
يَعْتَبِرُ فِيْ نَفْسِهٖ وَيُفَسِّرُ لَهُ الشَّجَرَةَ بِالْبُشْرٰى
الَّتِيْ دَعَا اِلَيْهَا وَعَيْنَ الْمَاءِ بِالْحِكْمَةِ

مت چھوڑ۔ میں نے اُس حکم کے لئے جو تو نے مجھے
دیا ہے کمر ہمت چست کر لی ہے۔ پس یوزآسف
نے بحکم الٰہی وہاں سے نکل پڑنے کا قصد جی
میں ٹھان لیا اور اپنی ہمہ تن ہمت کو اُس میں
خرچ کرنے کے لئے مستعد ہو گیا۔ اور کسی فرد بشر
کو اس بارہ میں مطلع نہ کیا۔ یہانتک کہ جب کوچ
کرنے کا وقت آگیا ایک فرشتہ آدھی رات
کو جبکہ لوگ سوتے تھے آیا اور اُسے کہا کہ اُٹھو
اور دیر مت کرو پس وہ کھڑا ہو گیا اور چل پڑا
اور اپنے راز کو کسی پر افشا نہ کیا سوائے اپنے
ایک وزیر کے۔ وہ ایک آدمی نوجوان اور خوبصورت
تھا۔ اُس نے اُسے کہا کہ اے شاہزادے آپ
کہاں جاتے ہیں۔ اے کامل حکمت کے
معلم ہم پر تو مصیبت کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہیں
اور آپ ہم کو چھوڑ چلے اور اپنے مُلک و ولایت کو
ترک کر چلے۔ آپ یہاں ٹھہرے رہیں ہم تو جب
سے آپ پیدا ہوئے تھے بڑی بڑی امیدوں
اور اعزاز کے امیدوار تھے۔ یہ سُنکر یوزآسف
نے جواب نہ دیا بعد ازاں کہا کہ تم اپنے بلاد میں
ٹھہرے رہو اور اپنے مُلک کے لوگوں کو نصیحتیں
کرتے رہو میں تو وہاں جاؤنگا جہاں مجھے جانیکا حکم ہوا
ہے اور میں وہی کرونگا جس کے کرنے کا مجھے
فرمان ملا ہے۔ پھر وہ سوار ہو گیا اور جہاں جانے
کا حکم ملا تھا اُدھر کو چل کھڑا ہوا۔ جہاں فرشتہ جاتا

وَالْعِلْمِ۔ وَالطَّيْرُ بِالنَّاسِ الَّذِيْ يَجْتَمِعُوْنَ
اِلَيْهِ وَيَقْبُلُوْنَ مِنْهُ الَّذِيْنَ فِيْنَا هُوَ
قَائِمٌ اِذَا اَتَاهُ اَرْبَعَةٌ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
يَمْشُوْنَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يَتَّبِعُ اٰثَارَهُمْ
ثُمَّ رَفَعُوْهُ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ وَاُوْتِيَ مِنَ الْعِلْمِ
وَالْحِكْمَةِ مَا عُرِفَ بِهِ الْاُوْلٰى وَالْوُسْطٰى
وَالْاُخْرٰى۔ وَالَّذِيْ هُوَ كَائِنٌ ثُمَّ اَنْزَلُوْهُ
اِلَى الْاَرْضِ فَمَلَثَ فِيْ تِلْكَ الْبِلَادِ حِيْنًا
ثُمَّ اَتٰى اَرْضَ سَوْلَابِطٍ وَبَلْخَ السَّاكِنِيْهَا
ثُمَّ اَنْتَقَلَ مِنْ اَرْضِ سَوْلَابِطٍ وَسَارَ
فِيْ بِلَادٍ وَمَدَائِنَ كَثِيْرَةٍ حَتّٰى اَتٰى اَرْضًا
تُسَمّٰى قَشْمِيْرَ فَسَارَ فِيْهَا وَاَحْيَا مِنْهَا وَمَلَثَ
حَتّٰى اَتَاهُ الْاَجَلُ +

تھا اُس کے پیچھے پیچھے یوز آسف جاتا تھا۔ چلتے
چلتے ایک وسیع میدان میں پہنچے۔ تو کیا دیکھا کہ
ایک چشمہ کے کنارے پر ایک بہت بڑا درخت
ہے اور ایسا عمدہ درخت ہے جس کی شاخیں
اور ٹہنیاں بکثرت ہیں اور جسکا پھل سب سے
زیادہ میٹھا ہے۔ جہاں پرندے بڑی کثرت سے
جمع ہیں اس منظر کو دیکھ کر بہت خوش اور مسرور
ہوا۔ درخت کے پاس چلا گیا اور وہاں جاکر اپنے
دل میں اس کی تعبیر کرنے لگا۔ اور یہ تفسیر کی
کہ درخت سے مراد وہ بشارت ہے جس کے
بارہ میں دعا کی گئی تھی۔ اور چشمہ سے مراد حکمت
اور علم ہے اور طیر سے مراد وہ لوگ ہیں جن کو وہ
جمع کریگا اور وہی لوگ میری تبلیغ کو قبول کرینگے
جو ہم میں سے ہونگے۔ جب وہ اس حال میں کھڑا تھا تو اُس کے پاس چار فرشتے آئے جو
اُس کے سامنے چلتے تھے اور وہ اُن کے پیچھے چلا گیا۔ پھر وہ اُس کو آسمان کے فراز میں
لے گئے جہاں اُس کو علم اور حکمت ملا اور جیسے اُن کو ابتدا اور درمیان اور اخیر میں خبر دی
گئی تھی ایسا ہی ہوا۔ پھر اُس کو ایک ملک میں لے گئے جہاں وہ کچھ عرصہ تک ٹھہرا رہا۔
پھر اُس کو بلاد سولابط میں لے آئے اور پھر وہاں سے بہت سے شہروں اور قصبوں میں گیا
یہانتک کہ وہ اُس ملک میں آیا جسکا نام کشمیر ہے اُس میں ایک مدت تک پھرتا رہا اور کبھی اُس سے
باہر بھی چلا جاتا تھا پھر کشمیر میں ٹھہرا رہا یہانتک کہ موت کا وقت آگیا۔ دیکھو کتاب اکمال الدین
وتمام النعمۃ صفحہ ۳۵۶ مطبوعہ مطبع ایران +

پس صاف ظاہر ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ارض مقدسہ کو بحکم رب العزت خیرباد کہکر عازم سفر
افغانستان و تبت و کشمیر و ہندوستان ہوکر اور دشوار گذار گھاٹیوں اور پر صعوبت دشت و بیابان کو
طے کرتے ہوئے بالآخر کوہ نشمان میں پہنچے اور علاقہ شیطان گنبل میں کچھ عرصہ تک قیام کرکے

اپنی گم شدہ بھیڑوں کو جمع کیا اور بہت لوگ اُن پر ایمان لائے اور اُس جگہ وہ مدت تک قیام پذیر رہے وہاں آجتک ایک چبوترہ بنا ہوا ہے جو یوز آسف اور مہترلام کے نام سے مشہور ہے پھر وہاں سے براہ ایران و افغانستان تبت و کشمیر تشریف لے گئے چنانچہ نکولاس ناٹووچ لکھتا ہے کہ گردنواح کے ملکوں میں عیسیٰ کی پیشگوئی کی شہرت تھی اور جب وہ فارس میں داخل ہوا تو ملاں لوگ پریشان ہوئے اور اُنہوں نے لوگوں کو روک دیا کہ کوئی اُس کی بات نہ سنے۔ دیکھو کتاب دی اَن نون لائف آف جیزز صفحہ ۱۶۱ اور لاسہ واقع تبت میں معلوم ہوتا ہے کہ وہاں بھی عیسیٰ علیہ السلام گئے تھے اور چونکہ اُس نے شودر قوموں کی حمایت کی تھی اِس واسطے لوگ اُن کے مخالف ہو گئے تھے۔ وہاں سے بھاگ کر ایک پہاڑ پر گئے جہاں مہاراج بدھ رہتا تھا۔ دیکھو صفحہ ۵۲ کتاب مذکور۔ اور کشمیر میں اب تک یوز آسف و شاہزادہ نبی و نبی صاحب و عیسےٰ صاحب کے نام سے مشہور ہے اور یوز آسف نبی کے نام پر محلہ خانہ یار شہر سری نگر ملک کشمیر میں مزار مقدس ہے۔ رہا یوز یہ تو وہی لفظ یسوع ہے جو بگڑ کر یوز ہو گیا۔ یعنے یسوع کو کشمیری لہجہ میں یزو بنایا گیا پھر تمادی زمانہ سے بگڑ کر یزو کی جگہ یوز ہو گیا اور یہ چنداں مستبعد بھی نہیں کیونکہ ایک زبان کا لفظ دوسری زبان میں آکر متغیر ہو جاتا ہے۔ ابھی دیکھ لو۔ لنڈن کو عرب لندرا کہتے ہیں۔ اٹلی کو اطالیہ۔ تنجیر کو تنجہ۔ ٹولیڈو کو طلیطلہ اور ٹالمی کو بطلیموس۔ قرطبہ کو یورپین کارڈووہ اور اُندلس کو اینڈیلوسیا کہتے ہیں۔ ایسا ہمیشہ ہوتا رہتا ہے اِس لئے لفظ یسوع بگڑتے بگڑتے یوز ہو گیا تو کوئی تعجب کا مقام نہیں اور آسف اور لام دونوں عبرانی زبان کے نام ہیں جن کے معنے بھی ایک ہی ہیں یعنے پراگندوں کو جمع کرنے والا۔ اور یہ ظاہر ہے اور بڑے بڑے محققوں نے شہادتیں دی ہیں کہ بنی اسرائیل کی وہی گم شدہ قبیلے افغانستان اور تبت اور کشمیر وغیرہ میں پائے جاتے ہیں اور بعض قبائل افغان تو خود اپنے آپ کو بنی اسرائیلی کہتے ہیں حتےٰ کہ بعض افغان جو اضلاع متحدہ میں مدت مدید سے آباد ہیں اپنے آپ کو بنی اسرائیل کہتے اور کتابوں میں لکھتے ہیں اور افغانستان کی تاریخوں میں بھی لکھا ہے کہ افغانوں میں بعض قبائل بنی اسرائیل ہیں اگر کسی کو شک ہو تو افغانوں سے اور کشمیریوں وغیرہ کے چہرہ اور لباس اور وضع قطع سے سمجھ سکتا ہے کہ وہ سب یہودیوں سے ملتے ہیں اور لفظ جُو جو اب تک اُن میں رائج ہے خود اُن کے یہودی ہونے پر گواہ ہے

ماسوا اس کے لفظ مسیح خود اس امر پر دال ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے برخلاف دیگر انبیا کے ایسی سیاحت کی ہے جس کی وجہ سے وہ مسیح کہلائے ہیں اور وہ سیاحت کہیں دور دراز ممالک میں وقوع میں آئی ورنہ اگر سیاحت سے وہی سیاحت مراد ہے جو ارض مقدسہ کے حدود کے اندر ہوئی تو اُس سے کوئی بڑی سیاحت ثابت نہیں ہوتی بلکہ اور انبیاء کی سیاحت اُن سے بدرجہا زیادہ بڑھی ہوئی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے چلکر کنعان میں آئے اور دور دراز مقامات میں پھرتے رہے۔ اگر مسیح لقب ہو سکتا تھا تو حضرت موسیٰ کا ہو سکتا تھا جن کو مدتِ رسالت بھی بہت ملی تھی۔ برخلاف اس کے حضرت مسیح کو بقول دیگر علماء صرف ارض مقدسہ کے بہت ہی تنگ اور محدود دائرہ کے اندر رہنے کا اتفاق ہوا اور نیز زمانہ نبوت بھی کل تین یا ساڑھے تین سال تھا اس قلیل عرصہ میں اُنہوں نے کیا سیاحت کی ہوگی۔ لہذا ہم مختلف وجوہ سے ثبوت دیتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے واقعی بڑے بڑے سفر کئے اور بے شک اُنہیں کی ذات پر لفظ مسیح صادق آسکتا ہے بیشتر اسکے کہ ہم ثبوت پیش کریں اول لفظ مسیح پر بحث کرنا ضروری سمجھتے ہیں بناءً علیہ واضح ہو کہ لفظ مسیح کے مختلف معنے علماء نے بیان کئے ہیں اور مختلف توجیہیں نکالی ہیں اول ہم اُن اقوال کو لکھ دیتے ہیں تاکہ ناظرین کو آسانی ہو جائے +

(۱) امام محمد طاہر گجراتی اپنی کتاب مجمع البحار جلد ۲ صفحہ ۲۹۶ میں لکھتے ہیں:-

(الف) اَلْمَسِیْحُ عِیْسٰی لِاَنَّہٗ کَانَ لَا یَمْسَحُ بِیَدِہٖ ذَا عَاھَۃٍ اِلَّا بَرَءَ یعنے مسیح جو حضرت عیسیٰ کی نسبت ہے اسواسطے کہا جاتا ہے کہ جب وہ کسی مریض کو چھوتے تھے تو وہ اچھا ہو جاتا تھا

(ب) اَوْ لِاَنَّہٗ خَرَجَ مِنْ بَطْنِ اُمِّہٖ مَمْسُوْحًا بِالدُّھْنِ یا اسواسطے مسیح کہتے ہیں کہ وہ ماں کے پیٹ سے جب پیدا ہوئے تھے تو اُن کا سر روغن سے تر تھا +

(ج) اَوْ لِاَنَّہٗ یَمْسَحُ الْاَرْضَ۔ اَیْ یَقْطَعُھَا۔ یا اسواسطے مسیح کہتے ہیں کہ قطع مسافت کیا کرتا تھا +

(د) وَقِیْلَ اَلْمَسِیْحُ صِدِّیْقٌ۔ اور کہتے ہیں کہ مسیح کے معنے صدیق کے ہیں +

اِن مختلف معانی سے ظاہر ہے کہ صاحب موصوف کو تحقیق نہیں کہ کونسی بات ٹھیک ہے جسکی وجہ سے وہ مسیح کہلائے۔ اول امر کی نسبت کہ مریضوں کو اچھا کیا کون پیغمبر ہے کہ

جس کی دعا سے مریض اچھے نہیں ہوئے۔ حالانکہ اِس اُمت کے ادنیٰ سے ادنیٰ اولیاء کی دعاؤں سے سینکڑوں مریض اچھے ہوئے۔ یہ کوئی خصوصیت نہیں +

بہ نسبت امرِ دوم کہ وہ ماں کے پیٹ سے روغن آلود پیدا ہوا یہ ایک امر ثبوت طلب ہے جسکی تصدیق نہ تو قرآن شریف سے ہوتی ہے اور نہ حدیث صحیح سے اور نہ تاریخ سے۔ یہ محض خیالی بات ہے +

بہ نسبت امرِ سوم کہ وہ صدیق تھا سو جتنے پیغمبر گذرے ہیں سب ہی صدیق تھے اسمیں بھی کوئی خصوصیت نہیں پائی جاتی۔ رہا چوتھا امر سو وہ بہت درست ہے کیونکہ تمام انبیاء کو کچھ نہ کچھ سفر کرنے پڑے ہیں لیکن مسیح کو جسقدر مسافت طے کرنی پڑی اتنی مسافت کسی اور نبی کو نہیں کرنی پڑی اِس لئے یہ لقب اُن کے ہی لئے زیبا ہے +

(۲) نواب صدیق حسن خان صاحب اپنی تفسیر ترجمان القرآن جلد ۲ کے صفحہ ۴۲۹ پر لکھتے ہیں کہ مسیح کے معنے جس کے ہاتھ لگانے سے بیمار اچھے ہوں یا جس کا کہیں وطن نہ ہو ہمیشہ سیاحت میں رہے +

(۳) عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری جلد ۷ صفحہ ۴۳۸ میں لکھا ہے قِیْلَ اِنَّہٗ یَمْسَحُ الْاَرْضَ۔ یعنے مسیح کو اس واسطے مسیح کہتے ہیں کہ قطع ارض کرتا تھا +

(۴) تفسیر فتح البیان جلد ۲ صفحہ ۴۲ میں ہے قِیْلَ مِنْ مَسْحِ اِنَّہٗ مَسَحَ الْاَرْضَ اَیْ ذَھَبَ فِیْھَا فَلَمْ یَسْکُنْ بِکُنِّ یعنے مسیح مسیح سے ہے کیونکہ وہ زمین پر سفر کرتا تھا اور ایک مقام پر نہیں ٹھہرتا تھا +

پھر ہم دیکھتے ہیں کہ دجال کو بھی مسیح کہا گیا ہے۔ کیا کسی کا ایمان ہے کہ دجال کے ہاتھ چھونے سے مریض اچھے ہو جائینگے یا وہ بھی ماں کے پیٹ سے ایسا پیدا ہوا تھا کہ اُس کے سر پر روغن لگا ہوا تھا۔ ہرگز نہیں جب کسی کا ایسا ایمان نہیں تو پھر سوجز زیادہ سیاحت کرنیوالے کے اور کیا معنے ہو سکتے ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ دجال بھی زمین پر بڑی سیاحت کریگا اِسی واسطے اُس کو بھی مسیح کہا گیا ہے +

چونکہ ہم پہلے بھی لفظ مسیح پر کچھ لکھ آئے ہیں اِس لئے ہم یہیں روایات پر اکتفا کر کے اب دکھانا چاہتے ہیں کہ ان بیچارے علماء کو اگر حقیقت حال پر آگاہی ہوتی تو اتنی سرگردانی نہ کرتے

یہ تو سب تسلیم کرتے ہیں کہ مسیح مساحت سے ہے اور وہ صرف اُسی سیاحت کو تسلیم کرتے ہیں جو ارض مقدسہ کی حدود کے اندر یہودیوں کے خوف کے مارے کرتے اور مکانوں کے اندر چھپتے پھرتے تھے مگر اُن کو یہ سمجھ نہ آئی کہ ایسا ڈرنا تو نبیوں کی شان کے خلاف ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی کو ایک قوم کی طرف تبلیغ احکام کے لئے مامور کرے اور وہ اپنی جان کے خوف کے مارے پناہ گزیں ہوتا پھرے اور تبلیغ کو پس پشت ڈال دے تو ایسا آدمی کب نبوت کے لائق ہو سکتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی راہ میں مارا جانا کیا بُری بات ہے۔ ہماری رائے میں نبی ایسے بُزدل نہیں ہوتے۔ اگر کہیں ایسا ارادہ قتل ہو بھی جائے تو صرف بحکم الٰہی اُس مقام کو چھوڑ کر دوسری جگہ جانا پڑتا ہے جیسے کہ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی بحکم الٰہی ہجرت کرنی پڑی اور ایک پہاڑ کی غار میں کچھ وقت کے لئے پناہ بھی لینی پڑی۔ لیکن یہ کب ہو سکتا ہے کہ نبی ہو کر وہ ہمیشہ چھپتا پھرے۔ اصل بات یہ ہے کہ جب اُن قبائل سے ستائے گئے اور سُولی دیئے گئے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل خاص سے اُن کو بچا لیا اور پھر اُن کو حکم دیا کہ تم بنی اسرائیل کے گم شدہ قبائل کی طرف جاؤ اور اُن کو جا کر تبلیغ احکام کرو۔ اِس امر کی صداقت انجیل۔ توریت اور احادیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور مذہب کی کتابوں اور عیسائیوں کے اقوال سے ہوتی ہے۔ لہذا ہم تفصیل وار ہر ایک کتاب سے شہادت پیش کرتے ہیں +

اوّل شہادتِ توریت

توریت (۱) یسعیاہ باب ۵۶۔ آیت ۸ میں لکھا ہے۔ خداوند یہوواہ جو بنی اسرائیل کی تتر بتر کئے ہوؤں کا جمع کرنے والا ہے"۔ اِس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالےٰ بنی اسرائیل کی پراگندہ قوموں کو جمع کرنے کے لئے کوئی سبیل نکالیگا۔ اور یہ ظاہر ہے کہ حضرت مسیح سے ۶۰ برس پہلے قوم بنی اسرائیل بخت نصر کے ہاتھ سے پراگندہ ہوئی اُس سے پہلے سب جمع تھے دیکھو تلخیص التواریخ مصنفہ محمد حسن امروہی۔ اور ان چھیہ سو برس میں کسی نبی نے اُن کو جمع نہیں کیا۔ خود مسیح علیہ السلام جب آئے تو اُسوقت صرف یہودی اور سامری قبائل بیت المقدس کے آس پاس موجود تھے باقیوں کا کچھ پتہ نہیں تھا

(۲) یسعیاہ باب ۵۳ میں ہے "اور اُس کی بقائے عمر کی جو بات ہے سو کون سفر کرے جائیگا کیونکہ وہ قبائل کی زمین سے (مراد بیت المقدس سے) علیحدہ کیا گیا ہے" +

دوم۔ شہادتِ انجیل

اور جب ہم انجیل یوحنا دیکھتے ہیں تو اُس سے بھی یہی پتہ چلتا ہے کہ خود یہودی اقراری ہیں کہ یسوع پراگندہ قبایل کو آکر جمع کریگا۔ چنانچہ باب ۱۱ آیت ۵۱ و ۵۲ میں ہے "لیکن اس سبب سے کہ اُس برس سردار کاہن تھا نبوت کی کہ یسوع اُس قوم کے واسطے مریگا اور نہ صرف اُس قوم کے واسطے بلکہ اس واسطے بھی کہ وہ خدا کے فرزندوں کو جو پراگندہ ہوئے باہم جمع کرے" ان آیات سے ظاہر ہے کہ یسوع کے زمانے تک بنی اسرائیل جو خدا کے فرزند کہلاتے تھے گم تھے اور یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ہی اُن کو جمع کریگا +

(۲) پھر انجیل یوحنا باب ۱۰ کی آیت ۱۵ و ۱۶ سے یوں ظاہر ہوتا ہے "اور میں بھیڑوں کے لئے اپنی جان دیتا ہوں اور میری اور بھی بھیڑیں ہیں جو اس بھیڑخانہ کی نہیں ضرور ہے کہ میں اُنہیں بھی لاؤں اور وے میری آواز سُنینگی اور ایک ہی گلہ اور ایک گڈریا ہوگا" ان آیتوں سے ظاہر ہے کہ مسیح علیہ السلام کو معلوم تھا کہ مجھے سخت تکلیف پہنچائی جائیگی کہ گویا جان تک نوبت پہنچیگی لیکن ساتھ ہی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے میرے لئے اور بھیڑیں بھی رکھی ہیں جو اس ملک میں نہیں اور وہ پراگندہ ہیں اور نیز یہ بھی فرمایا کہ میں اُن کو ضرور جمع کرونگا اور وہ میری تبلیغ کو بھی قبول کرینگی اور اُس کا ایک ہی گلہ ہوگا اور ایک ہی گڈریا یعنے وہ سب کی سب ایک ہی حکم اور ایک ہی شریعت اور ایک ہی امام کی تابع ہو جائینگی۔ اب کوئی عیسائی یا کوئی مسلمان ثابت کرسکتا ہے کہ یہ وعدہ جو حضرت مسیح کے ساتھ تھا کب پورا ہوا۔ عیسائی تو کبھی بھی ثبوت نہیں دے سکتے کیونکہ وہ تو اُن کو صلیب پر مار چکے ہیں اور اُس سے صرف یہ فائدہ اُٹھانا چاہتے ہیں کہ وہ ہمارے لئے کفارہ ہو گئے لیکن اس طرف خیال تک نہیں گیا کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ جو اُن سے تھا کہ اُن قبائلِ گم شدہ کو جو اس ارضِ مقدسہ میں نہیں تھے جمع کریگا اور اُن کو خدا کے احکام

سنا یہ گا غلط ثابت ہوتا ہے اور نبی کی باتیں کبھی بھی جھوٹی نہیں ہو سکتیں بہر حال اُن لوگوں نے آنکھوں پر پٹی باندھ لی ورنہ اُن کو بخوبی معلوم ہے کہ حضرت مسیح کی جان دُکھوں میں تو ضرور پڑ گئی تھی اور یہود نے صلیب پر چڑھا بھی دیا تھا اور اُن کی جان لینے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت بھی نہیں رکھا گیا تھا اور وہ وعدہ جو اللہ تعالیٰ نے اُن سے بچانے کا کیا تھا پورا ہوا یعنے اُس کو موت سے بچا لیا گیا جسکا ثبوت ہم گذشتہ فصل میں دے چکے ہیں۔ اور وہ اُس واقعہ صلیب کے بعد تمام معتقدین کو ملتے رہے اور روٹیاں اور مچھلیاں اور گوشت کھاتے پھرے جسکا ثبوت اناجیل و کروسی فکشن سے بخوبی ہوتا ہے اور بالآخر وہاں سے رخصت ہو کر اُن ممالک میں گئے جہاں بنی اسرائیل کی قومیں تتر بتر تھیں۔

سویم۔ شہادتِ احادیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

(۱) کتاب ابن عساکر میں یہ حدیث آئی ہے

اَوْحَی اللّٰہُ تَعَالٰی اِلٰی عِیْسٰی اَنْ یَّا عِیْسٰی اِنْتَقِلْ مِنْ مَّکَانٍ اِلٰی مَکَانٍ لِئَلَّا تُعْرَفَ فَتُؤْذٰی رَوَاہُ ابْنُ عَسَاکِرَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ

یعنے ابن عساکر حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ کی طرف وحی کی کہ اے عیسیٰ تو اس ملک کو چھوڑ کر دوسرے ملک میں چلا جا تا کہ پہچانا نہ جائے اور تجھے ایذا نہ دیجائے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۳۴ گو اس حدیث میں لفظ مکان آیا ہے لیکن جب خیال کرتے ہیں کہ کل یہودی اُن کے دشمن تھے صرف چند ہی آدمی ایمان لائے تھے اگر انہیں چند آدمیوں کے مکانوں کی طرف اشارہ ہے تو یہ بات بہت ہی کمزور ہو جاتی ہے کیونکہ وہ مکان تو انہیں یہودیوں کے درمیان تھے جن میں وہ حواری لوگ بود و باش کرتے تھے پھر کیسے اُن سے محفوظ رہ سکتے تھے بلکہ اُس واقعہ صلیب کے بعد یہ حکم ملا ہے کیونکہ اس حدیث کے الفاظ سے بھی یہی مترشح ہوتا ہے کہ کوئی ایسی ایذا دی گئی ہے کہ جس کے لئے اُن کو ہجرت کا حکم ہوا ہے ورنہ معمولی ایذاؤں سے چھپنے کی کیا بڑی حاجت معلوم ہوتی تھی۔ تمام انبیاء کو ایذائیں پہنچیں صرف جب جان کا خطرہ یقینی ہو جاتا تو پھر بحکم الٰہی ہجرت ضروری ہو جاتی ہے۔ اس صلیب سے بڑھکر اور کونسی سخت ایذا

تھی جس سے بچنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اشارہ کیا تھا پس یقینی بات یہی ہے کہ اصحاب سے بچنے کے بعد حکم ہوا کہ تو اب یہاں سے چلا جا ورنہ یہ یہودی پھر پکڑ کر تجھے مار ڈالیں گے اور نیز اُن پر اتمامِ حجت اور کافی تبلیغِ احکام بھی ہو چکی تھی +

اس کی تائید حدیثِ ذیل سے بخوبی ہوتی ہے کہ حضرت مسیح کو اپنی قوم سے بچکر نکلنا پڑا بلکہ گم شدہ بھیڑوں کے جمع کرنے کے لئے شب و روز جنگلوں بیابانوں کو طے کرنا اور گھاس پات پر گذارہ کرنا پڑا +

(۲) يَا أُمَّ أَيْمَنَ أَمَا عَلِمْتِ أَنَّ أَخِيْ عِيْسٰى كَانَ لَا يَجِدُ عَشَاءً لِغَدَاءٍ وَلَا غَدَاءً لِعَشَاءٍ يَا كُلُ مِنْ وَرَقِ الشَّجَرِ وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءِ الْمَطَرِ يَلْبَسُ الْمُسُوحَ وَيَبِيْتُ حَيْثُ يُمْسِيْ وَيَقُوْلُ يَاتِيْ كُلَّ يَوْمٍ بِرِزْقِهٖ رَوَاهُ الْحَكِيْمُ عَنْ اَنَسٍ +

حکیم نے انس سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُم ایمن سے فرمایا کہ کیا تجھے معلوم نہیں ہے کہ میرا بھائی عیسےٰ علیہ السلام) رات کو صبح کے لئے کچھ کھانے کو نہ رکھتے تھے اور نہ دن کو رات کے کھانے کے لئے کچھ رکھتے تھے۔ درختوں کے پتے کھاتے اور مینہہ کا پانی پیتے اور پھٹے پُرانے کپڑے پہنتے اور جہاں شام ہوتی وہاں ہی رات بسر کر لیتے تھے اور کہتے تھے کہ خدا ہر روز آپ ہی اُسکو رزق پہنچا یگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۲۶ +

اور اُن کے سفر کی زیادہ تشریح حدیثِ ذیل سے ہوتی ہے:۔

(۳) كَانَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ سَيِّحًا فَإِذَا أَمْسٰى أَكَلَ بَقْلَ الصَّحْرَاءِ وَشَرِبَ الْمَاءَ الْقَرَاحَ وَتَوَسَّدَ التُّرَابَ ثُمَّ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لَيْسَ لَهٗ بَيْتٌ يَخْرَبُ وَلَا وَلَدٌ يَمُوْتُ طَعَامُهٗ بَقْلُ الصَّحْرَاءِ وَشَرَابُهُ الْمَاءُ الْقَرَاحُ وَوِسَادُهُ التُّرَابُ فَلَمَّا أَصْبَحَ سَاحَ فَمَرَّ بِوَادٍ فَإِذَا إِنَاءٌ رَجُلٌ أَعْمٰى مُقْعَدٌ مَجْذُوْمٌ قَدْ قَطَعَهُ الْجُذَامُ أَسْمَاءُ

دیلمی اور ابن النجار نے جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ عیسےٰ علیہ السلام سیاحت کیا کرتے تھے جب شام ہو جاتی تو جنگل کا ساگ کھا لیتے اور چشموں کے پانی پیتے اور مٹی کا بچھونا کرتے۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام بے اختیار زبان سے نکالتے کہ میرا کوئی گھر نہیں جس کے خراب ہونے کا ڈر ہو اور نہ اولاد ہے جن کے مرنے کا ہم و غم ہو۔ میرا کھانا جنگل کی نباتات

مِنْ فَوْقِهٖ وَالْوَادِیْ مِنْ تَحْتِهٖ وَالثَّلْجُ
عَنْ یَمِیْنِهٖ وَالْبَرْدُ عَنْ یَسَارِهٖ وَهُوَ یَقُوْلُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ثَلَاثًا فَقَالَ
لَهٗ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ یَا عَبْدَ اللّٰهِ عَلٰی مَا
تَحْمَدُ اللّٰهَ وَاَنْتَ اَعْمٰی مُقْعَدٌ مَجْذُوْمٌ
قَدْ قَطَّعَكَ الْجُذَامُ اَمَّا السَّمَآءُ مِنْ فَوْقِكَ
وَالْوَادِیْ مِنْ تَحْتِكَ وَالثَّلْجُ عَنْ یَمِیْنِكَ
وَالْبَرْدُ عَنْ یَسَارِكَ قَالَ یَا عِیْسَی اَحْمَدُ
اللّٰهَ اِذْ لَمْ اَكُنِ السَّاعَةَ مِمَّنْ یَّقُوْلُ
اِنَّكَ اِلٰهٌ اَوِ ابْنُ اِلٰهٍ اَوْ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ
رَوَاهُ الدَّیْلَمِیُّ وَابْنُ النَّجَّارِ عَنْ جَابِرٍ +

اور میرا پینا چشموں کا پانی اور میرا بچھونا خدا
کی زمین ہے جب صبح ہوتی تو سفر پر چل کھڑے
ہوتے۔ چلتے چلتے ایک وادی میں پہنچے جہاں
ایک آدمی کو دیکھا کہ اندھا اور اپاہج اور کوڑھی
ہے اور جذام نے اُسکے بدن کو ٹکڑے ٹکڑے
کر دیا ہے آسمان اُس کے اوپر ہے (یعنے کوئی
مکان پناہ کے لئے نہیں) اور وادی اُس کے
نیچے ہے۔ برف اُس کے دائیں اور یخ
اُس کے بائیں طرف ہے۔ باوجود ان تکالیف
کے وہ تین مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
پڑھتا ہے۔ یہ سنکر عیسےٰ علیہ السلام نے اُسے
کہا اے بندۂ خدا تو کس بات سے اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہے حالانکہ تو اندھا۔ اپاہج اور
مجذوم ہے اور جذام نے تیرے جسم کو پاش پاش کر ڈالا ہے۔ پھر آسمان تیرے اوپر ہے
(کوئی تجھے پناہ کی جگہ نہیں) اور وادی تیرے نیچے ہے۔ برف تیرے دائیں بائیں ہے
اُس نے جواب دیا اے عیسیٰ میں اللہ تعالیٰ کا شکر اس لئے کرتا ہوں کہ اُس نے مجھے
ایسے وقت میں پیدا نہیں کیا جبکہ لوگ یہ کہینگے کہ تو خدا یا خدا کا بیٹا یا ثالث ثلثہ ہے۔
دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۱۷ +

چہارم۔ شہادتِ علماء نصاریٰ وغیرہ

(۱) شلیئر میخر اور نیز قدیم محققین نصاریٰ کا یہ مذہب ہے کہ یسوع صلیب پر نہیں مرا
بلکہ ایک ظاہر موت کی سی حالت ہوگئی تھی اور قبر سے نکلنے کے بعد کچھ مدت اپنے حواریوں
کے ساتھ پھرتا رہا اور پھر دوسری یعنے اصلی موت کے واسطے کسی علیحدگی کے مقام
کی طرف روانہ ہوگیا۔ دیکھو کتاب ماڈرن ڈوٹ اینڈ کرسچن بیلیف صفحہ ۴۵۵ +
و ۴۵۷ و ۳۴۷ +

(۲) ناٹووچ روسی سیاح اپنی کتاب میں جو مسیح کی نامعلوم زندگی کی نسبت لکھ کر شائع کی ہے اُس میں وہ بھی تسلیم کرتا ہے کہ ۲۹ سال کی عمر میں حضرت مسیح نیپال میں تھے تبت و کشمیر و ہندوستان میں آئے تھے۔ دیکھو کتاب مذکور مع ترجمہ اُردو +

(۳) شہادت ٹیرا پیوٹ جس نے چشم دید حالات ایک چٹھی میں لکھے ہیں۔ جسکا نام کروسی فکشن ہے۔ جس سے مفصل حالات مسیح علیہ السلام کے معلوم ہوتے ہیں کہ وہ کیونکر صلیب پر چڑھایا گیا کیونکر بچ رہا اور پھر کہاں کہاں چھپتا پھرا بعد ازاں کہاں گیا اور کہاں فوت ہوا

(۴) اکمال الدین نام کتاب میں جو گیارہ سو برس کی ہے لکھا ہے کہ یسوع جب کشمیر وغیرہ کی طرف آیا تو اُس کے پاس کتاب انجیل تھی جسکا اصلی نام اشوادی ہے۔ دیکھو اکمال الدین صفحہ ۳۱۷ لغایت ۳۵۹ +

لہٰذا کچھ شک نہیں کہ مسیح علیہ السلام صلیب سے بچکر بحر مردار کے پہاڑوں پر کچھ عرصہ رہکر زخموں اور کمزوری سے شفا پاکر تمام شاگردوں کو تبلیغ کی وصیت کرکے خود تن تنہا گم شدہ بھیڑوں کی تلاش میں ایران سے ہوتے ہوئے افغانستان پہنچے اور افغانستان میں اپنی تبلیغ پوری کرکے آگے بڑھے اور پھر براہ پنجاب کشمیر میں گئے وہاں بھی تکمیل تبلیغ کرکے تبت کو گئے پھر وہاں سے ہندوستان کے دیگر بلاد میں گئے اور آخر جب برہمنوں سے مباحثے پیش آئے اور اُنکے ہاتھ سے تنگ ہوئے تو نیپال میں بدھ مذہب والوں کے ہاں گئے اور اُن لوگوں میں رہنے سہنے لگے اور چونکہ اُن کے ہاں ایک سفید رنگ گرو کی جسکا نام بگوامتیہ یعنے سفید رنگ مسیح تھا پہلے ہی سے پیشگوئی تھی۔ جو گوتم بدھ نے کی تھی کہ میرے پانچسو برس بعد ایک شخص بگوامتیہ یعنے سفید رنگ مسیح گرو ہوگا اِس لئے اُن لوگوں نے مسیح کی تعلیم سے متاثر ہوکر اُن کی تعلیم کو اپنی کتابوں میں مندرج کر دیا جو آجتک محفوظ ہیں غالباً معلوم ہوتا ہے کہ اُن دنوں میں بدھ مذہب شاہی مذہب ہوگیا تھا اور چونکہ بنی اسرائیل کو اس نواح میں رہتے کئی صدیاں ہو چکی تھیں اِس لئے وہ لوگ بھی اس بدھ مذہب میں داخل ہوگئے تھے اِسی واسطے مسیح علیہ السلام کا فرض تھا کہ اُن بھیڑوں کو بھی راہِ راست پر لاتے اور چونکہ وہ اس نواح میں بکثرت تھے اس لئے اُنہوں نے اُسکو اپنا گرو تسلیم کر لیا اور آخر بدھ مذہب والوں نے بموجب پیشگوئی گوتم بدھ دیو

اپنی کتابوں میں اُس کا نام داخل کر لیا اور جو تعلیم انجیل وہ لائے تھے اُسکو قبول کیا گیا چنانچہ بدھ مذہب کی کتابوں میں جو حمص میں موجود ہیں انجیل کی تعلیم حرف بحرف ملتی ہے لیکن یہ بات صرف اُن لوگوں کی کتابوں میں ملتی ہے جو کوہ ہمالیہ کے حدود میں رہتے تھے۔ جاپان یا چین میں اس نام کا گرو نہیں پایا جاتا جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ بنی اسرائیل ہی تھے اور غیر بنی اسرائیل نے اُن کو قبول نہیں کیا اور برہمنوں سے مباحثے بھی صرف اسرائیلی لوگوں کے شکوک و شبہات دور کرنیکے لئے گئے تھے نہ تبلیغ عام کے لئے۔ دیکھو کتاب مسیح ہندوستان میں۔ اور بالآخر مسیح علیہ السلام بدھ مذہب پر اپنا رنگ چڑھا کر کشمیر میں سکونت پذیر ہوئے اور ۱۲۰ برس کی عمر میں اُن کی روح پاک عالم بالا کو پرواز کر گئی اور اُن کی لاش عالم کشمیر جنت نظیر کے دارالخلافہ سری نگر میں دفن کی گئی اور ابتک اُن کی مرقد منور محلہ خان یار میں موجود ہے جس نے زیارت کرنی ہو جا کر کرے۔ دیکھو بدھ مذہب کی کتاب جو

اکیسویں فصل

اِس باب میں کہ مسیح ناصری کا آنا کسی طرح مفید نہیں

ماسوا اس کے اگر ہم بالفرض یہ بھی تسلیم کر لیں کہ حضرت عیسیٰ نہیں مرے اور وہ زندہ ہی آسمان پر موجود ہیں تو پھر بھی مسیح کا اس امت کے لئے رسول اور نبی ہو کر آنا کسی صورت میں جائز نہیں کیونکہ قرآن شریف میں ہے وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ۔ سورہ ابراہیم رکوع ۱۔ ہم نے جس نبی کو ہدایت کے لئے بھیجا ہے تو قوم ہی کی زبان میں بھیجا ہے۔ یہ نہیں کہ قوم کی زبان تو لاطینی ہو اور رسول جو اُن کی ہدایت کے لئے مقرر کیا گیا ہو اُس کی زبان یونانی ہو۔ غرض جس قوم کی ہدایت کے لئے کوئی نبی آیا وہ اُس قوم کی زبان لیکر آیا۔ قرآن شریف کا یہ ایک محکم اصول ہے اور مشاہدہ بھی برابر یہی ظاہر کرتا رہا ہے کہ دنیا میں جو رسول آئے اور جس قوم کی طرف آئے اُن کی زبان وہی ہوتی رہی جو قوم کی تھی۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی یہی شہادت دیتے ہیں

اگر کوئی کہے کہ ہم نے تو سنا ہے کہ مسیح خود بھی عربی کا کلام کرتا ہے و صرف ہاں در ہا +

چنانچہ وہ فرماتے ہیں لَمْ یَبْعَثِ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِیًّا اِلَّا بِلُغَۃِ قَوْمِہٖ۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ فِیْ مُسْنَدِہٖ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ یعنے احمد بن حنبل اپنی کتاب مسند احمد میں حضرت ابوذر سے روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جب کسی نبی کو مبعوث فرمایا تو اُس کی اپنی قوم کی زبان میں مبعوث فرمایا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۹ اس سے صاف ظاہر ہے کہ بغیر قومی زبان کے کوئی شخص خواہ وہ کتنے ہی پایہ کا ہو اپنی قوم کو ہدایت نہیں کر سکتا۔ تو اب حضرت مسیح جن کی زبان عبرانی تھی اور یہی عبرانی زبان ہی ماں کے پیٹ سے لیکر آئے اور اُسی زبان میں بولتے رہے اور اُسی زبان میں انجیل کی تبلیغ کرتے رہے تو اب اُن کا آنا کیونکر مفید ہو سکتا ہے کیونکہ صفحہ دنیا پر کوئی عبرانی زبان بولی نہیں جاتی۔ اور ساتھ ہی جبکہ تمام علماء کا یہ اعتقاد ہے کہ اُس پر زمانہ کا کچھ اثر نہیں تو جیسے گئے تھے ویسے ہی آئینگے تو بتاؤ اب اُسکا آنا کیونکر مفید ہوگا کیونکہ وہ بولی تو رہی نہیں جو وہ بولتے تھے تو تبلیغ کس طرح کرینگے اور اگر زمانہ کا اثر مانتے ہو تو بھی اُن کا آنا کسی طرح مفید نہیں کیونکہ اول تو وہ آپ پیر فرتوت ہو چکے ہونگے اور ازل عمر سے بھی گئے گذرے ہوئے ہونگے اُن کے دانت جھڑ گئے ہونگے اُنکے پپوٹے ڈھیلے ہو کر آنکھوں کے نیچے لٹک گئے ہونگے اُن کی بات کون سمجھیگا۔ بوجہ نہ ہونے دانتوں کے صاف بول بھی نہیں سکتے ہونگے۔ اور انکو کھلائی ہی کیا دیتا ہوگا۔ جبکہ آنکھوں پر پپوٹے لٹک گئے ہونگے اور ادھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں مَا بَعَثَ اللّٰہُ نَبِیًّا اِلَّا شَابًّا رَوَاہُ ابْنُ مَرْدُوْیَہ وَالضِّیَاءُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ یعنے ابن مردویہ اور ضیا نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو مبعوث نہیں فرمایا مگر جوان۔ یعنے جوان ہی نبی مبعوث ہوتے رہے ہیں تو پھر کیونکر ایسے بوڑھے آسکتے ہیں جو مستقل قانون قدرت ہے کہ خدا تعالیٰ نے جن جن اعضاء کو جس جس غرض کے لئے پیدا کیا ہے اگر اُن اعضاء کو اُنہی اغراض کے لئے استعمال نہ کیا جائے تو تھوڑی مدت کے بعد بے کار ہو جاتے ہیں چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض سادھو اپنے ہاتھوں سے کام نہیں لیتے اور وہ سیدھے رکھتے ہیں کچھ عرصہ کے بعد وہ خشک ہو کر لکڑی کی طرح بے حس و حرکت ہو جاتے ہیں اور کوئی کام نہیں دے سکتے ہم نے اس قسم کے بیسیوں سادھو دیکھے ہیں۔ ایسا ہی جو صوفی مجرد رہتے ہیں کچھ عرصہ کے بعد اُن کا

عضوِ تناسل بے کار ہو جاتا ہے وہ نکاح کے قابل نہیں رہتے۔ پس جب یہ حالت ہے تو مسیح علیہ السلام کو قریباً دو ہزار برس ہو گئے اُنہوں نے زبان کو استعمال ہی نہیں کیا تو کیونکر تسلیم نہ کریں کہ وہ گونگے نہ ہو گئے ہونگے اور ایسا ہی اُن کے دیگر اعضا بھی معطل اور بے کار ہو چکے ہونگے + بہر حال اُن کا آنا نہ آنا مساوی ہے۔ لہذا خدا تعالیٰ ایسے شخص کو بھیجکر کیونکر عبث کارروائی کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ اگر کہو کہ خدا تعالیٰ نے اُن کو زبانیں سکھلا دی ہونگی کیونکہ وہ قادر ہے جو چاہے کر سکتا ہے۔ بیشک خدا کی قدرتوں میں شک لانا بے ایمانی کی علامت ہے۔ لیکن ایک بیچارہ مسیح کی نسبت ہر بات میں بلا ثبوت یہی کہتے جانا کہ خدا قادر ہے یہ بات بھی مسیح کے ساتھ کر دیگا اور یہ بات بھی کر دیگا یہ کیسی بودی منطق ہے جہاں انسان دلیل دینے سے عاجز اور بیکس ہو جاتا ہے وہاں بلا دلیل یہ مان لیتا ہے کہ خدا تعالیٰ قادر ہے وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کو اتنی کیا مصیبت پڑی ہے اور اُسے مسیح کے واپس لانے کے لئے کیا ایسی حاجت پیش آ گئی ہے کہ ضرور مان لیا جائے کہ اُس کے بغیر اُس کے کارخانہ قدرت میں اصلاح کا ہونا محال اور ناممکن ہے۔ یہ سب خیالی ڈھکوسلے ہیں جہاں انسان عاجز ہو جاتا ہے وہاں دور از قیاس باتوں سے بچنے کے لئے خدا کی قدرتوں کا سہارا درمیان میں لاکر بچاؤ کرتا ہے ورنہ کوئی پکی بات اُس کے پاس نہیں ہوتی +

نواں باب

اِس ثبوت میں کہ نزول سے کیا مراد ہے

جب کثیر التعداد آیاتِ کلام اللہ اور احادیثِ رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اقوالِ آئمہ کبار و کلماتِ علماء ذی شعار و تفاسیرِ متقدمین و متاخرین و کتب شراحِ احادیثِ رسولِ امین و کتبِ نصاریٰ عہدِ عتیق و جدید و قانونِ قدرت سے بخوبی ثابت کر چکے ہیں کہ حضرت عیسےٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سنت اللہ کے موافق بفحوائے آیت کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ

چاشنی موت چکھ کر اور اس دنیائے بے بقا کو الوداع کہکر عالم آخرت میں رحلت فرما گئے
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۝ اور یہ بات کوئی انہونی بھی نہیں صرف اسی اولوالعزم
پیغمبر علیہ السلام کے ساتھ ہی یہ جانکاہ حادثہ پیش نہیں آیا بلکہ تمام انبیا اور اولیا اِنَّکَ
مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ ۝ کا ورد کرتے ہوئے لقمۂ اجل ہو گئے۔ اور سب سے بڑھ
کر فخر المرسلین سرتاج اولین والآخرین محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ افضل الرسل وخاتم النبیین ومحبوب
رب العالمین بھی طبعی عمر پوری کر کے شربت مرگ پی کر عالم جاودانی میں جا بسے تو پھر ان
کے مقابل میں کسی اور کی کیا ہستی ہے کہ وہ موت ناہنجار کا شکار نہ ہو کوئی شخص بھی اس
کے خونخوار پنجہ سے بچ نہیں سکتا۔ ابتدائے دنیا سے اس وقت تک غور کرو تو نہیں
ایک بشر بھی ایسا نہیں نظر آئیگا جو اس موذی غارتگر بے رحم و بے درد کے ہاتھ سے
کوئی بچا ہو۔ بڑے بڑے دانا فلاسفر بڑے بڑے دور اندیش حکمار۔ بہت سے صاحب
جبروت وسطوت شاہنشاہ کہلانے والے بیشمار ذی قدرت بادشاہ جنہوں نے اپنی
جان کی حفاظت کے لئے کیا کیا اعلیٰ تدابیر اور کیا کیا احسن تجاویز کیں اور اس چند روزہ
زندگی کے لئے کس قدر فوجہائے بیکران اور قلعہائے ذیشان بنائے مگر آیۃ اَیْنَ مَا
تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَۃٍ سے غافل رہے۔ الغرض
عقل ونقل سے یہ امر بایہ ثبوت کو پہنچا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے معصوم و پیارے نبی حضرت عیسیٰ
علیہ السلام بھی کسی صورت سے اس خدا کے مقرر کردہ قانون سے باہر نہیں رہ سکتے تھے
کیونکہ کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ ط کا حکم سب کے لئے مساوی ہے جو دنیا میں آیا وہ آخر لقمۂ
موت ہوا +

ذکر اصحاب کہف

ہاں اگر کوئی یہ کہے کہ اصحاب کہف تو ۳۰۰ برس تک غار میں زندہ رہے تو کوئی وجہ نہیں کہ حضرت
عیسےٰ علیہ السلام کو آسمان پر زندہ نہ مانا جائے تو اس کا جواب یہ ہے کہ جس طرح حضرت عیسےٰ
علیہ السلام کے بارہ میں بے سوچے سمجھے کام لیا گیا ہے ایسا ہی اصحاب کہف کے متعلق بھی
بغیر فکر و تدبر کے کام لیا گیا ہے اصل بات یہ ہے کہ قرآن شریف کے الفاظ سے ہرگز ثابت

نہیں ہوتا کہ اصحاب کہف بغیر اکل و شرب اتنے عرصہ تک زندہ رہے ہوں بلکہ کلام اللہ شریف سے تو یہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ وہ اپنی شریر النفس اور بدکار قوم سے نظر بچا کر ایک غار میں جہاں سورج کی کوئی کرن نہیں پہنچتی تھی اندھیرے میں جا کر چھپ رہے اور آخر ماندہ ہو کر سو گئے اور کچھ دیر کے بعد جب اُٹھے تو ایک دوسرے سے وقت کی نسبت سوال کرنے لگے۔ لیکن وہ بیچارے کیونکر وقت بتا سکتے تھے نہ اُن کے پاس کوئی گھڑی تھی کہ وقت معلوم کرتے اور نہ سورج کو اپنی سمت الراس سے گذرتے ہوئے دیکھ سکتے تھے جس سے وہ وقت معلوم کر سکتے۔ اپنی اُکل سے کہہ دیا کہ ایک دن یا اُس کا کچھ حصہ گذرا ہے باقیوں نے کہا رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ یعنے خدا ہی جانتا ہے کہ کتنی دیر تم سوئے رہے اور آخر سنت اللہ کے موافق بھوک سے تنگ آ کر ایک آدمی کو کچھ روپیہ پیسہ دیکر بازار میں بھیجا کہ جا کر چیزیں خرید لاوے۔ الغرض اسی طرح سے وہ خدا کے بندے روزمرہ کارروائی کرتے تھے۔ جب دشمنوں کو اُن کے ملجا کی اطلاع ہو گئی تو اُنہوں نے مارے خوف کے غار کے اندر جانا تو پسند نہ کیا لیکن یہ تجویز کی کہ اُس غار کے دہانہ پر دیوار چُن دی جائے اور ایسا ہی کیا گیا جس کی تفصیل ہم ذیل میں دیتے ہیں لیکن بیشتر اس کے کہ ہم اُن ہڈیوں کا ذکر کریں۔ ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ ناظرین کو اُن کے حال سے کسی قدر واقف کر دیں کہ وہ لوگ کون تھے اور کس مذہب کے تھے اور کس زمانہ میں تھے اور غار میں کیوں جا چھپے تھے۔ سو واضح ہو کہ مورخین اور مفسرین کا اس میں بڑا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ اصحاب کہف اور اصحاب رقیم ایک ہی گروہ کا نام ہے۔ اصحاب کہف تو اُن کو اس لئے کہتے ہیں کہ وہ ایک ظالم بُت پرست بادشاہ کے ظلم سے ایک پہاڑ کی کھوہ میں جا چھپے تھے اور زبان اُردو میں کہف کو کھوہ کہتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ رقیم اُس شہر کا نام ہے جس میں اصحاب کہف رہتے تھے۔ دیکھو معجم البلدان یاقوت حموی +

لیکن صحیح بات یہ ہے جو بخاری نے ابن عباس سے روایت کی ہے اور وہ یوں ہے کہ

اَلرَّقِيْمُ اَلْكِتَابُ مَرْقُوْمٌ مِنَ الرَّقْمِ قَالَ	ایک لکھی ہوئی تختی تھی جیسے سعید ابن عباس
سَعِيْدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَلرَّقِيْمُ اَلَّوْحُ	سے روایت کرتا ہے کہ وہ جست کی ٹپی تھی
مِنَ الرَّصَاصِ كَتَبَ عَامِلُهُمْ اَسْمَائَهُمْ	جس پر اُن کے حاکم نے اُن اصحاب کہف کے

اَیَّ اَسْمَاءِ اَصْحَابِ الْکَھْفِ ثُمَّ طَرَحَہٗ فِیْ خِزَانَۃٍ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ	نام کندہ کرائے تھے اور اُس کو خزانے میں رکھ دیا تھا۔ دیکھو بخاری جلد ۵ صفحہ ۲۱۴

مطبوعہ مصر نقل بخاری سلطانی +

اکثر مورخین کا قول ہے کہ اُس شہر کا نام جس میں اصحاب کہف رہتے تھے اُفسوس تھا اور ایک یورپین مورخ مسٹر بارنگ گولڈ نے اپنی کتاب کیورس متھس میں اُس شہر کا نام ایفی سس لکھا ہے۔ غالباً عربی میں یہی نام متغیر ہو کر اُفسوس ہو گیا ہے۔ دیکھو کتاب ترقیم صفحہ ۷۔ یہ شہر بلاد روم میں ایک شہر تھا جہاں اصحاب کہف رہتے تھے +

تاریخ کامل ابن اثیر میں انکا نام مَسْلِمِیْنَا۔ نَمْلِیْخَا۔ مَرْطُوس۔ نَبْرُوْنس۔ کَسْطُوْنَس دِیْمُوْس۔ رَیْطُوْفس۔ فَالُوس۔ مَخْسَلِمِیْنَا۔ اور کتے کا نام قطمیر لکھا ہے اور دوسری کتابوں میں کسی قدر بعض اسماء میں فرق ہے۔ اور بعض میں تعداد کا فرق ہے +

فی اصل یہ لوگ عیسائی تھے یعنے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی امت میں سے تھے چنانچہ طبری۔ کامل ابن اثیر آثار البلاد قزوینی وغیرہ سے ایسا ہی ثابت ہے۔ دیکھو ترقیم صفحہ ۱۰۔ اور ابوریحان بیرونی نے کتاب آثار الباقیہ میں اُس بادشاہ کا نام واقیانوس لکھا ہے طبری نے دقیانوس لکھا ہے اور مسٹر بارنگ گولڈ نے اپنی کتاب کیورس متھس میں اُس کا نام دی سس لکھا ہے۔ بہرحال کوئی ہو معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک رومی بادشاہ تھا۔ چونکہ وہ ظالم اور بت پرست بادشاہ تھا۔ اُس نے اُن نوجوان عیسائیوں کو بلایا اور اُن کو عیسوی مذہب چھوڑنے اور بُت پرستی کے اختیار کرنے پر مجبور کیا مگر چونکہ وہ مواحد خدا پرست تھے اس لئے اُنہوں نے بادشاہ کی بات کے قبول کرنے سے انکار کیا۔ اسپر بادشاہ نے اُن کو چند روز کی مہلت دی اور وہ اس عرصہ میں شہر سے بھاگ کر ایک غار میں جو شہر افسوس سے کچھ فاصلہ پر تھی چھپ گئے۔ گو روایات میں بڑا اختلاف ہے مگر صحیح یہ بات ہے کہ جب بادشاہ نے چند روز کے بعد اُن کو طلب کیا تو اُن کو نہ پایا۔ آخر اُن کی تلاش شروع ہو گئی اور بالآخر پہاڑ کی کھوہ میں پتہ چلا کہ وہ اُس میں رہتے ہیں جسپر اُس نے اُس غار کا منہ بند کرا دیا جس سے اُن کی آمد و رفت کا سلسلہ بند ہو گیا اور آخر بھوک پیاس سے رہکر چند روز میں ہلاک ہو گئے اور وہ جو قرآن شریف میں آیا ہے۔ کہ اُنہوں نے ایک آدمی کو کھانا خریدنے کو شہر میں بھیجا وہ

اُسی روز تھا۔ کیونکہ وہ رات کو بھاگے تھے اور راتوں رات ہی اُس غار میں پہنچ گئے تھے اور صبح کو اُٹھے تو ایک کو کھانا لانے کے لئے بھیجدیا۔ اور تین روز تک برابر اسی طرح کھانا منگواتے رہے۔ اسکی مفصل کیفیت عجائب المخلوقات زکریا قزوینی میں ہے۔ دیکھو تتمہ صفحہ ۱۴

ابوالفدا نے جو تاریخ دقیانوس بادشاہ کی لکھی ہے وہ یہ ہے کہ بادشاہ مذکور ۳۴۹ء سکندری میں مرگیا تھا۔ اور سکندر بادشاہ ۳۳۶ برس قبل مسیح کے تخت پر بیٹھا تھا اس حساب سے ۳۴۹ء میں اصحاب کہف مرچکے تھے +

اُن کی ہڈیوں کی نسبت کیورس میتھس کا مصنف مسٹر بارنگ گولڈ لکھتا ہے اصحاب کہف کی ہڈیاں ایک بڑے پتھر کے بکس میں بند کرکے مارسیلز واقعہ ملک اٹلی میں بھیجی گئیں جواب بھی سینٹ وکٹر کے گرجا میں موجود ہیں۔ اس کی تصدیق تاریخ طبری سے بھی ہوتی ہے چنانچہ وہ لکھتا ہے +

قَالَ قَتَادَةُ وَعَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ مَعَهُ حَبِيبُ ابْنُ مَسْلَحَةَ فَمَرُّوا بِالْكَهْفِ فَاِذَا فِيهِ عِظَامٌ فَقَالَ رَجُلٌ هٰذِهِ عِظَامُ اَصْحَابِ الْكَهْفِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَدْ ذَهَبَتْ عِظَامُهُمْ مُنْذُ اَكْثَرَ مِنْ ثَلٰثِ مِائَةٍ +

یعنے قتادہ نے بیان کیا کہ ابن عباس نے حبیب ابن سلحہ سے جنگ کی اور وہ ایک غار کے پاس سے گذرے تو وہاں ہڈیاں پائیں۔ ایک شخص نے کہا کہ اصحاب کہف کی ہڈیاں ہیں اس پر ابن عباس نے کہا کہ اصحاب کہف کی ہڈیوں کو گئے ہوگئے ہوئے ۳ سو برس سے زائد عرصہ ہوگیا۔ دیکھو تاریخ طبری +

پس ثابت ہے کہ اصحاب کہف اُنہی ایام میں مرگئے تھے اور وہ جو قرآن کریم میں آیا ہے کہ ۳۰۹ برس تک اُس میں رہے اس سے مراد یہ ہے کہ چند روزہ زندگی کے بعد اُن کی ہڈیاں اُس عرصہ تک پڑی رہیں۔ وہی اُن کا لبث تھا۔ پھر بعد ازاں اُن کی ہڈیاں نکالی گئیں اور اٹلی میں پہنچائی گئیں اور ابتک سینٹ وکٹر کے گرجا میں موجود ہیں۔ پس مسیح کی حیات ثابت کرنے کے لئے اصحاب کہف کو پیش کرنا اُن کے مدعا کے خلاف ہے +

ہماری جدید تحقیقات سے ثابت ہوتا ہے کہ یوسف آرمتیا اور اُسکے رشتہ دار وغیرہ جو غالباً تعداد میں سات تھے شام سے بھاگ کر انگلستان میں چلے گئے تھے اور فی الحقیقت انگلستان بمقابلہ دیگر ممالک کے ایک گوشہ

نزول سے کیا مراد ہے

غرض جب ہر طرح سے مسیح علیہ السلام کا فوت ہونا ثابت ہوا تو اب یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ پھر اُن احادیث کا کیا مطلب ہے جس میں مسیح یا عیسےٰ یا ابن مریم کے نزول کا ذکر ہے۔ لہٰذا ہم نمبروار احادیث نزول کو بیان کرکے پھر الفاظِ حدیث پر الگ الگ فصلوں میں بحث کرینگے +

اول ہم بخاری شریف کی حدیث کو لکھتے ہیں۔ جو حسب ذیل ہے:۔

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ اَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ ثَنَا اَبِیْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ اَنَّ سَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ سَمِعَ اَبَا ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَیُوْشِکَنَّ اَنْ یَّنْزِلَ فِیْکُمُ ابْنُ مَرْیَمَ حَکَمًا عَدْلًا فَیَکْسِرَ الصَّلِیْبَ وَیَقْتُلَ الْخِنْزِیْرَ وَیَضَعَ الْحَرْبَ وَیَفِیْضَ الْمَالُ حَتّٰی لَا یَقْبَلَ اَحَدٌ حَتّٰی تَکُوْنَ السَّجْدَۃُ الْوَاحِدَۃُ خَیْرًا مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا ثُمَّ یَقُوْلُ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ وَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ وَیَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَکُوْنُ عَلَیْھِمْ شَھِیْدًا ط

امام بخاری فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس اسحاق نے اور اُن کے پاس یعقوب بن ابراہیم نے اور اُن کے پاس اُن کے والد نے بیان کیا اور اُنہوں نے صالح سے اور صالح نے ابن شہاب سے سُنا کہ سعید بن مسیب نے ابوہریرہؓ کو یہ کہتے سُنا کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ مجھے اُس ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ ضرور ضرور ابن مریم تم میں حَکم عادل ہوکر نزول فرمائیگا اور پھر وہ صلیب کو توڑیگا اور خنزیر کو قتل کریگا اور جنگ کو متروک کردیگا اور مال عطا کریگا لیکن ایک بھی آدمی اُس مال کو قبول کرنے والا نہ نکلیگا اور زمانہ کی یہانتک حالت ہوگی کہ ایک سجدہ بھی دنیا اور مافیہا سے بہتر متصور ہوگا۔ اس کے بعد ابوہریرہ اپنی طرف سے کہتا ہے کہ اگر چاہو تو وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ وَیَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَکُوْنُ عَلَیْھِمْ شَھِیْدًا پڑھ لو۔ دیکھو بخاری صفحہ ۴۹۰۔ مطبوعہ مطبع احمدی +

ماسوا اس کے ایک اور حدیث صحیح بخاری میں اُسی صفحہ پر ہے جو حسب ذیل ہے +

حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى أَبِي قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيكُمْ وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ +

ہمارے پاس ابن بکیر نے اور اُن کے پاس لیث نے اُس نے یونس سے اور اُس نے ابن شہاب سے اور اُس نے ابو قتادہ انصاری کے غلام نافع سے سُنا کہ ابو ہریرہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب ابن مریم تم میں نزول کریگا تو اُس وقت تمہارا کیا ہی حال ہوگا اور تمہیں معلوم رہے کہ وہ تم ہی میں سے ایک امام ہوگا۔ دیکھو بخاری صفحہ ۴۹۰ مطبوعہ مطبع احمدی +

یہ دو حدیثیں جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحاح میں متعلق نزولِ مسیح مندرج فرمائی ہیں۔ ان کے سوا اور کوئی حدیث نہیں۔ اب ان پر ہم بحث کرتے ہیں +

سو واضح ہو کہ اکثر اُمت مرحومہ کے علماء نے الفاظ ینزل یا نزول اور ابن مریم سے بڑا دھوکا کھایا ہے اور وہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ نزول کا لفظ ظاہر کرتا ہے کہ ضرور آسمان سے حضرت عیسےٰ علیہ السلام بنی اسرائیلی ہی نازل ہونگے کیونکہ سوا اُن کے اور کوئی ابن مریم نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے اور اس لئے وہی مسیح علیہ السلام بنی ناصری ہی نازل ہونگے۔ لہٰذا اشد ضروری ہے کہ اول ہم انہی الفاظ پر بحث کریں پھر بعد ازاں ہم نفسِ حدیث پر گفتگو کرینگے +

فصل اوّل

اِس ثبوت میں کہ لفظ نزول قرآن حمید میں کن کن معنے کے لئے آیا ہے

معلوم رہے کہ جہاں تک ہم قرآن شریف میں غور کرتے ہیں یہی پایا جاتا ہے کہ لفظ نزول کے مختلف معانی اور استعمالات ہیں اور جہاں لفظ مذکور بغیر سما آیا ہے وہاں بجز روحانی معنے

کے اُس کے اور کوئی معنے نہیں جیسے کہ ذیل کی نظائر سے ہویدا ہے۔

(۱) قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف ایک یاد دلانیوالا رسول بنا کر بھیجا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی آیتیں تم پر پڑھتا ہے۔ دیکھو قرآن شریف پارہ ۲۸۔ رکوع ۱۸+

اس آیت میں لفظ اَنْزَل آیا ہے اور اس کے ساتھ سما کا لفظ نہیں۔ اگر اس کے معنے ہر حالت میں آسمان سے آنا مراد ہے تو پھر یہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کسی زمانہ گذشتہ میں آسمان پر گئے ہوئے تھے اور آخر خدا تعالیٰ نے زمین پر نازل کر دیا لیکن اس کا ثبوت کوئی دنیا بھر کا عالم نہیں دے سکتا اور ہرگز نہیں دے سکتا کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جناب آمنہ کے پیٹ سے پیدا ہوئے اور عرب کے اندر ہی رہے اور انہیں لوگوں میں پرورش پاتے رہے پس اگر اس کے روحانی نزول کے معنے نہیں لئے جائینگے تو پھر اصل مقصد ہاتھ سے جاتا ہے اور کلام الٰہی میں کذب لازم آتا ہے اور خدا کا کلام ہر قسم کے نقصت سے پاک اور منزہ ہے۔ لہذا یہی بات حق اور راست ہے کہ جہاں نزول کے ساتھ سما کا لفظ نہ ہو وہاں روحانی نزول مراد ہوتا ہے +

(۲) وَ اَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ۔ تمہارے لئے اللہ تعالیٰ نے آٹھ جوڑے جانوروں کے پیدا کئے۔ دیکھو قرآن شریف پارہ ۲۳۔ رکوع ۱۵۔ اس آیت میں نزول بلا سما آیا ہے اور اگر اس کے معنے آسمان ہی سے نازل ہونے کے لیں تو پھر علماء کو ثابت کرنا ہوگا کہ یہ جانور جو خدا تعالیٰ نے ہمارے لئے بنائے ہیں۔ مثلاً اونٹ گائے بکری وغیرہ تو کیا یہ آسمان سے اُترا کرتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو بتائیے کہاں اور کب نازل ہوا کرتے ہیں تاکہ لوگ بچشم خود مشاہدہ کر کے ایمان لائیں لیکن ایسا خیال ہی کرنا ایک امر خلاف دانش و عقل ہے لہذا ضروری نہیں کہ نزول سے مراد آسمان ہی سے اُترنا مراد ہو

(۳) وَ اَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ۔ اور ہم نے لوہا اُتارا جس میں لوگوں کے لئے خوف شدید بھی ہے اور منافع بھی بکثرت ہیں۔ دیکھو قرآن شریف پارہ ۲۷۔ رکوع ۱۹۔ اس آیت میں بھی نزول کا لفظ بلا سما آیا ہے۔ اب اگر اس کے وہی متعارف معنے ہیں جو علماء کرتے ہیں تو پھر اس کا ثبوت پہنچانا از بس ضروری ہوگا کہ لوہا

کانوں سے نہیں نکلا کرتا بلکہ آسمانوں سے گرا کرتا ہے +

(۴) یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِکُمْ وَرِیْشًا ۔ اے آدم کے بیٹو ہم نے تم پر لباس اُتارا جس سے تم اپنے ننگے بدنوں کو ڈھانپتے ہو۔ دیکھو قرآن شریف پارہ ۸۔ رکوع ۱۰۔ یہاں بھی لفظ نزول بلا سما آیا ہے کیا کوئی ثبوت دے سکتا ہے کہ یہ تھانوں کے تھان جو بازاروں اور مارکیٹوں میں نظر آتے ہیں یہ سب آسمان سے اُترتے ہیں

(۵) تَبٰرَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِہٖ لِیَکُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا ۔ بابرکت ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر فرقان نازل کیا تاکہ وہ تمام جہانوں کے لئے نذیر ہو۔ دیکھو پارہ ۱۸۔ سورۃ الفرقان رکوع ۱ یہاں فرقان سے مراد قرآن شریف یا جنگِ بدر ہے کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ یہ قرآن جسمانی طور سے جیسے بین الدفتین مدون ہے اسی طرح اُترا تھا یا جنگ بدر کسی مجسم شکل میں آسمان سے نازل ہوئی تھی +

(۶) اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ ۔ ہم نے ہی اس ذکر کو اُتارا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔ ذکر سے مراد یا تو قرآن شریف ہے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔ دونوں حالتوں میں کوئی بتا سکتا ہے کہ مجسم طور سے انکا نزول آسمان سے ہوا ہے +

(۷) یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَالْکِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَالْکِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۔ یعنے اے ایمان والو اللہ اور اُس کے رسول اور اُس کتاب پر جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور نیز اُن کتابوں پر جو پہلے نازل کی گئی ہیں ایمان لاؤ۔ اب بتاؤ وہ کتابیں مجسم صورت میں جیسے مدون و متداول دیکھتے ہو اُتری تھیں۔ یا اُن کا اُترنا روحانی تھا۔ دیکھو پارہ ۵ سورۃ النساء۔ رکوع ۲۰ +

(۸) وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُہٗ وَمَا نُنَزِّلُہٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۔ پارہ ۱۴ سورۃ الحجر۔ رکوع ۲۔ یعنے ہر ایک چیز کے خزانے کے خزانے ہمارے ہاں موجود ہیں اور ہم ایک اندازۂ معلوم تک اُتارا کرتے ہیں اب دیکھنا یہ ہے کہ کوئی بتا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پاس سے مجسم اشیاء ڈھیروں کے ڈھیر اُترتے ہوئے دکھلائی دیتے ہیں +

(۹) اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا ۔ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ سَکِیْنَتَہٗ عَلَیْہِ ۔ جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صاحب ابو بکر صدیق کو کہہ رہے تھے کہ کچھ رنج نہ کرو

بے شک اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اُس پر سکینت یعنے تسلی اُتاری۔ اب کوئی مولوی بتا سکتا ہے کہ تسلی کوئی جسمانی چیز ہے۔ دیکھو سورۃ التوبہ رکوع ۶ +

(۱۰) وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝ اور ایسا ہی ہم نے اُس پر کھلے کھلے نشان اور معجزے نازل کئے ہیں اور اللہ جسکو چاہے اُن کے ذریعہ ہدایت کردے۔ دیکھو سورۃ الحج رکوع ۱۲ اب کوئی بتا سکتا ہے کہ نشانات جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر اُتارے وہ جسمانی تھے۔ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ پڑھ کر کے ہم کہتے ہیں کہ قرآن کریم اس قسم کے نزول سے بھرا پڑا ہے اور ہم تحدی سے کہتے ہیں کہ کوئی شخص قرآن کریم سے ہرگز ثابت نہیں کر سکتا کہ جہاں رسول کا لفظ ہو اور ساتھ سما کا لفظ نہ ہو تو وہاں بجز روحانی نزول کے کچھ اور معنے ہوں اب ہم احادیث کی طرف متوجہ ہوتے ہیں

اور یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ قرآن کریم کے نزول کے کیا معنے ہیں

فصل دوم

اس ثبوت میں کہ لفظ نزول احادیث میں کن کن معنوں میں آتا ہے

اول روحانی نزول

جب ہم احادیث پر غور کرتے ہیں تو وہاں بھی لفظ نزول کے مختلف استعمال ہیں چنانچہ اُن میں بھی یہی ثابت ہوتا ہے جہاں لفظ نزول بلا سما آیا ہے وہاں روحانی معنے لئے جاتے ہیں اور مقام کر نیکے بھی معنے لئے جاتے ہیں جیسا کہ ذیل کی احادیث سے ثابت ہے +

(۱) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِقَوْلِكُمْ وَلَا يَسْتَهْوِيَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ مَا اُحِبُّ

احمد اور عبد بن حمید و حسین جلیمی اور ابن حبان اور سعید بن منصور نے انس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے

اَنْ تَرْفَعُوْنِیْ فَوْقَ مَنْزِلَتِیَ الَّتِیْ اَنْزَلَنِیَ اللّٰہُ
رَوَاہُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ
وَحُسَیْنُ الْحَلِیْمِیُّ وَالسَّمْوِیَّۃُ وَابْنُ حَبَّانٍ
وَسَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَنَسٍ

لوگو تم اپنے قول سے پکڑے جاؤ گے اور تمہیں شیطان نہ پھسلا دے۔ یا درکھو میں محمد بن عبد اللہ اللہ کا بندہ اور رسول ہوں۔ میں نہیں پسند کرتا کہ مجھے اُس مرتبہ سے بڑھاؤ جس مرتبہ پر مجھے اللہ نے رکھا ہے دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۱۳۲۔ کوئی کہہ سکتا ہے کہ وہ مرتبہ کس چیز کا بنا ہوا تھا جس پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اُسوقت اُتارا تھا +

(۲) یَنْزِلُ اللّٰہُ اِلَی السَّمَاءِ الدُّنْیَا لَیْلَۃَ
النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ لِکُلِّ مُؤْمِنٍ
اِلَّا الْعَاقَ وَالْمُشَاحِنَ رَوَاہُ ابْنُ خُزَیْمَۃَ
وَحُسَیْنُ بْنُ بِشْرٍ الْحَلِیْمِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ
عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ +

یعنے ابن خزیمہ اور حسین حلیمی شعب الایمان میں حضرت ابوبکر سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ شعبان کی وسطی رات کو آسمان دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے اور اُسوقت عاق اور جھگڑالو کے سوا کل مومنوں کی مغفرت کرتا ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۹۵۔ کون ہے جو بتاسکے کہ اللہ مجسم ہے کہ وہ شعبان کے درمیان رات کو آسمان دنیا کی طرف اُترآتا ہے +

(۳) اِذَا نَزَلَ بِاَحَدِکُمْ ھَمٌّ اَوْ غَمٌّ
اَوْ سُقْمٌ اَوِ الْتِوَاءٌ اَوْ زَلَّ فَلْیَقُلِ اللّٰہُ
اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ
رَوَاہُ الدَّارَقُطْنِیُّ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ

وارقطنی نے اسماء بنت عمیس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو ہم اور غم اور بیماری یا درد یا لغزش واقع ہو تو تین مرتبہ وہ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا پڑھے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۱۷۹۔ اب کوئی بتاسکتا ہے کہ ہموم وغموم وعلل کی کوئی جسمانی شکل ہوتی ہے جو انسان پر اُترتے ہیں +

(۴) مَنْ فُتِحَ لَہٗ مِنْکُمْ بَابٌ فِی الدُّعَاءِ
فُتِحَتْ لَہٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَۃِ وَمَا سُئِلَ اللّٰہُ
شَیْئًا اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ اَنْ یُّسْئَلَ الْعَافِیَۃَ
اَنَّ الدُّعَاءَ یَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ یَنْزِلْ
فَعَلَیْکُمْ عِبَادَ اللّٰہِ بِالدُّعَاءِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ

ترمذی اور حاکم اور تعقب ابن عمر سے روایت کرتے ہیں جس شخص کے لئے تم میں سے دعا کا دروازہ کھل جاتا ہے اُسکے لئے رحمت کے دروازے بھی کھل جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک عافیت کی دعا مانگنے سے زیادہ

وَحَاكِمٌ وَتَعَقَّبَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ +

محبوب اور کوئی بات نہیں جو کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہو یا نہ ہو دعا ضرور رہی نافع ہوتی ہے۔ لہذا اے خدا کے بندو دعا کو لازم پکڑو (دیکھو کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۱۶۸۔ بتاؤ رحمت کا کس طرح کا جسم ہوتا ہے آیا انسانی صورت کا یا کسی اور چیز کا ہوتا ہے +

اِن تمام احادیث سے ظاہر ہے کہ نزول روحانی ہوتا ہے اگر جسمانی مانا جائے تو پھر خدا تعالیٰ کو بھی مجسم ماننا پڑیگا جس سے کفر لازم آتا ہے۔ لہذا جہاں نزول بلا سما آتا ہے وہاں روحانی نزول ہوا کرتا ہے ورنہ اسلام کی کایا پلٹ کرنی پڑیگی اور ایک بات بھی اسلام کی قایم نہیں رہ سکیگی۔ معاذ اللہ منہا۔ برخلاف اس کے جہاں نزول کے ساتھ سما کا لفظ آتا ہے وہاں ضروری طور سے کوئی مجسم چیز مراد ہوتی ہے جسکا ذکر ہم آگے چل کر کرینگے جس سے واضح ہو جائیگا کہ یہ بالکل سچ ہے کہ جہاں نزول بلا سما آتا ہے وہاں روحانی معنے ہوتے ہیں۔ اور جہاں نزول مع سما آتا ہے وہ جسمانی ہوتے ہیں +

سرّ در لفظِ نزول

اِس امر کا ذکر کر دینا بھی ضروری ہے کہ مسیح علیہ السلام کے لئے لفظ نزول میں کیا سر ہے سو واضح ہو کہ نزول اجلال اور اکرام کے لئے بھی آتا ہے اور احادیث میں مسیح علیہ السلام کے نزول میں یہی مقصود ہے اور اُس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ چونکہ اُس زمانہ میں تفرقہ اور پراگندگی اور فساد زمانہ میں ایمان شریا پر چلا جائیگا۔ اور تمام سلسلے پیری مریدی اور شاگردی اُستادی اور افادہ اور استفادہ کے معرض زوال میں آجائینگے۔ اِس لئے آسمان کا خدا ایک شخص کو اپنے ہاتھ سے تربیت دیکر بلا توسط زمینی سلسلوں کے زمین پر بھیجیگا جس طرح بارش بغیر توسط انسانی ہاتھ کے آسمان سے نازل ہوتی ہے سو ایسا ہی خدا نے کیا +

دوم۔ نزول کے معنے سفر کیوقت مقام کرنیکے بھی ہیں

علاوہ روحانی نزول کے ایک اور نزول بھی ہوتا ہے اور وہ یہ کہ جب کوئی آدمی ایک

جگہ سے چل کر دوسری جگہ جا کر ٹھیرتا ہے یا سفر کرتے کرتے کسی مقام پر آرام لیتا ہے اُس جگہ کو منزل اور اُترنے والے کو نزیل اور اُس کے اترنے کو نزول کہتے ہیں۔ اگر ہم نزول کے ہر حالت میں آسمان سے ہی اُترنا معنے کریں تو پھر ثابت کرو کہ منزل کے معنے صرف وہ مقام ہے جہاں کوئی چیز آسمان سے نازل ہوتی ہو اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ آج فلاں شخص نے ۱۲ منزل طے کیں تو اُس سے یہی مراد ہے کہ اُن بارہ مقاموں کو عبور کر لیا جہاں پر آسمان سے لوگ اُترا کرتے ہیں۔ حاشا و کلا۔ ہرگز نزول یا منزل کے ایسے معنے نہیں لئے جاتے تو پھر مسیح کے نزول کی نسبت کیوں اور معنے لئے جاتے ہیں اس کی تائید کے لئے ہم احادیث سے بھی ایسی نظیریں پیش کرتے ہیں کہ لفظ نزول بھی ہو اور آسمان کا لفظ بھی ساتھ نہ ہو اور پھر اس کے معنے ایک جگہ سے سفر کر کے دوسری جگہ پر مقام کرنے کے ہوں۔ چنانچہ وہ احادیث حسب ذیل ہیں:۔

(۱) كَانَ إِذَا يَنْزِلُ مَنْزِلًا فِي سَفَرٍ أَوْ دَخَلَ بَيْتَهُ لَمْ يَجْلِسْ حَتَّى يَرْكَعَ رَكْعَتَيْنِ رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ۔ یعنے طبرانی فضالہ بن عبید سے روایت کرتے ہیں کہ نزول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی سفر میں کہیں مقام کرتے یا گھر میں داخل ہوتے تو جب تک دو رکعت نماز نہ پڑھ لیتے تو نہ بیٹھتے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۴ صفحہ ۱۹+

(۲) عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَتَّبِعُ آثَارَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ مُكَانٍ صَلَّى فِيهِ حَتَّى أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَتَعَاهَدُ تِلْكَ الشَّجَرَةَ فَيُصِبُّ فِي أَصْلِهَا الْمَاءَ لِكَيْلَا تَيْبَسَ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ+

ابن عساکر نے نافع سے روایت کی ہے کہ ابن عمر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ہر مکان پر جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرتے قدم بقدم پیروی کرتے تھے یہاں تک کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک درخت کے نیچے اُترے تھے تو ابن عمر اس امر کا بھی تعہد کرتا تھا کہ اُس درخت کے نیچے اُترتا اور اُس درخت کی جڑ میں پانی ڈالتا تھا تاکہ وہ خشک نہ ہو جائے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۴ صفحہ ۵۹

(۳) كَانَ إِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ حَتَّى يُصَلِّيَ الظُّهْرَ رَوَاهُ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ

احمد حنبل اور ابوداؤد اور نسائی حضرت انس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ

وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ عَنْ اَنَسٍ۔

علیہ وسلم جب کبھی کسی منزل پر اُترتے تو جب تک ظہر کی نماز پڑھ نہ لیتے سفر نہیں کرتے تھے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۴ صفحہ ۱۹ +

(۴) بَابُ نُزُوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْحَجْرَ۔ اَلتَّصْرِیْحُ فِیْ حَدِیْثِ ابْنِ عُمَرَ بِاَنَّہٗ لَمَّا نَزَلَ الْحَجْرَ اَمَرَھُمْ اَنْ لَّا یَشْرَبُوْا +

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا پتھر پر اُترنے کا باب۔ قاضی شہاب الدین عسقلانی فرماتے ہیں کہ ابن عمر کی حدیث میں اس کی تصریح ہے کیونکہ جب رسول اللہ صلعم پتھر پر اُترے تھے تو اُن لوگوں کو حکم کیا تھا کہ پانی نہ پیو دیکھو فتح الباری شرح صحیح بخاری جلد ۸ صفحہ ۹۵ +

(۵) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ عَمْرٌو وَعَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ لَیْسَ التَّعْصِیْبُ بِشَیْءٍ اِنَّمَا ھُوَ مَنْزِلٌ نَزَلَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

علی بن عبد اللہ نے سفیان سے حدیث بیان کی اُس نے عمرو سے اُس نے عطا سے اور اُس نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا کہ اس میں بجز اس کے اور کوئی بات نہیں کہ وہ ایک مقام ہے جہاں پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اُترے تھے دیکھو فتح الباری جلد ۱۳ صفحہ ۴۷۱ +

(۶) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عُمَرَ وَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْزِلُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ اِلَی الْاَرْضِ فَیَتَزَوَّجُ وَیُوْلَدُ لَہٗ وَیَمْکُثُ خَمْسًا وَاَرْبَعِیْنَ سَنَۃً ثُمَّ یَمُوْتُ فَیُدْفَنُ مَعِیَ فِیْ قَبْرِیْ فَاَقُوْمُ اَنَا وَعِیْسٰی ابْنُ مَرْیَمَ فِیْ قَبْرٍ وَاحِدٍ بَیْنَ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ رَوَاہُ ابْنُ الْجَوْزِیْ فِیْ کِتَابِ الْوَفَا

ابن جوزی نے عبد اللہ بن عمر سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عیسےٰ بن مریم ایک خاص ملک میں نزول فرمائیگا اور نکاح کریگا اور اُسکی اولاد ہوگی اور ۴۵ سال ٹھہریگا۔ پھر فوت ہو جائیگا اور میرے ساتھ میری قبر میں دفن ہوگا اور میں اور عیسیٰ ایک ہی قبر میں ابو بکر اور عمر کے مابین قیام کرینگے۔ دیکھو مشکوٰۃ المصابیح صفحہ ۴۷۱ مطبوعہ مطبع احمدی +

یہ حدیث خاص مسیح کے نزول کی ہے اور یہاں روحانی معنے نہیں بلکہ یہی ثابت ہوتا ہے کہ وہ سفر کرکے ایک جگہ سے دوسری جگہ میں تشریف لیجائینگے اور مقام کرینگے چنانچہ پنجاب کی سرحد سے نکل کر دہلی میں جو ہندوستان میں تھی جاکر نزول فرمایا اور وہاں جاکر نکاح کیا اور

اُس بیوی سے اولاد بھی ہوئی اور ۴۵ برس تک برابر تبلیغ بھی کرتے رہے کیونکہ اوّل اوّل اخباروں میں آریوں اور برہمُوں وعیسائیوں کے برخلاف مضمون دیتے رہے بعدازاں بصورت کتب چھپوا کامیابی کے ساتھ فوت ہوئے اور یہ جو حدیث میں ہے کہ میرے ساتھ میری قبر میں دفن ہوگا اس سے مراد یہی ہے کہ لوگ اُس کو کافر اور ملحد قرار دینگے مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تم کو خبر دیتا ہوں کہ وہ ایسا ہی مومن اور ایسا عظیم الشان انسان ہوگا جس طرح میں ہوں اور میری اُس سے کامل معیت ہے۔ کوئی تفریق نہیں ہوگی اور یہ جو کہا کہ میں اور عیسیٰ بن مریم ایک ہی قبر سے اُٹھینگے اس سے مراد یہ ہے کہ وہ قیامت کے روز میرے ساتھ ہونگے اور یہ جو کہا کہ ابوبکر اور عمر کے مابین کھڑے ہونگے۔ اس سے مسیح کے مرتبہ کی طرف اشارہ کیا ہے کہ مسیح کا مرتبہ میرے اور ابوبکر و عمر کے مابین ہوگا۔ یعنے مجھ سے نیچے اور ابوبکر اور عمر کے اوپر ہوگا اور اگر وہ معنے لیں جو ظاہر پرست علماء کرتے ہیں تو اس میں سخت بے ادبی ہے کہ گویا یہ مان لیا جاوے کہ امت محمدیہ کے لوگ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے مقبرہ مقدس کو کسیوں سے گرا کر اور گڑھا کھود کر اُسی جگہ جہاں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا جسم مبارک پڑا ہے ڈال دینگے۔ اس سے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہتک ہے +

(۸) بعض علماء مشکوٰۃ کی اس حدیث کے الفاظ یَنْزِلُ عِیْسٰی بْنُ مَرْیَمَ اِلَی الْاَرْضِ سے یہ مطلب نکالتے ہیں کہ اِلَی الْاَرْضِ ظاہر کرتا ہے کہ مِنَ السَّمَاءِ محذوف ہے یہ خیال اُن کا بالکل غلط ہے۔ یہاں تو مراد ہے کہ وہ چلکر کسی موقع پر ایک خاص زمین یا ملک میں آنکر فروکش ہوگا اگر اِلٰی کے صلہ سے یہ مطلب نکالتے ہیں تو یہ بھی قلت معلومات پر دال ہے ورنہ تمام کتابیں اس قسم کے محاورات سے بھری پڑی ہیں کہ لفظ نزول کے بعد اِلٰی کا حوصلہ آجاتا ہے تو وہاں سفر میں ایک مقام سے دوسرے مقام پر یا کسی شخص کے گھر میں نزول کرنا مراد ہوتا ہے چنانچہ تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۵۸ میں لکھا ہے +

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَالَةَ مَرَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بِرَاهِبٍ فِی الْجَزِیْرَةِ فَنَزَلَ اِلَیْهِ الرَّاهِبُ وَلَمْ یَنْزِلْ لِاَحَدٍ قَبْلَهٗ وَقَالَ اَنْدَرِیْ لِمَ نَزَلْتُ اِلَیْكَ	محمد بن فضالہ کہتا ہے کہ عبداللہ بن عمر بن عبدالعزیز کا ایک دفعہ ایک جزیرہ میں ایک راہب کے پاس گذر ہوا راہب نکلکر اُس کے پاس چلکر آیا اور وہ پہلے کبھی کسی کے لئے نہیں آیا تھا۔ اور کہا کہ کیا

آپ جانتے ہیں کہ میں کیوں آپ کے پاس آیا۔

اِس سے واضح ہے کہ نزول کے بعد عالی کا صلہ بھی آجائے تو بھی بلندی سے نیچے کی طرف اُترنا مراد نہیں ہوا کرتا جیسے کہ بعض علماء کا خیال ہے بلکہ کسی کے پاس چلکر یا کسی مقام میں چل کر آنا مراد ہوتا ہے۔

اِن تمام احادیث وغیرہ سے واضح ہے کہ لفظ نزول کے ساتھ سماء کا لفظ نہیں ہے مگر پھر بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ سفر میں مقام کرنے کے وقت نزول کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے چنانچہ احادیث ماسبق سے یہ بات آپ پر ظاہر ہو چکی ہے۔ اگر یہ معنے تسلیم نہ کئے جائیں تو پھر دجال کو بھی آسمان سے اُترتا ہوا ماننا پڑیگا کیونکہ حدیثوں میں اُس کے لئے بھی لفظ نزول آیا ہے۔ چنانچہ ہم ذیل میں اُن حدیثوں کو لکھتے ہیں اور وہ یہ ہیں:۔

لفظ نزول برائے دجال

(۱) لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَأُهُ الدَّجَّالُ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ وَلَيْسَ نَقْبٌ مِنْ أَنْقَابِهَا إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلَئِكَةُ حَافِّينَ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ يَخْرُجُ إِلَيْهِ مِنْهَا كُلُّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالنَّسَائِيُّ عَنْ أَنَسٍ۔

بیہقی اور نسائی نے انس سے روایت کی ہے کہ مکہ اور مدینہ کے سوا جس قدر شہر ہیں سب میں دجال کا قدم پہنچیگا اور ان دونوں شہروں کے ہر سوراخ پر فرشتے صف در صف ہو اُن کی نگرانی کرتے ہیں۔ پھر دجال میدان میں اُتریگا اور مدینہ پر معہ اُس کے رہنے والوں کے تین مرتبہ دھاوا کریگا اور ہر کافر اور منافق اُس کی طرف نکلیگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲۴۹

(۲) يَأْتِي الْمَسِيحُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ وَهِمَّتُهُ الْمَدِينَةَ حَتَّى يَنْزِلَ دُبُرَ أُحُدٍ ثُمَّ تَصْرِفُ الْمَلَئِكَةُ وَجْهَهُ قِبَلَ الشَّامِ وَهُنَالِكَ يَهْلِكُ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَمُسْلِمٌ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ۔

امام احمد بن حنبل و امام مسلم نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ مسیح الدجال مشرق کی طرف سے آئیگا اور اُس کا قصد مدینہ پر ہوگا حتیٰ کہ اُحد پہاڑ کے پیچھے اُتریگا پھر فرشتے اُس کے منہ کو شام کی طرف پھیر دینگے جہاں وہ ہلاک ہوگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲۵۰۔

(۳) يَنْزِلُ الدَّجَّالُ بِهٰذِهِ السَّبْخَةِ بِمَرْقِنَاةٍ فَيَكُوْنُ اٰخِرُ مَنْ يَخْرُجُ اِلَيْهِ النِّسَاءُ حَتّٰى اَنَّ الرَّجُلَ لَيَرْجِعُ اِلٰى اَهْلِهٖ وَابْنَتِهٖ وَاُخْتِهٖ وَعَمَّتِهٖ فَيُوْثِقُهَا رِبَاطًا مَخَافَةَ اَنْ تَخْرُجَ اِلَيْهِ ثُمَّ يُسَلِّطُ اللّٰهُ الْمُسْلِمِيْنَ عَلَيْهِ فَيَقْتُلُوْنَهٗ وَيَقْتُلُوْنَ شِيْعَةً حَتّٰى اَنَّ الْيَهُوْدِيَّ لَيَخْتَبِيْ تَحْتَ الشَّجَرَةِ اَوِ الْحَجَرِ فَيَقُوْلُ الْحَجَرُ اَوِ الشَّجَرَةُ يَا مُسْلِمُ هٰذَا يَهُوْدِيٌّ تَحْتِيْ فَاقْتُلْهُ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالطَّبْرَانِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

احمد بن حنبل اور طبرانی حضرت ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ دجال میدان میں اُتریگا۔ اور سب سے آخر عورتیں اس کی طرف آئینگی یہانتک کہ آدمی اپنی بیوی اور بہن اور پھوپھی کے پاس جائیگا اور اُن کو اس خوف سے کہ وہ بھی دجال کی طرف چلی جائیں رسی سے باندھ دیگا۔ پھر اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اُس پر مسلط کریگا الخ۔ دیکھو کنز العمال جلد ۷، صفحہ ۲۵+

(۴) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبِيْ ثَنَا مَنْصُوْرٌ ابْنُ سَلَمَةَ اَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِيْ ابْنُ بِلَالٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَمُرَّنَّ الدَّجَّالُ خُوْزَ وَكِرْمَانَ فِيْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا وُجُوْهُهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ رَوَاهُ اَحْمَدُ

امام احمد بن حنبل نے عبداللہ سے اُس نے اپنے باپ سے اُس نے منصور ابن سلمہ سے اُس نے سلیمان یعنے ابن بلال سے اُس نے اپنے باپ سے اُس نے ابوہریرہ سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے سُنا کہ دجال خوز اور کرمان میں ستر ہزار آدمیوں کے ساتھ جن کے چہرہ ڈھالوں کی طرح ہونگے اُتریگا۔ دیکھو مسند احمد جلد ۴ صفحہ ۳۳۷+

اِن احادیث سے واضح ہے کہ دجال کی نسبت بھی لفظ نزول استعمال ہوا ہے اگر اس لفظ کی وجہ سے حضرت مسیح کا آسمان سے اُترنا سمجھا گیا ہے تو پھر مسلمان منتظر ہو جائیں کہ دجال بھی آسمان سے نازل ہوگا کیونکہ جس لفظ سے مسیح کا آسمان سے اُترنا یقین کیا جاتا ہے وہی لفظ بلا تفاوت دجال کے لئے بھی حدیثوں میں آیا ہے۔ اگر ایک کے لئے آسمان اور دوسرے کے لئے زمین سے اُترنا مانا جائے تو پھر یہ ایک سراسر تحکم ہے۔ لہٰذا یہی سچ ہے کہ جیسے دجال ایک جگہ سے سفر کرتا کرتا ایک مقام پر اُتریگا ویسا ہی مسیح علیہ السلام بھی ایک جگہ سفر کرتے کرتے

ایک مقام پر اُترینگے۔ آسمان سے اُترنے کا خیال خلاف عقل و نقل ہے +

اگر مسیح کا آسمان سے اُترنا تسلیم کیا جائے تو بہت سی مصیبت پڑتی ہے

علاوہ اس کے اگر نزول کے معنے ایک مقام سے دوسرے پر مقام کرنے کے نہ لئے جائیں تو پھر ایک اور مصیبت وارد ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ مختلف حدیثوں میں مقام نزول مختلف آئے ہیں اگر مسیح علیہ السلام نے آسمان سے اُترنا تھا تو پھر وہ ایک ہی مقام پر اُتر سکتا تھا نہ کہ ایک ہی وقت ایک ہی آن میں سب جگہ پر۔ اور ہمارے خیال میں اس آسمان سے اُترنے کی صداقت دو طور سے ہو سکتی ہے کہ یا تو جس قدر احادیث نزول مسیح علیہ السلام کے بارہ میں آئی ہیں اُن میں سے ایک خاص کر دی جائے کہ فلاں حدیث صحیح ہے اور اُس کے بموجب فلاں مقام پر ضرور ضرور نازل ہونگے اور ہرگز خلاف نہ ہوگا اور اگر ساری حدیثیں صحیح ہیں تو پھر ہندوؤں کے راون کی طرح بجائے گیارہ سروں کے مسیح علیہ السلام کے دس بیس پاؤں تسلیم کر لئے جائیں کہ جب وہ اُتریگا تو ہر مقام پر ایک ایک پاؤں رکھ دیگا۔ اگر یہ تسلیم نہیں کر سکتے۔ اور حدیثوں میں سے بھی کسی حدیث کو خاص نہیں کر سکتے تو پھر بجز اس صورت کے کہ ایک مقام سے دوسرے مقام پر سفر کرتے ہوئے آنکر اُتریگے اور کوئی معنے صحیح نہیں ٹھیر سکتے اور سب حدیثیں قایم رہ سکتی ہیں۔ بتاؤ اس میں کیا خلل ہے اگر ہم یہ معنے کریں کہ وہ ایک دفعہ ایک مقام پر اُتریگے پھر وہاں سے سفر کرتے ہوئے دوسرے مقام پر اور پھر تیسرے مقام پر علیٰ ہذا القیاس سب پر یکے بعد دیگرے نزول فرما ہونگے +

وہ مقامات جہاں مسیح علیہ السلام کے اُترنے کی خبر ہے

اِس مقام پر ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ اُن حدیثوں کو بھی لکھ دیا جائے جن میں مختلف مقاماتِ نزول مسیح آئے ہیں +

(۱) یَنْزِلُ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ عِنْدَ الْمَنَارَۃِ | طبرانی نے اوس بن اوس سے روایت کی

الْبَيْضَاءِ شَرْقِيَّ دِمَشْقَ۔ رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ +

ہے کہ عیسے بن مریم دمشق کے شرق کی طرف روشن منارہ کے قریب نازل ہوگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۰۲ +

(۲) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَنْزِلَ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ عَلٰى ذُرْوَةِ اَفِيْقٍ بِيَدِهٖ حَرْبَةٌ يَقْتُلُ الدَّجَّالَ۔ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ +

ابن عساکر حضرت ابن عباس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک عیسیٰ بن مریم افیق کی پہاڑی پر نہ اُتر لیں تب تک قیامت قایم نہ ہوگی اور اُن کے ہاتھ میں ایک حربہ ہوگا جس سے وہ دجال کو قتل کرینگے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۶۸

(۳) اَخْرَجَ اَحْمَدُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ ابْنُ مَرْيَمَ فَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ وَيَمْحُو الصَّلِيْبَ وَتُجْمَعُ لَهُ الصَّلٰوةُ وَيُعْطَى الْمَالَ حَتّٰى لَا يُقْبَلُ وَيَضَعُ الْخَرَاجَ وَيَنْزِلُ الرَّوْحَاءَ فَيَحُجُّ مِنْهَا اَوْ يَعْتَمِرُ اَوْ يَجْمَعُهُمَا +

احمد بن حنبل نے ابوہریرہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابن مریم اُتریگا اور خنزیر کو قتل کریگا اور صلیب کو محو کریگا اور نماز اُس کے لئے جمع کیجائیگی اور مال دیگا لیکن قبول کوئی نہیں کریگا اور خراج اُٹھا دیگا اور روحا میں اُتریگا اور وہاں حج یا عمرہ کریگا یا دونوں کو جمع کریگا۔ دیکھو تفسیر روح المعانی جلد ۲۰ صفحہ ۲۱۳۔ وکنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۶۸ +

(۴) ذَكَرَ السُّيُوْطِيُّ فِيْ تَعْلِيْقِهٖ عَنِ ابْنِ مَاجَةَ اَنَّهٗ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ كَثِيْرٍ فِيْ رِوَايَةٍ اَنَّ عِيْسٰى عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ يَنْزِلُ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ +

امام سیوطی نے ابن ماجہ سے اپنی تعلیق میں کہا ہے کہ حافظ ابن کثیر نے ایک روایت میں لکھا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام بیت المقدس میں نازل ہونگے دیکھو مرقاۃ المفاتیح جلد ۵ صفحہ ۱۹۷ +

(۵) اَنَّ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ يَنْزِلُ بِاَرْدُنَ +

یعنی حضرت عیسے اردن میں نازل ہونگے + مرقاۃ المفاتیح صفحہ مذکورہ بالا +

(۶) اَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَنْزِلُ بِمَعْسَكَرِ الْمُسْلِمِيْنَ +

مسلمانوں کی چھاؤنی میں نازل ہونگے۔ دیکھو کتاب مذکور +

لفظ خروج دربارہ مسیح علیہ السلام

ماسوا اس کے حدیث ذیل سے واضع ہوتا ہے کہ بجائے لفظ نزول کے لفظ خروج اور بعث بھی آئے ہیں جن سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ آسمان سے نہیں بلکہ زمین ہی سے نکلینگے۔ چنانچہ وہ حدیث یہ ہے +

(۱) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَنَّ الْمَسَاجِدَ لَتَحَدَّثُ بِخُرُوْجِ الْمَسِیْحِ وَاَنَّهٗ سَیَخْرُجُ فَیَکْسِرُ الصَّلِیْبَ وَیَقْتُلُ الْخِنْزِیْرَ وَیُؤْمِنُ بِهٖ مَنْ اَدْرَکَهٗ فَمَنْ اَدْرَکَهٗ مِنْکُمْ فَلْیُقْرِئْهُ مِنِّی السَّلَامَ رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ۔

ابن ابی شیبہ حضرت ابوہریرہ سے روایت کرتے ہیں کہ مسجدیں مسیح کے نکلنے پر بارونق ہوجائینگی کیونکہ جب وہ نکلیگا تو صلیب کو توڑیگا اور خنزیر کو قتل کریگا اور جو اسکو پہچان لیگا وہ اسپر ایمان لائیگا اور جو شخص تم میں سے اسکو پائے تو وہ میری طرف سے اُن کو سلام کہے

دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۶۸ +

(۲) حدیث نواس بن سمعان میں ہے۔ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَیْتُ ابْنَ مَرْیَمَ یَخْرُجُ مِنْ ثَنِیَّةِ الْمَنَارَةِ الْبَیْضَاءِ شَرْقِیَّ دِمَشْقَ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاکِرٍ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میںنے ابن مریم کو روشن منارہ کے نیچے جو دمشق کی مشرق کی طرف ہے نکلتے ہوئے دیکھا ہے۔ اس حدیث کو ابن عساکر نے روایت کیا ہے

دیکھو مسک العارف صفحہ ۱۰ +

(۳) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَنَّ الْمَسِیْحَ بْنَ مَرْیَمَ خَارِجٌ قَبْلَ یَوْمِ الْقِیَامَةِ وَلَیَسْتَغِیْثَنَّ بِهِ النَّاسُ عَمَّنْ سِوَاهُ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاکِرٍ

ابن عساکر نے ابن مسعود سے روایت ہے کہ مسیح بن مریم قیامت سے پہلے نکلنے والا ہے اور لوگ اُس سے اور امور میں امداد طلب کرینگے دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۶۸ +

لفظ خروج برائے دجال

جس طرح مسیح علیہ السلام اور دجال کے لئے لفظ نزول آیا تھا اُسی طرح دونوں کے لئے

لفظ خروج بھی آیا ہے۔ مسیح علیہ السلام کی نسبت اوپر دیکھ چکے ہو اب دجال کی نسبت دکھلاتے ہیں۔ اُسی حدیث نواس بن سمعان میں ہے۔

(۱) فَقَالَ اِنْ یَّخْرُجْ وَاَنَا فِیْکُمْ فَاَنَا حَجِیْجُهٗ دُوْنَکُمْ وَاِنْ یَّخْرُجْ وَلَسْتُ فِیْکُمْ فَامْرَأُ حَجِیْجُ نَفْسِهٖ وَاللّٰهُ خَلِیْفَتِیْ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ +

اگر دجال خروج کرے اور میں تم میں موجود ہوں تو میں حجت کے ذریعہ اُس پر غالب آؤنگا اور اگر وہ نکلے اور میں تم میں نہ ہوں تو پھر ہر ایک شخص بذاتِ خود اُس پر حجت کے ذریعہ غالب آسکتا ہے اور اللہ ہر ایک مسلمان پر نگہبان ہے۔ دیکھو مسلم جلد ۲ صفحہ ۴۰۰ مطبوعہ مطبع کلکتہ +

(۲) یَخْرُجُ حِیْنَ یَخْرُجُ مِنْ بَلَدَةٍ یُقَالُ لَهَا اَصْبَهَانُ مِنْ قَرْیَةٍ مِنْ قُرَاهَا یُقَالُ لَهَا اَسْتَقَابَاذُ رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ

بیہقی نے روایت بیان کی ہے کہ دجال ایک شہر جسکا نام اصفہان ہے اُس کے دیہات میں سے ایک دیہہ سے خروج کریگا جس کا نام استقاباد ہے دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۶۵ +

(۳) عَنْ حُذَیْفَةَ قَالَ لَوْ یَخْرُجُ الدَّجَّالُ لَاٰمَنَ بِهٖ قَوْمٌ فِیْ قُبُوْرِهِمْ رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ +

ابن ابی شیبہ نے حذیفہ سے روایت بیان کی ہے کہ اگر دجال نکلا تو وہ قومیں اُس دجال پر ایمان لائینگی جو اپنی قبروں میں پڑی ہوئی ہیں یعنے وہ لوگ جو دین سے بے خبر ہیں یا کفار ہیں دیکھو کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۲۶۴ +

مسیح کی نسبت لفظ بعث بھی آیا ہے

مزید براں بجائے لفظ خروج و نزول کے لفظ بعث کا بھی حضرت مسیح کی نسبت آیا ہے جیسا کہ حدیث ذیل سے واضح ہے۔ اُسی نواس بن سمعان کی حدیث میں ہے

وَاللّٰهُ خَلِیْفَتِیْ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ اِلٰی قَوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْ بَعَثَ اللّٰهُ الْمَسِیْحَ بْنَ مَرْیَمَ

اور اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کے لئے میری طرف سے نیابت کریگا یہانتک کہ اللہ تعالیٰ مسیح بن مریم کو بھیجیگا +

پس ان تمام بیانات سے ظاہر ہے کہ جو معنے بعثت یا خروج کے ہیں اُنہیں کے مناسب حال نزول کے معنے ہو سکتے ہیں اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ انبیاء کو اسی زمین ہی

سے مبعوث فرماتا رہا ہے اور اسی زمین ہی سے وہ بزرگوار خروج کرتے رہے ہیں تو پھر نزول سے آسمان کا آنا کیوں تسلیم کیا جاتا ہے +

آسمان پر سے اُترنے کا محاورہ کتب سابقہ سے

علاوہ قرآن کریم اور احادیث نبویہ کے کتب سابقہ سے بھی نزول کا یہی محاورہ معلوم ہوتا ہے چنانچہ انجیل یوحنا باب ۶ آیت ۱۹ میں حضرت یسوع مسیح کہتے ہیں "کیونکہ میں آسمان پر سے اِس لئے نہیں اُترا کہ اپنی مرضی بلکہ اُس کی مرضی پر چلوں" اس آیت سے واضح ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اقرار کیا ہے کہ میں آسمان سے آیا ہوں اور یہ بات بالکل ٹھیک ہے جو لوگ خدا تعالیٰ سے فیض اور روحانی برکت پاکر آتے ہیں اُن کا آنا آسمان ہی سے آنا سمجھا جاتا ہے کیونکہ اُن کو زمینی تعلقات سے کسی قسم کا حصہ نہیں ہوتا اور یہ حالت تمام انبیاء اور مامورین کی ہوتی ہے۔ اور اس کی تشریح خود مسیح نے کردی ہے جب یہود نے اُس کے اُن الفاظ پر کہ میں آسمان سے اُترا ہوں اعتراض کیا چنانچہ یہود نے کہا کیا یہ یسوع یوسف کا بیٹا نہیں جس کے باپ کو ہم جانتے ہیں پھر وہ کیونکر کہتا ہے کہ میں آسمان سے اُترا ہوں" دیکھو انجیل یوحنا باب ۶۔ ورس ۴۲۔ اس پر مسیح نے کہا "وہ جو خدا کی طرف سے ہے اُسی نے باپ کو دیکھا ہے" انجیل یوحنا باب ۴۶ ورس ۴۸۔ اس سے واضح ہو گیا کہ آسمان سے اُترنے کے معنے یہ ہیں کہ جو خدا کی طرف سے مامور ہو کر بھیجا جائے۔ اور خدا تعالیٰ کو ایسا پہچان سکتا ہو جس طرح آنکھوں سے دیکھے ہوئے ہو +

ان تمام احادیث نبویہ وغیرہ سے ظاہر ہے کہ اگر نزول کے معنے خروج یا ایک جگہ سے نکلکر دوسری جگہ مقام کرنے یا خدا کیطرف سے آنیکے نکلتے ہیں سب احادیث قابل اعتبار نہیں ہیں کیونکہ ایک شخص ایک ہی وقت میں مختلف مقامات پر نہیں اُتر سکتا۔ لیکن جب ان کے معنے وہی لئے جائیں جو رسول اللہ کے نزدیک یا صحابہ کے نزول یا ہر نزیل کے نزول کے وقت لئے جاتے ہیں تو سب حدیثیں صحیح اور قابل تسلیم ہیں کیونکہ جب وہ مامور ہونگے تو جہاں وہ ابتداء میں سکونت پذیر ہونگے وہاں سے برائے ہدایت و تبلیغ خلق اللہ مختلف مقامات میں بذات خود یا بذریعہ اپنے رسول یا حواری کے جاکر نزول فرمایا کرینگے۔ یہ تو کبھی کسی نبی اور رسول کے

سوانح سے ظاہر نہیں ہوتا کہ جہاں وہ پیدا ہوئے ہوں وہیں رہتے رہے ہوں اور کہیں دوسرے مقام پر چل کر نہ گئے ہوں۔ بلکہ تمام انبیاء کی سوانح پر جب غور کیا جاتا ہے تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ سب سفر کرتے رہے ہیں اور اکثروں کو ہجرت بھی کرنی پڑی ہے دیکھو حضرت ابراہیم کنعان سے چل کر مکہ معظمہ میں جسکو وادی غَیْرِ ذِی زَرْعٍ کہا گیا ہے آئے تھے حضرت موسےٰ مصر سے ارض مقدسہ میں آئے حضرت عیسےٰ بیت المقدس سے جلیل اور [illegible] ہندوستان اور تبت و کشمیر میں پہنچے۔ اور ہمارے مولےٰ ہمارے سید و سردار محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکہ سے مدینہ میں گئے۔ الغرض تمام انبیاء کی یہی سنت رہی ہے کہ وہ تبلیغ احکام کے لئے متفرق مقامات پر جاتے رہے ہیں اور بعض کو مصر میں مختلف مقامات پر نزول فرمانا پڑا ہے تو کیا یہ امر بعید از خیال ہے کہ مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام مختلف مقامات پر نزول فرمانہ ہونگے ضرور ہونگے اور ضرور ہونگے خواہ بنفس نفیس یا بذریعہ رسولان خود جنکو وہ مختلف مقامات پر برائے تبلیغ یا مباحثہ مقرر فرمائینگے یا بذریعہ کتب و رسائل جن کو وہ لکھکر اطراف عالم میں بھیجینگے یا بذریعہ اپنے جانشینان کے نزول فرمائینگے +

لفظ نزول و لغت عرب

لسان العرب میں لکھا ہے +

اَلنُّزُوْلُ۔ اَلْحُلُوْلُ۔ اُترنا۔ داخل ہونا +

اَلنُّزُلُ۔ اَلضَّیْفُ۔ مہمان +

نَزَلَ اَلْقَوْمُ۔ اَتَوا اَلْقَوْمُ۔ قوم کے لوگ آئے +

لفظ نزول فی تفاسیر

(۱) لَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاہُ۔ اَیْ اِلٰی مَنَازِلِ الْاَبْرَارِ اگر ہم چاہتے تو بلعم باعور کو ابرار علماء کے [illegible] مدارج میں جگہ دیتے۔ دیکھو تفسیر بیضاوی صفحہ ۲۰۰

(۲) لَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاہُ۔ رَفْعَ مَنْزِلَۃٍ۔ اگر ہم چاہتے تو اُس کے مرتبہ کو بڑھاتے دیکھو تفسیر کبیر

(۳) لَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ - اَیْ اِلَی الْمَنَازِلِ الْعَالِیَۃِ الْاَبْرَارِ الْعَالَمِیْنَ - تفسیر کبیر صفحہ ۱۵۸ +

اگر ہم چاہتے تو ہم اُس کو دنیا کے ابرار لوگوں کے بلند مراتب پر جگہ دیتے - دیکھو حاشیہ

اِس تمام تحقیقات سے واضح ہوگیا کہ لفظ نزول روحانی معنے اور نیز سفر میں مقام کرنے کے معنوں میں آتا ہے - پھر مجرد نزول سے مسیح علیہ السلام کا آسمان پر سے اترنا معنے کرنا اور اُسپر زور دینا انصاف اور عقل کے برخلاف ہے +

دسواں باب

اس بارہ میں کہ ابن مریم سے کیا مراد ہے

یہاں پر یہ سوال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ اگر ہم اِن بیس کہ حضرت عیسیٰ کی وفات قرآن وحدیث وغیرہ سے ثابت ہے تو پھر حدیثوں اور دیگر کتب میں جس مسیح کے آنے کا ذکر ہے وہاں عیسیٰ بن مریم یا ابن مریم آیا ہے تو کیونکر تسلیم کیا جائے کہ وہ حضرت عیسےٰ کے کوئی اور شخص ہے - اگر یہ بھی قبول کرلیں کہ کوئی اور شخص ہوگا تو بھی وہ تو اپنے باپ کا ابن کہلائیگا وہ مریم کا ابن کیونکر ہوسکتا ہے صرف مریم کا بیٹا تو سوائے اُسی عیسےٰ کے جو بنی اسرائیل میں ہوا ہے اور کسی پر صادق نہیں آسکتا کیونکہ عیسیٰ کا باپ نہیں تھا اس سے اُسکی ابنیت ماں کی طرف منسوب ہے کیا کہیں آیا ہے کہ ایک اور عیسیٰ بھی مریم کا بیٹا ہوگا اور اُس کا باپ نہیں ہوگا اور اُس کی ماں کا نام مریم ہوگا - لیکن ہم نے کہیں لکھا ہوا نہیں دیکھا کہ کوئی اور مسیح بھی بلا باپ کے پیدا ہوگا - لہذا ضروری ماننا پڑتا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نبی ناصری ہی آئینگے اگر مرگئے ہیں تو کیا ہوا خدا اُسیکو زندہ کردیگا - خدا کی قدرت کے آگے کوئی مشکل نہیں ہے +

وفات کے متعلق تو پہلے بخوبی ثابت ہوچکا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام تو یقیناً فوت ہوگئے

ہیں اور یہ بھی دکھلایا گیا ہے کہ جو مر جاتا ہے بموجب آیت فَيُمْسِكُ الَّتِي قَضَىٰ عَلَيْهَا الْمَوْتَ وہ واپس نہیں آتا — رہا ابن مریم یا عیسےٰ ابن مریم یا عیسیٰ کہ ان سے کیا مراد ہے +

سو واضح ہو کہ یہ ضروری نہیں کہ جہاں ابن مریم آئے وہاں حضرت عیسےٰ علیہ السلام نبی ناصری ہی مراد ہوں کیونکہ دنیا میں سینکڑوں عورتیں ہیں جن کا نام مریم ہوتا ہے اور اُن کی اولاد بھی ہوتی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی مریم کے بیٹے کا نام عیسیٰ بھی ہو۔ کیونکہ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ لوگ اپنی اولاد کا نام عیسیٰ بھی رکھ دیتے ہیں۔ تو کیا جہاں کہیں اتفاق ناموں کا ہو جائے اُس وقت ایسے شخص کو ہم حضرت عیسےٰ ہی سمجھ لیں۔ ہرگز نہیں۔ تو پھر کیونکر احادیث کے لفظوں میں اتنی مشکل پیش آگئی۔ جب ہزارہا لوگ عیسےٰ کے نام سے موسوم ہیں اور ہر ایک شخص جو چاہے اپنے بیٹے کا نام عیسےٰ۔ موسیٰ۔ محمد۔ اسمٰعیل۔ اسحاق رکھ سکتا ہے تو کیا خدا تعالیٰ یا اُس کا رسول کسی شخص کا نام عیسیٰ نہیں رکھ سکتا۔ حالانکہ جب حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ناموں پر غور کرتے ہیں تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ اُن کا نام جو والدین نے رکھا وہ محمد تھا لیکن قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی زبان سے یوں شہادت نقل فرمائی ہے +

وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِنْ بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ

اور جب مریم کے بیٹے عیسےٰ نے کہا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف رسول ہو کر آیا ہوں اور جو توریت تمہارے ہاں موجود ہے اُس کی تصدیق کرتا ہوں اور ایک رسول کی بشارت دیتا ہوں جو میرے بعد آئیگا اور اُس کا نام احمد ہوگا۔ اس آیت سے ہویدا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے اپنے زمانہ کے لوگوں کو بطور پیشگوئی خبر دی ہے کہ ایک پیغمبر میرے بعد آنے والا ہے جسکا نام احمد ہوگا۔ اور یہ امر مسلم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ماں باپ نے محمد رکھا اور چالیس برس تک اپنی قوم میں اسی محمد نام سے مشہور و معروف رہے اور احمد کے نام سے کبھی بھی موسوم نہیں ہوئے۔ گو نبوت کے بعد خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا نام علاوہ محمد کے احمد اور احید اور حاشر اور ماحی۔ ابوالقاسم۔ فاتح۔ اور خاتم۔ عاقب۔ یٰسٓ۔ طٰہٰ۔ وغیرہ بھی ظاہر کئے چنانچہ حدیث ذیل سے اس کی تصدیق ہوتی ہے

طبرانی اور سعید بن منصور حضرت جابر سے یہ روایت بیان کرتے ہیں +

اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ یُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ وَاَنَا الْمَاحِیْ الَّذِیْ یَمْحُو اللّٰہُ بِیَ الْکُفْرَ فَاِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَۃِ کَانَ لِوَاءُ الْحَمْدِ مَعِیْ وَکُنْتُ اِمَامَ الْمُرْسَلِیْنَ وَصَاحِبَ شَفَاعَتِھِمْ رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ وَسَعِیْدُ ابْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ جَابِرٍ +

میں محمدؐ اور احمد اور الحاشر ہوں جس کے قدموں پر لوگ اُٹھائے جائینگے اور میں الماحی ہوں جس کی ذات سے اللہ تعالیٰ کفر کو مٹا دیگا۔ اور جب قیامت کا دن ہوگا تو لواء حمد میرے ساتھ ہوگا اور میں ہی تمام رسولوں کا امام ہونگا اور میں ہی ان سب کا شفیع ہونگا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۶ اور شرح زرقانی علی المواہب صفحہ ۱۳۷ +

اور دوسری حدیث میں ہے

وَرُوِیَ اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِسْمِیْ فِی التَّوْرَاۃِ اَحِیْدُ لِاَنِّیْ اُحِیْدُ اُمَّتِیْ عَنِ النَّارِ وَاِسْمِیْ فِی الزَّبُوْرِ الْمَاحِیْ مَحَا اللّٰہُ بِیَ عِبَادَۃَ الْاَوْثَانِ وَاِسْمِیْ فِی الْاِنْجِیْلِ اَحْمَدُ وَفِی الْقُرْاٰنِ مُحَمَّدٌ لِاَنِّیْ مَحْمُوْدٌ فِیْ اَھْلِ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ +

روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ توریت میں میرا نام احید ہے کیونکہ میں اپنی امت کو نارِ دوزخ سے بچاؤنگا اور میرا نام زبور میں ماحی ہے کیونکہ میری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بت پرستی کا ستیاناس کر دیا ہے اور میرا نام انجیل میں احمد اور قرآن شریف میں محمد ہے کیونکہ میں آسمان والوں اور زمین والوں میں محمود یعنے پسندیدہ ہوں۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۱۶ و شرح زرقانی علی المواہب صفحہ ۱۷۰

ان تمام مختلف ناموں سے ظاہر ہے کہ وقت کے علماء اور ان کتابوں کے ماننے والے حضرت خاتم النبیین پر ایمان نہیں لائے۔ کیونکہ آنحضرت اُن ناموں سے موسوم نہیں تھے بلکہ محمدؐ کے نام سے مشہور و معروف تھے۔ اگر یہ بات صحیح ہے کہ جب تک اُسی نام کا آدمی جس نام سے پہلے کتابوں یا تحریروں میں آچکا ہے ظاہر نہ ہو تب تک دوسرے نام کا مشہور آدمی قابل اقتدا نہیں ہو سکتا تو پھر اُن قوموں کو کیوں کافر اور جہنمی قرار دیا گیا جنہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو نام کے اختلاف کی وجہ سے قبول نہ کیا۔ لیکن یہ مسئلہ بالاتفاق اہل اسلام اور انصاف کے نزدیک مسلّم ہے کہ یہ کوئی ضروری امر نہیں کہ کوئی رسول ضرور اُسی نام سے آئے جو پہلی کسی پیشگوئی میں

چنانچہ نصاریٰ نے حضرت ایلیا کو یحییٰ کے نام پر ہی تسلیم کرلیا اور مسلمانوں نے حضرت محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کو باقی کل ناموں کا مصداق بنالیا تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ حضرت مرزا غلام احمد کو عیسیٰ علیہ السلام یا احمد مہدی نہ تسلیم کرلیا جائے کیونکہ وجہ یہ ہے کہ مامور من اللہ کے کئی نام ہوتے ہیں ایک نام تو زمینی ہوتا ہے جو والدین اُس کی پیدائش کے بعد رکھتے ہیں اور ایک یا ایک سے زاید نام آسمانی بھی ہوتے ہیں۔ جنکا اظہار خود مامور من اللہ کیا کرتا ہے +

چنانچہ شیخ سبحان جمل نے اپنی تفسیر فتوحات الٰہیہ المعروف بہ تفسیر جمل میں زیر آیۃ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ لکھا ہے +

فَاِنْ قُلْتَ کَیْفَ خَصَّ عِیْسٰی اَحْمَدَ بِالذِّکْرِ دُوْنَ مُحَمَّدٍ مَعَ اَنَّهٗۤ اَشْهَرُ اَسْمَآءِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَالْجَوَابُ اَنَّهٗۤ اِنَّمَا خَصَّهٗ بِالذِّکْرِ لِاَنَّهٗ فِی الْاِنْجِیْلِ مُسَمّٰی بِهٰذَا الْاِسْمِ وَلِاَنَّ اِسْمَهٗ فِی السَّمَآءِ اَحْمَدُ فَذَکَّرَ بِاسْمِهِ السَّمَاوِیِّ +

اگر کوئی یہ کہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نے احمد نام کو کیوں خاص کیا اور محمد نام کو کیوں ظاہر نہ کیا حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا پہلے یہی مشہور نام تھا تو اس کا جواب یہ ہے کہ اُس نے اس لئے اس نام کا خصوصاً ذکر کیا کہ انجیل میں صرف آسمانی نام سے خبر دی گئی تھی اور آسمان پر اُن کا نام احمد ہی تھا اور یہی وجہ ہے کہ آسمانی نام ہی کا ذکر کیا گیا۔ دیکھو تفسیر جمل جلد ۴ صفحہ ۳۴۷

ایسا ہی شیخ احمد صاوی مالکی اپنے حاشیہ میں جو جلالین پر لکھا ہے بیان کیا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں وَخَصَّ اَحْمَدَ بِالذِّکْرِ دُوْنَ مُحَمَّدٍ مَعَ اَنَّهٗ اَشْرَفُ اَسْمَآئِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِوُجُوْهٍ اَلْاَوَّلُ کَوْنُهٗ مَذْکُوْرًا فِی الْاِنْجِیْلِ بِهٰذَا الْاِسْمِ الثَّانِیْ کَوْنُهٗ مُسَمّٰی فِی السَّمَآءِ بِهٖ

محمد کا ذکر بجائے احمد کے کیوں خاص کیا گیا حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ناموں میں سے محمد سب سے اشرف نام ہے اس کی کئی وجوہات ہیں۔ ایک تو یہ کہ انجیل میں اسی نام سے مشہور تھے اور دوسری وجہ یہ کہ احمد انکا آسمانی نام تھا اسواسطے اُسکو خصوصیت سے بیان کیا گیا۔ دیکھو حاشیہ صاوی مالکی علے الجلالین جلد ۴ صفحہ ۱۹۵۔ اِن علماء کی تحریر سے واضح ہوگیا کہ بعض بزرگان کے نام آسمان پر اور ہوتے ہیں اور زمینی نام اور ہوتے ہیں +

قرآن میں احمد ابن عبد اللہ نہیں آیا مگر حدیثوں میں عیسیٰ ابن مریم آیا ہے

اسجگہ پھر بھی ایک شبہ ضرور گذر سکتا ہے کہ اور جگہ تو صرف نام آیا ہے مثلاً احمد۔ احمد وغیرہ کوئی باپ یا ماں کے نام سے منسوب نہیں اور یہاں پر تو ابن مریم صریح آیا ہے اس لئے جو مدعی مسیحیت ہو تو اُس کو لازماً مریم کا بیٹا ہونا ضروری ہے۔ سو واضح ہو کہ یہ خیال بھی قابل اقتدا نہیں کیونکہ جہاں ابن کا لفظ آبھی جائے تو بھی یہ ضروری نہیں کہ یہی سمجھا جائے کہ فی الحقیقت اُسکا حقیقی بیٹا ہی مراد ہو قرآن شریف میں ابن السبیل بکثرت مستعمل ہوا ہے جس کے معنے مسافر کے لئے جاتے ہیں۔ کیا کوئی گمان کر سکتا ہے کہ اُس شخص کو جو راہگیر ہو رستہ کا حقیقی بیٹا تصور کر لیا جائے۔ اور یہی مان لیا جائے کہ رستہ ہی نے اُسکو جنا ہے اور ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ اناجیلِ مروجہ میں ابن اللہ کا استعمال ہوا ہے جو ذیل کے بیان سے ظاہر ہے +

کتب سابقہ سے ابن اللہ کا محاورہ

جہاں تک دیکھا گیا ہے یہی ثابت ہوتا ہے کہ کتب سابقہ میں ابن اللہ کا عام رواج ہے مگر بدبخت قوم نصاریٰ نے آنکھیں بند کر کے اور تمام اُن مقامات کو نظر انداز کر کے صرف مسیح علیہ السلام کی نسبت جہاں ابن اللہ کا لفظ آیا ہے اُسکو واقعی حقیقی بیٹا تسلیم کر لیا ہے حالانکہ توریت اور انجیل اسی قسم کے محاورات سے بھرپور ہیں۔ دیکھو خروج باب ۴۔ آیت ۲۲۔ جس میں لکھا ہے "تب تو فرعون کو یوں کہیو خداوند خدا نے یوں فرمایا ہے کہ اسرائیل میرا پلوٹھا بیٹا ہے" +

پھر یرمیاہ باب ۳۱۔ آیت ۹ میں ہے "میں پانیوں کی نہروں کے کناروں پر ایک برابر راہ سے جس میں وے ٹھوکر نہ کھائینگے اُنہیں لیچلونگا کیونکہ میں اسرائیل کا باپ ہوں اور افرائیم میرا بیٹا پلوٹھا ہے"۔ پھر زبور باب ۸۹۔ آیت ۲۷ میں ہے "میں اُسے اپنا پلوٹھا ٹھہراؤنگا" پھر تواریخ ۱۔ باب ۲۲۔ آیت ۹ و ۱۰ میں ہے "دیکھ تجھ سے ایک بیٹا پیدا ہوگا۔ وہ

صاحب صلح ہوگا۔ اور میں اُسے اُسکی چاروں طرف کے سارے دشمنوں سے صلح دونگا کہ سلیمان اُس کا نام ہوگا اور امان اور آرام میں اُس کے دنوں میں اِسرائیل کو بخشونگا وہی میرے نام کے لئے ایک گھر بنا دیگا وہ میرا بیٹا ہوگا"+

پھر زبور باب ۸۱ آیت ۶ میں ہے۔ اس باب میں قاضیوں کو مخاطب کر کے کہا گیا ہے اُور تم سب حق تعالیٰ کے فرزند ہو"+

پھر استثنا باب ۱۴۔ آیت ۱ میں ہے۔ تم (بنی اسرائیل) خداوند اپنے خدا کے بیٹے ہو"+

اِن تمام کتبِ سابقہ سے ثابت ہے کہ ابن اللہ کا عام رواج ہوا اور وہ عموماً نیکوں اور صالحین پر بولا گیا ہے۔ مگر یہ کہیں ثابت نہیں ہوتا کہ بنی اسرائیل وغیرہ نے سچ مچ مان لیا ہو کہ واقعی ہم خدا کے حقیقی بیٹے ہیں یا اُنہوں نے اپنے رسولوں اور نبیوں کو جن کی نسبت وہ لفظ مستعمل ہوا تھا خدا کا حقیقی بیٹا تسلیم کر لیا تھا۔ ہاں ایک بہت تھوڑا گروہ بلکہ معدودے چند آدمی تھے جنہوں نے عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا قرار دیدیا تھا۔ اور وہ صدوقی کہلاتے تھے لیکن اُن کا وجود اب دنیا میں کہیں نہیں +

چنانچہ امام ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

وَالصَّدُّوقِيَّةُ - وَنُسِبُوا إِلَى رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ صَدُوقٌ وَهُمْ يَقُولُونَ مِنْ بَيْنِ سَائِرِ الْيَهُودِ أَنَّ الْعُزَيْرَ هُوَ ابْنُ اللَّهِ تَعَالَى وَكَانُوا بِجِهَةِ الْيَمَنِ +	کہ صدوقی فرقہ کے لوگ جو ایک صدوق نامی شخص کی طرف منسوب ہیں تمام انبیاء یہود میں سے حضرت عزیر علیہ السلام کو کہتے ہیں کہ وہی ایک خدا کا بیٹا تھا اور وہ لوگ یمن کی طرف رہتے تھے

دیکھو کتاب الفصل فی الملل والاہواء النحل جلد اول صفحہ ۹۸ +

رہے عیسائی سو اُن کو اس قسم کی نظیریں توریت شریف ہی کی کافی تھیں۔ مگر اُنہوں نے اِن سے قطعی نظر بند کر لی اور کچھ فائدہ نہیں اُٹھایا لیکن پھر بھی وہ کسی طرح سے معذور نہیں ہو سکتے۔ خود اناجیل میں یہی محاورہ ہے۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۳۔ آیت ۳۷۔ "اے یروشلم جو نبیوں کو مار ڈالتی اور اُنہیں جو تجھ پاس بھیجے گئے پتھراؤ کرتی ہے میں کتنی بار چاہا کہ تیرے لڑکوں کو جس طرح مُرغی اپنے بچوں کو پیروں کے تلے اکٹھے کرتی ہے جمع کروں پر تم نے نہ چاہا"۔ اس آیت میں یروشلم کے رہنے والوں کو یروشلم کے لڑکے کہا گیا ہے +

پھر انجیل لوقا۔ باب ۲۰۔ آیت ۳۱ میں ہے "پھر نہیں مرنے کے کیونکہ وے فرشتوں کی مانند ہیں اور قیامت کے بیٹے ہو کے خدا کے بیٹے ہیں" اس آیت میں لوگوں کو قیامت اور خدا کے بیٹے قرار دیا گیا ہے +

پھر انجیل یوحنا باب ۸۔ ورس ۳۸ میں ہے "میں نے جو کچھ اپنے پاس دیکھا ہے وہی کہتا ہوں اور تم وہ جو تم نے اپنے باپ کے پاس دیکھا ہے کرتے ہو۔ انہوں نے جواب میں اُس سے کہا ہمارا باپ ابراہام ہے یسوع نے انہیں کہا اگر تم ابراہام کے فرزند ہوتے تو تم ابراہام کے سے کام کرتے" +

اِن آیات سے واضح ہے کہ خود مسیح علیہ السلام نے ابن اللہ کی کیفیت حل کر دی کیونکہ جب بنی اسرائیل نے کہا کہ ہم تو ابرام کے بیٹے ہیں وہ بُرے کام نہیں کرتا تھا تو پھر تم ہم کو کیوں کہتے ہو کہ میں نے جو کچھ اپنے باپ کے پاس دیکھا ہے وہی کہتا ہوں اور وہ جو تم نے اپنے باپ کے پاس دیکھا ہے کرتے ہو اسپر حضرت مسیح علیہ السلام نے جواب دیا کہ اگر تم ابراہام کے فرزند ہوتے تو ابراہام کے سے کام کرتے لیکن تم اُس جیسا کام نہیں کرتے۔ اِس لئے تم ابراہام کے فرزند نہیں ہو سکتے۔ اس سے واضح ہے کہ مسیح علیہ السلام نے نیک افعال کی مناسبت سے اپنے آپ کو خدا کا فرزند اور بد افعال اور بدکرداری کی مناسبت کی وجہ سے بنی اسرائیل کو شیطان کا فرزند قرار دیا حالانکہ وہ یقیناً اولادِ ابراہام تھے۔ اگر کوئی شبہ کرے کہ واقعی اُن کو وحی الٰہی سے معلوم ہو گیا ہو گا کہ وہ لوگ اولادِ ابراہام نہیں تھے بلکہ ولد الزنا تھے تو اس کا جواب خود انجیل میں موجود ہے یہی شبہ اُن کم عقل یہودیوں کو پیدا ہوا اور اُنہوں نے حضرت مسیح کی پُر حکمت کلام کو نہ سمجھا۔ چونکہ زمانہ حال کے لوگوں کی طرح اُن کی فطرت بھی متغیر ہو گئی تھی اور وہ علوم دینی سے بالکل محروم ہو چکے تھے اور اُنکی عقلیں بہت موٹی اور بھدی ہو گئی تھیں اِس لئے وہ حضرت مسیح کی اِس پُر اسرار کلام کو نہ سمجھ سکے اور اس پر بول اُٹھے "ہم حرام سے پیدا نہیں ہوئے۔ ہمارا باپ ایک ہے یعنے خدا یسوع نے اُنہیں کہا کہ اگر خدا تمہارا باپ ہوتا تو تم مجھے عزیز جانتے۔ کیونکہ میں آپ سے نہیں آیا پر اُس نے مجھے بھیجا۔ تم میری عبارت کیوں نہیں سمجھتے اِس لئے کہ میرا کلام سُن نہیں سکتے تم اپنے باپ شیطان سے ہو اور چاہتے ہو کہ اپنے باپ کی خواہش کے موافق کرو۔ وہ تو شروع

سے قائل اور سچائی پر ثابت نہیں رہا کیونکہ اُس میں سچائی نہیں۔ دیکھو انجیل یوحنا باب ۸۔ آیات ۴۱ لغایت ۴۴۔ ان آیات سے صاف واضح ہے کہ تکذیب اور شرارت کی وجہ سے یہودیوں کو حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے شیطان کا فرزند کہا اور کھول کر بیان کر دیا کہ اگر تم خدا کے فرزند یعنے اُس کے فرمانبردار ہوتے تو تم مجھے سچا مانتے کیونکہ میں اُسی کی طرف سے آیا اور اُسی کی باتیں یعنے نیک باتیں سُناتا ہوں لیکن تم مجھے جھٹلاتے ہو اور جھٹلانا شیطان کا خاصہ ہے اِس لئے تم شیطان کے فرزند یعنے تابع ہو +

جب توریت اور زبور اور اناجیل سے ثابت ہو گیا کہ ابن اللہ کا محاورہ صرف اعلیٰ نیکی کی مناسبت کی وجہ سے ہے نہ کہ حقیقی بیٹا ہونے کی وجہ سے اور اسی لئے ابن اللہ یا ابناء اللہ آیا ہے ورنہ یہود کو حضرت مسیحؑ کے بیٹے ماننے میں کونسا عذر ہو سکتا تھا جبکہ اُن کی اپنی کتابوں میں ہزاروں لوگ خدا کے بیٹے ثابت ہیں لیکن نہ اُنہوں نے کسی اور شخص کو جن کی نسبت ابن اللہ استعمال ہوا حقیقی بیٹا مانا۔ اور نہ مسیح کو حقیقی بیٹا مانا تو پھر عیسائیوں کو کوئی حق حاصل نہ تھا کہ وہ مسیح کو خدا کا حقیقی بیٹا مان لیتے سو ایسا مان لینا محض اُن لوگوں کی شقاوتِ قلبی ہے ورنہ کوئی ثبوت اُن کے پاس نہیں یہ صرف ایک عام محاورہ تھا جس کو اُنہوں نے نہیں سمجھا اور اسی واسطے گمراہ اور ضالین کہلائے۔ ایسا ہی اس زمانہ کے بعض علماء کی شامتِ اعمال ہے کہ اُنہوں نے عیسائیوں کی طرح ابن مریم کا مسئلہ نہیں سمجھا اور احادیث میں ابن مریم کا لفظ آخری زمانہ کے مصلح و مجدد کے لئے آیا ہے اسکو مریم اسرائیلی کا حقیقی بیٹا تصور کر کے اُسکی آمد کے منتظر ہو رہے ہیں۔ حالانکہ تمام کتبِ سابقہ سے اُس کی کوئی نظیر نہیں ملتی مسلمانوں کو تو اِس مسئلۂ ابن مریم میں سوچ سمجھکر قدم رکھنا چاہیئے تھا کہ وہ یہودیوں کی طرح غلطی نہ کھاتے مگر وہ بھی مجبور تھے خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ آخری زمانہ میں میری اُمت یہودی ہو جائیگی چونکہ وہ بات اُس اصدق الصادقین کی پوری ہونی تھی سو پوری ہو گئی۔ اور ان لوگوں نے خود اپنے ہی ہاتھ سے اِس پیشگوئی کو پورا کر دیا +

اول قرآن کریم سے اِس امر کا ثبوت کہ کسی مناسبت کی وجہ سے ایک کا نام دوسری پر بولا جاتا ہے

علاوہ اس کے جب ہم قرآن شریف کے الفاظ پر غور کرتے ہیں تو اُس میں اکثر یہ محاورہ پاتے ہیں۔ کہ ایک انسان یا ایک قوم کا کسی دوسرے شخص یا قوم کی مناسبت کی وجہ سے یہ نام لے لیا جاتا ہے +

اوّل ایک فرد کی مثال - چنانچہ اللہ تعالیٰ سورہ مریم رکوع ۲ میں فرماتا ہے - یٰۤاُخۡتَ هٰرُوۡنَ مَا كَانَ اَبُوۡكِ اِمۡرَاَ سَوۡءٍ وَّمَا كَانَتۡ اُمُّكِ بَغِيًّا ۔ اے ہارون کی بہن تیرا باپ بُرا نہیں تھا اور نہ تیری ماں بغیہ تھی - اب اس آیت میں یہ امر دیکھنا ہے کہ کیوں اللہ تعالیٰ نے مریم کو ہارون کی بہن کہا حالانکہ کسی تاریخ سے ثابت نہیں کہ حضرت مریم علیہا السلام کا کوئی حقیقی بھائی ہارون نام تھا - بلکہ ہارون حضرت موسیٰ کا ایک بھائی تھا جو نبی تھا لہذا صرف پاک مناسبت کی وجہ سے مریم کو ہارون کی بہن کہا گیا ہے - یہ مثال تو ایک فرد کی ہے کیونکہ مریم بھی اُسی مقدس خاندانِ نبوت میں سے تھی +

دوم ایک جماعت کی مثال - اب ہم ایک قوم کی حماقت کی مثال بیان کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کلام اللہ شریف میں یہود کو مخاطب کر کے فرماتا ہے - وَلَقَدۡ جَآءَكُمۡ مُّوۡسٰى بِالۡبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذۡتُمُ الۡعِجۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ وَاَنۡتُمۡ ظٰلِمُوۡنَ ۝ سورۃ البقرۃ - رکوع ۱۱ - یعنے جب موسیٰ تمہارے پاس کھلے نشانوں کے ساتھ آیا تو پھر بھی تم نے بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم مشرک ہو گئے تھے - اب یہاں قابل غور یہ امر ہے کہ مخاطب اس آیت میں وہ یہود ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھے اور اُن کو کہا جاتا ہے کہ حضرت موسیٰ تمہارے پاس نشان لیکر آئے اور تم اُن نشانات کو دیکھ کر بھی بچھڑے کے پوجاری ہو گئے حالانکہ حضرت موسیٰ کو گذرے ہوئے قریب دو ہزار برس کے ہو چکے تھے - اور حضرت موسیٰ کی موجودگی میں جس قدر یہود تھے اور جنہوں نے بچھڑے کی پوجا کی تھی وہ سب ہلاک ہو چکے تھے پھر کیا وجہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے یہودیوں کو مخاطب کیا گیا کہ تم نے

ایسا کیا اس میں یہی راز ہے کہ اُن کو اُسی مناسبت کی وجہ سے جو انکو رہودیوں کو اُس زمانہ کے یہودیوں سے تھی وہی یہود قرار دیا گیا جو حضرت موسیٰ کے زمانہ میں تھے یعنے جو جو شرارتیں اُس وقت تمہارے آباؤ اجداد میں تھیں وہی اب تم میں موجود ہیں اسی واسطے تم گویا ہُو بہُو وہی یہود ہو۔ الغرض قرآن شریف اس قسم کی مماثلت سے بھرا پڑا ہے ہم اسی پر انتفا کرتے ہیں +

دوم۔ احادیث سے ثبوت کہ ایک کی مناسبت سے دوسرے کو اُسی نام سے پکارا جاتا ہے

جب ہم احادیث پر غور کرتے ہیں تو اُن میں بھی اس قسم کا ثبوت ملتا ہے۔ چنانچہ بخاری مطبوعہ مصر کے صفحہ ۶۰۵ میں حدیث ذیل لکھی ہے۔ جو بڑی طویل ہے اور جس میں ابوسفیان اور ہرقل کے سوالات و جوابات ہیں۔ جب ہرقل اپنی کلام ختم کر چکا تو ابوسفیان کہتا ہے

قَالَ اَبُوْسُفْيَانُ فَلَمَّا قَالَ مَا قَالَ وَفَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ كَثُرَ عِنْدَهُ الصَّخَبُ وَارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ وَاُخْرِجْنَا فَقُلْتُ لِاَصْحَابِيْ حِيْنَ اُخْرِجْنَا لَقَدْ اَمِرَ اَمْرُ ابْنِ اَبِيْ كَبْشَةَ اَنَّهٗ يَخَافُهٗ مَلِكُ بَنِي الْاَصْفَرِ فَمَا زِلْتُ مُوْقِنًا اَنَّهٗ سَيَظْهَرُ حَتّٰى اَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْاِسْلَامَ +

جب ہرقل نے جو کچھ کہنا تھا کہہ چکا اور خط کے پڑھنے سے فارغ ہوا۔ تو اُس کے اُس پاس غل ہوا اور آوازیں بلند ہوئیں۔ اور ہم وہاں سے باہر چلے آئے اور ہم نے اپنے دوستوں کو آنکر کہا کہ آج ابن ابی کبشہ کا کام تو بن گیا کیونکہ اُس سے بنی اصفر کا بادشاہ بھی ڈرتا ہے اور میں ہمیشہ اس بات پر یقین رکھتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور غالب ہونگے۔ یہانتک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے مشرف باسلام کیا +

اِس حدیث سے ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ابن ابی کبشہ کہا گیا ہے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے باپ کا نام عبداللہ تھا بلکہ ابی کبشہ کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دُور کے آباء میں سے بھی ثابت نہیں ہوتا۔ چنانچہ حاشیہ بخاری میں لکھا ہے کہ ابن ابی کبشہ ایک شخص موحد تھا جو عرب جیسے مشرک آباد میں توحید کا قائل تھا اور فرید الدہر ہونے

کی وجہ سے انگشت نما ہو کر بدنام ہو گیا تھا کہ وہ ایسا خراب آدمی ہے کہ ہزاروں معبودوں کی موجودگی میں ایک ذات لایزال کو اپنا معبود قرار دیتا ہے۔ چونکہ اس توحید کے سبب سے وہ ضرب المثل ہو چکا تھا اس لئے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسی ملک میں توحید کا ڈنکا بجایا تو ابوسفیان نے جو اُس وقت تک مشرک سردار قوم اور اسلام کا دشمن تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اسی توحید کی مناسبت کی وجہ سے ابن ابی کبشہ کہدیا تھا +

پس حدیث سے ظاہر ہو گیا کہ عرب میں اور خاصکر قوم قریش میں جس قوم میں خود فخر المرسلین وخاتم النبیین کا نشو ونما ہوا تھا اور جن کی زبان میں قرآن شریف نازل ہوا تھا اسی قسم کی مماثلت کا عام رواج تھا اور ایسے الفاظ برابر وقتاً فوقتاً بولے جاتے تھے +

سوم کلام صوفیا سے اس امر کا ثبوت کہ کسی مناسبت کی وجہ سے ایک کا نام دوسرے پر بولا جاتا ہے

اس کے بعد ہم صوفیا کرام اور بالخصوص مشاہیر اولیاء اللہ کی تحریروں پر غور کرتے ہیں تو وہاں سے بھی یہی ثبوت ملتا ہے۔ جو اوپر بیان ہوا۔ چنانچہ شیخ یعقوب چرخی جو ایک مشہور اولیاء اللہ میں سے ہیں وہ اپنے ایک رسالہ میں جسکا نام رسالہ آسیہ ہے اور جو رسایل ستہ ضروریہ میں شامل ہے اور جو مطبع محبوب المطابع میرٹھ میں طبع ہوا ہے اُس کے صفحہ ۷ میں فرماتے ہیں +

(۱) چوں از بخارا ارتحال افتاد بشہر کش سبز رسیدہ شد وچند وقت آنجا اقامت افتاد۔ خبر وفاتِ ایشاں (یعنے خواجہ نقشبند صاحب) رسید خاطر مجروح ومحزون شد وخوف عظیم مستولی شد کہ نعوذ باللہ مبادا کہ باز بعالم طبیعت میل افتد وداعیہ بطلب نماند روحانیت ایشاں را دیدم کہ زید بن حارثہ را یاد کردند واین آیت را خواندند وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ

یعنے جب بخارا سے روانہ ہو کر شہر کش سبز میں پہنچے اور چند روز تک وہاں قیام کیا تو حضرت خواجہ نقشبند صاحب کی وفات کی خبر پہنچی جس کے سننے سے دل زخمی اور سینہ غمناک ہوا اور ایک بڑا بھاری خوف غالب ہوا کہ خدانخواستہ پھر کہیں طبیعت کا میلان دنیا ودنی کی طرف نہ ہو جائے اور صدق کی طلب کا خیال دل سے مفقود ہو جائے تو کیا

قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ وچوں از صحبتِ ایشاں محروم شدہ بودم میل شد کہ طائفۂ دگر را کہ از دوستاں بودند لاحق شوم و بطریقۂ ایشاں متوجہ شوم باز روحانیتِ ایشاں را دیدم کہ میگوید قَالَ زَيْدُ ابْنُ الْحَارِثَةَ اَلدِّيْنُ وَاحِدٌ دانستم کہ اجازت نیست و از میانِ صحابہ زید بن حارثہ را تخصیص کردند زیرا کہ زید داعیٔ حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یعنے پسر خواندۂ رسول بود صلعم حضرت خواجگانِ ماقدس اللہ ارواحہم طالبان را بفرزندی قبول میکنند +

دیکھتا ہوں کہ حضرت پیر و مرشد کی روح زید بن حارثہ کو یاد کرتی ہے اور یہ آیۃ پڑھتی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک رسول تھے اور کل پیغمبر اُس سے پہلے مر چکے اگر یہ رسول بھی مر جائے یا قتل کیا جائے تو کیا تم دین سے مرتد ہو جاؤ گے یا جب اُن کی وفات کے سبب سے میں اُن کی صحبت سے محروم ہو گیا تو رغبت پیدا ہوئی کہ کسی دوسرے طائفہ بزرگان کی خدمت میں حاضر ہو کر اُن کے طریق کی طرف متوجہ ہو جاؤں تو پھر اُن کی روحانیت کو دیکھا کہ کہتی ہے زید بن حارثہ دین تو ایک ہی ہے تب مجھے جانا کہ مجھے کسی اور جگہ جانے کی اجازت نہیں۔ اور صحابہ میں سے زید بن حارثہ کو اس لئے مخصوص کر لیا کہ وہ حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے منہ بولے بیٹے تھے اور ہمارے حضرت خواجگان جن کی روح کو اللہ تعالیٰ پاک اور مطہر کرے اپنے طالبوں کو بھی فرزندوں میں شمار کرتے ہیں۔ اس تمام بیان سے واضح ہے کہ اولیاء اللہ کے کلام میں بھی اس مماثلت کا محاورہ ہے جیسے کہ تم نے ابھی پڑھ لیا کہ خواجہ نقشبند صاحب اپنے مرید شیخ یعقوب چرخی کو جو وہ بھی مشائخ مشاہیر سے ہیں زید بن حارثہ کر کے پکارتے ہیں حالانکہ اُن کا نام یعقوب اور باپ کا نام اور تھا اور نہ زید بن حارثہ سے شیخ موصوف کا کوئی رشتہ تھا صرف تبنیت کی وجہ سے مماثلت قایم ہوئی یعنے جیسے زید بن حارثہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منہ بولا بیٹا تھا تو بھی میرے لئے منہ بولا بیٹا ہے یعنے تو بھی میرے لئے زید بن حارثہ ہے +

(۲) علاوہ ان کے شاہ نیاز احمد بریلوی جو ایک بزرگ ہوئے ہیں وہ اپنے دیوان میں فرماتے ہیں شعر۔ احمد ہاشمی منم عیسیٰ مریم منم + من نہ منم نہ من من ام۔ یعنے احمد ہاشمی بھی میں ہوں اور مریم کا بیٹا عیسیٰ بھی میں ہوں نہ خود میں ہوں اور نہ میں میں ہوں اس شعر سے واضح ہے کہ حضرت شاہ نیاز احمد بریلوی اپنے آپ کو احمد ہاشمی اور عیسیٰ بن مریم

کہتے ہیں اور کسی نے اُن کو کفر کا فتویٰ نہیں لگایا اور اُن کی بات پر تاویل کر لی گئی +
(۳) اسی طرح خواجہ معین الدین چشتی اپنے دیوان میں فرماتے ہیں۔
دمبدم روح القدس اندر معینی میدمد + من نبی ام من عیسیٰ ثانی شدم + ہر دم معین الدین میں روح القدس پھُنکتا ہے۔ میں نہیں جانتا شاید میں عیسیٰ ثانی ہوں + دیکھو دیوان خواجہ معین الدین چشتی صفحہ ۱۲

اِن تمام واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کلام اہل عرب کے کلام اولیاء اللہ کے کلام میں ایک شخص کا نام معہ باپ کے نام وغیرہ کے آتا ہے مگر پھر بھی وہ ایک دوسرے شخص پر لگایا جاتا ہے کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ کلام اللہ یا حدیثِ رسول اللہ یا کلام اولیاء اللہ میں خلاف بیانی ہے ہرگز نہیں بلکہ یہ امر مسلم ہے کہ ایک شخص کے اخلاق یا صفات یا کسی مشابہت جسمانی یا روحانی کی وجہ سے دوسرے شخص کو جو اُس اول الذکر کی کسی پہلو میں مشارکت صفاتی یا مشابہتِ جسمانی یا روحانی پائی جاتی ہو اُسی نام سے پکارا جاتا ہے مثلاً جالینوس جو ایک بڑا حکیم گذرا ہے اگر اس زمانہ میں کوئی حکمت کے سبب سے شہرۂ آفاق ہو جائے تو اُسکو بھی جالینوس زمان کہتے ہیں یا اگر کوئی بہادری میں مشہور ہو جائے تو اُسکو شیر کہنے لگ جاتے ہیں۔ یا کسی میں کوئی شرارت کا مادہ زوروں پر ہو تو اُسکو شیطان یا شیطان کا بچہ کہتے ہیں۔ اور جس میں تکبر اور غرور کا مادہ ہو اُسکو فرعون یا فرعون زادہ کہنے لگ جاتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ جبکہ تمام علوم متعارفہ و کلامِ عوام میں یہ باتیں مسلم الثبوت بلکہ عین مسلماتِ قومی کے طابق ہیں تو پھر غلام احمدؑ کا عیسیٰ نام ہونے میں کونسا استبعاد ہے اور کونسی خلاف ورزی ہے

یہاں پر یہ بات یاد رہے کہ علمِ بلاغت میں یہ عام قاعدہ ہے کہ جہاں مشابہتِ تامہ مقصود ہوتی ہے وہاں مثل یا مانند یا مثیل یا منزلت یا شبیہہ یا کافِ تشبیہ کی ضرورت نہیں ہوتی اور جہاں مشابہت ناقصہ مراد ہوتی ہے وہاں اس قسم کے حروف آجایا کرتے ہیں۔ گو ہم اوپر مثالیں بیان کر چکے ہیں لیکن ہم وضاحت کے لئے کچھ آیاتِ قرآنی اور چند احادیثِ رسول اللہ اور اقوالِ صوفیا بھی درج کر دیتے ہیں تاکہ ناظرین کی معلومات میں ایک وسعت ہو جائے اور کوئی شک و شبہ نہ رہے اور یہ واضح ہو جائے کہ صرف حضرت مسیح موعود کی نسبت ایسا لفظ نہیں بولا گیا بلکہ کثیر التعداد لوگ ہیں جن کو کسی رسول یا نبی وغیرہ سے منسوب کیا گیا ہے +
اول ہم مشابہت ناقصہ کی چند نظیریں درج کرتے ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں:۔

اول۔ امثلہ مشابہتِ ناقصہ از قرآن

(۱) ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ط سورۃ التحریم رکوع ۲ پارہ ۲۸ +

اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کو جو کافر ہیں نوح اور لوط کی بیویوں سے مشابہت دی ہے اور خدا فرماتا ہے کہ وہ دونوں ہمارے نیک بندوں کی نکاح میں تھیں مگر اُنہوں نے خیانت کی اور کسی چیز نے اُن کو خدا تعالیٰ کے عذاب سے نہ بچایا بلکہ اُن کو کہا گیا کہ جاؤ دوزخ میں اوروں کے ساتھ داخل ہو جاؤ +

(۲) وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اور اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کو جو مومن ہیں فرعون کی بیوی کی مانند بیان کیا ہے جبکہ اُس نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے میرے رب میرا گھر اپنے ہاں جنت میں بنا اور مجھ کو فرعون اور اُس کی ظالم قوم سے نجات بخش

(۳) وَضَرَبَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِيْ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝

اور اللہ نے مومنوں کو مریم بنت عمران کی مثل بیان کیا ہے جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی تھی اور ہم نے اُس میں روح پھونکی تھی اور جس نے اپنے رب کے کلمات اور کتابوں کو سچ کر دکھایا تھا اور وہ فرمانبردار تھی۔ دیکھو سورۃ التحریم رکوع ۳ پارہ ۲۸

اِن آیات سے روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ کافروں کو نوح اور لوط کی بیوی کہا گیا ہے اور مومنوں کو آسیہ زوجہ فرعون اور مریم بنت عمران بتایا ہے جس سے ظاہر ہے کہ بدوں کو اُن کی بدی کے سبب باہم مماثلت ہے اور نیکوں کو اُن کی نیکی کی وجہ سے باہم مناسبت قرار دی گئی ہے حتّٰی کہ کل مومنوں کو مریم کہا گیا ہے۔ اِس لئے ہر نیک آدمی کی اولاد ابنِ مریم ہے

دوم ۔ امثلہ مشابہتِ ناقصہ از احادیث

(۱) بَلْ اُخْبِرُکُمَا بِمِثْلِکُمَا فِی الْمَلٰئِکَۃِ بِمِثْلِکُمَا فِی الْاَنْبِیَاءِ مِثْلُکَ یَا اَبَا بَکْرٍ فِی الْمَلٰئِکَۃِ کَمِثْلِ مِیْکَائِیْلَ تَنْزِلُ بِالرَّحْمَۃِ وَمِثْلُکَ فِی الْاَنْبِیَاءِ کَمَثَلِ اِبْرَاھِیْمَ اِذْ کَذَّبَہٗ قَوْمُہٗ وَصَنَعُوْا بِہٖ مَا صَنَعُوْا قَالَ فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّہٗ مِنِّیْ وَمَنْ عَصَانِیْ فَاِنَّکَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ وَمِثْلُکَ یَا عُمَرُ فِی الْمَلٰئِکَۃِ کَمِثْلِ جِبْرِیْلَ یَنْزِلُ بِالشِّدَّۃِ وَالْبَأْسِ وَالنِّقْمَۃِ عَلٰی اَعْدَاءِ اللّٰہِ وَمِثْلُکَ فِی الْاَنْبِیَاءِ کَمِثْلِ نُوْحٍ اِذْ قَالَ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَی الْاَرْضِ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ دَیَّارًا رَوَاہُ ابْنُ عَدِیٍّ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ فِیْ فَضَائِلِ الصَّحَابَۃِ وَابْنُ عَسَاکِرَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ +

یعنے ابن عدی نے کامل ابن عدی میں اور ابونعیم نے فضائل الصحابہ میں اور ابن عساکر نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوبکر اور عمر کیا تمہیں خبر نہ دوں کہ تمہاری مماثلت فرشتوں اور انبیاء سے کیا ہے۔ اے ابوبکر تو فرشتوں میں تو میکائیل فرشتہ کا مثیل ہے جو اللہ تعالیٰ کی رحمت لیکر نازل ہوتا ہے اور انبیاء میں تیری مماثلت ابراہیم علیہ السلام سے ہے جب اُس کی قوم نے اُس کی تکذیب کی اور کیا جو کچھ کیا تو ابراہیم نے کہا کہ جس نے میری پیروی کی وہ مجھ سے ہے اور جس نے میری نافرمانی کی تو غفور اور رحیم ہے جسے چاہے بخشے اور جس پر چاہے رحم کرے اور اے عمر تو فرشتوں میں سے جبریل کا مثیل ہے جو شدت اور بأس اور نقمت کے ساتھ دشمنانِ خدا پر ٹوٹ پڑتا ہے اور انبیاء میں تو نوح کا مثیل ہے جس نے کہا تھا کہ اے میرے رب تو زمین پر کسی کافر کا گھر نہ چھوڑ دے سب کو تباہ و برباد کر دے دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۴۴ +

(۲) فتوحات مکی میں ہے :-

رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ عُلَمَاءُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ کَاَنْبِیَاءِ سَائِرِ الْاُمَمِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت کے علماء تمام امتوں کے انبیاء کی مانند ہیں اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ بنی اسرائیل کے نبیوں کی مانند ہیں۔ دیکھو فتوحات مکی جلد اول صفحہ ۵۷۰ +

(۳) پھر ایک حدیث میں اس سے بھی زیادہ مشابہت انبیاء ثابت ہوتی ہے جو حسب ذیل ہے:-

مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ فِيْ حُلَّتِهٖ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ فِيْ سَمَاحَتِهٖ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى نُوْحٍ فِيْ شِدَّتِهٖ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى عُمَرَ فِيْ شَجَاعَتِهٖ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى اِدْرِيْسَ فِيْ رَفْعَتِهٖ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى عُثْمَانَ فِيْ رَحْمَتِهٖ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا فِيْ جِهَادَتِهٖ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى عَلِيٍّ فِيْ طَهَارَتِهٖ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرٍ عَنْ اَنَسٍ +

ابن عساکر نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ابراہیم کو بحالتِ خُلت دیکھنا پسند کرتا ہے تو چاہیے کہ ابو بکر کو بحالتِ نرمی دیکھ لے اور جو شخص نوح کو بحالتِ شدت دیکھنا پسند کرتا ہے وہ عمر کو شجاعت میں دیکھ لے اور جو ادریس کو رفعتِ مرتبت میں دیکھنا چاہے وہ عثمان کو رحمت میں بھرپور دیکھے اور جو یحییٰ بن زکریا کو مجاہدات میں دیکھنا چاہے وہ علی کو طہارت میں منظور دیکھے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۶۱ +

اِن احادیث متذکرہ بالا سے ظاہر ہے کہ حضرت ابو بکر کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اور حضرت عمر کو حضرت نوح علیہ السلام کا اور حضرت عثمان کو حضرت ادریس علیہ السلام کا اور حضرت علی کو حضرت یحییٰ بن زکریا علیہ السلام کا مثیل قرار دیا گیا ہے جن وجوہ سے اصحاب متذکرہ بالا ابراہیم اور نوح اور ادریس اور یحییٰ ہو گئے۔ کیا مرزا غلام احمد اُن وجوہ سے عیسےٰ بن مریم نہیں ہو سکتا فَتَدَبَّرُوْا يَا عُلَمَاءَ الزَّمَانِ +

(۴) پھر ایک حدیث میں ہے

دَحْيَةُ الْكَلْبِيُّ يُشْبِهُ جِبْرِيْلَ وَعُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدِ الثَّقَفِيُّ يُشْبِهُ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ وَعَبْدُ الْعُزّٰى يُشْبِهُ الدَّجَّالَ رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ مُرْسَلًا

ابن سعد شعبی سے روایت کرتے ہیں کہ دحیہ کلبی جبرئیل کی مشابہ ہے اور عُروۃ بن مسعود ثقفی عیسےٰ بن مریم کے مشابہ اور عبد العزیٰ دجال کے مشابہ ہے دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۶۱

(۵) پھر پانچویں حدیث میں حضرت علی کی نسبت آیا ہے +

يَا عَلِيُّ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ عَنْ سَعْدٍ

مسلم اور ترمذی نے سعد سے اور ابن ماجہ اور ترمذی نے جابر سے اور احمد بن حنبل اور بیہقی نے سعید سے اور ابو بکر مطیری نے اپنی کتاب

وَابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ عَنْ جَابِرٍ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَالْبَيْهَقِيُّ عَنْ سَعْدٍ وَاَبُوْ بَكْرٍ الْمُطَيْرِيُّ فِيْ جُزْئِهٖ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ +

جزیہ میں ابی سعید سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی کیا تو خوش نہیں کہ تیری منزلت میرے ساتھ ایسی ہے جیسے ہارون کی موسیٰ سے تھی صرف فرق اتنا ہے کہ تو میرے بعد نبی نہیں ہے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۵۲ +

(۶) چھٹی حدیث میں آیا ہے۔ مَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا لَهٗ نَظِيْرٌ مِنْ اُمَّتِيْ وَاَبُوْ بَكْرٍ نَظِيْرُ اِبْرَاهِيْمَ وَعُمَرُ نَظِيْرُ مُوْسٰى وَعُثْمَانُ نَظِيْرُ هَارُوْنَ وَعَلِيُّ بْنُ طَالِبٍ نَظِيْرِيْ وَمَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى اَبِيْ ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ عَنْ اَنَسٍ +

ابن عساکر انس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس قدر انبیا گذرے ہیں اُن میں سے ہر ایک کا کوئی نہ کوئی نظیر یعنے مثیل میری اُمت میں سے ضرور ہوتا ہے۔ ابوبکر ابراہیم علیہ السلام کا مثیل اور عمر حضرت موسےٰ علیہ السلام کا اور علی بن طالب میرا نظیر ہے اور جو شخص حضرت عیسےٰ علیہ السلام کو دیکھنا چاہے تو وہ ابوذر غفاری کو دیکھ لے۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۹۳ +

اِن احادیث سے کامل طور سے واضح ہو گیا کہ اِس اُمت کے لوگ گذشتہ نبیوں کے مثیل ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہینگے۔ پس صاف معلوم ہو گیا کہ جس مسیح کے آنے کا ذکر ہے وہ بھی مثیل ہی ہے اور وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مثیل ہے +

(۷) پھر ابن حبان اپنی تاریخ میں ابوہریرہ سے روایت بیان کرتے ہیں +

لَنْ تَخْلُوَ الْاَرْضُ مِنْ ثَلٰثِيْنَ مِثْلِ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ بِهِمْ تُغَاثُوْنَ وَبِهِمْ تُرْزَقُوْنَ وَبِهِمْ تُمْطَرُوْنَ +

ابراہیم خلیل الرحمٰن کی سے تیس آدمی برابر زمین میں موجود رہتے ہیں اور زمین کسی وقت بھی اُن سے خالی نہیں رہتی کیونکہ اُنہی کی وجہ سے دعائیں قبول ہوتیں اور اُنہی کی وجہ سے رزق ملتا اور اُنہی کی وجہ سے بارش ہوتی ہے دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲۰۳۔ اس حدیث سے ظاہر ہے کہ انبیاء کے مثیل ضرور دنیا میں رہتے ہیں +

(۸) اس سے واضح تر وہ حدیث ہے جو ابونعیم اپنی حلیہ میں اور ابن عساکر اپنی کتاب

ہیں لکھے ہیں +

اَنَّ لِلّٰہِ فِی الْخَلْقِ ثَلٰثَ مِائَۃِ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ اٰدَمَ وَلِلّٰہِ فِی الْخَلْقِ اَرْبَعُوْنَ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ مُوْسٰی وَلِلّٰہِ فِی الْخَلْقِ سَبْعَۃٌ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ اِبْرَاھِیْمَ وَلِلّٰہِ فِی الْخَلْقِ خَمْسَۃٌ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ جِبْرِیْلَ وَثَلٰثَۃٌ فِی الْخَلْقِ ثَلٰثَۃٌ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ مِیْکَائِیْلَ وَلِلّٰہِ فِی الْخَلْقِ وَاحِدٌ قَلْبُہٗ عَلٰی قَلْبِ اِسْرَافِیْلَ فَاِذَا مَاتَ الْوَاحِدُ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الثَّلٰثَۃِ وَاِذَا مَاتَ مِنَ الثَّلٰثَۃِ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الْخَمْسَۃِ وَاِذَا مَاتَ مِنَ الْخَمْسَۃِ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ السَّبْعَۃِ وَاِذَا مَاتَ مِنَ السَّبْعَۃِ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الْاَرْبَعِیْنَ وَاِذَا مَاتَ مِنَ الْاَرْبَعِیْنَ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الثَّلٰثِ مِائَۃِ وَاِذَا مَاتَ مِنَ الثَّلٰثِ مِائَۃِ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الْعَامَّۃِ فَبِھِمْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَیُمْطِرُ وَیُنْبِتُ وَیَدْفَعُ الْبَلَاءَ رَوَاہُ اَبُوْنُعَیْمٍ فِیْ حِلْیَۃٍ وَابْنُ عَسَاکِرَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ +

اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں تین سو آدمی ایسے ہیں جن کا قلب حضرت آدم کے قلب پر ہوتا ہے اور چالیس ایسے ہیں جن کے قلب موسےٰ کے قلب پر اور سات ایسے ہیں جن کے قلب ابراہیم کے قلب پر اور پانچ ایسے ہیں جن کے قلب جبرئیل کے قلب پر اور تین میکائیل کے قلب پر ہوتے ہیں اور ایک اسرافیل کے قلب پر ہوتا ہے جب ایک مرجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ بجائے اُس کے تین میں سے ایک کو قائم کردیتا ہے اور جب تین میں سے کوئی مرتا ہے تو بجائے اُس کے پانچ میں سے ایک کو کھڑا کرتا ہے اور جب پانچ میں سے کوئی مرتا ہے تو سات میں سے ایک کو اُس کا قایم مقام کردیتا ہے اور جب سات میں سے کوئی مرتا ہے تو چالیس میں سے ایک کو اُس کا قایم مقام بنا دیتا ہے اور جب چالیس میں سے کوئی مرتا ہے تو تین سو میں سے کوئی اُس کی جگہ کیا جاتا ہے اور جب تین سو میں سے کوئی مرتا ہے تو عوام میں سے کسی کو اُسکی جا بجا کیا جاتا ہے۔ اور انہی وجہوں کی طفیل زندگی اور موت اور باران و روئیدگی ہوتی اور دفع بلا ہوتی ہے دیکھو کنز العمال جلد ۶ ص ۲۳۹

اِس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ بہت سے مثیل پیغمبران و فرشتگان صفحہ دنیا پر ہمیشہ رہتے ہیں اور اُن کے قائم مقام بھی مخلوقات میں سے ہوتے رہتے ہیں۔ پھر حضرت مرزا صاحب کو مسیح وغیرہ انبیاء کے قلب پر ماننے سے کونسا استبعاد لازم آتا ہے +

پھر امر تو ان احادیث نبی اللہ سے روز روشن کی طرح ثابت ہو گیا کہ کسی نبی سے کسی مناسبت کی وجہ سے مشابہت رکھنے والا شخص اُس نبی کا مثیل ہوتا ہے جب خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہو گیا کہ اس امت میں ہمیشہ مثیل انبیا ہوتے ہیں تو حضرت مرزا غلام احمد صاحب کے مثیل مسیح ہونے میں کیوں شک یا انکار کیا جاتا ہے۔ جب یہ صورت ہے تو پھر اس کا انکار کرنا کیوں خالی از مواخذہ نہ ہوگا؟ ضرور ہوگا۔ اے علماء وقت غور کرو اور فکر کرو۔ پیشتر اسکے کہ دست تاسف ملو +

سوم مشابہت تامہ کی مثالیں قرآن کریم سے

رہی مشابہت تامہ کی مثالیں سو ہمارے نزدیک قرآن شریف کی یہ آیت کافی ہے

(۱) یَا اُخْتَ هَارُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ اِمْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ۔ سورہ مریم رکوع ۲

اے ہارون کی بہن تیرا باپ بُرا آدمی نہیں تھا اور نہ تیری ماں بغیہ تھی +

یہاں پر مثل اُخت ہارون وغیرہ نہیں کہا بلکہ اُخت ہارون کہا جس سے مشابہت تامہ مراد ہے۔ حالانکہ ہارون مریم کا حقیقی بھائی نہ تھا بلکہ اس وجہ سے اُخت ہارون کہا کہ جیسے تو خاندان نبوت میں سے ہے ویسا ہی ہارون خاندان نبوت میں سے تھا۔ اس مناسبت سے گویا تو ہارون کی حقیقی بہن ہے جیسے ہارون پاک باز تھا تو بھی پاکباز ہے +

(۲) یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ

اے بنی اسرائیل میری اُس نعمت کو یاد کرو جو میں نے تم کو بطور انعام دی تھی اور میں نے تم کو بہت سے جہانوں پر فضیلت بخشی تھی۔ دیکھو سورۃ البقرہ رکوع ۵۔ اس آیت میں حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے یہود کو مخاطب کر کے کہا گیا ہے کہ ہم نے تم کو تمام جہانیوں پر فضیلت دی تھی۔ حالانکہ مراد اُن بنی اسرائیل سے ہے جو حضرت موسیٰ اور اُس کے بعد کے انبیاء کے وقت ہوئے ہیں جنکو گذرے ہوئے صدیاں گذر چکی تھیں مگر چونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے یہود کو زمانہ ماسبق کے یہود سے کامل مشابہت تھی اس لئے ان کو بھی وہی بنی اسرائیل کہا گیا +

(۳) وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ۔ اور جب ہم نے تم کو آل فرعون سے نجات دی۔

دیکھو سورۃ البقرہ رکوع ۵- اس آیت میں بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کے بنی اسرائیل مراد ہیں مگر مخاطب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کے بنی اسرائیل ہیں چونکہ انمیں بھی وہی مشابہت تامہ تھی اسی لئے اِن کو بجنسہ وہی بنی اسرائیل کہا گیا جو گذشتہ زمانہ میں تھے +

قرآن شریف تو اس قسم کی مثالوں سے بھرا ہوا ہے ہم نے صرف انہی امثلہ پر کفایت کی ہے یہی وجہ ہے کہ احادیث میں ابن مریم کے ساتھ کوئی علامت منجملہ علاماتِ مشابہتِ ناقصہ نہیں آئیں ورنہ افصح الفصحاء و ابلغ البلغاء کی کلام میں نقص وارد ہوتا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام تمام نقصانات سے پاک ہے لہذا لازماً ماننا پڑیگا کہ آخری زمانہ کا مسیح موعود حضرت مسیح ناصری سے مناسبت و مشابہت تامہ رکھنے والا ہوگا اسی واسطے علاماتِ ناقصہ ساتھ نہیں آئیں +

چہارم مماثلت و مشابہتِ تامہ کی مثالیں احادیث سے

اب ہم احادیث سے مماثلتِ تامہ کی مثالیں پیش کرتے ہیں +

(۱) مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى تَوَاضُعِ عِيْسٰى فَلْيَنْظُرْ اِلٰى اَبِىْ ذَرٍّ رَوَاهُ اَبُوْ يَعْلٰى فِىْ مُسْنَدِهٖ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ +

ابو یعلیٰ اپنی مسند میں ابو ہریرہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ جو شخص تواضع کی جہت سے عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھنا چاہے تو ابوذر غفاری کو دیکھے - دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۶۹ +

(۲) مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَى الْمَسِيْحِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ اِلٰى بِرِّهٖ وَصِدْقِهٖ وَجِدِّهٖ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى اَبِىْ ذَرٍّ رَوَاهُ الطَّبَرَانِىُّ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ +

جو شخص کہ یہہ پسند کرتا ہے کہ وہ مسیح عیسیٰ بن مریم کو اُسکی نیکی اور سچائی اور بزرگی کی جہت سے دیکھے اُسکو چاہئے ابوذر غفاری کو دیکھے - دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۶۹ +

اِن احادیث میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر غفاری کو نیکی اور دیگر اخلاقِ فاضلہ کی وجہ سے جن سے مسیح علیہ السلام موصوف تھے حضرت عیسےٰ بن مریم کہا ہے گویا ایسی مشابہتِ تامہ ہے کہ ابوذر کی زیارت کرنا عین عیسیٰ علیہ السلام کی زیارت

کرنا ہے +

(۳) مَنْ آذَی عَلِیًّا فَقَدْ آذَانِیْ
رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْحَاکِمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شَاشِیْ

احمد بن حنبل اور حاکم نے عمرو بن شاشی سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے علی کو دکھ دیا اُس نے مجھے دکھ دیا۔ دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۱۵۲ اس حدیث سے واضح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کی نسبت فرمایا کہ وہ مجھ سے مماثلت تامہ رکھتا ہے +

ثبوتِ بروز از کتبِ توریت و انجیل

ماسوا اس کے اِس بروز کا ذکر توریت و انجیل میں بھی ہے چنانچہ کتاب استثنا باب ۳۴ درس ۹ میں ہے کہ یوشع بن نون میں حضرت موسیٰ کی روح آگئی یعنے روحانی خواص اُس میں آگئے تھے۔ اور گنتی باب ۲۸ درس ۲۰ میں بھی اس کی تصدیق ہوئی ہے +

پھر انجیل متی باب ۱۷ درس ۱۰-۱۱-۱۲ میں ہے "اور اُس کے شاگردوں نے اُس سے پوچھا پھر فقیہہ کیوں کہتے ہیں کہ پہلے الیاس کا آنا ضروری ہے۔ یسوع نے اُنہیں جواب دیا کہ الیاس البتہ پہلے آویگا اور سب چیزوں کا بندوبست کریگا۔ پر میں تم سے کہتا ہوں کہ الیاس تو آچکا لیکن اُنہوں نے اُسکو نہیں پہچانا"

پھر متی باب ۱۱ آیت ۱۳ و ۱۴ میں لکھا ہے "کیونکہ سب نبی اور توریت نے یوحنا کے وقت تک آگے کی خبر دی اور الیاس جو آنے والا تھا یہی ہے چاہو تو قبول کرو جس کسی کے کان سُننے کے ہوں سُنے" +

پھر انجیل مرقس باب ۹ درس ۱۱ سے ۱۳ تک لکھا ہے "پھر اُنہوں نے اُس سے کہا اور پوچھا کہ فقیہہ کیوں کہتے ہیں کہ پہلے الیاس کا آنا ضرور ہے۔ اُس نے جواب میں اُنہیں کہا کہ الیاس تو پہلے آتا ہے اور سب کچھ بحال کرتا ہے اور ابن آدم کے حق میں بھی۔ کیونکہ لکھا ہے کہ وہ بہت سا رنج اُٹھاویگا اور حقیر کیا جائیگا لیکن میں تم سے کہتا ہوں کہ الیاس تو آچکا ہے اور جیسا اُس کے حق میں لکھا گیا تھا اُنہوں نے جو کچھ چاہا اُس کے ساتھ کیا +

اِن اناجیل کی آیات متذکرہ بالا سے ثابت ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے بتادیا کہ

بیشک مجھ سے پہلے الیاس کے آنے کی خبر دی گئی ہے لیکن فقیہوں نے نہیں سمجھا وہ تو آگیا اور وہ یوحنا یعنے یحییٰ ابن زکریا ہے۔ موسیٰ کے لئے حضرت مسیح کے اس فیصلہ پر ایمان لانا ہی کافی تھا کیونکہ ایک اولوالعزم پیغمبر نے فیصلہ دیدیا تھا لیکن ہم دکھاتے ہیں کہ صرف تاویل ہی نہیں کی گئی بلکہ صاف الفاظ میں لکھا ہے کہ یوحنا الیاس کی قوت اور طبیعت پر ہوگا۔ چنانچہ انجیل لوقا باب اول ورس ۱۳ سے ۱۷ تک لکھا ہے پر فرشتے نے اُس سے کہا کہ اے زکریا مت ڈر کہ تیری دُعا سُنی گئی اور تیری جورو الیسبات تیرے لئے ایک بیٹا جنیگی تو اُس کا نام یوحنا رکھنا اور تجھے خوشی و خرمی ہوگی اور بہتیرے اُس کی پیدائش سے خوش ہونگے کیونکہ وہ خداوند کے حضور بزرگ ہوگا اور نہ مے اور نہ کوئی نشہ پیگا اور اپنی ماں کے پیٹ ہی سے روح قدس سے بھر جائیگا اور بنی اسرائیل میں سے بہتوں کو اُن کے خداوند خدا کی طرف پھیریگا اور وہ اُس کے آگے الیاس کی طبیعت اور قوت کے ساتھ چلیگا" اس بیان سے صاف واضح ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتہ کے ذریعہ پہلے ہی سے خبر دیدی تھی کہ حضرت یحییٰ یعنے یوحنا الیاس کا مثیل ہوگا۔ اب بھی کچھ شک رہ سکتا ہے لیکن پٹیالہ کے ایک نامی رسالہ باز کی عقل و فہم پر سخت تعجب اور حیرت آتی ہے کہ براہ دھوکہ بازی لوگوں کو یہ مغالطہ دیتا ہے کہ یہ قصہ ہی سارا خود ساختہ اور غلط ہے۔ کیونکہ جب لوگوں نے حضرت یوحنا سے پوچھا کہ تو الیاس ہے تو وہ انکاری ہوئے کہ میں الیاس نہیں ہوں۔ اور اُدھر حضرت عیسےٰ کہتے ہیں کہ وہی یوحنا ایلیا یعنے الیاس ہے یہ اختلاف ہے دونوں نبی جھوٹ نہیں بولتے اس لئے حضرت عیسیٰ کا فیصلہ خود حضرت کا کلام نہیں ہے بلکہ انجیل والوں نے اپنی طرف سے یہ بات بنالی ہے۔ خوب چشم ما روشن دل ما شاد یہی بات ہم تسلیم کر لیتے ہیں لیکن مشکل تو یہ ہے کہ آیا فی الحقیقت یہودی بھی حضرت الیاس کی آمد کے منتظر تھے کہ نہیں اگر ثابت ہوجائے کہ وہ ضرور منتظر تھے اور اناجیل سے پہلے کتابوں میں پیشگوئی تھی تو پھر دانستہ لوگوں کو مغالطہ میں ڈالنا دیانت اور امانت کے خلاف ہے۔ ہم پہلے یہاں پر انجیل سے ماقبل کتاب یعنے ملاکی نبی کی کتاب میں یہ پیشگوئی دکھاتے ہیں "دیکھو خداوند کے بزرگ اور ہولناک دن کے آنے سے پیشتر میں الیاہ نبی کو تمہارے پاس بھیجونگا" دیکھو ملاکی نبی کی کتاب باب ۴ ورس ۵۔ اس سے پہلے ملاکی باب ۳ ورس ایک میں ہے "دیکھو میں اپنے رسول کو بھیجونگا اور وہ میرے آگے میری

راہ کو درست کریگا" ان آیتوں سے ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل کو پہلے ہی سے خبر دی گئی تھی کہ حضرت عیسےٰ سے پہلے الیاہ آئیگا۔ اگر بقول سلیمان پٹیالوی جس کی عادت میں نہایت ہی باریک ملمع سازی ہے عیسائیوں نے اپنی انجیلوں میں اس واقعہ کو اپنی طرف سے الحاق کر دیا تو کیا توریت میں بھی انہی لوگوں نے اپنی طرف سے تحریف کر لی لیکن اس کے ثبوت بہم پہنچانے میں صاحب موصوف کو سخت مصیبت پڑیگی۔ کیونکہ توریت تو بنی اسرائیل کے قبضہ میں برابر چلی آتی ہے جو توریت میں نے کراچی میں بنی اسرائیلیوں کے پاس بڑی خوشخط قلمی لکھی دیکھی اُس میں بھی یہی قصہ موجود ہے پھر کیونکر مان لیا جائے کہ عیسائیوں نے بطور خود اس قصہ کو ایجاد کر لیا ہے +

مجھے پٹیالوی رسالہ باز پر حیرت پر حیرت آتی ہے کہ اس امر واقعہ کے انکار کرتے ہوئے اُسکی عقل نے اُسکو ملامت نہ کی کہ اے خدا سے بے ڈر تو اپنی عداوت اور شقاوت کی وجہ سے مسیح موعود کی پہچان سے تو محروم رہا لیکن اس واقعہ سے انکار کے وقت یہ تو سوچ لیا ہوتا کہ اس کی زد کہاں جا کر پڑتی ہے۔ اس انکار سے صرف عیسیٰ علیہ السلام نبی ناصری ہی کی تکذیب لازم نہیں آتی بلکہ خاتم النبیین وفخر المرسلین کی تکذیب بھی لازم آتی ہے کیونکہ بنی اسرائیل کا یہی تو دعویٰ تھا کہ اگر تو مسیح ہے تو اول ایلیا کا آنا ضروری ہے اگر بقول آپ کے وہ قصہ ہی الحاقی ہے اور کوئی ایلیا وغیرہ آنا نہیں تھا تو پھر یہودی حضرت مسیح اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان نہ لانے پر قابل مواخذہ نہیں ہو سکتے بلکہ وہ بقول سلیمان صاحب پٹیالوی حق پر ہیں تو پھر بتایئے کہ ہر دو اولوالعزم رسولوں کی تکذیب لازم آئی کہ نہیں۔ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ افسوس صد افسوس کہ حق کی عداوت اور مخالفت نے ان لوگوں کو کہاں سے کہاں تک پہنچا دیا ہے۔ اگر آپ کو اس امر نے غلطی میں ڈالا تھا کہ جب یہود نے حضرت یحییٰ یعنے یوحنا سے سوال کیا تھا کہ کیا تو الیاس ہے تو اُس نے انکار کیا تھا اسی وجہ سے آپ کو اس واقعہ ہی سے انکار کرنا پڑا لیکن اگر آپ تھوڑی دیر کے لئے یہی سوچ لیتے کہ ایسا سوال کرنا یہود کا سراسر بیجا تھا کیونکہ جب وہ حضرت مسیح سے سن چکے تھے کہ یوحنا ہی ایلیا ہے اور وہ بروزی طور سے آیا ہے تو اُن کو اگر دھوکا دینا مراد نہیں تھا تو اُن کو سمجھنا چاہیئے تھا کہ کیونکر تو الیاس کی طبیعت اور خلق پر آیا ہے لیکن اُنہوں نے برخلاف

نفس الامر کے یہ سوال کیا کہ تو ہی الیاس ہے تو حضرت یحییٰ کا انکار بجا تھا لیکن ساتھ ہی حضرت یحییٰ نے اُن کو جواب بھی دیدیا کہ میں وہی ہوں جس کی نسبت پیشگوئی تھی کہ مسیح سے پہلے آنیوالا ہے۔ چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱۔ درس ۱۹ الغایت ۲۳ میں ہے۔ اور یوحنا کی گواہی یہ تھی جبکہ یہودیوں نے یروشلم سے کاہنوں اور لاویوں کو بھیجا کہ اُس سے پوچھیں کہ تو کون ہے اور اُس نے اقرار کیا اور انکار نہ کیا۔ بلکہ اقرار کیا کہ میں مسیح نہیں ہوں۔ تب اُنہوں نے اُس سے پوچھا کہ تو اور کون ہے کیا تو الیاس ہے۔ اُس نے کہا میں نہیں ہوں۔ پس آیا تو وہ نبی ہے۔ اُس نے جواب دیا نہیں۔ تب اُنہوں نے اُس سے کہا کہ تو کون ہے تاکہ ہم اُنہیں جنہوں نے ہم کو بھیجا کوئی جواب دیں۔ تو اپنے حق میں کیا کہتا ہے اُس نے کہا کہ میں جیسا یسعیاہ نبی نے کہا بیابان میں ایک پکارنے والے کی آواز ہوں کہ تم خداوند کی راہ درست کرو۔ پھر اس باب کی آیت ۲۵ الغایت ۲۷ میں ہے "اور اُنہوں نے اُس سے سوال کیا اور کہا کہ اگر تو نہ مسیح ہے اور نہ الیاس اور نہ وہ نبی پس کیوں بپتسمہ دیتا ہے یوحنا نے جواب میں انہیں کہا کہ میں پانی سے بپتسمہ دیتا ہوں پر تمہارے درمیان ایک کھڑا ہے جسے تم نہیں جانتے یہ وہی ہے جو میرے پیچھے آنے والا تھا۔ اِن تمام آیات سے ظاہر ہے کہ یہود تین نبیوں کی آمد کے منتظر تھے اور تینوں کی نسبت سوال کیا یعنے حضرت الیاس اور مسیح اور نبی آخرالزمان کی نسبت اگرچہ نبی آخرالزمان کا نام نہیں لیا لیکن اُن کے سوال سے ہی اُن کی عظمت و علوشان معلوم ہوتی ہے اور اسی لئے وہ نام لینا بے ادبی سمجھتے تھے۔ اور نیز یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت یوحنا نے یہاں کوئی مہمل بات نہیں رکھی بلکہ صاف صاف الفاظ میں کہدیا کہ میں وہی ہوں جس کی نسبت یسعیاہ نبی نے پیشگوئی کی تھی چنانچہ یسعیاہ کی پیشگوئی کے الفاظ حسب ذیل ہیں۔ بیابان میں ایک منادی کرنیوالے کی آواز تم خداوند کی راہ درست کرو صحرا میں ہمارے خدا کے لئے ایک سیدھی شاہراہ تیار کرو۔ دیکھو یسعیاہ باب ۴۰ درس ۳ ۔ اب اِن الفاظ اور یوحنا کے الفاظ میں کیسی مطابقت ہے۔ اِن الفاظ میں یوحنا نے بتادیا کہ مسیح سے پہلے آنے والا شخص جس کی نسبت لکھا تھا کہ بیابان میں ایک پکارنے والے کی آواز ہوگی جو خداوند یعنے مسیح کی راہ درست کریگا میں ہی ہوں اور وہ مسیح جو آنے والا تھا وہ یہی شخص ہے جو تمہارے درمیان موجود ہے

لیکن تم نے اُس کو نہیں پہچانا۔ اِس تمام واقعہ سے ظاہر ہے کہ خود یوحنا نے بتا دیا کہ اصلی الیاس تو نہیں ہوں جیسا تم خیال کرتے ہو بلکہ اُس کی آواز ہوں یعنے اُس کی طبیعت اور خو پر آیا ہوں۔ ایسی صریح بات پر شک کرنا بجز ہٹ دھرمی و تعصب کے اور کچھ متصور نہیں ہوتا +

صاحب غایت البرہان اپنی کتاب کے مقدمہ میں بصفحہ ۱۶۲ بحوالہ انجیل متی لکھتے ہیں فصل ۲۶ متی میں مسیح کی پیشگوئی اپنی گرفتاری اور وفات کے بیان میں ہے اور درس ۲۸ میں روٹی کو بجائے جسم اور پانی کو بجائے خون فرمایا اس میں اشارہ کیا کہ پہلی مرتبہ بطور جسمانی مسیح کا آنا ہوا اور دولت اسلامی میں بطور روحانی آنا بار دگر ہوگا دیکھو غایت البرہان مصنفہ حکیم محمد حسن امروہی +

جب توریت اور اناجیل سے ثابت ہو گیا کہ بعض آدمی بروزی طور سے دنیا میں آیا کرتے ہیں جیسے کہ یحییٰ یوحنا الیاس کی طبیعت پر آیا تو اب حضرت مرزا غلام احمد صاحب کو مسیح کی طبیعت اور رنگ میں ماننے میں کونسا استبعاد لازم آتا ہے۔ بلکہ جہانتک دیکھا جاتا ہے مشابہت تامہ بوجوہات دخیل ثابت ہوتی ہے +

ثبوتِ مماثلتِ حضرت مرزا غلام احمد صاحب بعیسیٰ علیہ السلام

(۱) جیسے مسیح ناصری ایک بنی اسرائیل کے گھرانے کے سب سے بڑے رسول کی شریعت کے تابع تھے ایسے ہی مسیح موعود بنی اسمٰعیل کے گھرانے کے سب سے بڑے بلکہ دنیا کے تمام رسولوں سے بڑے رسول کی شریعت کے تابع ہیں +

(۲) جس طرح حضرت عیسےٰ علیہ السلام نبی ناصری بنی اسرائیل کے گھرانے کے خاتم نبوت ہیں ایسے ہی مسیح موعود اُمتِ محمدیہ کے خاتم ولایت ہیں +

(۳) جس طرح حضرت مسیح علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد چودھویں صدی کے سر پر آئے تھے ایسے ہی حضرت مسیح موعود چودھویں صدی کے سر پر ظاہر ہوئے +

(۴) جس طرح حضرت مسیح علیہ السلام غربت اور مسکنت کے ساتھ بغیر جنگ و جدال تبلیغ شریعت موسوی کرتے تھے اسی طرح مسیح موعود علیہ السلام بلا جنگ و جدل تبلیغ شریعت

محمدی کرتے ہیں +

(۵) جس طرح حضرت مسیح علیہ السلام پر علماء وقت نے کفر کا فتویٰ لگایا تھا اُسی طرح علماء زمان نے حضرت مسیح موعود پر فتویٰ کفر لگایا +

(۶) جس طرح مسیح علیہ السلام کے قتل کے درپے علماء و فقہائے یہود ہو گئے تھے۔ اسی طرح بعض علماء اُمت محمدیہ نے مسیح موعود کے قتل کے لئے کوششیں کیں +

(۷) جس طرح کائفس سردار کاہن نے مسیح علیہ السلام نبی ناصری کی مخالفت کا بیڑا اٹھایا تھا اُسی طرح مولوی محمد حسین ایڈیٹر اہل حدیث نے مسیح موعود کی مخالفت کا بیڑا اُٹھایا +

(۸) جس طرح مسیح علیہ السلام کے وقت میں امن پسند اور پابند قانون ایک سلطنت تھی یعنے رومیوں کی سلطنت بلکہ اُس سے بھی بڑھ کر امن پسند اور قانون کی پابند حکومت یعنے سلطنت برطانیہ مسیح موعود کے زمانہ میں موجود ہے +

(۹) جس طرح مسیح کی نسبت یہودیوں نے مخبری کی تھی کہ وہ بادشاہ ہونے اور رومی سلطنت سے بغاوت کا ارادہ رکھتا ہے اسی طرح مجازی یہود اُمت محمدیہ نے فقیہوں کے کاہنوں کی طرح لمبے لمبے چوغے پہنکر اور حکام انگریزی کے پاس جاکر مخبریاں کیں کہ یہ بھی بادشاہ ہونے کا ارادہ رکھتا ہے اور درپردہ سلطنت برطانیہ کا باغی ہے +

(۱۰) جس طرح مسیح علیہ السلام کچہریوں میں زبردستی حاضر کئے گئے اسی طرح مسیح موعود کو بھی عدالتوں میں مجبور کیا گیا +

(۱۱) جس طرح پلاطوس حاکم یروشلم نے برسرِ عدالت کہا کہ میں مسیح علیہ السلام کا کوئی قصور نہیں دیکھتا اسی طرح مسٹر ڈگلس حاکم ضلع گورداسپور نے برسرِ اجلاس کہا کہ میں مسیح موعود کا کوئی قصور نہیں دیکھتا +

(۱۲) جس طرح مسیح علیہ السلام تمام الزامات سے بری کئے گئے اسی طرح مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی تمام الزامات سے بری کئے گئے +

(۱۳) جس طرح مسیح علیہ السلام کے وقت یہود میں شریعت موسوی کی پابندی چھوٹ گئی تھی اور جاہ اور دنیا طلبی کا دور دورہ تھا اُسی طرح مسیح موعود کے زمانہ میں شریعت

محمدی بالکل ضعیف ہو گئی بلکہ اُس کی پابندی قریبًا ترک ہو چکی ہے اور جاہ اور دنیا طلبی کی یہ حالت ہے کہ علماء وقت بھی اس کے لئے سرگرداں اور مارے مارے پھرتے ہیں +

(۱۴) جس طرح مسیحؑ کے دشمن خائب و خاسر ہوئے اسی طرح مسیح موعود کے دشمن ذلیل اور خوار ہوئے +

(۱۵) جس طرح مسیحؑ نے اپنے وقت کے احبار اور فریسیین کی غلطیاں نکالیں جو اُنہوں نے توریت کی آیات میں کر لی تھیں اسی طرح مسیح موعود نے علماء اسلام اور گدی نشینوں کی آنکر غلطیاں نکالیں جو اُنہوں نے تفاسیر قرآن میں کی تھیں +

(۱۶) جس طرح مسیح علیہ السلام نے اپنی صداقت میں ایلیاہ کا نزولِ بروزی ثابت کیا تھا اسی طرح مسیح موعود نے اپنی صداقت میں ابنِ مریم اور محمد بن عبداللہ کا نزول بروزی طور سے اپنی ذات میں ثابت کیا +

(۱۷) جیسے مسیح علیہ السلام کی نسبت یسعیاہ نبی کی کتاب کے ۱۱ باب آیت ۴ میں بطور پیشگوئی لکھا تھا کہ مسیح اپنے لبوں کے دم سے شریروں کو فنا کر ڈالیگا ایسا ہی احادیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں آیا ہے کہ مسیح موعود کے دم سے کفار ہلاک ہونگے چنانچہ جیسے مسیح ناصری کی دعا سے دشمن ہلاک ہوئے اسی طرح مسیح موعود کی دعا سے دشمن ہلاک ہوئے +

(۱۸) جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کو بذریعہ وحی خبر دی تھی یٰعِیسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے مسیح موعود کو بھی بذریعہ وحی یہی آیت نازل فرمائی +

(۱۹) جس طرح حضرت مسیح کو خبر دی گئی تھی کہ تیرے تابعین کو قیامت تک تیرے منکروں پر غالب رکھونگا اسی طرح حضرت مسیح موعود کو خبر دی گئی ہے کہ تیرے تابعین کو تیرے منکروں پر قیامت تک غالب رکھونگا اور دونوں کا ظہور ہو رہا ہے +

(۲۰) حضرت مسیح علیہ السلام یہودیوں میں اُس وقت مبعوث ہوئے تھے جبکہ یہودیوں کی سلطنت میں کھلا زوال آچکا تھا اسی طرح مسیح موعود ایسے وقت میں آئے جبکہ اسلامی سلطنت ہندوستان سے بالکل اُٹھ چکی۔ اور ہر جگہ اسلامی سلطنتوں کو زوال آگیا +

(۲۱) جس طرح حضرت مسیح علیہ السلام حضرت موسیٰ کے بعد تیرھویں عظیم الشان خلیفے تھے اسی طرح حضرت مسیح موعود حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد تیرھویں عظیم الشان خلیفہ ہیں

(۲۲) جس طرح مسیح بنی اسرائیل کی قوم میں سے نہیں تھے کیونکہ وہ بلا باپ پیدا ہوئے تھے اسی طرح حضرت مسیح موعود قوم قریش سے نہیں بلکہ ابناء فارس سے ہیں +

(۲۳) جس طرح مسیح کے اہلبیت یعنے والدہ پر اتہام ناگفتنی لگائے گئے تھے۔ اسی طرح حضرت مسیح موعود کے اہلبیت پر نہایت جگر خراش اتہام لگائے گئے +

(۲۴) جس طرح مسیح علیہ السلام کی پیدائش ایک ظالم بادشاہ ہیرو ڈیس کے زمانہ میں ہوئی تھی۔ اسی طرح مسیح موعود کی پیدائش خونخوار زمانہ سکھاں میں ہوئی +

(۲۵) جس طرح مسیح علیہ السلام کے ساتھ روح القدس تھی۔ اسی طرح مسیح موعود کیساتھ روح القدس تھی +

صرف کلام اللہ و احادیث رسول اللہ و توریت و صحائف انبیا و اناجیل ہی سے ایک شخص کا دوسرے شخص سے کسی خاص جسمانی یا روحانی مناسبت کی وجہ سے مماثلت ثابت نہیں ہوتی بلکہ کل اہل اسلام میں یہی عقیدہ برابر تیرہ سو برس سے مسلم چلا آتا ہے کیونکہ ہزارہا بلکہ لکھوکھا اولیاء اللہ اہل اسلام میں ہوئے ہیں جنہوں نے اپنی زبان مبارک سے اس امر کی تصدیق کی ہے کہ بعض کو بعض انبیا سے مماثلت ہوتی ہے اور اُن کے معتقدین نے اُن کے اقوال کو تسلیم کر کے کبھی کوئی اعتراض نہیں کیا۔ ہم کثیر التعداد اولیاء کرام کے اقوال کو لکھنے کی ضرورت نہیں سمجھتے کیونکہ ناحق طوالت ہوتی ہے۔ ہم نمونہ کے طور پر چند ایک بزرگان دین کے اقوال پیش کرتے ہیں +

ثبوتِ مماثلت از کلامِ صوفیا و اہل اللہ

قرآن و احادیث و کتب سابقہ سے مماثلت ثابت کر چکے ہیں اب ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ صوفیاء کرام و اولیاء اللہ کے کلام سے کچھ ثبوت دیں کہ صرف قرآن و حدیث و کتب سابقہ تک ہی یہ بات محدود نہیں بلکہ ہمیشہ ہر زمانہ میں اس بات کو تسلیم کیا گیا ہے +

فرق مابین بروز و تناسخ و تسخیر

پیشتر اس کے کہ ہم اُن حوالہ جات کو پیش کریں ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ بروز کی تعریف کر دیں کہ بروز کس کو کہتے ہیں تاکہ تناسخ اور تسخیر یعنے جن لگنے سے تمیز ہو جائے سو واضح ہو کہ تناسخ تو اُس کو کہتے ہیں کہ ایک مرے ہوئے جیو یعنے انسان یا حیوان کی روح منتقل ہو کر دوسرے جسم میں جو از سرِ نو پیدا ہوا ہو حلول کر جائے اور حلول اپنے سابقہ اعمال و افعال کے مناسب حال ہوتا ہے کسی انسان کی روح اپنے بد اعمال کی وجہ سے خنزیر کی جون اختیار کرتی ہے کوئی گدھے کی کوئی گھوڑے کی کوئی کتے کی کوئی بلی کی کوئی چیونٹی کی کوئی چوہے کی۔ کوئی گائے کی۔ کوئی بھینس کی۔ کوئی ہاتھی کی۔ کوئی بکری کی۔ کوئی بھیڑ کی۔ کوئی سانپ کی کوئی بچھو کی۔ کوئی رشی کی کوئی منی کی۔ کوئی راجہ کی غرضیکہ جیسے اعمال ہونگے اُس کے مناسب حال جون بدلتی رہتی ہے۔ جب ایک جون کی عمر پوری ہو جاتی ہے کسی دوسری بھلی یا بُری جون میں جاتا ہے۔ یہ اعتقاد عموماً تمام فرقہ ہائے ہنود کا ہے اور یہ امر اہلِ اسلام میں ہرگز پسندیدہ نہیں بلکہ عند العقل ناممکن ہے +

دوسری یعنے تسخیر وہ حالت ہے کہ جس کو جن لگنا کہتے ہیں۔ اور اُسکی نسبت یہ وہمی اعتقاد بٹھا لیا گیا ہے کہ کسی زندہ یا مردہ جسم پر جن کا جو ایک مخفی مخلوقات ہے سایہ یا اثر ہو جاتا ہے اور جن زدہ انسان سے حرکاتِ عجیبہ سرزد ہوتی ہیں ان ہر دو امور کو بروز سے کچھ واسطہ و تعلق نہیں۔ بروز ایک الگ چیز ہے۔ ہم ذیل میں بروز کی کیفیت بیان کرتے ہیں +

سو واضح ہو کہ بروز اُس حقیقت کا نام ہے جو کسی شخص مردہ کے خواصِ روحانیہ و اخلاقِ باطنیہ کسی دوسرے شخص میں بطورِ انعکاس داخل ہوں جیسے کہ سورج کی شعاعیں چاند کو منور کرتی ہیں یا جیسے سورج کا عکس پانی پر پڑ کر ناظرین کو عین پانی کے اندر سورج دکھلائی دیتا ہے حالانکہ سورج بطورِ خود اپنی حالت پر قایم ہوتا ہے اور قمر اپنی حالت پر اور پانی اپنی حالت پر مگر قمر اور آب اپنی فطرتِ قابلہ کی وجہ سے سورج کی روشنی کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں اور اُسی طرح منور ہو جاتے ہیں یا زیادہ وضاحت کیلئے ذیل کی مثال اس کے سمجھانے کے لئے کافی ہو گی۔ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ لوہا جب آگ میں ایک وقت محدود تک رکھا یا

جاتا ہے تو وہ گرم ہو کر ایسا سرخ ہو جاتا ہے جیسے آگ ہوتی ہے اور پھر آگ اور لوہے میں تمیز مشکل ہوتی ہے صرف یہی نہیں بلکہ اُس گرم شدہ لوہا میں وہی خواص پیدا ہو جاتے ہیں جو آگ میں ہوتے ہیں لوہا اُسی طرح جلاتا ہے جس طرح آگ جلاتی ہے۔ جب لوہا آگ کی ذات میں ایسا محو ہو جاتا ہے کہ وہی صفاتِ آگ اختیار کر لیتا ہے تو پھر کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اب لوہے کا وجود نہیں رہا۔ ہرگز نہیں اگرچہ اس کے خواص آگ کے ہو گئے ہیں مگر پھر بھی لوہا لوہا ہی ہے۔ یہی مردانِ خدا کا حال ہے کہ جب ایک بزرگ کسی نبی یا ولی کی صحبت یا اطاعت و پیروی کامل کر کے اُس کی ذات میں محو یعنے فنا ہو جاتا ہے تو اُس کی ذات میں بھی وہی صفات اور وہی خواص پیدا ہو جاتے ہیں جو اُس کے متبوع میں تھے۔ اور اُس کے ہاتھ سے اُسی قسم کے افعال سرزد ہونے لگتے ہیں جو اُس نبی یا ولی میں تھے جب یہ صورت پیدا ہو جاتی ہے تو اُس کو خدا تعالیٰ کی جناب سے وہی نام ملتا ہے جو اُس کے متبوع کا ہوتا ہے۔ اِسی کو اہلِ تصوف بروز کہتے ہیں +

اور وہ جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مسیح و مہدی کے آنے کی خبر دی ہے وہ اسی بروز کی طرف اشارہ تھا۔ کہ آخری زمانہ میں ایک شخص پیدا ہو گا جس میں مسیح اور میرے یعنے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روحانی خواص پیدا کئے جائینگے اور آسمان پر وہ مسیح ابنِ مریم و احمد ابنِ عبداللہ کے نام سے مشہور ہو گا گو زمین پر اُس کا کوئی نام ہو جس کی تفصیل اوپر گذر چکی ہے۔ اب ہم یہہ دکھلاتے ہیں کہ صوفیائے کرام بھی اِس بات کے برابر قائل چلے آتے ہیں کہ بروز ہوتا ہے + چنانچہ

(۱) حضرت عبدالرزاق کاشفی صاحبِ لطائف القرآن اپنی تفسیر قرآن شریف میں فرماتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام کا نزول بروزی ہو گا۔ دیکھو تفسیر مذکور قلمی موجودہ کتب حضرت علامہ نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح +

(۲) ایسا ہی کتاب اقتباس الانوار میں لکھا ہے۔ اکثر صوفیا کا مذہب ہے کہ مسیح موعود کا بروزی نزول ہو گا۔ دیکھو کتاب مذکور صفحہ ۵۲ +

(۳) امام ربانی مجدد الف ثانی یعنی شیخ احمد سرہندی اپنے مکتوبات کے جلد اول مکتوب ۲۵۱ میں لکھتے ہیں +

حضرت صدیق و حضرت فاروق رضی اللہ عنہما در طرف ولایت مناسبت بحضرت ابراہیم و در طرف دعوت کہ مناسب مقام نبوت است مناسبت بحضرت موسیٰ دارند و حضرت ذی النورین در ہر دو طرف مناسبت بحضرت نوح دارند و حضرت امیر در ہر دو طرف مناسبت بحضرت عیسیٰ دارند صلوۃ اللہ علیٰ نبینا و علیہم

یعنے حضرت صدیق و حضرت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما ولایت کے پہلو سے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے مناسبت رکھتے ہیں اور دعوت کے لحاظ سے جو نبوت کا مقام ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے مناسبت رکھتے ہیں اور حضرت عثمان ذی النورین دونوں پہلوؤں سے حضرت نوح سے اور حضرت علی ہر دو جانب کے لحاظ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے مناسبت رکھتے ہیں۔ دیکھو کتاب مکتوبات صفحہ ۲۶۸ +

(۴) حضرت بایزید بسطامی صوفیاء کرام میں ایک بہت بڑے پایہ کے ولی گذرے ہیں اُن کی نسبت تذکرۃ الاولیاء میں یوں لکھا ہے:-

گفتند خدائے عزوجل را بندگانند بدل ابراہیم و موسیٰ و محمد علیہم الصلوۃ والسلام۔ گفت آن ہمہ منم +

یعنے لوگوں نے کہا ہے کہ اللہ عزوجل کے ایسے بندے بھی دنیا میں ہیں جو ابراہیم اور موسیٰ اور محمد علیہم الصلوۃ والسلام کا دل رکھتے ہیں۔ حضرت بایزید نے فرمایا کہ وہ سب میں ہی ہوں یعنے ابراہیم اور موسیٰ اور محمد صلوۃ اللہ علیہم اجمعین) میں ہی ہوں۔ دیکھو تذکرۃ الاولیا صفحہ ۱۵۶ مطبوعہ مطبع فخر المطابع +

(۵) از خواجہ محمد پارسا منقول است کہ بیفرمودند مقصود از وجود بہاء الدین ظہور محمد است +

یعنے خواجہ محمد پارسا سے نقل بیان کی گئی ہے کہ وہ فرماتے تھے کہ بہاؤ الدین کے وجود سے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا ظہور مراد ہے۔

یعنے بہاؤ الدین کا آنا گویا محمد صلے اللہ علیہ کا آنا ہے۔ دیکھو مکتوبات امام ربانی جلد اوّل صفحہ ۴۰۸۔ مکتوب نمبر ۲۹۰ +

(۶) اور محمد بن یحییٰ ابن علی الجیلانی شارح گلشن راز مصنفہ شیخ محمود تبریزی یکے از اولیاء اللہ اپنی کتاب شرح گلشن راز قلمی کے صفحہ ۱۹۴ پر لکھتے ہیں +

بدانکہ روح اعظم را کہ عبارت از حقیقت محمدیہ است

معلوم رہے کہ روح اعظم کے مظاہر جس سے

در عالم مظاہر بسیار است از انبیاء و اولیاء و مقام ہدایت
و مرتبہ قطبیت کبریٰ در جمیع ازمنہ و ادوار آن حقیقت
راست چنانچہ در مصرع تمثیل فرمود کہ بیت
بود نوبتی خورشید عالم افروز ۔ گہ از موسیٰ پدید گہ از آدم
و ایں را بروزات کمل میخوانند حمل ایں معنے
بر تناسخ نتواں کرد ۔ زیرا کہ تناسخ مخصوص
بہ بعض دون بعضے است و ایں بروز مخصوص
کمل است و ظہور حقیقت محمدی در صورت مختلفۂ
کمل مثال ظہور ہویت حقیقت در مظاہر اسماء و
صفات و ادراک ایں معنے جز بہ کشف خاص
میسر نمیشود +

مراد حقیقت محمدیہ ہے جہاں ہیں بکثرت ہیں
خواہ وہ انبیاء ہیں یا اولیاء اور مقام ہدایت
و مرتبہ قطبیت کبریٰ تمام زمانوں اور وقتوں
میں اُس حقیقت کو حاصل ہے چنانچہ بطور تمثیل
فرمایا ہے ۔ نوبتی ایک بہت بڑا آفتاب تھا
جو ایک وقت موسیٰ کی صورت میں ظاہر ہوا
اور کبھی آدم کی صورت میں ۔ اس کو کاملوں کا
بروز کہتے ہیں ۔ اس سے تناسخ نہ سمجھنا چاہیے
کیونکہ تناسخ بعض سے بعض تک مخصوص
نہیں ہوتا اور یہ بروز تو کاملوں سے مخصوص ہے
اور حقیقت محمدی کاملوں کی مختلف صورتوں میں

[illegible] ظاہر ہوا ۔ وصفات کمالیہ سے ہے پایا جاتا ہے اور اس بات کی [illegible] کو پہنچنا بجز کشف خاص
[illegible] حاصل نہیں ہو سکتا +

آگے چل کر فرماتے ہیں :-

و ایں ظہور و بروز بحسب اوقات و ازمنہ و استعدادات
اہل ہر زمانہ مختلف میشود اختلافا لا یحیط بہ احد
زیرا کہ بعثت کامل در خور استعداد زمانہ و اہل زمانہ باید
بود ۔ بنابریں ہر آئینہ در بعضے از بشارت ظہور
آن حقیقت آن ست کہ میدہند کہ پیش ازیں
در کدام مظہر فرو دہ است چنانچہ کاملے از اکمل
مظاہر فرمودہ ۔ بیت

ہر بار یوسف و علی بودم و عیسیٰ علیہ السلام و بعضے از بشارت معلوم میشود کہ در چند مظہر ظہور
نمودہ است چنانچہ کاملے دیگر از ان مظاہر فرمودہ

اور یہ ظہور اور بروز ہر زمانہ کے حسب حال اور
ہر اہل زمانہ کی استعداد کے مطابق مختلف ہوتا
ہے جسکا کوئی احاطہ نہیں کر سکتا کیونکہ کامل انسان
کا مبعوث ہونا زمانہ اور اہل زمانہ کی استعداد
کے مناسب حال ہونا چاہیئے ۔ چنانچہ بعض حالت
بعثت میں اُس حقیقت کا ظہور یوں ہوتا ہے
کہ اُس شخص مبعوث کو علم ہو جاتا ہے کہ اس سے
پہلے کن کن مظاہر میں ظہور ہو چکا ہے اس بنا
پر ایک کامل بزرگ نے فرمایا ہے کہ میں ہر
بار یوسف اور علی ہوں اور میں عیسیٰ ہوں اور

است بیت

در کمال سیر اطوارِ وجود + نہصد و ہفتاد قالب دیدہ ام

اور بہت سے اس قبیل کے لوگوں میں سے ہیں
اور بعض بشارت میں معلوم ہوتا ہے کہ اس نے
کئی ایک مظاہر میں ظہور کیا ہے چنانچہ ایک کامل نے اس قسم کے مظاہر کی نسبت فرمایا ہے طرح
طرح کے وجود کی کامل سیر میں میں نے نو سو ستر قالب دیکھے ہیں
کے بروز اس کی ذات میں ظہور پذیر ہوئے ہیں +

ان تمام اقوال صوفیاء کرام سے ظاہر ہے کہ ہر زمانہ میں بروز کو تسلیم کیا گیا ہے اور یقینی
بات ہے کہ اہل زمانہ کی استعداد کے مطابق اللہ تعالیٰ کسی بزرگ کو
واولیاء کے خواص وصفات عطا فرما کر بطور بروز نازل فرماتا ہے جس سے کام لیتا ہے

(۷) حضرت شیخ محی الدین عربی علیہ الرحمۃ نے فتوحات مکی جلد ۲ صفحہ ۳۶۵ پر یوں فرمایا ہے

فَالْاِمَامُ الْاَیْسَرُ عَبْدُ الْمَلِكِ وَالْاِمَامُ الْاَیْمَنُ
عَبْدُ رَبِّهٖ وَهُمَا لِلْقُطْبِ الْوَزِیْرَانِ
وَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَبْدُ الْمَلِكِ
وَكَانَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَبْدَ رَبِّهٖ فِیْ
زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
اِلٰی اَنْ مَاتَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسُمِّیَ
اَبُوْبَكْرٍ عَبْدَ رَبِّهٖ وَسُمِّیَ عُمَرُ عَبْدَ الْمَلِكِ
وَسُمِّیَ الْاِمَامُ الَّذِیْ وَرَّثَهٗ مَقَامَ عُمَرَ عَبْدَ اللّٰهِ
وَلَا یَزَالُ الْاَمْرُ عَلٰی ذٰلِكَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ

پس امام بائیں جانب کا عبد الملک اور امام
دائیں جانب کا عبد ربہ دونوں قطب کے لئے
دو وزیر ہیں۔ اسی بنا پر زمانہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ عبد الملک
تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ عبد ربہ تھے اور
جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا
تو ابوبکر کا نام عبد ربہ اور عمر کا نام عبد الملک رکھا
گیا اور اس امام کا نام جو عمر کے مقام پر آیا
ہوا عبد اللہ رکھا گیا اور یہ [illegible]
مصنفہ امام الکاملین حضرت خواجہ [illegible]
المتخلص بہ عندلیب مطبوعہ مطبع بہوپال جلد اول صفحہ ۲۴۳ پر یوں رقمطراز ہیں +

درامت محمدیہ کامل واکمل اولیاء گردیدہ اند
اگرچہ باعتبار سلوک باطن وجادہ طریقت آدمی
آدمی ونوحی وابراہیمی وداؤدی ویعقوبی
وموسوی وعیسوی ومحمدی مشرب ہم باشند +

است محمدیہ میں کامل واکمل اولیاء [illegible]
اور اگرچہ باعتبار سلوک باطن وجادہ طریقت
کوئی آدم مشرب کوئی نوح مشرب کوئی ابراہیم
اور کوئی داؤد کوئی یعقوب کوئی موسیٰ

عیسیٰ اور کوئی محمد مشرب تھا +

(۹) حضرت مولانا جلال الدین رومی علیہ الرحمۃ مطبوعہ مطبع نامی کانپور دفتر اول صفحہ ۶۶ میں فرماتے ہیں +

ہر نفس مکر ے و دیگر مکر زاں + غرق صد فرعون با فرعونیاں
در رحد آئے موسیٰ و موسیٰ گریز + آب ایمان را از فرعونے مریز

ہر نفس ایک مکر ہے اور ہر مکر میں سو فرعون ہیں اپنی آل کے غرق ہیں +
ایسی حالت میں موسیٰ کے خدا اور موسیٰ کی طرف بھاگ اور ایمان کے پانی کو اپنی فرعونیت سے مت گرا چونکہ فرعون اور آل فرعون کا ذکر

حاشیہ پر لکھا ہے چونکہ ذکر فرعون و فرعونیاں آمد لہذا از خلیفۂ وقت بموسیٰ تعبیر نمودہ +
درمیان آگیا ہے اسلئے مولانا روم نے خلیفۂ وقت کو موسیٰ علیہ السلام سے تعبیر کیا ہے +

پھر مولانا روم آگے چلکر لکھتے ہیں دیکھو صفحہ ۱۳۶ دفتر اول +

جانہا در اصل خود عیسیٰ دمند
یک زماں زخم اند و دیگر مرہم اند

جانیں بذات خود عیسیٰ دم ہیں
ایک وقت زخم کا کام کرتی ہیں تو دوسرے وقت مرہم کا

پھر صفحہ ۱۳۷ پر لکھا ہے

گر حجاب از جانہا بر خاستے
گفت ہر جانے مسیح آساستے

اگر جانوں سے پردہ اُٹھ جائے تو پھر ہر جان پکار اُٹھے کہ میں مسیح ہوں +

پھر صفحہ ۱۱۷ دفتر دوم میں فرماتے ہیں

ہمچو مریم جاں ازاں آسیبِ حبیب
حاملہ شد از مسیح دلفریب

مریم کی طرح حبیب کے آسیب سے جان حاملہ ہو گئی اور مسیح دلفریب اُس میں متمکن ہوا +

پھر صفحہ ۸۸ دفتر ۴ پر فرماتے ہیں

کے بنا نیم مُردہ در قبضۂ خدا + بر کفِ عیسیٰ مدار این ہم روا

میں خدا کے قبضہ میں کب مُردہ رہ سکتا ہوں عیسےٰ کے ہاتھ پر اس امر کو مت روا رکھ

عیسیم لیکن ہر آنکو یافت جاں
از دمِ من او بماند جاوداں
شد ز عیسیٰ زندہ لیکن باز مرد

میں عیسیٰ ہوں لیکن جس شخص نے میرے دم سے جان پائی وہ ہمیشہ زندہ رہا
عیسےٰ کے ہاتھ سے جو مُردے زندہ ہوئے وہ تو

شاد آنکہ جان بدیں عیسیٰ سپرد من عصائم در کفِ موسیٰ خویش موسیم پنہاں و من پیدا بہ پیش	پھر مر گئے وہ خوش نصیب ہے جس نے اس عیسیٰ کو اپنی جان سپرد کی۔ میں اپنے موسیٰ کے ہاتھ میں عصا ہوں میرا موسیٰ پوشیدہ ہے اور میں خود ظاہر ہوں ٭

پھر صفحہ ۵ دفتر ۶ میں لکھتے ہیں

تو خلیل وقتی اے خورشید تیز این چہار را طیار رہزن را بکش	اے خورشید خبردار ہو جا تو وقت کا خلیل ہے ان چار راہزن پرندوں کو مار ڈال

اِن تمام حوالجات حضرت مولانا جلال الدین رومی سے صاف ظاہر ہے کہ دنیا میں عام رواج ہے کہ کسی صفت کی وجہ سے ایک انسان کو دوسرے انسان کا مثیل یا بعینہ بروز تسلیم کرتے ہیں۔ پھر اگر مرزا غلام احمد صاحب کو خدا تعالیٰ نے احمد اور عیسیٰ کہدیا تو کیوں تعجب کیا جاتا ہے ٭ اور کیوں معرض اعتراض ٹھہرایا جاتا ہے

(۱۰) حضرت خواجہ میر درد صاحب دہلوی اپنے رسالہ درد مطبوعہ مطبع شاہجہانی بھوپال کے صفحہ ۲۱۱ پر فرماتے ہیں ٭

الہ الہ ہر انسان بقدرتِ کاملہ حق تعالیٰ عیسیٔ وقتِ خویش است و ہر دم او را برائے خود معاملۂ نفس عیسوی در پیش ٭	الہ الہ ہر انسان حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ سے اپنے وقت کا عیسیٰ ہے اور ہر دم اُسکو اپنی ذات کے لیے معاملۂ نفس عیسوی درپیش ہے

(۱۱) حضرت خواجہ معین الدین صاحب چشتی اجمیری اپنے دیوان خواجہ معین الدین چشتی اجمیری مطبوعہ مطبع نولکشور ۱۸۶۸ء صفحہ ۳۹ فرماتے ہیں ٭

اے ترا بر طورِ دل ہر دم تجلی دیگر طالبِ دیدار را ہر گوشۂ موسیٰ دیگر روح قدسی گر مدد کردے ندائے در جہاں ہر دو روز مریم ایام عیسیٰ دیگر	اے فلاں تیرے دل کے طور پر ہر وقت اور ہی اور تجلی ہے اور جو طالب دیدار ہے اُسکو ہر طرف ایک نیا ہی موسیٰ نظر آتا ہے۔ اگر روح قدسی کی مدد ہوتی رہیگی تو جہان میں ہر روز زمانہ کی مریم۔ نیا سے نیا عیسے پیدا کرتی رہیگی

(۱۲) حضرت سید فرید الدین صاحب المعروف سپہ سالار رسالہ سپہ سالار مطبوعہ مطبع محبوب المطابع

کانپور صفحہ ۱۹ لکھتے ہیں +

بکشاد در خزینۂ رحمت خلعت پوشید + مصطفے باز بیامد ہمہ ایمان آرید	خدا تعالیٰ کی رحمت کا خزانہ کھل گیا اور خلعتِ نبوی پیرو مرشد کو پہنائی گئی لوگو مصطفے دوبارہ تشریف لائے ہیں ایمان لاؤ +

پھر وہی بزرگ صفحہ ۲۵ پر فرماتے ہیں

ما بہ بغداد جہان جاں انا الحق مے زدیم	اس سے پہلے کہ دنیا کا ظہور ہوا اور منصور
پیش ازاں کیں دار و گیر و نکتۂ منصور بود	حلاج کا وجود ہوا ہم جان کے جہان کے بغداد میں
	انا الحق کے نعرے مارا کرتے تھے +

دیکھو بزرگ موصوف نے کل عالم بالا کو بغداد اور اپنے آپ کو منصور قرار دیا ہے +

پھر صفحہ ۳۱ پر فرماتے ہیں +

من عیسیٰ آن چہ خم کزناہ گذر کردم	میں آسمان کا وہ عیسیٰ ہوں جو چاند سے بھی
من موسیٰ آن طورم کالسہ دریں ژندہ است	اوپر چلا گیا۔ اور میں اس طور کا موسیٰ ہوں
	کہ جس میں اللہ تعالیٰ نے مقام کیا ہے +

صفحہ ۶۳ پر وہی بزرگ دربارہ حضرت شمس الحق تبریزی لکھتے ہیں +

در تکلم و تقرب مشرب موسیٰ علیہ السلام دست	مکالمۃ الٰہیہ و تقرب الی اللہ کی حیثیت سے وہ موسیٰ
و در تجرد و عزلت سیرت عیسیٰ علیہ السلام ہویست	علیہ السلام ہے اور تجرد اور گوشہ نشینی میں
در مشاہدہ سلوک مے فرمود	وہ عیسیٰ علیہ السلام کا مشرب رکھتے تھے اور
	وہ اسی طریق سے سلوک کرتے تھے +

(۱۳) حضرت شاہ غلام علی صاحب اپنے ملفوظات میں فرماتے ہیں

ہر کہ معتقدِ حضرت مجدد است موسیٰ است و ہر کہ	یعنے جو شخص کہ مجدد صاحب کا معتقد ہے وہ
منکر است فرعونے ست	موسیٰ ہے اور جو منکر ہو وہ فرعون ہے۔ دیکھو در المعارف
	مرتبہ مولوی رؤف احمد مطبوعہ مطبع بریلی ۱۳۰۲ھ +

(۱۴) علامہ سید محمد علی مصنف مخزن احمدی بصفحہ ۴۷ بذیل تذکرہ معاملہ شیعگان قصبہ نصیر آباد لکھتے ہیں

آن زمین فیض آگین را اگر نمونۂ مکہ معظمہ گویم	اگر اس زمین فیض آگین کو مکہ معظمہ کا نمونہ

روا ست جہتہ اینکہ سید المجاہدین تحقیق کہ خلیفہ	کہیں تو روا ہے کیونکہ سید المجاہدین جو فی الحقیقت
و وارثِ سید المرسلین است ازاں زمین برخاستہ	سید المرسلین کا جانشین اور وارث ہے اس
وبحکم وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ	زمین سے پیدا ہوا ہے اور بموجب آیۃ قرآن
الْمُجْرِمِيْنَ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ۝	ہم نے اسی طرح ہر ایک نبی کا دشمن مجرموں

میں سے بنایا ہے اور تیرا رب ہی ہادی اور مددگار کافی ہے +

ان تمام حوالجات سے بخوبی روشن و ہویدا ہے کہ ہر طبقہ کے لوگوں میں بروز نما گیا ہے کہ کوئی اُس سے انکار نہیں کر سکتا مگر افسوس کہ آجکل کے علماء اس مسئلہ سے ایسے جاہل ہیں کہ گویا اُن کے کان میں کبھی اس مسئلہ کی آواز ہی نہیں پہنچی۔ دیکھو نجم الثاقب جلد ۲ صفحہ ۲۹ سید احمد بریلوی کا مولد مکہ معظمہ اور سید صاحب کو نبی قرار دیا جائے تو جائز مگر حضرت مرزا صاحب اگر قادیان کو دمشق اور اپنے آپ کو عیسیٰ کہیں تو کفر +

(۱۵) سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ مجدد صدی سیزدہم کی شان میں فرماتے ہیں +

اُمّیٔ ناخواندہ یا عالمیاں	اے عجب در بحث و تکرار آمدہ
یوسف از کنعان بمصر آمد کنوں	عالمے او را خریدار آمدہ
از پئے احیاء موتے عیسیٰ دم	در جہاں اینک پدیدار آمدہ
سوئے یثرب احمدم از غار شور	از پئے تعلیم انصار آمدہ
یا علی مرتضیٰ باذوالفقار	از برائے قتل کفار آمدہ
یا کہ حسن المجتبیٰ با حسن و خلق	شمع بزم آرائے ابرار آمدہ
خلق را سوئے شہادت رہنمون	چوں حسین ابن نور ابصار آمدہ
ہمچو زین العابدین آن شاہِ دیں	عابداں را میر و سردار آمدہ
ہمچو باقر بحر زخارِ علوم	بہر تلمیذ آن نمودار آمدہ
سید احمد اُمتِ آن جعفر است	ہر کہ زیں جعفر بانکار آمدہ
کاظم الغیظ است و موسیٰ زمان	مالک فرعون اشرار آمدہ
ہم تقی و ہم نقی است آں امام	وارثِ ابرار و اخیار آمدہ

اب دیکھنا چاہیئے کہ معتقدان سید احمد بریلوی صاحب سید صاحب موصوف کو محمد رسول اللہ

اور یوسف اور عیسےٰ اور علی مرتضےٰ۔ اور امام حسن اور امام حسین اور امام زین العابدین اور امام باقر اور امام جعفر اور امام کاظم اور حضرت موسیٰ کاظم اور امام نقی اور امام تقی علیہم السلام مانتے ہیں مگر افسوس کی بات ہے کہ سید صاحب تو سب کچھ بنجائیں اور لوگ تسلیم کرلیں اور حضرت مرزا غلام احمد اگر اپنے آپ کو عیسیٰ کہیں تو کافر۔ اور پھر بریلی کنعان ہوجائے اور ہندوستان مصر بن جائے۔ بریلی غار ثور کہلائے اور دہلی یثرب قرار دیجائے تو جائز قادیاں اگر دمشق قرار دیجائے تو کفر۔ بدیں عقل و دانش بباید گریست۔ دیکھو نجم الثاقب جلد ۲

اُسی نجم الثاقب کی جلد ۲ میں حضرت مولانا محمد اسمٰعیل شہید کے قصیدہ سے نقل کرکے لکھتے ہیں سید احمد باہمہ اصحاب خود روزی رسید + باصحابہ گوئی آمد باز ختم المرسلیں

اب دیکھئے یہ محمد اسمٰعیل شہید موحدین فرقہ کے سرتاج مانے جاتے ہیں اور واقعی ان کی بزرگی اور علم میں کسی کو کلام نہیں ہوسکتا۔ وہ سید صاحب کو ختم المرسلین کا مرتبہ دیتے ہیں تو کیا مرزا غلام احمد صاحب خاتم الولایت مثیل عیسیٰ نہیں بن سکتے۔ فَتَدَبَّرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارِ +

(۱۶) حضرت محی الدین ابن عربی اپنی کتاب فتوحاتِ مکیہ میں لکھتے ہیں:۔

وَلَمَّا وَقَعَ بَیْنَنَا حِیْنَ قِیْلَ اَنْتَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ قَیَّدَ اِدْرِیْهِ	یعنے جیسا کہ ہمارے شیخ کے ساتھ واقع ہوا جبکہ لوگوں نے اُنہیں کہا کہ آپ عیسیٰ ابن مریم ہیں

اُس کا علاج کریں۔ دیکھو فتوحات مکی قلمی جلد اول ورق ۱۹۹۔ دیکھو حضرت عیسیٰ ؑ کی اُس شیخ کو نہیں کہا گیا بلکہ عیسےٰ ابن مریم کہا گیا۔ غور کا مقام ہے کہ حضرت محی الدین ابن عربی کے شیخ کو تو عیسےٰ ابن مریم کہا جائے اور مسیح موعود کو نہ کہا جائے

ہم نے اس باب میں نزول اور بروز پر مفصل بحث کردی ہے صرف قرآن کریم ہی سے نہیں بلکہ احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و کتب سابقہ اور کلام صوفیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ سے ثبوت معہ حوالجات دیدیئے ہیں حق پسند اور خداترس آدمی کے لئے تو میرے خیال ناقص میں اتنا ہی کافی ہے لیکن ظالم طبع اور ناخداترس کے آگے اگر ہم دفتر کے دفتر بھی پیش کریں تو بھی اُس کے لئے بہت تھوڑا ہے۔ جب گذشتہ فصول میں وفاتِ مسیح بہ پایۂ یقین کو پہنچ چکی ہے اور کوئی عقلمند اور ایسا شخص جسکو خدا نے ذرا سی بھی نیر کی دی ہو وجوہاتِ مندرجہ بالا کو دیکھ کر ایک منٹ کے لئے بھی قبول نہیں کرسکتا کہ

حضرت مسیح علیہ السلام زندہ موجود ہیں۔ تو پھر کون عقلمند اور دانا ہے کہ جب اُس کو وفات مسیح ثابت ہو گئی ہو تو اُن کا نزول جسم عنصری کے ساتھ مان لے۔ مگر ہم نے تو نزول پر بھی سرسری نظر نہیں کی بلکہ کھول کھول کر اور واضح کر کر کے بتایا ہے کہ نزول جسمانی نہیں ہو سکتا بلکہ نزولِ روحانی ہے کیونکہ نزول روحانی تو برابر ہوتے ہیں اور تمام اہل اللہ اس کو مانتے ہیں ابھی ہم احادیث اور کلمات صوفیائے کرام سے دکھا چکے ہیں کہ دنیا میں بعض افراد کو خاص خاص انبیا سے مناسبت ہوتی ہے اور بعض کو خاص خاص اولیاء اللہ سے مماثلت ہوتی ہے اور یہ سلسلہ تا قیامت جاری و ساری ہے اسکو کوئی نہیں روک سکتا۔ مگر تعجب کہ علماء زبان و فقراء عصر اس بات کے سمجھنے سے قاصر ہیں۔ بلکہ خدا نے اُن کی عقلوں کو ایسا سلب کر لیا ہے کہ اُن کو اب ایسے بیّن اور روشن دلائل کے قبول کرنے کی توفیق ہی نہیں مل سکتی اور ایسا ہونا ضروری تھا کیونکہ جب سے انبیا کا سلسلہ پردۂ غیب سے منصۂ ظہور میں آیا ہے جب سے ایسے لوگ جو اپنے آپ کو عالم اور شریعت کے حامل سمجھتے ہیں یا وہ لوگ جو شریعت کے اسرار کے مدعی ہیں ہمیشہ اُن لوگوں کی مخالفت اور تکذیب کرتے رہے ہیں جو خدا تعالیٰ کی طرف سے مامور ہو کر آتے رہے ہیں۔ ابتدائے دنیا سے اِس وقت تک غور کرو تو ایک بھی خدا کا نبی یا رسول یا مجدد ایسا ثابت نہیں ہو گا جسکو لوگوں نے بلا چون وچرا خاموشی اور امن کے ساتھ مان لیا ہو۔ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ پر نگاہ کرو تو تمہیں ثابت ہو جائیگا کہ ابلیس نے اُن کے ساتھ کیا شرارت کی اور کیا کیا تکالیف کا باعث ہوا۔ حضرت نوح کو دیکھو اُس کی قوم نے اُن کے ساتھ کیا سلوک کیا اور آخر کس طرح تباہ ہوئی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ نمرود نے کیا سلوک کیا اور کس طرح ہلاک ہوا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیخ کنی کے لئے فرعون نے کون سی کسر اُٹھا رکھی مگر آخر خدا تعالیٰ نے کس طرح اُس کو معہ فوج بحر قلزم میں غرق کیا۔ پھر موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کیا کیا شرارتیں اور نافرمانیاں کیں اور پھر اُن پر کس کس طرح کے عذاب نازل ہوئے۔ اور آخر کس طرح ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ کے مصداق ہوئے +

حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا حال دیکھو کس طرح اُن کی قوم نے اُنکے ساتھ برتاؤ کیا۔ تمام

علماء یہود نے اُن پر کفر کا فتویٰ لگایا۔ اُنکے قتل کے درپے ہوئے اور کس طرح اُن پر جھوٹے الزام اور اتہام لگائے اور بالآخر اُن کو صلیب پر چڑھا کر اپنی دانست میں اُنکو قتل بھی کر چکے مگر اگر خدا کا مخفی ہاتھ کام نہ کرتا تو واقعی اُن کی زندگی کا خاتمہ ہو چکا تھا مگر سنت اللہ یہی ہے کہ وہ اپنے مقبولان کو کبھی اپنے دشمنوں کے ہاتھ میں نہیں رہنے دیتا اور آخر اُن کی عزت ظاہر کرتا ہے۔ سو کس طرح اللہ علیم وحکیم نے اُن کو بچایا اور آخر طبعی موت سے مار کر کشمیر جنت نظیر میں اُنکا مزار بنوایا۔ پھر فخر المرسلین سرتاج اولین والآخرین حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلوات اللہ وسلامہ کی سوانح عمری پر نظر کرو۔ اُس وقت کے لوگوں نے اُن کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ اور کس طرح ایذائیں اور دُکھ دیئے کہ جن کے سُننے سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں +

یہ تو انبیاء اولوالعزم تھے۔ لیکن اولیاء کرام میں سے بھی جو تبلیغ خلائق کے لئے مامور ہوئے تھے ایک بھی ایسا نہیں جن کو دُکھ اور ایذائیں نہ دی گئی ہوں اور جن کی تکذیب اور تضحیک نہ کی گئی ہو۔ حضرت عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ پر کفر کا فتویٰ لگایا گیا اور بہت ہی کم علماء ہیں جنہوں نے تکفیر کی مہر نہ کی ہو حتیٰ کہ ابن جوزی جیسے متبحر عالم نے ایک ضخیم کتاب اُن کے خلاف لکھی جس کا نام تلبیس ابلیس ہے۔ نام کتاب خود ظاہر کرتا ہے کہ کیا کیا لکھا گیا ہوگا +

محی الدین ابن عربی کے ساتھ جو علماء وقت نے سلوک کیا وہ کسی سے مخفی نہیں +

بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھو ستر مرتبہ شہر بسطام سے جلاوطن کئے گئے۔ اور اُن پر کیا کیا اتہامات علماء وقت نے تھوپے اور آج سرتاج اولیاء مانے جاتے ہیں۔ مجدد الف ثانی کی طرف غور کرو۔ شاہ ولی اللہ اور سید احمد بریلوی کو دیکھو۔ اُن کے ساتھ علماء وقت نے کیا کیا کیا اور آج وہ کس عظمت اور شان کے ساتھ دیکھے جاتے ہیں۔ الغرض جو خدا تعالیٰ کی طرف سے مامور ہوتے رہے ہیں علماء وقت لازماً اُن کی مخالفت کرتے رہے ہیں اور اُن کی تکذیب کے لئے کیا کیا باریک تدبیریں اور توجیہیں نکالتے رہے ہیں۔ یہی حال اس زمانہ کا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ جتنے بڑے پایہ کا انسان ہوتا ہے اتنی بڑی مخالفت اہل زمانہ کی طرف سے ہوتی ہے۔ مسیح موعود اور مہدی معہود کے لئے تمام دنیا انتظار کرتی مر گئی۔ خود اُن کی انتظار ہی ظاہر کرتی ہے کہ وہ کس پایہ کا انسان ہے۔ پھر تم نے دیکھا کہ جب وہ آیا تو

اُن کی کتنی بڑی تکذیب و تضحیک کی گئی حالانکہ اُس نے آکر تمام دنیا کے مذاہب کو پائمال کرکے ایسا نیچا دکھایا کہ جس کی نظیر اس زمانہ میں نہیں مل سکتی۔ اور جس قدر کام اُس کے سپرد تھے جن کی خبر احادیثِ صحیحہ میں دی گئی تھی اُن کو کس خبر و خوبی سے سرانجام دیا مگر پھر بھی علماء وقت نے نہ مانا۔ ماننا تو درکنار اُن کی کتابوں کا دیکھنا تک بند کرا دیا۔ مگر اُن کی زبانی ہفوات اور منہہ کی پھونکوں سے کیا ہو سکتا تھا۔ وہ دنیا میں وقت پر آیا دنیا کے لوگوں سے سنت اللہ کے مطابق دُکھ اُٹھایا اور اپنا کام کامیابی کے ساتھ پورا کرکے رفیق اعلیٰ سے جا ملا۔ خدا نے اُس کو ایک بڑی جماعت مرحمت فرما دی وہ اپنے کام کر رہی ہے۔ علماء اپنا زور سب خرچ کر چکے ہیں اب کونسی کسر باقی ہے کیا وہ اب حضرت عیسےٰ کو آسمان سے زندہ لا سکتے ہیں ہرگز نہیں۔ حضرت مسیح کی وفات تو روز روشن کی طرح ظاہر ہو گئی۔ قبر کا پتہ دیدیا گیا۔ اور وہ قبر اب تک کشمیر کے دارالخلافہ سری نگر میں موجود ہے جس کو شک ہو محلہ خانیار میں جاکر دیکھ لے +

نظم متعلق وفات مسیح علیہ السلام

کیوں نہیں لوگو تمہیں حق کا خیال
دل میں اُٹھتا ہے مرے سو سو اُبال

ابن مریم مر گیا حق کی قسم
داخل جنت ہوا وہ محترم

مارتا ہے اس کو فرقاں سر بسر
اُس کے مر جانے کی دیتا ہے خبر

وہ نہیں باہر رہا اموات سے ؛
ہو گیا ثابت یہ ساٹھ آیات سے

کوئی مردوں سے کبھی آیا نہیں
یہ تو فرقان نے بھی بتلایا نہیں

عہد شد از کردگار بیچگوں
غور کن در اَنَّھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ

اے عزیز و سوچ کر دیکھو ذرا
موت سے بچتا کوئی دیکھا بھلا

یہ تو رہنے کا نہیں پیارو مکاں
چل بسے سب انبیاؤ راستاں

ہاں نہیں پاتا کوئی اس سے نجات
یونہی باتیں ہیں بنائیں واہیات

کیوں تمہیں انکار پر اصرار ہے
ہے یہ دین یا سیرتِ کفار ہے

برخلافِ نص یہ کیسا جوش ہے
سوچ کر دیکھو اگر کچھ ہوش ہے

کیوں بنایا ابن مریم کو خدا
سنت احمد سے وہ کیوں باہر رہا

کیوں بنایا اُس کو باشانِ کبیر
غیب دان و خالق و حیّ و قدیر

مر گئے سب پر وہ مرنے سے بچا
اب تلک آئی نہیں اُس پر فنا

ہے وہی اکشد پرندوں کا خدا
اس خدا دانی پہ تیرے مرحبا

مولوی صاحب یہی توحید ہے
سچ کہو کس دیو کی تقلید ہے

کیا یہی توحیدِ حق کا راز تھا
جس پہ برسوں سے تمہیں اک ناز تھا

کیا بشر میں ہے خدائی کا نشاں
الاماں ایسے گماں سے الاماں

ہے تعجب آپ کے اس جوش پر
فہم پر اور عقل پر اور ہوش پر

کیوں نظر آتا نہیں راہِ صواب
پڑ گئے کیسے یہ آنکھوں پر حجاب

کیا یہی تعلیم فرقاں ہے بھلا
کچھ تو آخر چاہیئے خوفِ خدا

مومنوں پر کفر کا کرنا گمان
ہے یہ کیا ایمان داروں کا نشان

ہم تو رکھتے ہیں مسلمانوں کا دین
دل سے ہیں خدامِ ختم المرسلین

شرک اور بدعت سے ہم بیزار ہیں
خاکِ راہ احمدِ مختار ہیں

سارے حکموں پر ہمیں ایمان ہے
جان و دل اس راہ پر قربان ہے

دے چکے دل اب تنِ خاکی رہا
ہے یہی خواہش کہ ہو وہ بھی فدا

تم ہمیں دیتے ہو کافر کا خطاب
کیوں نہیں لوگو تمہیں خوفِ عقاب

سخت شورے افتاد اندر زمیں
رحم کن بر خلق اے جاں آفریں

کچھ نمونہ اپنی قدرت کا دکھا
تجھ کو سب قدرت ہے اے ربِ علا

بفضلِ خدا حصہ اول کتاب عسل مصفّٰے
ختم ہوا والحمد للہ علیٰ ذالک
عاجز مرزا ابو العطا

فہرست قیمتِ ادویات جو بارہا تجربہ میں آچکی ہیں اور بہت مفید اور سریع الاثر ہیں

۱ حب الفضل - یہ گولیاں بڑی مقوی ہیں - دماغ - قوت باہ اور تمام اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتی ہیں - دودھ کو ہضم کراتی ہیں اور بھوک بہت لگاتی ہیں } ۳۲ گولیاں عہ

۲ - دوائی جریان - یہ دوائی جریان منی مردان و سیلان رحم نسوان - سرعت انزال - احتلام کیلئے بینظیر ہے - ۲۱ خوراک عہ

۳ - تریاق آتشک - آتشک خواہ نرہو یا مادہ - جدید ہو یا کہنہ موروثی ہو یا غیر موروثی اسکے استعمال سے بہت جلد شفاء کلی حاصل ہوتی ہے } ۲۱ خوراک للعہ

۴ - تریاق سوزاک - سوزاک کیسا ہی کہنہ ہو یا نیا بفضل خدا اسکے استعمال سے بہت قلیل مدت میں آرام آجاتا ہے - ۳ ہفتہ کے لئے ہے

۵ - حبوب ضیق النفس - یہ گولیاں بارہا بوڑھے بیماروں پر بھی استعمال ہوئی ہیں - بڑے خطرناک ضیق النفس کو بھی انکے استعمال سے شفاء کلی حاصل ہوگئی ہے } ۴۰ گولیاں عہ

۶ حبوب مفاصل - نیا اور پرانا وجع مفاصل انکے استعمال سے جلد دور ہوتا ہے - قیمت ۴۰ حب .. .. عہ

۷ حبوب نزلہ وزکام - ہر قسم نزلہ وزکام دور ہوتا ہے دماغ کو تقویت ملتی ہے معدہ قوی ہوتا ہے - ۵۰ حب .. عہ

۸ حبوب سنگر منی - ہر قسم کے دستوں کو روکتی اور قوام کو اصلاح پر لاتی ہے - قیمت ۶۰ حب .. .. .. عہ

۹ - تریاق ہیضہ - ہر قسم کے ہیضہ کو دور کرتی اور معدہ کو تقویت دیتی ہے کیسا ہی مایوس العلاج ہو مفید پڑتی ہے قیمت ۳۲ حب عہ

۱۰ - تریاق طاعون - سیکڑوں مریضانِ طاعون پر تجربہ کیگئی نہایت مؤثر ثابت ہوئی اور کئی ایک حکیموں نے بھی اسکو بیحد مفید پایا - اور حفظ ماتقدم کے لئے بھی نہایت ہی عجیب ثابت ہوئی ہے } ۳۲ گولیاں عہ

۱۱ - تریاق اٹھرا - جن عورتوں کے بچے چھوٹی عمر میں مرجاتے ہیں یا اسقاط حمل ہوتا ہے یا جنکے اولاد بھی نہیں ہوتی انکو بیحد مفید بجسانی .. ۱ گولی صہ

۱۲ - حبوب بواسیر - بواسیر خونی ہو یا بادی سب کو مفید پڑتی ہیں - قیمت ۱۰۰ گولی .. .. ہے

۱۳ - سرمۂ سیاہ - نہایت ہی مفید - ہر عمر کے لئے مناسب حال - دھند جالہ ضعف بصر سیل اکثر امراض چشم کو مفید - فی تولہ عہ

۱۴ - سرمۂ سیاہ مروارید - جسمیں ممیرا بھی ہوتا ہے نہایت مفید - ہر امراض چشم کے لئے - فی تولہ .. .. .. صہ

۱۵ - سرمۂ زرد - ہر مرض چشم کے لئے خواہ کیسا ہی کہنہ ہو نہایت سریع الاثر اور کثیر المنافع ہے - قیمت فی تولہ .. ہے

۱۶ - تریاق سوء القنیہ - جگر اور معدہ کی تمام امراض کے لئے از بس مفید ہے قیمت فی تولہ .. .. .. عہ

۱۷ - حبوب استسقاء - یہ گولیاں بھی استسقا کے لئے بے حد مفید ہیں - قیمت ۳۲ گولیاں .. .. عہ

۱۸ - دوائی بخار ہر قسم جس کے استعمال سے بخار دور ہوجاتا ہے - فی چھٹانک .. .. ہے

۱۹ - دوائی استحاضہ - نہایت سریع الاثر ایک تولہ .. .. ہے

۲۰ - تریاق تپ دق وسل - نہایت ہی مؤثر دوائی ہے - قیمت ۳ ہفتہ .. .. صہ

۲۱ - دوائی خنازیر - کھانے اور لگانے کی - چند روز میں خنازیر بالکل اچھی ہوجاتی ہے - قیمت ۳ ماشہ عہ

۲۲ - دوائی مدر حیض - سات خوراک .. .. عہ

اسکے علاوہ ہر مرض کی دوائی ارسال کی جاسکتی ہے +

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔

کتب خانہ

جامعہ کا کتب خانہ

۱۔ [illegible]

۲۔ [illegible]

۳۔ [illegible]

۴۔ [illegible]

۵۔ [illegible]

۶۔ [illegible]

۷۔ [illegible]

۸۔ [illegible]

۹۔ [illegible]

۱۰۔ [illegible]

۱۱۔ [illegible]

۱۲۔ [illegible]

۱۳۔ [illegible]

۱۴۔ [illegible]

۱۵۔ [illegible]

۱۶۔ [illegible]

۱۷۔ [illegible]

۱۸۔ [illegible]

۱۹۔ [illegible]

۲۰۔ [illegible]

۲۱۔ [illegible]

۲۲۔ [illegible]

۲۳۔ [illegible]

۲۴۔ [illegible]

۲۵۔ [illegible]

۲۶۔ [illegible]

۲۷۔ [illegible]

۲۸۔ [illegible]

۲۹۔ [illegible]

۳۰۔ [illegible]

۳۱۔ [illegible]

۳۲۔ [illegible]

۳۳۔ [illegible]

۳۴۔ [illegible]

۳۵۔ [illegible]

۳۶۔ [illegible]

۳۷۔ [illegible]

۳۸۔ [illegible]

۳۹۔ [illegible]

۴۰۔ [illegible]

۴۱۔ [illegible]

۴۲۔ [illegible]

۴۳۔ [illegible]

۴۴۔ [illegible]

۴۵۔ [illegible]

۴۶۔ [illegible]

۴۷۔ [illegible]

۴۸۔ [illegible]

۴۹۔ [illegible]

۵۰۔ [illegible]

۵۱۔ [illegible]

۵۲۔ [illegible]

۵۳۔ [illegible]

۵۴۔ [illegible]

۵۵۔ [illegible]

۵۶۔ [illegible]

۵۷۔ [illegible]

۵۸۔ [illegible]

۵۹۔ [illegible]

۶۰۔ [illegible]

۶۱۔ [illegible]

۶۲۔ [illegible]

۶۳۔ [illegible]

۶۴۔ [illegible]

۶۵۔ [illegible]

۶۶۔ [illegible]

۶۷۔ [illegible]

۶۸۔ [illegible]

۶۹۔ [illegible]

۷۰۔ [illegible]

۷۱۔ [illegible]

۷۲۔ [illegible]

۷۳۔ [illegible]

۷۴۔ [illegible]

۷۵۔ [illegible]

۷۶۔ [illegible]

۷۷۔ [illegible]

۷۸۔ [illegible]

۷۹۔ [illegible]

۸۰۔ [illegible]

۸۱۔ [illegible]

۸۲۔ [illegible]

۸۳۔ [illegible]

۸۴۔ [illegible]

۸۵۔ [illegible]

۸۶۔ [illegible]

۸۷۔ [illegible]

۸۸۔ [illegible]

۸۹۔ [illegible]

۹۰۔ [illegible]

۹۱۔ [illegible]

۹۲۔ [illegible]

۹۳۔ [illegible]

۹۴۔ [illegible]

۹۵۔ [illegible]

۹۶۔ [illegible]

۹۷۔ [illegible]

۹۸۔ [illegible]

۹۹۔ [illegible]

۱۰۰۔ [illegible]